انتخابِ طبری

مرتبہ

مولانا سید صفدر حسین نجفی رحمۃ اللہ علیہ

ناشر

مصباح القرآن ٹرسٹ لاہور پاکستان

قرآن سینٹر 24 الفضل مارکیٹ اُردو بازار لاہور۔ 0321-4481214,042-37314311

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔انتخابِ طبری

مرتبہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔مولانا سید صفدر حسین نجفی رحمۃ اللہ علیہ

کمپوزنگ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔فضل عباس سیال (الحمد گرافکس لاہور)

سال اشاعت۔۔۔۔۔۔۔۔مارچ 2012ء

ناشر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔مصباح القرآن ٹرسٹ لاہور

ہدیہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ملنے کا پتہ

قرآن سینٹر 24 الفضل مارکیٹ اُردو بازار لاہور

فون نمبرز۔ 0321-4481214,042-37314311

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عرضِ ناشر

قارئین کرام!۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ! مصباح القرآن ٹرسٹ۔۔۔۔۔عرصہ دراز سے دورِ حاضر کی بعض عظیم ترین تفاسیر وتالیفات کی نشرواشاعت کے سلسلہ میں ایک عظیم اور پُروقار مرکز کی حیثیت سے اُمت مسلمہ کیلئے اپنی عاجزانہ خدمات انجام دے رہا ہے۔

زیرِ نظر کتاب ''انتخابِ طبری'' جسے علامہ السید صفدر حسین نجفی مرحوم ومغفورؒ نے تاریخ اسلام پر مبنی مشہور ومعروف کتاب ''تاریخ طبری'' سے انتخاب کر کے اُن قارئین کو دعوتِ فکر دی ہے۔ جو صراطِ مستقیم کے متلاشی ہیں اور آخرت کی زندگی کو دنیا کی اس فانی زندگی پر ترجیح دیتے ہیں۔ اور اپنی زندگیوں کو خالقِ کائنات کے بتائے ہوئے راستے کے مطابق گزارنا چاہتے ہیں۔ تاریخ یقیناً ایک سمندر کی مانند ہے جس میں قیمتی ہیرے جواہرات بھی ہیں اور خالی سیپیاں اور کھوٹے گھونگے بھی ہیں۔ ذہین اور اہل فکر ہمیشہ ہیرے جواہرات کے متلاشی ہوتے ہیں جبکہ کند ذہن اور جاہل خالی سیپیوں کے جمگھٹ میں سرگرداں رہ کر اپنی زندگیاں گزار دیتے ہیں۔ زیرِ نظر کتاب میں اہل فکر اہل نظر اور صراطِ مستقیم کے متلاشیوں کیلئے لاجواب مواد موجود ہے۔

ہمیں اُمید ہے کہ صاحبانِ علم وتحقیق حسبِ سابق ''مصباح القرآن ٹرسٹ'' کی اس کوشش کو بھی پسندیدگی کی نظر سے دیکھیں گے اور اس گوہرِ نایاب سے بھرپور علمی وعملی استفادہ فرمائیں گے۔ اور ادارہ کو اپنی قیمتی تجاویز وآراء سے ضرور مستفید فرمائیں گے۔۔۔۔۔۔والسلام

اراکین

مصباح القرآن ٹرسٹ لاہور پاکستان

فہرست مضامین

فہرست	صفحہ نمبر
پیش لفظ	33
علامہ طبری اوران کی تاریخ	35
مولانا مودودی کی نظر میں	35
ابن جریر طبری	35
باب 1 حضرت محمد صلعم کا شجرہ نسب	37
عبدالمطلبؑ کی نذر	37
جناب عبداللہ کا نکاح	37
جناب عبداللہ کا انتقال	38
عبدالمطلبؑ بن ہاشم	38
عبدالمطلبؑ کی وجہ تسمیہ	39
ہاشم بن عبدمناف	39
ہاشم اور عبدشمس	39
ہاشم اور امیہ میں منافرت	39
باب 2 حضرت رسول اکرمؐ	41
پرورش	41
بحیرا راہب	41
بحیرا راہب کی پیشین گوئی	42
رومی وفد اور بحیرا	42
تجارت	43
حضرت خدیجہؑ سے رسول اللہ کی شادی	43
بعثت	44
قرآن کا جزو اول	44
پہلی مسلمان خاتون	44
نماز	45
معراج	45
انبیاء کرام سے ملاقات	45
سدرۃ المنتہیٰ	46
پہلے مسلمان مرد	46
عفیف کی روایت	47
حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت علی علیہ السلام	48
اعلان نبوت	49
بنوعبدالمطلبؑ کو دعوتِ اسلام	49
اولاد عبدالمطلب کو دوبارہ دعوتِ اسلام	50
علانیہ تبلیغ	50
ابوطالبؑ اور کفار کا وفد	50
کفارِ مکہ کا دوسرا وفد	51
حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ابوطالب علیہ السلام	52
حضرت محمدؐ کا کفارِ مکہ سے مطالبہ	52

فہرست	صفحہ نمبر
ابن اسحاق کی روایت	53
آنحضرتؐ کی حوالگی کا مطالبہ	53
ابوطالبؑ کا انکار	54
پہلی ہجرت کا سبب	54
آنحضرتؐ کی مخالفت	55
ابوجہل کی بدکلامی	55
حضرت حمزہؓ کا قبول اسلام	55
بنو ہاشم کے خلاف معاہدہ	56
شعب ابی طالب علیہ السلام	56
کفار مکہ کی آنحضرتؐ کو پیش کش	57
تنسیخ معاہدہ کی کوشش	57
عام الحزن	57
طائف کا سفر	58
آنحضرتؐ کی دعا	58
عداس نصرانی غلام	59
جنوں کا قبول اسلام	59
باب 3 ہجرت	61
ہجرت مدینہ کی اجازت	61
مسلمانوں کی ہجرتِ مدینہ	61
کفار کی مجلس مشاورت	62
آنحضرتؐ کے خلاف منصوبے	62
ابوجہل کی تجویز	63
آنحضرتؐ کی روانگی	63

فہرست	صفحہ نمبر
کفار کی ناکامی	64
کفار مکہ اور علیؑ	65
اونٹ کی خریداری	65
آنحضرتؐ کی قبیلہ میں آمد	65
حضرت علی علیہ السلام کی مدینہ روانگی	66
قبا میں پہلی مسجد کی تعمیر	66
بعثت کے بعد زمانہ قیامِ مکہ	66
سنہ ہجری کی ابتدا	66
باب 4 آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مدنی زندگی 1ھ	67
پہلا جمعہ	67
مدین میں آنحضرتؐ کا پہلا خطبہ	67
ناقۂ رسولؐ	68
مسجد نبویؐ	69
بی بی عائشہ بنتِ ابوبکر	69
باب 5 جنگِ بدر 1ھ	70
ابوتراب کا لقب	70
قبلہ کی تبدیلی	70
ابن اسحاق کی روایت	71
روزے اور فطرانے کا حکم	71
19 رمضان کے متعلق روایات	71
17 رمضان کے متعلق روایات	72
حضرت علیؑ کی روایت	72
اصحاب بدر کی تعداد	72

فہرست	صفحہ نمبر
حکیم بن حزام اور ابوجہل	73
اسود بن عبدالاسد کا قتل	74
عتبہ، شیبہ اور ولید کا خاتمہ	74
جنگِ بدر میں ملائکہ کی شرکت	75
آنحضرتؐ کا مقتولین سے خطاب	75
مال غنیمت جمع کرنے کا حکم	75
سُورۂ انفال کی تفسیر	76
مقتولین اور اسیران بدر کی تعداد	76
شہداء بدر کی تعداد:	76
یہودیوں کا حسد	76
باب6 یہود مدینہ	77
غزوہ بنی قینقاع	77
نبو قینقاع کا محاصرہ	77
مال غنیمت کا پہلا خمس	77
عثمان بن مظعون کی وفات	78
باب7 جنگِ اُحد 3ھ	79
جنگِ اُحد	79
ہند بنتِ عتبہ اور حبشی	79
مسلمانوں کا بیرون مدینہ مُلاقعت پر اِصرار	79
مسلمانوں اور کفار کی تعداد	79
حضرت علیؑ اور طلحہ بن عثمان کا مقابلہ	79
علیؑ بن ابی طالب کھڑے ہوئے اور فرمایا	80
آنحضرتؐ کے متعلق افواہ	80
حضرت علیؑ کی شجاعت	81
حضرت حمزہؓ کی شہادت	81
صحابہ کا فرار	81
حضرت حنظلہ کی شہادت اور غسل ملائکہ	82
شہداء کرام کا مثلہ	83
ابوسفیان کے تعاقب کا حکم	83
حضرت سعد ربیع کی شہادت	84
حضرت صفیہؓ کا صبر و ایثار	84
شہداء اُحد کی تدفین	85
حضرت علیؑ کے اشعار	85
رسول اللہؐ کا حضرت حمزہؓ پر گریہ کرنا	86
جابر بن عبداللہ کی معذرت	86
مسلمانوں کی مراجعت مدینہ	86
حضرت حسنؑ بن علیؑ بن ابی طالب کی ولادت	87
باب8 بنونضیر کی جلاوطنی 4ھ	88
بنونضیر کی بدعہدی	88
بنونضیر کی جلاوطنی	88
بنونضیر کی خیبر کو روانگی	89
باب9 غزوۂ خندق 5ھ	90
یہودیوں کی شرارت	90
یہودیوں نے کہا	90
یہودیوں کا قبیلہ غطفان سے معاہدہ	90
قریش کا مختلف قبائل سے معاہدہ	91

فہرست	صفحہ نمبر
حضرت سلمان فارسی کا مشورہ	91
خندق کی کھدائی	91
فریقین کی تعداد	92
حُیی بن اخطب اور کعب بن اسد	92
بنی قریظہ کی عہد شکنی	93
بنوقریظہ کی خباثت	94
منافقین کی پردہ دری	94
عمرو بن عبدود	94
حضرت علیؑ اور عمرو بن عبدود کا مقابلہ	95
حضرت صفیہ بنت عبدالمطلب کی دلیری	95
حذیفہ بن یمان	96
کفار کی واپسی	96
باب 10 غزوۂ بنی قریظہ	98
حضرت جبرئیلؑ کی آمد	98
بنوقریظہ کی جانب پیش قدمی	98
بنی قریظہ کا محاصرہ	98
حضرت سعد بن معاذ کا استقبال	99
حضرت سعد بن معاذ کا فیصلہ	99
بنی قریظہ کا انجام	99
حُیی بن اخطب کا قتل	100
رفاعہ بن شموئیل قرظی کی جان بخشی	100
بنی قریظہ کا مال غنیمت	101
جنگِ خندق کے شہداء	101

فہرست	صفحہ نمبر
باب 11 صلح حُدیبیہ 6ھ	102
غزہ بنی مُصطلق	102
حضرت جویریہؓ بنت حارث	102
حضرت جویریہؓ کا نکاح	102
صلح حُدیبیہ	103
مسلمانوں کی تعداد	103
سہیل بن عمرو کی سفارت	103
حضرت عمر کی مخالفت	104
صلح نامہ حُدیبیہ	104
مسلمانوں میں غم وغصہ	105
حضرت ابوجندل بن سہیل کی آمد	105
جانوروں کی قربانی	105
آنحضرتؐ کی مراجعت مدینہ	106
باب 12 سلاطین کو دعوت اسلام 6ھ	107
ہرقل قیصر روم کو دعوت اسلام	107
ابوسفیان کی طلبی	108
ہرقل کا استفسار	108
ہرقل کا جواب	109
آنحضرتؐ کا خط	109
ہرقل کا امراء سے مشورہ	110
امراء کی برہمی	110
ضغاطر اسقف کا قتل	111
رئیس دمشق کو پیغام	111

فہرست	صفحہ نمبر
شاہ حبشہ کو دعوت اسلام	111
شاہ نجاشی کا قبول اسلام	112
نامہ رسولؐ شاہ فارس کے نام	113
کسریٰ والی یمن کو حکم	113
شاہِ ایران کا قتل	113
شیرویہ کی حکومت	114
حمیر کا تاثر	114
باب 13 غزوۂ خیبر 7ھ	116
رسول اللہؐ کا علَم	116
حضرت علیؑ اور مرحب کا مقابلہ	116
حضرت صفیہ بنت حُی	117
اہل خیبر کی صلح کی درخواست	118
اہل فدک کی اطاعت	118
ایک یہودیہ کا بھیجا ہوا مسموم گوشت	118
مسلمانوں کی مکہ کو روانگی	119
باب 14 غزوۂ مَوتہ 8ھ	120
رسول اللہؐ کا جنگ مَوتہ کی حالت بیان کرنا	120
باب 15 فتح مکہ 8ھ	121
بنوخزاعہ رسول اللہؐ کے حریف	121
حرم میں بنی بکر کی خونریزی	121
بدیل بن ورقاء	121
ابوسفیان کی تجدید معاہدہ کی کوشش	122
حضرت علیؑ کا ابوسفیان کو مشورہ	122

فہرست	صفحہ نمبر
آنحضرتؐ کی روانگی مکہ	123
حضرت عباس اور ابوسفیان کی ملاقات	123
حضرت عباسؓ کا ابوسفیان کو مشورہ	124
ابوسفیان سے امتیازی سلوک	124
ابوسفیان اور لشکر اسلام	125
چند افراد کے قتل کا حکم	125
عام معافی کا اعلان	126
اہل مکہ کی بیعت	127
ہند کی بیعت	127
عورتوں کی بیعت کا طریقہ	128
مبلّغین کی روانگی	128
خالد بن ولید اور بنی جذیمہ	128
حجدم کا لڑنے پر اصرا	128
حضرت علیؑ کے ذریعہ بنی جذیمہ کی دیت کی ادائیگی	129
خالد بن ولید اور عبدالرحمن بن عوف	129
باب 16 غزوۂ حُنین 8ھ	131
بنوہوازن کی پیش قدمی	131
عبداللہ بن ابی حدرد اسلمی	131
مسلمانوں کی تعداد	131
مسلمانوں پر اچانک حملہ	132
کلاہ بن حنبل	132
شیبہ بن عثمان	132

فہرست	صفحہ نمبر
حضرت عباس کی پکار	132
ہوازن کے رئیس کا خاتمہ	133
شیما بنت حارث کی گرفتاری	133
شیما بنت حارث کی تعظیم وتکریم	133
طائف کا محاصرہ	134
اسیران غزوہ حُنین	134
مالِ غنیمت کے تقسیم کرنے پر اصرا	134
مال غنیمت کی تقسیم	135
مال غنیمت کی تقسیم پر اعتراض	135
رسول اللہؐ کا انصار سے خطاب	135
حضرت ابراہیمؑ کی ولادت	136
باب17 غزوۂ تبوک 9ھ	137
مُسلمانوں کا زمانہ عسرت	137
منافقین کی سرگرمیاں	137
عبداللہ بن ابی سلول کا فتنہ	137
حضرت علیؑ ابن ابی طالب کی روانگی ومراجعت	138
حضرت ابوخثیمہ	138
حجر میں پانی نہ پینے کا حکم	138
رسول اللہؐ کی بارش کے لیے دُعا	139
رسول اللہؐ کی گمشدہ اونٹنی	139
حضرت ابوذرؓ	139
ابوذرؓ کے متعلق پیشین گوئی	140
حضرت ابوذرؓ کی تنہائی	140

فہرست	صفحہ نمبر
آنحضرتؐ کا تبوک میں قیام	141
مسجد ضرار کا انہدام	141
مسجد ضرار کے بانیوں کے نام	142
کعب، مرارہ اور ہلال کا بائیکاٹ	142
قبیلہ طے کی مہم	143
بنی طے کے قیدی	143
عدی کا قبول اسلام	144
سورۂ برأت کا نزول	144
مکہ سے مشرکین کے اخراج کا حکم	145
باب18 سنۃ الوفود 10ھ	146
قبیلہ ہمدان کا قبولِ اسلام!	146
عاملوں کا تقرر	146
باب19 حجۃ الوداع 10ھ	148
حضرت فاطمہؑ کا عمرہ	148
حضرت علیؑ کی مکہ کو روانگی	148
رسول اللہؐ کا خطبہ	148
رسول اللہؐ کے حج	150
آپؐ کی ازواج	150
حضرت عائشہ کی روایت	150
رسول اللہؐ کا حُلیۂ مبارک	151
مہر نبوت	151
رسول اللہؐ کی شجاعت وسخاوت	151
باب20 حضرت محمدؐ کی وفات 11ھ	152

فہرست	صفحہ نمبر
جیش اسامہ اور اس کی امارت پر اعتراض	152
اہل بقیع کے لیے دعائے مغفرت	152
رسول اللہؐ کا تحریر لکھنے کا ارادہ	153
وفاتِ رسولؐ	153
وفات کا دن	154
حضرت عمر کی تقریر	154
حضرت ابوبکر کی تقریر	154
سقیفہ بنی ساعدہ میں انصار کا اجتماع	155
زیاد بن کلیب کی روایت	155
سقیفہ عمر کی زبانی	155
رسول اللہؐ کی میراث	156
ابوسفیان کی کاروائی	157
ابوبکر کی پہلی تقریر	157
رسول اللہؐ کا غُسل	157
رسول اللہؐ کی تدفین	158
انتخاب از تاریخ طبری حصہ دوم باب 1 واقعہ سقیفہ	159
انصار کا اجتماع	159
عمر کا سعد سے بیعت پر اصرار	160
ضحاک بن خلیفہ کی روایت	160
باب 2، 11 (گیارہ ہجری)	162
مالک بن نویرہ اور خالد بن ولید	162
خالد کا بنت مجاعہ سے شادی رچانا	163
باب 4، 11ھ	164
اشعث کی ام فروہ بنت ابی قحافہ سے شادی	164
باب 8، 13ھ	164
خالد بن سعید کی معزولی کی وجہ	164
ابوبکر کی وصیت	165
ابوبکر کی وفات	165
ابوبکر کا دفن ہونا	165
عمر کا نوحہ کرنے سے روکنا	166
حضرت ابوبکر کا حلیہ	166
ابوبکر کی ازواج واولاد	166
جانشینی کے بارے میں ابوبکر کا وصیت نامہ	166
طلحہ کا اعتراض	167
باب 9 حضرت عمرؓ	168
خلیفہ ہونے کے بعد سب سے پہلا فرمان	168
خالد کی معزولی کی وجہ	168
تکذیب نفس کی شرط	168
خالد کا بہن سے مشورہ	168
خالد کی مال کی تقسیم اور خریداری	169
باب 10، 14ھ	170
حضرت عمر کا صرار کے چشمہ پر قیام	170
باب 2، 17ھ	170
باب 12 حضرت عمر کا قتل	170
ابوطلحہ کا پہرہ	171

فہرست	صفحہ نمبر
بیٹے کو ہدایات	171
وفات وتدفین	171
حضرت عمر کی ازواج	172
بادشاہ اور خلیفہ کا فرق	172
خلافت کے بارے میں حضرت عمر اور ابن عباس کا مکالمہ	172
عمران بن سواد کی روایت	173
چار اعتراض	174
متعہ کی حرمت	174
ام ولد کی آزادی	174
تشدد کی شکایت	174
باب 14 مجلسِ شوریٰ	175
متوقع جانشین	175
مجلس شوریٰ کا تقرر	175
متوقع امیدوار	175
صہیب کو ہدایات	175
حضرت علی علیہ السلام	176
مجلس شوریٰ	176
دست برداری	176
معاہدہ	177
اصحابِ شوریٰ کی طلبی	177
عبدالرحمٰن کا خطاب	178
حضرت علیؑ کی حمایت	178
حضرت عثمان کی حمایت	178
حضرت علیؑ سے عہد لینا چاہا	178
حضرت عثمان کا جواب	179
عثمان کی بیعت	179
حضرت علیؑ کا اعتراض	179
عبدالرحمن کا جواب	179
حضرت مقداد کی حق گوئی	179
اہل بیعت کا مفہوم	180
قریش کا نقطہ نظر	180
حضرت علیؑ کی تقریر	180
حق خلافت	180
مستقبل کے بارے میں پیشینگوئی	180
مسور کی روایت	181
حضرت علیؑ سے سوال	181
حضرت عثمان سے خطاب	181
عبدالرحمن کا خطاب	181
حضرت علیؑ سے استفسار	181
عبیداللہ بن عمر کی طلبی	182
عبیداللہ کے بارے میں مشورہ	182
باب 15 حضرت عثمان کا دور خلافت 24ھ	183
25ھ	183
26ھ	183
باب 16، 29ھ	184

فہرست	صفحہ نمبر
منیٰ میں پوری نماز	184
حضرت علیؑ کا اعتراض	184
حضرت ابوذر کی شکایت	184
باب 17، 31ھ	186
معاویہ کی تقریر کی ابتداء	186
شام کے علاقے کے حکام	186
حضرت عثمان کے خلاف بعض الزامات	186
32ھ	186
حضرت ابوذرؓ کی وفات	187
تکفین وتدفین	187
چودہ سوار	188
باب 19، 34ھ	189
عامر کی گفتگو	189
اللہ کہاں ہے	189
حکام وگورنروں کا اجتماع	189
جہاد پر مامور کریں	190
خطرہ کا انسداد	190
عظیم افراد کا فقدان	190
حکام کی ذمہ داری	190
مال کے ذریعہ خانہ پُری	190
عمرو بن عاص کی صفائی	191
تشدد کی ہدایت	191
مخالفت میں شدت	191
حضرت علیؑ کی نصیحت	191
تدبر کی ہدایت	192
بدعت اور سنت میں امتیاز	192
بدترین حاکم کی علامت	192
ظالم حاکم کا انجام	192
نااتفاقی کے نتائج	192
حضرت عثمان کا جواب	193
حضرت عمر کا تشدد	193
معاویہ کا تقرر	193
معاویہ کی خودسری	193
تنقید کرنے کی مذمت	194
حضرت عمر کا تشدد	194
مروان کی دھمکی	194
اہل مصر کے وفد کی حضرت عثمان سے ملاقات	194
قاصد کی گرفتاری	195
سربمہر خط	195
عمرو بن عاص کی معزولی	195
عمرو عاص کا جواب	196
دور جاہلیت کا تذکرہ	196
مروان کی ملامت	196
مخالفانہ پروپیگنڈہ	196
فلسطین میں قیام	196
قتل کی خبر	197

فہرست	صفحہ نمبر
مخالفت کا اقرار	197
بیوی کو طلاق	197
مصر والے	197
اصل مقصد	198
قتل کی افواہ	198
انہیں واپس لوٹانے کی کوشش	198
حضرت علیؑ کا جواب	198
اہلِ مصر کی واپسی	199
محمد بن مسلمہ کی گفتگو	199
اہل مصر کو نصیحت	199
حضرت علیؑ کی واپسی	199
حضرت عثمان کا اعلان	200
عمرو عاص کی مخالفت	200
حضرت عثمان کا توبہ کرنا	200
عمرو کا فلسطین میں قیام	200
اعلانیہ اظہار کا مشورہ	200
حضرت عثمان کا خُطبہ	201
توبہ واستغفار	201
مروان کی شرارت	201
نائلہ کی مخالفت	201
مروان اور نائلہ کی باہم سخت کلامی	201
مروان کا غلط مشورہ	201
مجمع کا اخراج	202

فہرست	صفحہ نمبر
حضرت علیؑ کا غیظ وغضب	202
نائلہ کا مشورہ	202
حضرت علیؑ کا انکار	203
عبدالرحمٰن بن اسود کا بیان	203
عثمان کی عاجزانہ درخواست	203
رائے میں تبدیلی	204
مروان کا غلط رویہ	204
حضرت علیؑ کا استفسار	204
حضرت علیؑ کی گفتگو!	205
خطبہ میں ہنگامہ	205
آیت کی تلاوت	205
بنی امیہ کی گستاخی	206
باب20	207
حضرت عثمان کی حکومت	207
خاندان پرستی کی مخالفت	207
جبلہ بن عمرو ساعدی	207
عمرو عاص کا اعتراض	207
صحابہ کے نام خطوط	207
قاصد سے پوچھ گچھ	208
قاصد کی تلاشی	208
خط سے انکار	208
معاویہ کو خط	209
دیگر حکام کو خطوط	209

فہرست	صفحہ نمبر
فوری امداد کی ضرورت	209
قاصد کا اخراج	209
اہلِ مِصر کا قافلہ	210
حضرت عثمان کے نام خط	210
توبہ کی دعوت	210
حضرت علیؑ سے امداد کا مطالبہ	210
ایفائے وعدہ	211
مروان کا مشورہ	211
معاہدہ کی پابندی	211
وعدہ شکنی	211
عملی اقدام کا مطالبہ	212
مہلت کی درخواست	212
تین دن کی مہلت	212
حکومت کی طرف سے جنگ کی تیاری	212
معاہدہ کی خلاف ورزی	213
حکام کی معزولی کا مطالبہ	213
مطالبات ماننے سے انکار	213
مسلمانوں کی دھمکی	213
گھر کا محاصرہ	213
مالک اشتر کی طلبی	214
حضرت عثمان کا جواب	214
قتل کے خطرناک نتائج	214
محمد بن ابی بکر کی آمد	215
حضرت عثمان کا قتل	215
محمد بن مسلمہ کی مصریوں سے ملاقات	215
حضرت عثمان کو نصیحت	215
عثمان کی رضامندی	216
خط کا انکشاف	216
خط کا مضمون	217
حضرت علیؑ کا وعدہ پورا کرنا	217
بدعات کا تذکرہ	218
دو افراد کی ضمانت	218
لاعلمی کا اظہار	218
معزولی کا مُطالبہ	218
سفیان بن ابی العوجاء کے بیان کے مطابق	219
اہل مصر اور دوسرے لوگوں کا محاصرہ	219
قتل کا منصوبہ	219
طلحہ کا حکم	220
عینی شاہد	220
خانہ جنگی کا آغاز	220
امدادی فوجوں کی اطلاع	221
حضرت علیؑ اور دیگر لوگوں سے تعاون کی اپیل	221
حضرت علی کی ملامت	221
ابو ہریرہ	221
گھر میں گھسنا	222
عثمان کا قتل	222

فہرست	صفحہ نمبر
قاتل کا قتل	222
غم اور خوشی	222
فوجی امداد قتل کا سبب بنی	223
باب 22	223
تدفین میں رکاوٹ	223
حضرت علیؑ کی بروقت مداخلت	223
قبرستان میں توسیع	223
تدفین کا حال	224
جنازے کے شرکاء	224
حضرت عثمان پر ماتم	224
طبری جلد سوم کا حصہ دوئم	226
باب 1 خلافت امیر المومنین حضرت علیؑ بن ابی طالب	226
حضرت علیؑ کی بیعت	226
بیت المال کے بارے میں حضرت علیؑ کی روش	227
پہلی بدفالی	228
بعض لوگوں کا بیعت سے گریز	228
بنو امیہ کا مدینہ سے فرار	229
باب 2 نفاذ خلافت	230
حضرت علیؑ کا پہلا خطبہ	230
ابن عباس کی حج سے واپسی	231
حضرت علیؑ کا مغیرہ کی رائے قبول کرنے سے انکار	231
حضرت علیؑ اور ابن عباس کا مکالمہ	231

فہرست	صفحہ نمبر
طلحہ وزبیر اور قتل عثمان	323
باب 3	233
معاویہ کے نام خط	233
طلحہ اور زبیر کا اجازت لینا	233
حضرت علیؑ کا خطبہ	234
اخضر اور بی بی عائشہ	234
قصاص عثمان کی تیاریاں	234
حضرت اُم سلمہؓ کی پیش کش	236
بی بی عائشہ کے لیے ایک خاص اونٹ کی خریداری	236
مروان کی پالیسی	236
باب 4 حضرت علیؑ کا بصرہ کی طرف کوچ عبداللہ بن سلام کی پیشین گوئی	237
عرفی کا بیان	237
بی بی عائشہ اور قتل عثمان	238
بی بی عائشہ کی روانگی پر لوگوں کا رنج وغم	240
مطالبہ قصاص کی وجہ	240
باب 5 حضرت عائشہ کا بصرہ میں داخلہ	241
بی بی عائشہ کے پاس قاصد کی روانگی	241
طلحہ وزبیر کی شرط	242
حضرت عائشہ کی تقریر	244
جاریہ بن قدامہ کی بی بی عائشہ سے گفتگو	245
طلحہ وزبیر سے ایک نوجوان کی گفتگو	245

فہرست	صفحہ نمبر
محمد بن طلحہ کی رائے	245
ابوالجرباء کا مشورہ	246
شرائط صلح	246
عہد نامہ	247
کعب کی مدینہ آمد	247
اسامہ کا جواب	248
لشکر عائشہ کا حملہ	248
عثمان بن حنیف کے ساتھ ظالمانہ سلوک	248
حؤاب کا واقعہ	249
طلحہ وزبیر کی تقریر	249
عبدی کی تقریر	250
اہل شام کے نام طلحہ وزبیر کا خط	250
بی بی عائشہ کا اہل کوفہ کے نام خط	251
حضرت عائشہ کا زید بن صوحان کے نام خط	251
زید بن صوحان کا جواب	251
باب6 حضرت علیؑ کا بصرہ کی جانب کُوچ	525
اہل کُوفہ کے نام حضرت علیؑ کا خط	252
ابوموسیٰ اشعری کا فیصلہ	252
بنو طے سے خطاب	253
محمد بن ابی بکر کی کوفہ روانگی	253
حضرت علیؑ کا خطبہ	254
حضرت علیؑ کی بصرہ کی طرف روانگی	254
عثمان بن حنیف کی واپسی	254

فہرست	صفحہ نمبر
قبیلہ ربیعہ اور بنو عبدالقیس کی آمد	255
ابوموسیٰ اشعری کا قاصدوں کو جواب	255
ابوموسیٰ کی تقریر	256
حضرت حسنؑ اور ابوموسیٰ کی گفتگو	257
حضرت حسنؑ کی تقریر	257
ہند بن عمرو کی تقریر	258
حجر بن عدی کی تقریر	258
عبد خیر کی ابوموسیٰ سے گفتگو	258
مالک اشتر کی حضرت علیؑ سے درخواست	259
ابوموسیٰ کی تقریر	259
ابوموسیٰ سے مالک اشتر کی گفتگو	260
باب7 صلح کی گفت وشنید	261
حضرت علیؑ کا معجزہ	261
حضرت علیؑ کی بصرہ میں آمد	261
حضرت علیؑ کی طلحہ وزبیر سے گفتگو	261
زبیر کا جنگ سے علیٰحدگی کا ارادہ	262
باب8 جنگ جمل	263
قرآن اٹھانے کا حکم	263
ابتدائے جنگ	263
محمد بن حنفیہ	264
محمد بن ابوبکر اور عائشہ	264
عبداللہ بن زبیر اور محمد بن ابوبکر	265
مقتولین کی تدفین	265

فہرست	صفحہ نمبر
تقسیم مال	265
حضرت علیؑ کا اصُول	266
حضرت عائشہ کی روانگی کی تیاری	266
حضرت عائشہ کی عمارؓ سے گفتگو	266
باب 10 جنگ صفین کی تیاریاں	268
عمرو عاص کی معاویہ سے بیعت	268
عمرو عاص کا بیٹوں سے مشورہ	268
عمرو عاص کی شام کو روانگی	268
جریر بن عبداللہ کی پیغامبری	269
قمیضِ عثمان	269
حضرت علیؑ کی صفین کو روانگی	270
پانی پر جنگ	270
معاویہ کی جانب قاصد کی روانگی	270
معاویہ کا مشورہ	270
پانی پر قبضہ	271
حضرت علیؑ کا پیغام	271
جنگِ صفین	272
اشتر کی شجاعت	272
باب 11 جنگ بندی اور صلح کی گفتگو	274
عدی بن حاتم کی تقریر	274
معاویہ کا جواب	274
یزید بن قیس کا خطاب	274
شبث کا جواب	275

فہرست	صفحہ نمبر
معاویہ کی طرف سے رشوت کی پیش کش	275
معاویہ کا وفد	276
حضرت علیؑ کا جواب	276
باب 12 ہر دو طرف سے جنگی تیاریاں اور مورچہ بندی	278
حضرت علیؑ کی فوجیوں کو ہدایت	278
حضرت علیؑ کا میدانِ صفین میں خطبہ	278
حضرت علیؑ کی دُعا	278
حضرت علیؑ کا خُطبہ	279
مالک اشتر کی شجاعت	280
باب 12 حضرت عمارؓ بن یاسر کی شہادت	281
حضرت عمارؓ کی دُعا	281
جنگ کے بارے میں عمار کی رائے	281
حضرت عمارؓ کے بارے میں حضرت نبی کریمؐ کا ارشاد	281
عمارؓ کا خطبہ	282
حضرت عمارؓ اور عبیداللہ بن حضرت عمر	282
حضرت علیؑ کی شجاعت	283
حضرت عمار کی شہادت	283
عمرو عاص کے بیٹے عبداللہ کا اپنے باپ سے مکالمہ	283
حدیث کی غلط تاویل	284
حضرت علیؑ کی معاویہ کو مقابلہ کی دعوت	284
ایک نوجوان کی گمراہی سے توبہ	284

فہرست	صفحہ نمبر
ہاشم بن عتبہ کی شہادت	285
عبداللہ بن کعب مرادی کی وصیت	286
لیلۃ الہریر	286
اشتر کی شجاعت	287
شامیوں کا قرآن نیزوں پر اٹھانا	287
باب14 واقعہ تحکیم	289
حضرت علیؑ کا فیصلہ	289
منافقین کی مُخالفتِ علیؑ	289
خارجی ہوجانے والوں کا جواب	289
مُنافقین کی رٹ	290
منافقین کا شوروغوغا	290
اشعث بن قیس کو پیغام رسانی کا شوق	291
حضرت علیؑ کی بے بسی	292
ابوموسیٰ اشعری بطور حکم	292
لقب امیر المومنین پر بحث	293
واقعہ تحکیم کی صلح حدیبیہ سے مشابہت	293
معاہدہ کی تحریر	293
گواہوں کے دستخط	294
حضرت علیؑ کی تقریر	295
فیصلہ کی تاریخ	295
خارجیوں کی حضرت علیؑ سے علیٰحدگی	295
خلیفہ کے انتخاب پر بحث	295
حضرت علیؑ کی مالک اشتر کے بارے میں رائے	296
حضرت علیؑ خباب کی قبر پر	297
آپ کے ساتھ مل کر جہاد کرنے والوں کی شہادت کی گواہی	297
باب15 خارجیوں کی حضرت علیؑ سے علیٰحدگی	298
حضرت علیؑ کا خارجیوں سے مناظرہ	298
دومتہ الجندل میں حکمین کا اِجتماع	299
حکمین کے سوالات وجوابات	299
حضرت علیؑ کی عمرو عاص کو نصیحت	300
ابوموسیٰ اشعری کا بودا فیصلہ	301
حضرت ابنِ عباس کی ابوموسیٰ کو تنبیہ	301
ابوموسیٰ کا احمقانہ اعلان	302
عمرو عاص کی چالبازی ومکاری	302
ابوموسیٰ کا اِعتراف	302
باب 16 حضرت علی علیہ السلام اور خوارج لاحکم الا اللہ کی غلط تاویل	304
خارجیوں کی فتنہ پروری	304
عبداللہ بن وہب خارجی	304
لوگوں کا حضرت علیؑ کی دوبارہ بیعت کرنا	305
شامیوں کے مقابلہ کی تیاریاں	305
حضرت علیؑ کا خارجیوں کے نام خط	306
پہلے خارجیوں سے جنگکرنے کا مشورہ	306
حضرت عبداللہ بن خباب سے سوالات وجوابات	307

فہرست	صفحہ نمبر
مذہبی ڈھونگ	307
خنزیر کو قتل کرنا فساد میں داخل ہے	308
خارجیوں کے مقابلہ کی تیاری	308
نجومی کی مخالفت	309
خونِ مسلمان کو مُباح سمجھنا	309
حضرت علیؑ کا خارجیوں سے خطاب	309
دوبارہ دعوتِ حق	310
باب 17 جنگ نہروان اِعلانِ امان	312
ابتدائے جنگ	312
ذوالثدیہ کی تلاش	312
زخمیوں کے لیے امان اور ان کی مرہم پٹی	313
مقتولین کی تدفین اور مالِ غنیمت کی تقسیم	313
مسلمانوں کی جنگ سے پہلوتہی	313
خوارج کے بارے میں حضورؐ کی پیشین گوئی	314
باب 18 مصر میں محمد بن ابوبکر کی شہادت	315
مالک اشتر کے نام حضرت علیؑ کا خط	315
مالک اشتر کی مصر کو روانگی اور شہادت	315
مصریوں کے نام حضرت علیؑ کا خط	316
فتح مصر کے لیے مُعاویہ کی کوششیں	316
عمرو عاص کی مصر روانگی	317
فریقین میں جنگ	317
محمد بن ابی بکرؓ کی شہادت	318
حضرت عائشہ کی بددُعا	318

فہرست	صفحہ نمبر
محمد کی شہادت پر شام میں خوشی کے شادیانے	319
محمدؓ کی شہادت پر حضرت علیؑ کا رنج وغم	319
باب 25 حضرت علیؑ کی شہادت اور اس کا سبب	320
مہر میں حضرت علیؑ کا سَر	320
محمد بن حنفیہ کا بیان	322
تلوار کا اثر	322
آنحضرتؑ کی حسینؑ کو نصیحت	323
آپؑ کی وصیت	323
قاتل کے بارے میں آپؑ کی وصیت	325
قاتل کا انجام	325
حضرت علیؑ کی شہادت پر بی بی عائشہ کی خوشی	325
ابوالاسود دئلی کا مرثیہ	325
حضرت علیؑ کی عمر	326
حلیہ مبارک	326
نسب وخاندان	326
ازواج واولاد	326
حضرت علیؑ کے اوصافِ حمیدہ	327
حضرت حسنؑ کا خطبہ	328
جلد چہارم معاویہ ابوسفیان	329
بیعت امام حسنؑ	329
اہل عراق کی بدعہدی	329
امام حسنؑ کی کوفہ میں تقریر	330
امام حسنؑ کی روانگی کوفہ	330

فہرست	صفحہ نمبر
50ھ کے واقعات	331
منبرِ رسولؐ کو منتقل کرنے کا ارادہ	331
معاویہ کی منبر رسولؐ کے متعلق معذرت	331
منبر رسول اللہؐ کی عظمت	331
حُجر اور اصحابِ حُجر کی شہادت	332
عبدالرحمٰن غزنی کی حق گوئی	333
معاویہ سے بی بی عائشہ کی ناراضگی	333
باب5 یزید کی ولیعہدی 52ھ	335
زیاد کیلئے عبداللہ بن عمر کی بددُعا	335
56ھ کے واقعات	335
باب7 معاویہ کی وفات 60ھ	336
امام حسینؑ کی طلبی	336
امام حسینؑ اور ولید	336
امام حسینؑ اور مروان	336
امام حسینؑ کی روانگی اور محمد حنفیہ	337
معاویہ کی یزید کو وصیت	337
معاویہ کے متفرق حالات	338
یارسول اللہ کہہ کر سلام کیا گیا اور روکا نہیں	339
حضرت عمر اور معاویہ	339
معاویہ کا اقرار	340
باب8 یزید بن معاویہ	341
یزید کا ولید کے نام خط	341
ولید بن عتبہ اور مروان بن حکم	341
مروان کا ولید کو مشورہ	341
ابوسعید مقبری کی روایت	342
امام حسینؑ کی مکہ میں آمد	342
باب9 مسلم بن عقیل	343
مسلم بن عقیل کی کوفہ روانگی	343
مُسلم کی کوفہ میں آمد	343
کوفہ کی گورنری پر ابن زیاد کا تقرر	343
بنی تمیم کے غلام کی مخبری	344
ہانیؓ بن عروہ کی طلبی	344
ہانی کی گرفتاری	344
قصر ابنِ زیاد کا محاصرہ	345
جناب مُسلم سے اہل کوفہ کی بدعہدی	345
جناب مسلم بن عقیل کی گرفتاری	346
تفصیلی واقعات امام حسینؑ اور عبداللہ بن مطیع میں گفتگو	346
اہل مکہ کی امام حسینؑ سے عقیدت	346
سلیمان بن صرد کا شیعانِ علیؑ سے خطاب	347
امام حسینؑ کو کوفہ آنے کی دعوت	347
کوفیوں کے خطوط امام حسینؑ کے نام	348
امام حسینؑ کا خط اہلِ کوفہ کے نام	348
عارر بنت سعید	349
یزید بن نبیط	349
جناب مسلم کی کوفہ روانگی	349
عابس بن ابی شبیب شاکری	350

فہرست	صفحہ نمبر
حبیب بن مظاہر	350
عبداللہ حضرمی کا خط یزید کے نام	350
یزید کا سرجون سے مشورہ	350
یزید کا خط ابنِ زیاد کے نام	351
امام حسینؑ کے خطوط شرفائے بصرہ کے نام	351
ابنِ زیاد کا اہلِ بصرہ سے خطاب	352
ابنِ زیاد کی بصرہ سے روانگی	352
ابنِ زیاد کی اہلِ کوفہ کو دھمکی	352
ابنِ زیاد کی کوفہ میں آمد	353
ابنِ زیاد کے قتل کا منصوبہ	354
ہانی بن عروہ اور ابنِ زیاد	354
ہانی پر ابنِ زیاد کا حملہ	355
قبیلہ مذحج کا محاصرہ	355
معقل غُلام	355
شریک بن اعور کی علالت	356
شریک کی وفات	356
معقل کی جاسوسی	356
ھانی اور ابنِ زیاد	357
ھانی اور مُسلم باھلی	357
ھانی کی ابن زیاد سے تلخ کلامی	358
عبیداللہ کا مسجد سے فرار	358
ابنِ زیاد کی شرفائے شہر کو ہدایت	359
اہلِ کوفہ کی بدعہدی	359
مسلم اور طوعہ	359
بلال کی مخبری	360
جناب مُسلم کی شجاعت	360
جناب مسلم کے لیے ابنِ اشعث کا امان	361
مسلم باھلی کی گستاخی	362
جناب مسلم کی پانی سے محرومی	362
جناب مسلم کی عمر بن سعد کو وصیت	363
ابنِ زیاد اور جناب مسلم میں تلخ کلامی	363
ابن زیاد کی لاف زِنی	364
جناب مسلم کی شہادت	364
ھانی عروہ کے قتل کا حکم	364
ھانی بن عروہ کی شہادت	365
مسلم اور ہانی کے سروں کی روانگی	365
یزید کا خط ابنِ زیاد کے نام	365
مختار اور عبداللہ بن حارث کی گرفتاری	365
باب 10 امام حُسین علیہ السلام	367
عبداللہ بن زبیر اور امام حسینؑ	367
ابنِ عباس کا حسینؑ کو یمن جانے کا مشورہ	368
ابن عباس کا اہلِ بیت کو ساتھ لے جانے پر انکار	368
امام حسینؑ اور ابنِ زبیر کی گفتگو	368
حضرت حسینؑ کا مکہ میں جنگ کرنے سے انکار	369
امام حسینؑ کی فرزدق شاعر سے ملاقات	369
فرزدق کا بیان	369

فہرست	صفحہ نمبر
عمر بن سعد کو امارت رے کی لالچ	370
ابنِ سعد کی امام حسینؑ پر فوج کشی	370
ابو برزہ اسلمی کا اظہارِ حق	371
زہیر بن قین کی امام حسینؑ سے ملاقات	372
حصین بن نمیر کی روانگی	372
حضرت حسینؑ کا حاجر میں قیام	372
قاصد امام حسینؑ کی شہادت	373
زہیر بن قین کا جذبۂ شہادت	373
عبداللہ اور مذری	374
شہادت مسلم کی امام حسینؑ کو اطلاع	374
آلِ عقیل کا اصرار	375
عبداللہ بن یقطر کی شہادت کی اطلاع	375
آنحضرتؐ کا خطبہ	375
باب 11 سانحہ کربلا 61ھ میں شروع ہوا	377
امام حسینؑ کا منزل شراف میں قیام	377
حر کا لشکر	377
حر کے ایک سپاہی سے حسنِ سلوک	377
امام حسینؑ کی نماز ظہر کی امامت	378
حضرتؑ کا لشکرِ حر سے خطاب	378
حر کی مزاحمت	379
حضرت حسینؑ کا بیضہ میں خطبہ	379
ذوحسم کا خطبہ	380

فہرست	صفحہ نمبر
زہیر بن قین کا جذبہ جہاد	380
طرماح بن عدی کی آمد	381
طرماح کا آپ کو کوہِ اجا پر جانے کا مشورہ	381
حسینؑ اور عبیداللہ بن حر	382
حضرت امام حسینؑ کو شہادت کی بشارت	383
حضرت حسینؑ کا نینوا میں قیام	383
ابنِ زیاد کا قاصد	384
ابوشعثا کی قاصد سے گفتگو	384
زہیر بن قین کا مشورہ	384
حمزہ بن مغیرہ کا عمر سعد کو مشورہ	385
عبداللہ بن یسار اور ابن سعد	385
ابن سعد کی حسینؑ پر فوج کشی	386
کثیر بن عبداللہ شعبی	386
قرہ بن قیس حنظلی کی سفارت	386
سعد کا ابنِ زیاد کے نام خط	387
ابنِ زیاد کا پانی پر قبضہ کرنے کا حکم	387
عبداللہ بن ابی حصین کو حضرتؑ کی بددعا اور اس کا انجام	388
حسینؑ اور ابنِ سعد کی ملاقات	388
شمر کی فتنہ انگیزی	388
ابنِ زیاد کا جنگ کا حکم	389
فرزندان حضرت ام البنین کے لیے امان	389

فہرست	صفحہ نمبر
حضرت حسینؑ کو رسول اللہؐ کی بشارت	390
عباسؑ بن علیؑ	390
زھیر بن قین اور غررہ	391
ایک رات کی مہلت	391
حضرت امام حسینؑ کی اپنے ہمراہیوں کو چلے جانے کی اجازت	392
ضحاک بن عبداللہ اور مالک بن نضر	392
آلِ عقیل کا جذبہ	393
مُسلم بن عوسجہ اور سعد بن عبداللہ استقلال	393
زھیر بن قین کی استقامت	394
امام زین العابدینؑ کا بیان	394
حضرت زینبؑ کی آہ وزاری	394
حضرت زینبؑ کو امام حسینؑ کا دلاسہ	395
حسینی قافلہ کی عبادت گزاری	395
ابوحَرب کی بدکلامی	396
حسینی لشکر کی ترتیب	396
عبدالرحمٰن اور بریر	397
امام حسینؑ کی دُعا	397
شمر بن ذی الجوشن کی بکواس	397
جنگ میں پہل کرنے سے ممانعت	397
حضرت حسینؑ کا تاریخی خطبہ	398
زھیر کا خطاب	400

فہرست	صفحہ نمبر
حر کی ابنِ سعد سے گفتگو	401
حر کی لشکر حسینؑ کی طرف پیش قدمی	401
حر کی ابنِ سعد سے علیحدگی	401
حر کا لشکرِ یزید سے خطاب	402
ابن سعد کا پہلا شعر	403
عبداللہ بن عمیر کلبی	403
ام وھب کا جذبۂ جاں نثاری	404
عبداللہ بن حوزہ کا انجام بد	404
یزید معقل اور بریر میں مباہلہ	404
مزاحم بن حریث کا خاتمہ	405
حسینی لشکر کا پہلا زخمی	406
معرکہ کربلا کے پہلے شہید کی وصیت	406
عبداللہ بن غمیر کلبی کی شہادت	406
اصحاب حسینؑ کا شدید حملہ	407
حر کی شمشیر زنی	407
حسینی خیموں پر حملہ	407
ام وھب کی شہادت	408
شمر کا خیمہ حسینؑ پر حملہ	408
شمر کی پسپائی	408
روز عاشور کی نماز جماعت اور شہادت حبیب	408
قاسم بن حبیب کا انتقام	409
زھیر بن قین اور حر کی شجاعت	409

فہرست	صفحہ نمبر
نماز ظہر	410
زھیر کا رجز	410
نافع بن ہلال کی شجاعت اور شہادت	410
پسران غررہ غفاری کی تمنا	410
سیف و مالک کی بے قراری	411
حنظلہ بن اسعد کا اپنے قبیلہ سے خطاب	411
حنظلہ کی شہادت	411
شوذب کی شہادت	412
عابس کی شجاعت و شہادت	412
ضحاک بن عبداللہ مشرقی	413
ضحاک کو میدانِ جنگ سے جانے کی اجازت	413
یزید بن زیاد کا رجز اور اس کی شہادت	413
عمر بن خالد، سعد اور جابر بن حارث کی شہادت	414
جناب علی اکبر فرزند حسینؑ کی شہادت	414
حمید بن مسلم کا بیان	414
عون و محمد کی شہادت	415
عبدالرحمٰن و جعفر فرزندانِ عقیل کی شہادت	415
قاسم بن حسینؑ کی شہادت	415
شہادت قاسم پر حسینؑ کا اضطراب	415
حضرت حسینؑ پر ابن نسیر کندی کا حملہ	416
عبداللہ بن حسینؑ کی شہادت	416
عبداللہؑ جعفرؑ اور عثمانؑ فرزندانِ علیؑ کی شہادت	416

فہرست	صفحہ نمبر
ھانی حضرمی کا بیان	417
حسینؑ پر پیاس کا غلبہ	417
آپ کی ابانی کے حق میں بددعا	417
شمر کی حسینی خیام کی طرف پیش قدمی	418
امام حسینؑ پر حملہ	418
بحرین کعب کا انجام	418
حضرت حسینؑ کی شجاعت	419
آنحضرتؑ پر یورش	419
شہادتِ حسین علیہ السلام	420
اہل بیت عصمت سے ناروا سلوک	420
معرکہ کربلا کے آخری شہید	420
علی بن الحسینؑ زین العابدین علیہ السلام	420
سنان بن انس	421
حضرت حسینؑ کے جسم کی پامالی	421
شہداء کربلا کا دفن	421
سر حسینؑ کی روانگی کوفہ	421
اہلِ بیت کی روانگی کوفہ	422
سر حسینؑ سے ابنِ زیاد کی گستاخی	422
حضرت زینبؑ بنت فاطمہؑ	423
حضرت زینبؑ اور ابنِ زیاد	423
امام زین العابدینؑ کے قتل کا حکم	424

فہرست	صفحہ نمبر
حضرت زینب علیہا السلام کی بے تابی	424
مسجد کوفہ میں فتح کا اعلان	424
عبداللہ بن عفیف ازدی	425
ابنِ عفیف ازدی کی شہادت	425
سر حسینؑ کی کوفہ میں تشہیر	425
اہل بیت کی روانگی شام	425
شہادت حسینؑ پر یحییٰ بن حکم کے اشعار	426
اہلِ بیت کی دربارِ یزید میں طلبی	426
فاطمہ بنتِ علیؑ	426
زندان خانہ میں رقعہ	427
یزید کی لافزنی	427
ایک اور روایت	427
یزید اور ابو برزہ اسلمی	428
شہادت حسینؑ کی اطلاع مدینہ میں	428
حضرت عبداللہ بن جعفر	429
ام لقمان بنتِ عقیل کا نوحہ	429
حکم نامہ قتل حسینؑ کی طلبی	429
شہدا بنی ہاشم	430
اہل بیت کی مدینہ واپسی	431
عبیداللہ بن حر	432
عبیداللہ بن حر کا مرثیہ	432

فہرست	صفحہ نمبر
باب 12 ابن زبیر کا اہل مکہ سے خطاب	433
62ھ کے واقعات	434
اشرافِ مدینہ کا وفد	434
یزید کا کردار	434
عبداللہ بن حنظلہ کی بیعت	434
63ھ کے واقعات	435
مسلم بن عقبہ کی روانگی مدینہ	435
یزید کی مسلم بن عقبہ کی ہدایات	435
امام زین العابدین کا مروان کے اہل وعیال کو پناہ دینا	435
مسلم بن عقبہ مدینے میں	436
64ھ کے واقعات	437
مسلم بن عقبہ کی مکہ کی جانب پیشقدمی	437
ابن نمیر کی مکہ پر فوج کشی	437
خانہ کعبہ پر سنگباری	437
خانہ کعبہ میں آتش زنی	437
مرگ یزید	438
مکہ کا محاصرہ	438
معاویہ بن یزید کی حکومت سے دستبرداری	438
باب 13 توابین	439
کوفہ کے روسائے شیعہ	439
مسیب فزاری کا شہادتِ حسینؑ پر اظہار تأسف	439
رفاعہ بجلی کی تقریر	440

فہرست	صفحہ نمبر
سلیمان بن صرد کا خطبہ	440
خالد بن سعد اور ابوالمعتمر کی پیشکش	441
سلیمان بن صرد کا خط سعد بن حذیفہ کے نام	442
سعد بن حذیفہ کا شیعیان اہل بیت سے خطاب	443
سلیمان کی حمایت میں تقریر	444
سعد کا خط سلیمان کے نام	444
مثنی بن عبدی کا سلیمان کے نام	444
شیعان اہل بیتؑ کی جنگی تیاری	444
سلیمان کا مشورہ	445
عبیداللہ بن مری کا خطبہ	445
مختار ثقفی کی کوفہ میں آمد	446
سلیمان اور مختار کے خلاف شکایت	446
عبداللہ بن یزید کا اہل کوفہ سے خطاب	447
مختار ثقفی اور مسلم بن عقیل	448
مختار اور ابن حریث	448
مختار کی گرفتاری	449
مختار کیلئے عبداللہ بن عمر کی سفارش	449
مختار کی رہائی	449
ابن زبیر اور مختار	451
ابنِ زبیر اور مختار میں معاہدہ	452
مختار کی کوفہ کی طرف روانگی	452
سلیمان بن صرد کا خروج اور مختار کی گرفتاری	452
65ھ کے واقعات توابین کا نخیلہ میں اجتماع	454
انتقام حسینؑ کا نعرہ	454
ابوعزہ قابضی	454
ابنِ صرد کا توابین سے خطاب	454
ابنِ زیاد پر حملے کا منصوبہ	456
سلیمان کا توابّین سے خطاب	456
توابین کی نخیلہ سے روانگی	456
قبر امام حسینؑ پر توابین کی دعا	457
توابین کی تقاریر	457
عبداللہ بن عوف کا رجز	458
عبداللہ بن یزید کا خط اور اس کا جواب	458
عبداللہ بن یزید کی پیشگوئی	459
مسیب بن نجبہ اور زمر بن کلابی کی ملاقات	459
زفر بن کلابی کی پیشکش	460
زفر کی مہمان نوازی	460
توابین کو قرقیسیا میں قیام کی پیشکش	460
سلیمان بن صرد کا خطبۂ جہاد	461
جیش مسیت کی روانگی	461
مسیب کا ابنِ ذوالکلاع پر حملہ	462
حصین بن نمیر کی روانگی	462
معرکہ عین الوردہ	462
ابن ذوالکلاع کی کمک	463

فہرست	صفحہ نمبر
توابین کا جذبۂ شہادت	463
سلیمان اور مسیب کی شہادت	463
مسیب کی شجاعت	464
عبداللہ بن سعد کی علمداری	464
توابین مدائن و بصرہ کی روانگی	464
کثیر مزنی کی شہادت	465
عبداللہ بن سعد کی شہادت	465
خالد بن سعد کی شہادت	465
علمبردار عبداللہ بن وال	465
عبداللہ بن وال کا شدید حملہ	466
ادھم باہلی کا عبداللہ وال پر حملہ	466
عبداللہ بن وال کی شہادت	466
رفاعہ بن شداد کی علمبرداری	467
ولید بن غصین کا شدید حملہ اور شہادت	467
عبداللہ بن عزیز کی شہادت	467
کریب حمیری کی آمد	468
حمیری کی شہادت	468
رفاعہ کی مراجعت	468
زخمی توابین کی تیمارداری اور مہمان نوازی	469
توابین کی مثنی عبدی سے ملاقات	469
عبدالملک کو فتح کی خوشخبری	469
مختار ثقفی کا وعدہ	469

فہرست	صفحہ نمبر
مختار کا خط رفاعہ بن شداد کے نام	470
عبیدہ مزنی کی شہادت	470
عبیدہ مزنی کی شہادت کا واقعہ	470
اعشیٰ ہمدانی کا مرثیہ	471
عبدالملک اور عبدالعزیز کی ولی عہدی	473
خالد بن یزید کی اھانت	473
مروان کی ھلاکت	474
باب 15 مختار بن ابی عبید ثقفی ۔ 66ھ کے واقعات	475
گورنر کوفہ عبیداللہ بن مطیع کا اخراج	475
مختار کا خط توابین کے نام	475
توابین کی اطاعت	475
مختار کا خط عبداللہ بن عمر کے نام	476
عبداللہ بن عمر کی سفارش	476
مختار ثقفی کی رہائی	476
مختار کی جماعت میں اضافہ	476
عبداللہ بن مطیع کا کوفہ کی گورنری پر تقرر	477
ابنِ مطیع کا اہلِ کوفہ کو خطاب	477
سائب بن مالک اشعری کی تقریر	477
یزید بن انس کا تائید	478
مختار کی شکایت ان کی طلبی اور معذرت	478
عبدالرحمٰن بن شریح کی تقریر	478

فہرست	صفحہ نمبر
عبدالرحمٰن کی ابنِ حنیفہ سے گفتگو	479
محمد بن حنیفہ کا خطبہ	479
مختار کے حق میں وفد کی تصدیق	480
عبدالرحمن بن شریح کی مختار کے حق میں تقریر	480
ابراہیم بن مالک اشتر کی سپہ سالاری کی تجویز	480
ابراہیم سے وفد کی ملاقات	481
احمر بن شمیط کی ابراہیم سے گفتگو	481
ابراہیم بن اشتر کی رضامندی	481
مختار اور ابن اشتر کی ملاقات	482
ایاس بن مضارب کی گشت	482
ابراہیم کو گرفتار کرنے کا ارادہ	483
ایاس بن مضارب کا خاتمہ	483
ابراہیم اور مختار کی ملاقات	484
مختار کا خروج	484
ابراہیم کی مراجعت	484
زحر بن قیس کا ابراہیم پر حملہ	484
ابراہیم کا احاطہ اثیر میں قیام	485
سعید کا ابراہیم پر حملہ	485
ابراہیم کی پیش قدمی	486
شبث کا ابن مطیع کا مشورہ	486
بنوشاکر میں انتقام حسینؑ کی منادی	486
بنوشاکر کا خروج	486
بنی شبام کا خروج	487
والبی کا بیان	487
امراء کوفہ کا مسجد اعظم میں اجتماع	487
شبث بن ربعی	487
نعیم بن سبیرہ کی شہادت	488
سعر کی رہائی	488
مختار کی پیش قدمی	488
یزید بن انس کا فوج سے خطاب	488
ابراہیم کا راشد پر حملہ	489
راشد بن ایاس کا خاتمہ	489
ابراہیم کا شبث بن ربعی پر حملہ	489
عمرو بن حجاج کا ابن مطیع کو مشورہ	490
مختار کا جبانہ میں قیام	490
مختار کی قصر الامارہ کی طرف پیشقدمی	490
ابراہیم کا کوفہ میں داخلہ	490
ابراہیم کی ہدایت	491
ابن مساعق کی شکست اور امان	491
قصرِ کوفہ کا محاصرہ	491
قصر کوفہ پر مختار کا قبضہ	492
مختار کا اہلِ کوفہ سے خطاب	492
مختار ثقفی کی بیعت	493
مختار کا ابن مطیع سے حسنِ سلوک	493

فہرست	صفحہ نمبر
مالِ غنیمت کی تقسیم	493
قاضی شریح کی علیحدگی	494
باب 16 قاتلینِ حسینؑ کا انجام	495
عبیداللہ ابنِ زیاد کے لیے احکامات	495
ابن سعید کی مختار سے امداد طلبی	495
یزید ابن انس کو موصل جانے کا حکم	495
یزید ابن انس کی علالت	496
آغازِ جنگ	497
ربیعہ کا قتل	497
یزید ابن انس کی وفات	497
ابراہیم بن اشتر کی روانگی	498
کوفہ میں بغاوت	498
اہلِ کوفہ کی ناکہ بندی	498
باغی قیدیوں کا انجام	498
عمرو ابنِ حجاج کی روپوشی	499
شمر ابنِ ذی الجوشن کا قتل	499
خولی کا قتل	499
عمر بن سعد کے قتل کا ارادہ	499
محمد ابن حنفیہ کے نام خط	500
حکیم طائی کی گرفتاری	501
مُرہ بن مُنقذ کا فرار	501
زید ابنِ رقاد کا انجام	502
سنان اور ابنِ عقبہ کا فرار	502
محمد بن حنفیہ کی اسیری	502
مختار کے فوجی دستوں کی روانگی	503
محمد بن حنفیہ کی رہائی	503
محمد بن حنفیہ کی روانگی شعب علی کی طرف	503
ابراہیم کی اہلِ شام پر فوج کشی	503
تاریخ طبری حصہ پنجم باب 1	505
67ء عبیداللہ بن زیاد کا قتل	505
ابراہیم کی بار بیشا میں آمد	505
لشکر طفیل کی روانگی	505
عمیر کی ابراہیم سے ملاقات کی خواہش	505
عمیر اور ابراہیم میں معاہدہ	505
ابراہیم کی صَف بندی	506
عبداللہ بن زھیر کی ایک سپاہی سے ملاقات	506
ابراہیم کا فوجی دستوں سے خطاب	507
آغازِ جنگ	508
سفیان بن یزید کا عمیر پر حملہ	508
ابنِ عازب کا بیان	509
شامی فوج کی پسپائی	509
عمیر کی ابراہیم سے درخواست	509
ابن زیاد کی ہلاکت	509
شریک بن جدیر تغلبی	510

فہرست	صفحہ نمبر
حصین بن نمیر کی ہلاکت	510
شامی لشکر گاہ پر قبضہ	510
مختار ثقفی کی پیشگوئی	510
مختار کا مدائن میں خُطبہ	511
شبث د بن ربعی کی بصرہ میں آمد	511
محمد بن اشعث بن قیس	511
مصعب کی کوفہ کی جانب پیشقدمی	511
احمر بن شمیط کی روانگی	512
عباد کا ابن شمیط پر حملہ	512
مصعب بن زبیر کی روانگی	513
مختار کا سیلحین میں قیام	513
مختار کی فوجی ترتیب	513
مصعب کی صف بندی	514
آغازِ جنگ	514
مہلب کا حملہ	514
محمد بن اشعث کا قتل	515
مختار کی مراجعت	515
مصعب کی پیش قدمی	515
مختار کا اپنے ساتھیوں کو حملہ کرنے کا مشورہ	516
مختار کا عزم جہاد	516
مختار کی امان طلبی	517
مختار کی پیشینگوئی	517
مختار کی شہادت	517
محصورین کی گرفتاری	518
مختار کی لاش کی بے حرمتی	518
عمرہ زوجہ مختار کی شہادت	519
عبداللہ ابن عمر کی مصعب کو سرزنش	519
محصورین سے غیر مشروط حوالگی کا مطالبہ	519
حرفِ آخر	520

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

پیش لفظ

تاریخ کی اہمیت کا کوئی بھی عقل مند منکر نہیں۔ تاریخ سے ہی مذاہب عالم پر روشنی پڑتی ہے۔ تاریخ سے اچھے اور بُرے کردار سامنے آتے ہیں۔ تاریخ سے ہی وعظ و نصیحت اور درس عبرت حاصل ہوتا ہے، اور تاریخ کے آئینہ میں ہی حق و باطل کے درمیان امتیاز کیا جا سکتا ہے بشرطیکہ تاریخ لکھنے والے بادشاہانِ وقت اور اپنے مخصوص عقائد کی بنا پر تاریخ کو مسخ نہ کریں، لیکن عموماً ہوتا یہی رہا ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن مجید کا مقدمہ حصہ تاریخ پر مشتمل ہے۔ تاہم حقیقت پسند نفوس ان ہی مسخ شدہ تاریخوں سے ذہن رسا کی مدد سے حقیقت سے آشنا ہوتے رہے ہیں۔ میری گوناگوں مصروفیات اس کی اجازت تو نہیں دیتیں کہ میں تصنیف و تالیف یا تراجم کی طرف متوجہ ہو سکوں لیکن کبھی کبھی وقت نکال کر کچھ سرمایہ آخرت اکٹھا کرنے کی کوشش کرتا رہتا ہوں نہ معلوم کیوں ایک عرصہ سے مجھے یہ شوق لاحق ہوا کہ میں تاریخ طبری سے اہم واقعات اپنے ذوق کے مطابق ایک جگہ جمع کر دوں تا کہ نوجوان نسل ایک تو مسلمانوں کی تاریخ سے واقف ہو سکے اور دوسرا وہ خود یہ فیصلہ کر سکے کہ دو مکتبِ فکر جو زمانہ رسالتؐ سے چلے آ رہے ہیں اور وہ مختلف افراد کو دین فہمی کا ماخذ قرار دیتے ہیں اور عقیدت کے لحاظ سے بھی ایک ایک طرف مائل ہیں ان میں سے کس گروہ کے بزرگان واقعاً دین سے محبت رکھتے اس پر عمل کرتے اور دین پر جب وقت پڑتا تو ہر قسم کی قربانی سے دریغ نہیں کرتے تھے۔ شاید تاریخ کا نیا طالب علم اس طرف متوجہ نہ ہو تو میں ذرا تھوڑی سی وضاحت کر دوں۔ اعلان رسالتؐ کے وقت دو اہم ترین خاندان ایک دوسرے کے مدمقابل نظر آتے ہیں۔ ایک سرکار رسالتؐ کا خاندان بنی ہاشم کہ جن کے روح رواں حضرت ابو طالبؑ تھے اور دوسرا بنو امیہ کا خاندان جن کا راس و رئیس ابوسفیان ہے۔ یہ خاندان بنو امیہ اگرچہ بظاہر بعد میں مسلمان ہو گیا تھا وہ بھی فتح مکہ کے بعد، تاہم ان کی خاندانِ بنو ہاشم سے رقابت اور دشمنی کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں۔ بہر حال قاری نے تاریخ کی روشنی میں اس انتخاب سے خود فیصلہ کرنا ہے کہ جناب ابو طالبؑ، ان کے فرزند علی ابن ابی طالبؑ ان کے پوتے جناب حسنؑ و حسینؑ اور دیگر اس خاندان کے افراد اور ان سے وابستہ شخصیات اور ان کے مقابلہ میں ابوسفیان اس کا بیٹا معاویہ، اس کا بیٹا یزید اور دیگر افراد خاندان بنو امیہ یا وہ لوگ جو جناب ابو طالبؑ کی اولاد کے ساتھ کسی بھی مرحلہ میں مدمقابل رہے ہیں ان میں سے کس کو اسلام کے ساتھ، رسولِ اسلامؐ کے ساتھ، قوانین اسلام کے ساتھ کتنا کتنا لگاؤ تھا تا کہ ایک غیر جانبدار منصف خود بہ خود یہ فیصلہ کر سکے کہ حق و حقیقت کس طرف تھی تا کہ وہ اپنا عقیدہ بھی صحیح کر سکے اور دین فہمی کے مراکز کا تعین بھی کر لے۔ میں نے نہ کہیں حاشیہ لگایا ہے نہ اپنی طرف سے کچھ اضافہ کیا ہے۔ البتہ کہیں کہیں صرف عبارت کو مربوط کرنے کے لیے ایک آدھ جملہ قوسین کے درمیان لکھ دیا ہے زیادہ تر میں نے نفیس اکیڈمی اسٹریچن روڈ کراچی سے چھپے ہوئے اردو ترجمہ کو نقل کیا ہے جہاں مجھے معلوم ہوا مترجم نے ترجمہ صحیح نہیں کیا یا بعض

چیزیں اس سے رہ گئی ہیں تو ایسے میں میں نے تاریخ طبری کے اس عربی متن سے مدد لی ہے جو فرانسیسی زبان کی فہرست اور حواشی سے مزین ہے یہ کتاب 1964ء میں فرانس سے طبع ہوئی ہے۔ کہیں کہیں میں نے ترجمہ کی نوک پلک صحیح کی ہے چونکہ تراجم پرانی زبان میں کیے گئے ہیں۔ شیعہ حضرات سے معذرت خواہ ہوں ہوسکتا ہے کہ بعض روایات شیعہ عقائد سے متصادم ہوں۔ جنھیں میں نے بعض وجوہات سے اسی طرح رہنے دیا ہو، جن بزرگوں نے اردو ترجمے کیے ہیں انھوں نے اکثر عنوانات از خود متعین کیے ہیں۔ بعض مواقع پر مجھے مجبوراً عنوان بدلنے پڑے۔ مثلاً بعض ایسے افراد جو دشمنانِ آل محمدؐ میں سے تھے اور ان کے لیے خواہ مخواہ اچھے عنوان قائم کیے گئے یا بعض افراد موالیان خاندان رسالت میں سے تھے اور ان کے لیے برے عنوان مقرر ہوئے تھے، مثلاً جناب عمار بن یاسر، عثمان بن حنیف، مالک بن حارث اشتر محمد بن ابوبکر جس کے لیے میں معذرت خواہ ہوں مقصد میرا صرف یہ ہے کہ ذوق سلیم رکھنے والا انسان خود بخود حقیقت تک پہنچنے کی کوشش کرے۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ تاریخ طبری میں سے واقعات کا انتخاب کیوں کیا تو اس کی وجہ یہ ہے کہ ایک تو مفصل تاریخ ہے اور دوسرا ان تواریخ میں سے ہے جو ابتدائی زمانوں میں لکھی گئیں اور تیسرا یہ کہ یہ تاریخ برادران اہل سنت کے نزدیک بھی معتبر ترین تاریخ ہے جیسا کہ جناب مولانا مودودی صاحب کے آیندہ ذکر شدہ بیانات سے واضح ہوتا ہے میں نے جو کچھ کیا ہے اس سے کتنا فائدہ ہوتا ہے اس کا صحیح فیصلہ قارئین ہی کر سکیں گے۔

والسلام

سید صفدر حسین نجفی

علامہ طبری اوران کی تاریخ، مولانا مودودی کی نظر میں

ابن جریر طبری

دوسرے ابن جریر طبری ہیں۔جن کی جلالت قدر بحیثیت مفسر، محدث، فقیہ اور مورخ مسلم ہے۔علم و تقوٰی دونوں کے لحاظ سے ان کا مرتبہ نہایت بلند تھا ان کو قضا کا عہدہ پیش کیا گیا اور انھوں نے انکار کر دیا۔دیوان المظالم کی صدارت پیش کی گئی اور اس کو بھی انھوں نے قبول نہ کیا امام ابن خزیمہ ان کے متعلق کہتے ہیں۔ما اعلم علی ادیم الارض اعلم من ابن جریر (میں اس وقت روئے زمین پر ان سے بڑے کسی عالم کو نہیں جانتا)ابن کثیر کہتے ہیں۔کان احد ائمہ الاسلام علما و عملاً بکتاب اللہ وسنتہ رسولہ(وہ کتاب وسنت کے علم اور اس کے مطابق عمل کے لحاظ سے ائمہ اسلام میں سے تھے)ابن حجر کہتے ہیں۔من کبار ائمۃ الاسلام المعتمدین (وہ بڑے اور قابل اعتما دائمہ اسلام میں سے تھے) خطیب بغدادی کہتے ہیں احد ائمتہ العلماء یحکم بقولہ ویرجع الیٰ رایہ لمعرفتہ وفضلہ وقد جع من العلوم مالم یشارکہ فیہ احد من اھل عصرہ (وہ ائمہ علماء میں سے ہیں ان کے قول پر فیصلہ کیا جاتا ہے اور ان کی رائے کی طرف رجوع کیا جاتا ہے۔کیونکہ وہ اپنے علم وفضل کے لحاظ سے اس لائق ہیں۔علوم میں ان کی جامعیت ایسی تھی کہ ان کے ہم عصروں میں کوئی ان کا شریک نہ تھا)ابن الاثیر کہتے ہیں۔ابوجعفر اوثق من نقل التاریخ (ابوجعفر تاریخ نگاروں میں سب سے زیادہ بھروسے کے لائق ہیں) حدیث میں وہ خود محدث مانے جاتے ہیں۔فقہ میں خود ایک مستقل مجتہد تھے اور انکا مذہب اہل السنۃ کے مذاہب ہی میں شمار ہوتا ہے۔تاریخ میں کون ہے جس نے ان پر اعتماد نہیں کیا ہے خصوصیت کے ساتھ دور فتنہ کی تاریخ کے معاملہ میں تو محققین انھی کی آرا پر زیادہ تر بھروسہ کرتے ہیں۔ابن الاثیر اپنی تاریخ الکامل کے مقدمہ میں لکھتے ہیں کہ ''اصحاب رسولؐ اللہ کے مشاجرات کے معاملہ میں میں نے ابن جریر طبری پر ہی دوسرے تمام مورخین کی بہ نسبت زیادہ اعتماد کیا ہے کیونکہ ہوالامام المتقین حقاً الجامع علماً وصحتہ اعتقاد وصدقا''۔ابن کثیر بھی اس دور کی تاریخ میں انھی کی طرف رجوع کرتے ہیں اور لکھتے ہیں کہ میں نے شیعی روایات سے بچتے ہوئے زیادہ تر ابن جریر پر اعتماد کیا ہے''فانہ من ائمتہ ھذا الشان'' ابن خلدون بھی جنگ جمل کے واقعات بیان کرنے کے بعد آخر میں لکھتے ہیں کہ میں نے واقعات کا یہ ملخص دوسرے مورخین کو چھوڑ کر طبری کی تاریخ سے کیا ہے۔کیونکہ وہ زیادہ قابل اعتماد ہے اور ان خرابیوں

سے پاک ہے جو ابن قیتبہ اور دوسرے مورخین کی کتابوں میں پائی جاتی ہیں۔ ابن خلدون کے الفاظ یہ ہیں۔ اعتمد ناہ للو ثوق به وللسلامته من الاهواء الموجودته فی کتب ابن قیتنبه وغیرهو من المورخین بعض فقہی مسائل اور حدیث غدیر خم کے معاملہ میں شیعہ مسلک سے اتفاق کی بنا پر بعض لوگوں نے خواہ مخواہ انھیں شیعہ قرار دے ڈالا اور ایک بزرگ نے تو ان کو امام من ائمہ الاھمی ہ تک قرار دے دیا۔ حالانکہ ائمہ اہل السنۃ میں کون ہے جس کو کوئی قول بھی کسی فقہی مسلے یا کسی حدیث کی تصحیح کے معاملہ میں شیعوں سے نہ ملتا ہو۔ امام ابن تیمیہ کے متعلق تو سب جانتے ہیں کہ جس شخص میں شیعیت کی بو بھی ہو وہ اس کو معاف نہیں کرتے ۔مگر محمد بن جریر طبری کی تفسیر کے متعلق وہ اپنے فتاویٰ میں کہتے ہیں کہ تمام متداول تفاسیر میں ان کی تفسیر صحیح ترین ہے۔ولیس فیه بدعته دراصل سب سے پہلے حنابلہ نے ان پر رفض کا الزام اس غصے کی بنا پر لگایا تھا کہ وہ امام احمد بن حنبل کو صرف محدث مانتے تھے فقیہ نہیں مانتے تھے۔ اسی وجہ سے حنبلی ان کی زندگی ہی میں ان کے دشمن ہو گئے تھے۔ ان کے پاس جانے سے لوگوں کو روکتے تھے اور ان کی وفات کے بعد انھوں نے مقابر مسلمین میں ان کو دفن تک نہ ہونے دیا۔ حتیٰ کہ وہ اپنے گھر پر دفن کیے گئے اسی زیادتی پر امام ابن خزیمہ کہتے ہیں کہ "لقد ظلمته الحنابلته اس کے بعد ان کی بدنامی کا ایک سبب یہ بھی ہوا۔ انھی کے ہم عصروں میں ایک اور شخص محمد بن جریر الطبری کے نام سے معروف تھا اور شیعہ تھا لیکن کوئی شخص جس نے کبھی آنکھیں کھول کر خود تفسیر ابن جریر اور تاریخ طبری کو پڑھا ہے اس غلط فہمی کا شکار نہیں ہو سکتا کہ ان کا مصنف شیعہ تھا یا یہ دونوں کتابیں اس شیعی محمد بن جریر الطبری کی لکھی ہوئی ہیں۔

ماخوذ از خلافت وملوکیت مولانا مودودی

صفحہ 312

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

باب 1

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا شجرہ نسب

رسول اللہ صلعم کا اسم گرامی محمدؐ ہے اور آپ جناب عبداللہ بن عبدالمطلبؑ کے بیٹے ہیں۔ یہ عبداللہ رسول اللہؐ کے والد اپنے باپ کے سب سے چھوٹے بیٹے تھے۔ یہ عبداللہ، زبیر اور عبدامناف (یعنی جناب ابوطالبؑ) جناب عبدالمطلبؑ کے بیٹے ایک ماں سے تھے ان کی ماں فاطمہ بنت عمرو بن عائذ بن عمران بن مخزوم تھیں۔

عبدالمطلبؑ کی نذر

ایک عورت نے یہ زندگی کہ اگر میں یہ کام کروں تو میں کعبہ کے پاس اپنے بیٹے کی قربانی کروں گی۔ اس کام کو وہ کر گزری تو مدینہ آئی تا کہ اپنی نذر کے متعلق شرعی حکم معلوم کرے پہلے وہ عبداللہ بن عمر کے پاس آئی۔ اس نے اس عورت سے کہا کہ نذر کے متعلق مجھے اللہ کا صرف یہی حکم معلوم ہے کہ اس کو پورا کیا جائے۔ اس عورت نے کہا تو کیا میں اپنے بیٹے کی قربانی کر دوں۔ ابن عمر نے صرف یہ جواب دیا کہ اللہ نے اس بات کی ممانعت کی ہے کہ تم اپنی جانوں کو قتل کرو وہ اس جواب سے تشفی نہ پا کر وہ عبداللہ بن عباس کے پاس آئی اور ان سے فتویٰ پوچھا۔ انھوں نے کہا ایک طرف اللہ نے حکم دیا ہے کہ تم اپنی نذر کو پورا کرو اور قتل نفس کی ممانعت کی ہے۔ البتہ عبدالمطلب بن ہاشم نے نذر مانی تھی کہ جب ان کے دس لڑکے ہو جائیں گے تو وہ ان میں سے ایک کو قربان کر دیں گے۔ چنانچہ جب یہ تعداد پوری ہوگئی تو انھوں نے قرعہ اندازی کی، اور قرعہ جناب عبداللہؑ بن عبدالمطلب کے نام نکلا۔ چونکہ عبدالمطلبؑ، عبداللہؑ کو دنیا میں سب سے زیادہ محبوب رکھتے تھے۔ انھوں نے کہا خداوندا عبداللہ کی قربانی قبول ہے یا سو اونٹ؟ یہ کہہ کر اب انھوں نے عبداللہ اور اونٹوں میں قرعہ اندازی کی تو اس مرتبہ قرعہ اونٹوں کے نام نکل آیا۔

جناب عبداللہ کا نکاح

ابن عباس کی روایت ہے کہ جب عبدالمطلبؑ کو لے کر ان کی شادی کرنے چلے تو وہ بنی خثعم کی ایک کاہنہ بنت مر کے پاس سے (جو اہل بتالہ کی ایک یہودی عورت تھی اور اس نے یہود کی بہت سی مذہبی کتابیں پڑھی تھیں) گزرے تو اس نے عبداللہ کے چہرے پر ایک خلوص نور دیکھا اور ان سے کہا کہ اے نوجوان! اگر تو اس وقت مجھ سے مباشرت کرتا ہے تو میں تجھے سو اونٹ دیتی ہوں۔

جناب عبداللہؑ نے فرمایا اما الحرام فالممات دونہ والحل لاحل فاستبنہ ،فکیف بالامر الذی تبغینہ ترجمہ حرام تو ہو نہیں سکتا اس سے تو موت بہتر ہے اور حلال کی یہ شکل نہیں لہذا جو تم چاہتی ہو وہ بات کیسے ہو؟ اس کے بعد آپ نے فرمایا، میں تو اس وقت اپنے باپ کے ساتھ ہوں اور کسی طرح ان کا ساتھ نہیں چھوڑ سکتا۔ عبدالمطلبؑ انھیں اپنے ساتھ لیے ہوئے چلے گئے اور انھوں نے آمنہ بنت وہب بن عبدالمناف بن زہرہ سے جناب عبداللہ کی شادی کردی تین دن حضرت عبداللہؑ جنابہ آمنہ کے پاس رہے پھر پلٹے اور اب پھر اس خشعمیہ عورت کے پاس سے گذرے جس نے ان سے مباشرت کی کواہش کی تھی اور کہا کیا اب بھی اس بات کی خواہاں ہو تو اس نے کہا اے جوانمرد! میں کوئی بدکار عورت نہیں ہوں میں نے تو آپ کے چہرے میں ایک نور دیکھا تھا میری خواہش تھی کہ وہ نور مجھ میں آجائے مگر اللہ کو یہ بات منظور نہ تھی کہ یہ سعادت مجھے نصیب ہو اس نے جہاں مناسب سمجھا اسے ودیعت کردیا یہ بتاؤ کہ آپ نے یہاں سے جاکر کیا کیا تھا۔ جناب عبداللہؑ نے فرمایا کہ میرے باپ نے میری شادی آمنہ بنت وہب سے کردی ہے اور میں تین دن تک اس کے ساتھ مقیم رہا ہوں اس پر اس عورت نے چند اشعار اس سلسلہ میں کہے۔

جناب عبداللہ کا انتقال

زہری کہتے ہیں کہ عبداللہ بن عبدالمطلبؑ تمام قریش میں سب سے زیادہ حسین تھے۔ کسی نے آمنہ بنت وہب سے ان کے حسن و جمال کی تعریف کی اور یہ بھی کہا کہ اگر جی چاہے تو ان سے شادی کرلو(گذشتہ بیان کے مطابق) آمنہ نے جناب عبداللہ سے شادی کرلی۔ عبداللہؑ ان سے مباشرت کی اور رسول اللہ صلعم ان کے بطن میں بشکل حمل مستقر ہوئے۔

واقدی کہتے ہیں کہ ہم تمام ارباب سے اس بات پر متفق ہیں کہ عبداللہ بن عبدالمطلبؑ قریش کے ایک قافلہ کے ساتھ شام سے مدینہ آئے چونکہ وہ بیمار تھے اس لیے مدینہ میں ٹھہر گئے اور اسی قیام کے زمانہ میں ان کا انتقال ہوگیا اور ان کا نابغہ یا تابعہ کے گھر کے اس چھوٹے کمرے میں (کہ اگر آپ اس میں اپنی بائیں طرف سے داخل ہوں تو ملتا ہے) دفن ہوئے۔ اس خبر کے متعلق ہمارے ارباب سیر میں کوئی اختلاف نہیں۔

عبدالمطلبؑ بن ہاشم

عبدالمطلبؑ کا نام شیبہ تھا اس کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ ان کے سر میں سفید بال تھے روایت ہے کہ ہاشم بن عبدمناف نے بنوعدی بن بخار کی ایک شریف زادی سے جس کی اپنے منگیتروں سے یہ شرف تھی کہ وہ اپنے میکے ہی میں رہے گی شادی کی اور اس کے بطن سے شیبۃ الحمد ہاشم کا لڑکا پیدا ہوا اس کی اپنے ننھیال میں عزت ومحبت سے پرورش ہوئی ایک مرتبہ وہ انصار کے نوجوانوں کے ساتھ تیراندازی کی مشق کررہا تھا جب اس کا تیر نشانہ پر لگ جاتا

تو وہ اظہارِ فخر میں کہتا میں ہاشم کا بیٹا ہوں ایک راہگیر نے اس کی یہ بات سن پائی تو اس نے مکہ آ کر اس کے چچا مطلبؑ بن عبدمناف سے کہا میں مدینہ میں بنوقیلہ کے احاطہ سے گذر رہا تھا میں نے وہاں اس شکل وصورت کا ایک نوعمر لڑکا دیکھا جو دوسرے اپنے ہم عمروں سے نشانہ بازی کر رہا تھا اور وہ اپنے کو آپ کے بھائی کا بیٹا کہتا تھا آپ کے لیے یہ بات زیبا نہیں کہ آپ اس جیسے لڑکے کو اس غربت ومسافرت میں رہنے دیں۔

عبدالمطلبؑ کی وجہ تسمیہ

مطلبؑ مکہ سے چل کر مدینہ آئے انھوں نے اپنی سواری پر سارے شہر کا چکر لگایا کسی نے ان کو شیبہ کی ماں کا پتہ بتایا۔ مطلبؑ نے جب تک شیبہ کے لیے اجازت نہ لے لی اس کی ماں کا پیچھا نہ چھوڑا اس کی اجازت سے پھر وہ اسے لے کر مکہ روانہ ہوئے، چونکہ مطلبؑ نے اسے اپنے پیچھے بٹھا رکھا تھا اس لیے ان کا جو ملاقاتی راستہ میں ان کو ملا اور اس نے اس لڑکے کے متعلق پوچھا کہ یہ کون ہے مطلبؑ نے کہا کہ یہی میرا غلام ہے اسی لیے شیبہ کا نام عبدالمطلبؑ ہو گیا۔

ہاشم بن عبدمناف

ہاشم کا نام عمرو تھا۔ ہاشم اس لیے مشہور ہو گیا کہ مکہ میں سب سے پہلے انھوں نے روٹیوں کو شوربے میں توڑ کر اپنی قوم کو کھلایا تھا۔ ان کی قوم قریش قحط اور افلاس کی سخت مصیبت میں مبتلا ہو گئی تھی۔ آپ فلسطین گئے اور وہاں سے بہت سا آٹا لے کر مکہ آئے اس کی روٹیاں پکوائیں اور بہت سے جانور ذبح کر کے اس کا قورمہ تیار کیا اور روٹیوں کو اس میں توڑ کر انھوں نے اپنی قوم کی دعوت کی۔ ہاشم پہلے شخص ہیں جنھوں نے قریش کے لیے سال میں دو سفر جاڑے اور گرمی کے مقرر کیے۔

ہاشم اور عبدشمس

بیان کیا گیا ہے کہ ہاشم اور عبدشمس جڑواں پیدا ہوئے تھے جو پہلے پیدا ہوا تھا اس کی ایک انگلی دوسرے کی پیشانی سے چمٹی ہوئی تھی۔ اس لیے اس کو کاٹ کر دونوں کو علیحدہ کیا گیا اس قطع کرنے سے خون بہا تو اس پر یہ شگون لیا گیا کہ ان کے درمیان خونریزی ہوتی رہے گی اپنے باپ عبدمناف کے بعد ہاشم کعبہ کے متولی ہوئے اور حاجیوں کے لیے پانی اور قیام کا انتظام ان سے متعلق ہوا۔

ہاشم اور امیہ میں منافرت

جب ہاشم نے اپنی قوم کی دعوت کی تو اس پر امیہ بن عبدشمس بن عبدمناف کے دل میں ان کی طرف

سے حسد پیدا ہوا۔ یہ بھی دولت مند تھا۔ اس نے اگرچہ بڑے اہتمام سے اپنی قوم کی ویسی ہی دعوت کی مگر وہ بات نہ بنی جو ہاشم سے بن آئی تھی۔ قریش کے بعض لوگوں نے اس کا مذاق اڑایا جس سے وہ سخت برہم ہوا اور ہاشم کا دشمن ہو گیا۔ اور مطلا بہ کیا کہ اس کے متعلق پنچایت سے فیصلہ لیا جائے ہاشم نے اپنی بزرگی اور عزت کی وجہ سے اس بات کو برا سمجھا مگر قریش نے ان کا پیچھا نہ چھوڑا اور انھیں جوش دلا کر اس بات پر آمادہ کر لیا تو ہاشم نے کہا کہ میں اس شرط پر اس معاملہ کو پنچایت کے سپرد کرتا ہوں کہ تما کو سیاہ گردن والی پچاس اونٹنیاں مکہ کی تلہٹی میں ذبح کرنا پڑیں گی اور دس سال کے لیے مکہ سے ترک سکونت کرنا پڑے گی۔ امیہ نے یہ شرط مان لی اور اب دونوں نے کاہن خزاعی کو اپنے درمیان حکم بنایا۔ اس نے ہاشم کے حق میں فیصلہ کیا۔ ہاشم نے امیہ سے اونٹنیاں لے کر ان کو ذبح کیا اور حاضرین کی اس سے دعوت کی امیہ شام چلا گیا اور دس سال وہاں رہا۔ ہاشم اور امیہ کے درمیان عداوت کا یہ پہلا واقعہ تھا۔

باب 2

حضرت رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

پرورش

واقعہ فیل کے آٹھ سال بعد جناب عبدالمطلبؑ فوت ہو گئے چونکہ ابوطالبؑ اور رسول اللہؐ کے والد عبداللہ حقیقی بھائی تھے اس لیے عبدالمطلبؑ نے اپنے بعد رسول اللہ کی پرورش اور ولایت ابوطالبؑ کے سپرد کی تھی اور حسن سلوک کی انھیں وصیت کی تھی چنانچہ ان کے بعد ابوطالبؑ رسول اللہؐ کے ولی تھے۔ آپؑ انھیں کے پاس اور ساتھ رہتے تھے۔ ایک مرتبہ ابوطالبؑ قریش کے قافلہ کے ساتھ تجارت کے لیے شام جانے لگے جب قافلہ کی روانگی کا وقت آیا اور وہ جانے کے لیے تیار ہو گئے تو رسول اللہؐ ان سے لپٹ گئے۔ ابوطالبؑ کو رسول اللہؐ پر رحم آیا اور انھوں نے کہا۔ خدا کی قسم! میں انھیں بھی اپنے ساتھ لے جاؤنگا اور اب آیندہ کبھی ان کو اپنے سے علیحدہ نہ رکھونگا۔

بحیرا راہب

چنانچہ وہ رسول اللہؐ کو ساتھ لے کر قافلہ میں روانہ ہو گئے۔ یہ قافلہ شام کے علاقہ میں بصریٰ کے مقام پر فروکش ہوا۔ یہاں بحیرا نامی ایک راہب اپنی خانقاہ میں رہا کرتا تھا۔ یہ نصرانیوں کا بہت بڑا عالم تھا۔ ہمیشہ سے اس خانقاہ میں جو راہب ہوتا تھا اسے وراثتاً علم کتابی ملتا رہتا۔ جب یہ قریش کا قافلہ اس سال اس کے ہاں فروکش ہوا۔ بحیرا نے ان کے لیے بہت سا کھانا پکوایا اور یہ اس لیے کہ اس نے اپنے صومعہ سے رسول اللہ کو دیکھا تھا کہ بادل کا ایک ٹکڑا عام لوگوں کو چھوڑ کر صرف آپ پر سایہ فگن چلا آتا ہے جب یہ قافلہ اس کے قریب آ کر ایک درخت کے سایہ میں اترا۔ اس نے اس بدلی کو دیکھا کہ اس نے درخت کی شاخوں کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر سایہ ڈالنے کے لیے جھکا دیا ہے اور اب وہ پورے سایہ کے نیچے فروکش ہیں۔ یہ دیکھ کر بحیرا اپنی خانقاہ سے باہر آیا اور اسب کو اس نے اپنے ہاں دعوت دی۔ رسول اللہؐ پر نظر پڑتے ہی اس نے آپؐ کو غور سے دیکھنا شروع کیا اور ان نشانیوں کی مطابقت کرنے کے لیے جو اس کو پہلے سے معلوم تھیں۔ وہ آپؐ کے جسم کو بغور دیکھنے لگا۔ جب تمام قافلہ کھانے سے فارغ ہو کر چلا گیا۔ اس نے رسول اللہ سے ان کی حالت بیداری اور خواب کی کیفیت دریافت کی آپؐ نے اسے بتانا شروع کیا یہ باتیں ان صفات کے عین مطابق تھیں جو اسے پہلے سے معلوم تھیں اس کے بعد اس نے آپؐ کی پشت مبارک دیکھی تو دونوں شانوں کے درمیان اسے مہر نبوت نظر آئی اس نے ابوطالبؑ سے کہا۔ یہ لڑکا آپؑ کا

نہیں معلوم ہوتا انھوں نے کہا یہ میرا بیٹا ہے۔ بحیرا نے کہا یہ ہرگز آپؑ کا بیٹا نہیں ہے اور اس بچہ کا باپ تو اس وقت زندہ بھی نہیں ہونا چاہیے۔ ابوطالبؑ نے کہا یہ میرا بھتیجا ہے۔ بحیرا نے کہا۔ اس کا باپ کیا ہوا؟ ابوطالبؑ نے کہا ابھی یہ لڑکا بطن مادری میں تھا کہ اس کا انتقال ہوگیا۔ بحیرا نے کہا بالکل ٹھیک ہے۔ اچھا آپؑ اسے اپنے گھر لے جائیں اور یہودیوں سے اس کی حفاظت کریں اگر وہ اسے دیکھ پائیں گے اور وہ علامات جن کو میں نے شناخت کرلیا ہے انھوں نے بھی شناخت کرلیں تو وہ ضرور اسے نقصان پہنچانے کی کوشش کریں گے یہ ایک عظیم انسان ہونے والا ہے آپؑ فوراً اسے اس کے گھر لے جائیں۔ یہ سن کر ابوطالبؑ آپؐ کو لے کر فوراً روانہ ہوگئے اور آپؐ کو مکہ لے آئے۔ ہشام بن محمد کا کہنا ہے کہ جب ابوطالبؑ رسولؐ اللہ کو لے کر بصریٰ علاقہ شام آئے تھے تو اس وقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا سن شریف نو سال کا تھا۔

بحیرا راہب کی پیشین گوئی

ابوموسیٰ سے روایت ہے کہ ابوطالبؑ شام روانہ ہوئے۔ رسول اللہؐ قریش کے اور شیوخ کے ہمراہ ان کے ساتھ ہوئے جب ان کو وہ راہب نظر آیا یہ اتر پڑے اور انھوں نے اپنے کجاوے کھول دیے۔ اس مرتبہ وہ راہب ان کے پاس آیا حالانکہ اس سے پہلے وہ اس کے پاس سے گزرتے تھے۔ وہ نہ کبھی ان کے پاس آتا تھا اور نہ التفات کرتا تھا یہ اپنے کجاوے کھول رہے تھے کہ وہ راہب ان میں آکر مل گیا اور لوگوں کو دیکھنے لگا۔ یہاں تک کہ اس نے رسول اللہ کا ہاتھ پکڑ لیا اور کہنے لگا یہ تمام عالم کا سردار ہے یہ رب العالمین کا رسول ہے۔ اسے اللہ تعالیٰ رحمۃً للعالمین کے مبعوث کرنے والا ہے۔ قریش کے شیوخ نے اس سے پوچھا تم کو یہ بات کیسے معلوم ہوئی؟ اس نے کہا جب سے تم گھاٹی سے برآمد ہوئے کوئی درخت یا پتھر ایسا نہ تھا جو سجدے میں نہ گر پڑا ہو اور جمادات ونباتات صرف نبی کے سامنے ہی سجدہ کرتے ہیں دوسرے میں اس مہر نبوت سے بھی جو سیب کے برابر ان کے شانے جوڑ کے نیچے واقع ہے اس کی بات کو جانتا ہوں۔

رومی وفد اور بحیرا

راہب اپنی خانقاہ سے آیا یہاں آکر اس نے ان کے لیے کھانا پکوایا اور اسے ان کے پاس لے کر آیا۔ اس وقت رسول اللہؐ اونٹ چرا رہے تھے۔ راہب نے قریش سے کہا کہ اسے بلواؤ۔ جب آپؐ آرہے تھے اس وقت بھی ایک بدلی آپؐ پر سایہ فگن تھی۔ راہب نے کہا دیکھو بدلی اس پر سایہ کررہی ہے۔ جب آپؐ اپنی جماعت کے پاس آئے آپؐ نے دیکھا کہ درخت کا تمام سایہ قریش نے اپنے قبضہ میں کرلیا ہے مگر جب آپؐ بیٹھے تو درخت کا سایہ بڑھ کر آپؐ پر بھی آگیا۔ راہب نے کہا دیکھ لو۔ درخت کا سایہ بھی آپؐ پر جھک پڑا ہے۔ راہب اب تک کھڑے کھڑے ان کو اللہ کا واسطہ دے کر سمجھا رہا تھا کہ تم اس بچہ کو روم نہ لے جاؤ کیونکہ اگر وہ اسے دیکھ پائیں

گے تو شناخت کر لیں گے اور انہیں قتل کر دیں گے یہ کہہ کر اس نے مڑ کر دیکھا تو وہاں سات آدمی روم کے فرستادے موجود تھے۔ راہب نے خود ہی سبقت کر کے ان سے پوچھا تم کیوں آئے ہو؟ انھوں نے کہا ہم اس لیے آئے ہیں کہ ایک نبی اس ماہ میں خروج کرنے والا ہے ہر راستے کے ناکے پر پہرے متعین کر دیے گئے ہیں اور ہم کو اچھا سمجھ کر آپ کی اس سمت بھیجا گیا ہے۔ راہب نے کہا کیا جن لوگوں کو تم پیچھے چھوڑ آئے ہو ان میں سے کوئی تم سے بہتر رہ گیا ہے انھوں نے کہا نہیں ہمیں سب سے بہتر سمجھ کر ہی آپ کے اس راستہ پر بھیجا گیا ہے اس نے کہا اچھا تم اس بات سے واقف ہو کہ اگر اللہ کسی کام کے کرنے کا ارادہ کر لے تو کسی میں یہ مجال ہے کہ اسے نہ ہونے دے۔ انھوں نے کہا کہ ہرگز نہیں اب وہ لوگ اس راہب کے تابع ہو گئے اور اسی کے پاس ٹھہر گئے۔

تجارت

ابن اسحاق سے مروی ہے کہ خدیجہ بنت خویلد بن اس نہایت شریف مالدار تاجر بی بی تھیں دوسرے لوگ ان کے مال کی تجارت کرتے تھے اور وہ منافع میں سے کچھ ان کو دیا کرتی تھیں۔ قریش تاجر قوم تھی جب جنابہ خدیجہ کو رسول اللہؐ کی راست گفتاری امانت اور نیک کرداری کا علم ہوا انھوں نے آپؐ کو بلوا بھیجا اور درخواست کی کہ آپؐ میرا مال تجارت لے کر شام جائیں میں اب تک دوسرے تاجروں کو منافع میں سے جس قدر حصہ دیا کرتی تھی اس سے بہت زیادہ آپؐ کو دوں گی اور اپنے غلام میسرہ کو بھی ساتھ روانہ کر دوں گی آپؐ نے یہ تجویز منظور کر لی اور ان کا مال لے کر روانہ ہوئے حضرت خدیجہؑ کا غلام میسرہ بھی ساتھ ہو گیا دونوں شام آئے اور ایک راہب کی خانقاہ کے نزدیک ایک درخت کے سایہ میں فروکش ہوئے۔ اس راہب نے سر اٹھا کر میسرہ کو دیکھا اور پوچھا کہ یہ شخص جو درخت کے نیچے اترا ہوا ہے کون ہے؟ اس نے کہا کہ یہ اہل حرم کا ایک قریشی ہے۔ راہب نے کہا اس درخت کے نیچے سوائے اللہ کے نبی کے اور کوئی شخص آج تک فروکش نہیں ہوا۔ رسول اللہ جو مال لاد کر لائے تھے یہاں ہی بیچ دیا اور جو خریدنا تھا خرید لیا اور واپس مکہ پلٹ آئے جبکہ میسرہ بھی آپؐ کے ہمراہ تھا۔ ارباب سیئر بیان کرتے ہیں کہ دوپہر اور سخت گرمی کے وقت میسرہ دیکھتا تھا کہ آپ اونٹ پر ہوتے تھے اور دو فرشتے آ کر آپؐ کو تمازتِ آفتاب سے بچانے کے لیے سایہ کر لیتے ہیں آپؐ خدیجہؑ کے پاس مکہ آئے انھوں نے وہ مال جو آپؐ شام سے لائے تھے بیچا تو اس سے انھیں دو چند یا دو چند کے قریب نفع ہوا۔

حضرت خدیجہؑ سے رسول اللہ کی شادی

میسرہ نے حضرت خدیجہؑ سے راہب کا قول اور آپؐ پر فرشتوں کا سایہ کرنا جو دیکھا تھا بیان کیا جناب خدیجہؑ ایک تجربہ کار ہوش مند اور شریف خاتون تھیں نیز اللہ نے ان کی قسمت میں ایک اور کرامت اور سعادت بھی مقدر کی تھی۔ یہ سن کر انھوں نے رسول اللہؐ کو بلوا بھیجا اور ان سے کہا۔

''اے میرے ابن عم! میں آپؐ کی قرابت، شرافت، نسب، امانت، حسن اخلاق اور راست بازی کی وجہ سے آپؐ کی گرویدہ ہوں میں آپؐ سے شادی کرنا چاہتی ہوں۔''

جناب خدیجہؑ اس زمانہ میں قریش میں سب سے زیادہ نجیب شریف اور دولت مند خاتون تھیں ان کی تمام قوم کے اشخاص ان وجوہ کی بنا پر ان سے شادی کے متمنی تھے۔ جب انھوں نے رسول اللہ سے شادی کی خواہش ظاہر کی تو آپؐ نے اپنے چچاؤں سے اس کا ذکر کیا۔ حضرت حمزہ بن عبدالمطلبؑ آپ کے چچا آپ کے ہمراہ خویلد بن اس کے پاس گئے اور اسے شادی کا پیغام دیا۔ انھوں نے حضرت خدیجہؑ کی رسول اللہؐ سے شادی کر دی۔

واقدی کے بقول عبداللہ بن عباس کی روایت ہے کہ خدیجہؑ کی شادی ان کے چچا عمرو بن اسد نے رسول اللہؐ سے کی تھی اور ان کا باپ خویلد واقعہ فجار سے پہلے ہی فوت ہو گیا تھا۔

بعثت

ابن عباس سے مروی ہے کہ بعثت کے وقت رسول اللہؐ کی عمر چالیس سال تھی۔ انس بن مالک سے کئی سلسلوں سے مروی ہے کہ بعثت کے وقت آنحضرتؐ کی عمر چالیس سال کے لگ بھگ تھی۔ ابن عباس ہی سے مروی ہے چالیس سال کی عمر میں آپؐ کی بعثت ہوئی اور اس کے بعد تیرہ سال تک آپؐ نے مکہ میں قیام کیا۔

قرآن کا جزو اول

ہشام بن محمد سے مروی ہے کہ سب سے پہلے سیپچر اور اتوار کی رات جبرائیل رسول اللہؐ کے پاس آئے اس کے بعد پھر دوشنبہ کے دن وہ اللہ عزوجل کے پیام لے کر آپ کی خدمت میں آئے وضو اور نماز بتائی اور اقرا باسم ربک الذی خلق تعلیم کے اس دوشنبہ کو جب وحی آپؐ کے پاس آئی آپ پورے چالیس سال کے ہوئے تھے۔

پہلی مسلمان خاتون

جب اللہ عزوجل نے اپنے نبی محمدؐ کو حکم دیا کہ وہ اپنی قوم کو اپنے رب کے اس انکار کی وجہ سے جس میں وہ عرصہ سے مبتلا چلے آتے تھے اور اپنے خالق اور رازق کی عبادت چھوڑ کر دوسرے معبودوں اور بتوں کی پرستش کرتے تھے اللہ کے عذاب سے ڈرانے اور متنبہ کرنے کے لیے کھڑے ہوں اور اپنے رب کی نعمت کا اظہار و اعلان کریں۔ اللہ نے فرمایا۔ واما بنعمۃ ربک فحدث۔ یہاں نعمت سے مراد ابن اسحاق کے قول کے مطابق کرامت اور فضلیت نبوت ہے۔ فحدث کے معنی یہ ہیں کہ اس کو بیان کرو اور اس کی دعوت دو اس حکم کے مطابق اب آپ خفیہ طور پر صرف ان گھر والوں جن کے متعلق آپ کو اطمینان تھا اس احسان و انعام کا جو اللہ نے آپؐ پر اور آپؐ کے ذریعہ اپنے بندوں پر آپؐ کو نبوت دے کر کیا تھا ذکر کرنے لگے۔ اللہ کی مخلوق میں سے سب سے پہلے آپؐ کی

بیوی خدیجہؑ نے آپؐ کی تصدیق کی۔ وہ آپؐ پر ایمان لائیں اور آپؐ کے ساتھ ہوگئیں۔ واقدی کے بیان کے مطابق اس بات پر تمام ارباب سیر کا اتفاق ہے کہ سب سے پہلی مسلم خاتون جس نے رسول اللہ کی دعوت کو قبول کیا وہ جناب خدیجہ رحمۃ اللہ علیہا بنت خویلد تھیں۔

نماز

ابوجعفر کہتا ہے کہ اللہ کی واحدنیت کے اقرار اور بتوں، خماثیل اور جماثیل سے قطعی اظہار بے تعلقی کے بعد اللہ عزوجل نے قوانین اسلام میں سب سے پہلے نماز کو فرض کیا۔

معراج

انس بن مالک سے مروی ہے جس وقت رسول اللہؐ کو نبوت ملی (جب اعلان نبوت کر چکے) آپؐ کے پاس دو فرشتے جبرئیل و میکائیل آئے۔ آپؐ کعبہ کے گرد سویا کرتے تھے اور قریش بھی کعبہ کے گرد ہی سویا کرتے تھے انھوں نے کہا کہ ان میں سے کس کے متعلق حکم ہوا ہے پھر خود ہی دونوں نے کہا ہمیں ان کے سب سے زیادہ شریف کے متعلق حکم ہے اب وہ چلے گئے اور پھر قبلہ کی جانب سے آئے اب یہ تین تھے انھوں نے رسول اللہ کو سوتا ہوا پایا انھوں نے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پھر وہ آپ کو اس نچلے آسمان پر لے کر چڑھ گئے۔ جبرئیل نے دروازہ کھلوایا اہل آسمان نے پوچھا کون ہے؟ انھوں نے کہا جبرئیل۔ پھر آسمان والوں نے پوچھا آپ کے ساتھ کون ہیں؟ انھوں نے کہا محمدؐ۔ اہل آسمان نے پوچھا کیا وہ مبعوث ہو چکے جبرئیل نے کہا ہاں۔ تب اہل آسمان نے ان کو خوش آمدید کہا اپنے ساتھ ان کے لیے بھی دعا کی۔

انبیاء کرام سے ملاقات

جب آپؐ آسمان میں داخل ہوئے وہاں آپؐ کو ایک بڑے بارعب اور تنومند شخص نظر آئے آپؐ نے جبرئیل سے پوچھا یہ کون ہیں؟ انہوں نے کہا یہ آپؐ نے دادا آمؑ ہیں اس کے بعد آپؐ کو دوسرے آسمان پر لائے جبرائیل نے دروازہ کھلوایا یہاں بھی ان سے وہی سوالات کیے گئے جو پہلے آسمان پر ہو چکے تھے۔ جبرئیلؑ نے بھی اسی طرح کے جوابات دیئے (یہ سوال و جواب تمام آسمانوں پر ہوتے چلے گئے) جب آپؐ دوسرے آسمان میں داخل ہوئے یہاں آپؐ کی دو شخصیتوں سے ملاقات ہوئی۔ آپؐ نے جبرئیل سے پوچھا یہ کون ہیں؟ انھوں نے کہا یہ یحییٰ اور عیسیٰؑ ہیں آپؐ کے ننھیال کے بھائی ہیں۔

یہاں سے آپؐ تیسرے آسمان پر تشریف لے گئے وہاں داخل ہوتے ہی ایک شخصیت سے ملاقات ہوئی آپ نے جبرئیل سے پوچھا کون ہیں انہوں نے کہا یہ آپ کے بھائی یوسف ہیں جن اللہ نے حسن میں تمام لوگوں

پر اسی طرح فضیلت دی ہے جس طرح کہ ماہ کامل کو دوسرے ستاروں پر فوقیت ہے اب آپؐ چوتھے آسمان پر آئے یہاں ایک شخص سے ملاقات ہوئی آپؐ نے جبرئیل سے پوچھا یہ کون ہیں انہوں نے کہا یہ ادریس ہیں اور پھر جبرئیل یہ آیت تلاوت کی ''ورفعناہ مکاناً علیاً اور ہم نے اس کو (ادریس کو) بلند مکان پر پہنچایا۔ یہاں سے آپؐ پانچویں آسمان پر تشریف لائے ایک ہستی سے ملاقات ہوئی۔ آپ نے جبرئیلؑ سے پوچھا یہ کون ہیں؟ انھوں نے کہا ہارونؑ۔ آپؐ چھٹے آسمان پر آئے یہاں ایک برگزیدہ ہستی سے ملے۔ آپؐ نے جبرئیلؑ سے پوچھا یہ کون ہی؟ انھوں نے کہا یہ آپؐ کے باپ ابراہیمؑ ہیں۔

سدرۃُ المنتہیٰ

اس کے بعد آپؐ جنت میں تشریف لے گئے وہاں ایک ایسی نہر ملی جس کا پانی دودھ سے زیادہ سفید اور شہد سے زیادہ شیریں تھا اس کے دونوں طرف موتیوں کے محل تھے آپؐ نے حضرت جبرئیلؑ سے پوچھا یہ کیا ہے؟ انھوں نے کہا یہی وہ کوثر ہے جو اللہ نے آپؐ کو عطا فرمایا ہے اور یہ محل آپؐ کی قیام گاہ ہیں۔ جبرئیل نے وہاں سے مٹھی بھر مٹی اٹھا کر آپؐ کو دکھائی جس میں سے خالص مشک کی خوشبو آ رہی تھی۔ یہاں سے وہ سدرۃ المنتہیٰ چلے یہ گلاب بیری ہے جس کا بڑا پھل بڑے ڈول کے برابر ہوتا ہے اور جس کا سب سے چھوٹا دانہ انڈے کے برابر ہوتا ہے یہاں اللہ عزوجل سے آپ کو قرب نصیب ہوا اور میں دو کمان یا اس سے بھی کم فاصلہ رہا گیا: اللہ تبارک وتعالیٰ سے اس قدر قرب کی وجہ سے سدرۃ المنتہیٰ پر رنگا رنگ کے درشہوار یاقوت زبرجد اور موتیوں کی بارش ہونے لگی۔ یہاں اللہ نے اپنے رسولؐ سے باتیں کیں تفہیم کی تعلیم دی الخ

انس کہتے ہیں کہ ایسی خوش گوار خوش بو جیسی کہ رسول اللہ ﷺ کی جلد سے آتی تھی میں نے کبھی نہیں سونگھی۔

پہلے مسلمان مرد

بعض راوی کہتے ہیں کہ مردوں میں علی بن ابی طالبؑ سب سے پہلے رسول اللہ کی تصدیق کر کے ان پر ایمان لائے اور ان کے ساتھ نماز پڑھی۔ ابن عباس سے مروی ہے کہ سب سے پہلے علیؑ نے نماز پڑھی۔ جابر کہتے ہیں کہ دوشنبہ کے دن رسول اللہ کے ہاتھ پر سب سے پہلے علیؑ اسلام لائے۔ زید بن ارقم سے دوسرے سلسلہ سے روایت ہے کہ سب سے پہلے علی بن ابی طالبؑ رسول اللہ کے ہمراہ اسلام لائے۔ اسی راوی سے دوسری روایت ہے کہ سب سے پہلے علیؑ نے رسول اللہؐ کے ساتھ نماز پڑھی۔

عباد اللہ بن عبداللہ سے مروی ہے کہ میں نے خود علیؑ کو بیان کرتے سنا میں اللہ کا بندہ ہوں۔ اس کے رسولؐ کا

بھائی ہوں اور صدیق الاکبر ہوں میرے علاوہ جو اس قسم کا دعویٰ کرے وہ جھوٹا اور مفتری ہے اور میں نے ہی دوسرے لوگوں سے سات سال قبل رسول اللہ کے ساتھ نماز پڑھی ہے۔

عفیف کی روایت

عفیف سے مروی ہے کہ زمانہ جاہلیت میں ایک مرتبہ میں مکہ آیا اور عباس بن عبدالمطلب کے ہاں مہمان ہوا جب آفتاب طلوع ہو کر آسمان پر پھیل گیا تو میں کعبہ کی طرف دیکھ رہا تھا کہ ایک جوان وہاں آیا اس نے آسمان کی طرف دیکھا پھر کعبہ کی سمت بڑھ کے اس کے سامنے کھڑا ہو گیا۔ فوراً ہی ایک لڑکا اس کی داہنی سمت آ کر اسی طرح کھڑا ہو گیا اس کے بعد ہی ایک عورت آ کر ان دونوں کے پیچھے کھڑی ہو گی اس جوان نے رکوع کیا تو اس کے ساتھ لڑکے اور عورت نے بھی رکوع کیا جوان سے سر اٹھایا تو ان دونوں نے بھی سر اٹھایا پھر وہ سجدہ میں گیا وہ دونوں بھی سجدے میں چلے گئے۔ میں عباس سے کہا کہ یہ تو بڑی اہم بات ہے کہ ایسا ہو رہا ہے انہوں نے کہا بے شک! جانتے ہو یہ کون ہے؟ میں نے کہا ''نہیں'' تو انہوں نے کہا یہ محمدؐ بن عبداللہ بن عبدالمطلبؑ میرا بھتیجا ہے۔ جانتے ہو اس کے ساتھ کون ہے؟ میں نے کہا میں نہیں جانتا۔ انہوں نے کہا یہ علی بن ابی طالبؑ بن عبدالمطلب میرا بھتیجا ہے اور اس عورت کو جانتے ہو جو ان دونوں کو پیچھے کھڑی ہے۔ میں نے کہا کہ نہیں۔ انھوں نے کہا یہ خدیجہؑ بنت خویلد میرے بھتیجے کی بیوی ہے اور اس نے مجھ سے یہ کہا ہے کہ تمھارا رب وہ ہے جو آسمان کا رب ہے اور جو کچھ انھیں کرتے ہوئے دیکھ رہے ہو ان کو اسی نے حکم دیا ہے اور خدا کی قسم میں نہیں جانتا کو تمام روئے زمین پر اس مسلک پر ان تینوں کے علاوہ اور بھی کوئی ہے۔

یہی راوی دوسرے سلسلہ سے بیان کرتا ہے کہ میں تجارت کرتا تھا حج کے موسم میں مکہ آیا اور عباس کے ہاں ٹھہرا ہم ان کے پاس تھے کہ ایک شخص نماز کیلئے برآمد ہوا وہ کعبہ کے سامنے کھڑا ہوا اس کے بعد ایک عورت آئی اور اس کے ساتھ کھڑی ہو کر نماز پڑھنے لگی پھر ایک لڑکا آیا اور وہ بھی کھڑا ہو کر اس کے ساتھ نماز پڑھنے لگا۔ میں نے عباس سے کہا ''یہ کیا مذہب ہے؟ میں تو اس سے ناواقف ہوں'' انھوںؓ نے کہا یہ محمدؐ بن عبداللہ ہے یہ مدعی ہے کہ اللہ نے اس مذہب کے ساتھ اسے دنیا میں بھیجا ہے اور عنقریب کسریٰ اور قیصر کے خزانے اس پر وا ہو جائیں گے یہ عورت اس کی بیوی خدیجہؑ بنت خویلد ہے جو اس پر ایمان لے آئی ہے اور یہ لڑکا اس کا چچازاد بھائی علیؑ ابن ابی طالب ہے جو اس پر ایمان لایا ہے۔ راوی نے کہا کاش میں بھی اسی دن ایمان لے آیا ہوتا تو ایمان لانے والوں میں تیسرا ہوتا۔ یہی راوی دوسرے سلسلہ سے بیان کرتا ہے کہ عباس بن عبدالمطلب میرے دوست تھے یہ یمن سے عطر خرید کر لاتے اور موسم حج میں اسے بیچتے ہم ان کے پاس منیٰ میں تھے ایک شخص اطمینان کے ساتھ ان کے پاس آیا اس نے اچھی طرح وضو کیا اور نماز پڑھنے کھڑا ہو گیا ایک عورت آئی وہ بھی وضو کر کے اس کے ساتھ نماز

پڑھنے کھڑی ہوگئی پھر ایک لڑکا آیا جو قریب البلوغ تھا اور وضو کر کے اس کے پہلو میں نماز پڑھنے کھڑا ہو گیا میں نے عباس سے پوچھا یہ کیا ہو رہا ہے؟ انھوں نے کہا یہ میرا بھتیجا محمدؐ بن عبداللہ بن عبدالمطلب ہے یہ مدعی ہے کہ اللہ نے اسے رسول بنا کر بھیجا ہے۔ دوسرا میرا بھتیجا علیؑ بن ابی طالب ہے یہ اس کے دین میں اس کا پیرو ہو گیا ہے اور یہ عورت اس کی بیوی خدیجہؑ بنت خویلد ہے یہ بھی اس کی پیرو ہوگئی ہے۔ اس حدیث کے راوی عفیف نے اس کے بعد کہ وہ مسلمان ہو گیا تھا اور اسلام اس کے قلب میں راسخ ہو چکا تھا کہا کہ کاش میں چوتھا ہوتا۔

مردوں میں سب سے پہلے علیؑ بن ابی طالب رسول اللہؐ پر ایمان لائے ان کے ساتھ نماز پڑھی اور انکی اور ان کی رسالت کی تصدیق کی اس وقت ان کی عمر دس سال تھی۔ اس کے علاوہ اللہ کا ان پر یہ انعام بھی تھا کہ وہ اسلام سے پہلے بھی رسول اللہؐ کے آغوش تربیت میں تھے۔

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت علی علیہ السلام

بعض اہل علم نے بیان کیا ہے کہ ابتدا میں رسول اللہؐ کا یہ دستور تھا کہ جب نماز کا وقت آتا آپ اپنے چچا ابو طالبؑ دوسرے چچاؤں اور تمام قوم سے چھپ کر مکہ کی گھاٹیوں میں چلے جاتے علی بن ابی طالبؑ آپؐ کے ساتھ ہوتے وہاں وہ دونوں نماز پڑھتے اور شام کو پلٹ آتے، ایک عرصہ تک یہ دستور رہا پھر ایک مرتبہ اتفاقیہ طور پر ابوطالبؑ نے ان کو نماز پڑھتے دیکھ لیا انھوں نے رسول اللہؐ سے پوچھا ''اے میرے بھتیجے یہ کیا مذہب ہے کہ جس کا میں تمھیں عامل دیکھ رہا ہوں؟''۔ انھوں نے فرمایا چچا جان! یہ اللہ اس کے ملائکہ، انبیا اور ہمارے دادا ابراہیم کا مذہب ہے یا آپؐ نے فرمایا مجھے اللہ نے اپنے بندوں کے لیے رسول بنا کر بھیجا ہے آپؐ اس بات کے سب سے زیادہ حقدار ہیں کہ میں آپؐ کے ساتھ خیر خواہی کروں اور ہدایت کی طرف دعوت دوں اور آپؐ پر بھی میرا یہ حق ہے کہ آپ میری دعوت قبول کریں اور اس بارے میں میری اعانت کریں ابوطالبؑ نے کہا اے میرے بھتیجے یہ تو مجھ سے ممکن نہیں کہ اپنے اور اپنے آبائی مذہب اور طریقہ کو ترک کر دوں ہاں البتہ اس کا وعدہ کرتا ہوں کہ جب تک میں زندہ ہوں تم کو کوئی گزند نہ پہنچنے دوں گا اس سلسلہ میں یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ ابوطالبؑ نے اپنے بیٹے علیؑ سے کہا۔ ''یہ کیا دین ہے جس پر تم عمل پیرا ہو''۔ انھوں نے کہا ابا جان! میں اللہ اور اس کے رسولؐ پر ایمان لایا ہوں، میں نے ان کی نبوت کی تصدیق کی ہے ان کے ساتھ اللہ کی نماز پڑھی ہے۔ اس پر ابوطالبؑ نے کہا بہر حال محمدؐ تم کو سوائے خیر کے اور بات کی دعوت نہ دیں گے تم ان کے ساتھ رہو۔

مجاھد کی راویت ہے کہ علیؑ کی عمر اس وقت دس سال تھی جب وہ اسلام لائے۔

محمد بن سعد کہتا ہے میں نے اپنے باپ سے کہا کیا تم میں سب سے پہلے ابوبکر اسلام لائے تھے انھوں نے کہا نہیں ان سے قبل پچاس سے زیادہ آدمی ایمان لا چکے تھے۔

اعلان نبوت

ابن عباس سے مروی ہے کہ رسول اللہؐ نے ایک دن کوہ صفا پر چڑھ کر تمام قریش کو آواز دی وہ آپؐ کے پاس جمع ہو گئے اور پوچھا کیا بات ہے؟ آپؐ نے فرمایا میں اگر تم کو خبر دوں کہ صبح یا شام کے وقت دشمن تم پر غارت گری کرنے والا ہے تو کیا تم مجھے سچا نہیں سمجھو گے؟ انھوں نے کہا بے شک ہم آپؐ کو سچا سمجھتے ہیں آپؐ نے فرمایا تو ''فانی لکم بین یدی عذاب شدید'' (میں تم کو سخت عذاب سے ڈراتا ہوں) اس پر ابولہب نے کہا۔ ''تیرے لیے ہلاکت ہو، اسی لیے تو نے ہمیں بلایا اور جمع کیا تھا۔'' اس پر اللہ تعالیٰ نے سورۃ تبت یدا ابی لہب وتب نازل فرمائی۔

بنوعبدالمطلبؑ کو دعوتِ اسلام

علی بن ابی طالبؑ سے مروی ہے کہ جب یہ آیت ''وانذر عشیرتك الاقربین'' رسول اللہؐ پر نازل ہوئی تو آپؐ نے مجھے بلایا اور کہا علیؑ! اللہ نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں اپنے قریبی کنبہ والوں کو ہدایت کروں مگر میں اپنے کو اس سے عہدہ برآ ہونے میں مجبور پاتا ہوں کیونکہ جب میں ان کو اپنی دعوت دوں گا وہ مجھے تکلیف پہنچائیں گے اس خوف سے میں اس حکم کی بجا آوری میں خاموش تھا کہ جبرئیل میرے پاس آئے اور کہا محمدؐ! اگر آپؐ اللہ کے اس حکم کی بجا آوری نہیں کریں گے تو آپؐ کا رب آپ کو عذاب دے گا۔ اس لیے تم آدھ سیر تین پاؤ کا کھانا تیار کرو اس پر بکری ران بھون کر رکھ دینا اور دودھ سے بھر کر ایک کٹورا لا دو۔ اس کے بعد تمام بنوعبدالمطلب کو میرے پاس بلاؤ تا کہ میں ان سے گفتگو کروں اور اللہ کے حکم کو ان تک پہنچا دوں۔ میں نے رسول اللہؐ کی فرمائش پوری کر دی اور پھر تمام بنوعبدالمطلب کو جو اس زمانہ میں کم وبیش چالیس مرد تھے آپ کے پاس لایا۔ ان میں آپ کے چچا ابوطالبؑ، حمزہؓ، عباس اور ابولہب بھی تھے جب سب لوگ جمع ہو گئے تو رسول اللہؐ نے مجھے اس کھانے کے لانے کا جو میں نے آپؐ کے لیے تیار کیا تھا حکم دیا میں نے اسے لا کر رکھا۔ رسول اللہ نے اس میں سے گوشت کا ایک ٹکڑا اٹھا کر اسے اپنے دانتوں سے چیرا اور پھر اسے خوان کے کناروں پر رکھ دیا اور سب سے کہا بسم اللہ کر کے کھانا شروع کیجیے۔ تمام جماعت نے شکم سیر ہو کر کھانا کھایا۔ مجھے صرف ان کے ہاتھ چلتے ہوئے دکھائی دیتے تھے اور قسم ہے اس ذات پاک کی جس کے قبضہ میں علیؑ کی جان ہے کہ جتنا کھانا میں نے ان کے لیے تیا کیا تھا اسے ہر شخص اکیلا ہی کھا جاتا۔ کھانے کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ان سب کو دودھ پلاؤ میں نے وہ کٹورا لا کر ان کو دیا اسے پی کر وہ سب سیر ہو گئے حالانکہ نجدا! وہ صرف اتنا تھا کہ ان میں سے ایک شخص ہی اسے پی جاتا اس کے بعد رسول اللہ نے چاہا کے ان سے گفتگو کریں مگر آپ کے بولنے سے پہلے ابولہب نے کہا۔

''عرصہ سے یہ تم پر جادو کرتا رہا ہے''۔

یہ سن کر تمام جماعت اٹھ کھڑی ہوئی رسول اللہ نے ایک لفظ بھی نہیں کہا۔ مجھ سے فرمایا علیؑ تم نے دیکھا کہ اس شخص نے مجھے آج بات کرنے کا موقع نہیں دیا اور سب لوگ چلے گئے کل پھر اسی قدر کھانے کا انتظام کرو اور ان سب کو میرے پاس بلاؤ۔

اولاد عبدالمطلب کو دوبارہ دعوتِ اسلام

حسب الحکم دوسرے دن پھر میں نے اسی قدر کھانے اور دودھ کا انتظام کر کے سب کو رسول اللہ کی خدمت میں جمع ہونے کی دعوت دی جب وہ آ گئے آپؐ نے کل کی طرح مجھے کھانا لانے کا حکم دیا۔ میں کھانا کھالایا۔ آپؐ نے آج بھی وہی کیا جو کل کیا تھا اس کی برکت سے سب نے شکم سیر ہو کر کھالیا پھر آپؐ نے مجھ سے فرمایا کہ ان کو دودھ پلاؤ۔ میں اس کٹورے کو لے آیا اسی سے وہ سب سیر ہو گئے اس سے فراغت کے بعد رسول اللہؐ نے فرمایا اے اولاد عبدالمطلب! میں نہیں جانتا کہ کوئی عرب مجھ سے پہلے اس سے بہتر کوئی نعمت تمھارے پاس لایا ہو جو میں تمھارے لیے لایا ہوں اس میں دین و دنیا کی بھلائی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں تم کو اس بھلائی کی دعوت دوں تم میں سے کون اس معاملہ میں میرا بوجھ بانٹنے کے لیے آمادہ ہوتا ہے تا کہ وہ میرا بھائی بنے میرا وصی ہو اور تم میں میرا جانشین اور خلیفہ ہو اس جماعت میں سب ساکت وصامت رہے کسی نے حامی نہیں بھری البتہ میں نے ہاں کی۔ حالانکہ میں اس جماعت میں سب سے کم عمر تھا میں نے کہا۔۔۔۔۔۔

''اے اللہ کے نبی میں آپؐ کا وزیر و بوجھ بانٹنے والا بنتا ہوں''

رسول اللہؐ نے میری گردن تھام کر کہا یہ میرا بھائی ہے میرا وصی اور تم میں میرا خلیفہ ہے تم اس کی بات کو سنو اور جو کہے اس کی اطاعت کرو اس پر ساری جماعت ہنسنے لگی اور انھوں نے ابوطالبؑ سے کہا سنو آپ کو حکم ہوا ہے کہ آپ اپنے لڑکے کی اطاعت و فرمانبرداری کریں۔

اعلانیہ تبلیغ

عبدالرحمن بن القاسم اپنے باپ سے روایت کرتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حکم دیا گیا کہ جو پیام اللہ کی جانب سے ان کو ملا ہے اس کا وہ اعلان کریں لوگوں کے سامنے اپنے امر نبوت کو ظہر کریں اور اللہ کی طرف دعوت دیں۔ بعد حکم نبوت کے نازل ہونے سے تین سال تک آپ خفیہ طور پر اپنی تعلیم دیتے تھے اس کے بعد اب آپ کو علانیہ طور تبلیغ کا حکم ہوا۔

ابوطالبؑ اور کفار کا وفد

اسی راوی سے دوسرے سلسلہ سے مروی ہے چنانچہ رسول اللہؐ نے اللہ کے حکم سے اپنی نبوت کا اعلان کیا

اور اپنی قوم کو اسلام کی دعوت دی صرف اس پر ان کی قوم والے نہ آپ سے بیگانہ ہوئے اور نہ انھوں نے آپ کی کسی قسم کی تردید کی مگر جب آپ نے ان کے خداؤں کا ذکر کر کے برائی کی وہ سب آپؐ سے متنفر ہو گئے اور مخالفت وعداوت کے لیے آمادہ ہو گئے البتہ ان میں سے جو اسلام لا چکے تھے ان کی تعداد بہت کم تھی اور انھوں نے اپنے آپ کو چھپا رکھا تھا۔ وہ اس ارادہ سے علیحدہ تھے اس خطرے کو محسوس کر کے آپ چچا ابوطالبؑ آپؐ کے لیے سپر بن گئے، اور دشمن کے نرغے سے بچانے کے لیے آپؐ کے آگے کھڑے ہو گئے مگر آپؐ ان کفار کی شورش سے قطعی متاثر نہ ہوئے بلکہ برابر اسی طرح اللہ کے حکم کا اعلان کرتے رہے جب قریش نے دیکھا کہ رسول اللہ باوجود انکی مخالفت اور ترک تعلق کے ان کے معبودوں کو برا کہنا نہیں چھوڑتے اور ابوطالبؑ ان کے سپر اور محافظ ہیں وہ انکو قریش کے حوالے نہیں کرتے تو قریش کے عمائد عتبہ بن ربیعہ، شیبہ بن ربیعہ، ابوالبختری بن ہشام، اسود بن المطلب ولید بن مغیرہ، ابوجہل بن ہشام، عاص بن وائل اور حجاج کے بیٹے نبیہ ومنبہ یا جوان میں سے خود چل کر جا سکے ابوطالبؑ کے پاس آئے اور کہا آپ کے بھتیجے نے ہمارے خداؤں کو گالیاں دی ہیں ہمارے مذہب کی مذمت کی ہم کو احمق بتایا اور ہمارے آباؤ اجداد کو گمراہ قرار دیا۔ آپ خود اس کو ان باتوں سے روکیں یا اس کی حمایت نہ کریں اور ہمیں نپٹ لینے دیں کیونکہ عقائد میں آپ بھی ہماری طرح ان کے مخالف ہیں۔ لہذا ہم آپ کو بھی اس کی طرف سے مطمئن کر دیں گے۔ ابوطالبؑ نے نہایت نرم لہجے میں ان سے گفتگو کی اور بہت خوش اسلوبی سے ان کو لوٹا دیا وہ پلٹ گئے اور رسول اللہ ﷺ بدستور اللہ کے حکم کی تبلیغ کرتے رہے اور اس کی دعوت دیتے رہے۔

کفارِ مکہ کا دوسرا وفد

رفتہ رفتہ رسول اللہؐ اور قریش کے تعلقات بہت خراب ہو گئے انھوں نے آپؐ سے قطعی علیحدگی اختیار کر لی اور آپؐ کے دشمن بن گئے وہ اکثر آپؐ کا ذکر دشمنی اور برائی سے کرنے لگے آپؐ کی مخالفت کے لیے انھوں نے آپس میں معاہدے کیے اور ایک دوسرے کو برا انگیختہ کیا اس کے بعد وہ پھر دوسری مرتبہ ابوطالبؑ کے پاس گئے اور کہا اے ابوطالبؑ! باعتبار اپنے سن اور شرافت کے ہمارے دلوں میں آپ کی خاص وقعت ومنزلت ہے ہم نے آپ سے درخواست کی تھی کہ آپ اپنے بھتیجے کو ہماری مذمت اور منقصت سے روک دیں مگر آپ نے ایسا نہیں کیا اور ہم اس بات کو بخدا کبھی گوارا نہیں کریں گے کہ وہ ہمارے آباؤ اجداد کو گالیاں دے ہم کو بے وقوف بتائے اور ہمارے معبودوں کی مذمت کرتا رہے یا تو آپ اسے ان باتوں سے روک لیں ورنہ اس معاملہ میں ہم اس کا اور آپ دونوں کا مقابلہ کریں گے پھر ہم میں سے جو چاہے تباہ ہو یہ کہہ کر وہ چلے گئے۔ ایک طرف ابوطالبؑ کو اپنی قوم کی علیحدگی اور عداوت بہت گراں گزری مگر دوسری طرف ان کی یہ بھی گوارا نہ ہوا کہ وہ رسول اللہؐ کو ان کے حوالے کر دیں یا انکی حمایت چھوڑ دیں۔

سدی سے مروی ہے کہ قریش کے کچھ لوگ جمع ہوئے ان میں ابوجہل بن ہشام، عاص بن وائل، اسود بن مطلب، اسود بن عبد یغوث اور دوسرے مشائخ قریش تھے ان میں سے بعض نے دوسروں سے کہا کہ ہمیں ابوطالبؑ کے پاس لے چلو تا کہ ہم اس سے گفتگو کریں اور کچھ اپنا تصفیہ کریں تا کہ وہ اپنے بھتیجے کو ہدایت کرے کہ وہ ہمارے دیوتاؤں کو گالیاں دینا چھوڑ دے اور ہم اسکے خدا کی جس کی وہ پرشتش کرتا ہے اس کے حال پر چھوڑ دیں۔ ہم اس بات سے ڈرتے ہیں کہ یہ شیخ مرجائے پھر ہم سے اس کے بھتیجے کو ضرر پہنچے۔ اس وقت عرب ہم پر طعن کریں گے کہ چچا کی زندگی میں تو انھوں نے اسے کچھ کہا نہیں۔ اس کے مرتے ہی اس کے بھتیجے کو دبوچ لیا۔

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ابوطالب علیہ السلام

انھوں نے ایک شخص مطلب نامی کو ابوطالبؑ کے پاس بھیجا اس نے ان سے ان کی ملاقات کی اجازت چاہی اور کہا کہ آپ کی قوم کے عمائد اور اکابر آپ سے ملنے آئے ہیں۔ ابوطالبؑ نے ان کو آنے کی اجازت دی وہ آپ کے پاس آئے اور کہا کہ ''آپ بڑے بزرگ اور سردار ہیں آپ اپنے بھتیجے کے مقابلہ میں ہمارا انصاف کیجیے آپ اسے منع کردیں کہ وہ ہمارے خداؤں کو گالیاں نہ دے ہم اس کے خدا سے کوئی تعرض نہیں کریں گے۔''

ابوطالبؑ نے رسول اللہؐ کو بلا بھیجا اور ان سے کہا اے میرے بھتیجے! ''یہ تمھاری قوم کے بزرگ اور عمائد ہیں یہ تم سے تصفیہ چاہتے ہیں کہ تم ان کے دیوتاؤں کو گالیاں دینا چھوڑ دو وہ تم سے تمھارے خدا سے کوئی تعرض نہیں کریں گے۔''

رسول اللہؐ نے فرمایا۔ ''چچا جان! کیا ان کو ایسی بات کی دعوت نہیں دے رہا ہوں جو ان کی بت پرستی سے بہتر ہے۔'' ابوطالبؑ نے پوچھا وہ کیا دعوت ہے؟ آپؐ نے فرمایا میں چاہتا ہوں کہ وہ صرف ایک بات کے قائل ہوجائیں تو تمام عرب وعجم ان کے زیر فرمان آجائیں گے۔ ابوجہل نے کہا وہ کیا بات ہے؟ بیان تو کرو تمہارے باپ کی قسم ہے اس کے لیے تو ہم بالکل آمادہ ہیں بلکہ اس سے دس اور بھی ماننے کے لیے تیار ہیں؟ آپؐ نے فرمایا کہو ''لا الہ الا اللہ'' یہ سنتے ہی وہ سب بدک گئے اور کہنے لگے کہ اس کے علاوہ اور جو کچھ کہو وہ ہمیں منظور ہے آپؐ نے فرمایا اگر تم آفتاب کو میرے ہاتھ پر لا کر رکھ دو تب بھی میں اس کے سوا اور کسی بات کا تم سے مطالبہ نہیں کروں گا یہ سن کر وہ سب بہت برہم ہوکر مجلس سے اٹھ کھڑے ہوئے اور کہنے لگے کہ اب سے ہم تجھے اور تیرے اس خدا کو جس نے تجھے اس کا حکم دیا ہے ضرور گالیاں دیں گے۔

حضرت محمدؐ کا کفارِ مکہ سے مطالبہ

ابن عباس سے مروی ہے کہ ابوطالبؑ بیمار ہوئے تو قریش کی ایک جماعت جس میں ابوجہل بھی تھا ان کے پاس گئی اور کہا کہ آپ کا بھتیجا ہمارے خداؤں کو گالیاں دیتا ہے اور ایسا ویسا کرتا اور برا بھلا کہتا ہے اور یہ یہ کہتا ہے

آپ اسے بلا کر منع کر دیں ابوطالبؑ نے رسول اللہؐ کو بلا بھیجا آپؐ ان کے تشریف لائے اندر آئے، قریش کے اکابر اور ابوطالبؑ کے درمیان ایک جگہ باقی تھی۔ ابوجہل کو اندیشہ ہوا کہ اگر یہ وہاں ابوطالبؑ کے برابر بیٹھ گیا تو وہ اس کی طرف مائل اور اس پر مہربان ہو جائیں گے وہ لپک کر خود اس جگہ جا بیٹھا اس طرح رسول اللہؐ کو اپنے چچا کے پاس بیٹھنے کی جگہ نہ ملی تو وہ دروازے کے پاس ہی بیٹھ گئے۔ ابوطالبؑ نے کہا اے میرے بھتیجے دیکھیے یہ تمھاری قوم والے شکایت کرتے ہیں کہ تم ان کے معبودوں کو گالیاں دیتے ہو اور ایسی ایسی باتیں کرتے ہو اس پر قریش نے بھی دل کھول کر باتیں کیں۔ رسول اللہؐ نے فرمایا چچا جان میں چاہتا ہوں کہ صرف ایک بات مان لیں تمام عرب ان کے مطیع ہو جائیں گے اور عجم انھیں جزیہ دینے پر مجبور ہو جائیں گے سب گھبرائے کہ ایسی کیا بات ہوگی۔ جس سے ہم کو یہ بات حاصل ہو انھوں نے کہا تم ایک بات منوانا چاہتے ہو ہم تو دس کے لیے آمادہ ہیں مگر وہ بات بیان تو کرو کیا ہے۔ ابوطالبؑ نے بھی کہا اے میرے بھتیجے کہو وہ کیا بات ہے؟ آپؐ نے فرمایا ''لا الہ اللہ'' یہ سنتے ہی سب گھبرائے ہوئے کپڑے جھاڑتے ہوئے اٹھ کھڑے ہوئے اور کہتے جاتے تھے۔ ''اجعل الا لھتہ الھا واحدًا ان ھذالشی عجیب'' اس نے تو بہت سے معبودوں کو ایک کر دیا یہ تو بڑے تعجب کی بات ہے۔ اللہ کے قول ''لمایذوقواعذاب'' تک قرآن نازل ہوا۔

ابن اسحاق کی روایت

جب قریش نے ابوطالبؑ سے رسول اللہؐ کی شکایت کی تو انھوں نے آنحضرتؐ کو بلایا اور کہا اے میرے بھتیجے! یہ تمھاری قوم والے میرے پاس آئے ہیں اور انھوں نے تمھاری یہ شکایت کی ہے تم مجھ پر اور اپنے اوپر رحم کرو اور مجھے ایسی دشواری میں نہ ڈالو جس سے میں عہدہ برآ نہ ہو سکوں اس بات سے رسول اللہ کو یہ گمان ہوا کہ ضرور ان کے دل میں میری طرف سے کوئی بات بیٹھ گئی ہے اور یہ اب میری حمایت سے دست کش ہونے والے اور مجھے دشمنوں کے سپرد کرنے والے ہیں اور یہ کہ اب وہ میری مدد کرنے سے عاجز ہو گئے ہیں اور میرا ساتھ نہیں دے سکتے آپؐ نے فرمایا چچا جان! اگر یہ لوگ آفتاب کو میرے دائیں ہاتھ میں اور ماہتاب کو میرے بائیں ہاتھ میں اس لیے رکھ دیں کہ میں اپنی دعوت سے باز آ جاؤں تو یہ کبھی نہیں ہوگا۔ اب چاہے اللہ مجھے کامیاب کرے یا میں اس کوشش میں ہلاک ہو جاؤں۔ رسول اللہ آب دیدہ ہو گئے اور رونے لگے اور اٹھ کر جانے لگے، ابوطالبؑ نے ان کو آواز دی کہ میرے بھتیجے میرے پاس آؤ آپؐ پلٹ آئے، ابوطالبؑ نے کہا جاؤ جو تمھارا جی چاہے کہو خدا میں کبھی کسی وجہ سے تمھارا ساتھ نہیں چھوڑوں گا۔

آنحضرتؐ کی حوالگی کا مطالبہ

جب قریش کو یہ بات اچھی طرح معلوم ہو گئی کہ ابوطالبؑ رسول اللہؐ کی حمایت سے باز آئیں گے اور نہ وہ

ان کو حوالے کریں گے اور وہ اس بات پر تلے ہوئے ہیں کہ اس معاملہ میں ان سے قطعی ترک تعلق کر لیں اور دشمنی پر آمادہ رہیں تو وہ عمارہ بن ولید بن مغیرہ کو لے کر ان کے پاس آئے اور کہا ابو طالبؑ! یہ عمارہ بن ولید ہے یہ قریش کا سب سے زیادہ تنومند، وجیہہ اور خوب صورت جوان ہے اس کو تم لے لو اس کی عقل اور طاقت سے فائدہ اٹھاؤ اس کو اپنا بیٹا بنا لو ہم یہ تم کو دیتے ہیں اور تم اپنے بھتیجے کو جس نے تمھارے اور تمھارے آباء کے مذہب کی مخالفت کی ہے اور تمھارے اور تمھارے آباء کے مذہب کی مخالفت کی ہے اور تمھارے قومی شیرازے کی منتشر کر دیا ہے اور ان کو احمق ٹھہرایا ہے ہمارے حوالہ کر دو تا کہ ہم اسے قتل کر دیں۔ ایک آدمی کے بدلے میں آدمی موجود ہے۔

ابو طالبؑ کا انکار

ابو طالبؑ نے کہا بخدا برا سودا ہے جو تم مجھ سے کرنا چاہتے ہو تم اپنے بیٹے کو مجھے دیتے ہو کہ میں اسے تمھاری خاطر لیے پھروں اور اپنے بیٹے کو تمھارے سپرد کر دوں تا کہ تم اسے قتل کر دو۔ یہ ہرگز نہ ہوگا۔ مطعم بن عدی بن نوفل بن عبد مناف نے کہا اے ابو طالبؑ تمھاری قوم نے تمھارے مقابلہ میں انصاف کیا ہے اور اس بات کی کوشش کی ہے کہ تم کو اس حالت سے جسے تم برا سمجھتے ہو اس طرح نکال لیں مگر معلوم ہوتا ہے کہ تم ان کی کسی بات کو بھی نہیں ماننا چاہتے۔ ابو طالبؑ نے کہا انھوں نے ہرگز میرے ساتھ انصاف نہیں کیا بلکہ میرا ساتھ چھوڑنے کا تصفیہ کر چکے ہو اور ان سب کو میرے اوپر چڑھا لائے ہو اب جو جی چاہے کرو۔

پہلی ہجرت کا سبب

اس سلسلہ میں ابن اسحاق سے مروی ہے کہ جب رسول اللہؐ نے کہا کہ ان کے صحابہ مصیبت اور تکلیف میں ہیں اور خود آپ اللہ کی حفاظت اور اپنے چچا ابو طالبؑ کی حمایت کی وجہ سے امن و عافیت میں ہیں اور آپ ان کی اس مصیبت میں کوئی مدد نہیں کر سکتے آپ نے ان سے کہا کہ بہتر ہوگا تم حبشہ چلے جاؤ کیونکہ وہاں کا بادشاہ کسی پر ظلم نہیں کرتا وہاں حق وصداقت کا راج ہے اور جب اللہ اس تنگی اور دشواری میں جس میں تم اب مبتلا ہو کشائش عطا فرمائے گا چلے آنا۔ چنانچہ اس وجہ سے صحابہ رسول اللہؐ فتنہ کے خوف اور اپنے ایمان کو سلامت رکھنے کے لیے اللہ کے لیے حبشہ چلے گئے۔ اسلام میں یہ پہلی ہجرت ہوئی۔

ابن اسحاق نے ان مہاجرین کی تعداد دس بتائی ہے اور کہا ہے جہاں تک ہمیں معلوم ہے یہی مسلمان سب سے پہلے حبشہ گئے اس کے بعد جعفر بن ابی طالبؑ روانہ ہوئے اور پھر یکے بعد دیگرے مسلمان حبشہ جانے لگے۔ کچھ لوگ بمعہ اہل وعیال اور کچھ تنہا حبشہ ہجرت کر گئے۔ ان سب کی تعداد ان دس کو ملا کر جن کا ذکر پہلے گذر چکا ہے بیاسی (۸۲) ہوگئی۔

آنحضرتؐ کی مخالفت

یہ صحابہ حبشہ چلے گئے اور رسول اللہ مکہ میں مقیم رہے اور اللہ کے لیے پوشیدہ اور علانیہ طور پر دعوت دیتے رہے۔ اللہ نے ان کے چچا ابوطالبؑ اور ان کے خاندان کے دوسرے لوگوں کے ذریعہ جنھوں نے آپؐ کی نصرت کا اقرار کیا تھا۔ آپؐ کو دشمنوں سے محفوظ رکھا۔ قریش نے جب دیکھا کہ آپؐ پر کسی طرح قابو نہیں چلتا انھوں نے آپؐ کو کاہن جادوگر اور آسیب زدہ شاعر کہنا شروع کیا اور جن لوگوں کے متعلق انھیں اندیشہ تھا کہ اگر یہ ان کی گفتگو سنیں گے تو ضرور ان کے پیرو ہو جائیں گے۔ ان کو قریش نے آپؐ کے پاس جانے سے روک دیا۔

ابوجہل کی بدکلامی

ابن اسحاق کہتا ہے کہ ایک شخص نے جس کا حافظہ اچھا تھا بیان کیا ہے کہ ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ صفا کے پاس بیٹھے تھے۔ ابوجہل بن ہشام وہاں آیا اس نے آپ کو ستایا، گالیاں دیں، آپ کے دین کی مذمت کی اور کہا کہ تمھاری حقیقت ہی کیا ہے؟

رسول اللہ ﷺ نے ایک لفظ بھی اس سے نہیں کہا۔ عبداللہ بن جدعان تیمی کی ایک آزاد لونڈی صفا کے اوپر اپنے مکان میں بیٹھی یہ باتیں سن رہی تھی یہ کہہ کر ابوجہل رسول اللہ کو چھوڑ کر پلٹا اور کعبہ کے پاس جو قریش کو چوپال تھی وہاں آ کر قریش کے پاس بیٹھ گیا تھوڑی ہی دیر کے بعد حمزہ بن عبدالمطبؑ کمان کاندھے پر ڈالے ہوئے اپنے پھسندے کے شکار سے واپس آ رہے تھے یہ بڑے شکاری تھے اور اکثر شکار کھیلنے جایا کرتے تھے ان کا دستور تھا کہ جب شکار سے واپس ہوتے تو گھر آنے سے پہلے کعبہ کا طواف کر لیتے پھر قریش کی جو پال پر آ کر ٹھہر جاتے سلام کرتے اور جو لوگ وہاں ہوتے ان سے بات چیت کرتے یہ قریش میں سب سے زیادہ طاقت ور آدمی تھے جب وہ اس لونڈی کے پاس سے گذرنے لگے۔ اس وقت تک رسول اللہ وہاں سے اٹھ کر گھر آ گئے تھے اس نے ان سے کہا کہ اے ابوعمارہ! اگر تم یہاں کچھ دیر پہلے آئے ہوتے تو ابوالحکم بن ہشام کو یہاں بیٹھا ہوا پاتے اور تم کو پتہ چلتا کہ اس نے تمھارے بھتیجے محمدؐ کے ساتھ گستاخی اور بے ہودگی کی ہے۔ اس نے ان کو ستایا اور گالیاں دیں اور بہت ہی برا سلوک کیا پھر وہ چلا گیا اور محمدؐ نے اسے کچھ نہیں کہا۔

حضرت حمزہؑ کا قبول اسلام

چونکہ اللہ حمزہؑ کو اپنی کرامت سے سرفراز کرنا چاہتا تھا یہ سنتے ہی ان پر سخت جوش اور غضب طاری ہوا وہ تیز قدم بڑھاتے ہوئے کسی جگہ راستے میں نہ ٹھہرے حسب عادت کعبہ کے طواف کے لیے بھی نہ رکے آج اس ارادے سے چلے کہ ابوجہل کو دیکھتے ہی اس کی خبر لیں گے چنانچہ مسجد میں داخل ہوتے ہی انھوں نے ابوجہل کو قوم

کے ساتھ بیٹھا ہوا دیکھا یہ اس کے طرف بڑھے اور اس کر سر ہانے پہنچ کر اپنی کمان سے اسے ایسی ضرب لگائی کہ وہ لہولہان ہو گیا اور بری طرح زخمی ہوا۔ حمزہؓ نے کہا تو ان کو گالیاں دیتا ہے تجھے معلوم نہیں کہ میں ان کا ہم مذہب ہوں، ان کے عقائد کا قائل ہوں اگر ہمت ہے تو اب میرے سامنے کہہ کیا کہتا ہے۔ اتنے میں بنی مخزوم کے کچھ آدمی ابوجہل کی حمایت میں حمزہؓ پر اٹھے۔ مگر ابوجہل نے کہا کہ ابوعمارہ سے کوئی تعرض نہ کرو، بیشک میں نے اس کے بھتیجے کو نہایت سخت گالیاں دی ہیں اس لیے ان کو جوش آ گیا۔ اسی واقعہ کے بعد حمزہؓ مسلمان ہو گئے اور ان کے اسلام لانے سے قریش کو یہ بات اچھی طرح معلوم ہو گئی کہ رسول اللہ جیت گئے اور حمزہؓ ان کی حمایت و مدافعت کرینگے اس لیے اب تک جو وہ رسول اللہؐ کو دق کیا کرتے تھے اس سے دستبردار ہو گئے۔

بنو ہاشم کے خلاف معاہدہ

(قریش نے) آپس میں مشاورت کر کے یہ عہد کیا اور اس کے لیے باقاعدہ عہد نامہ لکھا کہ ان میں سے اب آیندہ کوئی بنی ہاشم اور بنی المطلب سے نہ مناکحت کرے اور نہ تجارت کرے اس کے لیے انھوں نے ایک باضابطہ تحریری معاہدہ لکھا اور اس کی بجا آوری کے لیے سب نے سخت عہد و پیمان کیے اور اس کی شرائط کی پابندی کو اپنے اوپر زیدہ شدت سے لازم کرے کے لیے اس معاہدہ کو کعبہ کے وسط میں لٹکا دیا۔

شعب ابی طالب علیہ السلام

قریش کے اس بندوبست پر بنو ہاشم اور بنو المطلب ابوطالبؑ کے پاس چلے گئے اور ان کے ساتھ ان کی گھاٹی میں جا رہے۔ بنو ہاشم میں سے ابولہب عبدالعزی بن عبدالمطلب قریش کے پاس گیا اور اس نے ابوطالبؑ کے مقابلہ میں ان کی امداد کی۔ دو یا تین سال مسلمان اسی بے کسی کی حالت میں رہے یہاں تک کہ ان کو زندگی گزارنا مشکل ہو گیا۔ کھانے پینے کی تکلیف ہونے لگی کوئی چیز ان تک نہ پہنچی تھی البتہ قریش میں سے کوئی ان پر ترس کھا کر کوئی چیز بھیجنا چاہتا تو خفیہ طور پر پہنچا تا۔ اسی اثنا میں ایک دن ابوجہل کی حکیم بن حزام بن خویلد بن اسد سے مڈبھیڑ ہو گئی اس کے ہمراہ ایک غلام تھا۔

جس نے گیہوں اٹھا رکھے تھے۔ حکیم اسے اپنی پھوپھی خدیجہؑ بنتِ خویلد کے پاس جو رسول اللہؐ کے ساتھ شعب ابوطالب میں تھیں لے جا رہا تھا ابوجہل نے اسے پکڑ لیا اور کہا کہ تم بنو ہاشم کے لیے کھانا لے جا رہے ہو بخدا تم اسے لے کر یہاں سے آگے نہیں بڑھ سکتے ورنہ میں تمام مکہ میں تم کو رسوا کر دوں گا اتنے میں ابوالبختری بن ہشام بن حارث بن اسد وہاں آ گیا اس نے کہا کیا بات ہے؟ ابوجہل نے کہا یہ دیکھو یہ بنی ہاشم کے لیے خوراک لے جا رہا ہے اور اس نے آدمی بھیج کر اس سے منگوائی ہے تم کیوں روکتے ہو جانے دو مگر ابوجہل نہ مانا اس پر ان میں سخت کلامی ہوئی ابوالبختری نے اونٹ کا ڈھٹا اٹھایا اور اس سے ابوجہل کو ایسی ضرب لگائی کہ وہ لہولہان اور بیدم ہو

گیا۔حمزہؓ بن عبدالمطلب کہیں پاس ہی تھے اور یہ تماشا دیکھ رہے تھے۔قریش یہ پسند نہیں کرتے تھے کہ اس واقعہ کی اطلاع رسول اللہؐ اور ان کے اصحاب کو ہو اور ان کو خوش ہونے کا موقعہ ملے۔

کفار مکہ کی آنحضرتؐ کو پیش کش

ایک مرتبہ آپ کی قوم کے اشراف جمع ہوئے اور انہوں نے آپ سے کہا کہ ہم تم کو اس قدر مال دیتے ہیں کہ جس سے تمام مکہ میں تم امیر ترین شخص ہو جاؤ گے اور جس عورت سے چاہو تمہاری شادی کر دی جائے اور مکہ کی ریاست تمہارے حوالے کر دی جائے مگر اس شرط پر کہ تم ہمارے معبودوں کو برا کہنا چھوڑ دو اگر تم اس کے لیے آمادہ نہیں ہو تو ہم تمہارے سامنے ایسی صورت پیش کرتے ہیں کہ جس میں ہمارا تمہارا دونوں کا نفع ہے آپ نے پوچھا وہ کیا ہے انہوں نے کہا ایک سال تم ہمارے دیوتاؤں لات اور عزیٰ کی پرشتش کرو اور ایک سال ہم تمہارے خدا کی پرستش کریں۔رسول اللہؐ نے فرمایا میں تو اپنے رب کے حکم کا منتظر ہوں پھر جواب دوں گا اس موقع پر لوح محفوظ سے یہ پوری سورۃ نازل ہوئی۔''قل یا ایھا الکافرون لا اعبد اما تعبدون'' اور اللہ تعالیٰ نے یہ آیت ''قل افغیر اللہ تامرونی اعبد ایھا الجاھلون'' اللہ کے قول ''بل اللہ فاعبد و کن من الشاکرین'' تک نازل فرمائی۔

تنسیخ معاہدہ کی کوشش

کچھ عرصہ کے بعد قریش کے چند اشخاص اس معاہدہ کو پارہ پارہ کرنے کے لیے جو قریش نے بنی ہاشم اور بنی عبدالمطلب سے ترک تعلقات کے متعلق آپس میں طے کیا تھا کھڑے ہوئے۔۔۔

مطعم بن عدی بڑھا کہ اس معاہدہ کو لے کر چاک کر دے مگر پاس جا کر دیکھا کہ دیمک نے اسے کھا لیا ہے صرف اس میں سے تحریر کی ابتداء ''اللھم باسمک'' باقی ہے قریش جب کوئی تحریر لکھتے تو ہمیشہ اس جملہ سے ابتدا کرتے تھے۔منصور بن عکرمہ نے یہ معاہدہ اپنے ہاتھ سے لکھا تھا اس کے ہاتھ شل ہو گئے تھے۔

عام الحزن

ابوطالبؑ اور خدیجہؑ آپؐ کی ہجرت سے تین سال پہلے ایک ہی سال میں انتقال کر گئے ان کے فوت ہو جانے سے آپؐ کے مصائب میں بہت اضافہ ہوا کیونکہ ابوطالبؑ کے انتقال کے بعد اب قریش آپؐ کو وہ ایذا دینے لگے جو ان کی زندگی میں وہ نہیں دے سکتے تھے یہاں تک کہ کسی نے آپؐ کے سر پر مٹی ڈال دی۔اسی حالت میں آپؐ اپنے گھر میں داخل ہوئے۔آپؐ کی ایک صاحبزادی (جناب فاطمہؑ) مٹی دھلانے کھڑی ہوئی وہ سر دھلاتی جاتی تھیں اور رو رہی تھیں۔آپؐ ان کو تسلی دیتے تھے اور فرماتے تھے بیٹا مت روؤ۔اللہ تمہارے باپ

کی حفاظت کرے گا۔رسول اللہؐ فرمایا کرتے تھے کہ جب تک ابوطالبؑ زندہ رہے قریش نے میرے ساتھ کوئی بات ناگوار نہیں کی۔

طائف کا سفر

ابوطالبؑ کے انتقال کے بعد آپؐ طائف گئے۔طائف پہنچ کر آپؐ بنی ثقیف کے چند آدمیوں سے ملنے گئے جو اس وقت ثقیف کے سادات اور اشراف تھے یہ تینوں بھائی تھے۔عبد یالیل بن عمرو بن عمیر، مسعود بن عمرو اور حبیب بن عمرو اور ان کے ہاں قریش کی بنی جمح کی ایک عورت تھی آپؐ ان کے پاس جا کر بیٹھے اور ان کو اللہ کی طرف دعوت دی اور آنے کی غرض بیان کی کہ تم اسلام کے لیے میری مدد کرو اور میری قوم کے مقابلہ میں جو میرے مخالف ہیں میرا ساتھ دو۔ان میں سے ایک نے جو غلاف کعبہ بٹ رہا تھا کہا کیا آپ کو اللہ نے بنی مرسل کیا ہے؟ دوسرے نے کہا تمہارے سوا کوئی اور اللہ کی رسالت کے لیے نہیں ملا۔تیسرے نے کہا میں تم سے ایک بات بھی نہیں کرتا، کیونکہ اگر تم واقعی جیسا کہ تم کہتے ہو رسول ہو تو تمہاری بات کی تردید کرنے میں نہایت درجہ خطرہ ہے اور اگر تم اپنے دعوے میں جھوٹے ہو اور اللہ پر افترا کرے ہو تو تم اس قابل نہیں کہ میں تم سے کلام کروں۔

رسول اللہؐ ان کے پاس سے اٹھ آئے اور آپؐ ثقیف کی طرف سے مایوس ہو گئے آپؐ نے ان سے کہا تھا کہ تم نے میری بات نہیں مانی مگر کم از کم میرے یہاں آنے کو ظاہر نہ کرنا آپؐ اس بات کو پسند نہیں کرتے تھے کہ اس کا چرچا آپؐ کی قوم تک پہنچے اور آپؐ کی اس ناکامی پر وہ بغلیں بجائیں اور طعنہ دیں مگر ان بھائیوں نے اسے بھی نہ مانا۔بلکہ اپنے یہاں کے نادانوں ارازل اور غلاموں کو آپؐ پر اکسایا انہوں نے آپؐ کو گالیاں دیں اور آوازے کسے۔یہاں تک کہ ایک جماعت نے آپؐ پر چڑھ آئی اور اس نے آپؐ کو عتبہ بن ربیعہ اور شیبہ بن ربیعہ کے احاطے میں پناہ لینے پر مجبور کر دیا وہ دونوں وہاں موجود تھے۔اب ثقیف کے سفہاء و نادان جو آپؐ کے تعاقب میں تھے آپؐ کا پیچھا چھوڑ کر پلٹ گئے آپؐ انگور کے ایک منڈوے کیطرف چلے اور اس کے سایہ میں بیٹھ گئے وہ دونوں بھائی آپؐ کو اور سفہائے ثقیف نے جو بدتہذیبیاں آپ کے ساتھ کیں اس کا تماشا دیکھ رہے تھے۔

آنحضرتؐ کی دعا

جب آپؐ کو ذرا اطمینان ہوا آپؐ نے دعا کی خداوندا میں کمزوری اور لوگوں کے مقابلہ میں اپنی مجبوری کی تجھ سے شکایت کرتا ہوں اے ارحم الراحمین! تو کمزوروں کا رب ہے تو میرا رب ہے تو مجھے کس کے سپرد کرتا ہے کسی اجنبی کے جو مجھ پر ظلم کرے یا تو نے میرے معاملہ کو کسی دشمن کے حوالہ کر دیا ہے اگر تو مجھ سے ناراض نہیں ہے تو ان مصائب کی میں پروا نہیں کرتا تیری حمایت میرے لیے بہت زیادہ وسیع ہے الخ۔

عداس نصرانی غلام

جب ربیعہ کے بیٹوں عتبہ اور شیبہ نے آپؐ کو اس مجبوری کی حالت میں دیکھا تو ان کے جذبات ہمدردی اور رحم میں حرکت ہوئی۔ انہوں نے اپنے نصرانی غلام عداس کو بلایا اس سے کہا کہ انگور کا ایک خوشہ لے کر اس طباق میں رکھ کر اس شخص کے پاس لے جاؤ اور اس سے کہو کہ وہ اسے کھالے۔ عداس حکم کی بجا آوری میں انگور لے کر رسول اللہؐ کے پاس آیا اور آپؐ کے سامنے رکھ دیا۔ رسول اللہؐ نے طباق میں ہاتھ ڈالتے وقت بسم اللہ کہا اور پھر انگور کھانے لگے عداس نے آپؐ کے چہرے کو دیکھا اور کہا بخدا اس جملہ کو اس شہر کے باشندے نہیں بولتے۔ رسول اللہؐ نے اس سے پوچھا عداس تم کہاں کے رہنے والے ہو اور تمہارا مذہب کیا ہے؟ اس نے کہا میں نصرانی ہوں اور نینوا کا رہنے والا ہوں۔ آپؐ نے فرمایا اچھا تم اس نیک شخص یونس بن متی کے ہم وطن ہو؟ اس نے کہا آپؐ کیا جانیں کہ یونس بن متی کون تھا؟

آپؐ نے فرمایا وہ میرے بھائی اور نبی تھے، میں بھی نبی وہوں۔ یہ سن کر وہ جھکا اور اس نے آپؐ کے فرق مبارک اور ہاتھ پاؤں کو چوما۔ دونوں بھائیوں میں سے ایک نے دوسرے سے کہا کہ دیکھو تمہارے غلام نے اس شخص کو تمہارے لیے بگاڑ دیا۔ جب عداس پلٹ کر ان کے پاس آیا انہوں نے اس سے کہا یہ تمہاری کیا حرکت تھی؟ کہ تم اس شخص کے سر اور ہاتھوں اور قدموں کو چومنے لگے۔ اس نے کہا میرے آقا! اس شخص سے بہتر روئے زمین پر کوئی اور نہیں۔ اس نے ایسی بات بتائی جو صرف نبی جانتا اور بتا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا عداس! مبادا وہ تم کو تمہارے دین سے منحرف کردے، تمہارا دین اس کے دین سے بہتر ہے۔

جنوں کا قبول اسلام

آپؐ ثقیف کی طرف سے مایوس ہو کر طائف سے مکہ آنے لگے۔ نخلہ آ کر آپؐ نصف شب میں نماز پڑھ رہے تھے کہ چند جن جن کا ذکر اللہ نے کیا ہے آپ کے پاس سے گزرے یہ یمن کے نصیبین مقام کے سات افراد جن تھے یہ ٹھہر کر آپؐ کی تلاوت سنتے رہے جب آپؐ نماز سے فارغ ہوئے تو وہ جن جواب ایمان لا کر آپؐ کی نبوت اور تعلیم کے قائل ہو چکے تھے، اپنی قوم کے پاس آئے اور انہوں نے ان کو برائیوں سے روکنا اور ان کے نتائج سے ڈرانا شروع کیا۔

انہیں کے قصہ کو اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام میں اس طرح رسول اللہؐ سے بیان فرمایا ہے، ''واذ اصرفنا الیک نفر من الجن یستمعون القرآن۔'' اپنے قول ''یجب کم من عذاب الیم ،تک اور دوسری جگہ فرمایا ''قل اوحی الی انہ استمع نفر من الجن'' اس سورہ جن میں ان کے آخر قصہ تک ان جنوں کے نام جنہوں نے قرآن سنا یہ ہیں۔

(۱)حس (۲)مس (۳)شاصر

(۴)ناصر (۵)اینا (۶)الارو

(۷)انین (۸)احقم

باب 3

ہجرت

ہجرت مدینہ کی اجازت

عروہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہجرت مدینہ سے پہلے جب مہاجرین حبشہ میں سے کچھ لوگ مکہ واپس آ گئے اور یہاں مسلمانوں کی تعداد میں اضافہ ہوتا رہا اور مدینہ میں بہت سے انصار اسلام لے آئے اور وہاں اسلام اچھی طرح پھیل گیا اور مدینہ والے مکہ میں رسولؐ اللہ کے پاس آنے لگے تو قریش نے آپس میں یہ طے کیا کہ انہیں ستائیں اور ان پر حملہ کریں چنانچہ انہوں نے انصار کو پکڑ لیا اور دق کرنے لگے۔ اس سے انصار کو بڑی تکلیف اور اذیت ہوئی یہ آخری مصیبت تھی جو مسلمانوں کو اٹھانا پڑی۔ دو وقت بڑی بڑی مصیبت کے آئے ایک وقت جبکہ رسول اللہؐ نے مجبور ہو کر مسلمانوں کو ہجرت کر کے حبشہ جانے کی اجازت دی اور ایک اب جبکہ انہوں نے حبشہ سے واپس آ کر اہل مدینہ کو رسول اللہؐ کی خدمت میں آتے دیکھا اور اس وجہ سے ان کو ستایا گیا۔ اس کے بعد مدینہ کے ستر نقیب جو وہاں کے مسلمانوں کے سردار تھے حج کے زمانہ میں آپؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور انہوں نے عقبہ میں آپؐ کی بیعت کی اور اس شرط پر کہ ہم اور آپؐ ایک ہیں اگر آپؐ یا آپؐ کے صحابہ میں سے جو ہمارے یہاں چلا آئے گا ہم اس کی اپنی جانوں کی طرح حفاظت اور مدافعت کریں گے انہوں نے آپؐ سے عہد و پیمان کیے۔ اس وقت پھر قریش نے مسلمانوں پر سختیاں شروع کیں اور رسول اللہؐ نے اپنے صحابہؓ کو مدینہ جانے کا حکم دے دیا۔

مسلمانوں کی ہجرتِ مدینہ

آپؐ نے ان مسلمان صحابہ کو جو آپؐ کے ساتھ مکہ میں تھے۔ اجازت مرحمت فرمائی کہ وہ ہجرت کر کے اپنے انصار بھائیوں کے پاس مدینہ چلے جائیں۔ آپؐ نے فرمایا۔

''اللہ نے ان کو تمہارا بھائی بنایا ہے اور مدینہ تمہارے لیے جائے امن ہے۔''

اس اجازت کے بعد مسلمان رفتہ رفتہ مدینہ جانے لگے مگر خود رسول اللہؐ مکہ میں رہے۔ ابوبکر نے بارہا رسول اللہؐ سے ہجرت کی اجازت مانگی مگر آپؐ نے فرمایا کہ جلدی نہ کرو۔

کفار کی مجلس مشاورت

قریش نے جب دیکھا کہ ان کے ملک کے علاوہ دوسرے ملک میں رسول اللہؐ کے بہت سے پیرواور ساتھی ہوگئے ہیں اور مہاجرین ان کے پاس چلے جارہے ہیں تو ان کو محسوس ہوا کہ مسلمانوں کو اچھی پناہ گاہ مل گئی جہاں ان کا قابو نہیں چل سکتا اب ان کو خود رسول اللہؐ کا مکہ سے چلے جانے کا خوف دامن گیر ہوا ان کو اس صورت حال پر غور کرنے کے لیے اپنی مجلس میں جو قصی بن کلاب کا گھر تھا اور جہاں مشورہ کیے بغیر وہ کوئی معاملہ طے نہیں کرتے تھے، جمع ہوئے تا کہ رسول اللہؐ کے معاملہ پر باہم مشورہ کریں۔

اس کے متعلق ابن عباس سے مروی ہے کہ جب قریش نے رسول اللہؐ کے معاملہ پر اپنی قومی مجلس میں جمع ہو کر مشورہ اور تصفیہ کرنے کا فیصلہ کرلیا تو وہ مقررہ دن میں جو جمعہ تھا، صبح کو وہاں جمع ہوئے، ابلیس ایک بڑے بزرگ شخص کی شکل میں سر پر ایک پرانا کپڑا ڈالے سامنے آیا اور مجلس کے دروازے پر کھڑا ہوگیا۔ قریش نے اسے دروازہ پر کھڑا دیکھ کر پوچھا تم کون ہو؟ اس نے کہا میں نجد کا ایک شیخ ہوں جس کام کے لیے تم جمع ہوئے ہو مجھے اس کی اطلاع ہوئی تو آ گیا ہوں کہ تمہاری گفتگو سنوں شاید میں بھی کوئی عمدہ مشورہ اور صلاح دے سکوں۔ قریش نے کہا بہتر ہے آیئے وہ بھی ان کے ساتھ مجلس میں آیا وہاں قریش کے تمام اشراف بلا استثناء جمع تھے ان کے ہر قبیلہ کے عمائد جمع تھے۔

آنحضرتؐ کے خلاف منصوبے

بے شمار قریش اور دوسرے لوگ جمع تھے اب گفتگو شروع ہوئی کسی نے کہا اس شخص کی حالت سے تم سب واقف ہو ہمیں اس بات کا بھی خطرہ ہوگیا ہے کہ کہیں یہ اچانک ہمارے اغیار کو لے کر جو اس کے پیرو ہیں، ہم پر حملہ نہ کردے اب کیا ہونا چاہیے اس کا تصفیہ کیجئے اس پر مشورہ ہونے لگا۔ کسی نے کہا اسے بیڑیاں پہنا کر قید کردو اور اوپر سے دروازے کو تیغا کردو اور اسی حالت میں اس کے لیے موت کا انتظار کرو۔ آخر اس جیسے دوسرے شعراء زہیر اور نابغہ وغیرہ کو موت آئی ہے اسے بھی آئے گی۔

شیخ نجدی نے کہا بخدا میری رائے یہ نہیں اگر اس طرح تم اسے قید کردو گے اس کی اطلاع ضرور اس کے دوستوں اور پیروؤں کو ہوجائے گی۔ وہ تم پر حملہ کر کے اسے چھڑ لیں گے اور پھر اس طرح تم پر امنڈ آئیں گے کہ تمہارے یہ تمام منصوبے خاک میں مل جائیں گے یہ رائے مناسب نہیں کوئی اور بات سوچو اب پھر مشاورت ہونے لگی۔

ایک نے کہا ہم اسے یہاں سے نکال کر خارج البلد کیے دیتے ہیں جب وہ یہاں سے چلا جائے تو پھر ہمیں اس کی پروا نہیں ہے کہ کہاں جاتا ہے اور کیا کرتا ہے۔ ہمیں اس کی اذیت سے فراغت اور اس کی طرف سے

اطمینان ہوجائے گا اور ہماری بات حسب سابق بن آئے گی۔شیخ نجدی نے کہا نخدا یہ ہرگز تمہارے لیے مفید مشورہ ہے کیا تم اس کی شیریں گفتار سحر بیانی اور قلوب کو موہ لینے کی قوت تسخیر سے واقف ہوا گر تم نے اس رائے پر عمل کیا تو مجھے اندیشہ ہے کہ وہ عرب کے کسی بڑے قبیلہ کے پاس جائے گا اور اپنی سحر بیانی اور شیریں کلامی سے ان کو مسخر کرے گا وہ تمہارے مقابلہ پر اس کے ساتھ ہوجائیں گے پھر ان کو ساتھ لے کر تم پر چڑھ آئے گا اور تم کو پامال کر دے گا تمہاری حکومت چھین لے گا اور پھر جو چاہے گا تم سے سلوک کرے گا اس معاملہ پر پھر مشورہ کرو اور کوئی دوسری تجویز سوچو۔

ابوجہل کی تجویز

ابوجہل بن ہشام نے کہا کہ ایک بات میری سمجھ میں آئی ہے جس پر اب تک تم میں سے کسی کا خیال نہیں گیا۔حاضرین مجلس نے کہا ابوالحکم بیان کرو کیا بات ہے اس نے کہا میری رائے یہ ہے کہ تم ہر قبیلہ میں سے ایک ایک نہایت دلیر، نجیب اور شریف جواں مرد کا انتخاب کرلو پھر ان جواں مردوں میں سے ہر ایک کو ہم ایک شمشیر بران دیں۔یہ جماعت اس کے پاس جائے اور سب مل کر ایک وار میں اس کا کام تمام کردیں اس طرح ہم کو ہمیشہ کے لیے اس کی طرف سے چین نصیب ہوجائے گا اور چونکہ ایک جماعت بیک وقت اس قتل کرے گی اس لیے اس کا قصاص تمام قبائل کے ذمہ ہوگا۔کسی ایک کے ذمہ نہ رہے گا اور بنوعبدمناف میں پھر یہ قدرت نہیں ہوگی کہ اس کے لیے سب قبیلوں سے لڑیں۔لامحالہ دیت قبول کرنے پر مجبور ہوں گے۔ہم خوشی سے اس کا خون بہا سب کی طرف سے ادا کردیں گے۔شیخ نجدی نے کہا بے شک یہ شخص صائب الرائے ہے اس کی رائے قابل عمل ہے اس کے علاوہ اور کوئی بات تمہارے لیے مفید نہیں۔اس تصفیہ پر مجلس برخواست اور منتشر ہوگئی۔

آنحضرتؐ کی روانگی

حضرت جبرئیلؑ نے رسول اللہؐ سے آکر کہا کہ آپؐ آج رات اپنے اس بستر پر جس پر آپ معمولاً استراحت فرماتے ہیں نہ سوئیں۔چنانچہ حسبِ قرارداد عشا کے بعد کفار آپؐ کے دروازے پر جمع ہوئے اور تاک میں لگے کہ جب آپؐ سوجائیں تو وہ آپؐ پر حملہ کرکے آپؐ کو ختم کردیں۔رسول اللہؐ نے جب دیکھا کہ کفار آگئے ہیں۔انہوں نے علی ابن ابی طالب سے کہا کہ تم میرے بستر پر لیٹ جاؤ اور میری سبز حضرمی اونی چادر اوڑھ لو اور سو جاؤ تم کو ان کی طرف سے کوئی گزند نہ پہنچے گا رسول اللہؐ جب سوتے تھے تو ہمیشہ اسی چادر کو اوڑھتے تھے۔

محمد بن کعب القرضی سے مروی ہے اس غرض سے جو لوگ جمع ہوئے تھے ان میں ابوجہل بن ہشام بھی تھا یہ سب رسول اللہؐ کے دروازے پر جمع تھے۔ابوجہل نے اس وقت ان سے کہا کہ محمدؐ مدعی ہے کہ اگر تم اسکی بات مان کر اس کے پیرو ہوجاؤ تو عرب وعجم کے مالک ہوجاؤ گے اور مرنے کے بعد پھر زندہ کیے جاؤ گے اور تم کو اردن کے

ایسے باغ دیئے جائیں گے اور اگر تم میری بات نہ مانو گے تو ذبح کر دیئے جاؤ گے۔ اور مرنے کے بعد زندہ کیے جاؤ گے اور پھر تم کو آگ میں جلایا جائے گا۔ اتنے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم برآمد ہوئے آپؐ نے مٹھی بھر مٹی اٹھائی پھر کہا ہاں میں کہتا ہوں اور جو آگ میں جلائے جائیں گے ان میں ایک تو بھی ہے۔

کفار کی ناکامی

اللہ نے اپنی قدرت کاملہ سے کفار کو اندھا کر دیا۔ آپؐ ان کو نظر نہیں آئے آپؐ اس مٹی کو ان کے سروں پر ڈالتے اور یہ آیات تلاوت فرماتے جاتے تھے۔

''یٰسٓ ۝۱ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۝۲ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝۳ عَلٰي صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝۴ ۔''یٰسٓ قسم ہے قرآن کی جو حکمت سے معمور ہے بلاشبہ تم مرسل ہو اور سیدھے راستے پر ہو۔

اللہ کے قول ''وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ۝۹ '' تک (اور ہم نے ان کے سامنے اور عقب میں ایک دیوار حائل کر دی اور ان کو بند کر دیا کہ کچھ نہیں دیکھ سکتے تھے)۔

جب آپ ان آیتوں کی تلاوت سے فارغ ہوئے تو ان میں سے ایک شخص ایسا نہ تھا کہ آپؐ نے اس کے سر پر مٹی نہ ڈال دی ہو پھر آپؐ جہاں جانا چاہتے تھے چلے گئے۔ کسی دوسرے ایسے شخص نے جو ان لوگوں کے ساتھ نہ تھا آ کر ان سے کہا کہ تم یہاں کس کا انتظار کر رہے ہو؟ انہوں نے کہا محمدؐ کا۔ اس نے کہا اللہ نے تمہارے منصوبے خاک میں ملا دیئے محمدؐ تو تمہارے سامنے سے چلے گئے اور انہوں نے تم میں سے ہر شخص کے سر پر مٹی ڈال دی اور وہ اپنی راہ پر چلے گئے۔ تمہیں کچھ خبر ہے کہ تمہارے سروں پر کیا ہے ہر ایک نے ہاتھ لگا کر سر دیکھا تو اس پر مٹی ملی تھی۔ اب انہوں نے تانک جھانک شروع کی اندر دیکھا کہ علیؑ رسول اللہؐ کی چادر تانے بستر پر سو رہے ہیں کہنے لگے کہ ضرور یہ محمدؐ ہے جو اپنی چادر اوڑھے سو رہا ہے۔ صبح تک وہیں کھڑے انتظار کرتے رہے۔ صبح کو علیؑ بستر پر سے اٹھے اب ان کو معلوم ہوا کہ جو بات ان سے کہی گئی ہے وہ سچ تھی بعض راویوں نے یہ بھی بیان کیا ہے کہ ابوبکر علیؑ کے پاس آئے اور ان سے نبی کریمؐ کے متعلق دریافت کیا علیؑ نے فرمایا کہ وہ غار ثور میں چلے گئے ہیں تم چاہو تو وہاں ان کے پاس چلے جاؤ۔ ابوبکر تیزی سے قدم بڑھاتے ہوئے رسول اللہؐ کے پیچھے چلے۔ اثنائے راہ ہی میں آپؐ کے ساتھ آ ملے۔ رسول اللہؐ نے رات کی تاریکی میں ابوبکر کی چاپ سنی آپؐ کے جوتے کا اگلا حصہ پھٹ گیا اور ایک پتھر کی ٹھوکر سے پاؤں کا انگوٹھا زخمی ہوا جس سے بہت زیادہ خون بہنے لگا اور اب آپؐ نے رفتار میں اور زیادہ تیزی کر دی۔ ابوبکر کے دل میں خیال آیا کہ اس طرح میرے تعاقب سے آپ کو تکلیف ہوگی۔ انہوں نے بلند آواز سے آپؐ سے کلام کیا۔ رسول اللہؐ نے ان کو پہچان لیا اور کھڑے ہو گئے۔ جب وہ آپؐ کے پاس آ گئے تو

پھر دونوں چلے۔رسول اللہؐ کا تمام پاؤں خون سے بھر گیا تھا۔اسی طرح صبح ہوتے ہوئے آپ غارِ ثور پہنچے اور اس کے اندر چلے گئے۔

کفارِ مکہ اور علیؑ

دوسری طرف صبح کے وقت وہ مشرک جو آپؐ کی تاک میں تھے آپؐ کے گھر میں گھسے،علیؑ بستر پر سے اٹھ کھڑے ہوئے قریب جا کر انہوں نے پہچانا کہ یہ تو علیؑ ہیں انہوں نے ان سے پوچھا کہ تمہارے صاحب کہاں ہیں؟علیؑ نے کہا میں نہیں جانتا کیا میں ان کا پاسبان تھا کہ نگرانی کرتا تم نے ان سے کہا تھا کہ چلے جاؤ وہ چلے گئے۔علیؑ بن ابی طالبؑ کو خود رسول اللہؐ نے اپنی روانگی سے مطلع کر دیا تھا اور فرمایا تھا کہ تم میرے بعد مکہ میں ٹھہرو اور لوگوں کی جو جو امانتیں میرے پاس ہیں۔وہ ان کو واپس دے دو۔مکہ میں کوئی شخص ایسا نہیں تھا کہ جس کے پاس کوئی قابل حفاظت شے ہو اور اس نے اسے رسول اللہؐ کی امانت اور دیانت کی وجہ سے امانتاً ان کے پاس نہ رکھوا دیا ہو۔تین دن رسول اللہؐ اور ابوبکر غار میں رہے۔

اونٹ کی خریداری

جب ابوبکر نے دو اونٹ آپ کے قریب کیے تو ان میں جو اعلیٰ تھا وہ آپؐ کی سواری کے لیے بڑھایا اور کہا کہ میرے ماں باپ آپؐ پر فدا ہوں۔آپؐ اس پر سوار ہوں آپؐ نے فرمایا میں ایسے اونٹ پر نہیں بیٹھتا جو میرا نہیں ہے۔ابوبکر نے کہا میرے ماں باپ آپؐ پر فدا ہوں یہ آپؐ کی نذر ہے۔رسول اللہؐ نے فرمایا میں نہیں لیتا۔مگر یہ بتاؤ تم نے کس قیمت پر اسے خریدا ہے۔ابوبکر نے کہا اتنی قیمت پر۔رسول اللہؐ نے فرمایا اچھا اتنی قیمت پر میں نے اسے خرید لیا۔ابوبکر نے کہا میں نے آپؐ کو دیا۔اب وہ دونوں سوار ہو کر چل دیئے۔

آنحضرتؐ کی قبیلہ میں آمد

(صحابہ سے مروی ہے کہ جب ہم نے سنا کہ رسول اللہؐ مکہ سے روانہ ہو گئے ہیں۔ہم آپؐ کے قدوم کے منتظر تھے۔صبح کی نماز پڑھ کر بہت دن چڑھے تک ہم آپ کے استقبال کے لیے باہر جاتے تھے اور جب تک زوال شروع نہیں ہو جاتا تھا وہاں سے نہ ہٹتے تھے۔چونکہ یہ زمانہ نہایت شدید گرمی کا تھا اس وجہ سے جب ہمیں سایہ نہ ملتا تو مجبوراً گھروں کے اندر چلے آتے۔جس روز آپؐ مدینہ آئے ہیں ہم حسب عادت آپؐ کی انتظار میں آبادی سے باہر بیٹھے تھے۔مگر جب کہیں سایہ نہ رہا تو اپنے گھروں میں چلے آئے تھے۔ہمارے آتے ہی رسول اللہؐ مدینہ تشریف لائے سب سے پہلے ایک یہودی نے جو روزانہ ہمیں آپؐ کے انتظار میں جاتا دیکھا کرتا تھا۔آپؐ کو دیکھا۔اس نے فوراً نہایت بلند آواز سے کہا اے بنی قیلہ! یہ لو تمہارے نبی آ گئے ہم فوراً آپؐ کی خدمت میں آئے آپؐ ایک

کھجور کے سایہ میں تشریف رکھتے تھے۔آپؐ کے ہم عمر ابوبکر تھے۔ہم میں زیادہ تر ایسے اصحاب تھے جنہوں نے اس سے پہلے رسول اللہؐ کو دیکھا نہیں تھا۔لوگوں کا اژدہام ہو گیا پہلے ان میں اور ابوبکر میں تمیز ہی نہ کر سکے۔البتہ جب آپؐ پر سے درخت کا سایہ جاتا رہا تو ابوبکر نے اٹھ کر اپنی چادر تان دی۔اب ہم نے آپؐ کو شناخت کر لیا۔

حضرت علی علیہ السلام کی مدینہ روانگی

ابوبکر تو خبیب بن اساف بنی حارث بن خزرج کے عزیز کے پاس مقام سخ میں جا ٹھہرے۔ایک صاحب نے یہ بھی بیان کیا ہے کہ وہ بنی حارث بن خزدرج کے عزیز خارجہ بن زید کے ہاں فروکش ہوئے۔علیؑ بن ابی طالبؑ تین شبانہ روز مکہ میں ٹھہرے رہے اور جب انہوں نے لوگوں کی تمام امانتیں وہ جو رسول اللہؐ کے پاس رکھوائی گئی تھیں ان کے مالکوں کو واپس کر دیں تو وہ رسول اللہؐ کے پاس چلے آئے اور آپ ہی کے ساتھ کلثوم بن مدم کے یہاں ٹھہرے۔

قبا میں پہلی مسجد کی تعمیر

رسول اللہؐ قبا میں بنی عمرو بن عوف کے یہاں دوشنبہ منگل بدھ اور جمعرات مقیم رہے یہاں آپؐ نے ان کی مسجد کی بنیاد رکھی۔جمعہ کے دن اللہ کے حکم سے آپؐ ان کے یہاں سے چل دیئے۔خود یہ لوگ کہتے ہیں کہ رسول اللہؐ نے اس سے زیادہ ان کے یہاں قیام کیا،اللہ بہتر جانتا ہے۔

بعثت کے بعد زمانہ قیامِ مکہ

ابوجعفر کہتے ہیں کہ علماء سلف کا اس بارے میں اختلاف ہے۔بعض نے دس سال اور زیادہ تر روایات تیرہ سال کو بتاتی ہیں۔

سنہ ہجری کی ابتدا

مدینہ آ کر رسول اللہؐ نے تاریخ مقرر کرنے کا حکم دیا۔ابنِ شہاب سے مروی ہے کہ مدینہ آ کر آپؐ نے تاریخ مقرر کرنے کا حکم دیا آپؐ ربیع الاول میں مدینہ آئے۔سعید بن مسیب بیان کرتے ہیں کہ عمر بن الخطاب نے سب کو جمع کر کے پوچھا کہ کس دن سے تاریخ لکھی جائے۔علیؑ نے کہا جس روز رسول اللہؐ نے ہجرت فرمائی اور سرزمین شرک کو خیرباد کہا عمر نے اسی کو قبول کر لیا۔دوشنبہ کی اہمیت ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ دوشنبہ کے دن بنی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پیدا ہوئے۔دوشنبہ کے دن آپؐ کو نبوت ملی (اعلانِ نبوت کیا) دوشنبہ کے دن آپ نے پتھر اٹھایا دوشنبہ کے دن ہجرت کر کے مکہ سے چلے اور دوشنبہ کے دن آپکی وفات ہوئی زہری سے مروی ہے کہ رسول اللہؐ 12 ربیع الاول دوشنبہ کے دن مدینہ تشریف لائے۔

باب 4

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مدنی زندگی 1 ھجری

پہلا جمعہ

آپؐ نے تمام صحابہ کو جمعہ میں جمع کیا اسی دن آپؐ قبا سے مدینہ آنے کے لیے روانہ ہوئے آپؐ بنی سالم بن عوف کے پاس ان کی ایک دادی کے بطن میں پہنچے کہ نمازِ جمعہ کا وقت ہوگیا۔اس مقام پر اس روز ایک مسجد بنائی گئی اور یہ اسلام میں پہلا جمعہ ہے جو رسول اللہؐ نے ادا کیا۔آپ نے اس جمعہ میں خطبہ دیا اور یہی خطبہ ہے جو آپ نے مدینہ میں دیا۔

مدین میں آنحضرتؐ کا پہلا خطبہ

وہ خطبہ یہ ہے:۔

''تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں میں اس کی حمد کرتا ہوں اس سے مدد مانگتا ہوں،اس سے پردہ پوشی چاہتا ہوں اس پر ایمان رکھتا ہوں اس کا انکار نہیں کرتا بلکہ جو اس کا منکر ہے اس سے اپنی عداوت کا اعلان کرتا ہوں اور شہادت دیتا ہوں کہ اس کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور یہ کہ محمدؐ اس کا بندہ اور رسول ہے جسے اس نے ہدایت روشنی اور موعظہ دے کر بندوں کے واسطے مبعوث کیا ہے چونکہ بہت دنوں سے انبیاء کا آنا رک گیا تھا اور جہالت وگمراہی کا دور دورہ ہوگیا تھا اور اس لیے کہ اب زمانہ ختم ہورہا ہے آخرت کی گھڑی آیا چاہتی ہے اور وقت قریب آپہنچا ہے جس نے اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کی،وہ کامیاب ہوا اور جس نے ان کی نافرمانی کی وہ راہِ راست سے بھٹک گیا،وہ حد سے تجاوز کر گیا اور بہت دور غلط راستے پر چلا گیا میں تمہیں نصیحت کرتا ہوں کہ اللہ سے ڈرتے رہو یہ بہترین مشورہ ہے جو ایک مسلمان دوسرے مسلمان کو دے سکتا ہے کہ وہ اسے آخرت کے لیے عمل نیک پر برانگیختہ کرے اور اللہ کے خوف کو ہر وقت پیش نظر رکھنے کا حکم دے بس تم اللہ سے ڈرتے رہو جبکہ اس نے اپنے سے ڈرایا ہے اس سے بہتر نہ کوئی نصیحت ہے اور نہ مشورہ۔اللہ سے ڈرنے کے معنی یہ ہیں کہ تم صدق نیت سے آخرت کے لیے اللہ کے خوف کو پیش نظر رکھ کر نیک اعمال کرو اور جو شخص ظاہر و باطن میں حسنِ نیت کے ساتھ اللہ کی خوشنودی کے لیے عمل کرے گا،اللہ اسے دنیا میں اور مرنے کے بعد بھی یاد رکھے گا یہاں تک کہ قیامت برپا ہو۔جبکہ اس کے خلاف عمل کرنے والا چاہے گا کہ کاش اس کے اور اس کے برے عمل کے درمیان مسافت بعید ہوتی اللہ تم کو اپنے سے ڈراتا ہے اور وہ اپنے بندوں پر بڑا مہربان ہے قسم ہے اس ذات کی جس کا قول صادق

ہے، جو اپنے وعدے کو پورا کرتا ہے اور خلاف وعدہ نہیں کرتا۔ وہ فرماتا ہے ''بما یبدل القول لدی وما انا بظلام للعبید'' (ہمارے پاس وعدہ خلافی نہیں ہوتی اور ہم ہرگز بندوں پر ظلم نہیں کرتے) ظاہر و باطن میں اپنے دنیاوی اور دینی معاملات میں اللہ سے ڈرتے رہو، کیونکہ جو اس سے ڈرتا رہے گا وہ اس کی برائیوں کی اثر بد سے اس شخص کو محفوظ رکھے گا اور اسے بڑا اجر دے گا۔ جو اللہ سے ڈرتا رہا اس نے بڑی کامیابی حاصل کر لی۔ اللہ کا خوف اس کی دشمنی، عقوبت اور ناراضگی سے بچاتا ہے اللہ کے خوف سے چہرے نورانی ہو جاتے ہیں۔ رب راضی ہوتا ہے اور مرتبہ بلند ہوتا ہے۔ اپنی استطاعت کے مطابق عمل کرو اور اللہ کے خوف کے مقابلہ میں حد سے تجاوز کرو۔ اللہ نے اپنی کتاب نازل فرمائی ہے اور تمہارے لیے اپنا راستہ بتا دیا ہے تا کہ معلوم ہو جائے کہ کون سچے تھے اور کون جھوٹے؟ لہٰذا جیسا احسان اللہ نے تمہارے ساتھ کیا ہے ویسا ہی تقویٰ تم اختیار کرو۔ اس کے دشمنوں سے دشمنی کرو اور اس کی راہ میں نیک نیتی سے جہاد کرو اس نے تم کو اختیار کیا ہے اور تم کو مسلمان کیا ہے تا کہ اس حجت نبوت کے بعد اب جو برباد ہو سو برباد ہو اور جو زندہ رہے زندہ رہے۔ تمام قوت صرف اللہ کو حاصل ہے۔ اکثر اللہ کو یاد کرتے رہو آخرت کے لیے عمل کرو جو شخص اللہ سے اپنی بات بنا دے گا اللہ پھر سب میں اس کی بات بنا دے گا اور یہ اس لیے کہ اللہ کا فیصلہ لوگوں پر نافذ ہے۔ ان کی کوئی بات اس پر نہیں چلتی اور وہ تمام لوگوں کا مالک ہے۔ لوگ اس کے قطعی مالک نہیں۔ اللہ سب سے بڑا ہے اور تمام قوتیں صرف اللہ بزرگ کو حاصل ہیں۔''

ناقۂ رسولؐ

ابن اسحاق سے مروی ہے کہ نماز کے بعد رسول اللہؐ اپنی اونٹنی پر سوار ہو گئے آپ نے اس کی مہار چھوڑ دی جس انصاری کے گھر سے وہ گزرتی لوگ آپؐ کو اپنے یہاں فرد کش ہونے کی دعوت دیتے اور عرض کرتے کہ آپؐ ہمارے پاس فروکش ہوں ہماری تعداد بھی زیادہ ہے اور ہر طرح کی اسائش اور سامان راحت بھی مہیا ہے رسول اللہؐ فرماتے اس کی مہار چھوڑ دو یہ اونٹنی اللہ کی طرف سے مامور ہے اسی طرح ہوتے ہوتے وہ اونٹنی اس مقام پر آئی جہاں اب مسجد نبوی ہے اور مسجد کا جہاں اب دروازہ ہے وہاں بیٹھ گئی اور اس وقت وہ جگہ اونٹوں کا اصطبل تھا جو بنی نجار کے دو یتیم بچوں سہل اور سہیل کی جو عمرو بن عباد بن ثعلبہ بن غنم بن مالک بن نجار کے بیٹے اور معاذ بن عضراء کی تولیت میں زیر پرورش تھے ملکیت تھا، اونٹنی بیٹھ گئی مگر رسول اللہؐ نے اسے نہیں موڑا بلکہ وہ خود ہی مڑ کر پھر اس جگہ جہاں پہلے آ کر بیٹھی تھی واپس آئی اور بیٹھ گئی اور اس نے اپنے دونوں پچھلے پاؤں بھی جما دیئے تب رسول اللہؐ اترے۔ ابوایوبؓ نے آپ کی کاٹھی اتاری اور اسے اپنے گھر میں جا کر رکھ دیا تمام انصار نے آپؐ سے اپنے یہاں قیام کی استدعا کی۔ مگر آپؐ نے فرمایا کہ آدمی وہیں جہاں اس کا کجاوہ۔ اس طرح آپؐ ابوایوبؓ، خالد بن زید کلیب کے پاس بنی غنم بن نجار میں فروکش ہو گئے۔

مسجد نبویؐ

ابوجعفر کہتے ہیں کہ رسول اللہؐ نے پوچھا کہ یہ اونٹوں کا باڑہ کس کا ہے؟ معاذ بن عضراء نے آپؐ سے کہا کہ یہ دو یتیموں کا ہے جو میرے زیر تربیت ہیں میں ان کو راضی کرلوں گا۔ تب رسول اللہؐ نے حکم دیا کہ مسجد بنائی جائے۔ اور آپؐ اپنی مسجد اور مکانات بننے تک ابوایوب کے پاس مہمان رہے۔ یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ مسجد کی زمین کو آپؐ نے خرید لیا اور پھر مسجد بنائی۔ مگر ہمارے نزدیک صحیح بات وہ ہے جو انس بن مالک سے مروی ہے کہ مسجد نبوی کی زمین بنی نجار کی تھی اس میں کھجور کے درخت کھیتی اور کچھ قبریں تھیں۔ رسول اللہؐ نے ان سے کہا کہ قیمت لے کر یہ جگہ مجھے دے دی جائی انہوں نے کہا سوائے اللہ کی خوشنودی کے ہم اس کی کوئی قیمت نہیں چاہتے۔ تب رسول اللہؐ نے حکم دیا کہ کھجوریں قطع کردی جائیں۔ چنانچہ کھجوریں کاٹ دی گئیں، کھیتی برباد کی گئی اور قبروں کو اکھاڑ دیا گیا۔ مسجد کی تعمیر سے قبل بھیڑوں کے باڑے میں یا جہاں نماز کا وقت آجاتا تھا وہیں نماز پڑھ لیتے تھے۔ ابوجعفر کہتے ہیں کہ اب مسجد کی تعمیر کا کام خود رسول اللہ نے اور آپؐ کے تمام صحابہ مہاجرین وانصار نے اپنے ذمہ لے لیا۔

بی بی عائشہ بنتِ ابوبکر

اس سال بعض راویوں کے بیان کے مطابق مدینہ آنے کے اٹھارہ ماہ بعد ذی القعدہ میں رسول اللہؐ، عائشہ کے ساتھ شب باش ہوئے۔ بعض کہتے ہیں کہ مدینہ آنے کے سترہ ماہ بعد ماہِ شوال میں رسول اللہؐ، عائشہ کے ساتھ شب باش ہوئے۔ ہجرت سے تین سال قبل مکہ میں حضرت خدیجہؓ کی وفات کے بعد رسول اللہؐ کا نکاح عائشہ سے ہوگیا تھا اس وقت ان کی عمر چھ سال تھی۔ سات سال بھی بیان کی گئی ہے۔ بی بی عائشہ ہی سے مروی ہے کہ رسول اللہؐ نے شوال میں مجھ سے نکاح کیا۔ شوال ہی میں مجھ سے ہم بستر ہوئے اور کسی آپ کی بیوی کو مجھ سے زیادہ آپ سے تمتع کرنے کا موقعہ نہیں ملا۔

باب 5

جنگِ بدر 1 ھجری

ابوتراب کا لقب

عمار بن یاسر سے مروی ہے کہ غزوہ ذات العشیرہ میں حضرت علیؑ اور میں رسول اللہؐ کے ہمراہ تھے۔ہم نے ایک مقام پر پڑاؤ کیا وہاں ہم نے بنی مدلج کے کچھ آدمیوں کو ایک نخلستان میں کھیتی باڑی کرتے دیکھا میں نے حضرت علیؑ سے کہا کہ آؤ ذرا چل کر دیکھیں کہ یہ کیونکر کاشت کاری کرتے ہیں۔ہم وہاں گئے تھوڑی دیر ہم دیکھتے رہے ہمیں نیند آنے لگی تو ہم کھجور کے ایک درخت کے سایہ میں جا کر نرم زمین پر سو گئے۔ہم سو رہے تھے کہ خود رسول اللہؐ نے وہاں آ کر ہمیں بیدار کیا۔زمین پر سونے کی وجہ سے ہم خاک آلود ہو گئے تھے آپ نے حضرت علیؑ کو ان کا پاؤں پکڑ کر ہلایا اور فرمایا اے ابوتراب! اٹھو، کیا میں تم کو ان کی خبر نہ دوں جو سب لوگوں سے شقی انسان ہیں ۔قوم ثمود کا احمر (سرخ رنگ والا) جس نے اونٹنی کی کونچیں کاٹی تھیں اور وہ تمہیں یہاں تلوار مارے گا یعنی تمہارے فرق پر اور اس کو (آپ کی ڈاڑھی پر ہاتھ رکھا) اس سے خضاب کرے گا۔

ایک مرتبہ سہک بن سعد سے کسی نے کہا کہ مدینہ کے چند امراء چاہتے ہیں کہ تم علیؑ کو مدینہ کے منبر پر جا کر گالیاں دو۔اس نے کہا میں ان کے متعلق کیا کہوں۔اس شخص نے کہا تم ان کو ابوتراب کہو۔سہل بن سعد نے کہا یہ تو خود رسول اللہؐ نے ان کو لقب دیا تھا۔اس نے پوچھا ابوالعباس کیونکر؟ اس نے کہا ایک مرتبہ حضرت علیؑ جناب فاطمہؑ کے پاس گئے اور وہاں سے برآمد ہو کر مسجد کے زیر سایہ لیٹ گئے۔ان کے بعد رسول اللہؐ فاطمہؑ کے پاس تشریف لائے اور پوچھا تمہارے ابن عم کہاں ہیں؟ انہوں نے کہا وہ دیکھیے مسجد میں لیٹے ہوئے ہیں رسول اللہؐ مسجد میں ان کے پاس آئے دیکھا کہ چادر پیٹھ سے اتر گئی ہے اور مٹی لگ گئی ہے آپ خود ان کی پشت سے مٹی صاف کرنے لگے اور فرمانے لگے اے ابوتراب! بیٹھ جاؤ۔اس طرح یہ لقب خود رسول اللہؐ نے انکو دیا تھا اور خود علیؑ اس لقب کو سب ناموں سے زیادہ پسند کرتے تھے۔

اس سال ماہ صفر کی چند راتیں باقی تھیں کہ حضرت علی بن ابی طالبؑ کی شادی جناب فاطمہ اسلام اللہ سے ہوئی۔

قبلہ کی تبدیلی

ہجرت کے دوسرے سال ماہِ شعبان میں اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کے قبلہ کو شام کی سمت سے کعبہ کی طرف

بدل دیا۔وقت تبدیلی میں علماءسلف کا اختلاف ہے مگر جمہور کا خیال یہ ہے کہ ہجرت کے اٹھارہویں ماہ نصف شعبان میں یہ تبدیلی عمل میں آئی۔ابن مسعود اور دوسرے صحابہ رسول اللہؐ سے مروی ہے کہ پہلے مسلمان بیت المقدس کی سمت نماز پڑھتے تھے جب نبی کریمؐ کو ہجرت کر کے مدینہ آئے ہوئے اٹھارہ ماہ گزرے۔آپؐ نماز میں حکم کے انتظار میں آسمان کی طرف نظر اٹھاتے تھے جب کہ آپؐ بیت المقدس کی طرف نماز پڑھا کرتے تھے تو کعبہ بیت المقدس کی بجائے قبلہ ہو گیا۔چونکہ خود نبی کریمؐ چاہتے تھے کہ کعبہ کی سمت نماز پڑھیں تو اس وقت اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی ''قدنریٰ تقلب وجهك فی السمآء'' آخر آیت تک (بے شک ہم نے دیکھا کہ تم آسمان کی طرف منہ اٹھائے منتظر ہو)۔

ابن اسحاق کی روایت

ابن اسحاق سے مروی ہے کہ مدینہ آنے کے اٹھارہ ماہ بعد شعبان میں قبلہ بدل دیا گیا واقدی سے بھی یہی مذکور ہے وہ کہتے ہیں کہ پندرہ شعبان بروز منگل بوقت ظہر یہ تبدیلی عمل میں لائی گئی۔ابوجعفر کہتے ہیں کہ دوسرے ارباب سیر کہتے ہیں کہ ہجرت کے سولہ ماہ بعد قبلہ تبدیل ہوا۔

روزے اور فطرانے کا حکم

اس سال ماہِ رمضان کے روزے فرض کیے گئے ہیں اور اسی سال مسلمانوں کو زکوٰۃ فطرہ کا حکم ہوا۔بیان کیا گیا ہے کہ آپؐ نے عید فطر سے ایک یا دو دن پہلے مسلمانوں کو خطاب کیا اور فطرے کا حکم دیا۔اس سال آپؐ نماز عید کے لیے شہر سے باہر عیدگاہ تشریف لے گئے۔اسی سال لوگ آپؐ کے لیے بھالا (وہ ڈنڈا جس کے نیچے پھل لگا ہو) لے گئے اور آپؐ نے اس کی سمت کھڑے ہو کر نماز پڑھی۔یہ بھالا زبیرؓ بن عوام کا تھا جو نجاشی نے اسے دیا تھا۔اس کے بعد تمام عیدوں میں یہ آپؐ کے لیے عیدگاہ لے جایا جاتا تھا۔جہاں تک ہمیں معلوم ہے یہ اب بھی مدینہ میں مؤذنوں کے پاس ہے۔

19 رمضان کے متعلق روایات

اس سال کے ماہ رمضان میں کفار قریش اور رسول اللہؐ کے درمیان بدر کی مشہور لڑائی ہوئی۔بعض نے کہا ہے کہ 19 رمضان کو یہ واقعہ ہوا۔ابن مسعود سے مروی ہے کہ 19 رمضان میں تلاش کرو کیونکہ یہی بدر کی رات ہے۔عبداللہ سے مروی ہے کہ لیلۃ القدر کو 19 رمضان میں تلاش کرو کیونکہ اسی کی صبح کو جنگ بدر ہوئی۔

17 رمضان کے متعلق روایات

دوسرے راوی کہتے ہیں کہ بدر کی لڑائی جمعہ کے دن سترھویں رمضان صبح کو ہوئی۔عبداللہ بن مسعود سے مروی ہے انہوں نے کہا ۔لیلۃ القدر کو سترھویں رات میں تلاش کرو اور ہ آیت پڑھی۔''یَوۡمِ الۡتَقَی الۡجَمۡعٰنِ''اور یہ بدر کی صبح ہے پھر کہا کہ یا 19 کو اور یا 21 کو تلاش کرو۔عبداللہ سے مروی ہے کہ جنگ بدر رمضان کی 19 کو ہوئی۔واقدی کہتے ہیں میں نے یہ بات محمد بن صالح سے کہی وہ کہنے لگے کہ یہ بڑے تعجب کی بات ہے کہ تم ایسا کہتے ہو میرا خیال ہے کہ کسی شخص کو اس بات میں شک نہیں کہ جنگ بدر 17 رمضان جمعہ کی صبح کو ہوئی اور میں نے عاصم بن عمر بن قتادہ اور یزید بن رمضان کو بھی یہ کہتے سنا ان اشخاص کے نام لینے کی بھی ضرورت نہیں تھی۔اس بات کو گھر میں بیٹھنے والی عورتیں جانتی ہیں۔حسن بن علی بن ابی طالبؑ فرماتے تھے لیلۃ الفرقان یوم التقی الجمعان رمضان کی سترہ ہے۔

حضرت علیؑ کی روایت

علیؑ سے مروی ہے کہ جب ہم مدینہ میں آئے اس کے پھلوں سے ہماری طبیعتیں خراب ہوگئیں گرمی اور حبس سے تکلیف ہوئی۔رسول اللہؐ بدر کی خبر معلوم کرتے رہتے تھے۔جب ہمیں اطلاع ملی کہ مشرکین بڑھ آئے ہیں۔آپؐ بدر کو چلے یہ ایک کنواں تھا مگر ہم مشرکین سے پہلے وہاں پہنچ گئے۔وہاں ہمیں دو آدمی ملے ان میں ایک قریش کا اور دوسرا عقبہ بن ابی محیط کا غلام تھا۔قریشی تو بھاگ گیا البتہ عقبہ کے غلام کو ہم نے پکڑ لیا۔ہم نے اس سے دشمن کی تعداد دریافت کی۔اس نے کہا بخدا ان کی تعداد بہت بڑی ہے اور ان کی قوت وشوکت بہت زیادہ ہے اس پر مسلمانوں نے اسے پیٹا اور رسول اللہؐ کی خدمت میں لائے آپؐ نے اس سے دشمن کی تعداد پوچھی اسے کہا کہ ان کی تعداد بہت زیادہ ہے اور وہ بڑی شوکت طاقت رکھتے ہیں رسول اللہؐ نے ہر چند اس سے انکی صحیح تعداد دریافت کی مگر اس نے نہ بتائی تو آپؐ نے پوچھا اچھا یہ بتاؤ کہ وہ کتنے اونٹ ذبح کرتے ہیں اس نے کہا روزانہ دس۔رسول اللہؐ نے فرمایا کہ دشمن کی تعداد ایک ہزار ہے۔

اصحاب بدر کی تعداد

بعض نے کہا کہ وہ تین سو تیرہ تھے۔براء سے مروی ہے جنگِ بدر میں اسی قدر آدمی تھے جتنے طالوت کے ساتھ تھے۔جنہوں نے دریا کو عبور کیا تھا۔یعنی تین سو تیرہ۔ابن عباس سے مروی ہے کہ جنگِ بدر میں ستتر مہاجرین اور دوسو چھتیس انصاری تھے رسول اللہؐ کے علمبردار علی بن ابی طالبؑ تھے اور انصار کا علم سعد بن عبادہ کے پاس تھا۔

حکیم بن حزام اور ابوجہل

سعید بن مسیب سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ ہم مروان بن حکم کے پاس بیٹھے تھے کہ اس کے دربان نے آ کر کہا کہ ابوخالد حکیم بن حزام ملاقات کے لیے حاضر ہے۔ مروان نے کہا آنے دو، حکیم بن حزام دربار میں آیا۔ مروان نے اسے خوش آمدید کہا اور قریب بلایا پھر مروان اس کی خاطر صدر مجلس سے ہٹ گیا اور گاؤ تکیہ دونوں میں حائل ہو گیا مروان نے اس کی طرف توجہ کی اور کہا کہ بدر کا واقعہ سنایئے۔ اس نے کہا مکہ سے چل کر جب ہم جحفہ پہنچے۔ قریش کا ایک قبیلہ ہمارا ساتھ چھوڑ کر واپس چلا گیا۔ اس قبیلہ کے مشرکین میں سے ایک بھی جنگ بدر میں شریک نہیں ہوا۔ پھر ہم وہاں سے بڑھ کر وادی کے اس کنارے فروکش ہوئے جس کا اللہ نے ذکر فرمایا ہے میں عتبہ بن ربیعہ کے پاس گیا اور میں نے کہا اے ابوالولید! کیا تم اس بات کو پسند نہیں کرو گے کہ آج کی نیک نامی کا سہرا عمر بھر کے لیے تمہارے سر ہو۔ اس نے کہا میں اس کے لیے تیار ہوں وہ کیا بات ہے؟ میں نے کہا تم صرف ابن حضرمی کے خون کا بدلہ محمدؐ سے لینا چاہتے ہو وہ تمہارا حلیف تھا تم اس کی دیت سے درگزر کرو اور یہاں سے سب کو لے کر پلٹ جاؤ۔ عتبہ نے کہا میں اس کے لیے تیار ہوں مگر تم ہی اس کی کوئی راہ نکالو۔ ابن حنظلیہ یعنی ابوجہل کے پاس جاؤ اور کہو تمہارے لیے یہی مناسب ہے کہ تم اپنی ساری جماعت کو آج اپنے ابن عم کے مقابلہ سے ہٹا لو۔ میں ابوجہل کے پاس آیا اور اس سے کہا عتبہ بن ربیعہ نے تم سے کہا ہے کہ مناسب یہی ہے کہ آج تم اپنے تمام ساتھیوں کو لے کر اپنے ابن عم کے مقابلہ سے ہٹ جاؤ۔ ابوجہل نے کہا کیا اسے تمہارے سوا کوئی اور قاصد اس پیغام رسانی کے لیے نہیں ملا سکا۔ میں نے کہا جی ہاں اور میں بھی اس کے سوا اور کسی کا قاصد نہیں بن سکتا تھا۔ میں اس کے پاس سے نکل کر دوڑتا ہوا عتبہ کے پاس چلا آیا۔ اتنے میں ابوجہل جس کے چہرے سے بدی نمایاں تھی۔ وہاں آیا اس نے عتبہ سے کہا کہ تیری ہوا نکل گئی ہے۔ عتبہ نے کہا کہ بہت جلد تم کو معلوم ہو جائے گا۔ ابن اصحاق کے سلسلہ بیان کے مطابق عتبہ بن ربیعہ نے کھڑے ہو کر اپنی قوم میں تقریر کی اور کہا اے گروہ قریش! محمدؐ اور اس کے ساتھیوں سے لڑ کر تم کو کیا مل جائے گا اگر تم نے ان کو مار بھی لیا تو ہمیشہ تمہارا ایک شخص دوسرے کو اس لیے بنظرِ کراہت دیکھے گا کہ اس نے اپنے کسی بھتیجے بھانجے یا عزیز قریب کو قتل کیا ہوگا۔ تم واپس چلو۔ محمدؐ اور تمام عرب کو نپٹنے کے لیے چھوڑ دو۔ اگر انہوں نے اسے مار دیا تو فہوالمراد۔ اور اگر اس کے خلاف ہوا تو اس کا فائدہ تم کو بھی ہوگا۔ اس لیے اب تم خود اس کے مقابلہ پر کچھ نہ کرو۔

ابوجہل نے عامر بن حضرمی کو بلا بھیجا اور اس سے کہا دیکھو تمہارا حلیف سب کو واپس لے جانا چاہتا ہے۔ حالانکہ تمہارے بھائی کے انتقام لینے کا موقع تمہارے سامنے ہے۔ عامر اٹھا اور صف سے نکل کر اے میرا عمر! اے میرا عمر کا واویلا کیا تو جنگ چھڑ گئی بات بگڑ گئی اور سب کے سب انتقامی جنگ کے لیے آمادہ ہو گئے اور عتبہ نے جو مشورہ دیا تھا اس کو ردکر دیا گیا۔

اسود بن عبدالاسد کا قتل

اسود بن عبدالاسد جو ایک تند خو آدمی تھا فوج سے برآمد ہوا اور کہنے لگا میں اللہ کے سامنے عہد کرتا ہوں کہ ان کے حوض کا پانی پیئوں گا اور اسے منہدم کر دوں گا یا اپنی جان دے دوں گا۔اس کے مقابلہ کے لیے حمزہ بن عبدالمطلبؑ بڑھے۔مقابلہ ہوتے ہی حمزہؑ نے تلوار کے وار سے نصف ساق سے اس کا پاؤں قطع کر دیا۔اور وہ منہ کے بل گر پڑا۔

عتبہ،شیبہ اور ولید کا خاتمہ

اس کے بعد عتبہ بن ربیعہ اپنے بھائی شیبہ اور بیٹے ولید بن عتبہ کے ساتھ جن کے بیچ میں وہ تھا۔میدان کا رزار میں آیا اور اپنی صف سے برآمد ہو کر اسنے مبارزت طلبی کی۔اس کے مقابلہ میں انصار کے تین جوانمرد عوف،معوذ اور عبداللہ بن رواحہ نکلے۔قریش نے ان سے پوچھا کہ تم کون ہو؟انہوں نے کہا ہم انصار ہیں۔قریش نے کہا ہمیں تمہاری ضرورت نہیں۔پھر ان میں سے ایک نے آواز دی اے محمدؐ!ہمارے مقابلہ پر ہمارے برابر کے ہم قوم لوگوں کو بھیجو۔

رسول اللہؐ نے فرمایا کہ اے حمزہ عبدالمطلبؑ تم جاؤ،اے عبیدہ بن حارث تم جاؤ،اے علی بن ابی طالب تم جاؤ۔جب یہ تینوں حضرات نکلے تو قریش نے پوچھا کہ تم کون ہو؟انہوں نے فرداً فرداً اپنا نام بتایا۔قریش نے کہا بے شک تم ہمارے برابر ہو۔عبیدہ بن حارث کا عتبہ سے،حمزہؑ کا شیبہ سے اور علی کا مقابلہ ولید سے ہوا۔حمزہؑ اور علیؑ نے تو سامنا ہوتے ہی اپنے حریفوں کو فوراً وقت کر دیا۔البتہ عبیدہ اور عتبہ نے ایک ساتھ ایک دوسرے پر تلوار کا وار کیا جس سے دونوں اپنی اپنی جگہ ناکارہ اور بے دم ہو گئے مگر اتنے میں حمزہؑ اور علیؑ نے پلٹ کر ایک ساتھ عتبہ پر تلواریں ماریں اور اسے قتل کر دیا اور اپنے ساتھی عبیدہ کو اپنی فوج میں اٹھا لائے ان کا پاؤں قطع ہو گیا تھا اور نلی کا گودا بہہ رہا تھا۔جب ان کو رسول اللہ کی خدمت میں پیش کیا گیا انہوں نے عرض کیا اے رسول اللہ! کیا میں شہید نہیں ہوں۔آپؐ نے فرمایا بے شک تم شہید ہو۔عبیدہ نے کہا اگر ابوطالبؑ زندہ ہوتے تو ان کو معلوم ہوتا کہ ان کے اس شعر کا صحیح مصداق میں ہوں۔

ونسلمه حتى نصرع حوله

ونذهل عن ابناء نا والحلائل

تاوقتیکہ ہم اس کی حمایت میں قتل نہ ہو جائیں اور اپنے اہل وعیال کو بھول نہ جائیں ہم کبھی اسے بے یارومددگار نہ چھوڑیں گے۔اس کے بعد فریقین نے ایک دوسرے پر یورش کر دی اور مل جل گئے۔رسول اللہؐ نے

مٹھی بھر کنکریاں اٹھائیں ان کو لے کر آپؐ قریش کے سامنے کھڑے ہوئے اور فرمایا ''شاہت الوجوہ'' (یہ چہرے رسوا اور ذلیل ہوئے) پھر کنکریوں پر دم کر کے قریش کی طرف پھینکا اور صحابہ سے فرمایا اب حملہ کرو، حملہ کرتے ہی قریش نے شکست کھائی۔ اللہ نے قریش کے بڑے بڑے سرداروں کو قتل کر دیا اور ان میں سے بہت سے قید کر لیے گئے۔

جنگِ بدر میں ملائکہ کی شرکت

ابن عباس سے مروی ہے کہ بدر کے دن ملائکہ کی شان یہ تھی کہ انہوں نے سفید عمامے باندھ رکھے تھے۔ جن کے شملے پیچھے پڑے ہوئے تھے۔ اور جنگ حنین میں انہوں نے سرخ عمامے باندھ رکھے تھے مگر بدر کے علاوہ اور کہیں ملائکہ نے خود لڑائی میں حصہ نہیں لیا۔

آنحضرتؐ کا مقتولین سے خطاب

انس بن مالک سے مروی ہے کہ صحابہ نے وسط شب میں رسول اللہؐ کو یہ کہتے ہوئے سنا۔ اے کنویں والو! اے عتبہ بن ربیعہ، اے بیبہ بن ربیعہ، اے امیہ بن خلف، اے ابوجہل بن ہشام اسی طرح آپؐ نے ان تمام مقتولین کے نام لیے جو اس کنویں میں ڈالے گئے تھے پھر فرمایا جو وعدہ تمہارے رب نے تم سے کیا تھا کیا اسے تم نے درست پایا۔ بے شک جو وعدہ میرے رب نے ۔۔۔۔۔ مجھ سے کیا تھا اسے تو میں نے سچا پایا ہے۔ صحابہ نے آپؐ سے کہا اے رسول اللہ! آپ ایسے مردوں کو پکارتے ہیں جو سڑ گل گئے ہیں آپؐ نے فرمایا جو کچھ میں کہتا ہوں اسے تم ان سے کچھ زیادہ نہیں سنتے البتہ ان میں جواب دینے کی استطاعت نہیں۔

مالِ غنیمت جمع کرنے کا حکم

اس کے بعد آپؐ نے حکم دیا کہ دشمن کی فردگاہ میں جو کچھ ملے اسے جمع کر لیا جائے جب اسے جمع کر دیا گیا تو اس بارے میں مسلمانوں میں اختلاف ہوا۔ جنہوں نے جمع کیا تھا وہ مدعی ہوئے کہ خود ہی سب لے لیں دے۔ مگر اس پر ان لوگوں نے جو دشمن سے لڑ رہے تھے اور انہیں تلاش کر کے قید کر رہے تھے کہا کہ اگر ہم نہ ہوتے تو یہ مال تمہارے قبضہ میں آ ہی نہیں سکتا تھا۔ ہم نے دشمن کو اپنے سے مصروف پیکار کر کے تم کو یہ موقعہ دیا ہے کہ تم نے غنیمت حاصل کی پھر ان لوگوں نے جو دشمن کی یورش کے خوف سے اس اثنا میں رسول اللہؐ کی نگہبانی کرتے رہے تھے کہا کہ اس مال کا ہمارے مقابلہ میں تم میں سے کوئی زیادہ مستحق نہیں ہے جب اللہ نے ہم کو فتح دی اور انہوں نے ہماری طرف پشت پھیر دی تو یہ بات ہمارے بالکل قبضہ میں تھی چونکہ اس کا کوئی بچانے والا نہ تھا۔ ہم آسانی سے اس سب پر قبضہ کر لیتے مگر اس اندیشہ سے کہیں دشمن رسول اللہؐ پر نہ پلٹ پڑے ہم آپؐ کی حفاظت کے لیے آپؐ کے پاس

ٹھہرے رہے اس لیے تم میں سے کوئی بھی ہم سے زیادہ اس مال کا مستحق نہیں ہوسکتا۔

سُورۂ انفال کی تفسیر

ابوامامہ باہلی سے مروی ہے کہ میں نے عبادہ بن صامت سے انفال کی تفسیر پوچھی تو انہوں نے کہا کہ یہ آیت ہم اہلِ بدر کے متعلق نازل ہوئی جب مال غنیمت کے متعلق ہم میں سخت اختلاف ہو گیا اور نوبت بداخلاقی تک پہنچ گئی تو اللہ نے اسے ہم سے چھین کر رسول اللہؐ کو دے دیا اور رسول اللہؐ نے اسے تمام مسلمانوں میں علی السویہ تقسیم کر دیا اور اس میں اللہ کا تقویٰ اس کے رسولؐ کی فرمانبرداری اور آپس کے تعلقات کی اصلاح تھی۔

مقتولین اور اسیران بدر کی تعداد

رسول اللہؐ کے ساتھ مشرکین کے قیدی بھی تھے ان کی تعداد چوالیس تھی۔ اور اسی قدر مشرک مارے گئے تھے۔ عمر بن خطاب سے مروی ہے کہ بدر کے دن فریقین کا مقابلہ ہوا تو اللہ نے مشرکین کو شکست دی ان کے ستر آدمی مارے گئے اور ستر ہی اسیر کر لیے گئے۔

شہداء بدر کی تعداد:

ابوجعفر کے بیان کے مطابق مسلمانوں میں سے کل چودہ آدمی شہید ہوئے ان میں چھ مہاجر اور آٹھ انصاری تھے۔

یہودیوں کا حسد

ابوجعفر کہتے ہیں کہ بدر سے واپس آ کر آپؐ مدینہ میں قیام پذیر ہوئے۔ جب آپؐ ہجرت کر کے مدینہ آئے تھے تو آپؐ نے یہودیوں سے اس شرط پر کہ وہ آپؐ کے برخلاف کسی کی اعانت نہیں کریں گے اور اگر کوئی دشمن آپؐ پر چڑھائی کرے گا تو وہ آپؐ کی نصرت کریں گے، معاہدہ صلح کیا تھا۔ مگر جب آپؐ نے بدر میں قریش کے اس قدر مشرکین کو قتل کیا تو یہودیوں نے اپنے حسد اور رنج کا اظہار کیا اور کہنے لگے کہ محمدؐ کو لڑنے والوں سے سابقہ نہیں پڑا اگر ہم سے مقابلہ ہوتا تو ان کو معلوم ہو جاتا انہوں نے معاہدہ کی خلاف ورزی بھی کی۔

باب 6

یہود مدینہ

غزوہ بنی قینقاع

محمد بن اسحاق سے مروی ہے کہ رسول اللہؐ نے بنی قینقاع کو ان کے بازار میں جمع کر کے کہا۔ ''یہودیو! اللہ سے ڈرو کہ کہیں وہ تم کو بھی ایسی سزا نہ دے جیسی کہ اس نے قریش کو دی ہے۔ تم اسلام لاؤ، تم جانتے ہو کہ میں نبی مرسل ہوں۔ جس کا ذکر خود تمہاری کتابوں میں اور اس میثاق میں ہے جو اللہ تم سے لیا تھا۔'' یہود نے کہا ''اے محمدؐ! تم ہم کو بھی اپنی قوم ایسا سمجھتے ہو تم ایسے لوگوں کے مقابلہ میں گئے جو لڑائی سے بالکل واقف نہ تھے کہ تم نے موقع پا کر ان کو زیر کر لیا۔ اپنی کامیابی سے دھوکہ میں نہ پڑو۔ نجدا اگر تم ہم سے لڑے تو تم کو معلوم ہو جائے گا کہ ہم مرد اہل نبرد ہیں۔''

نبو قنقاع کا محاصرہ

یہ غزوہ شوال 2ھ میں ہوا جب جبرئیلؑ یہ آیت ''واما تخافن من قوم خیانۃ فانبذ الیہم علی سواء'' (اگر تم کو کسی قوم کی خیانت کا اندیشہ ہو تو تم بھی ان کے ساتھ وہی کرو) رسول اللہؐ پر لے کر نازل ہوئے تو آپؐ نے فرمایا کہ مجھے بنی قینقاع سے اس بات کا اندیشہ ہے۔ آپؐ نے پندرہ شب ان کا محاصرہ رکھا۔ اس اثناء میں ان کا کوئی آدمی مقابلہ پر برآمد نہ ہوا پھر انہوں نے رسول اللہ کے حکم پر ہتھیار رکھ دیے اور اپنے آپ کو ان کے حوالے کر دیا۔ ان سب کی مشکیں باندھ دی گئیں۔ پھر آپؐ نے ان کو جلاوطن کر دیا اور ان کی املاک کو بطور غنیمت مسلمانوں میں تقسیم کر دیا۔ آپؐ کو ان کے پاس سے اسلحہ اور آلات کشاورزی کی ایک بڑی مقدار ہاتھ لگی۔

مال غنیمت کا پہلا خمس

ابوجعفر نے کہا ہے کہ اسی غزوہ میں اسلام میں پہلا خمس نکالا گیا۔ اس موقع پر آپؐ نے اپنا خاص حصہ لیا۔ خمس لیا اور عام حصہ لیا۔ بقیہ حصوں کو صحابہ میں تقسیم کر دیا۔ آپؐ مدینہ واپس آئے تو عید قربان آ گئی۔ آپؐ نے اور خوشحال صحابہ نے ذوالحج کی دسویں تاریخ کو قربانی کی۔ آپ صحابہ کے ساتھ عیدگاہ میں آپؐ نے عید کی پہلی نماز پڑھائی۔ عید کی یہ پہلی نماز ہے جو آپؐ نے مدینہ میں صحابہ کو پڑھائی اور وہیں عیدگاہ میں آپؐ نے دو بکریاں یا ایک

بکری ذبح کی۔

عثمان بن مظعون کی وفات

اس سال یعنی 2ھ کے ماہ ذی الحجہ میں عثمان بن مظعون کا انتقال ہوا۔رسول اللہؐ نے ان کو بقیع میں دفن کیا۔اوران کے سرہانے علامت کے طور پر ایک پتھر نصب کیا۔

اور بیان کیا گیا ہے کہ اس سال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خون بہا لکھے اور یہ تحریر آپؐ کی تلوار میں لگی ہوئی تھی۔

باب 7

جنگِ اُحد 3 ھجری

جنگِ اُحد

واقعہ بدر اور اس میں قریش کے اشراف اور رؤسا کا قتل جنگِ اُحد کا باعث ہوا۔ قریش پوری طرح تیار ہو کر مکمل ساز و سامان کے ساتھ جیوش، بنی کنانہ اور اہل تہامہ کے ساتھ جنگ کے لیے چلے۔ انہوں نے اپنی عورتوں کو بھی اس خیال سے کہ ان کی موجودگی میں وہ زیادہ حمیت اور غیرت سے لڑیں گے اور بھاگیں گے نہیں اپنے ساتھ لے لیا۔ ابوسفیان بن حرب امیر جماعت نے ہند بنت عتبہ کو (اور دیگر مشرکین نے اپنی عورتوں کو ساتھ لیا)۔

ہند بنتِ عتبہ اور حبشی

ہند کا یہ حال تھا کہ جب وہ حبشی کے پاس سے گزرتی یا وہ اس کے پاس سے گزرتا تو کہتی اے ابودسمہ! تو میرا دل ٹھنڈا کر اور اپنا دل بھی ٹھنڈا کر۔

مسلمانوں کا بیرون مدینہ مُلافعت پر اِصرار

قریش احد پہاڑ میں بدھ کے دن آ کر اترے تھے وہ اس دن جمعرات اور جمعہ وہیں ٹھہرے رہے۔ نماز جمعہ پڑھ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کے مقابلہ پر بڑھے۔ صبح آپ نے احد کی گھاٹی میں کی اور سنیچر کے دن نصف شوال میں جنگ اُحد ہوئی۔

مسلمانوں اور کفار کی تعداد

واقدی کا بیان ہے کہ مقام شیخین سے عبداللہ بن ابی تین سو آدمیوں کے ساتھ رسول اللہؐ کا ساتھ چھوڑ کر پلٹ گیا۔ اب رسول اللہؐ کے ساتھ ساتھ سو مسلمان رہ گئے اور مشرکین تین ہزار تھے۔ ان میں دو سو سوار اور پندرہ عورتوں کے محمل تھے ان میں سات سو زرہ پوش تھے اور ان کے مقابلہ میں صرف سو مسلمان زرہ پوش تھے اور ان کے ساتھ صرف دو گھوڑے تھے۔ ایک رسول اللہؐ کا اور ایک ابو بردہ حارث کا۔

حضرت علیؑ اور طلحہ بن عثمان کا مقابلہ

سدی سے مروی ہے کہ احد میں رسول اللہؐ مشرکین کے مقابلہ میں برآمد ہوئے۔ آپ کے حکم سے تیر انداز

پہاڑ کی جڑ میں مشرکین کے رسالہ کے مواجہ میں کھڑے ہوئے آپؐ نے ان کو ہدایت کر دی کہ تم اپنی جگہ سے کسی وقت بھی نہ ہٹنا۔ چاہے تم ہم کو ان پر فتح یاب ہوتا ہوا دیکھو، کیونکہ جب تک تم اپنی جگہ کھڑے رہو گے، ہم غالب رہیں گے۔ آپؐ نے عبداللہ بن جبیر کو ان تیراندازوں کا سردار مقرر فرمایا تھا۔ اب طلحہ بن عثمان مشرکوں کے علمبردار نے میدان میں نکل کر کہا:۔

''اے محمدؐ کے ساتھیو! تمہارا یہ دعوٰی ہے کہ اللہ ہم کو تمہاری تلواروں کے ذریعہ بہت جلد دوزخ میں لے جائے گا اور تمہیں ہماری تلواروں کے ذریعہ فوراً جنت میں داخل کر دے گا لہذا کوئی مرد میدان ہے جسے اللہ میری تلوار سے فوراً جنت میں لے جائے یا اس کی تلوار سے مجھے دوزخ دکھائے۔''

علیؑ بن ابی طالب کھڑے ہوئے اور فرمایا

''قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے اس وقت تک تجھے نہیں چھوڑوں گا جب تک کہ اپنی تلوار سے تجھے جہنم واصل نہ کروں یا تیری تلوار سے خود جنت میں نہ جاؤں۔''

حضرت علیؑ نے تلوار کے ایک ہی وار سے اس کا پاؤں کاٹ دیا وہ اس طرح گرا کہ اس کی شرمگاہ کھل گئی کہنے لگا اے میرے بھائی تجھے اللہ اور اپنی قرابت کا واسطہ مجھے نہ مارو۔ حضرت علیؑ نے اسے چھوڑ دیا۔ رسول اللہؐ نے تکبیر کہی اور صحابہؓ نے حضرت علیؑ سے اس کا کام تمام نہ کرنے کی وجہ پوچھی تو حضرت علیؑ نے فرمایا۔ ''اس نے اللہ اور قرابت کا واسطہ دیا تو مجھے شرم آ گئی۔''

اب عام جنگ شروع ہوئی اور بہت گرما گرم جنگ ہوئی۔ ابو دجانہ، حمزہ بن عبدالمطلب اور ن حضرت علی بن ابی طالب کچھ مسلمانوں کے ساتھ مل کر دشمنوں میں گھس گئے۔ اللہ نے اپنی نصرت نازل کی اور جو وعدہ کیا تھا اسے ایفا کیا۔ ان حضرات نے تلواروں پر مشرکین کو رکھ لیا اور سامنے سے مار بھگایا اور بلاشبہ ان کو شکست ہو گئی۔

آنحضرتؐ کے متعلق افواہ

زبیرؓ سے مروی ہے کہ جب ہم نے دشمن کو مقابلہ سے مار بھگایا، تو ہمارے تیرانداز لوٹنے کے لیے فرودگاہ میں چلے آئے اور انہوں نے دشمن کے رسالہ کے لیے ہمارے عقب کو غیر محفوظ چھوڑ دیا۔ چنانچہ دشمن کے رسالہ نے پیچھے سے ہمیں آلیا۔ اسی وقت کسی نے چلا کر کہا کہ محمدؐ مارے گئے۔ اس کے سنتے ہی ہمارے حوصلے پست ہو گئے اور دشمن کے حوصلے بلند ہو گئے۔

حضرت علیؑ کی شجاعت

ابورافع سے مروی ہے کہ جب علیؑ نے مشرکین کے علمبرداروں کو تہ تیغ کر دیا تو رسول اللہؐ کی نظر مشرکوں کی ایک جماعت پر پڑی۔ آپؐ نے علیؑ سے فرمایا کہ اس پر حملہ کر دو انہوں نے حملہ کر کے اس جماعت کو منتشر کر دیا اور شیبہ بن مالک کو قتل کر دیا۔ حضرت جبرئیلؑ نے رسول اللہؐ سے عرض کیا کہ یہ ہے ہمدردی۔ آپؐ نے فرمایا

''بے شک علی مجھ سے ہے اور میں علیؑ سے ہوں۔''

جبرئیلؑ نے کہا اور آپ دونوں کا تیسرا میں ہوں۔ نیز صحابہ نے یہ آواز بھی سنی:۔

"لاسیف الاذوالفقار ولافتی الا علی

(تلوار صرف ذوالفقار ہے اور جواں مرد صرف علیؑ ہیں)۔''

حضرت حمزہؓ کی شہادت

جبیر بن مطعم کا غلام وحشی کہتا ہے کہ اب تک حمزہؓ کی صورت میری نظروں میں ہے ان کی یہ حالت تھی کہ وہ اپنی تلوار سے لوگوں کے پرزے پرزے کر رہے تھے اور خاکی رنگ کے نر اونٹ کی طرح جو چیز ان کے سامنے آتی وہ اسے گرا دیتے تھے۔ اتنے میں سباع بن عبدالعزیٰ مجھ سے پہلے ان کے سامنے بڑھ گیا سباع نے ان پر تلوار ماری مگر وہ سر سے خطا کر گئی میں نے اپنا بھالا نشانہ زنی کے لیے ہاتھ میں لے کر ہلایا اور جب میں بالکل قریب ہو گیا وہ میری طرف بڑھے پھر زمین پر گر پڑے میں نے تھوڑی دیر انتظار کیا جب وہ مر گئے تو میں نے جا کر ان کے جسم سے اپنا بھالا نکال لیا۔ میں لڑائی سے ہٹ کر فرودگاہ میں چلا گیا۔ کیونکہ سوائے اس کے میرا اور کوئی مقصد نہ تھا۔

صحابہ کا فرار

سدی سے مروی ہے کہ ابن حشمہ حارثی نے رسول اللہؐ کے قریب آ کر آپ پر پتھر پھینکا جس سے آپؐ کی ناک اور چوکا ٹوٹ گیا۔ اآپؐ کا چہرہ خون آلود ہو گیا۔ اس کے صدمے سے آپؐ حرکت نہ کر سکے۔ آپؐ کے صحابہ کا ساتھ چھوڑ کر چلے گئے۔ بعض مدینہ چلے آئے اور بعض پہاڑ پر چڑھ کر ایک چٹان پر جا بیٹھے۔ رسول اللہؐ لوگوں کو آواز دینے لگے کہ اے اللہ کے بندو! میرے پاس آؤ، میرے پاس آؤ۔ تیس صحابہ آپؐ کے پاس آ گئے اور وہ سب کے سب آپؐ کے آگے چلنے لگے۔ مگر طلحہ اور سہیل بن حنیف کے علاوہ کوئی آپؐ کے قریب نہ ٹھہرا۔

تمام مسلمانوں میں یہ خبر مشہور ہوگئی کہ رسول اللہ قتل کر دیے گئے۔اس پر چٹان والوں نے کہا کاش کوئی شخص ایسا ہوتا جو ہماری طرف سے عبداللہ بن ابی سے جا کر کہتا کہ وہ ہمارے لیے ابوسفیان سے امان لے لے۔اے دوستو! محمدؐ مارے گئے اب اپنے اپنے گھروں کو واپس چلو قبل اس کے دشمن تم پر حملہ کر کے سب کو تہ تیغ کر ڈالے۔انس بن نضر نے کہا:۔

''اے میرے دوستو! اگر محمدؐ مارے گئے ہیں تو کیا ہوا محمدؐ کا رب تو زندہ ہے وہ تو نہیں مارا گیا۔لہذا جس دین کی حمایت میں وہ مارے گئے اسی کی حمایت میں تم لڑو۔خداوندا جو کچھ انہوں نے کہا ہے اس سے میں تیری جناب میں معافی چاہتا ہوں اور اس سے اپنی بے تعلقی کا اعلان کرتا ہوں۔''

یہ کہہ کر انہوں نے تلوار سنبھالی، دشمن پر حملہ آور ہوئے، جاں نثاری سے لڑے اور شہید ہو گئے اسی موقعہ پر ان لوگوں کے لیے جنہوں نے کہا تھا کہ چونکہ رسولؐ مارے گئے لہذا اپنے گھروں کو چلو۔اللہ تعالیٰ نے آیات نازل کیں۔

وَمَامُحمدإلاّقَد خَلَت مِن قَبله الرسل افان تات اوقتل انقلبتم على اعقابكم ومن ينقلب على عقبيه فلن يضر الله شيئا وسيجزى الله الشاكرين۔

''اور نہیں ہیں محمدؐ مگر اللہ کے رسول، ان سے پہلے بہت سے رسول گزرے ہیں۔اگر وہ مر جائیں یا مارے جائیں تو تم الٹے پاؤں پلٹ جاؤ گے اور جو کوئی الٹے پاؤں پلٹ جائے وہ ہرگز اللہ کو کوئی ضرر نہیں پہنچائے گا اور بہت جلد اللہ فرمانبرداروں کو جزائے خیر دے گا۔''

ابوجعفر کہتے ہیں کہ اس روز جو صحابہ رسول اللہؐ کو چھوڑ کر بھاگے تھے ان میں سے بعض تو کوہ عوض کے ادھر مقام منقی جا پہنچے۔حضرت عثمان بن عفان، عقبہ بن عثمان اور سعد بن عثمان دو انصاری یہ حضرات احد سے بھاگ کر کوہ جعلب جو مدینہ کے اطراف میں کوہِ اعوض سے متصل ہے چلے آئے۔اور وہاں تین دن تک رہے پھر رسول اللہ کے پاس پلٹ کر آئے۔تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا، تم تو کافی دور چلے گئے تھے۔

حضرت حنظلہ کی شہادت اور غسل ملائکہ

حنظلہ بن ابی عامر (جن کو ملائکہ نے غسل دیا) اور ابوسفیان کا مقابلہ ہوا جب انہوں نے ابوسفیان پر قابو

پالیا فوراً ہی شداد بن اسود کی نظر ان پر پڑی اور اس نے دیکھ لیا کہ اب حنظلہ ابوسفیان پر قابو پا چکے ہیں اس نے تلوار سے ان کا کام تمام کر دیا۔ رسول اللہؐ نے صحابہؓ سے فرمایا تمہارے دوست حنظلہ کو ملائکہ غسل دے رہے ہیں۔ ان کی بیوی سے دریافت کیا گیا تو اس نے کہا بیشک دشمن کی یورش کی خبر سنکر وہ بغیر غسل کیے چلے گئے۔ رسول اللہؐ نے فرمایا اسی لیے ملائکہ نے انہیں غسل دیا۔

شہداء کرام کا مثلہ

صالح بن کیسان سے مروی ہے کہ جنگ ختم ہونے کے بعد ہند بن عتبہ اپنی ساتھیوں کے ساتھ شہید صحابہ رسول اللہؐ کے اعضاء جسم کو قطع و برید کرنے نکلی۔ انہوں نے مقتولین کے کان ناک کاٹے یہاں تک کہ ہند نے ان کے کٹے ہوئے ناک اور کانوں کے بازو بند اور ہنسلی بنائی اور خود اپنا بازو بند ہنسلی اور کان کی بالیاں اس نے جبیر بن مطعم کے غلام وحشی کو دے ڈالیں۔ اس نے جناب حمزہ کا کلیجہ چیر کر نکالا اور چبا ڈالا مگر وہ اس سے چنا نہیں اس نے پھر اگل دیا۔ اس کے بعد اس نے ایک بلند چٹان پر چڑھ کر نہایت بلند آواز سے اپنے وہ اشعار پڑھے جو اس نے اپنے جماعت کی فتح اور صحابہ رسولؐ کے قتل کی خوشی میں کہے تھے ابوسفیان کہنے لگا ہبل کی جے، ہبل کی جے۔ رسول اللہؐ نے فرمایا اس کا جواب دو۔ صحابہ نے پوچھا کیا جواب دیں؟ آپؐ نے فرمایا کہ کہو، اللہ بہت بزرگ و برتر ہے۔

ابوسفیان کہنے لگا عزٰی ہمارا ہے تمہارا کوئی عزی نہیں۔ رسول اللہؐ نے فرمایا اس کا جواب دو صحابہ نے کہا کیا جواب دیں؟ آپؐ نے فرمایا کہو ''اللہ مولانا ولا مولی لکم'' (اللہ ہمارا آقا و مولا ہے اور تمہارا کوئی والی و مالک نہیں)۔

اس کے بعد اس نے بلند آواز سے کہا تمہارے مقتولین میں مقطوع الاعضاء لوگ ہیں۔ مگر میں نے نہ اس کی اجازت دی تھی اور نہ ممانعت کی تھی، اس لئے اس فعل کو نہ میں نے اچھا سمجھا نہ برا۔ حالانکہ حلیس بن زیان نے جو اس روز جیوش کا افسر تھا خود ابوسفیان کو حمزہؓ کے جبڑے پر نیزے کی انی بھونک کر یہ کہتے سنا تھا ''لے اس کا مزہ، اس کا مزہ چکھ

ابوسفیان کے تعاقب کا حکم

ابوسفیان اپنے ساتھیوں کے ساتھ پہاڑ پر سے پلٹ کر جانے لگا اس نے بلند آواز سے کہا۔ اب آئندہ سال پھر بدر میں تم سے مقابلہ ہوگا۔ رسول اللہؐ نے اپنے کسی صحابی سے کہا کہہ دو ہاں ضرور۔ پھر آپ نے علی بن ابی طالبؑ کو حکم دیا کہ تم مشرکین کے پیچھے جا کر دیکھو کہ وہ کیا کر رہے ہیں اور آیندہ کیا کرنا چاہتے ہیں اگر انہوں نے گھوڑوں کو کوتل ساتھ لیا ہو اور خود وہ اونٹوں پر سوار ہوں تو سمجھ لینا کہ اب وہ مکہ پلٹ رہے ہیں اور اگر اس کے برعکس وہ گھوڑوں پر سوار ہوں اور اونٹوں کو خالی ساتھ لے جا رہے ہوں تو سمجھنا کہ ان کا ارادہ مدینہ کا ہے۔ اس

وقت قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے اگر وہ مدینہ کا رخ کریں گے تو میں ضرور فوراً مدینہ پہنچ کر وہاں ان سے لڑوں گا۔ حضرت علیؑ کہتے ہیں حسب الحکم میں ان کے پیچھے گیا کہ دیکھوں وہ اب کیا کرتے ہیں۔ جب میں نے دیکھا کہ انہوں نے گھوڑوں کو کوتل کر دیا ہے اور اونٹوں پر سوار ہو گئے ہیں۔ میں نے سمجھ لیا کہ یہ اب مکہ جا رہے ہیں۔ آنحضرتؐ نے مجھ سے فرمایا تھا جو کچھ دیکھو جب تک میرے پاس نہ آجاؤ ہرگز کسی سے بیان نہ کرنا۔

حضرت سعد ربیع کی شہادت

اب لوگ اپنے مقتولین کی دیکھ بھال کے لیے فارغ ہوئے رسول اللہؐ نے فرمایا کہ کون ہے جو مجھے دیکھ کر بتائے کہ سعد بن ربیع نے جنگ میں کیا کیا؟ (یہ سعد بنوالحارث بن خزرج میں سے تھے) آیا وہ زندہ ہیں یا مر گئے ؟ایک انصاری نے کہا یا رسول اللہؐ میں دیکھ کر آتا ہوں۔ وہ میدان کارزار میں گئے ان کو تلاش کیا دیکھا کہ سخت مجروح ہیں اور صرف سانس باقی ہے یہ انصاری کہتے ہیں میں نے زور سے کہا ''مجھے رسول اللہؐ نے حکم دیا ہے کہ میں تم کو دیکھ کر آؤں زندہ ہو یا ختم ہو گئے۔'' سعد نے کہا:۔

> ''میرا کام تو ختم ہو چکا ہے تم رسول اللہ سے میرا اسلام کہو اور عرض کرو کہ سعد عرض پرداز ہے کہ اللہ آپؐ کو بہترین جزا دے جو اس نے کسی نبی کو اپنی امت کی خدمت کے عوض میں دی ہے اور تم اپنی قوم کو میرا اسلام پہنچانا اور کہنا سعد بن ربیع نے کہا ہے کہ اگر تمہاری موجودگی میں دشمن کسی طرح بھی رسول اللہؐ تک پہنچ گیا تو اللہ کے سامنے کوئی عذر قابل پذیرائی نہ ہوگا کیونکہ تمہارے پاس دیکھنے کے لیے آنکھیں ہیں۔''

ان کے مرنے تک میں وہیں کھڑا رہا پھر میں نے رسول اللہؐ سے آکر ان کا واقعہ بیان کیا آپؐ حمزہؓ بن عبدالمطلب کو تلاش کرنے چلے آپؐ نے ان کو وادی کے شکم میں مقتول پایا ان کا پیٹ چاک کر کے ان کا کلیجہ نکال لیا گیا تھا۔ ان کے جسم کو قطع کر دیا گیا تھا اور ناک کان کاٹ ڈالے گئے تھے۔

حضرت صفیہؓ کا صبر و ایثار

ابن اسحاق کا بیان ہے کہ صفیہ بن عبدالمطلب اپنے حقیقی بھائی حمزہ کو دیکھنے آئیں۔ رسول اللہؐ نے ان کے بیٹے زبیرؓ سے کہا کہ تم ان کے پاس جاؤ اور انہیں لوٹا دو تا کہ جو کچھ ان کے بھائی کے ساتھ ہوا ہے وہ اسے دیکھنے نہ پائیں، زبیر ان کے پاس گئے اور کہا اماں جان! رسول اللہؐ نے حکم دیا ہے کہ آپ واپس جائیں۔ انہوں نے

پوچھا۔ ''کیوں۔ مجھے معلوم ہوا ہے کہ میرے بھائی کے اعضاء کو قطع کر دیا گیا ہے۔ اللہ کی راہ میں یہ کوئی بڑی بات نہیں ہے۔ محض اس وجہ سے اگر مجھے ممانعت کی گئی ہے تو ہم اس سے تو بہت خوش ہیں۔ انشا اللہ میں صبر و تحمل سے کام لوں گی۔''

زبیرؓ نے رسول اللہؐ سے آ کر ان کا قول بیان کیا۔ آپ نے فرمایا اچھا ان کو جانے دو۔ وہ حمزہؓ کے پاس آئیں ان کو خوب دیکھا پر رحمت بھیجی۔ ''انا للہ وانا الیہ راجعون'' کہا اور ان کے لیے طلب مغفرت کی۔

اس کے بعد وہ آنحضرتؐ کے حکم سے دفن کر دیے گئے۔

شہداء اُحد کی تدفین

مسلمانوں نے اپنے بعض مقتول مدینہ لا کر دفن کر دیئے مگر پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کی ممانعت کر دی اور فرمایا جہاں وہ گرے ہیں۔ وہیں ان کو دفن کر دو۔

محمد بن سعد سے مروی ہے کہ رسول اللہؐ بنی دینار کی ایک عورت کے پاس آئے جس کا شوہر، بھائی اور باپ رسول اللہؐ کے ہمراہ جنگ اُحد میں مارے گئے تھے۔ جب اسے ان سب کی شہادت کی اطلاع دی گئی تو اس نے پوچھا یہ بتاؤ کہ ''رسول اللہؐ کیسے ہیں؟''

لوگوں نے کہا ''اے ام فلاں وہ بالکل اچھے اور خیریت سے ہیں۔'' اس نے کہا

''مجھے دکھاؤ، تا کہ میں بچشم خود ان کو دیکھ لوں۔''

لوگوں نے اشارہ سے آپؐ کو بتایا۔ اس نے آپؐ کو دیکھ کر کہا آپؐ کی موجودگی میں ہر مصیبت بے حقیقت ہے۔

حضرت علیؑ کے اشعار

ابو جعفر کہتے ہیں کہ جب رسول اللہؐ خود اپنے گھر تشریف لائے آپ نے اپنی تلوار اپنی صاحبزادی حضرت فاطمہ کو دی اور فرمایا بیٹی اس پر خون ہے اسے دھو ڈالو۔ حضرت علیؑ نے بھی اپنی تلوار جناب فاطمہؑ ہی کو دی اور کہا اس کا خون دھو ڈالو، آج اس نے خوب جوہر دکھائے۔

یہ بھی مروی ہے کہ جب حضرت علیؑ نے تلوار دی تو یہ شعر پڑھے (ترجمہ اشعار)۔

''اے فاطمہؑ! یہ تلوار لو جس سے مجھے کوئی شکایت نہیں اور نہ میں بزدل ہوں اور نہ نکما۔ قسم ہے میری جان کی میں احمدؐ کی محبت اور اپنے رب کی اطاعت میں جو اپنے بندوں پر رحیم ہے لڑا، اس حال میں کہ تلوار میرے ہاتھ میں روشن ستارے کی طرح

تھی جسے میں پھرا رہا تھا اور اس سے میں کندھوں اور پسلیوں کو قطع کر رہا تھا۔ میں اسی طرح شمشیر زنی کرتا رہا یہاں تک کہ میرے رب نے ان کی جماعت کو پراگندہ کر دیا اور ہم نے ہر حلیم شخص کے دل کو دشمن کے قتل سے ٹھنڈا کر دیا۔''

رسول اللہؐ کا حضرت حمزہؓ پر گریہ کرنا

رسول اللہ بنی عبد اور شہل اور ظرف انصاریوں کے ایک گھر سے گزرے آپؐ نے وہاں نوحہ و بکا کا شور سنا جو وہ اپنے مقتولین پر کر رہے تھے تو آپؐ کی آنکھیں اشکوں سے ڈبڈبا گئیں اور آپؐ پر گریہ طاری ہوا اور پھر فرمایا لیکن حمزہؓ پر تو کوئی رونے والا نہیں ہے۔ جب سعد بن معاذ اور اسید بن حضیر بنو عبدالاشہل کے گھر آئے تو انہوں نے ان کی عورتوں سے کہا کہ تم چادریں اوڑھ کر جاؤ اور رسول اللہؐ کے چچا پر گریہ و نوحہ کرو۔

جابر بن عبداللہ کی معذرت

رسول اللہؐ سنیچر کے دن مدینہ واپس آئے۔ جس دن احد کی لڑائی ہوئی تھی۔ روایت ہے کہ نصف شوال سنیچر کے دن احد کی لڑائی ہوئی اور دوسرے دن 16 شوال رسول اللہؐ کے مؤذن نے بذریعہ اعلان تمام لوگوں کو دشمن کا تعاقب کرنے کا حکم دیا اور کہا کہ کوئی ایسا شخص جو کل ہمارے ساتھ شریک نہیں ہوا وہ آج بھی دشمن کا تعاقب نہ کرے۔ جابر بن عبداللہ بن حرام نے رسول اللہؐ سے اس بارے میں گفتگو کی اور عرض کیا کہ میری سات بہنیں ہیں میرے باپ نے مجھے ان کے پاس چھوڑ دیا تھا کہ کہا تھا کہ اے بیٹے! ہم دونوں کے لیے یہ بات مناسب نہیں کہ ہم ان سب عورتوں کو بلا حفاظت چھوڑ دیں کیونکہ یہاں ان کے ساتھ کوئی مرد نہیں ہے اور میں تم کو اپنے مقابلہ میں رسول اللہؐ کے ساتھ جہاد میں شرکت کے لیے ترجیح نہیں دے سکتا۔ لہذا تم اپنی بہنوں کے پاس رہو۔ اس لیے مجھے مجبوراً ان کے پاس ٹھہر جانا پڑا۔ اس وجہ سے رسول اللہؐ نے ان کو ساتھ جانے کی اجازت دے دی۔ رسول اللہؐ اس وقت دشمن کے تعاقب میں اس لیے نکلے کہ وہ مرعوب ہو جائے کہ اسے معلوم ہو جائے کہ ہمارے پاس اب بھی کتنی طاقت ہے، اور جنگ میں نقصان کی وجہ سے ہم دشمن کے مقابلہ میں عاجز نہیں ہیں۔

مسلمانوں کی مراجعت مدینہ

ابو سائب سے مروی ہے کہ بنو عبدالاشہل کے ایک شخص نے جو رسول اللہؐ کے ہمراہ اُحد میں شریک تھا بیان کیا ہے کہ میں اور میرا بھائی دونوں رسول اللہؐ کے ساتھ جنگ احد میں شریک تھے ہم دونوں زخمی ہو کر میدان کارزار سے آپؐ کے پاس آ گئے۔ جب رسول اللہؐ کے مؤذن نے دشمن کے تعاقب میں چلنے کا اعلان عام کیا، تو ہم دونوں نے ایک دوسرے سے کہا کہ یہ تو اچھا معلوم نہیں ہوتا کہ ہم سے کوئی غزوہ بھی رسول اللہؐ کے ساتھ ترک ہو

جائے۔مگر بخدا ہمارے پاس سواری بھی نہیں ہے اور ہم دونوں زخمی بھی ہیں لیکن اس کے باوجود ہم ساتھ چلے۔میں اپنے بھائی کے مقابلہ میں کم زخمی تھا اس لیے جب چلتے چلتے وہ رہ جاتا میں اس کو کچھ دور اٹھا کر لے جاتا اور کچھ دور وہ خود اپنے پاؤں چلتا۔اسی طرح چلتے ہوے ہم دونوں بھی اس مقام تک جا پہنچے جہاں اور مسلمان پہنچے تھے۔رسول اللہؐ حمراء الاسد تک آئے جو مدینہ سے آٹھ میل ہے یہاں آپؐ نے تین دن پیر،منگل اور بدھ قیام فرمایا پھر آپؐ مدینہ واپس چلے آئے۔

حضرت حسنؑ بن علیؑ بن ابی طالب کی ولادت

اس سال 3ھ پندرہ رمضان حسنؑ بن علی بن ابی طالب پیدا ہوئے اور اس سال ہی حسینؑ کا حمل جناب فاطمہ میں مستقر ہوا۔بیان کیا گیا ہے کہ حضرت حسنؑ کی ولادت اور حضرت حسینؑ کے استقرار حمل میں پچاس راتوں کا وقفہ ہوا۔

باب 8

بنونضیر کی جلاوطنی 4 ھجری

بنونضیر کی بدعہدی

یزید بن رومان سے مروی ہے کہ چونکہ عمرو بن امیہ نے باوجود رسول اللہؐ کے عہد حفاظت کے بنی عامر کے دو شخصوں کو قتل کر دیا تھا آپؐ ان کی دیت کی ادائیگی میں مدد لینے کے لئے بنونضیر کے پاس آئے بنونضیر اور بنو عامر ایک دوسرے کے حلیف اور دوست تھے پہلے تو جب رسول اللہؐ نے ان سے اپنے آنے کی غرض بیان کی۔انہوں نے کہا ہاں ابوالقاسم جو آپؐ نے ہم سے کہا ہے ہم اس کے لیے پوری طرح آمادہ ہیں مگر پھر وہ چپکے چپکے ایک دوسرے سے سرگوشیاں کرنے لگے اور انہوں نے کہا آج سے بہتر موقع اس شخص کے ہلاک کرنے کا پھر کبھی نہیں ملے گا (رسول اللہؐ اس وقت ان کے گھروں کی ایک دیوار کے پاس بیٹھے تھے) لہذا کوئی شخص مکان کی چھت پر چڑھ کر وہاں سے ایک بڑا پتھر ان پر پھینک دے اور ان کو قتل کر کے ہمیں ان کی طرف سے ہمیشہ کے لیے راحت دے۔ان کے ایک شخص عمرو بن حجاش بن کعب نے اس کام کے لیے اپنے آپ کو پیش کیا اور کہا میں اس کیلئے تیار ہوں چنانچہ وہ آپؐ پر پتھر پھینکنے کے لیے ان کے مکان پر چڑھا۔رسول اللہؐ خالی الذہن اپنے صحابہ کے ساتھ جن میں ابوبکر، عمر اور علیؑ بھی تھے۔دیوار کے نیچے بیٹھے ہوئے تھے کہ آسمان سے آپؐ کو آپکے دشمنوں کے اس منصوبہ کی خبر ملی۔آپؐ فوراً اٹھ کھڑے ہوئے اور صحابہ سے فرمایا میں آتا ہوں تم یہیں رہو آپ سیدھے مدینہ واپس چلے گئے۔جب آپؐ کے آنے میں دیر ہوئی تو صحابہ آپؐ کی تلاش میں چلے۔اثنائے راہ میں مدینہ سے ایک شخص آتا ہوا ملا اس سے پوچھا گیا اس نے بتایا کہ میں نے آپؐ کو مدینہ میں داخل ہوتے ہوئے دیکھا ہے۔صحابہ مدینہ میں آپؐ کے پاس آ گئے آپؐ نے ان کو بتایا کہ یہودی میرے ساتھ یہ بدعہدی کرنے والے تھے۔پھر آپؐ نے ان کو جنگ کی تیاری کا حکم دیا اور سب کو لے کر ان کے مقابلہ پر آئے اور ان کا محاصرہ کر لیا۔یہودی آپؐ کے مقابلہ میں کئی قلعوں میں قلعہ بند ہو گئے۔

بنونضیر کی جلاوطنی

ابن عباس سے مروی ہے کہ پندرہ دن تک بنی نضیر کا محاصرہ رہا اور اس زمانہ میں انہیں بالکل بے بس کر دیا گیا آخر کار انہوں نے آپؐ کے مطالبہ کو منظور کر لیا اور اس شرط پر صلح کی کہ ان کو قتل نہ کیا جائے مگر ان کے وطن اور زمینوں سے ان کو بے دخل کر دیا جائے اور ان کو شام کے بیابانوں میں جلاوطن کر دیا جائے رسول اللہؐ نے ان کے

ہر تین افراد کے لیے ایک اونٹ اور ایک مشک پانی کی دی۔ زہری سے مروی ہے کہ آپؐ نے انہیں اجازت دی کہ اسلحہ کے علاوہ جتنا بار اونٹ لاد سکیں وہ لے جائیں۔

بنونضیر کی خیبر کو روانگی

ابن اسحاق کے بیان کے مطابق بنوعوف بن خزرج میں عبداللہ بن ابی بن سلول ودیعہ مالک بن نوفل سویدا اور داعس ایسے لوگ بھی تھے جنہوں نے بنونضیر سے کہلا بھیجا تھا کہ تم اپنی جگہ ثابت قدم رہو اور مقابلہ کرو۔ ہم کبھی تمہارا ساتھ نہیں چھوڑیں گے اگر کوئی تم سے لڑے گا ہم تمہارا ساتھ دیں گے اور اگر تم جلاوطن کیے جاؤ گے تو ہم بھی تمہارے ساتھ چلیں گے۔ لہذا ابھی تم انتظار کرو۔ مگر انہوں نے اس مشورہ پر عمل نہیں کیا اللہ نے ان کے دلوں پر ایسا رعب بٹھا دیا کہ خود انہوں نے رسول اللہؐ سے درخواست کی کہ آپؐ ہمیں قتل نہ کریں جلا وطن کر دیں۔ اس شرط پر کہ اسلحہ کے علاوہ جس قدر سامان اونٹ اٹھا سکیں۔ وہ ہم ساتھ لے جائیں رسول اللہؐ نے انکی یہ درخواست قبول کر لی انہوں نے اپنا تمام وہ سامان جو اونٹوں پر لادا جا سکا لے لیا چنانچہ یہ لوگ اپنے گھروں کے دروازوں تک چوکھٹ کے ساتھ نکال کر اونٹوں پر بار کر کے لے گئے یہ لوگ پہلے خیبر گئے اور پھر وہاں سے شام چلے گئے ان کے شرفا میں سے جو خیبر آئے سدم بن ابی الحقیق کنانہ بن ربیع بن ابی حقیق اور حی بن اخطب تھے یہ جب وہیں رہ پڑے تو اہل خیبر نے ان کی اطاعت قبول کر لی۔

باب 9

غزوۂ خندق 5 ھجری

یہودیوں کی شرارت

اس سال شوال میں یہ غزوہ ہوا۔ ابن اسحاق کے بیان کے مطابق اس کا باعث رسول اللہؐ کا بنونضیر کو ان کی بستیوں سے جلاوطن کر دینا تھا۔ اکابر علماء سے مروی ہے کہ اس کا اصل واقعہ یہ ہوا کہ چند یہودیوں نے جن میں سلام بن حقیق نضری، حُی بن اخطب نضری، کنانہ بن ربیع بن ابی حقیق نضری، ہوذہ بن قیس وائلی، ابوعمار وائلی وغیرہ بنونضیر اور بنووائل کے علاوہ اور لوگ بھی شامل تھے۔ متفرق قبائل کو رسول اللہؐ کے خلاف جنگ پر ابھارا یہ قریش کے پاس مکہ آئے اور ان کو انہوں نے رسول اللہ سے جنگ کی دعوت دی اور کہا کہ ہم ان کے مقابلہ پر آخر تک تمہارا ساتھ دینے کے لیے تیار ہیں تاکہ ہم ان کا استحصال ہی کر دیں قریش نے ان سے کہا کہ

''تم پہلی کتاب والے ہو اور مذہب کا علم رکھتے ہو پہلے اس کا تصفیہ کرو کہ مذہب کے متعلق ہمارا اور محمدؐ کا جو اختلاف ہے اس میں کون حق پر ہے۔ ہمارا دین اچھا ہے یا ان کا؟''

یہودیوں نے کہا

''تمہارا دین ان کے دین سے بہتر ہے اور تم زیادہ حق پر ہو انہیں کے لیے اللہ عزوجل نے یہ کلام نازل فرمایا۔ الم ترالی الذین اوتونصیباً من الکتاب یومنون بالجبت الطاغوت ویقولون للذین کفروا ھٰؤلآء اہدٰی من الذین آمنوا سبیلا۔ (کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جن کو کتاب الٰہی کا کچھ حصہ ملا ہے مگر وہ جبت طاغوت پر ایمان رکھتے ہیں وہ کفار سے کہتے ہیں کہ وہ اللہ پر ایمان رکھنے والوں سے سیدھے راستے پر ہیں) خدا کے ارشاد وکفیٰ بجہنم سعیرًا (اور جہنم کا شعلہ کافی ہے) تک۔''

یہودیوں کا قبیلہ غطفان سے معاہدہ

یہودیوں کے اس قول سے قریش بہت ہوئے اور انہوں نے جو انہیں رسول اللہؐ سے جنگ کرنے کی دعوت دی اس سے وہ اور زیادہ جوش میں آئے چنانچہ سب نے اس کا مصمم ارادہ کر لیا اور اس کے لیے ایک وقت مقرر کر دیا یہودی وہاں سے چل کر قیس عیلان کے قبیلہ غطفان کے پاس آئے اور ان کو بھی رسول اللہؐ سے جنگ کی

دعوت دی اور کہا کہ ہم سب تمہارے ساتھ ہیں نیز قریش بھی اس منصوبہ میں بالکل ہمارے ساتھ ہو گئے ہیں اور وہ جنگ کا مصمم ارادہ کر چکے ہیں یہ سنتے ہی غطفان نے ان کی دعوت قبول کی اور لڑائی پر آمادہ ہو گئے۔

قریش کا مختلف قبائل سے معاہدہ

قریش ابوسفیان کی قیادت میں مکہ سے روانہ ہوئے اور غطفان عینیہ بن حصن بن حذیفہ بن بدر کی قیادت میں جس کے ساتھ بنوفزارہ بھی تھے نکلے۔حارث بن ارف بن ابی حارثہ المرئی بنومرہ کے ساتھ اور مسعود بن رخیلہ اپنی قوم اشجع کو لے کر چلا۔رسول اللہؐ کو جب ان تمام کارروائیوں کی اطلاع ہوئی اور ان کی اصلی غرض وغایت معلوم ہوئی تو آپ نے مدینہ کے سامنے خندق تیار کی۔

حضرت سلمان فارسی کا مشورہ

محمد بن عمر کے قول کے مطابق سلمان فارسی نے آپؐ کو خندق بنانے کا مشورہ دیا تھا اور یہی پہلی جنگ ہے جس میں وہ آزاد کی حیثیت سے رسول اللہؐ کے ساتھ شریک ہوئے۔انہوں نے آپؐ سے کہا کہ ہم ایران میں تھے وہاں جب بھی گھر جاتے تو اپنے گرد خندق بنا لیتے تھے۔

خندق کی کھدائی

ابن اسحاق کے سلسلہ بیان کے مطابق مسلمانوں کو ثواب کی ترغیب دینے کے لیے خود رسول اللہؐ نے خندق کھودنے میں شرکت کی۔دوسرے مسلمانوں نے اس میں کام کیا اور سب نے نہایت محنت اور جانفشانی سے اس میں کام کیا البتہ منافقین نے مسلمانوں اور رسول اللہؐ کا اس کام میں ساتھ نہیں دیا۔

حضرت سلمان کی قیادت:۔

جنگِ احزاب میں رسول اللہؐ نے ہر چالیس گز خندق کے لیے دس آدمی مقرر کیے۔سلمان فارسی چونکہ بہت قوی آدمی تھے اس لیے مہاجرین نے کہا ان کو ہمیں دیا جائے انصار نے کہا ہمیں دیا جائے۔مہاجرین کہتے یہ مہاجر ہیں انصار کہتے یہ انصار میں سے ہیں۔اس پر رسول اللہؐ نے فرمایا ''سلمان منا اہل البیت'' سلمان ہم اہل بیت میں سے ہیں۔

عمرو بن عوف کہتے ہیں کہ میں سلمان، حذیفہ بن یمان، نعمان بن مقرن اور چھ اور انصاری چالیس گز کے ایک حصہ میں کام کرتے تھے۔ہم نے ذوبان کے زیرین میں خندق کھودی جس سے پانی نکل آیا پھر اللہ عزوجل نے خندق کے اندر ایک چکنا سفید بڑا پتھر ظاہر کر دیا اس سے ہمارے اوزار ٹوٹ گئے اور ہم اس کے اکھاڑنے سے عاجز ہو گئے ہم نے کہا سلمان! تم رسول اللہؐ کے پاس جاؤ اور ان کو اس کی اطلاع کر دو تا کہ یا تو وہ ہمیں اس

پتھر سے ذرا ہٹ جانے کی اجازت دیں کیونکہ اس سے بہت ہی کم فرق پڑے گا اور یا وہ اس کو نکالنے کا حکم دیں تو ہم ویسا کریں گے ہم اسے پسند نہیں کرتے کہ آپؐ کے خط سے سرمو تجاوز کریں۔

سلمان خندق کے اندر سے چڑھ کر رسول اللہؐ کے پاس آئے آپؐ اس وقت ترکی خیمہ میں بیٹھے تھے سلمان نے کہا یا رسول اللہؐ میرے ماں باپ آپ پر نثار ہوں خندق میں ایک بہت بڑا سفید سخت اور چکنا پتھر نکل آیا ہے جس سے کہ ہمارے اوزار ٹوٹ گئے۔ ہم اس کے کھودنے سے تنگ آ گئے ہیں اس پر تو کچھ اثر ہی نہیں ہوتا اب جیسا ارشاد عالی ہو ہم آپؐ کے خط سے سرمو تجاوز کرنا پسند نہیں کرتے۔ آپؐ سلمان کے ساتھ خود خندق میں اترے آپؐ کے آتے ہی ہم بقیہ آدمی خندق کے اوپر آ گئے۔ رسول اللہؐ نے سلمان کے ہاتھ سے کدال لی اور اس سے اس پتھر پر ایک ضرب ماری جس سے وہ ٹوٹ گیا۔ اور اس میں سے بجلی کی ایسی چمک نکل جس سے تمام مدینہ روشن ہو گیا وہ روشنی اس قدر تیز تھی کہ یہ معلوم ہوتا تھا کہ اندھیری کوٹھڑی میں روشن چراغ ہے۔ رسول اللہؐ نے تکبیر فتح کہی پھر مسلمانوں نے بھی تکبیر کہی دوسری مرتبہ آپ نے اس پر ضرب لگائی جس سے اس میں شگاف پڑ گیا اور ایسی بجلی کی سی روشنی ہوئی جس سے تمام مدینہ روشن ہو گیا معلوم ہوتا تھا کہ اندھیری کوٹھڑی میں چراغ روشن ہے آپ نے تکبیر فتح کہی۔ تمام مسلمانوں نے تکبیر کہی اور اب تیسری مرتبہ آپ نے دست مبارک سے اس پر ضرب ماری اور اس مرتبہ اسے بالکل توڑ ڈالا تو پھر اس میں سے حسب سابق بجلی کی چمک پیدا ہوئی جس سے تمام مدینہ روشن ہو گیا ایسا معلوم ہوتا تھا کہ تاریک کوٹھڑی میں چراغ روشن ہے۔ رسول اللہؐ نے تکبیر فتح کہی مسلمانوں نے بھی تکبیر کہی اور آپؐ پھر سلمان کا ہاتھ پکڑ کر خندق کے اوپر چڑھ آئے۔

فریقین کی تعداد

ابن اسحاق کہتے ہیں کہ اہل خندق کی تعداد تین ہزار تھی۔ جب رسول اللہؐ خندق کی تیاری سے فارغ ہو چکے تو قریش مدینہ کے سامنے آئے اور حرف اور غار کے درمیان رومہ کے پاس جہاں تمام پہاڑی وادیاں مل جاتی ہیں۔ فروکش ہوئے۔ ان کی تعداد دس ہزار تھی جس میں ان کے جیوش اور کنانہ اور تہامہ کے دوسرے تو ابو ساتھ تھے۔ پھر غطفان اپنے نجدی پیروؤں کے ساتھ مدینہ آئے۔ اور اُحد کے دامن میں ذنب نقمی میں فروکش ہوئے رسول اللہؐ تین ہزار مسلمانوں کے ساتھ مقابلہ برآمد ہوئے آپؐ نے کوہِ سلع کو اپنے پشت پر چھوڑا وہاں سے آپؐ نے پڑاؤ ڈالا اور خندق کو اپنے اور دشمن کے درمیان رکھا۔ بچوں اور عورتوں کے متعلق آپؐ نے حکم دیا کہ ان کو قلعوں میں حفاظت کے لیے بھیج دیا جائے چنانچہ وہ سب وہاں منتقل ہو کر دیے گئے۔

حُی بن اخطب اور کعب بن اسد

دشمن خدا حُی بن اخطب کعب ابن اسد قرظی کے پاس جس نے بنی قریظہ کی جانب سے رسول اللہؐ سے

معاہدہ دوستی کیا تھا آیا۔ جب اس کے آنے کی اطلاع کعب کو ہوئی تو اس نے اپنے قلعہ کا دروازہ بند کرلیا۔ حی نے اندر آنے کی اجازت مانگی۔ کعب نے دروازہ کھولنے سے انکار کردیا۔ حی نے کہا کعب مجھے اندر آنے دو۔ اس نے کہا تم منحوس اور بدبخت ہو۔ میں نے محمدؐ سے وعدہ دوستی کیا ہے میں اس کی خلاف ورزی نہیں کرنا چاہتا اور انہوں نے اس معاہدہ کی صداقت اور دیانت سے پابندی کی ہے حی نے کہا ذرا دروازہ تو کھولو تا کہ میں تجھ سے کچھ باتیں کروں۔ کعب نے کہا میں اس کے لیے تیار نہیں۔ حی نے کہا تم صرف اس لیے دروازہ نہیں کھولتے کہ میں تمہارے ساتھ بیٹھ کر دلیا کھالوں گا۔ اس جملہ سے اس کو غیرت آ گئی اور اس نے دروازہ کھول دیا۔ حی نے اس سے کہا اے کعب! میں تمہارے پاس ایسی دعوت لایا ہوں جس میں تم کو دائمی نیک نامی حاصل ہوگی۔ میں فوج کا ایک بحر ذخار تمہارے لیے لایا ہوں۔ میں قریش کو ان کے تمام امراء اور رؤسا کے ساتھ لایا ہوں اور ان کو میں نے رومہ دادیوں کے سنگھم پر فروکش کردیا ہے۔ اسی طرح میں غطفان کو ان کے تمام رؤسا کے ساتھ لایا ہوں اور ان کو میں نے احد کے پاس ذنب نقمی میں اتارا ہے۔ ان تمام لوگوں نے مجھ سے عہد واثق کیا ہے کہ جب تک وہ محمدؐ اور ان کے ساتھیوں کا قطعی قلع قمع نہ کردیں گے مقابلہ سے نہ ہٹیں گے۔

بنی قریظہ کی عہد شکنی

کعب نے کہا بخدا تمہاری اس تجویز میں میرے لیے تو عمر بھر کی ذلت ورسوائی ہے تو تم ایسی گھٹا لے کر آئے ہو جس کا پانی برس کر ختم ہوگیا ہے اب صرف خالی گرج اور چمک رہ گئی ہے۔ تم محمدؐ کے بارے میں مجھ سے کچھ مت کہو اور میرے جو دوستانہ تعلقات ان سے قائم ہیں انہی پر مجھے قائم رہنے دو کیونکہ انہوں نے اب تک معاہدہ دوستی کی پوری طرح پابندی کی ہے اور مجھے شکایت کا کوئی موقعہ نہیں دیا۔ مگر حی برابر اس کی خوشامد و چاپلوسی کرتا رہا اسے نیک نامی اور مادی فوائد کا لالچ دیتا رہا۔ آخر کار وہ اس کی باتوں میں آ گیا اور اس سے کعب نے اللہ کو شاہد بنا کر یہ پختہ عہد و پیمان کیا کہ اگر قریش اور غطفان محمدؐ کے مقابلہ میں ناکام ہو کر واپس گئے، تو میں تمہارے ساتھ قلعہ میں جا رہوں گا اور آخر دم تک تمہارا ساتھ دوں گا۔ اس طرح کعب بن اسد نے اپنے عہد کو توڑ ڈالا اور جو معاہدہ اس کے اور رسول اللہؐ کے درمیان ہوا تھا اس سے بری الذمہ ہوگیا رسول اللہؐ اور مسلمانوں کو اس کی اطلاع ہوئی تو آپؐ نے سعد بن معاذ بن تعمان بن امراء القیس متعلقہ بنو عبدالاشہل کو جو اس وقت قبیلہ اوس کے رئیس تھے اور ان کے ساتھ عبداللہ بن رواحہ بنی حارث بن خزرج کے بھائی اور عمرو بن عوف کے خواث بن جبیر کو اس خبر کی تصدیق کے لیے بھیجا اور ہدایت کی کہ اگر جو اطلاع ملی ہے وہ سچ ثابت ہو تو تم لوگ چپکے سے یہ بات مجھ سے کہہ دینا علانیہ نہ کہنا کہ مبادا اس سے اپنے لوگوں کے حوصلے پست ہو جائیں اور اگر کعب بدستور اپنے سابقہ معاہدہ دوستی پر قائم ہو تو بے شک اس کا تمام فرودگاہ میں اعلان کردینا۔

بنوقریظہ کی خباثت

یہ جماعت تصدیق کے لیے کعب کے یہاں گئی یہاں انہوں نے دیکھا کہ نقص عہد اور مخالفت کی جو اطلاع مسلمانوں کو ملی ہے وہ اس سے کہیں زیادہ خباثت اور شرارت پر آمادہ ہیں۔انہوں نے رسول اللہ کی شان میں گستاخی کے الفاظ استعمال کیے اور صاف کہہ دیا کہ ہم میں اور محمدؐ میں کوئی عہد و پیمان نہیں ہے۔سعد بن عبادہ چونکہ ذرا تیز مزاج آدمی تھے انہوں نے کفار کو گالیاں دیں۔سعد بن معاذ نے ان سے کہا کہ گالیاں دینا چھوڑ دو۔اب جو صورت حال پیدا ہوئی ہے اس پر زیادہ توجہ کی ضرورت ہے۔

منافقین کی پردہ دری

دونوں سعد اپنے ہمراہیوں کے ساتھ رسول اللہؐ کے پاس آئے ،اور سلام کر کے ایک ضرب المثل میں یہ بات بتادی کہ بیشک انہوں نے معاہدہ دوستی کو توڑ دیا ہے اور وہ آمادہ پیکار ہیں۔اور وہ اصحاب رسول اللہؐ کے ساتھ وہی نیت رکھتے ہیں جو اصحاب رجیع نے خبیب بن عدی کے ساتھ کیا تھا۔رسول اللہؐ نے تکبیر کہی اور فرمایا اے مسلمانو! بشارت ہو اس وقت مسلمانوں کی مصیبت بہت زیادہ ہوگئی اور وہ خوف زدہ ہوئے۔دشمن نے ان کو ہر طرف سے نشیب و فراز سے آلیا یہاں تک کہ مومنین کے دلوں میں ہر قسم کے برے خیالات آنے لگے بعض منافقوں کا اس موقعہ پر نفاق بھی کھل گیا۔بنوعمرو بن عوف کا معتب بن قشیر کہنے لگا کہ محمدؐ ہم سے وعدہ کرتے تھے کہ ہم کسریٰ اور قیصر کے خزانوں کو اپنے تصرف میں لائیں گے یہ تو کچھ ہوا ہی نہیں اس کے برخلاف ابھی یہ نوبت آ گئی ہے کہ ہم قضائے حاجت کو باہر نہیں جا سکتے۔بنوحارثہ بن الحارث کے اوس بن قیظی نے کہا یا رسول اللہؐ! ہمارے گھر دشمن کی زد میں ہیں یہ بات اس نے اپنی قوم کی ایک جماعت کی جانب سے کہی تھی آپؐ ہمیں اجازت دیں کہ اپنے گھروں کو چلے جائیں کیونکہ وہ شہر مدینہ کے بیرون میں واقع ہیں۔

عمرو بن عبدود

رسول اللہؐ اور مسلمان اسی طرح خندق کے اندر مقیم رہے اور دشمن نے ان کا محاصرہ کر رکھا تھا کوئی لڑائی نہیں ہوئی البتہ قریش کے چند شہسوار جن میں بنی عامر بن لوی کا عمرو بن عبدود بن ابی قیس،عکرمہ بن ابی جہل،ہبیرہ بن ابی وہب،توفل بن عبداللہ اور بنی محارب بن فہر کا ضرار بن خطاب تھے لڑائی کے لیے زرہ بکتر پہن کر اپنے گھوڑوں پر میدان جنگ میں برآمد ہوئے۔یہ بنی کنانہ کے پاس آئے اور ان سے کہا کہ لڑائی کے لیے تیار ہو جاؤ تم کو آج معلوم ہو جائیگا کہ کون جواں مرد ہے یہ خندق کی طرف بڑھے اور قریب پہنچ کر ٹھہر گئے اور خندق کو دیکھ کر کہنے لگے ضرور اس میں کوئی چال اور بھید ہے۔عرب تو اس قسم کی چالیں نہیں چلا کرتے پھر انہوں نے 0 خندق کا

ایک تنگ مقام دیکھ کر اپنے گھوڑوں کو جست لگوائی اور خندق کے ادھر سبخہ میں خندق اور صلع کے درمیان جولانی کرنے لگے۔

حضرت علیؑ اور عمرو بن عبدود کا مقابلہ

علی ابن ابی طالبؑ چند مسلمانوں کے ساتھ مقابلہ پر نکلے اور انہوں نے خندق کا وہ حصہ جہاں سے یہ کود کر آئے تھے اپنے قبضہ میں کر کے ان کی واپسی کا راستہ مسدود کر دیا اب پھر قریش کے شہسوار گھوڑے بڑھاتے ہوئے اس جماعت کی طرف لپکے۔عمرو اپنے کو دکھانے کے لیے سر پر پٹی باندھ کر میدان میں آیا جب وہ اس کا رسالہ ٹھہر گیا۔حضرت علیؑ نے اس سے کہا اے عمرو! تم ہمیشہ اللہ کے سامنے یہ کہا کرتے تھے اگر قریش کا کوئی شخص میرے سامنے دو باتیں پیش کرے گا تو میں ان میں سے ایک ضرور مانوں گا اس نے کہا ہاں میرا یہی عہد ہے۔حضرت علیؑ ابن ابی طالب نے اس سے کہا اچھا اب میں تم کو اللہ عزوجل اس کے رسولؐ اور اسلام کی دعوت دیتا ہوں اس نے کہا میں اس کو نہیں مانتا مجھے اس کی ضرورت نہیں علیؑ نے کہا اچھا تو پھر میں تم سے کہتا ہوں کہ گھوڑے سے نیچے آؤ اس نے کہا اے میرے بھتیجے یہ کیوں؟ بخدا میں نہیں چاہتا کہ تم کو قتل کر دوں۔حضرت علیؑ نے کہا مگر بخدا میں تو چاہتا ہوں کہ تم کو ضرور قتل کروں۔اس جملہ کو سن کر اس کو جوش آ گیا وہ اپنے گھوڑے سے کود پڑا پھر اس نے اس کو ذبح کر دیا یا اس کے منہ پر تلوار ماری اور اب علیؑ کے مقابلہ پر بڑھا ایک نے دوسرے پر پینترے بدل بدل کر وار کیے آخر کار حضرت علیؑ نے اسے قتل کر دیا اس کے بعد ہی اس کا رسالہ شکست کھا کر فرار ہوا اسی حالت فرار میں پھر انہوں نے اپنے گھوڑے خندق پر سے گزارے۔عمرو کے ساتھ دو شخص منبہ بن عثمان جس کے تیر لگا اور مکہ آ کر مرا اور دوسرا بنی مخزوم کا نوفل بن عبداللہ مارا گیا۔واپسی میں گر پڑا یہ وہاں مسلمانوں نے اس پر سنگ باری شروع کی اس نے ان سے کہا اس ذلت کے ساتھ کیوں مارتے ہو تلوار سے کام تمام کر دو۔حضرت علیؑ نے خندق میں اتر کر اسے قتل کر دیا۔مسلمانوں نے اس کی لاش پر قبضہ کر لیا اور رسول اللہؐ سے اس کی فروخت کی اجازت مانگی تو آپؐ نے فرمایا ہمیں نہ اس کی لاش کی ضرورت ہے اور نہ اس کی قیمت کی۔

حضرت صفیہ بنت عبدالمطلب کی دلیری

عباد بن عبداللہ بن زبیر سے مروی ہے کہ اس جنگ میں صفیہ بنت عبدالمطلب حسان بن ثابت کے قلعہ فارع میں رکھی گئی تھیں۔صفیہ سے مروی ہے کہ حسان بھی اس قلعہ میں عورتوں اور بچوں کے ساتھ تھے ایک یہودی آیا اور قلعہ کے گرد گھومنے لگا۔اس سے بچاتا کیونکہ خود رسول اللہؐ اور تمام مسلمان تو دشمن کے مقابلہ پر کھڑے تھے اس لیے ہم پر اگر کوئی حملہ کر دیتا تو ان میں سے کوئی بھی ہماری مدد کے لیے نہیں آ سکتا تھا۔میں نے حسان سے کہا دیکھتے ہو کہ یہ یہودی قلعہ کا چکر کاٹ رہا ہے مجھے اندیشہ ہے کہ یہ ہماری کوئی غیر محفوظ اور کھلی ہوئی جگہ کو دیکھ رہا ہے

تا کہ اپنے ساتھی دوسرے یہودیوں کو جا کر خبر کرے رسول اللہؐ دشمن سے مصروفیت کی وجہ سے ہماری خبر نہیں لے سکتے تم نیچے جا کر اسے قتل کر دو۔حسان نے کہا اے عبدالمطلب کی بیٹی اللہ تم کو معاف کرے میں اس کام کا نہیں ہوں۔جب میں نے دیکھا کہ یہ بالکل نکما ہے میں نے خود گرز لیا اور قلعہ سے اتر کر اس کے پاس گئی اور گرز سے مار مار کر اس کا کام تمام کر دیا اسے قتل کر کے میں پھر قلعہ میں آ گئی اور میں نے حسان سے کہا مرد آدمی ہو جا کر اس کا لباس اور اسلحہ تو اتار لا وُہ مرد تھا اس وجہ سے میں نے اس کا لباس نہیں اتارا۔حسان نے کہا اے عبدالمطلب کی بیٹی مجھے اس کے سامان کی کوئی ضرورت نہیں۔

حذیفہ بن یمان

اس واقعہ کے متعلق محمد بن کعب قرظی سے مروی ہے کہ کوفہ کے ایک شخص نے حذیفہ بن یمان سے پوچھا اے ابوعبداللہ تم نے رسول اللہؐ کو دیکھا ہے اور ان کے صحبت میں رہے ہو انہوں نے کہا ہاں۔اس نے کہا تم کس طرح رسول اللہؐ سے پیش آتے تھے۔انہوں نے کہا ہم ان کی اطاعت میں پوری کوشش کرتے تھے اس شخص نے کہا بخدا اگر ہم نے آپؐ کا عہد پایا ہوتا تو ہم آپؐ کو زمین پر نہ چلنے دیتے اپنی گردنوں پر بٹھاتے۔حذیفہ نے کہا اے میرے بھتیجے! میں رسول اللہؐ کے ساتھ خندق میں موجود تھا آپؐ نے کچھ رات گئے نماز پڑھی اور پھر ہماری طرف مڑ کر دیکھا اور فرمایا کوئی ایسا ہے جو دشمن کی فرودگاہ میں جا کر خبر کی تصدیق کر کے آئے جو ہمیں معلوم ہوئی ہے اور رسول اللہؐ یہ عہد کرتے ہیں کہ جب وہ اللہ کے یہاں جائے گا اللہ اسے جنت میں داخل کرے گا کوئی شخص بھی اس کے لیے کھڑا نہیں ہوا۔آپؐ نے پھر کچھ رات گئے تک نماز پڑھی اس کے بعد پھر ہماری طرف متوجہ ہو کر وہی قول دہرایا مگر اس مرتبہ بھی ہم میں سے کوئی اس کے لیے آمادی نہ ہوا پھر آپؐ نماز پڑھنے لگے اور بعد فراغت ہم سے مخاطب ہو کر فرمایا کون ہے جو دشمن کے یہاں جا کر اس خبر کی تصدیق کر کے آ جائے رسول اللہؐ اس کے لیے یہ شرط کرتے ہیں کہ جب وہ مرے گا تو میں اللہ سے درخواست کروں گا کہ وہ جنت میں میرا رفیق بنایا جائے۔اس ارشاد پر بھی چونکہ لوگ بہت خوفزدہ اور بھوکے تھے اور سردی بھی نہایت شدید تھی کسی نے حامی نہ لی۔جب کوئی بھی اس کام کے لیے کھڑا نہیں ہوا۔رسول اللہؐ نے مجھے آواز دی اب تو میرے لیے کھڑے ہوئے بغیر چارہ نہ تھا کیونکہ آپؐ نے خود مجھے آوازی دی تھی میں پاس گیا تو فرمایا حذیفہ تم دشمن کے یہاں جاؤ اور دیکھ کر آؤ کہ وہ کیا کر رہے ہیں جب تک میرے پاس نہ آ جاؤ کسی سے کوئی بات بیان نہ کرنا۔

کفار کی واپسی

میں حسبِ ارشاد دشمن کی چھاؤنی میں آیا اس وقت ہوا اور اللہ کی فوجوں نے دشمن کا ناک میں دم کر رکھا تھا۔نہ کوئی دیگچی چولھے پر ٹھہرتی تھی نہ آگ جلتی تھی اور نہ کوئی مکان اپنی جگہ برقرار تھا۔ابوسفیان بن حرب نے

کھڑے ہو کر کہا اے قریش ہر شخص کو چاہیے کہ وہ دیکھے کہ کون اس کے ساتھ بیٹھا ہے۔ یہ سنتے ہی میں نے اس شخص کا ہاتھ پکڑا جو میرے پہلو میں بیٹھا ہوا تھا میں نے اس سے پوچھا کہ تم کون ہو اس شخص نے کہا میں فلاں بن فلاں ہوں اب ابوسفیان نے تقریر شروع کی۔ اور کہا:

''اے گروہ قریش! بخدا تم ایسی جگہ فروکش نہیں ہو جو قیام کے لیے مناسب ہوتی ہمارے مویشی اور اونٹ بھوکے مر گئے۔ بنو قریظہ نے ہم سے خلاف وعدگی کی بلکہ اس سے ہمیں تکلیف پہنچی اس ہوا کی وجہ سے جس مصیبت میں ہم مبتلا ہیں وہ ظاہر ہے۔ بخدا ہماری دیگیں چولھوں پر نہیں ٹھہرتیں نہ آگ ایک جگہ جلتی ہے اور نہ پناہ ہمیں پناہ دیتی ہے تم بھی واپس چلو اور میں تو اب چلا۔''

چنانچہ وہ اپنے اونٹ کے پاس آیا جو بندھا ہوا تھا۔ ابوسفیان نے اس پر بیٹھ کر اسے چابک مارا اور وہ اپنے تین پیروں پر پہلے اٹھا اور پھر رسی کھلتے ہی پوری طرح کھڑا ہو گیا بخدا اسوقت مجھے ایسا موقع حاصل تھا کہ اگر رسول اللہؐ سے میں نے اپنے مقصد کے اخفا کا وعدہ نہ کیا ہوتا اور میرا ارادہ ہوتا تو میں اسی وقت ابوسفیان کو قتل کر دیتا۔

وہاں سے میں رسول اللہؐ کی خدمت میں واپس آیا آپؐ اس وقت اپنی کسی بیوی کا منقش لبادہ اوڑھے نماز پڑھ رہے تھے۔ مجھے دیکھتے ہی آپؐ نے مجھے اپنے پیروں کے بیچ میں کر لیا اور میرے اوپر لبادہ کا کونا ڈال دیا۔ پھر آپؐ نے رکوع کیا اور جب سجدہ کیا تو میں نیچے سے نکل گیا پھر آپؐ نے سلام پھیرا۔ میں نے پورا واقعہ آپؐ سے بیان کیا اور جب غطفان کو معلوم ہوا کہ قریش اس طرح میدان سے چلے گئے تو وہ بھی فوراً تیزی کے ساتھ اپنے اپنے وطن واپس ہو گئے۔

محمد بن اسحاق کہتے ہیں کہ جب صبح ہوئی تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور تمام مسلمان خندق سے مدینہ پلٹ آئے اور انہوں نے ہتھیار کھول دیئے۔

باب 10

غزوۂ بنی قریظہ

حضرت جبرئیلؑ کی آمد

ابن اسحاق سے مروی ہے کہ ظہر کے وقت حضرت جبرئیلؑ رسول اللہؐ کے پاس آئے وہ استبرق کا عمامہ باندھے تھے ایک مادیان خچر پر سوار تھے جس پر زین تھی اور اس پر دیباج کا چار جامہ پڑا تھا جبرئیلؑ نے رسول اللہؐ سے کہا کیا آپؐ نے ہتھیار اتار دیئے آپؐ نے فرمایا ہاں۔ جبرئیلؑ نے کہا ملائکہ نے اب تک ہتھیار نہیں رکھے اور میں اس وقت دشمن ہی کے تعاقب سے آرہا ہوں۔ اے محمدؐ! اللہ نے آپ کو حکم دیا ہے کہ آپؐ اسی وقت بنی قریظہ کی طرف جائیں، اور میں بھی انہیں کی طرف جارہا ہوں۔

بنو قریظہ کی جانب پیش قدمی

رسول اللہؐ نے فوراً اپنے نقیب کو حکم دیا کہ وہ تمام مدینہ میں کوچ کا اعلان کردے چنانچہ اس نے اعلان کیا کہ جو اللہ اور اس کے رسولؐ کا مطیع اور فرمانبردار ہو وہ بنی قریظہ میں پہنچ کر عصر کی نماز پڑھے۔ رسول اللہؐ نے حضرت علی بن ابی طالبؑ کو اپنا علم دے کر بنی قریظہ کی طرف اپنے سے پہلے روانہ فرمایا۔ دوسرے لوگ بھی ان کی طرف لپکے۔ حضرت علیؑ مدینہ سے چل کر ان کے کسی قلعہ کے پاس پہنچے اور بنی قریظہ کے پاس پہنچنے سے پہلے رسول اللہؐ اسی سفر میں صورمین میں اپنے صحابہ کے پاس آئے آپؐ نے ان سے پوچھا کوئی صاحب تمہارے پاس سے گزرے ہیں انہوں نے کہا ہاں وحیہ بن خلیفہ کلبی ایک مادیان خچر پر سوار جس پر زین کسی تھی اور اس پر دیبا کا چار جامہ پڑا تھا ہمارے پاس سے گزرے آپؐ نے فرمایا یہ جبرئیلؑ تھے ان کو بنی قریظہ کی طرف بھیجا گیا ہے تاکہ وہ ان کے قلعوں کو متزلزل کردیں اور ان کے دلوں میں ہمارا رعب بٹھادیں۔

بنی قریظہ کا محاصرہ

عائشہ سے مروی ہے کہ خندق سے واپس آکر سعد کے مجروح ہونے کی وجہ سے رسول اللہؐ نے مسجد میں ان کے لیے ایک خیمہ نصب کرایا اور ہتھیار کھول دیئے۔ دوسرے مسلمانوں نے بھی ہتھیار کھول دیئے۔ جبرئیل آپؐ کے پاس آئے اور کہا کہ آپؐ نے ہتھیار رکھ دیے مگر ملائکہ نے ابھی تک نہیں رکھے۔ آپ دشمن کے مقابلہ پر جایئے اور ان سے لڑیئے رسول اللہؐ نے اپنی زرہ منگوا کر پہنی پھر آپ روانہ ہوئے اور تمام مسلمان بھی روانہ

ہو گئے آپ بنی غنم کے پاس سے گزرے ان سے پوچھا کہ کوئی آیا ہے۔انہوں نے کہا وحیۃ الکلبی یہاں آئے تھے یہ اپنی وضع قطع اور ڈاڑھی وصورت میں جبرئیلؑ کے مشابہ تھے۔یہاں سے بڑھ کر آپ بنی قریظہ کے سامنے فروکش ہوئے۔

اس وقت سعد اپنے اسی خیمہ میں مقیم تھے جو مسجد میں رسول اللہؐ نے ان کے لیے نصب کرادیا تھا رسول اللہؐ نے ایک ماہ یا پچیس دن بنی قریظہ کا محاصرہ رکھا۔جب محاصرہ کے مصائب سے وہ عاجز آ گئے اور ان سے کسی نے کہا کہ رسول اللہؐ کے حکم پر ہتھیار رکھ دو۔لیکن ابولبابہ بن عبدالمنذر نے حلق پر ہاتھ رکھ کر اشارہ کیا کہ اگر ایسا کرو گے تو سب ذبح کر دیئے جاؤ گے۔اس وجہ سے اب انہوں نے کہا ہم اس شرط پر ہتھیار رکھ دیتے ہیں کہ سعد بن معاذ ہمارے متعلق جو چاہیں فیصلہ کریں۔رسول اللہؐ نے کہا اچھا انہیں کے حکم پر سہی انہوں نے ہتھیار رکھ دیئے آپؐ نے سعد کے لانے کے لیے ایک گدھا بھیج دیا جس پر کھجور کے پتوں کا پالان تھا سعد کو اس پر سوار کرادیا گیا۔اس وقت تک ان کا زخم مندمل ہو کر خفیف سا رہ گیا تھا۔

حضرت سعد بن معاذ کا استقبال

جب سعد رسول اللہؐ کے سامنے آئے تو آپؐ نے صحابہ سے فرمایا اپنے سردار یا اپنے سب سے بہتر شخص کے استقبال کو اٹھو اور ان کو سواری پر سے اتار لاؤ۔صحابہ نے حسب الحکم بڑھ کر ان کا استقبال کیا اور ان سے کہا۔اے ابوعمرو رسولؐ نے تمہارے موالیوں کے بارے میں تم کو حکم بنایا ہے انہوں نے کہا ہاں تم اللہ کے سامنے اس بات کا پختہ عہد و پیمان کرو کہ جو تصفیہ میں کروں گا اسے تم قبول کرو گے سب نے کہا بے شک ہم اس کے لیے آمادہ ہیں پھر سعد نے جو رسول اللہؐ کی تعظیم کے خیال سے اس سمت سے جدھر آپؐ تشریف فرما تھے منہ پھیرے ہوئے تھے اس سمت کی طرف اشارہ کر کے کہا اور جو لوگ اس سمت میں ہیں وہ بھی میرے فیصلہ کو قبول کریں گے اس پر خود رسول اللہؐ نے فرمایا ہاں ہم اس کے لیے آمادہ ہیں۔

حضرت سعد بن معاذ کا فیصلہ

تب سعد نے کہا اچھا تو میں یہ تصفیہ کرتا ہوں کہ ان کے مرد قتل کر دیئے جائیں ان کی املاک تقسیم کر دی جائیں اور بیوی بچوں کو لونڈی غلام بنا لیا جائے۔رسول اللہؐ نے فرمایا:۔

''سعد! تم نے ان کے بارے میں اللہ کے حکم کے مطابق فیصلہ کیا ہے۔''

بنی قریظہ کا انجام

بنی قریظہ کو قلعے سے اتار کر رسول اللہؐ نے بنی نجار کی ایک عورت کے گھر میں جو حارث کی اولاد میں سے تھی

قید کر دیا اور پھر خود آپؐ اس مقام پر آئے جہاں اب مدینہ کا بازار ہے اور یہاں آپؐ نے چند کھائیاں کھدوائیں اور پھر بنو قریظہ کو بلا کر یہاں ان کی گردن ماردی۔ یہ چھوٹی چھوٹی جماعت میں آپؐ کے پاس بھیجے جاتے تھے اور آپؐ ان کو قتل کر دیتے تھے ان میں اللہ کا دشمن حُی بن اخطب اور کعب بن اسد اس جماعت کے سرغنہ بھی تھے یہ چھ سو یا سات سو آدمی تھے، جو لوگ ان کی تعداد زیادہ بتاتے ہیں انہوں نے آٹھ سو سے نو سو تک کہی ہے۔ بنو قریظہ کی جب کوئی جماعت قتل کے لیے رسول اللہؐ کی خدمت میں جانے لگتی تو وہ کعب بن اسد سے پوچھتے۔ کعب بتاؤ ہمارے ساتھ کیا ہونے والا ہے اس کے جواب میں وہ ہر مرتبہ کہتا کیا اتنی بات بھی نہیں سمجھتے بلانے والا برابر بلا رہا ہے اور جو جاتا ہے ان میں کوئی واپس نہیں پلٹتا۔ سمجھ لو کیا ہوگا بخدا مارے جاؤ گے۔

حُیّ بن اخطب کا قتل

دشمن خدا حُی بن اخطب آپ کے سامنے لایا گیا اس نے ایک فقاحی حلہ پہن رکھا تھا۔ اس خیال سے کہ کوئی بھی اسے صحیح سالم بعد میں نہ لے سکے۔ اس نے اس حُلے کو اپنے جسم پر تار تار کر دیا تھا اس کے دونوں ہاتھ گردن سے بندھے تھے رسول اللہؐ کو دیکھ کر اس نے کہا بخدا میں تمہاری عداوت میں کوئی کمی نہیں کی مگر کیا کیا جائے جس کا ساتھ اللہ چھوڑ دے وہ رسوا ہو جاتا ہے۔ پھر اس نے اور لوگوں سے مخاطب ہو کر کہا

> ''اے لوگو! اللہ کے حکم میں کیا چارہ ہے اللہ نے پہلے سے یہ بات مقدر کر دی تھی کہ بنی اسرائیل اس طرح قتل کر دیئے جائیں وہ پوری ہوئی اس کے بعد وہ بیٹھ گیا اور اسے قتل کر دیا گیا۔''

رفاعہ بن شمویل قرظی کی جان بخشی

رسول اللہؐ نے حکم دیا تھا کہ بنی قریظہ میں سے جو بالغ ہو گئے ہوں قتل کر دیئے جائیں۔ سلمہ بنت قیس، ام منذر سلیط بن قیس کی بہن جو رشتہ میں رسول اللہؐ کی خالہ ہوتی تھیں جنہوں نے آنحضرتؐ کے ساتھ دونوں قبلوں کی طرف نماز پڑھی تھی۔ اور عورتوں کی بیعت میں آپ کی بیعت کی تھی نے رفاعہ بن شمویل قرظی کو آپ سے مانگا یہ بالغ ہو چکا تھا وہ سلمٰی کے خاندان سے پہلے سے تعارف رکھتا تھا چونکہ اس نے ان کے ہاں پناہ لی تھی سلمٰی نے رسول اللہؐ سے عرض کیا اے اللہ کے نبی! میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں رفاعہ کو مجھے دے دیجئے کیونکہ وہ وعدہ کرتا ہے کہ نماز پڑھے گا اور اونٹ کا گوشت کھائے گا۔ آپؐ نے وہ سلمٰی کو بخش دیا۔ اور اس طرح سلمٰی نے اس کی جان بچالی۔

بنی قریظہ کا مال غنیمت

رسول اللہؐ نے بنی قریظہ کی املاک عورتوں اور بچوں کو مسلمانوں میں تقسیم کر دیا اور آج آپؐ نے سوار اور پیدل کے حصوں میں تفریق کر دی نیز آپؐ نے اس میں سے خمس نکال دیا۔ یہ پہلا مال غنیمت ہے جس میں دو حصے علیحدہ علیحدہ دیئے گئے اور اس سے خمس نکالا گیا جو آج تک برقرار ہے۔

جنگِ خندق کے شہداء

بن اسحاق کے بیان کے مطابق خندق کی لڑائی میں سے صرف چھ آدمی شہید ہوئے اور مشرکین میں سے تین قتل ہوئے اور بنی قریظہ کی جنگ میں خلاد بن سوید شہید ہوئے ان پر ایک چکی پھینکی گئی تھی جس سے وہ پاش پاش ہو گئے۔ بنی قریظہ کی فتح ذی قعدہ یا ابتدائے ذی الحجہ میں ہوئی البتہ واقدی کا خیال ہے کہ ماہ ذی قعدہ کے ختم ہونے میں ابھی چند راتیں باقی تھیں جب رسول اللہؐ نے بنی قریظہ پر چڑھائی کی اور پھر آپؐ نے ان کے لیے گہری نالیاں کھدوائیں۔ آپؐ بیٹھ گئے حضرت علیؑ اور زبیر آپؐ کے سامنے ان کو قتل کرتے تھے۔ جس عورت کو آپؐ نے اس دن قتل کرایا اس کا نام بنانہ تھا اسی نے خلاد بن سوید کو ان پر چکی پھینک کر قتل کیا تھا آپؐ نے اس کو طلب کر کے خلاد کے عوض قتل کر دیا تھا۔

باب 11

صلح حُدیبیہ 6 ھجری

غزہ بنی مُصطلق

رسول اللہؐ کو معلوم ہوا کہ بنی مصطلق آپؐ سے لڑنے کے لیے جمع ہو رہے ہیں۔ان کا سردار حارث بن ابی ضرار حضرت جویریہ بنت حارث ،رسول اللہؐ کی بیوی کا باپ تھا اس اطلاع پر آپؐ خود ان کے مقابلہ پر چلے اور ساحل سمندر پر قدید کے نواح میں ان کے ایک چشمہ مریسیع پر آپؐ نے ان کو جالیا مقابلہ ہوا نہایت شدید جنگ ہوئی اللہ نے بنی مصطلق کو شکست دی ان کے بہت سے آدمی کام آئے۔رسول اللہؐ نے اعلان کر دیا تھا کہ ان کی اولاد،عورتیں اور املاک مسلمانوں میں تقسیم کر دی جائیں گی اللہ نے ان کو رسول اللہؐ کے قبضہ میں دے دیا۔

حضرت جویریہؓ بنت حارث

اس جنگ میں بنی مصطلق کے بہت سے آدمی مارے گئے حضرت علیؑ بن ابی طالب نے ان کے دو آدمی مارک اور اس کے بیٹے کو قتل کر دیا رسول اللہؐ کو ان کی بہت سی لونڈیاں ہاتھ لگیں آپؐ نے انہیں مسلمانوں میں تقسیم کر دیا۔

حضرت عائشہ سے مروی ہے کہ جب آپؐ نے بنی مصطلق کی لونڈیاں صحابہ میں تقسیم فرمائیں تو جویریہ بنت حارث ،ثابت بن قیس یا اس کے چچازاد بھائی کے حصہ میں آئی تو اس نے اس سے زرآزادی کی ادائیگی پر اپنی آزادی کا معاہدہ کر لیا۔یہ ایک نہایت ہی قبول صورت ملیح حسینہ تھی جو اس کو دیکھ لیتا اس پر فریفتہ ہو جاتا۔یہ رسول اللہؐ کے پاس اپنے زرآزادی کی ادائیگی میں مدد لینے آئی تو میں نے اس کو اپنے حجرے کے دروازے پر دیکھ کر کہا یہ تو برا ہوا کہ یہ آئی ہے کیونکہ میں سمجھتی تھی کہ خود رسول اللہؐ کے دل پر اس کی صورت کا وہی اثر ہوگا جو مجھ پر ہوا ہے۔

حضرت جویریہؓ کا نکاح

بہرحال وہ اندر آئی اور عرض کیا میں جویریہ بنت حارث بن ابی ضرار ہوں جو اپنی قوم کا سردار اور رئیس تھا۔مجھ پر جو وقت پڑا ہے وہ آپؐ پر روشن ہے میں ثابت بن قیس یا شاید اس نے کہا کہ ان کے چچازاد بھائی کے حصہ میں پڑی ہوں میں نے ان سے اپنی آزادی کا معاہدہ لکھوالیا ہے اب آپؐ سے زرآزادی کی ادائیگی میں مدد

لینے کے لیے حاضر ہوئی ہوں۔رسول اللہؐ نے فرمایا کیوں نہ ایسی شرط قبول کرلو جو اس سے افضل ہو اس نے پوچھا وہ کیا۔آپؐ نے فرمایا:۔

''میں تمہاری قیمت ادا کر کے تم کو آزاد کراتا ہوں اور تم سے نکاح کیے لیتا ہوں۔''

انہوں نے کہا ''مجھے منظور ہے۔'' تو آپؐ نے فرمایا اچھا میں نے بھی اس پر عمل کیا۔

صلح حُدیبیہ

ابن اسحاق سے مروی ہے کہ ذی القعدہ میں نبی اکرمؐ عمرے کے ارادے سے روانہ ہوئے۔اس موقع پر آپؐ کی نیت قطعاً جنگ کی نہ تھی۔آپؐ نے تمام عرب اور اپنے آس پاس کے بدوی عربوں کو ساتھ چلنے کی دعوت دی آپؐ کو سابقہ تجربوں کی بنا پر قریش کی جانب سے اس بات کا اندیشہ تھا کہ وہ آپؐ سے جنگ کریں گے یا آپؐ کو بیت اللہ تک نہ جانے دیں گے عربوں میں سے اکثر نے آپؐ کی دعوت قبول نہیں کیا اور وہ آپؐ کے پاس نہ آئے اس لیے آپ مہاجرین وانصار اور جو تھوڑے سے عرب آ گئے تھے ان کو لے کر مکہ روانہ ہوئے آپؐ نے قربانی کے جانور ساتھ لے لیے اور عمرے کا احرام باندھ لیا تا کہ لوگ آپؐ کی طرف سے بے خطر رہیں اور ان کو معلوم ہو کہ آپؐ صرف بیت اللہ کی تعظیم کے لیے اس کی زیارت کو آئے ہیں۔

مسلمانوں کی تعداد

مسور بن مخرمہ اور مروان بن حکم سے مروی ہے کہ حدیبیہ کے سال رسول اللہؐ محض کعبہ کی زیارت کے لیے چلے۔آپؐ کا مقصد اس موقع پر کسی سے لڑنا نہیں تھا۔آپؐ نے ستر اونٹ قربانی کے لیے اپنے ساتھ لیے آپؐ کے ساتھ سات سو آدمی تھے۔ایک روایت تیرہ سو کی ہے سلمہ کہتے ہیں ہماری تعداد چودہ سو تھی۔جابر کی روایت بھی چودہ سو کی ہے ابن عباس کہتے ہیں درخت کے نیچے بیعت کرنے والے ایک ہزار پانچ سو پچیس تھے۔

سہیل بن عمرو کی سفارت

قریش نے بنی عامر بن لوی کے سہیل بن عمرو کو رسول اللہؐ کے پاس بھیجا کہا کہ تم ان سے صرف اس شرط پر صلح کرلو کہ اس سال وہ واپس چلے جائیں تا کہ آیندہ عرب ہمیں یہ طعنہ نہ دے سکیں کہ محمدؐ زبردستی ہمارے گھروں میں گھس آئے تھے سہیل اس غرض سے چلا رسول اللہؐ نے اسے آتا ہوا دیکھ کر فرمایا کہ اس شخص کے بھیجنے سے معلوم ہوتا ہے کہ دشمن صلح کرنا چاہتا ہے۔سہیل رسول اللہؐ کے پاس پہنچا اور طویل گفتگو کے بعد صلح طے پائی۔زبانی شرائط کا تصفیہ ہو چکا تھا۔اور اب عہد نامے کا لکھنا باقی تھا عمر بن خطاب نے ان شرائط کو ناپسند کیا وہ ابوبکر کے پاس گئے اور ان سے کہا کیا آپ (محمدؐ) اللہ کے رسول نہیں ہیں۔ابوبکر نے کہا بیشک وہ اللہ کے رسول ہیں۔عمر نے کہا کیا ہم

مسلمان نہیں ؟ابوبکر نے کہا بیشک ہم مسلمان ہیں۔عمر نے کہا کیا اہل مکہ مشرک نہیں۔ابوبکر نے کہا ہاں ہیں۔عمر نے کہا تو پھر ہم کیوں اپنے دین کے معاملہ میں ایسی بات مانیں جس سے کمزوری اور ذلت ظاہر ہوتی ہو۔ابوبکر نے کہا عمر چون و چرا نہ کرو بس تم ان کے ساتھ رہو۔

حضرت عمر کی مخالفت

اس کے بعد عمر، رسول اللہؐ کے پاس آئے اور عرض کیا، کیا آپؐ اللہ کے رسول نہیں ہیں؟ آپ نے فرمایا ہوں۔عمر نے کہا ''کیا ہم مسلمان نہیں ہیں؟'' آپؐ نے فرمایا ''ہو'' عمر نے کہا'' کیا اہل مکہ مشرک نہیں ہیں؟'' آپ نے فرمایا ''ہیں''۔عمر نے کہا تو پھر ہم کیوں دین کے معاملہ میں اپنی کمزوری تسلیم کریں۔آپؐ نے فرمایا سنو میں اللہ کا بندہ اور اس کا رسول ہوں ہرگز اس کے حکم کی مخالافت نہیں کروں گا اور وہ کبھی میری بات نہیں بگاڑے گا۔

صلح نامہ حُدیبیہ

حضرت علیؑ بن ابی طالب سے مروی ہے کہ صلح کے تصفیہ کے بعد رسول اللہؐ نے مجھے طلب فرمایا اور کہا کہ معاہدہ لکھو:۔

بِسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ

وسہیل نے کہا میں اس جملہ کو نہیں جانتا۔البتہ یوں لکھو''باسمك اللهم'' رسول اللہ نے مجھ سے فرمایا یہی لکھ دو۔میں نے یہی لکھ دیا اس کے بعد آپ نے فرمایا آگے لکھو یہ معاہدہ ہے جس پر محمد رسول اللہؐ نے سہیل بن عمرو سے مصالت کی ہے۔اس پر سہیل نے کہا اگر ہم اس بات کو مانتے ہوتے کہ آپؐ اللہ کے رسول ہیں تو پھر کیوں لڑتے ؟اس کے بجائے آپ محض اپنا اور اپنے باپ کا نام لکھوائیں۔رسول اللہؐ نے مجھ سے فرمایا اچھا لکھو یہ وہ شرائط ہیں جن پر محمدؐ بن عبداللہ نے سہیل بن عمرو سے مصالحت کی ہے۔

''آپ سے دس سال تک ہم میں باہم کوئی لڑائی نہ ہوگی اس مدت میں ہر شخص مامون ہوگا کوئی کسی بات پر دست درازی نہیں کرے گا۔قریش کا جو شخص اپنے ولی کی اجازت کے بغیر رسول اللہؐ کے پاس آجائے گا رسول اللہؐ اسے اس کے اولیاء کے پاس واپس بھیج دیں گے اور رسول اللہؐ کے ہمراہیوں میں سے اگر کوئی قریش کے پاس چلا جائے گا تو وہ اسے آپؐ کے پاس واپس نہیں بھیجیں گے اب ہمارے درمیان میں کوئی لڑائی نہیں رہی نہ تلوار نکلے اور نہ تیر اندازی اور نہ سنگ اندازی ہو جس کا جی چاہے وہ اب رسول اللہؐ کے ساتھ ان کے عہد و پیمان میں داخل ہو جائے اور جس کا جی چاہے وہ قریش کے ساتھ ہو جائے۔''

یہ شرائط کے سنتے ہی بنوخزاعہ اٹھے اور انہوں نے کہا ہم رسول اللہؐ کے ساتھ ان کے عہد میں داخل ہوتے

ہیں۔ بنو بکر اٹھے اور انہوں نے کہا کہ ہم قریش کے ساتھ شامل ہوتے ہیں اس کے بعد یہ لکھا گیا:۔

کہ ''اس سال واپس چلے جائیں اور مکہ کے اندر نہ آئیں۔ اگلے سال ہم مکہ آپؐ کے لیے چھوڑ دیں گے۔ آپ اپنے صحابہ کو ہمراہ مکہ میں داخل ہوں اور تین دن قیام کریں۔ آپؐ کے ہمراہ صرف شتر سوار کا بیتار یعنی تلوار نیاموں میں رہے اس شرط کے بغیر آپؐ اندر نہیں آئیں گے۔''

رسول اللہؐ اور سہیل اس عہد نامے کے لکھوانے میں مصروف تھے کہ اتنے میں ابوجندل بن سہیل بن عمرو بیڑیاں پہنے وہاں آئے اور رسول اللہؐ کے پاس پہنچے۔

مسلمانوں میں غم وغصہ

رسول اللہؐ نے ایک خواب دیکھا تھا جس کی وجہ سے مسلمانوں کو فتح کا یقین تھا اور وہ آپؐ کے ساتھ عمرہ کرنے مدینہ سے نکلے تھے مگر اب جب انہوں نے دیکھا کہ اس نہج پر صلح ہو رہی ہے اور ہم بے نیل ومرام واپس جائیں گے اور خود رسول اللہؐ نے قریش کی بات مان کر ان کے منشا کے مطابق صلح کی ہے تو مسلمانوں کے دلوں میں اس کا اس قدر سخت رنج وتعب پیدا ہوا کہ قریب تھا کہ وہ ہلاک ہو جائیں۔

حضرت ابوجندل بن سہیل کی آمد

سہیل نے جب ابوجندل کو دیکھا تو اس نے بڑھ کر اس کے منہ پر تھپڑ مارا اور گردن تھام لی اور پھر رسول اللہؐ سے مخاطب ہو کر کہا کہ اس کے آنے سے پہلے میرے اور آپؐ کے درمیان معاملہ طے ہو چکا ہے۔ آپؐ نے فرمایا صحیح ہے اب سہیل اس کی گردن پکڑ کر اسے دھکا دیتے ہوئے اور کھینچتا ہوا قریش کی طرف پلٹنے لگا اور ابوجندل نہ انتہائی بلند آواز میں چلانا شروع کیا اے مسلمانو! مجھے مشرکین کے پاس لوٹایا جا رہا ہے میرے ایمان کی وجہ سے مجھے اس مصیبت میں ڈالا جا رہا ہے۔ اس جملے نے تو مسلمانوں کے زخمی دلوں پر اور نمک پاشی کی۔ رسول اللہؐ نے ابوجندل سے فرمایا اپنے دل کو قابو میں رکھو اللہ تعالیٰ تمہارے اور تمہارے ایسے دوسرے مجبور لوگوں کے لیے جلد اس مصیبت سے نکالنے کی سبیل کرنے والا ہے۔ چونکہ ہم نے اہل مکہ سے صلح کر کے معاہدہ کر لیا ہے اور اس کے ایفاء کو اپنے اوپر لازم قرار دیا ہے۔ اس لیے اب ہم ان کے ساتھ بے وفائی نہیں کرتے۔

جانوروں کی قربانی

مسورہ بن مخرمہ اور مروان بن حکم سے مروی ہے کہ اس قضیہ (صلح) سے فارغ ہونے کے بعد رسول اللہؐ نے صحابہ سے فرمایا کہ اٹھو قربانی کرو اور سر منڈاؤ۔ مگر کوئی شخص آمادہ نہ ہوا آپؐ نے تین مرتبہ یہی ارشاد فرمایا مگر پھر بھی کوئی نہ اٹھا تو آپؐ جناب ام سلمہؓ کے پاس تشریف لے گئے اور ان سے صحابہ کے اس طرز عمل کی شکایت کی انہوں

نے کہا اے اللہ کے نبیؐ اگر آپؐ ایسا ہی چاہتے ہیں تو مناسب یہ ہے کہ آپؐ برآمد ہوں اور اب کسی سے ایک لفظ نہ کہیں خود اپنی قربانی کے جانور ذبح کریں اور اپنے حجام کو بلا کر اس سے اپنا سر منڈوالیں۔ رسول اللہؐ نے اس مشورہ پر عمل کیا آپؐ باہر آئے کسی سے ایک بات نہیں کی اپنی قربانی ذبح کی اور سر منڈوایا۔ صحابہ نے جب آپؐ کو یہ کرتے دیکھا تو سب اٹھے اور انہوں نے اپنی قربانیاں ذبح کیں اور خود ہی ایک دوسرے کا سر مونڈنے لگے اور ان کو اپنی اس نافرمانی کا اس قدر رنج ہوا کہ ان کے ہوش وہواس جاتے رہے ابن عباس سے مروی ہے کہ اس روز بعض نے سر منڈایا اور بعض نے بال کٹوائے۔ رسول اللہؐ نے فرمایا۔ اللہ سر منڈوانے والوں پر اپنا رحم فرمائے۔ صحابہ نے عرض کیا یارسول اللہؐ اور بال کترانے والوں پر۔ آپؐ نے فرمایا اور بال کتروانے والوں پر بھی۔ صحابہ نے پوچھا آپؐ نے رحم کے لیے سر منڈوانے والوں کا نام تو لیا مگر بال کتروانے والوں کا ذکر نہیں کیا۔ رسول اللہؐ نے فرمایا اس لیے کہ انہوں نے میری بات میں شک نہیں کیا۔

آنحضرتؐ کی مراجعت مدینہ

زہری کا بیان ہے پھر رسول اللہؐ مدینہ واپس تشریف لے آئے زہری کہا کرتے تھے کہ اپنے مفید نتائج کے اعتبار سے اس سے قبل اسلام میں اتنی بڑی فتح حاصل نہیں ہوئی جب فریقین مقابل ہوئے تو باہم آویزش ہوئی اور جب صلح کے بعد جنگ کا خاتمہ ہوا اور لوگ ایک دوسرے کی جانب سے بے خطر ہو کر باہم مل کر تبادلہ خیالات اور مکالمہ کرنے لگے تو جس شخص میں کچھ بھی عقل تھی اس سے جب اسلام کے اصول بیان کیے گئے۔ اس نے فوراً اسلام قبول کر لیا صرف ان دو سالوں میں اتنے لوگ مسلمان ہوئے جتنے کہ اس سے قبل تمام مدت میں اسلام لائے تھے۔

باب 12

سلاطین کو دعوت اسلام 6 ھجری

اس سال ماہ ذی الحجہ میں رسول اللہؐ نے چھ اشخاص کو اپنے قاصد کی حیثیت سے مختلف فرمانرواؤں کے دربار میں بھیجا۔

یزید بن ابی حبیب مصری سے مروی ہے ان کو ایک ایسی تحریر ملی جس میں ان اصحاب کے نام تھے جن کو رسول اللہؐ نے غیر مسلم فرمانرواؤں کے پاس بھیجا تھا۔اور وہ پیغام درج تھا جو آپؐ نے ان کے ذریعہ بھیجا تھا۔انہوں نے وہ تحریر اپنے شہر کے بعض ثقہ لوگوں کے ہاتھ ابن شہاب زہری کے پاس بھیجی تو زہری نے اسے شناخت کر کے تسلیم کیا۔اس تحریر میں درج تھا کہ ایک دن رسول اللہؐ برآمد ہوئے صحابہ جمع تھے آپؐ نے فرمایا کہ میں تمام عالم کے لیے بلا استثناء رحمت بنا کر مبعوث کیا گیا ہوں۔تم میری دعوت کو تمام عالم میں پہنچاؤ ابن اسحاق کہتا ہے کہ رسول اللہ نے سلیط بن عمر کو عامہ کے رئیس ہوزہ حنفی کے پاس علاء بن حضرمی کو بحرین کے رئیس منذر بن ساوٰی کے پاس عمرو بن عاص کو عمان کے رئیس جیفر بن حلبد اور عباد بن حلبد اکے پاس حاطب بن ابی بلتعہ کو اسکندریہ کے بادشاہ مقوقس کے پاس بھیجا۔مقوقس نے چار باندیاں آپکو نذر بھیجیں۔ان میں ماریہ، ابراہیم بن رسول اللہؐ کی ماں بھی تھیں۔

ہرقل قیصر روم کو دعوت اسلام

رسول اللہ نے دحیہ بن خلیفہ کلبی کو قیصر روم کے پاس بھیجا۔ایک دن ہرقل بہت ہی متفکر ہو کر آسمان کو دیکھنے لگا اس کے درباری امراء نے پوچھا جناب والا پریشان نظر آتے ہیں۔اس نے کہا صحیح ہے میں نے آج رات خواب میں دیکھا ہے کہ مختونوں کا ملک سب پر غالب آنے والا ہے۔امراء نے کہا یہود کے علاوہ کوئی ایسی قوم ہمیں معلوم نہیں جو ختنہ کراتی ہو لیکن وہ آپ کے قبضہ میں ہیں اور آپ کے رعایا ہیں اگر ایسا اندیشہ ہے تو ان سب کو قتل کر ادیں۔ابھی یہ باتیں ہو رہی تھیں کہ رئیس بصریٰ کا ایک آدمی ایک عرب کو لے کر ہرقل کے پاس آیا اور کہا یہ عرب بکریاں اور اونٹ چراتے ہیں یہ اپنے ملک کا عجیب واقعہ بیان کرتا ہے۔ترجمان کے ذریعہ معلوم ہوا کہ ہم میں سے ایک شخص نے نبوت کا دعوٰی کیا ہے کچھ لوگ اس کے پیرو اور کچھ مخالف ہیں ان کے مابین بہت سی لڑائیاں لڑی ہیں اور اب تک ہو رہی ہیں۔ہرقل کے حکم سے اسے برہنہ کر کے دیکھا گیا تو معلوم ہوا وہ مختون ہے۔ہرقل نے کہا۔بخدا مجھے یہی شخص خواب میں دکھایا گیا ہے نہ کہ وہ قوم جس کے متعلق تمہارا گمان ہے۔

ابوسفیان کی طلبی

ہرقل نے اپنے کوتوال کو بلا کر حکم دیا کہ شام کے چپہ چپہ سے تلاش کر کے ایسے شخص کو حاضر کرو جو اس نبیؐ کی قوم کا ہو۔ابوسفیان کہتا ہے ہم غزہ میں تھے کہ ہرقل کے کوتوال نے ہمیں گھیر کر پوچھا تم اس حجازی کی قوم سے ہو۔ہم نے کہا ہاں۔وہ کہنے لگا میرے ساتھ بادشاہ کے پاس چلو جب وہاں پہنچے تو بادشاہ نے کہا تم میں سے اس کا قریب تر عزیز کون ہے؟ ابوسفیان کہتا ہے کہ میں نے کہا میں ہوں۔میں نے ہرقل سے زیادہ بدصورت آدمی کبھی نہیں دیکھا تھا۔بہرحال اس نے مجھے پاس بٹھا کر اپنے سامنے بٹھایا میرے دوسرے ساتھیوں کو میرے عقب میں بٹھا کر ان سے کہا میں اس سے سوال کرتا ہوں اگر یہ جھوٹ بولے تو تم اس کی تکذیب کرنا۔

ہرقل کا استفسار

ہرقل نے پوچھا جو تم میں نبوت کا مدعی ہوا ہے اس کا حال بیان کرو۔اب میں نے ارادہ کیا کہ محمدؐ کی شان اور بات کو اس کے دل میں اہمیت نہ اختیار کرنے دوں۔لہذا میں نے کہا اپ اس کی وجہ سے پریشان نہ ہوں ۔جو بات آپ کو اس کے متعلق معلوم ہوئی ہے اس سے اس کی شان بہت کم تر ہے۔میں نے دیکھا کہ میری اس بات کا اس پر کوئی اثر نہیں ہوا اور نہ اس نے اس پر کوئی توجہ دی پھر اس نے کہا اچھا صرف ان باتوں کا جواب دو جو میں اس کے متعلق دریافت کروں میں نے کہا پوچھیے؟ اس نے کہا

''اس کا نسب کیا ہے؟''

میں نے کہا ''وہ نجیب الطرفین ہم میں شریف تر ہے۔''

اس نے کہا ''کیا اس کے خاندان میں کوئی اور بھی مدعی نبوت ہے جسکی نقل میں اس نے دعوٰی کیا ہو؟''

میں نے کہا ''نہیں''

اس نے پوچھا ''کیا اس کو تم پر حکومت حاصل تھی اور پھر تم نے اس سے چھین لی اور اب وہ نبی بن کر پھر حکومت حاصل کرنا چاہتا ہو؟''

میں نے کہا ''نہیں''

ہرقل نے کہا ''بتاؤ اس کے پیرو کون لوگ ہیں؟''

میں نے کہا ''کمزور،غریب،نوجوان، بچے اور عورتیں۔مگر اس کی قوم کے عمائد اور اشراف میں سے ایک نے بھی اس کی اتباع نہیں کی۔''

پھر اس نے پوچھا۔''اچھا یہ بتاؤ کہ جو اس کے متبع ہیں وہ اس کو دل سے چاہتے ہیں اور وفادار ہیں یا پھر برا سمجھ کر اس کا ساتھ چھوڑ دیتے ہیں؟''

میں نے کہا ''آج تک اس کے متبعین میں سے ایک نے بھی اس کا ساتھ نہیں چھوڑا۔''

اس نے پوچھا۔''تمہاری اور اس کی لڑائی کا کیا حال ہے؟''

میں نے کہا۔''کبھی وہ ہم پر غالب ہوتے ہیں اور کبھی ہم ان پر۔''

اس نے کہا''بتاؤ کیا وہ بدعہد ہے؟''اور تمام سوالوں میں سے صرف یہ سوال ایسا تھا کہ مجھے اس کے جواب میں محمدؐ پر طنز کرنے کا موقع تھا۔

میں نے کہا۔''نہیں''اب ہمارے اور اس کے درمیان سر دست صلح ہے۔مگر ہم اس کی بدعہدی سے بالکل مطمئین نہیں ہیں۔

ہرقل کا جواب

اس جواب پر اس نے کوئی التفات نہیں کیا بلکہ خود ہی اس نے یہ تمام واقعہ دہرایا اور کہا میں نے تم سے اس کا نسب پوچھا تو تم نے کہا کہ وہ تم میں نہایت ہی شریف اور نجیب الطرفین ہے اور اللہ کا یہی دستور ہے کہ جب وہ کسی کو نبوت عطا کرتا ہے تو وہ شخص اپنی قوم میں باعتبار نسب کے شریف ترین ہوتا ہے۔میں نے تم سے پوچھا کہ اس کی قوم میں کوئی اور مدعی نبوت ہے جس کی وہ نقل کر رہا ہو۔تم نے کہا نہیں۔میں نے پوچھا کیا کیا تمہاری حکومت اسے حاصل تھی جسے تم نے چھین لیا ہو اب دوبارہ اسے لینے کے لیے اس نے دعوٰی کیا ہو؟ تم نے کہا نہیں ایسا بھی نہیں ہے۔میں نے پوچھا اس کے ماننے والے کون لوگ ہیں۔تم نے کہا کہ وہ کمزور،مساکین،نوجوان اور عورتیں ہیں ہر زمانہ میں انبیاء کے متبعین ایسے لوگ ہوئے ہیں۔میں نے تم سے پوچھا آیا اس کے پیرو دل سے اس کے جاں نثار اور ہمیشہ کے لیے وفادار ہیں یا چند روز میں ساتھ چھوڑ کر علیحدہ ہو جاتے ہیں تم نے کہا کہ ان میں سے کسی نے بھی اس کی مفارقت اختیار نہیں کی۔بیشک ایمان کی حلاوت ایسی ہی ہوا کرتی ہے کہ جب وہ دل میں اتر جائے تو پھر نہیں نکلتی۔میں نے پوچھا کیا وہ بدعہدی کرتا ہے تم نے کہا نہیں لہذا اگر تم نے اس کا سچا حال بیان کیا ہے تو وہ ضرور میری اس تمام سلطنت پر جو میرے قدموں کے نیچے ہے غالب آ جائے گا۔کاش میں ان کی خدمت میں ہوتا اور ان کے قدم دھوتا۔اچھا اب جایئے میں کف افسوس ملتا ہوا اس کے پاس سے اٹھ آیا اور اپنے ساتھیوں سے کہا دیکھتے ہو ابن ابی کبشہ کا اب یہ اثر ہو گیا ہے کہ فرنگی بادشاہ اس ملک شام میں جو ان کی سلطنت میں ہے بیٹھے ہوئے اس سے خوفزدہ ہیں۔

آنحضرتؐ کا خط

وحیہ کلبی کے ذریعہ رسول اللہؐ کا حسب ذیل خط قیصر روم کو پہنچا۔

''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم''

''یہ خط محمد رسول اللہؐ کی طرف سے ہرقل قیصرِ روم کے نام بھیجا جاتا ہے جس نے راہ راست اختیار کی وہ سلامت رہا۔ امابعد۔ اسلام لاؤ سلامت رہو گے۔ اسلام لے آؤ اللہ تم کو اس کا دومرتبہ اجر دے گا اور اگر میری اس دعوت سے اعراض کرو گے تو تمہاری اس تمام ناواقف رعایا کی گمراہی کا وبال بھی تم پر ہوگا۔''

ہرقل کا امراء سے مشورہ

ابن شہاب زہری کہتے ہیں کہ عبدالملک بن مروان کے عہد میں نصاریٰ کے ایک بڑے اسقف سے ملاقات ہوئی یہ اس وقت موجود تھا۔ جب رسول اللہؐ کا خط ہرقل کے پاس آیا تھا اس نے بیان کیا کہ وحیہ بن خلیفہ کلبی نے آپؐ کا خط ہرقل کر لا کر دیا اسی نے اس کو اپنی دونوں رانوں اور کمر کے نیچے رکھ لیا اور پھر پوپ کو روم میں اس واقعہ کی اطلاع دی یہ پوپ عبرانی انجیل کو پڑھتا اور سمجھتا تھا۔ ہرقل نے اسے رسول اللہؐ کا سارا واقعہ لکھا پوپ نے جواب میں لکھا کہ بیشک یہ شخص وہی نبی برحق ہیں جن کے ہم منتظر تھے ان کی نبوت میں کوئی شبہ نہیں تم ان کی اتباع کرو اور ان پر ایمان لے آؤ۔ ہرقل نے اپنے تمام امراء کو دربار میں طلب کیا۔ ایک قصر میں دربار منعقد کیا گیا سب کے جمع ہو جانے کے بعد دروازے بند کر دیئے گئے چونکہ قیصر کو ان کی جانب سے اپنی جان کا خطرہ تھا وہ ان کے سامنے ایک برآمدے میں برآمد ہوا اور اس نے کہا کہ میں نے آپ کو ایک نیک بات کے لیے بلایا ہ میرے پاس اس عرب کا خط آیا ہے جس میں اس نے مجھے اپنے دین کی دعوت دی ہے اور وہ بیشک وہی نبی برحق ہے جس کا ہم کو انتظار تھا۔ اور جس کی پیشین گوئی ہماری مذہبی کتب میں موجود ہے لہذا آؤ ہم سب اس کی اتباع کریں اور اس پر ایمان لے آئیں تا کہ ہماری دنیا و آخرت بنی رہے۔

امراء کی برہمی

اس پر تمام حاضرین نے انکار کے لیے شور برپا کر دیا اور دربار کے کمرے سے باہر جانے کے لیے دروازوں کیطرف لپکے مگر وہ پہلے سے بند تھے پھر ان کو قیصر نے سامنے بلایا چونکہ اس کو ان سے اپنی جان کا خطرہ تھا اس لیے اب اس نے یہ تقریر کی کہ میں نے یہ گفتگو ابھی آپ سے کی ہے اس کا مطلب صرف آپ کا امتحان تھا تا کہ آزمائش کی جائے کہ آپ اپنے دین پر کس مضبوطی سے قائم ہیں اور اس امتحان کی اس نئے واقعہ کے پیش آجانے کی وجہ سے ضرورت ہوئی مگر اب مجھے آپ کے راسخ ایمان کو دیکھ کر بڑی مسرت ہوئی اس کے سننے کے بعد تمام درباری بادشاہ کے سامنے سجدے میں گر پڑے۔ اب قیصر کے دروازے کھول دیئے گئے اور وہ سب چلے گئے۔

ضغاطر اسقف کا قتل

ایک روایت ہے کہ خط موصول ہونے کے بعد ہرقل نے وحیہ سے یہ بھی کہا میں جانتا ہوں کہ تمہارے نبی برحق ہیں یہی وہ نبی ہیں جن کے ہم منتظر تھے اور جن کا ذکر ہماری مذہبی کتابوں میں موجود ہے مگر مجھے رومیوں سے اپنی جان کا خطرہ ہے اگر ایسا نہ ہوتا تو میں ضرور ان کی اتباع کر لیتا اب مناسب یہ ہے کہ تم ضغاطر اسقف کے پاس جاؤ اور اس سے اپنے نبی کا حال بیان کرو۔ تمام رومیوں میں اس کی شان اور عزت مجھ سے کہیں زیادہ ہے اور اس کی بات کا رومیوں پر مجھ سے کہیں زیادہ اثر ہے دیکھو کہ وہ اس معاملہ میں کیا کہتا ہے۔ چنانچہ وہ اس کے پاس آئے رسول اللہؐ نے جس غرض اور جس دعوت کے لیے ان کو ہرقل کے پاس بھیجا تھا وہ اس سے بیان کی ضغاطر نے کہا بیشک تمہارے نبی برحق ہیں ہم ان کی تعریف سے پہنچان گئے ان کا نام ہماری کتابوں میں موجود ہے اس کے بعد وہ اندر گیا وہ اس نے اپنا سیاہ لباس جو پہنے تھا اتار کر سفید لباس پہنا اور اپنا عصا ہاتھ میں لے کر رومیوں کے سامنے جو گرجا میں جمع تھے آیا اور ان سے کہا ہمارے پاس احمدؐ کا خط آیا ہے جس میں انہوں نے ہمیں اللہ تعالیٰ کی دعوت دی ہے اور میں شہادت دیتا ہوں کہ ''ان لا الہ الا اللہ وان احمد عبدہ ورسولہ۔'' اسے سنتے ہی تمام حاضرین ایک جان ہو کر اس پر حملہ آور ہوئے اور وہیں ضغاطر کو شہید کر دیا۔ اس واقعہ کے بعد وحیہ دوبارہ ہرقل کے پاس آئے اور یہ واقعہ بیان کیا۔ ہرقل نے کہا میں نے پہلے ہی تم سے یہ بات کہہ دی تھی کہ ہمیں ان کی طرف سے اپنی جان کا خطرہ ہے۔ ضغاطر ان پر مجھ سے کہیں زیادہ اثر تھا اور وہ اس کی مجھ سے زیادہ تعظیم کرتے تھے مگر تم نے دیکھ لیا کہ اس کے ساتھ کیا ہوا۔

رئیس دمشق کو پیغام

رسول اللہؐ نے شجاع بن وہب کو منذر بن حارث غسانی دمشق کے سردار کے پاس بھیجا اور اسے یہ خط لکھا۔ ''اس پر سلامتی ہو جس نے راہِ راست کی اتباع کی اور اسے تسلیم کیا میں تم کو اللہ وحدہ لاشریک پر ایمان لانے کی دعوت دیتا ہوں۔ تمہاری ریاست تمہارے قبضہ میں رہے گی۔'' شجاع نے جب یہ خط منذر کو پڑھ کر سنایا تو وہ کہنے لگا:۔ ''کون ہے جو میری ریاست مجھ سے چھین سکتا ہے میں اس کا مقابلہ کروں گا۔'' رسول اللہؐ نے یہ جواب سن کر فرمایا:۔ ''اس کی ریاست برباد ہوگی۔''

شاہ حبشہ کو دعوت اسلام

آنحضرتؐ نے عمرو بن اسید ضمری کو حضرت جعفر بن ابی طالبؑ کی قیادت میں کچھ صحابہ کے ساتھ نجاشی

کے پاس اپنا یہ خط دے کر بھیجا تھا:۔

"بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔

یہ خط محمد رسول اللہؐ کی جانب سے حبشہ کے نجاشی اصحم کے نام ارسال کیا جاتا ہے۔تم محفوظ ہو میں تمہارے سامنے اس اللہ کی ، جو پاک ہے ،تمام کائنات کا حاکم ہے،امان ہے اور آمان دینے والا،مقتدر ہے۔تعریف کرتا ہوں اور شہادت دیتا ہوں کہ عیسیٰؑ ابن مریم اللہ کی روح اور اس کا کلمہ تھے۔ جسے اس نے نیک پاک اور عفیفہ مریمؑ کے بطن میں ڈالا اور عیسیٰؑ بطن مریمؑ میں بشکل حمل جلوہ افروز ہوئے۔اللہ نے اپنی روح اور دم سے اسے اسی طرح پیدا کیا جس طرح اس نے آدم کو اپنے ہاتھ سے بنایا اور پھر اس میں جان پھونکی۔میں تم کو اس اللہ کی جو صرف ایک ہے۔اس کا کوئی شریک نہیں دعوت دیتا ہوں کہ اس پر ایمان لے آؤ اور اس کی فرماں برداری میں میرا ساتھ دو،میری پیروی کرو اور میری رسالت کو تسلیم کرو۔میں نے اپنے چچازاد بھائی جعفر کو دوسرے مسلمانوں کے ساتھ تمہارے پاس بھیجا ہے جب یہ تمہارے پاس پہنچیں تو تم ان کی تواضع کرنا اور نخوت حکومت کو ترک کر دینا میں تمہیں اور تمہاری رعایا کو اللہ کی طرف بلاتا ہوں۔میں نے اللہ کا پیغام خلوص کے ساتھ تم کو پہنچا دیا ہے تم میری اس نصیحت کو قبول کرو۔اس پر سلامتی رہے جس نے راہِ راست کی اتباع کی۔"

شاہ نجاشی کا قبول اسلام

اس کے جواب میں نجاشی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو لکھا

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

یہ عریضہ نجاشی اصحم بن ابجر کی جانب سے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نام ارسال ہے اے اللہ کے نبیؐ! آپؐ پر سلامتی ہو اور اس اللہ کی جو بلاشرکت ایک ہے اور جس نے مجھے اسلام کی ہدایت کی ہے رحمت اور برکات آپؐ پر نازل ہوں۔اے اللہ کے رسولؐ! مجھے جناب کا خط موصول ہوا جس میں آپؐ نے حضرت عیسیٰؑ کا ذکر کیا ہے۔آسمان وزمین کے پروردگار کی قسم آپؐ نے حضرت عیسیٰؑ کے متعلق جو کچھ لکھا ہے خود انہوں نے بھی اس پر شمہ زائد نہیں کیا اور کہا میں آپؐ کی رسالت کا معترف ہوں۔میں نے آپؐ کے چچازاد بھائی اور ان کے ہمراہیوں کو اپنا مہمان بنایا ہے اور میں شہادت دیتا ہوں کہ آپؐ اللہ کے سچے رسول ہیں اور دوسرے انبیاء کے مصدق ہیں۔میں نے آپؐ کے لیے آپؐ کے چچا زاد بھائی کی بیعت کر لی ہے اور ان کے ہاتھ پر اللہ رب العالمین کے لیے اسلام لایا ہوں میں اپنے بیٹے ارحا بن اصحم بن ابجر کو آپؐ کی خدمت میں بھیجتا ہوں کیونکہ میں صرف اپنے نفس کا مالک ہوں اور اگر آپؐ کی یہی خوشی ہو کہ میں خود حاضر ہوں تو میں اس کے لیے تیار ہوں۔کیونکہ میں جانتا ہوں کہ آپؐ کا ارشاد برحق ہے۔"

والسلام علیک یا رسول اللہؐ

نامہ رسولؐ شاہ فارس کے نام

اس سال رسول اللہ ٦ نے عبداللہ بن جذافہ سہمی کے ہاتھ یہ خط کسریٰ کے نام ارسال کیا:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

یہ خط محمد رسول اللہؐ کی جانب سے فارس کے بادشاہ کسریٰ کے نام بھیجا جاتا ہے۔سلامتی ہے اس کے لیے جس نے راہِ راست کی اتباع کی اللہ اور اس کے رسولؐ پر ایمان لایا اور اس بات کی شہادت دی کہ سوائے اللہ کے اور کوئی معبود نہیں اور محمدؐ اس کے رسول ہیں جو تمام اہل عالم کے لیے مبعوث کیے گئے ہیں تا کہ وہ جو زندہ ہیں ان کو آخرت سے ڈرائیں۔اسلام لے آؤ محفوظ رہو گے اور اگر اس کا انکار کرو گے تو تمام مجوسیوں کا وبال تم پر ہو گا۔کسریٰ نے رسول اللہؐ کا خط پارہ پارہ کر دیا آپؐ نے فرمایا اس کا ملک بھی پارہ پارہ ہو جائیگا۔''

کسریٰ والی یمن کو حکم

اس کے بعد کسریٰ نے اپنے والی یمن باذان کو لکھا کہ تم دو دلاور آدمی حجاز بھیجو تا کہ وہ اس شخص کو گرفتار کر کے میرے پاس لے آئیں۔باذان نے اپنے دارغہ بابویہ اور خرخسرہ ایرانی کو اس غرض سے مدینہ بھیجا اور ان کے ہاتھ یہ خط رسول اللہ کو بھیجا تم ان کے ساتھ کسریٰ کی خدمت میں حاضر ہو جاؤ۔باذان نے داروغہ سے زبانی کہا کہ تم اس شخص سے اس کے شہر میں جا کر گفتگو کرو اور اس کا صحیح حال مجھ سے آ کر بیان کرو۔یہ دونوں ایرانی یمن سے چل کر طائف آئے۔اس کے مقام نجب پر ان کو کچھ قریش ملے۔انہوں نے ان سے آنحضرتؐ کا پتہ پوچھا تو انہوں نے بتایا کہ وہ مدینہ میں ہیں وہ قریش ان ایرانیوں کو دیکھ کر اور ان کے آنے غرض معلوم کر کے بہت خوش ہوئے انہوں نے باہم دگر۔اس خوش خبری کو بیان کیا اور کہنے لگے اب شہنشاہ کسریٰ ایسے زبردست نے اسے تا کا ہے اب وہ اس کی خبر لے لے گا۔دونوں ایرانی وہاں سے رسول اللہؐ کے پاس آئے بابویہ نے آپؐ سے گفتگو کی اور کہا کہ بادشاہوں کے بادشاہ شہنشاہ کسریٰ نے باذان کو لکھا ہے کہ تم کسی کو ان کے پاس بھیجو، چنانچہ اس نے مجھے آپؐ کے پاس بھیجا ہے تا کہ آپؐ میرے ہمراہ چلیں اگر آپؐ چلتے ہیں تو باذان شہنشاہ ایران کو آپؐ کی سفارش لکھیں گے تا کہ وہ آپؐ سے درگزر کر کے معافی دے اور اگر اس کے حکم سے سرتابی کریں گے تو آپؐ اس سے خود واقف ہیں وہ آپؐ کو اور آپؐ کی قوم کو ہلاک کر دے گا اور آپؐ کے ملک کو برباد کر دے گا۔

شاہِ ایران کا قتل

یہ دونوں آپؐ کی خدمت میں اس شکل میں حاضر ہوئے تھے کہ داڑھی صاف اور مونچھیں بڑھی ہوئی تھیں آپؐ نے کراہت سے پہلے تو انکی طرف نظر ہی نہیں کی۔مگر پھر مواجہ کر کے پوچھا یہ کیا شکل ہے۔کس نے اس کا حکم

دیا ہے انہوں نے کہا ہمارے پروردگار نے جس سے ان کی مراد کسریٰ تھی۔رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا مگر میرے رب نے مجھے ڈاڑھی چھوڑنے اور مونچھیں ترشوانے کا حکم دیا ہے۔اس کے بعد آپؐ نے فرمایا اچھا آج تو جاؤ کل پھر آنا۔اس کے بعد ہی رسول اللہؐ کو بذریعہ وحی آسمانی خبر ملی کہ اللہ نے کسریٰ پر اس کے بیٹے شیرویہ کو مسلط کر دیا ہے اور اس نے فلاں ماہ اور فلاں دن میں اپنے باپ کسریٰ پر قابو پا کر اسے قتل کر دیا۔

واقدی کہتے ہیں کہ شیرویہ نے کسریٰ کو جمادی اولیٰ کی تیرہویں شب 8ھ چھ گھڑی رات گئے بعد قتل کیا تھا۔

شیرویہ کی حکومت

دوسرے دن آنحضرتؐ نے ان دونوں ایرانوں کو بلا کر اس واقعہ کی اطلاع دی انہوں نے کہا جو کچھ آپ کہہ رہے ہیں اس کے مفہوم سے واقف ہیں۔ہم نے جو بات آپ سے کہی ہے وہ آپ کے اس دعوٰی کے مقابلے میں معمولی ہے کیا ہم اپنے رئیس کو یہ بات آپ کی طرف سے لکھ دیں۔رسول اللہؐ نے فرمایا کہ ہاں یہ اس سے کہہ دو اور یہ بھی کہو کہ میرا دین اور میری حکومت بہت جلد کسریٰ کی سلطنت میں پھیل جائے گی۔اور وہاں تک پہنچے گی جہاں تک اونٹ اور گھوڑے جاتے ہیں اور کہہ دو

> ''اگر تم اسلام لے آؤ تو جو ملک تمہارے ماتحت ہے اور اغیار کی جو ریاست اس وقت تم کو حاصل ہے وہ بدستور تمہارے پاس رہے گی۔''

اس کے بعد آپؐ نے خرخسرہ کو ایک بگلوس (منقطہ) عطا فرمایا جس میں سونا چاندی لگا ہوا تھا یہ بگلوس آپؐ کو کسی رئیس نے تحفے میں بھیجا تھا۔یہ دونوں آپ سے رخصت ہو کر باذان کے پاس آئے اور اسے پورا واقعہ سنایا۔اس نے کہا اس گفتگو سے معلوم ہوتا ہے یہ صاحب دنیاوی بادشاہ نہیں بلکہ نبی ہیں جیسا کہ انکے بیان سے معلوم ہوتا ہے جو کچھ انہوں نے بتایا ہے ہم اس کے وقوع کا انتظار کرتے ہیں۔اگر یہ بات سچ نکلی تو پھر ان کے نبی مرسل ہونے میں کچھ شبہ ہی نہیں اور اگر یہ بات سچ ثابت نہ ہوئی تو پھر ہم اس معاملہ پر مزید غور کریں گے کہ کیا کریں اس خبر کے کچھ عرصہ بعد باذان کے نام شیرویہ کا خط آیا جس میں لکھا تھا کہ میں نے کسریٰ کو قتل کر دیا ہے اور اس طرح میں نے اپنے ہم قوم ایرانیوں کا انتقام لیا ہے جن کو بے دریغ ان کے گھروں میں قتل اور سنگسار کرتا تھا جب تمہیں کو میرا یہ خط موصول ہو تم اپنے یہاں کے لوگوں سے میرے لیے حلف اطاعت لو اور جس شخص کے بارے میں کسریٰ نے تم کو لکھا تھا اب اس سے سر دست کوئی تعرض نہ کرو، میرے آئندہ حکم کا انتظار کرو۔

حمیر کا تاثر

اس خط کو پڑھ کر باذان نے کہا بخدا یہ صاحب سچے رسول ہیں اب وہ اور اس کے ساتھ جس قدر امراء زادے یمن میں موجود تھے سب اسلام لے آئے۔ حمیر خرخسرہ کو اسی بگلوس کی وجہ سے جو رسول اللہؐ نے اس کو دیا تھا ذوالعجزہ کہتے تھے۔ ان کی زبان میں معجزہ بگلوس کو کہتے ہیں اب تک ان کی اولاد ان کو اسی نسبت سے یاد کرتی ہے۔ بابویہ نے باذان سے یہ کہا کہ میں نے مدت العمر میں ایسا بارعب شخص نہیں دیکھا جیسا کہ یہ (محمدؐ) ہیں۔ باذان نے پوچھا

''کیا ان کے پاس پہرے دار سپاہی ہیں؟''

اس نے کہا کہ ''نہیں''

اس سال آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مقوقس کو خط لکھا۔ جس میں اسے اسلام کی دعوت دی مگر وہ مسلمان نہیں ہوا۔

باب 13

غزوۂ خیبر 7 ھجری

ماہ محرم میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خیبر کی طرف روانہ ہوئے سب سے پہلے قلعہ ناعم فتح ہوا اس کے بعد قلعہ قموص اور قلعہ ابن ابی حقیق فتح کیے جب اور تمام قلعے رسول اللہؐ نے سر کر لیے تو یہودی سمٹ کر اپنے قلعہ وطیخ اور سلالم میں جمع ہو گئے۔

رسول اللہؐ کا علم

بریدہ اسلمی سے مروی ہے کہ اہل خیبر کے قلعے کے مقابل فروکش ہو کر رسول اللہؐ نے اپنا علم عمر بن الخطاب کو دیا کچھ لوگ ان کے ساتھ ہو کر قلعہ پر حملہ آور ہوئے۔ اہل خیبر نے ان کا مقابلہ کیا۔ عمر اور ان کے ہمراہی پسپا ہو کر رسول اللہؐ کے پاس پلٹ آئے۔ عمر کے ہمراہی ان کو اور عمر ان کو بزدل ٹھہرانے لگے۔ رسول اللہؐ نے فرمایا میں کل علم ایسے مرد کو دوں گا جو اللہ اور اس کے رسولؐ سے محبت کرتا ہے۔ اللہ اور اس کے رسولؐ اس سے محبت کرتے ہیں۔ دوسرے دن ابوبکر اور عمر نے جھنڈا لینے کے لیے ہاتھ بڑھایا۔ مگر آپ نے علی کو بلایا ان کو آشوب چشم تھا۔ آپؐ نے ان کی آنکھوں میں اپنا لعاب دہن لگایا اور اپنا جھنڈا ان کو دیا۔ اہل خیبر مقابلہ پر آئے اس وقت مرحب یہ رجز پڑھ رہا تھا۔ خیبر جانتا ہے کہ میں مرحب ہوں مسلح ہوں اور دلاور ہوں جنگ آزمودہ ہوں کبھی نیزہ بازی اور کبھی تلوار زنی کرتا ہوں۔ جب مردان دلاور جوش میں بھرے ہوئے لڑنے آتے ہیں۔ حضرت علیؑ اور اس نے ایک دوسرے پر تلوار کا وار کیا۔ حضرت علیؑ نے اس کے کاسہ سر پر ایسا زبردست ہاتھ مارا کہ تلوار سر کو کاٹتی ہوئی داڑھوں تک اتر گئی اور ان کی ضرب کی آواز کو مسلمانوں کی فرودگاہ والوں نے سنا ابھی تمام آدمی بھی ان کے پاس نہ پہنچنے پائے تھے کہ اللہ نے حضرت علیؑ اور مسلمانوں کو فتح عطا کی۔

حضرت علیؑ اور مرحب کا مقابلہ

دوسرے سلسلہ سے بریدہ سے مروی ہے ابوبکر نے آپکے جھنڈے کو لیا۔ حملہ آور ہونے اور نہایت شدید لڑائی کے بعد پلٹ آئے پھر عمر نے جھنڈا لیا حملہ کیا اور اس مرتبہ پہلی مرتبہ سے بہت شدید لڑائی ہوئی۔ مگر وہ بھی بغیر فتح حاصل کیے پلٹ آئے۔ رسول اللہؐ کو اس کی اطلاع دی گئی تو آپؐ نے فرمایا میں کل علم ایسے مرد کو دوں گا جو اللہ اور اس کے رسولؐ سے محبت کرتا ہے اور اللہ اور اس کے رسولؐ اس سے محبت رکھتے ہیں اور وہ بزور شمشیر قلعہ فتح کرے گا۔ حضرت علیؑ اس وقت وہاں موجود نہ تھے اس وجہ سے قریش کے ہر فرد کو یہ امید تھی کہ شاید اسی کو علم دیا

جائے۔دوسری صبح حضرت علیؑ اپنے اونٹ پر سوار رسول اللہؐ کی فرودگاہ میں آئے اور آپؐ کے خیمے کے قریب آ کر انہوں نے اپنا اونٹ بٹھایا ان کی آنکھیں دکھ رہی تھی۔قطری کپڑے کی پٹی آنکھوں پر بندھی تھی۔رسول اللہؐ نے فرمایا ''قریب آؤ''علیؑ آپ کے قریب آئے آپؐ نے ان کی آنکھوں میں لعاب دہن لگایا جس سے درد جاتا رہا پھر آپ کو زندگی بھر کبھی درد نہیں ہوا۔پھر آپؐ نے ان کو اپنا علم دیا۔آپ اس کو لے کر چلے آپ نے ارغوانی سرخ حلہ پہن رکھا تھا جس کے استر کو انہوں نے باہر کر رکھا تھا آپ خیبر کے شہر میں آئے تو مرحب قلعہ کا رئیس زرد رنگ کا یمانی خود پہنے اور ایک پتھر کو سوراخ کر کے خود کی طرح سر پر رکھے یہ رجز پڑھتا ہوا میدان میں نکلا خیبر جانتا ہے کہ میں مرحب ہوں، مسلح، دلاور اور جنگ آزمودہ ہوں حضرت علیؑ نے اس کے جواب میں فرمایا:۔

''انالذی سمتنی امی حیدرہ اکیلك بالسیف کیل السندرہ لیث بغابات شدید قسورہ۔''

''میں وہ ہوں کہ میری ماں نے میرا نام حیدر رکھا ہے میں تلوار سے تمہاری اس طرح قطع برید کروں گا جس طرح آک کا درخت کاٹا جاتا ہے، میں نہایت تند خو اور بہادر شیر نیشاں ہوں۔''

دونوں نے ایک دوسرے پر وار کیے مگر علیؑ نے بڑھ کر ایسا وار کیا کہ جس سے تلوار اس پتھر کے خود اور سر کو چیرتی ہوئی مرحب کے ڈاڑھوں تک اتر گئی اور آپؑ نے شہر پر قبضہ کر لیا۔

ابو رافع، رسول اللہؐ کے غلام سے مروی ہے کہ جب رسول اللہؐ نے علیؑ ابن ابی طالب کو اپنا علم دے کر لڑنے کے لیے بھیجا تو ہم بھی ان کے ساتھ ہو لیے جب وہ قلعہ کے قریب پہنچے تو اہل قلعہ مقابلہ کے لیے باہر نکل آئے علیؑ ان سے لڑنے لگے ایک یہودی نے ان پر تلوار ماری جس سے ان کی ڈھال ہاتھ سے گر پڑی۔قلعہ کے پاس ایک دروازہ علیؑ نے اسے اٹھا لیا اور اس سے ڈھال کا کام لینے لگے۔وہ اسے اٹھائے برابر لڑتے رہے یہاں تک کہ اللہ نے ان کو فتح دی پھر آپؑ نے وہ دروازہ پھینک دیا۔لڑائی سے فارغ ہونے کے بعد ہم آٹھ افراد نے جن میں میں بھی تھا پورا زور لگایا کہ اس دروازے کو الٹا دیں مگر ہم ایسا نہ کر سکے۔

حضرت صفیہ بنت حُی

جب ابن ابی الحقیق کے قلعہ قموص کو رسول اللہؐ نے فتح کر لیا تو صفیہ بنت حی بن اخطب ایک دوسری عورت کے ساتھ رسول اللہؐ کی خدمت میں گرفتار کر کے لائی گئی۔ان کے لانے والے حضرت بلال انہیں یہودیوں کے متقولین کے پاس سے لیکر گزرے صفیہ کے متعلق آپؐ نے حکم دیا کہ ان کو حفاظت میں لے لیا جائے ان پر چادر ڈال دی گئی جس سے مسلمانوں کو معلوم ہو گیا کہ ان کو آپؐ نے اپنے لیے منتخب فرمایا ہے۔نیز اس یہودیہ کے واقعہ

پر آپؐ نے بلال سے فرمایا کیا رحم تم سے سلب ہو گیا تھا جو تم نے ان دونوں عورتوں کو ان کے مقتول مردوں کے پاس سے گزرا۔

اہل خیبر کی صلح کی درخواست

رسول اللہؐ نے اہل خیبر کو ان کے قلعوں وطیح اور سلالم میں محصور کر لیا جب ان کو اپنی ہلاکت کا یقین ہوا تو انہون نے رسول اللہؐ سے درخواست کی کہ آپؐ ہماری جان بخشی کریں اور ہمیں یہاں سے جلاوطن کر دیں آپؐ نے اس پر عمل کیا۔اس سے قبل ان کے مواضعات شق نطاۃ کیتبہ اور ان دو قلعوں کے علاوہ اور تمام قلعوں پر قبضہ کر لیا تھا۔جب اہل فدک کو اہل خیبر کی اس درگت کی اطلاع ہوئی تو انہوں نے بھی رسول اللہؐ سے یہی درخواست کی کہ آپؐ انکی جان بخشی فرما کر انہیں جلاوطن کر دیں اور وہ اپنی تمام جائیداد آپؐ کے لیے چھوڑ کر چلے جائیں آپ نے اسے اسیطر ح قبول کر لیا۔

اہل فدک کی اطاعت

اس مصالحت کے لیے بنی حارثہ کے محیصہ بن مسعود فریقین میں وکیل بنے۔جب اہل خیبر نے مذکورہ بالا شرائط پر اطاعت کر لی تو انہوں نے رسول اللہؐ سے کہا آپؐ ان زمینوں کی نصف پیداوار کی ادائیگی پر ہم سے معاملہ کر لیں کیونکہ ہم دوسرے لوگوں کے مقابلہ میں ان سے زیادہ واقف ہیں اور بہتر طریقہ پر ان کو آباد رکھیں گے۔آپؐ نے اسے منظور کر لیا زمینیں ان کے پاس رہنے دیں اور یہ شرط طے کر لی کہ جب ہم چاہیں گے تم کو ان سے بے دخل کر دیں گے۔اہل فدک نے بھی اسی شرط پر صلح کر لی۔اس طرح خیبر تمام مسلمانوں کی ملکیت عامہ ہوا اور فدک محض رسول اللہ کا خاصہ ہوا۔کیونکہ اس پر مسلمانوں نے فوج کشی ہی نہیں کی۔

ایک یہودیہ کا بھیجا ہوا مسموم گوشت

لڑائی سے فارغ ہونے کے بعد زینب بنت حارث سلام بن مشکم کی بیوی نے بھنی ہوئی بکری آپکو ہدیتہً بھیجی۔اس سے قبل اس نے آپ کے متعلق دریافت کرایا تھا کہ بکری کے گوشت کا کون سا حصہ آپؐ کو زیادہ مرغوب ہے اس سے کہا گیا کہ دست (دستی)۔اس نے سب سے زیادہ زہر اسی عضو میں ملایا یا پھر تمام بکری کو زہر آلود کر کے اسے خود آپؐ کے پاس لے کر آئی جب وہ آپؐ کے دسترخوان پر رکھی گئی آپؐ نے دست اٹھا کر اس میں سے ایک ٹکڑا لے کر منہ میں رکھا مگر اسے نگلا نہیں اپ کے ساتھ بشیر بن براء بھی کھانے پر موجود تھا اس نے بھی آپؐ کی طرح اس میں سے ایک ٹکڑا اٹھا کر کھایا اور اسے نگل لیا۔آپؐ نے تھوک کر فرمایا کہ یہ ہڈی مجھے بتاتی ہے کہ وہ زہر آلود ہے آپؐ نے اس زینب کو بلا کر دریافت کیا تو اس نے اقرار کیا۔آپؐ نے وجہ پوچھی تو اس نے کہا میری

قوم کی جو درگت آپؐ نے بنائی ہے وہ ڈھکی چھپی نہیں میں نے سوچا کہ اگر آپؐ نبی ہیں تو آپکو معلوم ہو جائے گا اور اگر آپؐ دنیا دار بادشاہ ہیں تو آپؐ کی موت سے میرا دل ٹھنڈا ہو گا آپؐ نے اس کو معاف کر دیا۔ بشیر بن براء اسی زہر سے انتقال کر گیا آپؐ کے مرض الموت میں بشیر کی ماں عیادت کو آئیں تو آپؐ نے ان سے کہا مجھے اس وقت بھی اس زہر کا اثر محسوس ہو رہا ہے جو میں نے تمہارے بیٹے کے ساتھ خیبر میں کھایا تھا اسی لیے مسلمان سمجھتے ہیں کہ شرف نبوت کے ساتھ رسول اللہ کو شرف شہادت بھی نصیب ہوا۔

مسلمانوں کی مکہ کو روانگی

خیبر سے واپس آ کر رسول اللہؐ نے ربیع الاول سے لے کر شوال تک اقامت فرمائی۔ ذی القعدہ میں آپ عمرہ قضا کے لیے اسی ماہ میں جس میں گزشتہ سال کفار نے آپ کو مکہ میں داخل ہونے سے روک دیا تھا ان تمام صحابہ کے ساتھ جو پچھلے سال آپ کے ہمراہ تھے۔ مکہ روانہ ہوئے اہل مکہ کو معلوم ہوا کہ حسب قرارداد خود مکہ چھوڑ کر باہر چلے گئے ابن عباس سے مروی ہے کہ قریش رسول اللہؐ اور مسلمانوں کو دیکھنے کے لیے اپنی چوپال کے پاس صف بستہ کھڑے ہو گئے مسجد میں داخل ہو کر آپؐ نے اپنی چادر بغل میں دبائی اور اپنا سیدھا ہاتھ اٹھایا اور فرمایا اللہ نے میرے حال پر رحم کیا ہے کہ اس نے آج ان کو میری قوت دکھا دی۔ پھر آپؐ نے رکن کو بوسہ دیا آپؐ اور صحابہ تیز قدم سے طواف کرنے لگے جب بیت اللہ کی آڑ میں آ گئے اور رکن یمانی کو بوسہ دے دیا تو آپ معمولی رفتار سے چلنے لگے پھر آپؐ نے حجر اسود کو بوسہ دیا اور پھر تیز قدم چلے۔

باب 14

غزوۂ مَوتہ 8 ھجری

عروہ بن زبیر سے مروی ہے کہ جمادی الاولیٰ 8ھ میں رسول اللہؐ نے موتہ کو مہم بھیجی۔ زید بن حارثہ کو اس کا امیر مقرر فرمایا اور کہا اگر وہ مارے جائیں تو پھر جعفر بن ابو طالبؑ امیر مقرر ہوں وہ بھی کام آ جائیں تو عبداللہ بن رواحہ امیر ہوں یہ تین ہزار تھے جب یہ جمعیت تحوم پہنچی تو ہرقل کی فوج جس میں رومی اور عرب تھے۔ بلقاء کے ایک موضع مشارف پر ان کے مقابلہ میں آ گئی جب دشمن قریب آ گیا تو مسلمان موتہ میں مورچہ زن ہوئے اور لڑائی شروع ہوگئی۔ زید بن حارثہ رسول اللہؐ کا حکم لیے ہوئے دشمن سے لڑے اور جب وہ دشمن کے کثیر تیروں سے شہید ہو گئے تو جعفر بن ابی طالبؑ نے علم لے لیا اور دشمن سے لڑنے لگے جب ہر طرف سے ان پر نرغہ ہوا تو وہ اپنے سبز گھوڑے سے اتر پڑے اور اسے ہلاک کر دیا اور پھر دشمن سے لڑے اور شہید ہو گئے۔

رسول اللہؐ کا جنگ مَوتہ کی حالت بیان کرنا

یہ مہم چلی گئی اس کو گئے ہوئے ایک عرصہ گزر گیا تو ایک دن آپ منبر پر تشریف لے گئے اور اذان کا حکم دیا جب سب لوگ جمع ہو گئے تو آپؐ نے تین مرتبہ فرمایا ''باب خیبر، باب خیبر، باب خیبر''

پھر فرمایا آؤ میں تم کو اس مجاہد مہم کی حالت بیان کروں:۔ ''لوگ یہاں سے گئے، ان کا دشمن سے مقابلہ ہوا، زید مارے گئے اور شہید ہوئے میں ان کے لیے مغفرت کا طالب ہوں۔''

پھر علم جعفر نے لے لیا، انہوں نے دشمن پر حملہ کیا اور اللہ کی راہ میں شہید ہو گئے میں ان کی شہادت کا شاہد ہوں اور ان کے لیے مغفرت کا طالب ہوں۔'' ''ان کے بعد عبداللہ بن رواحہ نے علم اٹھایا وہ ثابت قدم رہے اور شہید ہو گئے میں ان کے لیے مغفرت کا طالب ہوں۔'' ''اس کے بعد خالد بن ولید نے جھنڈا اٹھا لیا۔ وہ میرے مقرر کردہ امراء میں سے نہ تھا بلکہ وہ خود امیر بن گیا۔'' عبداللہ بن ابوبکر سے مروی ہے کہ جب رسول اللہ کو جعفر کی شہادت کی اطلاع ہوئی تو آپ نے فرمایا:۔

''کل شام جعفر چند ملائکہ کے ساتھ جا رہے تھے اور ان کے دو بازو تھے۔ جن کا اگلا حصہ خون سے رنگین تھا اور وہ مقام بیشہ کی طرف جا رہے تھے جو یمن میں واقع ہے خالد بن ولید اپنی (باقی ماندہ) سپاہ کو دشمن کے مقابلہ سے واپس لے کر مدینہ روانہ ہو گیا۔''

باب15

فتح مکہ 8 ھجری

بنوخزاعہ رسول اللہؐ کے حریف

صلح حدیبیہ میں جو رسول اللہؐ اور قریش کے درمیان ہوئی تھی اس میں ایک شرط یہ بھی تھی کہ اب جو چاہے رسول اللہؐ کے عہد میں داخل ہو اور جو چاہے قریش کے عہد میں داخل ہو جائے چنانچہ بنی بکر قریش کے ساتھ اور خزاعہ رسول اللہؐ کے عہد میں داخل ہوئے۔اس صلح کے زمانے کو بنی بکر کے بنی ویل نے اپنے ہم قوم اسود بن رزن کی بیٹیوں کا خزاعہ سے انتقام لینے کا اچھا موقع سمجھا اور اس غرض سے نوفل بن معاویہ دیلی بنی دیل کے ساتھ جن کا وہ رئیس تھا۔اگرچہ تمام بنی بکر اس کے تابع فرمان نہ تھے برآمد ہوا۔اور اس نے بنوخزاعہ پر جو اپنے وتیر نامی چشمہ پر فروکش تھے ،شب خون مارا،ان میں سے ایک شخص کو حملہ آوروں نے قتل کر دیا۔بنوخزاعہ کو اپنا مقام چھوڑنا پڑا،لڑائی ہوئی تو قریش نے اسلحہ سے بنوبکر کی مدد کی بلکہ رات کی تاریکی میں خفیہ طور پر قریش کے کچھ لوگ بھی بنی بکر کے ساتھ خزاعہ پر حملہ کرنے میں شریک ہوئے۔اور خزاعہ کو مجبوراً حرم میں پناہ لینا پڑی۔

حرم میں بنی بکر کی خونریزی

جب خزاعہ حرم میں آ پہنچے تو بنوبکر نے اپنے سردار نوفل سے کہا کہ اب ہم حرم میں ہیں اس لیے اب تم خدا سے ڈرو اور لڑائی سے باز رہو مگر اس نے اس کی کچھ پروانہ کی بلکہ یہ گستاخانہ جملہ کہا کہ آج میرا کوئی خدا نہیں۔میں کسی کو نہیں مانتا۔اے بنی بکر اپنا بدلہ لے لو۔میں جانتا ہوں کہ تم ضرور اسی حرم میں چوری کرتے ہو اور کرو گے تو پھر کیوں حرم میں اپنا بدلہ نہیں لیتے۔اس طرح جب قریش نے خزاعہ کے برخلاف بنوبکر کی مدد کی اور ان کا ایک آدمی قتل کر دیا جو رسول اللہؐ کے عہد و میثاق میں داخل تھے تو عمرو بن سالم خزاعی اس عہد کے توڑنے کی شکایت کرنے اور فریاد رسی کے لیے رسول اللہؐ کی خدمت میں مدینہ آیا اس وقت آپ مسجد میں صحابہ کے ساتھ تشریف فرما تھے اس نے آپؐ کے سامنے پہنچ کر (اس واقعہ کے متعلق اپنے) اشعار سنائے اور یہی واقعہ فتح مکہ کا باعث ہوا۔

بدیل بن ورقاء

یارسول اللہؐ ہم اسلام لا چکے ہیں اور انہوں نے ہم کو قتل کیا ہے یہ سن کر رسول اللہؐ نے فرمایا اے عمرو بن

سالم !اطمینان رکھو ہم تمہاری مدد کے لیے تیار ہیں اسی وقت رسول اللہؐ کو آسمان پر بدلی نظر آئی ۔آپؐ نے فرمایا یہ گھٹا بنی کعب کی امداد میں برسے گی یہ فال نیک ہے پھر بدیل بن ورقہ خزاعہ کے چند آدمیوں کے ساتھ مکہ سے مدینہ آیا اور اس نے اس شب خون کا پورا واقعہ سنایا اور اپنی مصیبت بیان کی اور قریش نے اس موقع پر بنی بکر کی جو مدد کی تھی اس کی خبر دی۔ یہ جماعت عرض حال کر کے مدینہ سے مکہ واپس چلی گئی۔رسول اللہؐ نے فرمایا صحابہ سے فرمایا اب ابوسفیان ہمارے پاس اس معاہدہ صلح کی تجدید اور اضافہ مدت کے لیے آنے والا ہے۔

ابوسفیان کی تجدید معاہدہ کی کوشش

وہاں سے چل کر ابوسفیان مدینہ میں رسول اللہؐ کے پاس آیا پہلے وہ اپنی بیٹی ام حبیبہ کے پاس پہنچا اور رسول اللہؐ کے بستر پر بیٹھنے لگا۔مگر ام حبیبہؓ نے اس بستر کر لپیٹ دیا۔ابوسفیان نے کہا اے بیٹی! کیا تم نے اس بستر کو میرے شایانِ شان نہ سمجھا یا مجھے اس بستر کے قابل نہ سمجھا۔کیا بات ہے۔ام حبیبہؓ نے کہا یہ رسول اللہؐ کا بستر ہے تم مشرک اور نجس ہو میں نے اس بات کو پسند نہیں کیا کہ تم رسول اللہؐ کے بستر پر بیٹھو اس لیے میں نے اسے اٹھا دیا۔

وہاں سے اٹھ کر ابوسفیان، رسول اللہ ٦ کے پاس آیا اور معاملہ پر گفتگو کی آپؐ نے کوئی جواب نہ دیا پھر وہ ابوبکر کے پاس اور ان کے انکار پر عمر کے پاس آیا جب انہوں نے بھی انکار کیا تو وہ حضرت علی بن ابی طالب کے پاس آیا۔ابوسفیان نے کہا اے علیؑ! یہاں کے تمام لوگوں میں آپ سے میرے تعلقات بھی نہایت خوشگوار تھے اور قرابت میں آپ میرے سب سے زیادہ تر عزیز ہیں میں ایک حاجت لیکر آیا ہوں ایسا نہ ہو کہ میں بے نیل ومرام خالی ہاتھ واپس جاؤں آپ رسول اللہؐ سے ہماری سفارش کریں۔

علیؑ نے فرمایا ابوسفیان ! جس کام کا رسول اللہؐ ارادہ کر چکے ہیں بخدا میری مجال نہیں کہ میں اس کے متعلق ان سے کچھ کہہ سکوں۔ابوسفیان، جناب فاطمہؑ (جو ظاہر ہے کہ گھر کے اندر پردے میں ہوں گی) کی طرف متوجہ ہوا اور ان سے کہا کہ اے محمدؐ کی بیٹی! کیا آپ یہ نہیں کر سکتیں کہ اپنے اس بیٹے (امام حسن) سے کہیں کہ وہ سب کے درمیان مجھے پناہ دیں اور اس طرح ہمیشہ کے لیے عرب کے سید ہو جائیں جناب فاطمہؑ نے فرمایا بخدا ابھی میرا یہ بچہ اس عمر کو نہیں پہنچا کہ وہ سب لوگوں میں تم کو پناہ دے اور رسول اللہؐ کی مرضی کے خلاف تو کوئی بھی پناہ نہیں دے سکتا۔

حضرت علیؑ کا ابوسفیان کو مشورہ

ابوسفیان نے حضرت علیؑ سے کہا اے ابوالحسن ! میرے معاملات نے نازک صورت اختیار کر لی ہے کوئی راہ سمجھ میں نہیں آتی ہے آپؑ مجھے مخلصانہ مشورہ دیں کہ میں کیا کروں۔حضرت علیؑ نے فرمایا بخدا میں کوئی تدبیر ایسی

نہیں جانتا جو تمہارے لیے مفید ہو البتہ چونکہ تم تمام بنی کنانہ کے رئیس ہو اس لیے تم خود مجمع عام میں کھڑے ہو کر اپنے کو سب کی حفاظت میں دے دو۔ اور پھر اپنے وطن چلے جاؤ۔

ابوسفیان نے کہا کیا واقعی آپ اس مشورے کو میرے لیے کچھ مفید سمجھتے ہیں۔ حضرت علیؑ نے فرمایا بخدا ہرگز نہیں میں جانتا ہوں کہ اس سے بھی تم کو کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔ مگر اس کے علاوہ کوئی دوسری صورت ہی نہیں ہے۔ مجبوری ہے ابوسفیان نے مسجد میں کھڑے ہو کر سب کے سامنے کہا کہ اے لوگو! میں اپنے آپ کو سب کی پناہ میں دیتا ہوں یہ کہہ کر وہ اپنے اونٹ پر سوار ہو کر چل دیا۔ قریش کے پاس آیا انہوں نے پوچھا کیا کر آئے ہو؟ اس نے کہا میں نے محمدؐ سے ملاقات کی اور اس معاملہ میں گفتگو کی مگر انہوں نے کوئی جواب نہیں دیا پھر میں ابوبکر سے ملا، وہاں بھی کوئی مفید مقصد حاصل نہ ہوا پھر عمر سے ملا۔ ان کو میں نے سب سے زیادہ اپنا دشمن پایا۔ پھر میں علیؑ کے پاس گیا او سب میں سب سے زیادہ متواضع پایا۔ انہوں نے مجھے ایک مشورہ دیا اس پر میں نے عمل کیا مگر میں نہیں جانتا کہ آیا وہ ہمارے لیے سودمند ہوگا بھی یا نہیں۔

آنحضرتؐ کی روانگی مکہ

ابن عباس سے مروی ہے کہ 10 رمضان کو آپؐ مدینہ سے روانہ ہوئے۔ آپؐ بھی روزے سے تھے او دوسرے مسلمان بھی۔ کدید پہنچ کر جو غسقان اور انج کے درمیان ہے آپؐ نے افطار کیا یہاں سے بڑھ کر آپؐ نے دس ہزار مسلمانوں کے ساتھ مرالظہر ان میں قیام فرمایا۔ بنی سلیم اور مزینہ بھی آپؐ کے ساتھ ہو گئے ان کی تعداد بھی کثیر تھی اور ان میں اکثر مسلمان تھے اس سفر میں تمام مہاجرین اور انصار بلا استثناء آپؐ کے ہمرکاب تھے آپؐ مرالظہر ان میں مقیم تھے مگر آپؐ کی نقل وحرکت کی قریش کو قطعی خبر نہیں تھی۔ تمام ذرائع اطلاع اللہ کی طرف سے ان کے لیے مسدود ہو چکے تھے ان کو کچھ معلوم نہیں تھا کہ رسول اللہؐ کہاں ہیں اور اب کیا کرنے والے ہیں۔

حضرت عباس اور ابوسفیان کی ملاقات

ابن عباس سے مروی ہے کہ جب رسول اللہؐ مدینہ سے چل کر مرالظہر ان میں آئے تو عباس بن عبدالمطلب نے اپنے دل میں کہا رسول اللہؐ مدینہ سے چل چکے اب قریش کی خیر نہیں بخدا اگر وہ قریش سے ان کے علاقہ میں لڑے اور مکہ میں بزور شمشیر داخل ہوئے تو قریش ہمیشہ کے لیے تباہ اور برباد ہو جائیں گے اور وہ رسول اللہؐ کی سفید مادہ خچر پر سوار ہوئے اور کہا کہ میں اراک جاتا ہوں شاید وہاں مجھے کوئی مل جائے اور وہ قریش سے ان کا صحیح مقام بتادے تاکہ قریش رسول اللہؐ کی خدمت میں حاضر ہو کر امان لے لیں۔ حضرت عباس بیان کرتے ہیں کہ اس نیت سے میں چل کر اراک آیا وہاں قریش کی تلاش میں پھر رہا تھا کہ میں نے ابوسفیان حکیم بن حزام اور بدیل بن ورقا کی آواز سنی۔ یہ لوگ رسول اللہؐ کی خبر معلوم کرنے کے لیے نکلے تھے۔ میں نے ابوسفیان کی آواز

پہچان کر آواز دی ابوحنظلہ! اس نے کہا ابوالفضل ۔میں نے کہاہاں ۔ابوسفیان نے کہا خوب ہوا کہ آپ سے ملاقات ہوگئی میرے ماں باپ آپ پر نثار ہوں کہو کیا خبر ہے۔میں نے کہا یہ آگ رسول اللہؐ کی فرودگاہ کی ہے ایسی زبردست فوج کے ساتھ انہوں نے تم پر چڑھائی کی ہے کہ تم اس کی تاب مقاومت نہیں لا سکتے ۔دس ہزار مسلمان ساتھ ہیں۔

حضرت عباسؓ کا ابوسفیان کو مشورہ

ابوسفیان نے کہا تو پھر کیا مشورہ ہے میں نے کہا تم میری اس خچر کے پیٹھے پر بیٹھ جاؤ تا کہ میں تمہارے لیے رسول اللہؐ سے امان لے لوں کیونکہ میں جانتا ہوں کہ اگر تم ان کے قابو میں آ گئے تو وہ تمہاری گردن اڑا دیں گے ابوسفیان میرے پیچھے سوار ہو گیا۔میں نے رسول اللہؐ کی خچر کو ایڑ لگا دی۔اور آپؐ کی سمت تیزی کے ساتھ چلا جب میں مسلمانوں کے کسی لادے کے پاس سے گزرتا تو وہ کہتے یہ رسول اللہؐ کے چچا رسول اللہؐ کی مادہ خچر پر سوار جا رہے ہیں۔شدہ شدہ میں عمر بن خطاب کے چولھے کے پاس آیا وہ دیکھتے ہی کہنے لگے ابوسفیان! خدا کا شکر ہے کہ اس نے بغیر کسی وعدہ ومعاہدہ کے تجھے ہمارے قبضہ میں کر دیا پھر وہ رسول اللہؐ کے پاس گئے اور کہا یا رسول اللہؐ !خدا نے دشمن خدا ابوسفیان کو بغیر کسی وعدہ ومعاہدہ کے ہمارے قابو میں کر دیا ہے آپؐ مجھے اجازت دیں کہ میں اسے قتل کر دوں۔اب میں نے رسول اللہؐ سے کہا یا رسول اللہؐ! میں نے اسے پناہ دے دی ہے۔آپ نے فرمایا اچھا جاؤ ہم نے اسے پناہ دی کل صبح لے کر آنا۔عباس اسے اپنے مقام پر واپس لے گئے ۔دوسرے دن صبح رسول اللہؐ کی خدمت میں لے کر آئے ۔ابوسفیان کو دیکھتے ہی آپؐ نے فرمایا ابوسفیان تم کو کیا ہوا ہے کیا اب بھی یہ بات تم پر آشکار نہیں ہوئی کہ سوائے اللہ واحد کے اور کوئی معبود نہیں ۔ابوسفیان نے کہا میرے ماں باپ آپؐ پر نثار ہوں آپؐ سے بڑھ کر کوئی شخص قرابت کا لحاظ کرنے والا بردبار اور شریف جذبات نہیں ہوگا بے شک اب میں سمجھتا ہوں کہ اگر اللہ کے ساتھ کوئی اور دوسرا خدا ہوتا تو ضرور وہ میرے کچھ کام آتا رسول اللہؐ نے فرمایا افسوس ہے ابوسفیان کیا اب بھی یہ بات تم پر آشکار نہیں ہوئی کہ میں اللہ کا رسول ہوں ابوسفیان نے کہا میرے ماں باپ آپؐ پر نثار،آپؐ سے بڑھ کر صلہ رحم کرنے والا حلیم،سخی اور شریف کوئی دوسرا نہیں ہوگا مگر اس باب میں مجھے ابھی تردد ہے۔عباس کہتے ہیں اب میں نے کہا تم کو کیا ہوا ہے بہتر ہے کہ کلمہ شہادت حق کا اعلان کر دو ورنہ تمہاری گردن ماردی جائے گی تو اس نے کلمہ شہادت ادا کیا۔

ابوسفیان سے امتیازی سلوک

عباس کہتے ہیں کہ ابوسفیان کے کلمہ شہادت پڑھ لینے کے بعد رسول اللہؐ نے مجھے فرمایا آپ جائیں اور اس کو وادی کے تنگنائے کے قریب پہاڑ کی چوٹی پر اپنے ساتھ رکھنا تا کہ وہ اللہ کی فوجوں کو جب وہ اس کے سامنے

سے گزریں تو دیکھ لے۔ میں نے رسول اللہؐ سے کہا:۔

''یا رسول اللہؐ! ابوسفیان ایسا شخص ہے جو فخر کو پسند کرتا ہے آپ ؐ اس کو اس کی قوم پر کوئی امتیاز عطا فرمایئے۔''

آپؐ نے فرمایا:۔

''اچھا جو شخص ابوسفیان کے گھر میں داخل ہوگا وہ مامون ہوگا، جو مسجد میں چلا جائے گا، وہ مامون ہوگا، جو اپنے گھر کا دروازہ بند کرلے وہ مامون ہوگا۔''

ابوسفیان اور لشکر اسلام

میں رسول اللہؐ کے پاس سے اٹھ آیا اور میں نے ابوسفیان کو وادی کے تنگنائے میں پہاڑ کی چوٹی پر اپنے ساتھ ٹھہرالیا تمام قبائل اس کے سامنے سے گزرنے لگے جب کوئی قبیلہ آتا تو وہ مجھ سے پوچھتا کہ یہ کون ہیں؟ میں نے کہا یہ بنی سلیم ہیں۔ اس نے کہا مجھے ان سے کوئی تعلق نہیں۔ اس کے بعد دوسرا قبیلہ آیا اس نے پوچھا کہ یہ کون ہیں؟ میں نے کہا یہ اسلم ہیں۔ اس نے کہا مجھے ان سے سروکار نہیں۔ پھر جہینہ آئے اس نے کہا ان سے بھی مجھے کوئی تعلق نہیں اب خود رسول اللہؐ کی سواری آئی جن کے جلو میں ان کی خاص فوج تھی۔ جس میں تمام مہاجر و انصار فولاد میں غرق کہ صرف آنکھوں کے حلقے نظر آتے تھے تو ابوسفیان نے پوچھا ابوالفضل! یہ کون ہیں؟ میں نے کہا یہ خود رسول اللہؐ مہاجرین و انصار کے ساتھ ہیں ابوسفیان نے کہا اے ابوالفضل! بخدا اب تو آپؐ کے بھتیجے کی طاقت اور شوکت بہت بڑھ گئی ہے میں نے کہا یہ دنیاوی حکومت نہیں بلکہ یوں کہو کہ یہ نبوت کا اثر ہے۔ ابوسفیان نے کہا تو اچھا اب میں یہی کہتا ہوں۔ میں نے کہا اچھا اب تم فوراً مکہ اپنی قوم کے پاس جاؤ اور ان کو رسول اللہؐ کی آمد سے باخبر کرو، چنانچہ وہ جلدی سے مکہ پہنچا اور اس نے مسجد میں چلا کر کہا اے قریش! آگاہ ہو جاؤ محمدؐ ایک ایسی زبردست فوج کے ساتھ جس کی مقاومت تم نہیں کر سکتے تم پر آ گئے ہیں۔ قریش نے کہا تو پھر کیا ہو؟ ابوسفیان نے کہا جو میرے گھر آ جائے گا وہ مامون ہے قریش نے کہا بلا تمہارا گھر ہماری کیا کفایت کرسکتا ہے تب ابوسفیان نے کہا اور جو شخص مسجد میں آ جائے وہ مامون ہے اور جو اپنا دروازہ بند کرلے وہ مامون ہے۔

چند افراد کے قتل کا حکم

ابن اسحاق سے مروی ہے کہ رسول اللہؐ نے جب اپنے مسلمان امراء کو مکہ میں پیش قدمی کے لیے مقرر فرمایا تو ان کو ہدایت کر دی تھی کہ سوائے اس کے جو خود تمہارے مقابلہ میں لڑنے آئے تم خود کسی سے نہ لڑنا۔ البتہ آپ نے چند آدمیوں کے نام بتائے کہ ان کو ضرور قتل کیا جائے چاہے وہ کعبہ کے پردوں کے پاس ہوں (وہ یہ ہیں)

1. عبداللہ بن سعد یہ اسلام لا کر پھر مرتد و مشرک ہو گیا تھا۔
2. عبداللہ بن خطل یہ بھی اسلام لانے کے بعد مرتد ہو گیا تھا۔
3. حویرث بن نفیذ یہ آپ کو مکہ میں ایذا پہنچاتا تھا۔
4. عکرمہ بن ابوجہل۔
5. سارہ یہ ایک لونڈی تھی جو مکہ میں آپ کو ستایا کرتی تھی۔
6. مقیس بن حبابہ یہ مرتد ہو گیا تھا۔

واقدی کہتا ہے کہ رسول اللہ نے چھ مردوں اور چار عورتوں کے قتل کا حکم دیا تھا۔عورتیں یہ ہیں:۔

1. ہند بنت عتبہ 2. سارہ 3. قریبہ 4. فرتنا

عام معافی کا اعلان

قتادہ سدوسی سے مروی ہے کہ فتح مکہ کے دن رسول اللہؐ کعبہ کے دروازہ پر کھڑے ہوئے اور فرمایا سوائے خدائے واحد کے کوئی اور خدا نہیں وہ ایک ہے کوئی اس کا شریک نہیں،اس نے اپنا وعدہ پورا کیا اس نے اپنے بندے کی مدد کی اور صرف اس نے ہی مشرکین کی جماعت کو شکست دے کر بھگا دیا۔سن لو سوائے کعبہ کی خدمت اور حجاج کی آب رسانی کے ہر عمارت،خون اور ہر قسم کی جائیداد آج بالکل میرے اختیار میں ہے جو شخص خطا سے مارا جائے اس کے عوض وہ دیت مقرر کی جاتی ہے جو کوڑے یا ڈنڈے عمداً مارنے کی دیت ہے اور یہ دیت واجب ہے جس سے کوئی مفر نہیں اور وہ یہ ہے کہ چالیس حاملہ اونٹنیاں دی جائیں اے قریش! اللہ نے نخوت جاہلیت کو تم سے دور کر دیا ہے تمہیں اس کو قطعاً ترک کر دینا چاہیے تمام انسانوں کے باپ آدم تھے اور آدم کو اللہ نے مٹی سے بنایا ہے اس کے بعد آپ نے قرآن مجید کی یہ پوری آیت تلاوت فرمائی۔

یاایھا الناس انا خلقنا کم من ذکرٍ وانثیٰ وجعلنا کم شعوبا وقبائل لتعارفوا ان اکرمکم عنداللہ اتقا کم۔

''اے لوگو! ہم نے تم کو مرد اور عورت سے پیدا کیا اور تم کو خاندانوں اور قبائل میں تقسیم کیا تا کہ شناخت ہو سکے بے شک اللہ کے نزدیک تم میں سے سب سے زیادہ معزز وہ ہے جو سب سے زیادہ اللہ سے ڈرتا ہے۔''

اے قریش اہل مکہ!''تم جانتے ہو میں تمہارے ساتھ کیا سلوک کروں گا؟''

انہوں نے کہا:۔''آپؐ اچھا ہی سلوک کریں گے کیوں کہ آپؐ شریف ہیں اور شریف کے بیٹے ہیں۔''

آپؐ نے فرمایا:۔''اچھا جاؤ تم سب آزاد ہو۔''

رسول اللہؐ نے تمام اہل مکہ کو آزاد کر دیا حالانکہ بزور شمشیر اللہ نے آپ کو ان پر فتح دی تھی اور وہ بمنزلہ فئی کے تھے اسی وجہ سے اہل مکہ کو طلقاء کہنے لگے (آزاد کردہ غلام)۔

اہل مکہ کی بیعت

اب تمام لوگ اسلام پر رسول اللہؐ کی بیعت کرنے مکہ میں جمع ہوئے۔آپؐ کوہِ صفا پر تشریف فرما ہوئے اور لوگ اس اقرار پر بیعت کرنے لگے کہ وہ حسب مقدور اللہ اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کریں گے اور اسی طرح جو لوگ اسلام لانے پر بیعت کرتے تھے اقرار کیا کرتے تھے مردوں کی بیعت سے فارغ ہو کر آپ نے عورتوں سے بیعت لینا شروع کی۔قریش کی عورتیں بھی بیعت کے لیے آئیں ان میں ہند بنت عتبہ بھی تھی۔اس نے اپنی اس حرکت کی وجہ سے جو احد میں اس نے حضرت حمزہؓ سے کی تھی چہرے پر نقاب ڈال رکھا تھا اور ہیئت بگاڑ رکھی تھی اپنی اس حرکت کی وجہ سے اسے خوف تھا کہ رسول اللہؐ اس سے مواخذہ نہ کریں۔جب سب عورتیں آپؐ کے پاس بیعت کے لیے آئیں تو آپؐ نے ان سے کہا اس اقرار کے ساتھ میری بیعت کرو کہ اللہ واحد کے ساتھ کسی کو شریک نہیں بناؤ گی۔

ہند کی بیعت

ہند نے کہا آپؐ ہم سے ایسی بات کا اقرار لے رہے ہیں کہ جس کا اقرار آپؐ نے مردوں سے نہیں لیا۔مگر ہم اس کے لیے آمادہ ہیں۔رسول اللہؐ نے فرمایا اور اس بات کا عہد کرو کہ چوری نہ کرو گی۔ہند نے کہا ابوسفیان کے مال سے البتہ تھوڑا بہت مجھے بھی مل جاتا تھا مگر میں جانتی نہ تھی کہ میرے لیے وہ جائز ہے یا ناجائز۔اس پر ابوسفیان نے کہا (جو وہاں اس وقت موجود تھا)۔

''اب سے پہلے جو کچھ تم کو اس میں سے پہنچا ہے وہ تمہارے لیے حلال ہے۔''

اب رسول اللہؐ نے پوچھا۔''کیا تم ہند بنت عتبہ ہو؟''اس نے کہا''ہاں میں ہند بنت عتبہ ہوں آپؐ میری گزشتہ خطائیں معاف فرمائیں اللہ آپؐ کی خطائیں معاف فرمائے۔''رسول اللہؐ نے فرمایا''اور یہ اقرار کرو کہ زنا نہ کرو گی۔''ہند نے کہا۔''یا رسول اللہؐ کیا شریف زادی زنا کرتی ہے؟''آپؐ نے فرمایا''یہ اقرار کرو کہ اپنی اولاد کو قتل نہ کرو گی۔''ہند نے کہا''ہم نے تو چھوٹوں کو پال کر بڑا کیا تھا آپؐ ہی نے بدر میں ان کو قتل کر دیا۔یہ بات آپؐ اور وہ سمجھ لیں۔''

اس جواب پر عمر بن خطاب اس قدر ہنسے کہ بے قابو ہو گئے رسول اللہ نے فرمایا''اور یہ اقرار کرو کسی پر بہتان نہ لگاؤ گی۔''ہند نے کہا۔''بخدا بہتان بہت ہی بری اور ذلیل بات ہے اور بعض لوگوں سے درگزر کرنا زیادہ کارگر ہوا کرتا ہے۔''

آپؐ نے فرمایا۔''اور اقرار کرو کہ میرے حکم کی خلاف ورزی نہ کروگی۔''ہند نے کہا''ہم یہاں اس لیے نہیں آئے کہ کسی اچھی بات کے لیے آپؐ کے حکم کی خلاف ورزی کریں۔''اب رسول اللہؐ نے عمر سے کہا کہ اب کی بیعت لے لو۔خود رسول اللہؐ سوائے ان عورتوں کے جن کو اللہ نے آپ کے لیے حلال کیا تھا یا جو آپ کی محرم تھیں اور کسی غیر عورت سے نہ مصافحہ کرتے تھے اور نہ اسے ہاتھ لگاتے تھے۔اور نہ کوئی غیر عورت آپ کو ہاتھ لگاتی تھی۔

عورتوں کی بیعت کا طریقہ

ابان بن صالح سے مروی ہے کہ عورتوں کی بیعت کے دو طریقے تھے۔ایک یہ کہ پانی سے بھرا ہوا ایک پیالہ آپؐ کے سامنے رکھا رہتا تھا جب آپؐ ان سے اقرار کرا لیتے تو اپنا ہاتھ اس پانی میں ڈالتے اور نکال لیتے۔اس کے بعد عورتیں اس میں اپنا ہاتھ ڈالتیں اس کے بعد صرف یہ رہ گیا کہ رسول اللہؐ جب ان سے تمام باتوں کا اقرار کرا لیتے تو فرما دیتے کہ جاؤ بیعت ہوگئی۔

مبلّغین کی روانگی

ابن اسحاق سے مروی ہے کہ قیام مکہ کے زمانہ رسول اللہؐ نے بہت سی جماعتیں اطراف مکہ دعوت واشاعت اسلام کے لیے روانہ کیں ان میں سے کسی کو بھی آپؐ نے جنگ کی اجازت نہیں دی تھی۔ایک جماعت خالد بن ولید کی تھی جس کو رسول اللہؐ نے زیرین تہامہ کو صرف داعی کی حیثیت سے بھیجا تھا اور لڑنے کے لیے نہیں بھیجا تھا۔اس نے بنی جذیمہ پر حملہ کر کے ان کے بہت سے آدمی مار ڈالے۔

خالد بن ولید اور بنی جذیمہ

ابوجعفر محمد بن علی بن حسینؑ سے مروی ہے کہ فتح مکہ کے وقت رسول اللہؐ نے خالد بن ولید کو داعی اسلام مقرر کر کے اطراف مکہ میں بھیجا اس کو لڑائی کا حکم نہیں دیا گیا تھا۔اس کے ساتھ عرب کے بہت سے قبائل سلیم اور مدلج وغیرہ تھے۔یہ غمیضا نام ایک چشمہ پر جو بنی جزیمہ کا تھا بنی جذیمہ کے مقابل آ کر فروکش ہوا۔خالد کو دیکھتے ہی بنی جذیمہ نے ہتھیار سنبھال لیے۔مگر خالد نے کہا ہتھیار ڈال دو کیونکہ سب لوگ اسلام لا چکے ہیں۔

حجدم کا لڑنے پر اصرا

بنی جذیمہ کے ایک شخص حجدم نے کہا''اے بنی جذیمہ!تم کو کیا ہوا ہے یہ خالد ہے بخدا ہتھیار رکھ دینے کے بعد سب قید کر لیے جاؤ گے اور سب مار ڈالے جاؤ گے میں تو ہرگز کبھی ہتھیار نہ رکھوں گا۔مگر خود اس کی قوم کے کچھ لوگوں نے اسے پکڑ لیا اور کہا''حجدم کیا کرتے ہو ہم سب کو مروانا چاہتے ہو،سب لوگ اسلام لا چکے ہیں لڑائی

ختم ہو چکی ہے اور اب عام امن وامان ہو گیا ہے۔تمہارا اندیشہ بیکار ہے۔'' ہر چند اس نے انکار کیا مگر ان لوگوں نے نہ مانا اور اس کے ہتھیار رکھوا ہی لیے اور پھر تمام فوج نے خالد کے کہنے پر ہتھیار رکھ دیئے۔ان کے نہتے ہو جانے کے بعد خالد نے ان کی مشکیں بندھوائیں اور پھر بہت سوں کو قتل کر دیا اس کی اطلاع جب رسول اللہؐ کو ہوئی تو آپ نے آسمان کی طرف ہاتھ آٹھائے اور عرض کیا خداوندا میں خالد بن ولید کے اس فعل سے تیرے سامنے اپنے کو بری قرار دیتا ہوں۔

حضرت علیؑ کے ذریعہ بنی جذیمہ کی دیت کی ادائیگی

اس کے بعد آپ نے علی بن ابی طالبؑ کو بلا کر حکم دیا کہ تم ان لوگوں کے پاس جاؤ جن کو خالد نے قتل کیا ہے اور ان کا فیصلہ کر آؤ اور جاہلیت کے زمانہ کے امور کو قدموں کے نیچے روند ڈالو۔

حضرت علیؑ مکہ سے چل کر اس قبیلہ کے پاس آئے ان کے پاس روپیہ بھی تھا جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دیا تھا۔حضرت علیؑ نے اس رقم سے ان کی جانوں کا خون بہا ادا کیا اور ان کی املاک کا تاوان دیا۔یہاں تک کہ کتے کی پلے کی بھی دیت دی جب تمام مطالبے پورے ہو گئے اس کے بعد کچھ رقم حضرت علیؑ کے پاس بچ گئی تو آپؑ نے ان سے پوچھا۔''اب تمہارا کوئی مطالبہ باقی نہی؟'' انہوں نے کہا''نہیں۔'' حضرت علیؑ نے فرمایا۔''مگر میں رسول اللہؐ کی احتیاط کے خیال سے تا کہہ کسی بھول چوک کی بھی ذمہ داری آپ کی لاعلمی تک میں آپؐ پر باقی نہ رہ جائے ۔یہ رقم جو مطالبات کی ادائیگی سے بچ گئی ہے وہ بھی تم سب کو دیئے دیتا ہوں یہ روپیہ دے کر حضرت علیؑ رسول اللہؐ کے پاس آ گئے۔اور آپؐ سے سارا واقعہ بیان کیا تو آپؐ نے فرمایا تم نے بالکل ٹھیک کیا اور بہت اچھا کیا کہ ایسا سلوک ان لوگوں سے کیا۔

اس کے بعد آپؐ کھڑے ہو گئے اور قبلہ رو ہو کر آپؐ نے اپنے دونوں ہاتھ آسمان کی طرف اتنے بلند کیے کہ آپ کی بغلیں نظر آنے لگیں اور تین مرتبہ فرمایا

اے خداوندا! میں خالد بن ولید کے فعل سے تیرے سامنے اپنے کو قطعی بری الذمہ قرار دیتا ہوں۔''

خالد بن ولید اور عبدالرحمن بن عوف

عبداللہ بن ابی سلمہ سے مروی ہے کہ اس واقعہ کے متعلق ایک دن خالد اور عبدالرحمن میں بحث ہو گئی ۔عبدالرحمن نے کہا''تم نے زمانہ جاہلیت کے رواج کے مطابق عمل کیا۔''

خالد نے کہا''میں نے تیرے باپ کا بدلہ لیا۔''

عبدالرحمن نے کہا''جھوٹ بکتا ہے میں نے اپنے باپ کے قاتل کو قتل کر دیا تھا اس وقت تو نے اپنے چچا فاکہہ بن مغیرہ کا بدلہ لیا ہے۔''

اس گفتگو کی نوبت سخت کلامی تک پہنچی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس کی اطلاع ہوئی تو آپؐ نے خالد سے کہا:۔

''خاموش رہو! اور میرے صحابہ کے منہ نہ آؤ، بخدا اگر اُحد کے برابر تمہارے پاس سونا ہو اور وہ تم سب اللہ کی راہ میں خرچ کرو تب بھی تم میرے صحابہ میں سے کسی ایک کی بھی سعی فی سبیل اللہ کی اہمیت کی برابری نہیں کر سکتے۔''

باب16

غزوۂ حُنین 8 ھجری

بنوہوازن کی پیش قدمی

عروہ سے مروی ہے کہ فتح مکہ کے سال رسول اللہ صلعم نے صرف ماہِ مکہ میں قیام فرمایا پھر آپ کو معلوم ہوا کہ ہوازن اور ثقیف آپ سے لڑنے کے لیے حنین میں فروکش ہیں۔۔۔۔وہ اپنے اہل وعیال، مال واسباب اور مویشی بھی اپنے ساتھ لائے تھے۔بنی نصر کا مالک بن عوف اس وقت ہوازن کا رئیس تھا ثقیف بھی اس کے ہمراہ تھے۔

جب رسول اللہؐ کو مکہ میں یہ معلوم ہوا کہ یہ قبائل آپ سے لڑنے کے لیے اپنے رئیس کی قیادت میں حنین تک بڑھ آئے ہیں تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مکہ سے ان سے حنین میں مقابلہ کرنے کے لیے بڑھے اللہ نے ہوازن وثقیف کو شکست دی جس کا ذکر کلام اللہ میں آیا ہے۔

عبداللہ بن ابی حدرد اسلمی

عبداللہ کو رسول اللہؐ نے حکم دیا کہ دشمن کی فرودگاہ میں جا کر ٹھہرو اور پھر اس کی حالت اور نیت سے مطلع ہو کر اطلاع دو آپ حسب الحکم ہوازن کی فرودگاہ میں آئے اور جب کفار کی حالت، رسول اللہؐ سے لڑائی کے منصوبہ، مالک وہوازن کے تعلقات اور ارادوں کا حال معلوم ہوگیا تو رسول اللہ صلعم کی خدمت میں حاضر ہوکر ساری کیفیت بیان کی۔آپ نے عمر بن خطاب کو بلا کر ابوحدرد کی اطلاعات پر گفتگو کی۔عمر نے کہا یہ جھوٹ بولتا ہے، ابی حدرد نے کہا عمر اگر تم مجھے اس وقت جھٹلاتے ہو تو یہ کوئی نئی بات نہیں تم ایک عرصہ تک حق کو جھٹلاتے رہے ہو۔عمر نے کہا یا رسول اللہؐ آپ نے اس کی بات سنی؟ آپؐ نے فرمایا ہاں ٹھیک کہتا ہے عمر تم گمراہ رہے اللہ نے تم کو راہِ راست دکھلائی۔

مسلمانوں کی تعداد

عبداللہ بن ابی بکر سے مروی ہے کہ رسول اللہؐ جب مکہ سے روانہ ہوئے تو اس وقت آپ کے ہمراہ علاوہ ان دس ہزار صحابہ کے جو فتح مکہ میں شریک تھے دو ہزار مزید اہل مکہ بھی ساتھ تھے۔

مسلمانوں پر اچانک حملہ

جابر سے مروی ہے کہ جب ہم وادی حنین کے سامنے آئے تو تہامہ کی وادیوں میں سے ایک نہایت گہری وادی میں اترے ہی تھے۔۔۔دشمن ہم سے پہلے اس وادی کے پر پیچ نشیبوں اور موڑوں پر ہماری تاک میں گھات لگائے بیٹھا تھا جنگ کے لیے پوری طرح تیار مسلح اور آمادہ تھا ہم بے خبر تھے۔

اچانک دشمن کے دستوں نے کمین گاہوں سے برآمد ہو کر بیک وقت ہم پر حملہ کر دیا۔ہم مقابلہ نہ کر سکے سب کے سب بھاگے کوئی کسی کو مڑ کر نہیں دیکھتا تھا۔رسول اللہؐ وادی کی داہنی جانب ایک سمت ہٹ کر ٹھہر گئے اور آپ نے سب کو پکارا ''کہاں جاتے ہو؟'' میرے پاس آؤ میں رسول اللہؐ اور محمد بن عبداللہ یہاں موجود ہوں۔مگر اس کا بھی کچھ اثر نہیں ہوا،اونٹ پر اونٹ چڑھا جاتا تھا عجیب افراتفری تھی سب لوگ چل دیئے آپ کے پاس مہاجرین اور انصار میں سے کچھ لوگ اور آپ کے اہل بیت ٹھہرے رہے۔

کلاہ بن حنبل

جب سرکش اہل مکہ نے جو رسول اللہؐ کے ساتھ تھے مسلمانوں کو اس طرح شکست کھا کر بھاگتے ہوئے دیکھا تو ان میں سے بعض نے اپنی باطنی خباثت کو ظاہر کر دیا۔ابوسفیان بن حرب کہنے لگا اب یہ سمندر سے ادھر نہیں رکیں گے۔کلاہ بن حنبل زور سے چلایا کہ آج جادو ختم نہیں ہو گیا۔صفوان نے اس سے کہا

''چپ رہ،خدا تیری زبان قطع کرے۔''

شیبہ بن عثمان

بنی عبدالدار کے شیبہ بن عثمان (جس کا باپ احد میں مارا گیا تھا) نے بیان کیا ہے اس وقت میرے دل میں آیا کہ آج محمدؐ کو قتل کر کے اپنے باپ کا بدلہ لوں میں نے رسول اللہؐ کے قتل کا ارادہ کر لیا مگر کوئی ایسی چیز نظر آئی کہ میرا دل بیٹھ گیا مجھے اپنے ارادہ پر قدرت نہ رہی اور میں سمجھ گیا کہ اللہ کی جانب سے آپ کو مجھ سے محفوظ کر دیا گیا ہے۔

حضرت عباس کی پکار

عباس بن عبدالمطلب سے مروی ہے ''میں رسول اللہؐ کے ساتھ تھا اور آپ کی سفید خچر کی باگ ہاتھ میں لیے ہوئے تھا میں بہت جسیم اور میری آواز بہت بلند تھی۔جب رسول اللہؐ نے اپنے صحابہ کو اس طرح بھاگتے ہوئے دیکھا تو آپ نے ان کو پکارا مگر اس کا ان پر کچھ اثر نہ ہوا تو آپ نے مجھ سے کہا اے عباس! ان کو آواز دو اے

جماعت انصار اے اصحاب حرہ!'' میں نے ان کو یہ آواز دی تو اس کا انہوں نے جواب دیا ہم آئے۔ ہم آئے مگر کیفیت یہ تھی کہ جو کوئی اپنے اونٹ کو پلٹانا چاہتا اس سے اونٹ نہیں پلٹتا تھا۔''

براء سے مروی ہے جنگ حنین میں ابوسفیان بن حارث (رسول اللہؐ کے پھوپھی زاد بھائی) رسول اللہؐ کی خچر کی باگ آگے سے تھامے ہوئے آپ کو لے جا رہے تھے جب آپ کو مشرکین نے ہر طرف سے گھیر لیا تو آپ خچر پر سے اتر پڑے اور رجز پڑھا انا النبی لا کذب انا ابن عبد المطلب (میں نبی برحق اور میں عبد المطلبؑ کا بیٹا ہوں)۔

ہوازن کے رئیس کا خاتمہ

جابر بن عبداللہ سے مروی ہے کہ ہوازن کا رئیس مسلمانوں پر چڑھ آیا تھا۔ علیؑ بن ابی طالب اور ایک انصاری اس کی طرف بڑھے۔ حضرت علیؑ نے پیچھے پہنچ کر اس کے اونٹ کے گھٹنوں کے اندر تلوار ماری جس سے وہ اپنے سرینوں پر بیٹھ گیا اتنے میں انصاری نے خود اس رئیس پر حملہ کیا اور ایک ہی وار میں نصف ساق سے اس کا پاؤں کاٹ ڈالا جس سے وہ اپنے کجاوے سے گر پڑا۔

شیما بنت حارث کی گرفتاری

بنی سعد بن بکر کے ایک شخص کا بیان ہے کہ رسول اللہؐ نے اپنے اس رسالہ (جسے دشمن کے تعاقب میں بھیجا گیا تھا) کو حکم دیا کہ اگر ''بجاد'' پر تمہارا قابو ہو جائے تو اسے جانے نہ دینا اور کسی نہ کسی طرح پکڑ لینا اس نے کوئی جرم کیا ہوا تھا وہ مسلمانوں کے ہاتھ لگا تو وہ اسے اس کے اہل وعیال اور اس کی بہن شیما بنت حارث بن عبداللہ (رسول اللہ کی رضاعی بہن) کو گرفتار کر کے گھسیٹتے ہوئے لے چلے۔ مسلمانوں نے اس سختی کی تاکہ یہ خاتون تیز چلے تو اس نے مسلمانوں سے کہا کچھ جانتے ہو بخدا میں تمہارے امیر (رسول اللہؐ) کی رضاعی بہن ہوں۔ لیکن مسلمانوں نے اس بات کو سچ نہ مانا اور وہ اسی طرح اسے گھسیٹتے ہوئے رسول اللہؐ کی خدمت میں لائے۔

شیما بنت حارث کی تعظیم وتکریم

ابو وجزہ سے مروی ہے کہ جب شیما رسول اللہؐ کے پاس پہنچی تو اس نے آپ سے کہا یا رسول اللہؐ میں آپ کی بہن ہوں آپ نے پوچھا اس کی کیا علامت ہے۔۔۔۔ (اس کے علامت بتانے پر) آپ نے اپنی چادر اس کے بیٹھنے کے لیے بچھا دی اور کہا آؤ اس پر بیٹھ جاؤ اسے اختیار دیتے ہوئے فرمایا اگر میرے پاس رہنا چاہتی ہو تو میں عزت ومحبت کے ساتھ تمہیں رکھوں گا اور اگر اپنے گھر جانا چاہتی ہو تو میں تمہیں عطیات دے کر تمہارے گھر پہنچوا دوں گا۔ شیما نے کہا بہتر یہی ہے کہ آپ مجھے میرے گھر پہنچا دیں۔ چنانچہ آپ نے اسے مال وزر دے کر اسے گھر بھجوا دیا۔ بنی سعد کا کہنا ہے کہ آنحضرتؐ نے شیما کو مکحول نامی غلام اور ایک کنیز عطا فرمائی۔ بعد میں شیما نے

مکحول کی اس کنیز سے شادی کر دی اور بنی سعد میں اس کی نسل اب تک موجود ہے۔

طائف کا محاصرہ

عروہ سے مروی ہے کہ حنین سے واپس ہونے کے فوراً بعد رسول اللہ ﷺ طائف گئے اور وہاں آپ صحابہ کے ہمراہ نصف ماہ تک اہل طائف کا محاصرہ کئے رہے۔اس اثناء میں ان کا ایک شخص بھی حصار کے باہر آ کر نہ لڑ سکا۔طائف کے گرد جس قدر آبادی تھی وہ سب اسلام لے آئی اور ان کے وفود بارگاہ نبویؐ میں آ کر بیعت کرتے رہے اور رسول اللہؐ طائف سے پلٹ کر۔۔۔۔جعرانہ میں منزل کی۔جہاں حنین کے قیدی محبوس تھے۔بیان کیا جاتا ہے کہ ہوازن کی چھ ہزار عورتیں اور بچے قید تھے۔آپ کے جعرانہ واپس آنے کے بعد ہوازن کے جرگے جواب سب کے سب مشرف نہ اسلام ہو چکے تھے۔رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو اپ نے سب عورتوں اور بچوں کو آزاد کر دیا۔آپ نے ذیقعدہ میں عمرہ کا احرام باندھا او پھر آپ مدینہ واپس آ گئے۔

اسیران غزوہ حُنین

عبداللہ بن عمر سے مروی ہے کہ جعرانہ میں ہوازن کے وفد رسول اللہؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے جو اسلام لا چکے تھے انہوں نے آنحضرتؐ سے عرض کی ہم ایک شریف خاندان اور قبیلہ سے ہیں ہم پر جو مصیبت نازل ہوئی وہ آپ کے سامنے روشن ہے۔آپ ہم پر احسان کریں اللہ آپ پر احسان کرے گا اس کے بعد ہوازن کے بنوسعد بن بکر کے (جنہوں نے رسول اللہؐ کو دودھ پلایا تھا) ایک شخص نے کھڑے ہو کر کہا ''یا رسول اللہؐ ! قیدیوں کے ان احاطوں میں آپ کی پھوپھیاں، خالائیں اور دایائیں ہیں، جو آپ کی پرورش کرتی تھیں۔''

آپ نے فرمایا ''جو میری اور بنی عبدالمطلبؑ کے حصہ میں آئے ہیں وہ میں تم کو دے دیتا ہوں اور جب میں جماعت کو نماز پڑھا چکوں تو تم اس وت کہنا کہ ہم اپنے اہل وعیال کے بارے میں تمام مسلمانوں کی خدمت میں رسول اللہؐ کی سفارش اور رسول اللہؐ کی خدمت میں مسلمانوں کی سفارش کے طلبگار ہیں۔جب تم ایسا کہو گے تو اس وقت میں خود تمہارے اہل وعیال واپس دے دوں گا اور مسلمانوں سے تمہاری سفارش کروں گا۔'' رسول اللہؐ جب نماز ظہر جماعت کے ساتھ پڑھ چکے تو ہوازن کے نمائندوں نے کھڑے ہو کر رسول اللہؐ کے مشورے کے مطابق درخواست کی۔رسول اللہؐ نے فرمایا ''جو میرے اور بنی عبدالمطلبؑ کے حصہ میں آئے ہیں وہ میں تم کو واپس دیتا ہوں۔'' تو مہاجرین نے کہا ''جو ہمارے حصہ میں آئے ہیں وہ ہم نے رسول اللہ کو دیئے اور انصار نے کہا ''جو ہمارے حصہ کے ہیں وہ ہم نے رسول اللہ کو دیئے۔''

مالِ غنیمت کے تقسیم کرنے پر اصرا

عمرو بن شعیب سے مروی ہے کہ حنین کے قیدیوں کو ان کے وارثوں کے سپرد کرنے کے بعد رسول اللہؐ سوار

ہو گئے تو لوگ آپ کے پیچھے پڑ گئے اور کہنے لگے یا رسول اللہؐ آپ ہمارے مال غنیمت کے اونٹ اور بکریاں تو ہم میں تقسیم کر دیں ان کی یورش نے آپ کو ایک جھاڑی کے قریب کر دیا جس سے الجھ کر آپ کی چادر جسم سے اتر گئی آپ نے لوگوں سے کہا اے لوگو! میری چادر تو مجھے دے دو۔ بخدا اگر میرے پاس اتنے اونٹ ہوتے جتنے تہامہ میں درخت ہیں تو میں ان سب کو تم میں تقسیم کر دیتا۔''

مال غنیمت کی تقسیم

عبداللہ بن ابوبکر سے مروی ہے کہ رسول اللہؐ نے قبائل کے عمائد اور اشراف کو ان کی تالیف قلوب کے لیے کچھ عطیات دیئے۔ آپ نے ابوسفیان بن حرب کو سو اونٹ اور اس کے بیٹے معاویہ کو سو اونٹ دیئے۔ حکیم بن حذام، نضیر بن حارث، علاء بن حارثہ، حارث بن ہشام، صفوان بن امیہ، سہل بن عمرو، حویطب بن عبدالخری، عینیہ بن حصن، اقرع بن حابس اور مالک بن عوف کو سو سو اونٹ دیئے ان کے علاوہ قریش کے مخرمہ بن نوفل، عمیر بن وہب اور نبی عامر بن لوی کے ہشام بن عمرو کو سو سے کم دیئے۔ صحیح تعداد تو معلوم نہیں مگر اتنا یقین ہے کہ ان کی تعداد سو سے کم تھی۔ سعید بن یربوع اور سہمی کو پچاس پچاس دیئے۔

مال غنیمت کی تقسیم پر اعتراض

ابوسید الخذری سے مروی ہے کہ جب رسول اللہؐ نے قریش اور دوسرے قبائل میں وہ مال تقسیم کیا جس کا ذکر آچکا ہے اور انصار کو اس میں سے کچھ نہیں دیا تو وہ اپنے دل میں اس سے سخت رنجیدہ ہوئے اور چہ میگوئیاں کرنے لگے کسی نے کہا کہ بخدا رسول اللہؐ اپنی قوم سے مل گئے ہیں۔ سعد بن عبادہ آپ کے پاس آئے اور کہا یا رسول اللہؐ! جماعت انصار آپ کے اس طرزِ عمل سے کبیدہ خاطر ہے آپ نے اس مال غنیمت کو صرف اپنی قوم میں تقسیم کر دیا اور دوسرے عرب قبائل میں بھی بڑے بڑے عطیے تقسیم کیے۔ مگر انصار کو اس میں سے کچھ بھی نہیں ملا۔ رسول اللہؐ نے پوچھا تمہارا اپنا کیا خیال ہے سعد نے کہا یا رسول اللہؐ! میں بھی اپنی قوم کا ہمنوا ہوں آپ نے فرمایا اپنی تمام قوم کو اس احاطے میں بلا لاؤ۔ سعد جا کر اپنی قوم کو اسی احاطے میں بلا لائے مہاجرین بھی وہاں آئے تو سعد نے ان کو نہ روکا اور وہ اندر چلے گئے اور لوگ آئے تو ان کو سعد نے اندر جانے سے روک دیا جب سب جمع ہو گئے۔ تو رسول اللہؐ نے خطبہ ارشاد فرمایا۔

رسول اللہؐ کا انصار سے خطاب

سعد نے رسول اللہؐ کو جا کر اس کی اطلاع دی آپ وہاں تشریف لائے اور آپ نے رن جلیل کی حمد وثنا کے بعد فرمایا ''تمہاری اس بات کا کیا مطلب ہے! جس کی مجھے اطلاع ملی ہے۔۔۔۔ اور تم کیوں اپنے دل میں رنجیدہ

ہو! کیا یہ درست نہیں۔ جب میں تمہارے پاس آیا تم گمراہ تھے اللہ نے تمہیں ہدایت دی، تم غریب تھے اللہ نے تمہیں غنی کیا، تم آپس میں ایک دوسرے کے دشمن تھے اللہ نے تمہیں ایک دوسرے کا دوست بنایا۔'' انصار نے کہا بیشک آپ صحیح فرماتے ہیں یہ اللہ اور اس کے رسولؐ کا احسان وفضل ہے۔''

رسول اللہؐ نے پھر کہا ''تم مجھے نفی کا جواب کیوں نہیں دیتے؟''

انصار نے کہا ''ہم کیسے انکار کریں یا رسول اللہؐ! اللہ اور اس کے رسول اللہؐ کا ہم پر بڑا احسان ہے اور فضل ہوا ہے۔''

آپ نے فرمایا ''کیوں نہیں اگر تم چاہو تو منفی جواب دے سکتے ہو اور اس جواب میں تم سچے ہو گے۔ میں بھی تمہاری تصدیق کرونگا۔ تم مجھے یہ جواب دے سکتے ہو آپ ہمارے پاس آئے جب کہ دوسروں نے آپ کی تکذیب کی تھی ہم نے آپ کی رسالت کی تصدیق کی۔ آپ کو سب نے چھوڑ دیا تھا ہم نے آپ کی مدد کی۔ آپ اپنے گھر سے نکال دیئے گئے تھے ہم نے آپ کو پناہ دی۔ آپ ضرورت مند تھے ہم نے آپ کی اعانت کی۔''

اے گروہِ انصار! ''دنیا کی ایک حقیر شے کے لیے تم مجھ سے کبیدہ خاطر ہوئے، میں نے اس مال سے بعض لوگوں کی تالیف قلوب کرنا چاہی ہے تا کہ وہ مسلمان ہو جائیں اور تم کو میں نے تمہارے اسلام کے سپرد کر دیا۔ اے گروہِ انصار! کیا تم اسے پسند نہیں کرتے کہ اور لوگ بکریاں اور اونٹ لے جائیں تم رسول اللہؐ کو اپنے گھر لے جاؤ۔ قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے اگر ہجرت نہ ہوتی تو میں بھی انصار کا ایک فرد ہوتا اگر تمام دنیا ایک راستے پر جاتی اور انصار دوسری راہ اختیار کرتے تو میں انصار کا راستہ اختیار کرتا۔ اے اللہ! تو انصار پر رحم فرما اور ان پر اپنی رحمت نازل کر اور ان کی اولاد پر اپنی رحمت مبذول فرما۔''

یہ سن کر تمام لوگ اس قدر روئے کہ ان کی ڈاڑھیاں اشکوں سے تر ہو گئیں اور انصار نے کہا

''ہم اس بات پر بالکل راضی ہیں کہ رسول اللہؐ ہمارے حصہ میں آئیں۔''

حضرت ابراہیمؑ کی ولادت

اس سال ذی الحجہ میں ماریہؓ کے بطن سے حضرت ابراہیمؑ پیدا ہوئے۔ رسول اللہؐ نے ان کو دودھ پلانے کے لیے ام بردہ بنت المنذر کے حوالے کر دیا۔ ان کے شوہر براء بن اوس تھے۔ اس ولادت کے موقع پر ماریہ کی دائی سلمٰی رسول اللہ کی آزاد کردہ باندی تھیں بچے کی ولادت کے بعد وہ گھر سے نکل کر باہر ابورافع کے پاس آئیں اور ان کو بچے کی ولادت کی خبر دی ابورافع نے جا کر رسول اللہؐ کو بشارت دی آپ نے ان کو ایک غلام عطا کیا۔ حضرت ماریہ کو جب اللہ نے آنحضورؐ کی صلب سے فرزند عطا کیا تو آپ کی دوسری بیویوں کو اس پر سخت رشک اور حسد ہوا۔

باب 17

غزوۂ تبوک 9 ھجری

مُسلمانوں کا زمانہ عسرت

محمد بن اسحاق سے مروی ہے کہ طائف سے واپس آ کر ذی الحجہ سے رجب تک کا زمانہ رسول اللہؐ نے مدینہ میں بسر کیا اور پھر آپ نے مسلمانوں کو روم سے جنگ کی تیاری کا حکم دیا۔ اس وقت مسلمان بہت ہی عسرت کی حالت میں تھے گرمی شدید تھی۔ قحط سالی تھی، پھلوں کی فصل تیار تھی ہر شخص گرمی کی وجہ سے زیر سایہ رہنا چاہتا تھا اس لیے وہ جہاد کے لیے نہیں جانا چاہتے تھے تاکہ فصل سے فائدہ اٹھائیں اور گرمی کے دن آرام سے بسر کریں۔

منافقین کی سرگرمیاں

اس موقع پر کسی منافق نے لوگوں کو جہاد سے روکنے، دین الٰہی میں شک ڈالنے اور رسول اللہؐ کی بات بگاڑنے کے لیے کہا کہ تم اس گرمی میں نہ جاؤ انہیں منافقین کے متعلق اللہ نے یہ آیت **وقالو الانتفروا فی الحر قل نار جھنم اشد حرا لو کانوا یفقھون** (اور منافقوں نے کہا تم گرمی میں نہ جاؤ کہہ دو کہ دوزخ کی آگ اس سے کہیں زیادہ گرم ہے اگر وہ سمجھیں) **اپنے قول جزاء بما کانوا یکسبون** (اور یہ ان کے اعمال کی سزا ہے) تک نازل فرمائی۔

عبداللہ بن ابی سلول کا فتنہ

مدینہ سے چل کر رسول اللہؐ نے ثنیۃ الوداع پر منزل کی، عبداللہ بن ابی سلول نے آپ کے مقابلے میں حبابہ کے کوہ ذباب پر اپنی علیحدہ چھاؤنی ڈالی۔ اس کی جماعت کسی طرح رسول اللہؐ کی جماعت سے کم نہ تھی۔ جب آپ اس مقام سے آگے چلے تو عبداللہ بن ابی سلول دوسری منافقوں کے ساتھ ارادۃً پیچھے رہ گیا۔ اور اس نے آپ کا ساتھ نہ دیا۔ اس کے ساتھ عبداللہ بن ابی، عبداللہ بن بنتل اور رفاعہ بن زور تھے، جو منافقوں کے سرغنے اور ہمیشہ اسلام اور مسلمانوں کے ساتھ فریب اور ریاکاری کرتے رہتے تھے۔ جنکے بارے میں خدا نے یہ آیت نازل فرمائی۔

لقد ابتغوا الفتنۃ من قبل وقلبوا لك الاسور الخ

''اس سے پہلے وہ فتنہ برپا کرنا چاہتے تھے اور انہوں نے تمہارے معاملات کو الٹ دیا۔''

حضرت علیؑ ابن ابی طالب کی روانگی و مراجعت

رسول اللہؐ نے علیؑ ابن ابی طالب کو حکم دیا کہ وہ مدینہ میں قیام کریں۔ حضرت علیؑ کے مدینہ میں قیام پر منافقین نے ان کے متعلق طرح طرح کی چہ میگوئیاں شروع کر دی اور کہا کہ رسول اللہؐ نے ان کو نکما سمجھ کر ساتھ نہیں لیا جب حضرت علیؑ کو منافقوں کی اس بات کا علم ہوا تو انہوں نے اسلحہ لگایا اور مدینہ سے چل پڑے اور جرف میں (جہاں رسول اللہؐ مقیم تھے) آپ کے پاس پہنچ گئے اور عرض کیا یا رسول اللہ! منافق کہتے ہیں کہ آپ نے مجھے دو بھر سمجھ کر مدینہ میں قیام کا حکم دیا اور اپنا بوجھ ہلکا کیا۔ رسول اللہؐ نے فرمایا وہ جھوٹ بولتے ہیں میں نے تمہیں ان پر اپنا جانشین بنایا جنہیں اپنے پیچھے چھوڑے جا رہا ہوں تم جاؤ میرے اور اپنے اہل وعیال پر میری نیابت کرواے علیؑ! کیا تم اس بات پر راضی نہیں ہو کہ تمہیں میرے ساتھ وہی نسبت ہے جو ہارون کو موسیٰ کے ساتھ تھی اگر چہ میرے بعد اور کوئی نبی نہیں۔ حضرت علیؑ مدینہ واپس چلے آئے اور رسول اللہؐ اپنے راستہ پر چلے گئے۔

حضرت ابوخثیمہ

آپ کے جانے کے کئی روز بعد بنی سالم کے ابوخثیمہ ایک دن جب کہ شدید گرمی تھی اپنے گھر آئے اور دیکھا کہ ان کی دونوں بیویاں ایک مکان میں اپنے پلنگوں پر بیٹھی ہوئی ہیں اور ہر ایک نے اپنی اپنی سیج سجا رکھی ہے ٹھنڈا پانی اور کھانا تیار کر رکھا ہے ابوخثیمہ اندر آ کر اس حجرے کے دروازے پر جس میں دونوں کے پلنگ بچھے ہوئے تھے کھڑے ہو گئے انہوں نے اپنی بیویوں اور اس تیاری کو جو انہوں نے ان کے لیے کر رکھی تھی دیکھا اور کہا ''رسول اللہؐ تو دھوپ اور لو میں سفر کر رہے ہیں اور میں یہاں اس ٹھنڈے سائے میں جہاں ٹھنڈا پانی اور کھانا تیار ہے اور حسین عورتیں موجود ہیں قیام کروں تو انصاف نہیں۔ پھر انہوں نے اپنی بیویوں سے کہا میں بخدا تم میں سے کسی کے بستر پر نہیں آتا میں رسول اللہؐ کے پاس جاتا ہوں۔ تم میرے لیے زادِ راہ تیار کر دو ان دونوں نے زادِ راہ تیار کیا ابوخثیمہ نے اپنا اونٹ لیا اور اس پر کجاوہ رکھا اور رسول اللہؐ کے پاس جانے کے لیے چل پڑے آنحضرتؐ تبوک میں تھے کہ ابوخثیمہ آپ کے پاس پہنچ گئے۔

حجر میں پانی نہ پینے کا حکم

اثنائے راہ میں جب رسول اللہؐ مقام حجر پہنچے اور آپؐ نے وہاں منزل کی تو اس کے کنوئیں سے لوگوں نے پانی لیا رسول اللہؐ نے فرمایا نہ اس کنوئیں سے پانی پیو اور نہ اس سے وضو کرو بلکہ اس کے پانی سے جو آٹا تم نے گوندھا ہے وہ اونٹوں کو کھلا دو خود اس میں سے ہرگز نہ کھاؤ اور آج رات تم میں سے کوئی شخص کسی دوسرے کو ساتھ لیے بغیر فرودگاہ سے باہر نہ جائے تمام اصحابہ نے آپ کے حکم کی تعمیل کی بنی ساعدہ کے دو شخصوں نے آپ کی ہدایت پر عمل

نہ کیا۔ایک صاحب قضائے حاجت کے لیے گئے تو اسی راہ میں انہیں مرض خناق ہو گیا اور دوسرا اپنے اونٹ کی تلاش میں نکلے تو تیز ہوا نے اسے اڑا کر قبیلہ طے کے دو پہاڑوں کے درمیان پٹخ دیا۔

رسول اللہؐ کی بارش کے لیے دُعا

صبح فرودگاہ میں کسی کے پانی نہ تھا صحابہ نے اس کے متعلق رسول اللہؐ سے شکایت کی تو آپ نے بارگاہ ایزدی میں دعا کی۔اللہ نے اسی وقت ایک بادل بھیجا جس سے اتنی بارش ہوگئی کہ جس سے سب سیراب ہو گئے اور انہوں نے آئندہ کے لیے بھی پانی بھر لیا۔

رسول اللہؐ کی گمشدہ اونٹنی

حجر سے جب آپ روانہ ہوئے تو کسی جگہ آپ کی اونٹنی کھو گئی صحابہ اس کی تلاش میں نکلے اس وقت صحابہ میں سے ایک صاحب عمارہ بن حزم جو عقبی اور بدری تھے اور وہ بنی عمرو بن حزم کے چچا تھے آنحضرتؐ کے پاس موجود تھے عمارہ کے ساتھ ان کی قیام گاہ میں زید بن نصیب قنقامی منافق بھی تھا اونٹنی کے گم ہونے پر اور اس کی تلاش پر زید نے کسی سے کہا جبکہ وہ عمارہ کی قیام گاہ میں تھا اور عمارہ اس وقت رسول اللہؐ کے پاس تھے محمدؐ کا دعویٰ ہے کہ وہ نبی ہیں اور وہ تم سے آسمان کی خبریں بیان کرتے ہیں لیکن انہیں خود اپنی اونٹنی کا پتہ معلوم نہیں۔ادھر زید نے یہ بات کہی ادھر رسول اللہؐ نے عمارہ سے جو اپنی قیام گاہ میں کہا دیکھو کسی شخص نے یہ بات کہی ہے کہ محمدؐ نبوت کے مدعی ہیں اور وہ کہتے ہیں کہ میں تم لوگوں کا آسمانوں کی خبریں دیتا ہوں مگر انہیں خود اپنی اونٹنی کی خبر نہیں۔اے عمارہ! بخدا میں صرف وہی جانتا ہوں جو مجھے اللہ بتاتا ہے اللہ نے مجھے اونٹنی کا پتہ بتا دیا ہے وہ فلاں گھاٹی کی وادی میں موجود ہے اس کی مہار ایک جھاڑی سے الجھ گئی ہے جس کی وجہ سے وہ مقید ہو گئی ہے جاؤ اور اسے لے آؤ چنانچہ وہ اس پتہ پر گئے اور اونٹنی کو لے آئے۔اس کے بعد عمارہ اپنی قیامگاہ پر گئے اور انہوں نے کہا کہ آج یہ عجیب واقعہ ہوا کہ رسول اللہؐ نے یہ بات ابھی مجھ سے کہی کہ کسی شخص نے آپ کے متعلق ایسا سوءِ ظن کیا اور اللہ نے آپ کو اس سے مطلع کیا اس پر ایک اور شخص (جو اس وقت عمارہ کی قیام گاہ میں موجود تھا)۔

نے کہا بخدا تمہارے یہاں پہنچنے سے قبل زید نے یہ بات رسول اللہؐ کی شان میں کہی تھی۔عمارہ کو غصہ آ گیا انہوں نے بڑھ کر زید کی گردن پکڑ لی اور کہا اے اللہ کے بندو! میری قیام گاہ میں یہ منافق موجود ہے اور مجھے اس کا علم نہیں تھا اور پھر زید سے کہا اے دشمنِ خدا! میری قیام گاہ سے دور ہو جا اب ہرگز تم میرے ساتھ نہیں رہ سکتے۔

حضرت ابوذرؓ

رسول اللہؐ اپنی راہ چلتے رہے اثنائے راہ جب کوئی اپ سے پیچھے رہ جاتا اور صحابہ اپ کو اس کی اطلاع

دیتے تو آپ فرماتے ''اگر اس کی شرکت ہمارے لیے سودمند ہے تو اللہ بہت جلد اسے ہم سے ملا دے گا۔ اور اگر اس کے برخلاف ہے تو اس کا ساتھ نہ آنا ہی اچھا ہے کہ اللہ نے اس کی طرف سے تمہیں مطمئن کر دیا ہے۔'' ایک دن صحابہ نے عرض کیا کہ ابوذر پیچھے رہ گئے ہیں اور واقعہ یہ تھا کہ ان کا اونٹ نکما ہو گیا تھا رسول اللہؐ نے کہا ''اگر ان کی شرکت سودمند ہے تو اللہ تعالیٰ بہت جلد ان کو تم سے ملا دے گا۔''

ابوذرؓ کے متعلق پیشین گوئی

ابوذر کا اونٹ سفر سے تھک کر اڑ گیا اور جب وہ کسی طرح دنہ چل سکا تو انہوں نے اپنا سامان اس سے اتار کر اپنی پشت پر لا دلیا اور پیدل رسول اللہؐ کے پیچھے چل پڑے۔ رسول اللہؐ منزل پر فوکش تھے کہ ایک مسلمان کی نظر جناب ابوذر پر پڑی تو اس نے کہا ایک شخص پیدل راستہ پر آ رہا ہے رسول اللہؐ نے فرمایا ابوذر ہو گا مسلمانوں نے جب غور سے دیکھا تو پہچان لیا کہ وہ ابوذر ہی ہیں۔ انہوں نے آنحضرتؐ سے کہا کہ ابوذر ہی آ رہے ہیں فرمایا اللہ تعالیٰ ابوذر پر رحم فرمائے وہ اکیلا پیدل آ رہا ہے اسے حالت تنہائی میں موت آئے گی اور وہ تنہا ہی اپنی قبر سے اٹھایا جائے گا۔

حضرت ابوذرؓ کی تنہائی

عثمان نے جب حضرت ابوذر کو جلا وطن کیا تو انہوں نے ربذہ میں مستقل سکونت اختیار کر لی جب ان کا وقت آخر آیا تو ان کے پاس سوائے ان کی بیوی اور غلام کے اور کوئی نہ تھا ابوذر نے مرتے وقت ان دونوں کو وصیت کی کہ مجھے غسل دے کر اور کفن پہنا کر شارع عام پر رکھ دینا جو پہلا قافلہ وہاں آئے اس سے کہنا کہ یہ ابوذر صحابی رسولؐ کا جنازہ ہے آپ لوگ ان کے دفن کرنے میں ہماری اعانت کریں۔ چنانچہ جب ان کا انتقال ہو گیا تو ان کی بیوی اور غلام نے ان کو غسل دے کر کفن پہنایا اور پھر شارع عام پر لا کر ان کو رکھ دیا عبداللہ بن مسعود اور اہل عراق کی ایک جماعت جو عمرہ کرنے مکہ جا رہے تھے وہاں آئے اور اچانک انہوں نے ایک جنازہ راستے پر رکھا ہوا پایا قریب تھا کہ اونٹ اسے کچل دیتے غلام نے قافلہ کے پاس جا کر ان سے کہا۔ ''یہ ابوذر صحابی رسول اللہؐ کی نعش ہے آپ اس کے دفن کرنے میں ہماری مدد کریں۔'' یہ سنتے ہی عبداللہ بن مسعود رونے لگے اور انہوں نے لا الہٰ الا اللہ کہا اور پھر کہا کہ رسول اللہؐ کا ارشاد ابوذر کے بارے میں بالکل سچا نکلا۔ آپ نے ان کے بارے میں فرمایا تھا تم اکیلے چل رہے ہو اکیلے مرو گے اور قبر سے اٹھائے جاؤ گے پھر وہ اور ان کے ساتھی اونٹوں سے اتر پڑے۔ انہوں نے ابوذر کو دفن کیا پھر عبداللہ بن مسعود نے سب سے ابوذر کا واقعہ بیان کیا اور رسول اللہؐ نے سفر تبوک کے دوران جو کچھ کہا تھا بیان کیا۔

آنحضرتؐ کا تبوک میں قیام

رسول اللہؐ بارہ تیرہ دن تبوک میں فروکش رہے اس سے آگے نہیں بڑھے اس کے بعد آپ مدینہ کی طرف واپس روانہ ہوئے راستے میں وادی مشقق میں پانی کا ایک چشمہ پڑتا تھا جس کا پانی رس رس کر جمع ہوتا تھا اور اس سے ایک وقت میں دو یا تین شتر سوار سیراب ہو سکتے تھے رسول اللہؐ نے مسلمانوں سے کہا کہ جو لوگ ہم سے پہلے اس چشمہ پر پہنچیں وہ ہمارے آنے تک اس میں سے پانی نہ لیں چند منافق آپ سے پہلے اس چشمہ پر آ گئے اور انہوں نے جس قدر پانی اس میں تھا اسے استعمال کر لیا جب آنحضرتؐ اس مقام پر آئے اور چشمے پر ٹھہرے تو آپ نے دیکھا کہ اس میں اب ذرہ سا پانی بھی نہیں ہے آپ نے پوچھا کہ ہم سے پہلے یہاں کون آیا تو صحابہ نے بتایا فلاں فلاں شخص آئے تھے آپ نے فرمایا کیا میں نے اس بات کی ممانعت نہیں کر دی تھی کہ جب تک میں خود نہ آؤں کوئی اس چشمہ سے سیراب نہ ہو پھر آپ نے ان لوگوں پر جنہوں نے آپ کے حکم کی خلاف ورزی کی لعنت بھیجی اور ان کے لیے بددعا کی پھر آپ خود اس چشمہ میں اترے اور آپ نے آبشار کے نیچے اپنا ہاتھ رکھا تو پانی تھوڑا تھوڑا ٹپکنا شروع ہوا اس کے بعد آپ نے اپنے ہاتھ سے اسے کریدا اور بہت دیر تک بارگاہ الٰہی میں دعا فرمائی اس کے بعد نہایت زور شور سے پانی ابل پڑا۔ سننے والوں کا بیان ہے کہ پانی کی روانی میں نجلی کا سا شور سنائی دیتا تھا تمام لوگوں نے خوب دل کھول کر پانی پیا اور استعمال کیا رسول اللہؐ نے صحابہ سے فرمایا جو تم میں سے باقی رہے گا وہ ضرور سن لے گا کہ یہ وادی جہاں میں کھڑا ہوں میرے سامنے اور پیچھے دور تک سرسبز و شاداب ہو گئی ہے۔

مسجد ضرار کا انہدام

اس سفر سے واپسی پر رسول اللہؐ نے ذی اوان کے مقام پر منزل کی یہ مدینہ سے ایک گھنٹہ کے فاصلہ پر ہے جس وقت آپ تبوک جانے کی تیاری کر رہے تھے مسجد ضرار کے بانی آپ کی خدمت میں آئے اور کہا یا رسول اللہؐ! ہم نے بیماروں، کمزوروں برسات اور سردی کے لیے اپنے یہاں ایک مسجد بنائی ہے ہماری خواہش ہے کہ آپ ہمارے یہاں آ کر اس مسجد میں ہم کو نماز پڑھائیں۔ آپ نے فرمایا اس وقت تو میں سفر کی تیاری میں مصروف ہوں اس لیے نہیں آ سکتا البتہ اگر اللہ نے چاہا تو واپسی کے بعد تمہارے یہاں آؤں گا اور اس مسجد میں نماز پڑھوں گا چنانچہ جب آپ ذی اوان آئے تو آپؐ کو مسجد کی تعمیر کی اطلاع ملی تو آپ نے بنی سالم بن عوف کے مالک بن اخشم اور بنی عجلان کے معن بن عدی یا ان کے بھائی عاصم بن عدی کو طلب فرمایا اور ان کو حکم دیا کہ تم دونوں اس مسجد میں جاؤ کہ اس کے بانی ظالم ہیں۔ اسے فوراً منہدم کر کے جلا دو یہ دونوں تیزی سے مسافت طے کرتے ہوئے اس کام پر چلے اور مالک اخشم کے قبیلہ بنی سالم بن عوف کے پاس آئے۔ مالک نے معن سے کہا تم

ذرا ٹھہرو میں گھر سے آگ لے آؤں مالک اپنے گھر میں آئے اور وہاں سے کھجور کی ایک شاخ کو آگ لگا کر روشن کرلیا اور پھر دونوں دوڑتے ہوئے اس مسجد کے اندر آئے اس

وقت مسجد کے بانی وہاں موجود تھے۔ان دونوں نے مسجد میں آگ لگا دی۔اس کو جلا دیا اور گرا دیا۔اہل مسجد وہاں سے چلے گئے انہیں کے بارے میں یہ آیت نازل ہوئی۔

والذین اتخذوا مسجدا ضرارًا و کفرًا و تفریقاً بین المؤمنین ط

''اور جن لوگوں نے مسجد بنائی فساد کے لیے اور کفر کے لیے اور مسلمانوں کے درمیان پھوٹ ڈالنے کے لیے۔''

مسجد ضرار کے بانیوں کے نام

بارہ اشخاص اس کے بانی تھے جو حسبِ ذیل ہیں۔بنی عبید بن زید (جو بنی عمرو بن عوف سے متعلق ہے) کا خذام (جذام) بن خالد تھا کہ جس کے گھر سے یہ مسجد شروع کی گئی تھی۔بنی عبید کے خاندان امیہ بن زید کے کا ثعلبہ بن حاطب، بنی ضبیعہ بن زید کا مصب بن قشیہ۔بنی عمرو بن عوف کا عباد بن حنیف، سہل بن حنیف کا بھائی جاریہ بن عامر اور اس کے دونوں بیٹے، مجمع بن جاریہ اور زید بن جاریہ، بنی ضبیعہ کا نبتل بن حارث، بنی ضبیعہ کا نجرج، بنی ضبیعہ کا بجاد بن عثمان، ابولبابہ بن عبداللہ کے قبیلہ بنی امیہ کا ودیعہ بن ثابت۔

کعب، مرارہ اور ہلال کا بائیکاٹ

رسول اللہؐ مدینہ واپس آ گئے۔منافقوں کی ایک جماعت آپ کا ساتھ چھوڑ کر واپس چلی گئی مسلمانوں میں سے بھی بعض لوگ بغیر کسی نفاق اور اسلام میں شک کے پیچھے رہ گئے تھے وہ یہ تین افراد کعب بن مالک، مرارہ بن ربیع اور ہلال بن امیہ تھے۔رسول اللہؐ نے صحابہ سے کہا کہ ان تینوں سے کوئی کلام نہ کرے۔جو منافق آپ کے ساتھ نہیں گئے تھے اب وہ آپ کے پاس آئے اور قسمیں کھانے لگے اور معذرت کرنے لگے آپ نے ان کی طرف سے منہ پھیر لیا اور اللہ اور اس کے رسول اللہ نے ان کی معذرت قبول نہیں کی جب تک مذکورہ بالا تینوں مسلمانوں کو اللہ نے بذریعہ وحی معافی نہیں دی تمام مسلمانوں نے ان سے گفتگو نہیں کی ان کے متعلق اللہ تعالیٰ نے یہ آیت

لقد تاب اللہ علی النبی والمھاجرینو الانصار اپنے قول و کونوا مع الصادقین فتاب اللہ علیھم

تک نازل فرمائی، رسول اللہؐ ماہِ رمضان میں تبوک سے مدینہ واپس آئے۔

قبیلہ طے کی مہم

9ہجری کے ماہِ ربیع الاول میں رسول اللہؐ نے حضرت علیؑ کو طے کے قبیلے کی طرف ایک مہم پر بھیجا آپ نے ان پر حملہ کیا اور انہیں قید کیا دو تلواریں جو ایک صنم کدے میں تھیں ان کو ملیں۔ایک کا نام رسوب اور دوسری کا نام مخذم تھا مشہور تھا کہ یہ تلواریں حارث بن ابی شمیر نے نذر کے طور پر بت خانے میں چڑھائی تھیں۔ان قیدیوں میں عدی بن حاتم کی پھوپھی بھی تھی۔

بنی طے کے قیدی

عدی بن حاتم سے مروی ہے کہ رسول اللہؐ کے رسالے یا فرستادوں نے ہمارے علاقہ میں آ کر میری پھوپھی اور دوسرے لوگوں کو گرفتار کر لیا اور وہ ان کو رسول اللہؐ کی خدمت میں لے آئے یہ سب قیدی ایک ہی صف میں کھڑے ہو گئے میری پھوپھی نے کہا

''یارسول اللہؐ! میرا فدیہ دینے والا دور چلا گیا ہے اولاد سے میں علیحدہ کی گئی ہوں بہت زیادہ بڑھیا ہو گئی ہوں مجھ میں خدمت کرنے کی بھی طاقت نہیں ہے آپ مجھ پر احسان کریں اللہ آپ پر احسان کرے گا۔''

رسول اللہؐ نے پوچھا ''تمہارا فدیہ دینے والا کون ہے؟''

اس نے کہا ''عدی بن حاتم''

آپ نے فرمایا وہ جو اللہ اور اس کے رسولؐ سے فرار ہو گیا ہے؟ میری پھوپھی نے بیان کیا کہ آنحضرتؐ نے مجھ پر احسان کر کے مجھے آزاد کر دیا آپ کے پہلو میں ایک صاحب اور تھے جو علیؑ معلوم ہوتے تھے انہوں نے مجھ سے کہا کہ تم رسول اللہؐ سے درخواست کرو کہ وہ سواری بھی دیں چنانچہ میں نے سواری کی درخواست کی تو آپ نے اسے منظور فرما لیا۔

عدی بن حاتم کہتے ہیں کہ پھر میری پھوپھی میرے پاس آئیں اور مجھ سے کہا کہ تمہاری یہ حرکت ایسی ہے جو تمہارے باپ کے عمل کے خلاف ہے تم رسول اللہؐ کے پاس جاؤ خوشی سے یا ڈرتے ہوئے دیکھو فلاں شخص آنحضرتؐ کے پاس آیا تو آپ سے مستفید ہوا اور فلاں شخص آیا تو مستفید ہوا۔پس میں رسول اللہؐ کی خدمت میں حاضر ہوا اس وقت آپ کے پاس ایک خاتون اور کچھ بچے یا ایک بچہ موجود تھا آپ نے ان سے اپنی قرابت کا ذکر کیا اس سے مجھے اطمینان ہوا کہ یہ قیصر و کسریٰ کی بادشاہی نہیں ہے۔رسول اللہؐ نے مجھ سے کہا عدی بن حاتم کیوں اس کے قائل ہونے سے بھاگے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں کیا اللہ کے سوا کوئی خدا ہے اور کیوں اس کے قائل ہونے سے بھاگے کہ اللہ سب سے بڑا ہے کیا کوئی اور شئی اللہ سے بڑی ہے اس پر میں اسلام لے آیا اور میں نے دیکھا کہ آپ کے چہرے پر میرے اسلام لانے سے خوشی کے آثار نمایاں ہوئے۔

(عدی کہتا ہے) میں شام سے مدینہ رسول اللہؐ کی خدمت میں حاضر ہوا آپ مسجد میں تھے میں نے سامنے جا کر سلام کیا تو آپ نے پوچھا کون؟

میں نے کہا ''عدی بن حاتم'' آپ اٹھ کھڑے ہوئے اور مجھے اپنے ساتھ گھر لے چلے اثنائے راہ ایک نہایت ہی سن رسیدہ عورت آپ کو ملی اس نے آپ کو ٹھہرایا اور آپ بلا تکلف کافی دیر تک کھڑے ہو کر اس کی باتیں سنتے رہے میں نے اپنے دل میں کہا کہ بخدا یہ دنیاوی بادشاہ نہیں ہیں۔ پھر آپ اپنے گھر آئے آپ نے چمڑے کا ایک گدا اٹھایا اور وہ مجھے دے کر کہا اس پر بیٹھ جاؤ میں نے کہا، میں اس پر نہیں بیٹھتا آپ اس پر تشریف رکھیں مگر آپ نے یہی اصرار کیا کہ اس گدے پر بیٹھوں چنانچہ میں اس گدے پر اور خود رسول اللہؐ زمین پر بیٹھ گئے میں نے اپنے دل میں کہا۔ یہ ہرگز بادشاہی شان نہیں ہے پھر آپ نے کہا اے عدی بن حاتم! کیا تم ناپاک نہ تھے میں نے کہا بیشک تھا آپ نے فرمایا کیا اسی حالت میں تم بازار میں اپنی قوم میں چل پھر نہیں رہے تھے میں نے کہا بے شک یہ درست ہے آپ نے فرمایا تو یہ بات تمہارے دین میں حرام نہیں میں نے کہا بے شک آپ سچ کہتے ہیں او راب میں نے اپنے دل میں کہ آپ واقعی بنی مرسل ہیں۔ آپ غیب کی باتوں سے واقف ہیں پھر آپ نے کہا عدی! شاید تم اس وجہ سے ہمارے دین میں شامل نہیں ہوتے کہ مسلمان غریب ہیں۔ بخدا بہت جلد وہ اس قدر مالا مال ہو جائیں گے کہ کوئی لینے والا نہ ہوگا۔ یا شاید تم اس بنا پر اس دین میں شامل نہیں ہوتے کہ مسلمانوں کی تعداد کم ہے اور ان کے دشمن بہت زیادہ ہیں۔ بخدا عنقریب تم سنو گے کہ ایک عورت بلا خوف وخطر تنہا اپنے اونٹ پر قادسیہ سے بیت اللہ کی زیارت کو آتی ہے اور واپس جاتی ہے اور شاید تم اس وجہ سے اس دین میں شامل نہیں ہوتے کہ حکومت اور شوکت اس وقت مسلمانوں کے علاوہ دوسروں کو حاصل ہے خدا کی قسم تم عنقریب سنو گے کہ بابل کے سفید قصر مسلمانوں نے فتح کر لیے ہیں۔

عدی کا قبول اسلام

آپ کی اس گفتگو کے بعد میں مسلمان ہو گیا۔ بعد میں عدی کہا کرتے تھے کہ رسول اللہؐ کی مذکورہ پیشینگوئیاں میں سے دو تو پوری ہو چکیں۔ تیسری البتہ باقی ہے مگر خدا کی قسم وہ بھی پوری ہو گی میں نے بابل کے سفید قصر فتح ہوتے ہوئے دیکھ لیے میں نے دیکھا کہ اکیلی عورت کسی خوف وخطر کے بغیر اونٹ پر سوار ہو کر بیت اللہ حج کے لیے آتی ہے۔ خدا کی قسم تیسری بات بھی ضرور پوری ہو گی مسلمان اس قدر دولت مند ہو جائیں گے کہ ان میں سے کوئی مال کا طلبگار اور محتاج نہیں ملے گا۔

سورۂ برأت کا نزول

سدی سے مروی ہے کہ جب سورۂ برأت کی تقریباً چالیس آیات نازل ہو چکیں تو رسول اللہ ٦ نے آیات

دے کر ابوبکر کو حج میں سنانے کے لیے بھیجا۔۔۔۔۔۔مدینہ سے روانہ ہو کر ابوبکر ذی الحلیفہ کے قریب شجرہ میں پہنچے تھے کہ رسول اللہؐ نے حضرت علیؑ کو ان کے پیچھے روانہ کیا۔حضرت علیؑ نے وہ آیات ابوبکرؓ سے لے لیں ابوبکر رسول اللہؐ کے پاس واپس چلے آئے اور پوچھا میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں کیا میرے متعلق کوئی بات وحی میں نازل ہوئی ہے فرمایا نہیں لیکن میرے طرف سے تبلیغ نہیں کر سکتا مگر میں یا وہ مرد جو مجھ سے ہو۔۔۔۔۔۔۔او رحضرت علیؑ سورہ برأت کا اعلان کرنے کے لیے مکہ میں آئے۔قربانی کے دن انہوں نے اعلان کیا کہ اس سال کے بعد کوئی مشرک مسجد الحرام کے پاس نہ رہے اور کوئی شخص برہنہ حالت میں بیت اللہ کا طواف نہ کرے نیز جس کے ساتھ رسول اللہؐ نے معاہدہ کیا ہے صرف اسی مدت تک وہ معاہدہ جائز سمجھا جائے گا اس کے بعد وہ منسوخ سمجھا جائے گا۔یہ زمانہ کھانے پینے کا ہے اور اللہ تعالیٰ مسلمانوں کے علاوہ کسی کو جنت میں داخل نہیں کریگا۔حضرت علیؑ کی اس تقریر پر مشرکوں نے کہا ہم خود تمہارے اور تمہارے ابن عم کے معاہدے سے اپنی برأت کرتے ہیں اور اس کا جواب نیزے اور تلوار سے دیں گے کہنے کو تو یہ کہہ آئے مگر وہاں سے واپس آ کر مشرکین نے ایک دوسرے کو ملامت کی کہ تم نے یہ کیا کیا۔تمام قریش مسلمان ہو چکے ہیں اب تم کیا کر سکتے ہو تم بھی اسلام لے آؤ۔

مکہ سے مشرکین کے اخراج کا حکم

محمد بن کعب قرظی وغیرہ سے مروی ہے کہ 9ھ میں رسول اللہؐ نے۔۔۔۔۔حضرت علیؑ کو سورۂ براءت کی تیس چالیس آیات دے کر مکہ بھیجا۔حضرت علیؑ انہیں ان لوگوں کے سامنے پڑھا جن میں مشرکین کو چار ماہ کی مہلت دی گئی تھی کہ اتنی مدت تک وہ مزید حرم میں گزار سکتے ہیں۔حضرت علیؑ نے عرفہ کے دن یہ آیات ان کو سنائیں۔بیس دن ذی الحجہ کے اور محرم،صفر ربیع الاول اور دس دن ربیع الآخر تک انہیں مہلت دی اس کے علاوہ لوگوں کے گھروں میں یہ حکم سنا دیا گیا کہ اس سال کے بعد نہ کوئی مشرک حج کرے اعر نہ کوئی شخص برہنہ حالت میں بیت اللہ کا طواف کرے۔اس سال صدقات (زکوٰۃ وغیرہ) فرض کیے گئے اور انہیں وصول کرنے کے لیے رسول اللہؐ نے مختلف مقامات پر اپنے عمال (اور کارندے) بھیجے اس فرض کے متعلق کلام اللہ کی یہ آیت خذ من اموالھم صدقۃ تطھرھم (ان کے اموال میں سے صدقہ لو تا کہ وہ پاک ہو جائیں) ثعلبہ بن حاطب کے واقعہ کے متعلق یہ آیت نازل ہوئی۔

باب 18

سنۃ الوفود 10 ھجری

قبیلہ ہمدان کا قبولِ اسلام!

اسی سال ماہِ رمضان میں رسول اللہؐ نے حضرت علیؑ بن ابی طالب کو ایک جماعت کے ساتھ یمن بھیجا اس کے متعلق براء بن عازب سے مروی ہے کہ:۔

''رسول اللہؐ نے خالد بن ولید کو دعوتِ اسلام دینے کے لیے اہلِ یمن کے پاس بھیجا اس کے ساتھ جو لوگ گئے تھے ان میں میں بھی تھا۔ خالد بن ولید چھ ماہ تک وہاں مقیم رہے مگر کسی نے اس کی دعوت کو قبول نہ کیا تب آپ نے حضرت علیؑ بن ابی طالب کو یمن بھیجا اور حکم دیا کہ خالد بن ولید واپس آ جائے البتہ اس کے ہمراہیوں میں سے جو نہ آنا چاہے اسے یمن میں رہنے دیا جائے چنانچہ میں بھی ان لوگوں میں شامل تھا جو حضرت علیؑ کے ساتھ یمن میں رہ گئے تھے ابھی ہم یمن کی سرحد میں داخل ہوئے تھے کہ ہماری اطلاع سب کو ہوگئی تو وہ حضرت علی کے پاس آ گئے۔ آپ نے ہمیں صبح کی نماز پڑھائی۔ نماز کے بعد انہوں نے ہم سب کو ایک ہی صف میں کھڑا کیا اور سامنے بڑھ کر اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا کے بعد رسول اللہؐ کا خط پڑھ کر سنایا۔ تو ایک ہی دن میں تمام قبیلہ ہمدان اسلام لے آیا۔ حضرت علیؑ نے اس کی اطلاع رسول اللہؐ کو لکھ بھیجی۔ خط پڑھ کر آنحضرتؐ نے سجدہ شکر ادا کیا۔ پھر بیٹھ گئے اور فرمایا

''ہمدان پر سلامتی ہو، ہمدان پر سلامتی ہو۔''

''اس کے بعد تمام اہلِ یمن یکے بعد دیگرے اسلام لے آئے۔''

عاملوں کا تقرر

اس سال رسول اللہؐ نے ان تمام علاقوں پر جہاں اسلام پھیل گیا تھا صدقات کے لیے اپنے عامل مقرر کر کے بھیجے۔ عبداللہ بن ابوبکر سے مروی ہے کہ ان تمام شہروں میں جو اسلام کے زیرنگیں آ گئے تھے رسول اللہؐ نے اپنے امیر عامل صدقات مقرر کیے۔

مہاجر بن ابی امیہ کو صنعا بھیجا۔

زیاد بن لبید انصاری کو حضرموت کے صدقات کا عامل مقرر کیا۔

عدی بن حاتم کو طے اور اسد کا عامل مقرر کیا۔

مالک بن نویرہ کو بنی حنظلہ کا عامل صدقات مقرر کیا۔

بنی سعد کے صدقات کی وصولی انہی کے دو شخصوں کو تفویض کی۔

علاء بن حضرمی کو آپ نے بحرین کا عامل مقرر کر کے بھیجا۔

اور حضرت علیؑ ابن ابی طالبؑ کو نجران بھیجا تا کہ وہاں کے صدقات اور جزیے وصول کریں۔

باب 19

حجۃ الوداع 10 ھجری

اس سال کے ماہ ذی قعدہ کے شروع ہوتے ہی رسول اللہؐ نے حج کا ارادہ کیا اور آپ نے تمام صحابہ کو سفر کی تیاری کا حکم دیا۔ رسول اللہؐ مکہ میں داخل ہوئے بمعہ ان حضرات کے کہ جو ہدی (قربانی کا جانور) لائے تھے دوسروں نے عمرہ ادا کیا۔

حضرت فاطمہؑ کا عمرہ

ابن ابی نجیح سے مروی ہے کہ رسول اللہؐ نے حضرت علیؑ کو نجران بھیجا تھا وہ مکہ میں آپ سے آ ملے جب کہ وہ احرام باندھ چکے تھے حضرت علیؑ سے فاطمہؑ بنت رسول اللہؐ کے پاس آئے تو دیکھا کہ فاطمہ نے احرام باندھ کر عمرے کی تیاری کر رکھی ہے۔ حضرت علیؑ نے پوچھا اے رسولؐ کی شہزادی کیا کر رہی ہو؟ انہوں نے کہا رسول اللہؐ نے ہمیں عمرے کی اجازت دی ہے اور اس کے لیے ہم نے احرام باندھا ہے۔

حضرت علیؑ کی مکہ کو روانگی

یزید بن طلحہ سے مروی ہے کہ جب علیؑ یمن سے مکہ رسول اللہؐ کے پا س آ رہے تھے تو انہوں نے رسول اللہؐ سے ملاقات کے لیے بڑی عجلت کی وہ اپنے ساتھیوں سے ایک شخص کو اپنی فوج میں اپنا نائب بنا کر چلے آئے۔ اس شخص نے یہ کیا کہ جو اعلیٰ درجے کے کپڑے جزیے میں وصول ہوئے تھے اور ساتھ تھے انہیں بھنڈار خانے سے نکلوا کر اپنی فوج کو پہنا دیئے جب یہ فوج مکہ کے قریب آئی اور حضرت علیؑ انہیں دیکھنے آئے، تو انہوں نے دیکھا کہ تمام فوج حلے پہنے ہوئے ہے آپ نے اپنے نائب سے جواب طلبی کی۔ اس نے کہا کہ میں نے یہ حلے اس لیے انہیں پہنا دیے کہ جب یہ سب کے سامنے سے گزریں تو بھلے معلوم ہوں۔ حضرت علیؑ نے فرمایا تمہارے لیے ویل (ہلاکت) ہو قبل اس کے کہ تم اس ہیئت میں رسول اللہؐ کے پاس پہنچو حلوں کو اتار دو۔ چنانچہ وہ تمام حلے فوج سے لے کر پھر توشہ خانے میں رکھوا دیے یہ بات فوج کو ناگوار گزری اور انہوں نے اس طرزِ عمل کا شکوہ کیا ابوسعید حذری سے مروی ہے کہ لوگوں نے حضرت علیؑ کی شکایت کی تو اس کے متعلق رسول اللہؐ تقریر کرنے کھڑے ہوئے میں نے آپ کو یہ فرماتے ہوئے سنا: ''اے لوگو! علیؑ کی شکایت نہ کرو، بخدا وہ بے شک اللہ کے لیے یا آپ نے فرمایا اللہ کی راہ میں بہت سخت ہیں۔''

رسول اللہؐ کا خطبہ

عبداللہ بن ابی نجیح سے مروی ہے کہ رسول اللہؐ حج کرنے تشریف لے گئے آپ نے سب کو مناسک اور

سنن حج بتادیئے پھر آپ نے سب کے سامنے اپنا وہ مشہور خطبہ دیا کہ جس میں آپ نے اپنے مقصد کو صاف صاف لوگوں پر واضح کیا آپ نے حمد وثنا کے بعد فرمایا:۔

''اے لوگو! میری بات غور سے سنو کیونکہ شاید اس سال کے بعد اس مقام پر پھر ہماری کبھی ملاقات نہ ہوگی اے لوگو! قیامت تک کے لیے تمہارا خون اور مال اسی طرح تم پر حرام ہے جس طرح کہ آج کے دن اور اس مہینہ کی حرمت ہے۔تم اپنے رب سے ملو گے اور وہ تمہارے اعمال کی تم سے باز پرس کرے گا میں نے اس کا پیغام پہنچا دیا ہے جس کے پاس کوئی امانت ہو اسے چاہیے کہ وہ امانت مالک کو واپس کر دے ہر قسم کا سود ساقط ہے البتہ اصل رقم تمہاری ہے وہ تم کو ملنی چاہیے تاکہ تم پر ظلم کرو اللہ نے حکم دیا ہے کہ سود قطعی ساقط ہے عباس بن عبدالمطلب کا تمام سود قطعی ساقط ہے اسی طرح زمانہ جاہلیت میں جتنے خون ہوئے ہیں وہ سب ساقط ہیں ان کا ہرگز انتقام نہ لیا جائے اور سب سے پہلے میں ابن ربیعہ بن حارث بن عبدالمطلب کا خون معاف کرتا ہوں۔۔۔۔۔اے لوگو! اب شیطان اس بات سے تو ہمیشہ کے لیے مایوس ہو چکا کہ تمہاری زمین میں خدائے واحد کے سوا کسی اور کی پرستش کی جائے البتہ اکے علاوہ جو تمہارے اعمال ہیں جنہیں تم معمولی درجے کا سمجھتے ہو ان کے متعلق وہ اس بات سے مطمئن ہے کہ اس کی اطاعت کی جائے گی اس لیے اپنے دین کی حفاظت کے لیے شیطان سے ڈرتے رہو۔۔۔۔

امابعد! اے لوگو تمہاری بیویوں پر تمہارا حق ہے اور تم پر ان کا حق ہے ان پر تمہارا حق یہ ہے کہ تمہاری مرضی کے خلاف تمہارے گھر میں کوئی نہ آئے اور ان کا یہ فرض ہے کہ وہ بدکاری نہ کریں اگر وہ ایسا کریں تو اللہ نے تم کو اجازت دی ہے کہ تم ان کو ان کی خواب گاہوں میں چھوڑ دو۔ان سے کوئی واسطہ نہ رکھو اور معمولی مار پیٹ کرو اگر اس سزا سے وہ باز آجائیں تو تم فراخ دلی سے انہیں نان ونفقہ دو ہمیشہ ایک دوسرے کو عورتوں کے ساتھ حسن سلوک کی نصیحت کرتے رہو وہ تمہاری دست نگر ہیں خود اپنا کچھ نہیں رکھتیں اور تم نے ان کو اللہ کی امانت کے ساتھ اپنے نکاح میں لیا ہے اور اللہ کے کلمات کے ساتھ ان کا فروج حلال کیا۔۔۔۔۔۔۔۔

اچھی طرح سمجھ لو کہ مسلمان، مسلمان کا بھائی ہے اور تمام مسلمان آپس میں بھائی

بھائی ہیں کسی شخص کے لیے اپنے بھائی کی چیز زبردستی لینا جائز نہیں۔سوائے اس کے جو وہ اپنی مرضی سے دے اور اپنے اوپر ظلم نہ کرنا۔اے اللہ! کیا میں نے تیرا پیام پوری طرح پہنچا دیا؟''

بیان کیا گیا ہے کہ آپ کے اس قول پر تمام مسلمانوں نے کہا بیشک آپ نے اللہ کا پیغام پہنچا دیا۔رسول اللہ نے فرمایا:۔''خداوند! تو گواہ رہنا۔

رسول اللہؐ کے حج

جابر سے مروی ہے کہ رسول اللہؐ نے تین حج کیے دو ہجرت سے پہلے اور ایک ہجرت کے بعد جس کے ساتھ عمرہ بھی ادا کیا۔

آپؐ کی ازواج

ہشام بن محمد اپنے باپ کی روایت بیان کرتا ہے کہ رسول اللہؐ نے پندرہ عورتوں سے نکاح کیا تیرہ کے ساتھ مباشرت کی ایک وقت میں گیارہ موجود رہیں اور نو کو چھوڑ کر آپ نے وفات پائی اسلام (کا اعلان کرنے) سے پہلے آپ کی عمر بیس سال سے زائد تھی کہ آپ نے خدیجہؑ بنت خویلد سے نکاح کیا۔سب سے پہلے آپ نے انہیں سے نکاح کیا۔۔۔جناب خدیجہ کی حیات میں رسول اللہؐ نے کوئی دوسرا نکاح نہیں کیا۔ان کی وفات کے بعد آپ نے سب سے پہلے جس عورت سے نکاح کیا اس میں اختلاف ہے۔بعض راویوں نے بیان کیا ہے کہ خدیجہ کے بعد سب سے پہلے آپ نے عائشہ بنت ابوبکر سے نکاح کیا۔۔۔۔جس وقت آپ نے عائشہ سے نکاح کیا وہ کم سن تھی۔مباشرت کے قابل نہ تھی البتہ سودہ بیوہ تھی رسول اللہؐ نے اپنے مکہ کے قیام کے زمانہ میں سودہ سے نکاح کیا تمام اہل سیر کا اتفاق ہے کہ رسول اللہؐ نے سودہ کے ساتھ عائشہ سے پہلے مباشرت کی۔

حضرت عائشہ کی روایت

عائشہ فرماتی ہیں نکاح کے بعد ہم مدینہ آئے ابوبکر سنح میں خزرج کے خاندان بنی الحارث کے ہاں فروکش تھے۔ایک دن رسول اللہؐ ہمارے گھر آئے کچھ انصار اور ان کی عورتیں آپ کے پاس آ گئیں میری ماں میرے پاس آئیں میں اس وقت جھولا جھول رہی تھی انہوں نے مجھے جھولے سے اتارا بالوں میں کنگھی کی میرا منہ دھلایا اور پھر مجھے اپنے ساتھ لے چلیں۔کمرے کے دروازے پر پہنچ کر وہ ٹھہر گئیں میں ڈری، میری ماں مجھے اندر لے گئی۔رسول اللہؐ کمرے میں پلنگ پر تشریف فرما تھے میری ماں نے مجھے آپ کی گود میں بٹھا دیا اور کہا یہ تمہارے شوہر ہیں۔اللہ تم کو ان کے لیے اور ان کو تمہارے لیے موجب خیر و برکت کرے اس کے بعد تمام لوگ گھر سے

چلے گئے۔رسول اللہؐ نے میرے گھر میں میرے ساتھ خلوت فرمائی۔مگر اس خوشی میں نہ قربانی دی گئی اور نہ ہی بکر ی میرے لیے ذبح کی گئی۔اس وقت میری عمر نو سال تھی۔

رسول اللہؐ کا حُلیۂ مبارک

حضرت علی بن ابی طالبؑ سے مروی ہے کہ رسول اللہؐ نہ دراز قامت تھے اور نہ کوتاہ قد،سر اور چہرہ بڑا تھا ہاتھ اور پاؤں کی انگلیاں بڑی بڑی تھیں،پنڈلیاں موٹی تھیں،رنگ سرخ تھا،دراز قدم تھا۔آہستہ آہستہ چلتے تھے معلوم ہوتا تھا اتار سے اتر رہے ہیں آپ سے پہلے اور بعد میں اس شان کا کوئی شخص نظر نہیں آتا۔

حضرت علیؑ کوفہ کی مسجد میں اپنی تلوار کے پر تلے سے ٹیک لگائے تھے انصار سے ایک شخص نے آپ سے کہا۔رسول اللہؐ کا حلیہ مجھ سے بیان کریں آپ نے فرمایا۔رسول اللہ کا رنگ گورا تھا جس میں سرخی نمایاں تھی آنکھیں نہایت سیاہ تھی بال نرم تھے قدم جوڑ کر چلتے تھے رخسار نرم تھے ڈاڑھی بہت ہی گھنی تھی گردن چاندی کی صراحی معلوم ہوتی تھی۔ہنسلی سے لے کر ناف تک بالوں کی ایک لکیر تھی ہاتھ اور پاؤں کی انگلیاں بڑی بڑی تھیں جب آپ چلتے تو معلوم ہوتا کہ اتار سے اتر رہے ہیں اور چال میں ایسی استقامت تھی کہ گویا چٹان چلی آرہی ہے جب آپ مڑتے تھے تو سارے جسم سے مڑ جاتے تھے نہ آپ کوتاہ قامت تھے اور نہ دراز قامت نہ نکمے تھے اور نہ تنگ نظر آپ کے چہرے پر پسینے کے قطرات موتی معلوم ہوتے تھے اور آپ کے پسینے میں مشک سے بہتر خوشبو تھی آپ سے پہلے یا بعد میں آپ جیسا کسی کو نہیں دیکھا۔

مہر نبوت

ابوزید سے مروی ہے کہ رسول اللہؐ نے مجھ سے کہا ابوزید میرے قریب آؤ اور میری پشت (کمر) پر ہاتھ لگاؤ اور پھر آپ نے اپنی پشت کھول دی۔میں نے اپنی انگلیوں سے مہر نبوت کو دبا کر دیکھا ابوزید سے پوچھا گیا کہ مہر نبوت کیا تھی؟انہوں نے کہا بالوں کا وہ گچھا جو آپ کے دونو شانوں پر تھا۔

رسول اللہؐ کی شجاعت وسخاوت

انس سے مروی ہے کہ رسول اللہؐ سب سے زیادہ خوب صورت سب سے زیادہ سخی اور سب سے زیادہ شجاع وبہادر تھے ایک مرتبہ مدینہ میں دشمن کے خطرے کی شہرت ہوئی تو سب لوگ اس پکار کی طرف لپکے مگر انہوں نے دیکھا کہ سب سے پہلے رسول اللہؐ تلوار لے کر ابوطلحہ کے گھوڑے کی ننگی پیٹھ پر سوار ہو کر مقابلہ کے لیے موجود ہیں اور سب سے پہلے آپ ہی اس ندا پر آئے۔سب لوگوں کے جمع ہونے پر آپ نے دو مرتبہ فرمایا۔"مت ڈرو مت درو۔"

باب 20

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات 11 ھجری

جیش اسامہ اور اس کی امارت پر اعتراض

رسول اللہؐ کے غلام ابومویہیہ سے مروی ہے کہ حجۃ الوداع سیت فارغ ہوکر رسول اللہؐ مدینہ آئے اور آپ کے مدینہ آجانے کی وجہ سے سب لوگوں کو اپنے اپنے گھروں کو واپس جانے کی اجازت مل گئی اور وہ چلے گئے آپ نے مسلمانوں کو ایک مہم کی تیاری کا حکم دیا اور اسامہ بن زید کو اس مہم کا امیر مقرر کیا اور حکم دیا کہ اہل الزیت سے جو شام کے راستوں میں سے ایک راستے پر واقع ہے بڑھ کر اردن کے علاقہ پر حملہ کریں اس تقرر پر منافقوں نے چہ میگوئیاں شروع کیں۔ رسول اللہؐ نے ان کے اعتراض کی تردید کرتے ہوئے فرمایا کہ اسامہ اس امارت کا اہل ہے اور اگر تم نے اس کے متعلق یہ کہا ہے تو کیا ہوا اس سے پہلے اس کے باپ کے متعلق بھی تم اس قسم کی باتیں کہہ چکے ہو حالانکہ وہ بھی امارت کا اہل تھا جیسا کہ اس نے ثابت کیا تھا۔

اہل بقیع کے لیے دعائے مغفرت

ابومویہیہ (رسول اللہؐ کے غلام) سے مروی ہے کہ وسط شب آپ نے مجھے بلایا اور کہا اے ابومویہیہ مجھے حکم ہوا ہے کہ اہل بقیع کے لیے دعائے مغفرت کروں تم میرے ساتھ چلو۔۔۔۔ آپ نے بقیع کے وسط میں کھڑے ہوکر فرمایا اے اہل مقابر! تم پر سلامتی ہو جس حالت میں تم اب ہو یہ تم کو مبارک ہو کیونکہ جو اس وقت زندہ ہیں ان سے تم اس وجہ سے اچھے ہو کیوں کہ فتنوں کا زمانہ آگیا ہے اور وہ اس تیزی سے آرہا ہے جس طرح رات کی تاریکی بڑھتی ہے اور وہ متواتر ہے۔ دوسرا پہلے سے زیادہ برا ہوگا اس کے بعد آپ نے میری طرف متوجہ ہوکر فرمایا مجھے تمام دنیا کے خزانوں کی کنجیاں، زندگی جاوید اور جنت پیش کی گئی دوسری طرف اپنے رب کی قربت اور جنت پیش کی گئی اور ان میں سے ایک کے اختیار کرنے کا حق دیا گیا تو میں نے اپنے رب کی قربت اور جنت کو اختیار کیا۔ میں نے عرض کی میرے ماں باپ آپ پر نثار۔ آپ دنیا کے خزانوں کی کنجیاں زندگی جاوید اور پھر جنت اختیار کیوں نہیں فرماتے؟ آپ نے فرمایا یہ ہرگز نہیں ہوگا۔ میں نے تو اپنے رب کی قربت اور جنت کو اختیار کرلیا ہے پھر آپ نے اہل بقیع کے لیے دعائے مغفرت کی اور گھر واپس آگئے۔

بی بی عائشہ سے مروی ہے کہ بقیع سے آپ سیدھے میرے پاس آئے میرے سر میں درد تھا میں اس سے کراہ رہی تھی۔ آپ نے فرمایا عائشہ تم نہیں بلکہ تمہاری بجائے میں کہتا ہوں کہ میرا سر پھٹا جارہا ہے پھر آپ نے کہا

اچھا اگر تم مجھ سے پہلے مر جاؤ اور میں تمہارے کفن دفن کا انتظام کروں تمہاری نماز جنازہ پڑھوں اور پھر تم کو دفن کردوں تو تمہارا کیا بگڑے گا۔ میں نے کہا میں خوب جانتی ہوں کہ جب آپ مجھے دفن کر کے گھر آئیں گے تو اپنی کسی بیوی کے ساتھ شب باشی اختیار کریں گے اس پر آپ مسکرائے مگر آپ کی تکلیف بڑھتی گئی۔۔۔۔۔

آپ میمونہ کے گھر تھے کہ صاحب فراش ہو گئے آپ نے اپنی سب بیویوں کو بلایا اور ان سے اجازت لی کہ آپ کی تیمار داری میرے گھر میں ہو انہوں نے اس کی اجازت دی تو آپ وہاں سے اپنے خاندان کے دو شخصوں کے سہارے جن میں ایک فضل بن عباس اور دوسرا ایک اور شخص تھا اس طرح آئے کہ صرف آپ کا قدم زمین پر پڑتا تھا اور سر پر پٹی بندھی تھی عبید اللہ سے مروی ہے کہ میں نے کہا وہ رلی بن ابی طالب تھے۔ عائشہ کا یہ دستور تھا کہ جہاں تک اس سے ہو سکتا وہ حضرت علیؑ کا ذکر خیر سے نہ کرتی۔

رسول اللہؐ کا تحریر لکھنے کا ارادہ

ابن عباس سے مروی ہے کہ جمعرات کا دن بہت بڑی مصیبت کا دن تھا یہ کہہ کر وہ رونے لگے اور ان کے آنسو موتی کی لڑی کی طرح رخساروں پر سے جاری ہو گئے۔ پھر کہا کہ رسول اللہؐ نے فرمایا کہ میرے پاس تختی اور دوات لے آؤ یا آپ نے فرمایا کہ ایک پارچہ اور دوات لے آؤ تا کہ میں تمہیں ایسی تحریر لکھ دوں کہ جس کی وجہ سے تم میرے بعد گمراہ نہ ہونے پاؤ۔ اس پر لوگوں نے کہا (معاذ اللہ) رسول اللہؐ کو ہذیان ہو گیا ہے۔

وفاتِ رسولؐ

عائشہ سے مروی ہے کہ مسجد سے آپ گھر آئے اور میری گود میں لیٹ گئے اسی وقت ابوبکر کے ایک قریبی عزیز میرے پاس آئے اس کے ہاتھ میں ایک سبز مسواک تھی آنحضرتؐ نے اس کے ہاتھ کی طرف غور سے دیکھا سمجھ گئی کہ آپ مسواک لینا چاہتے ہیں میں نے وہ اس کے ہاتھ سے لے کر پہلے چبا کر نرم کی اور پھر رسولؐ اللہ کو دے دی آپ نے بہت دیر تک اس سے اپنا منہ صاف کیا اور پھر رکھ دی پھر میں نے دیکھا کہ میری گود میں آپ بوجھل ہو رہے ہیں میں نے آپ کے چہرے کو غور سے دیکھا تو رنگ متغیر ہو چکا تھا اور آپ فرما رہے تھے:۔

"بل الرفیق الاعلیٰ فی الجنۃ"

"اب میں اپنے رفیق اعلیٰ کے پاس جنت میں جا رہا ہوں۔"

پھر آپ کی روح قبض کر لی گئی آپ نے صبح کے وقت میری گود میں اور میرے گھر میں وفات پائی اس معاملہ میں میں نے کسی کا حق نہیں مارا تھا بلکہ محض میری نادانی اور کم عمری کی وجہ سے آپ نے میرے حجرے کو پسند کیا۔۔۔ روح کے قبض ہو جانے کے بعد میں نے آپ کا سر تکیے پر رکھ دیا اور پھر اٹھ کر عورتوں کے ساتھ رونے

لگی اور اپنا سر پیٹنے لگی (نہج البلاغہ میں حضرت علیؑ فرماتے ہیں کہ پیغمبر کی روح جب قبض ہوئی تو آپ میری گود میں تھے، اور یہی قرین قیاس معلوم ہوتا ہے)۔

وفات کا دن

ابوجعفر کا قول ہے کہ علماءِ تاریخ کا اس پر اتفاق ہے کہ رسول اللہؐ کی وفات ماہ ربیع الاول میں پیر کے دن ہوئی۔ ابوجعفر ہی کہتا ہے کہ رسول اللہؐ کی وفات کے وقت ابوبکر سخ میں اور عمر مدینہ میں تھے۔

حضرت عمر کی تقریر

ابو ہریرہ سے مروی ہے کہ رسول اللہؐ کی وفات کے بعد عمر نے کھڑے ہو کر کہا بعض منافق کہتے ہیں کہ رسول اللہؐ کا انتقال ہو گیا ہے۔ حالانکہ آپ مرے نہیں اپنے رب کی طرف گئے ہیں جس طرح کہ موسیٰ بن عمران چالیس راتوں کے لیے اپنی قوم سے غائب ہو کر اللہ کے پاس چلے گئے تھے اور پھر واپس چلے آئے حالانکہ ان کے متعلق بھی ان کی قوم نے یہی کہا تھا کہ وہ مر گئے بخدا رسول اللہؐ ضرور واپس آئیں گے۔ اور جو لوگ آپ کے مرنے کی خبر مشہور کر رہے ہیں ان کے ہاتھ پاؤں قطع کریں گے۔

حضرت ابوبکر کی تقریر

ابوبکر کو جب آپ کی وفات کی اطلاع ملی تو وہ مدینہ آئے اور مسجد کے دروازے پر اونٹ سے اترے اس وقت عمر لوگوں کے سامنے یہی تقریر کر رہے تھے۔۔۔۔ ابوبکر نے ان سے کہا عمر! اب تم خاموش رہو مگر وہ نہ مانے اور برابر تقریر کرتے رہے ابوبکر نے جب دیکھا کہ وہ چپ نہیں ہوتے تو انکے خاموش ہونے کا انتظار کیے بغیر وہ خود سب لوگوں سے مخاطب ہوئے۔۔۔۔ اور تقریر شروع کر دی انہوں نے کہا:۔

> ''اے لوگو! جو لوگ محمدؐ کی عبادت کرتے تھے وہ سن لیں محمدؐ مر گئے اور جو اللہ کی عبادت کرتے تھے ان کو معلوم ہونا چاہیے کہ اللہ زندہ جاوید ہے جو کبھی نہیں مرے گا۔''

اس کے بعد ابوبکر نے یہ پوری آیت تلاوت کی وما محمد الا رسول قد خلت من قبله الرسل (محمد بھی ایک رسول ہیں بیشک ان سے پہلے بہت سے رسول گزر چکے ہیں کیا اگر وہ مر جائیں یا قتل ہو جائیں تو تم اپنا منہ موڑ کر چلے جاؤ گے اور جو ایسا کرے گا وہ اللہ کو ہرگز نقصان نہیں پہنچا سکتا اور اللہ ضرور شکر گزاروں کو جزائے خیر دے گا)۔

سقیفہ بنی ساعدہ میں انصار کا اجتماع

اس اثنا میں انصار بنی ساعدہ کی چوپال میں جمع ہوئے تا کہ سعد بن عبادہ کی بیعت کر لیں اس کی اطلاع ابوبکر کو ہوئی تو ابوبکر جن کے ساتھ عمر اور ابوعبیدہ تھے انصار کے پاس آئے اور ان سے پوچھا یہ کیا ہو رہا ہے انصار نے کہا اچھا ہم میں سے ایک امیر ہو اور ایک امیر تم میں سے۔ ابوبکر نے کہا نہیں بلکہ ہم امیر ہوں اور تم وزیر ہو۔ اس کے بعد ابوبکر نے کہا عمر اور عبیدہ میں سے جس کو چاہو امیر بنا لو میں اس پر خوش ہوں۔۔۔۔۔ اس پر عمر نے کھڑے ہو کر کہا تم میں سے کون شخص اس بات کو پسند کرے گا کہ وہ اس شخص کو مؤخر کرے جسے رسول اللہؐ نے مقدم کیا ہے یہ کہہ کر عمر نے ابوبکر کی بیعت کی اور کچھ دوسرے لوگوں نے۔ مگر سب انصار نے یا ان میں سے بعض نے کہا کہ ہم تو صرف علیؑ کی بیعت کریں گے۔

زیاد بن کلیب کی روایت

زیاد بن کلیب سے مروی ہے کہ وہاں سے عمر بن خطاب، حضرت علیؑ کے مکان پر آئے وہاں طلحہ زبیر اور بعض دوسرے مہاجر موجود تھے۔ عمر نے کہا چل کر بیعت کرو ورنہ میں اس گھر میں آگ لگا کر تم سب کو جلا دوں گا۔

حمید بن عبدالرحمٰن حمیری سے مروی ہے کہ رسول اللہؐ کی وفات کے وقت ابوبکر کسی بستی میں تھے مدینہ آئے (اور عمر کے جواب میں تقریر کی) اس تقریر کے اثناء میں ایک شخص دوڑتا ہوا آیا اور اس نے کہا دیکھو انصار بنی ساعدہ کی چوپال میں جمع ہو کر ایک شخص کے ہاتھ پر بیعت کر رہے ہیں اور وہ کہتے ہیں کہ ہم میں سے ایک امیر اور مہاجرین میں سے ایک امیر ہو اس اطلاع پر ابوبکر اور عمر خطاب دونوں وہاں پہنچے۔ عمر نے چاہا کہ وہ تقریر کریں مگر ابوبکر نے انہیں روک دیا۔ عمر نے کہا بہتر ہے میں نہیں چاہتا کہ خلیفہ رسولؐ کی دن میں دو مرتبہ نافرمانی کروں۔ ابوبکر نے انصار کو خطاب کیا اور جو جو فضائل ان کے قرآن سے اور رسول اللہؐ کی زبانی معلوم تھے سب بیان کیے اور کہا تم کو معلوم ہے کہ رسول اللہؐ نے تمہارے متعلق یہاں تک کہا ہے کہ اگر تمام دوسرے لوگ ایک راہ اختیار کریں اور انصار دوسری، تو میں انصار کی راہ اختیار کروں گا۔ اے سعد تم جانتے ہو کہ تم موجود تھے اور تمہارے سامنے رسول اللہؐ نے یہ فرمایا تھا کہ خلافت کے وارث قریش ہیں نیک نیکوں کی اور بدکار بروں کی اقتداء کریں گے۔ سعد نے کہا بے شک سچ کہتے ہو۔۔۔۔۔ عمر نے کہا ابوبکر ہاتھ لاؤ میں تمہاری بیعت کروں۔ ابوبکر نے کہا عمر میں نہیں بلکہ تم ہاتھ لاؤ۔

سقیفہ عمر کی زبانی

رسول اللہؐ کی وفات کے بعد ہمیں اطلاع دی کہ حضرت علیؑ، زبیر اور ان کے بعض اور ساتھی فاطمہؑ کے گھر میں جمع ہیں وہ بیعت کے وقت ہمارے پاس نہیں آئے تھے اسی طرح سے تمام انصار نے ہم سے علیحدگی اختیار کی

تھی۔مہاجرین ابوبکر کے پاس جمع تھے میں نے ابوبکر سے کہا کہ تم ہمیں ہمارے انصار بھائیوں کے پاس لے چلو ہم اس کے ارادے سے چلے ہمیں دو اچھے آدمی جو بدر میں شریک ہو چکے تھے، ملے اور انہوں نے پوچھا کہاں جاتے ہو؟ ہم نے کہا اپنے انصار بھائیوں کے پاس جارہے ہیں انہوں نے کہا پلٹ جاؤ اور اپنے معاملہ کا اپنے درمیان فیصلہ کرلو ہم نے کہا ہم تو ضرور ان سے جا کر ملیں گے،ہم انصار کے پاس گئے وہ سقیفہ بنی ساعدہ میں جمع تھے اور ان کے بیچ میں ایک شخص چادر اوڑھے بیٹھا تھا میں نے پوچھا یہ کون ہے؟ انصار نے کہا یہ سعد بن عبادہ ہے میں نے پوچھا اس نے چادر کیوں اوڑھ رکھی ہے انصار نے کہا یہ بیمار ہے۔(پہلے انصار کے ایک شخص نے اور اس کے جواب میں ابوبکر صاحب نے تقریر کی)ابوبکر کی تقریر کے بعد انصار میں سے ایک شخص کھڑا ہوا اور کہا اے معشر قریش! لو میں اس کا بہت اچھا تصفیہ کیے دیتا ہوں ہم میں سے ایک شخص امیر ہو اور ایک شخص تم میں سے امیر ہو اس تجویز پر ایک شور وغوغا بلند ہوا جتنے منہ اتنی باتیں مجھے قوم میں اختلاف کا اندیشہ ہوا میں نے ابوبکر سے کہا ہاتھ لاؤ میں تمہاری بیعت کروں ابوبکر نے ہاتھ بڑھایا اور میں نے بیعت کی۔۔۔۔۔۔۔پھر ہم سعد پر چڑھ بیٹھے کسی نے کہا تم نے سعد کو مار ڈالا میں نے کہا اللہ سعد کو ہلاک کرے بخدا وہ وقت ایسا تھا کہ ابوبکر کی بیعت کا معاملہ زیادہ اہم تھا کیونکہ اگر ہم ابوبکر کی بیعت نہ کرتے اور انصار کو چھوڑ دیتے تو وہ ہماری عدم موجودگی میں کسی دوسرے کی بیعت کر لیتے اور پھر یا تو ہمیں اپنی مرضی کے خلاف ان کی متابعت کرنا پڑتی یا اختلاف کرنا پڑتا جس سے سخت فتنہ وفساد ہوتا۔

رسول اللہؐ کی میراث

عائشہ سے مروی ہے کہ فاطمہؑ اور عباس،ابوبکر کے پاس آئے اور انہوں نے رسول اللہؐ کی میراث کا مطالبہ کیا۔انہوں نے اس وقت فدک میں آپ کی زمین اور خیبر کے حصہ کا بھی مطالبہ کیا ابوبکر نے کہا اگر میں نے رسول اللہؐ سے یہ بات نہ سنی ہوتی کہ ہمارے املاک میں ورثہ نہیں ہم جو چھوڑ جاتے ہیں وہ صدقہ ہے تو یہ املاک آلِ محمدؐ کو مل جاتی۔۔۔عروہ نے بیان کیا ہے کہ اس واقعہ کی وجہ سے فاطمہؑ نے پھر مرتے دم تک ابوبکر سے کوئی بات نہیں کی اور اس سے مقطع تعلق کرلیا۔حضرت فاطمہ کا انتقال ہوا تو حضرت علیؑ نے انہیں رات کی تاریکی میں دفن کر دیا ابوبکر کو نہ ان کی وفات کی اطلاع دی اور نہ دفن میں شرکت کی دعوت دی۔فاطمہ کی وفات کے بعد لوگوں کے منہ علیؑ سے پھر گئے۔

ثابت سے مروی ہے کہ جب ابوبکر خلیفہ ہوئے تو ابوسفیان نے کہا ہمیں اس سے کیا سرکار؟ یہ تو بنی عبدمناف کا حق ہے کسی نے جب کہا کہ ابوبکر نے تمہارے بیٹے کو ولایت (شام کی حکومت) دی ہے تو اس نے کہا ہاں قرابت کا لحاظ رکھا ہے۔

ابوسفیان کی کارروائی

عوانہ سے مروی ہے کہ جب لوگ ابوبکر کی بیعت کے لیے تیار ہوئے تو ابوسفیان سب کے پاس آیا اور کہنے لگا مجھے یقین ہے کہ اس کارروائی سے ایک ہنگامہ برپا ہوگا جس میں خونریزی ہوکر رہے گی۔اے آل عبدمناف ابوبکر کو آپ کے معاملات میں مداخلت کرنے کا کیا حق ہے وہ دونوں جنہیں کمزور اور حقیر کر دیا گیا ہے یعنی علیؑ وعباس کہاں ہیں۔اے ابوالحسنؑ! آپ ہاتھ کھولیں میں آپ کی بیعت کرتا ہوں مگر حضرت علیؑ نے اس کی بات نہیں مانی ابوسفیان نے اس موقعہ کی مناسبت سے کچھ شعر پڑھے۔۔۔۔۔۔حضرت علیؑ نے ابوسفیان کو ڈانٹا اور کہا اس تجویز سے تیرا مقصد صرف فتنہ وفساد برپا کرنا ہے تو نے ہمیشہ اسلام کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی ہے ہمیں تیری اس نصیحت کی ضرورت نہیں ہے۔

ابوبکر کی پہلی تقریر

انس بن مالک سے مروی ہے کہ سقیفہ میں ابوبکر کی بیعت ہوگئی اس کے دوسرے دن وہ مسجد میں منبر پر بیٹھے ابوبکر نے اپنی تقریر شروع نہیں کی تھی کہ عمر نے کھڑے ہوکر تقریر کی۔۔۔۔اس کے بعد ابوبکر نے تقریر کی اور حمد وثنا کے بعد کہا

''اے لوگو! مجھے تمہارا حاکم بنایا گیا ہے حالانکہ میں تم سے بہتر فرد نہیں ہوں اگر میں نیکی کروں تو تم میری اعانت کرنا اور اگر میں برائی کروں تو تم مجھے سیدھا کرنا الخ''۔

ابوبکر کی بیعت کے بعد لوگ رسول اللہؐ کے دفن کے انتظامات کیطرف متوجہ ہوئے بعض راویوں کا بیان ہے کہ آپ کی وفات کے دوسرے دن اور بعض نے کہا کہ وفات کے تیسرے دن تجہیز ہوئی۔

رسول اللہؐ کا غسل

ابن عباس سے مروی ہے کہ حضرت علیؑ بن ابی طالب عباس، فضل بن عباس اور قثم بن عباس، اسامہ بن زید اور شقران مولیٰ رسول اللہؐ نے آپ کو غسل دیا بنی عوف بن خزرج کے اوس بن خولی نے حضرت علیؑ سے کہا کہ ہمیں بھی رسول اللہؐ کے غسل کا شرف حاصل ہونا چاہیے تو حضرت علیؑ نے اس سے کہا اچھا تم بھی آؤ یہ بدری تھا چنانچہ یہ بھی غسل میں شریک ہوا۔غسل کے لیے علیؑ بن ابی طالب نے رسول اللہؐ کو اپنے سینے سے لگا کر بٹھایا۔عباس، فضل اور قثم آپ کی کروٹ بدلتے تھے اور اسامہ اور شقران دونوں آپ پر پانی ڈالتے تھے اور حضرت علیؑ آپ کو اپنے سینے سے لگائے ہوئے غسل دیتے تھے۔قمیض رسول اللہؐ کے جسم پر تھی اس طرح حضرت علیؑ آپ کے جسم کو قمیض کے اوپر سے مل رہے تھے ان کا ہاتھ آپ کے جسم کو مس نہیں کرتا تھا۔غسل دیتے وقت علی بن ابی طالب کہتے جاتے کہ میرے ماں

باپ آپ پر فدا ہوں آپ زندگی اور موت دونوں حالتوں میں کس قدر پاک وصاف ہیں نیز عام طور پر میت میں جو آثار ہوا کرتے ہیں ان میں سے کوئی بات آپ کے جسم سے نمایاں نہیں تھی۔

حضرت علیؑ بن الحسینؑ سے مروی ہے کہ غسل کے بعد رسول اللہؐ کو تین کپڑوں کا کفن دیا گیا ان میں دو صحاری تھے اور ایک منقش چادر تھی جس میں آپ کو کئی مرتبہ لپیٹا گیا۔

رسول اللہؐ کی تدفین

عائشہ سے مروی ہے کہ بدھ کی رات ہمیں پھاوڑوں کی آواز سے معلوم ہوا کہ اب رسول اللہؐ کو دفن کیا جا رہا ہے۔

ابن اسحاق کہتے ہیں کہ علیؑ ابن ابی طالب، فضل بن عباس اور آپ کے غلام شقران قبر میں اترے اوس میں خولی نے حضرت علیؑ سے درخواست کی کہ رسول اللہؐ کی خدمت گزاری کا ہمیں بھی حق ملنا چاہیے حضرت علیؑ نے کہا اچھا تم بھی اترو اور وہ بھی قبر میں اترا۔

انتخاب از

تاریخ طبری حصہ دوم

باب 1

واقعہ سقیفہ

انصار کا اجتماع

عبداللہ بن عبدالرحمن بن ابی عمرہ انصاری سے مروی ہے کہ رسول اللہؐ کی وفات کے بعد انصار سقیفہ بنی ساعدہ میں جمع ہوئے اور سب نے کہا کہ آنحضرتؐ کے بعد ہمیں سعد بن عبادہ کو امیر بنالینا چاہیے (حضرت ابوبکر، عمر اور ابوعبیدہ جراح کا سقیفہ بن ساعدہ میں آنا پہلے دو حضرات کی تقاریر انصار کی مخالفت پھر جوابی تقاریر کے بعد) ابوبکر نے کہا یہ عمر اور ابوعبیدہ موجود ہیں ان میں سے جسے چاہو امیر بنالو مگر ان دونوں نے کہا کہ تمہاری موجودگی میں ہم ہرگز اس منصب کو قبول نہیں کریں گے۔۔۔۔تم اپنا ہاتھ بیعت کے لیے آگے بڑھاؤ چنانچہ جب عمر اور ابوعبیدہ ان کے ہاتھ پر بیعت کرنے کے لیے بڑھے تو بشیر بن سعد نے سبقت کی اور سب سے پہلے اس نے بیعت کی اب ہر طرف سے لوگ آ کر ابوبکر کی بیعت کرنے لگے قریب تھا کہ وہ سعد کو روند ڈالتے اس پر سعد کے کسی آدمی نے کہا کہ ''سعد کو بچاؤ ان کو نہ روندو۔'' عمر نے کہا اللہ اسے ہلاک کرے اس کو قتل کردو اور خود اس کے سرہانے آ کھڑا ہو گیا اور کہا میں چاہتا ہوں کہ تمہیں روند کر ہلاک کر ڈالوں۔ سعد نے عمر کی داڑھی پکڑ لی۔ عمر نے کہا چھوڑ دو اگر اس کا ایک بال بھی بیکا ہوا تو تمہارے منہ میں ایک دانت نہ رہے گا۔ ابوبکر نے کہا عمر خاموش رہو ایسے موقع پر نرمی برتنا زیادہ سودمند ہے۔ عمر نے سعد کا پیچھا چھوڑ دیا سعد نے کہا کہ اگر مجھ میں اٹھنے کی بھی طاقت ہوتی تو میں تمام مدینہ کے گلی کوچوں کو اپنے حامیوں سے بھر دیتا کہ جس سے تمہارے اور تمہارے ساتھیوں کے ہوش وحواس جاتے رہتے۔۔۔

چند روز تک سعد سے تعرض نہ کیا گیا اس کے بعد اسے کہلوا بھیجا کہ چونکہ تمام لوگوں نے اور خود تمہاری قوم نے بیعت کر لی ہے لہذا تم بھی آ کر بیعت کرو سعد نے کہا۔

''یہ نہیں ہوسکتا تاوقتیکہ میں تمہارے مقابلہ میں اپنا ترکش خالی نہ کرلوں، اپنے نیزے کو تمہارے خون سے رنگین نہ کرلوں اور اپنی تلوار سے جس پر میرا بس چلے

وار نہ کرلوں۔اپنے خاندان اور اپنی قوم کے ان افراد کے ساتھ جو میرا ساتھ دیں تم سے لڑ نہ لوں ہرگز بیعت نہیں کروں گا خدا کی قسم اگر انسانوں کے ساتھ جن بھی تمہارے ساتھ ہو جائیں تب بھی جب تک میں اپنے معاملے کو اپنے رب کے سامنے پیش نہ کرلوں بیعت نہیں کروں گا۔''

عمر کا سعد سے بیعت پر اصرار

ابوبکر کو اطلاع ملی تو عمر نے اس سے کہا بغیر بیعت لیے ان کو چھوڑنا مناسب نہیں۔بشیر بن سعد نے کہا ،چونکہ اسے اپنے انکار پر اصرار ہے اس لیے جب تک وہ قتل نہ ہو جائے ہرگز تمہاری بیعت نہیں کرے گا اور جب تک اس کی اولاد اس کے خاندان والے اور اس کے قبیلے کے کچھ لوگ اس کے ساتھ کام نہ آجائیں وہ اکیلا قتل نہیں ہوگا۔اس لیے مناسب ہے کہ اس کو چھوڑ دو وہ تنہا ہے اس کے چھوڑ دینے سے تمہیں کوئی نقصان نہیں پہنچے گا لہذا ابوبکر وغیرہ نے ان کا پیچھا چھوڑ دیا اور بشیر کی رائے کو قبول کرلیا۔۔۔۔

اس کے بعد سعد نہ ابوبکر کی امامت میں نماز پڑھتا نہ جماعت میں شریک ہوتا حج میں بھی اس کے ساتھ مناسک حج ادا نہ کرتا ابوبکر کے انتقال تک اس کی یہی روش رہی۔

ضحاک بن خلیفہ کی روایت

ضحاک بن خلیفہ سے مروی ہے کہ امارت کے انتخاب کے موقع پر حباب بن منذر نے کھڑے ہو کر تلوار نکالی اور کہا میں ابھی اس کا تصفیہ کیے دیتا ہوں میں شیر ہوں۔شیر کی کھوہ میں رہتا ہوں اور شیر کا بیٹا ہوں۔عمر نے اس پر حملہ کیا اس کے ہاتھ پر وار کیا تلوار گر پڑی عمر نے اسے اٹھالیا اور سعد پر جھپٹا اور لوگ بھی سعد پر جھپٹے۔

اس وقت عہد جاہلیت کا سا منظر تھا۔اور تو تو میں میں ہونے لگی ابوبکر اس سے دور رہا جس وقت سعد پر لوگ چڑھ دوڑے تو کسی نے کہا:۔

''تم لوگوں نے سعد کو مار ڈالا۔''

عمر نے کہا

''اللہ اس کو ہلاک کردے وہ منافق ہے۔''

نیز ابوبکر نے مسلمانوں کے سامنے تقریر کی اس میں حمد وثنا کے بعد کہا:۔

''اے لوگو! میں بھی تمہارے جیسا ایک مسلمان ہوں۔۔۔۔۔۔۔میں صرف پیرو ہوں ہادی نہیں ہوں اگر میں راہ راست پر گامزن رہوں تو تم میری اتباع کرنا

اور اگر بھٹک جاؤں تو مجھے سیدھا کر دینا۔ رسول اللہؐ کی وفات ہوگئی ہے اس امت میں کوئی ایسا نہیں کہ جس کا ذرا سا بھی حق ان کے ذمہ باقی ہو۔ سن لو میرا شیطان مجھے اغوا کرتا ہے ایسی صورت میں اگر میں اس کے اغوا میں آجاؤں تو تم مجھ سے علیحدہ ہو جانا اس وقت میرا تم پر کوئی حق نہ ہوگا۔''

باب 2

11 (گیارہ ہجری)

مالک بن نویرہ اور خالد بن ولید

عبدالرحمن بن ابوبکر سے مروی ہے کہ ابوبکر نے اپنے فوجیوں کو یہ ہدایت دی تھی کہ جب تم کسی بستی میں جاؤ اور وہاں نماز کے لیے اذان سنو تو خاموش رہنا اور ان سے دریافت کرنا کہ انہوں نے کیوں سرکشی اختیار کی۔ اگر اذان سنائی نہ دے تو فوراً غارت گری کر کے وہاں کے باشندوں کو قتل کر کے جلا دینا بنی سلمہ کے ابوقتادہ حارث بن ربعی نے مالک کے مسلمان ہونے کی بشارت دی تھی اور ان کے قتل کے بعد عہد کیا تھا کہ اب وہ آیندہ خالد کے ساتھ کبھی جنگ میں شریک نہیں ہوں گے۔ وہ بیان کرتے تھے کہ جب خالد کی فوج نے مالک کے قبیلہ پر یورش کی تو رات کی وجہ سے وہ حملہ آوروں سے خوف زدہ ہوئے اور انہوں نے ہتھیار سنبھال لیے ہم نے ان سے کہا کہ ہم مسلمان ہیں انہوں نے کہا ہم بھی مسلمان ہیں ہم نے پوچھا پھر ان ہتھیاروں کا کیا مطلب ہے؟ انہوں نے کہا تو تمہارے ہتھیاروں کیا مطلب ہے ہم نے کہا اچھا اگر تم یہی کہتے ہو تو ہتھیار رکھ دو تو انہوں نے ہتھیار رکھ دیئے اور ہم نے نماز پڑھی انہوں نے نماز پڑھی۔ خالد مالک کے قتل کے متعلق یہ عذر پیش کرتا تھا کہ اس نے بار بار یہ بات کہی کہ تمہارے صاحب یہ اور یہ کہا ہوگا خالد نے کہا کہ کیا تم ان کو اپنا صاحب نہیں سمجھتے اور پھر آگے بڑھ کر ان کی اور ان کے ساتھیوں کی گردنیں اڑا دیں۔ عمر کو اس کی اطلاع ملی تو انہوں نے ابوبکر سے اس کی شکایت کی اور پیہم اصرار سے کہا کہ دیکھیے دشمن خدا خالد نے ایک مسلمان کو قتل کیا اور پھر اس کی بیوی پر کود پڑا۔ خالد اس مہم سے پلٹ کر مدینہ آیا مسجد نبوی میں اس طرح آیا کہ وہ ایک زنگ آلود قبا پہنے ہوئے اور عمامہ باندھے ہوئے تھا کہ جس میں متعدد تیر چھبے ہوئے تھے جب مسجد میں آیا تو عمر نے بڑھ کر تیروں کو اس کے سر سے کھینچ کر توڑ ڈالا اور کہا کہ محض دکھانے کے لیے اس ہیئت میں آیا ہے تم نے ایک مسلمان کو قتل کر کے

اس کی بیوی پر قبضہ کر لیا بخدا میں تمھیں سنگسار کروں گا۔ خالد نے اس موقع پر ایک لفظ بھی زبان سے نہ نکالا کیونکہ وہ سمجھتا تھا کہ ابوبکر کا بھی یہی نظریہ ہے وہ ابوبکر کے پاس سیدھا چلا گیا اور سارا واقعہ سنا کر معذرت چاہی اس اعتراف پر ابوبکر نے اسے معاف کر دیا ابوبکر کی خوشنودی حاصل کر کے وہ وہاں سے اٹھ آیا۔ عمر ابھی مسجد میں بیٹھے تھے خالد نے کہا اے ام شملہ کے بیٹے! اب آؤ کیا کہتے ہو؟ عمر تاڑ گئے کہ ابوبکر اس سے راضی ہو گئے ہیں وہ چپکے سے اٹھ کر اپنے گھر چلے گئے اور خالد کو کوئی جواب نہ دیا۔

خالد کا بنت مجاعہ سے شادی رچانا

محمد بن اسحاق سے مروی ہے کہ خالد نے مجاعہ سے کہا کہ تم اپنی بیٹی کا نکاح میرے ساتھ کر دو۔ مجاعہ نے کہا ذرا صبر کرو ورنہ تیرا خلیفہ مجھ سے اور تجھ سے سخت ناراض ہوگا۔ خالد نے اصرار کیا کہ تم اپنی بیٹی میرے نکاح میں دے دو مجبوراً اس نے نکاح کر دیا۔ اس کی اطلاع ابوبکر کو پہنچی تو انھوں نے خالد کو ایک بہت ہی خشم گیں خط لکھا کہ اے خالد بڑے افسوس کی بات ہے معلوم ہوتا ہے کہ اب تمہیں کوئی کام نہیں رہا سوائے اس کے کہ تم وعورتوں سے نکاح کرتے پھرتے ہو حالانکہ بارہ سو مسلمانوں کا خون تیرے صحن میں اب تک تازہ ہے جو خشک نہیں ہوا خالد خط کو دیکھ کر کہنے لگا کہ یہ اعیمر یعنی عمر بن الخطاب کی حرکت ہے جو ابوبکر نے مجھے خط لکھا ہے۔

باب 4

11 ھجری

اشعث کی ام فروہ بنت ابی قحافہ سے شادی

ایک بیان یہ ہے کہ جب اشعات کو ابوبکر کے پاس لایا گیا اور ابوبکر نے اسے اس کی بدکاریوں پر متنبہ کیا تو پوچھا بتا میں تیرے ساتھ کیا سلوک کروں اس نے کہا مجھ پر کرم کرو میرے طوق وسلاسل کھلوا دو اور اپنی بہن سے میرے شادی کر دو کیونکہ تائب ہو گیا ہوں اور اسلام لاتا ہوں حضرت ابوبکر نے کہا اچھا منظور ہے اور ام فروہ بنت ابوقحافہ کو اس کے نکاح میں دے دیا اس کے بعد اشعت فتح عراق تک مدینہ میں قیام پذیر رہا۔

باب 8

13 ھجری

اس سال بوبکر نے مکہ سے مدینہ واپس آ کر شام کی طرف فوجیں روانہ کیں تھی علی بن محمد کی روایت اس طرح ہے کہ ابتدا 13ھ میں ابوبکر نے شام کی طرف فوجیں بھیجیں۔سب سے پہلا شخص کہ جس کو علم دے کر امیر بنایا وہ خالد بن سعید ہے مگر اس سے پہلے کہ وہ روانہ ہو اس کو معزول کر کے یزید بن ابوسفیان کو امیر بنا دیا۔شام کی طرف روانہ ہونے والے امراء میں سے یزید سب سے پہلا امیر ہے۔

خالد بن سعید کی معزولی کی وجہ

ابوبکر انے خالد بن سعید کو اس لیے معزول کیا تھا کہ رسول اللہؐ کی وفات کے بعد جب یمن سے واپس آئے تو انھوں نے دو ماہ تک ابوبکر کی بیعت نہیں کی وہ کہتے تھے کہ مجھے رسول اللہؐ نے امیر بنایا تھا اور اپنی وفات تک مجھے اس عہدے سے آپ نے معزول نہیں کیا یہ خالد، حضرت علی بن ابع طالب۔۔۔۔۔۔کے پاس گئے اور ان سے کہا اے بنی عبد مناف حکومت پر غیروں نے قبضہ کر لیا آپ چین سے بیٹھے ہیں ابوبکر نے تو خالد کی ان باتوں کی پرواہ نہیں کی مگر عمر کے دل میں ان کی طرف سے کھٹک پیدا ہو گئی جب ابوبکر نے شام کی مہم کے لیے لشکر تیار کیا تو سب سے پہلے اس کے ایک چوتھائی حصہ پر خالد بن سعید کو امیر مقرر کیا۔مگر عمر نے اس کو ناپسند کیا اور ابوبکر سے کہا کہ ایسے شخص کو امیر بناتے ہو جس کے یہ اقوال اور افعال ہیں اور اس پر ابوبکر کو بار بار ٹوکا۔آخر کار ابوبکر نے

خالد بن سعید کو معزول کر کے یزید بن ابوسفیان کو امیر مقرر کر دیا۔

ابوبکر کی وصیت

مثنیٰ مدینہ میں پہنچا تو ابوبکر کو بیمار پایا۔ ابوبکر کی علالت اسی وقت شروع ہوگئی تھی جس وقت خالد شام کی طرف روانہ ہوا۔ اسی علالت سے ابوبکر چند ماہ بعد انتقال کر گئے جب مثنیٰ مدینہ پہنچے تو اس وقت ابوبکر کا مزاج ذرا سنبھل گیا انھوں نے عمر کو اپنا جانشین مقرر کر دیا۔ مثنیٰ نے واقعات بیان کیے تو ابوبکر نے کہا عمر کو بلاؤ، عمر آپ کے پاس آئے تو ان سے کہا اے عمر! میں جو کچھ کہتا ہوں اسے غور سے سنو پھر اس پر عمل کرنا آج دوشنبہ کا دن ہے میں توقع کرتا ہوں کہ میں آج ہی انتقال کر جاؤں گا اگر میں انتقال کر جاؤں تو شام ہونے سے پہلے لوگوں کو جہاد کی ترغیب دے کر مثنیٰ کے ساتھ کر دینا۔ رات آتے ہی ابوبکر کا انتقال ہوگیا۔ عمر نے رات ہی ان کو دفن کر دیا اور مسجد میں آپ ہی نے نماز جنازہ پڑھائی ابوبکر کی تجہیز و تکفین سے فارغ ہو کر مثنیٰ کے لیے فوج بھرتی کی۔ عمر نے کہا کہ ابو بکر جانتے تھے کہ میں عراق کی جنگ کیلیے خالد کی امارت کو ناپسند کروں گا اس لیے انھوں نے اس کی فوج کی واپسی کا حکم دیا۔ مگر خود خالد کا ذکر چھوڑ دیا۔

ابوبکر کی وفات

اسی سال ابوبکر نے 22 یا 23 جمادی الآخرہ کو وفات پائی۔ علالت کا سبب یہ ہو کہ 7 جمادی الآخرہ دوشنبہ کے دن انھوں نے غسل کیا اس دن خوب سردی تھی اس سے آپ کو بخار ہو گیا اور پندرہ دن تک رہا یہاں تک کہ نماز کے لیے باہر آنے کہ قابل نہ رہے آپ نے حکم دے دیا تھا کہ عمر نماز پڑھاتے رہیں علالت کے زمانہ میں زیادہ تر آپکی تیمارداری عثمان کرتے رہے ابوبکر نے منگل کی شام کو 22 جمادی الآخرہ 13ھ انتقال کیا۔ زمانہ حکومت دو سال تین ماہ دس دن رہا۔ علی بن محمد کی روایت ہے کہ ابوبکر کا زمانہ حکومت دو سال تین ماہ اور بیس روز اور بعض قول کے مطابق دس دن ہے۔

ابوبکر کا دفن ہونا

آپ کے جنازے کی نماز عمر نے مسجد نبوی میں پڑھائی تھی قبر میں عمر، عثمان، طلحہ اور عبدالرحمن بن ابی بکر اترے تھے، ابوبکر نے عائشہ کو وصیت کی تھی کہ مجھے رسول اللہ کے پہلو میں دفن کیا جائے چنانچہ جب آپ کا انتقال ہوا تو آپ کے لیے قبر کھودی گئی اور ابوبکر کا سر رسول اللہؐ کے شانہ مبارک کے قریب اور ان کی لحد کو رسول اللہؐ کی لحد سے ملحق رکھا گیا۔ عبداللہ بن زبیر کا بیان ہے کہ ابوبکر کا سر رسولؐ کے شانوں کے برابر اور عمر کے سر ابوبکر کی کوکھ کے برابر رکھا گیا۔

عمر کا نوحہ کرنے سے روکنا

سعید بن مسیب کی روایت ہے کہ جب ابوبکر کا انتقال ہوگیا تو عائشہ نے ان پر نوحہ کرنے والیوں کو بٹھایا۔ اتنے میں عمر آ گئے اور ان کے دروازے کے پاس کھڑے ہو گئے آپ نے ان کو ابوبکر پر نوحہ اور بین کرنے سے روکا مگر ان عورتوں نے باز آنے سے انکار کر دیا۔ عمر نے ہشام بن ولید کو حکم دیا کہ تم اندر جا کر ابوقحافہ کی بیٹی اور ابوبکر کی بہن کو پکڑ کر میرے پاس لاؤ۔ جب عائشہ نے عمر کو یہ حکم ہشام کو دیتے ہوئے سنا تو بولیں ہشام میں تمھیں اپنے مکان میں داخل ہونے کی ممانعت کرتی ہوں۔ عمر نے ہشام سے کہا اندر جاؤ میں تم کو اجازت دیتا ہوں۔ ہشام اندر گھس گیا اور ام فروہ ابوبکر کی بہن کو پکڑ کر عمر کے پاس لے آیا۔ عمر نے درہ اٹھا کر درے رسید کیے درے کی آواز سن کر نوحہ کرنیوالی عورتیں سب بھاگ گئیں۔

حضرت ابوبکر کا حلیہ

عبدالرحمٰن بن ابوبکر کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ عائشہ اپنے کجاوے میں بیٹھی تھیں آپ نے سامنے سے ایک عب کو گذرتے دیکھا اور کہا میں نے اس شخص سے زیادہ کسی کو ابوبکر کے مشابہ نہیں دیکھا ہم نے کہا ابوبکر کا حلیہ بیان کیجیے۔ عائشہ نے کہا ابوبکر گورے دبلے کلے پٹخے ہوئے اور جھکے ہوئے آدمی تھے ان سے آزار نہیں سنبھلتی تھی بلکہ کمر پر سے سرک سرک جاتی تھی۔ چہرہ پر گوشت نہیں تھا آنکھیں اندر دھنسی ہوئیں اور پیشانی اٹھی ہوئی اور بھنویں صاف تھیں۔

ابوبکر کی ازواج واولاد

زمانہ جاہلیت میں قتیلہ سے نکاح کیا جس سے عبداللہ اور اسماء پیدا ہوئے نیز زمانہ قابلیت ہی میں ام رمان سے نکاح کیا جس سے عبدالرحمٰن اور عائشہ پیدا ہوئے یہ چاروں اولادیں زمانہ جاہلیت میں پیدا ہوئیں۔

زمانہ اسلام میں آپ نے اسماء بنت عمیس سے نکاح کیا۔ ابوبکر سے پہلے وہ جعفر بن ابوطالب کے نکاح میں تھیں۔ اسماء سے محمد بن ابوبکر پیدا ہوئے۔ نیز زمانہ اسلام میں حبیبہ بنت خارجہ سے نکاح کیا تھا جب ابوبکر نے وفات پائی تو اس وقت حبیبہ حاملہ تھی ان کی وفات کے بعد ان سے ایک لڑکی پیدا ہوئی جس کا نام ام کلثوم رکھا گیا۔

جانشینی کے بارے میں ابوبکر کا وصیت نامہ

محمد بن ابراہیم کا بیان ہے کہ ابوبکر نے عثمان کو تخلیے میں بلایا اور ان سے کہا لکھو:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

یہ عہد نامہ ابوبکر بن ابی قحافہ نے مسلمانوں کے نام لکھا ہے امابعد۔اس کے بعد ابوبکر پر غشی طاری ہوگئی اور وہ بے خبر ہو گئے۔اس لیے عثمان نے اپنی طرف سے لکھ دیا۔امابعد۔میں تم پر عمر بن الخطاب کو خلیفہ مقرر کرتا ہوں۔۔۔۔۔۔۔پھر ابوبکر ہوش میں آئے تو عثمان نے کہا سناؤ تم نے کیا لکھا ہے؟ عثمان نے پڑھ کر سنایا تو ابوبکر تکبیر پڑھی اور کہا میں سمجھتا ہوں کہ شاید تمھیں یہ اندیشہ ہوا کہ اگر اس غشی میں میری روح پرواز کر گئی تو لوگوں میں اختلاف پیدا ہو جائے گا۔عثمان نے کہا ہاں میں نے یہی خیا کیا تھا۔۔۔۔۔۔۔

طلحہ کا اعتراض

اسماء بنت عمیس کہتی ہیں کہ طلحہ بن عبید اللہ ابوبکر کے پاس آیا اور کہا آپ نے عمر کو لوگوں پر خلیفہ مقرر کیا ہے حالانکہ آپ کو معلوم ہے کہ آپکی موجودگی میں لوگوں کو ان سے کیا کیا تکلیفیں پہنچتی رہی ہیں جب سب کچھ ان کے ہاتھ میں ہوگا تو نہ جانے کیا کیفیت ہوگی آپ خدا کے سامنے جا رہے ہیں وہ آپ سے آپ کی رعایا کے حقوق کے متعلق باز پرس کرے گا ابوبکر لیٹے ہوئے تھے یہ سن کر کہا مجھے بٹھا دو لوگوں نے بٹھا دیا تو طلحہ سے کہا:۔

''تم مجھے خدا سے ڈراتے ہو اور خدا کا خوف دلاتے ہو یاد رکھو جب میں خدا کے پاس جاؤں گا اور وہ مجھ سے باز پرس کرے گا تو میں کہوں گا میں نے تیری مخلوق پر ان میں سے بہترین شخص کو خلیفہ بنایا ہے۔''

باب 9

حضرت عمر

گذشتہ صفحات میں ہم ابوبکر کے عمر کو خلیفہ مقرر کرنے، ابوبکر کی وفات پانے اور عمر کے ان کی نماز جنازہ پڑھانے اور صبح ہونے سے قبل رات ہی کو ان کی تدفین عمل میں لانے کے واقعات بیان کر چکے ہیں۔

خلیفہ ہونے کے بعد سب سے پہلا فرمان

خلیفہ ہونے کے بعد عمر نے سب سے پہلا خط ابوعبیدہ کو لکھا جس میں ان کو خالد کے لشکر کا امیر مقرر کیا۔۔۔۔۔۔۔عمر کے پاس سے ابوعبیدہ کے نام اس کی امارت اور خالد کی معزولی کا حکم پہنچا تو اس نے شرم کے مارے وہ خط خالد کو نہیں دکھایا جب دمشق خالد کے ہاتھوں فتح ہو گیا اور صلحنامہ اسی کے ہاتھوں لکھا جا چکا تب ابو عبیدہ نے خالد کو اس خط کے مضمون سے مطلع کیا۔

خالد کی معزولی کی وجہ

عمر نے خالد کو اس کی مذکورہ گفتگو کی وجہ سے معزول کر دیا تھا ابوبکر کے پورے زمانہ خلافت میں عمر، خالد سے ناراض رہے اور اس کے اعمال کو ناپسند کرتے رہے کیونکہ اس نے ابن نویرہ کو قتل کیا تھا نیز جنگ میں بعض بے ضابطگیاں اس سے سرزد ہوئی تھیں چنانچہ خلیفہ ہوتے ہی جو بات سب سے پہلے عمر کی زمان سے نکلی وہ خالد کو معزول کرنے کے متعلق تھی آپ نے کہا میرے زمانے میں خالد کبھی کسی ذمہ دار عہدے پر نہیں رہے گا۔

تکذیب نفس کی شرط

عمر نے ابوعبیدہ کو خط لکھا کہ اگر خالد اپنے نفس کی تکذیب یعنی اپنے قصور کا اعتراف کر لے تو وہ سپہ سالاری کے عہدے پر برقرار رہے اور اگر وہ اس کے لیے تیار نہیں تو تم اس کی جگہ سپہ سالار مقرر کیے جاتے ہو اس کے بعد تم اس کے سر سے اس کی دستار اتار لینا اور اس کا سارا مال نصفا نصف تقسیم کر لینا۔

خالد کا بہن سے مشورہ

جب ابوعبیدہ نے خالد سے اس حکم کا ذکر کیا تو خالد نے کہا مجھے ذرا مہلت دو میں اپنی بہن سے مشورہ کر لوں ابوعبیدہ نے مہلت دے دی۔ خالد اپنی بہن فاطمہ بنت الولید کے پاس گیا جو حارث بن ہشام کی بیوی تھی خالد نے اس سے اس معاملہ کا ذکر کیا تو وہ کہنے لگی بخدا عمر تجھے کبھی پسند نہیں کرے گا وہ صرف یہ چاہتا ہے کہ تم قصور

کا اعتراف کرلو اور پھر وہ تمھیں معزول کردے۔ خالد نے یہ سن کر اپنی بہن کا سر چوم لیا اور کہا بیشک تم سچ کہتی ہو چنانچہ خالد نے معزول ہونا قبول کرلیا مگر اپنے نفس کی تکذیب پر تیار نہ ہوا۔

خالد کی مال کی تقسیم اور خریداری

ابوبکر کے غلام بلال ابوعبیدہ کے پاس پہنچے اور کہا کہ تمھیں خالد کے متعلق کیا حکم دیا گیا ہے ابوعبیدہ نے کہا مجھے یہ حکم دیا گیا ہے کہ اس کا عمامہ اتارلوں اور اس کا مال آدھا آدھا تقسیم کرلوں چنانچہ ابوعبیدہ نے خالد کا تمام مال تقسیم کرلیا۔۔۔۔۔۔۔

سلیمان بن یسار کہتا ہے کہ جب عمر خالد کے پاس سے گزرتے تو اس سے کہا کرتے، اے خالد خدا کا مال جو تم دبائے بیٹھے ہو اس کو نکالو خالد کہتا بخدا میرے پاس کوئی مال نہیں ہے جب عمر نے اس کا زیادہ پیچھا کیا تو خالد نے کہا میں نے تمھاری سلطنت میں سے جو کچھ لیا اس کی قیمت چالیس ہزار درہم بھی نہیں ہے۔ عمر نے کہا میں تمھارا تمام اثاثہ چالیس ہزار درہم پر تم سے خریدتا ہوں۔ خالد نے کہا مجھے منظور ہے۔ عمر نے کہا میں نے تجھ سے لے لیا۔ خالد کے پاس سوائے گھر کے سامان اور چند غلاموں کے اور کچھ نہ نکلا۔ اس کی قیمت کا حساب لگایا گیا تو اسی ہزار درہم ہوئی۔ عمر نے وہ سب مال اس سے لیا اور اس کو چالیس ہزار درہم دے دیئے ۔ کسی نے عمر سے کہا اگر آپ خالد کا سامان اسے واپس کردیتے تو مناسب تھا۔ عمر نے کہا بخدا میں مسلمانوں کا تاجر ہوں ہرگز واپس نہیں کروں گا۔

باب 10

14ھ

حضرت عمر کا صرار کے چشمہ پر قیام

یکم محرم 14ھ کو حضرت عمر روانہ ہوئے اور ایک چشمے پر جو صرار کے نام سے مشہور تھا ٹھہرے اور وہاں اپنے لشکر کو جمع کیا۔ لوگ ان کے ارادے سے ناواقف تھے کہ آیا وہ چلنا چاہتے ہیں یا ٹھہرنا چاہتے ہیں جب لوگوں کو آپ سے کوئی بات پوچھنا ہوتی تو براہ راست نہیں پوچھتے تھے بلکہ حضرت عثمان یا عبدالرحمن بن عوف کے توسط سے دریافت کرتے تھے حضرت عمر کے زمانہ خلافت میں حضرت عثمان ردیف کہلاتے تھے عربی زبان میں ردیف سے مراد وہ شخص ہوتا ہے جس کے متعلق توقع ہوتی ہے کہ اس امیر کے بعد وہ امیر ہوگا۔

تاریخ طبری حصہ سوم

باب 2

17ھ

اس سال کوفہ کی تعمیر ہوئی اور سعد نے سیف بن عمر کو قول در روایت کے مطابق مسلمانوں کو مدائن سے کوفہ کی طرف منتقل کیا۔ محرم کی سترہ تاریخ 17ھ میں سعد مدائن سے کوچ کر کے کوفہ کے مقام پر لشکر آراء ہوئے۔ یہ کوفہ فتح مدائن کے ایک سال اور دو ماہ بعد بسایا گیا تھا۔ یعنی حضرت عمر کی خلافت کے تین سال اور آٹھ ماہ بعد کوفہ آباد ہوا۔

باب 12

حضرت عمر کا قتل

مسور بن مخرمہ کی روایت ہے کہ ایک دن حضرت عمر بازار میں گشت کر رہے تھے کہ مغیرہ بن شعبہ کا غلام ابو لولوہ انھیں ملا جو عیسائی تھا وہ بولا اے امیر المومنین! مغیرہ سے میری سفارش کیجیے کیونکہ مجھ پر بہت بڑا خراج لگا ہوا ہے۔ عمر نے پوچھا تم پر کتنا خراج ہے؟ وہ بولا رزوانہ دو درہم۔ عمر نے پوچھا تمھارا پیشہ کیا ہے؟ اس نے کہا میں بڑھئی ہوں نقاش اور لوہار بھی ہوں۔ اس پر عمر نے کہا چونکہ عمر تم کئی کا مکرتے ہو اس لیے تمھارا خراج زیادہ نہیں ہے۔ مجھے معلوم ہوا ہے تم کہتے ہو کہ میں ایک ایسی پن چکی بنا سکتا ہوں کہ جو ہوا کے زور سے آٹا پیش دے۔ اس

نے کہاہاں (میں ایسا کام کرسکتا ہوں) عمر نے کہاتم میرے لیے ایک پن چکی بنادو۔ وہ بولا اگر میں زندہ رہا تو میں آپ کے لیے ایک ایسی چکی بناؤں گا جس کا مشرق ومغرب میں چرچا رہے گا۔ یہ کہہ کر وہ چلا گیا۔ عمر نے کہا کہ اس غلام نے مجھے دھمکی دی ہے جب اگلی صبح ہوئی تو عمر نماز کے لیے نکلے عمر نے صف بندی کے لیے کچھ اشخاص مقرر کر رکھے تھے جب صفیں بندھ جاتیں عمر آ کر تکبیر کہتے اور نماز شروع کر دیتے۔ اس وقت ابولولوہ لوگوں میں گھس گیا اس کے ہاتھ میں خنجر تھا اس کے دونوں طرف تیز دھار کے پھل تھے اس کا دستہ درمیان میں تھا اس نے عمر پر چھ بار وار کیے اس کا ایک وار ناف کے نیچے پڑا جو جان لیوا ثابت ہوا پھر لوگ انھیں اٹھا کر گھر لے گئے جہاں عبدالرحمن بن عوف کو بلا بھیجا اور کہا کہ میں تم سے ایک اہم بات کرنا چاہتا ہوں وہ بولا ہاں اگر آپ مجھے مشورہ دیں گے تو میں آپ کا مشورہ قبول کروں گا۔ عمر نے کہاتم کیا سمجھ رہے ہو وہ بولا کیا آپ اس (خلافت) کی طرف اشارہ کر رہے ہیں۔ عمر نے کہانہیں۔ اس پر اس نے کہا بخدا میں اس میں شامل نہیں ہوں گا۔ عمر نے کہاتم خاموش رہو تا وقتیکہ میں ان لوگوں سے مشورہ نہ کرلوں جن سے حیات رسول اللہؐ خوش رہے۔ تم علی، عثمان، زبیر اور سعد بن ابی وقاص کو بلواؤ (جب وہ آ گئے) تو عمر نے کہاتم تین دن تک اپنے بھائی طلحہ کا انتظار کرو اگر وہ آ جائے (تو بہتر ہے) ورنہ اپنے معاملہ کا خود فیصلہ کرلو۔

ابوطلحہ کا پہرہ

پھر عمر نے ابوطلحہ انصاری کو بلوایا اور فرمایا تم ان کے دروازے پر کھڑے ہو جاؤ اور کسی کو ان کے پاس نہ آنے دو۔

بیٹے کو ہدایات

اے عبداللہ بن عمر! تم عائشہ کے پاس جاؤ اور ان سے کہو کہ وہ مجھے اجازت دیں کہ میں رسول اللہؐ اور حضرت ابوبکر کے پہلو مٰن دفن کیا جاؤں۔

اے عبداللہ بن عمر! اگر یہ لوگ اختلاف کریں تو تم اکثریت کا ساتھ دو اگر ایک طرف تین ہوں اور دوسری طرف بھی تین تو تم اس گروہ کے ساتھ شامل ہو جاؤ جس میں عبدالرحمٰن بن عوف ہو

وفات وتدفین

عمر نے بدھ کی رات 28 ذی الحجہ 23ھ کو وفات پائی اور بدھ کے دن جنازہ اٹھایا گیا۔ عائشہ کے گھر میں رسول اللہؐ اور ابوبکر کے پاس دفن کیا گیا۔ عثمان اخنی کے بقول 26 ذی الحجہ 23ھ کو عمر کی وفات ہوئی۔ عثمان کی بیعت خلافت 29 ذی الحجہ کو ہوئی اور انھوں نے اپنی خلافت کا آغاز یکم محرم 24ھ سے کیا۔ ابومعشر کی روایت ہے کہ حضرت

عمر بدھ کے دن 26 ذی الحجہ 23ھ قتل ہوئے ان کی خلافت دس سال چھ ماہ اور چار دن رہی۔اس کے بعد عثمان بن عفان کی بیعت خلافت ہوئی۔

حضرت عمر گندم گوں دراز قد تھے ان کے سر پر بال نہیں تھے۔حضرت عمر کی عمر کے سلسلہ میں ترپین سال کچھ ماہ، پچپن سال، تریسٹھ، اکسٹھ اور ساٹھ سال کے اقوال ہیں۔

حضرت عمر کی ازواج

زنیب بنت مظعون **حمجیہ**، کے بطن سے عبداللہ بن عمر، عبدالرحمن اکبر اور بی بی حفصہ پیدا ہوئے۔ام کلثوم بنت جرول خزاعی کے بطن سے زید، اصغر اور عبیداللہ ہوئے جو جنگ حنین میں معاویہ کی طرف سے مارا گیا۔

ام کلثوم بنت ابی بکر کی خواست گار مدائنی کی روایت ہے کہ حضرت عمر نے ام کلثوم بنت ابی بکر کے لیے جب وہ کم سن تھی نکاح کا پیغام بھیجا۔یہ پیغام حضرت عائشہ کے پاس بھیجا گیا۔ام کلثوم نے کہا میں ان کے ساتھ نکاح نہیں کروں گی۔عائشہ نے کہا تم امیر المومنین سے نکاح کرنے سے انکار کرتی ہوں؟ وہ بولی وہ سخت قسم کی زندگی بسر کرتے ہیں اور عورتوں کے ساتھ سخت مزاج ہیں۔

بادشاہ اور خلیفہ کا فرق

حضرت سلمان کہتے ہیں کہ حضرت عمر نے (ایک دن) ان سے کہا میں بادشاہ ہوں یا خلیفہ حضرت سلمان نے ان سے کہا، اگر آپ مسلمانوں کی سرزمین سے کم وبیش مال وصول کر کے اس کا ناجائز استعمال کرتے ہیں۔تو آپ بادشاہ ہیں مگر خلیفہ نہیں ہیں، اس بات سے حضرت عمر نے عبرت حاصل کی۔

خلافت کے بارے میں حضرت عمر اور ابن عباس کا مکالمہ

حضرت عمر نے کہا اے ابنِ عباس کیا تم جانتے ہو کہ حضرت محمدؐ کے بعد تمھاری قوم کو تم سے کس چیز نے روکا ہے میں نے اس کا جواب دینا پسند نہ کیا اس لیے میں نے کہا اگر میں نہیں جانتا تو امیر المومنین مجھے اس سے باخبر کر دیں حضرت عمر نے کہا وہ نہیں چاہتے تھے کہ تمھارے اندر نبوت اور خلافت دونوں چیزیں جمع رہیں مبادا کہ تم اپنی قوم سے بدسلوکی کرو۔اس لیے قریش نے اسے (خلافت کو) اپنے لیے پسند کیا ان کی رائے درست تھی اور اس میں وہ کامیاب رہے۔

میں نے کہا اے امیر المومنین! اگر مجھے گفتگو کرنے کی اجازت دیں اور مجھ پر ناراض نہ ہوں تو کچھ کہوں۔

حضرت عمر نے کہا اے ابن عباس! تمھیں بولنے کی اجازت ہے میں نے کہا۔آپ نے کہا ہے کہ قریش نے خلافت کو اپنے لیے انتخاب کیا اور اس معاملہ میں وہ درست تھے اور کامیاب ہوئے تو اگر قریش یہ انتخاب اس وقت

کر لیتے جب اللہ بزرگ و برتر نے انھیں اختیار دیا تھا تو اس وقت یہ معاملہ صحیح نا قابل تردید اور قابل حسد ہوتا رہا۔ آپ کا یہ کہنا کہ ''وہ لوگ نہیں چاہتے تھے کہ نبوت اور خلافت دونو چیزیں ہمارے اندر جمع ہو جائیں'' تو خدائے بزرگ و برتر نے بھی ایک جماعت کی ناپسندیدگی کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا ہے ''یہ اس وجہ سے ہوا کہ انھوں نے اس وحی کو جو اللہ نے نازل فرمائی تھی پسند نہیں کیا اس لیے اس نے ان کے اعمال اکارت کر دیئے۔'' اس پر حضرت عمر نے کہا۔ ہائے افسوس خدا کی قسم! اے ابن عباس مجھے تمھارے متعلق ایسی خبریں ملتی ہیں کہ جن پر یقین کرنا مجھے پسند نہیں تھا کیونکہ اس سے تمھاری قدر و منزلت کے میرے دل سے دور ہو جانے کا اندیشہ تھا۔''

میں نے کہا:۔ اے امیر المومنین! وہ کیا باتیں ہیں اگر وہ صحیح ہیں تو آپ کے لیے مناسب نہیں کہ آپ میرا مرتبہ گھٹائیں اور اگر وہ جھوٹی ہیں تو میرے جیسا انسان انھیں دور کر سکتا ہے''

حضرت عمر نے کہا۔ ''مجھے اطلاع ملی ہے کہ تم یہ کہتے ہو انھوں نے اسے (خلافت کو) حسد اور ظلم کی وجہ سے ہم سے الگ کر رکھا ہے۔''

میں نے کہا آپ نے ظلم کا ذکر کیا ہے وہ تو ہر جاہل و عاقل پر ظاہر ہے جہاں تک حسد کا ذکر ہے تو حسد تو ابلیس نے حضرت آدمؑ پر بھی کیا تھا تو ہم بھی انھیں کی اولاد ہیں کہ جن پر حسد کیا جا رہا ہے۔

حضرت عمر نے کہا ''اے بو ہاشم! تمھارے دلوں سے حسد اور کینہ کبھی نہیں جائے گا''

میں نے کہا ''اے امیر المومنین! ٹھہریئے آپ ایسے لوگوں کے دلوں پر الزام نہ لگایئے جن سے الائش اور رجس کو اللہ نے دور رکھا ہے اور انھیں حسد و فریب سے اس طرح پاک رکھا ہے جیسے رکھنے کا حق ہے کیونکہ رسول اللہ کا دل بھی بنو ہاشم کے دلوں کا ایک حصہ ہے۔ حضرت عمر نے کہا اے ابن عباس! تم میرے پاس سے چلے جاؤ۔ میں نے کہا بہت بہتر جب میں جانے کے لیے کھڑا ہوا تو انھیں شرمندگی محسوس ہوئی اور کہا اے ابن عباس! تم بیٹھے رہو۔ مجھے تمھارے حقوق کا خیال ہے اور مجھے تمھاری خوشی پسند ہے۔ میں نے کہا اے امیر المومنین! میرے آپ پر اور ہر مسلمان پر کچھ حقوق ہیں جو کوئی ان حقوق کی حفاظت کرے گا وہ خوش نصیب ہے اور جس نے تلفی کی وہ بدنصیب ہے۔

عمران بن سواد کی روایت

عمران کہتا ہے میں نے صبح کی نماز حضرت عمر کے پیچھے پڑھی۔ سورہ سبحان اور ایک سورت اور انھوں نے پڑھی ۔ وہ واپس جانے لگے تو میں بھی ساتھ کھڑا ہو گیا کہا کوئی ضروت ہے میں نے کہا ہاں ایک ضروت ہے۔ کہا ساتھ چلے آؤ چنانچہ میں ان کے ساتھ ہو لیا۔ گھر میں داخل ہوئے تو مجھے بھی اندر آنے کی اجازت دی۔ میں نے کہا میں نصیحت کرنے اور خیر خواہی کے لیے آیا ہوں انھوں نے کہا ناصح کا صبح و شام خیر مقدم کیا جاتا ہے۔ میں نے کہا مسلمان قوم کو آپ کی چار باتوں پر اعتراض ہے یہ سن کر اپنے درے کا ایک سرا ٹھوڑی پر اور دوسرا سارا ان پر رکھ کر کہا ہاں بیان کرو۔

چار اعتراض

میں نے کہا لوگ یہ کہتے ہیں آپ نے حج کے مہینوں میں عمرہ ادا کرنے کی ممانعت کر دی ہے حالانکہ نہ رسول اللہؐ نے منع فرمایا تھا اور نہ ابوبکر نے۔ ایسا کرنا حلال ہے؟ حضرت عمر نے کہا یہ حلال ہے بشرطیکہ حج کے مہینوں میں یہ سمجھ کر عمرہ ادا نہ کریں کہ حج کی بجائے وہ کافی ہے۔ حالانکہ حج اللہ کا اہم فریضہ ہے اس معامہ میں درست طریقہ اختیار کیا گیا ہے۔

متعہ کی حرمت

میں نے کہا لوگ کہتے ہیں کہ آپ نے عورتوں کے ساتھ متعہ کرنے کو حرام قرار دیا ہے حالانکہ اللہ کی طرف سے اس کی اجازت تھی ہم ایک قبضہ پر متعہ کرتے اور تین دن کے بعد اس عورت کو چھوڑ دیتے تھے۔ حضرت عمر نے کہا رسول اللہؐ نے ضرورت کے زمانہ میں اسے حلال قرار دیا تھا پھر لوگوں کی یہ ضرورت رفع ہوگئی کیونکہ اس کے بعد میں نے کسی کو نہیں دیکھا کہ اس نے اس (متعہ) پر عمل کیا ہو اور نہ دوبارہ انھوں نے اس فعل کا اعادہ کیا اب اگر کوئی ضرورت مند ہے تو وہ نکاح کر لے اور اگر تین دن کے بعد چھوڑنا چاہیے تو طلاق دے کر چھوڑ دے اس معاملہ میں بھی میرے رائے درست ہے۔

ام ولد کی آزادی

(تیسری بات) میں نے یہ کہی آپ لونڈی کو آزاد قرار دیتے ہیں جب کہ اس کے ہاں بچہ پیدا ہو آپ اسے اس کے آقا کی مرضی کے بغیر آزاد قرار دیتے ہیں انھوں نے کہا میں نے دو قسم کی حرمت و عزت کو ملا دیا ہے میرا مقصد خیر خواہی ہے بہر حال میں اللہ سے معافی چاہتا ہوں۔

تشدد کی شکایت

(چوتھا اعتراض) میں نے کہا آپ کی رعایا سختی اور تشدد کی شکایت کرتی ہے اس پر آپ نے درہ کو اٹھایا اور اس پر ہاتھ پھیرتے رہے پھر کہا میں حضرت محمدؐ کا زمیل (ہم رکاب) ہوں۔ (عمر غزوہ قرقرہ الکدر میں رسول اللہ کی سواری کے پیچھے بیٹھے تھے) خدا کی قسم میں پیٹ بھر کر کھاتا ہوں اور سیراب ہو کر پیتا ہوں میں لوگوں کو دھمکاتا بھی ہوں اپنی عزت کی مدافعت بھی کرتا ہوں کبھی لوگوں کو ہاتھ سے ہٹاتا ہوں کبھی مارتا ہوں اور کبھی عصا بھی نکلتا ہوں اگر یہ بات نہ ہوتی تو میں معذور سمجھا جاتا۔

جب معاویہ کو اس واقعہ کی خبر ملی تو کہا خدا کی قسم عمر اپنی رعایا کو خوب جانتے تھے۔

باب 14

مجلسِ شوریٰ

متوقع جانشین

جب عمر زخمی ہوئے تو ان سے کہا گیا آپ کسی کو اپنا جانشین مقرر کر دیں تو انہوں نے کہا میں کس کو خلیفہ مقرر کروں اگر ابوعبیدہ زندہ ہوتا تو میں اسے خلیفہ مقرر کرتا۔ اگر میرا پروردگار مجھ سے باز پرس کرتا تو میں جواب دیتا کہ میں نے تیرے پیغمبر کو یہ فرماتے سنا تھا۔ ابوعبیدہ اس امت کا امین ہے۔

اگر ابوحذیفہ کا ازاد کردہ غلام سال زندہ ہوتا تو میں اسے خلیفہ مقرر کر سکتا تھا۔ اگر میرا رب اس کے بارے میں مجھ سے سوال کرتا تو میں یہ کہتا کہ میں نے تیرے پیغمبر کو یہ فرماتے سنا ہے:۔

''سالم اللہ سے بہت محبت کرتا ہے۔''

مجلس شوریٰ کا تقرر

تمھارے سامنے وہ جماعت ہے جس کے بارے میں رسول اللہؐ نے فرمایا تھا کہ وہ بہشت میں داخل ہوگی۔ سعید بن زید بھی اس میں سے ہے مگر میں اسے اس جماعت میں شامل نہیں کروں گا وہ لوگ یہ ہیں علی اور عثمان یہ دونوں عبد مناف کی اولاد میں سے ہیں۔ عبدالرحمن اور سعد بن ابی وقاص رسول اللہؐ کے ماموں ہیں۔ زبیر بن عوام رسول اللہؐ کے حواری اور ان کے پھوپھی زاد بھائی ہیں۔ طلحہ الخیر بن عبیداللہ بھی اسی جماعت میں سے ہیں۔

متوقع امیدوار

میرا گمان غالب ہے کہ دو اشخاص یعنی علی و عثمان میں سے کوئی خلیفہ ہوگا اگر عثمان خلیفہ ہوا تو اس میں نرمی ہے اور اگر علی خلیفہ ہوئے تو ان میں ظرافت ہے اور وہ اس قابل ہیں کہ مسلمانوں کو حق و صداقت کی راہ پر قائم رکھیں ۔۔۔۔۔ عبدالرحمٰن بن عوف کی عقل مندی کا کیا کہنا انھیں تائید ایزدی حاصل ہے تم ان کی بات غور سے سنو۔

صہیب کو ہدایات

صہیب سے کہا تم تین دن تک مسلمانوں کو نماز پڑھاؤ اور علی عثمان زبیر، سعید بن ابی وقاص اور عبدالرحمٰن بن عوف نیز طلحہ کو اگر وہ آ جائے تو کسی ایک مقام پر جمع کرو اور عبداللہ بن عمر کو بھی شریک کر لو۔ مگر اسے اس معاملہ (انتخاب) کا حق حاصل نہیں ہوگا تم ان کے سر پر کھڑے ہو جاؤ اگر پانچ متفق ہو کر ایک شخص کا انتخاب کر لیں

اور ایک شخص مخالف ہو تو اس کا سر تلوار سے پاش پاش کر دو اور اگر چار متفق ہوں دو مخالف ہوں تو ان دونوں کی گردنیں اڑا دو۔

اگر تین اشخاص ایک پر متفق ہوں اور تین دوسرے شخص پر تو عبداللہ بن عمر کو ثالث اور فریقین میں سے جس کے بارے میں وہ فیصلہ کرے اس کا انتخاب کر لیا جائے اور اگر وہ لوگ عبداللہ بن عمر کے فیصلہ کو تسلیم نہ کریں تو تم ان لوگوں کی حمایت کو جن کے ساتھ عبدالرحمن بن عوف ہو اور باقی لوگوں کو قتل کر دو۔

حضرت علی علیہ السلام

حضرت علیؑ کی ملاقات حضرت عباس سے ہوئی۔ انھوں نے فرمایا وہ (خلافت) ہمارے ہاتھ سے چلی گئی وہ بولے، آپ کو کیسے معلوم ہوا۔ انھوں نے فرمایا عثمان کو میرے ساتھ شامل کر دیا گیا ہے اور عمر نے کہا ہے ''تم اکثریت کا ساتھ دینا'' نیز اگر دو افراد کسی کی حمایت کریں اور دوسرے دو افراد کسی اور کی حمایت کریں تو ان کے ساتھ رہو جن میں عبدالرحمن بن عوف شامل ہو۔ لہذا سعد اپنے چچازاد بھائی کی مخالفت نہیں کرے گا۔ عبدالرحمن، عثمان کرا رشتہ دار ہے ان میں کوئی اختلاف نہیں ہوگا۔ عبدالرحمن، عثمان کو خلیفہ مقرر کر دے گا یا عثمان عبدالرحمن کو۔ اگر باقی دو (طلحہ و زبیر بھی میرے ساتھ رہے تو ان سے مجھے کوئی فائدہ نہیں پہنچے گا۔ بلکہ مجھے تو صرف ایک سے (حمایت کرنے کی) توقع ہے۔''

مجلس شوریٰ

جب عمر دفن ہو چکے تو مقداد نے اہل شوریٰ کو مسور بن مخرمہ کے گھر یا بیت المال والے مکان میں یا عائشہ کی اجازت سے ان کے حجرے میں جمع کیا۔

یہ لوگ تعداد میں پانچ تھے۔ عبداللہ بن عمر بھی ان کے ساتھ تھا۔ طلحہ موجود نہیں تھا۔۔۔۔۔ اتنے میں عمرو بن عاص اور مغیرہ بن شعبہ بھی آ کر دروازے کے قریب بیٹھ گئے لیکن سعد نے انھیں کنکریاں مار کر اٹھوا دیا اور کہا۔

''تم یہ چاہتے ہو کہ تم یہ کہہ سکو کہ ہم بھی مجلس شوریٰ میں شریک تھے۔''

دست برداری

عبدالرحمن بن عوف نے کہا تم میں سے کون ہے جو خود بخود دستبردار ہو کر اس بات کی کوشش کرے کہ وہ تم میں سے بہترین شخصیت کو خلیفہ بنوائے۔ کسی نے اس بات کو جواب نہیں دیا اس پر اس نے کہا میں خود دستبردار ہوتا ہوں عثمان نے کہا ''میں سب سے پہلے آپ کی اس کوشش کیلئے تائید کرتا ہوں کیونکہ میں نے

رسول اللہؐ کو یہ فرماتے سنا ہے کہ جو اس سرزمین کا امین ہے وہ آسمان کا بھی امین ہے باقی سب لوگوں نے کہا ہم سب (آپ کو مختار بنانے میں) رضامند ہیں'' مگر حضرت علیؑ خاموش رہے اس پر عبدالرحمن بن عوف نے کہا ''اے ابوالحسنؑ! آپ کی رائے کیا ہے۔ حضرت علیؑ نے فرمایا ''تم مجھ سے پختہ عہد کرو کہ حق وصداقت کو ترجیح دو گے۔ خواہش نفسانی کی پیروی نہیں کرو گے کسی رشتہ دار کے ساتھ رعایت نہیں کرو گے اور قوم کے ساتھ (خیرخواہی کرنے میں) کوتاہی نہیں کرو گے۔''

معاہدہ

عبدالرحمن نے کہا تم سب بھی پختہ وعدہ کرو کہ مخالف اور تبدیل ہونے والے کے مقابلہ میں تم سب میرا ساتھ دو گے اور تمھارے لیے جس شخص کو (خلیفہ کی حیثیت میں) میں انتخاب کروں تم اس کو تسلیم کرو گے۔ میں بھی اللہ سے مستحکم عہد کرتا ہوں کہ میں کسی رشتہ دار سے اس کی رشتہ داری کی وجہ سے رعایت نہیں کروں گا۔ اور نہ مسلمانوں کی خیرخواہی کرنے میں کوتاہی کروں گا۔ چنانچہ عبدالرحمن نے سب لوگوں سے عہد لیا اور خود بھی ان کے ساتھ اس قسم کا معاہدہ کیا پھر حضرت علیؑ سے مخاطب ہو کر کہا۔

''آپ دعویٰ کرتے۔''

اصحابِ شوریٰ کی طلبی

جب وہ رت آئی جس کی صبح کو وہ مقررہ مدت پوری ہوتی تھی تو عبدالرحمن، مسور بن مخرمہ کے گھر آیا اور اسے جگا کر کہا تم سو رہے ہو جبکہ میں اس رات بالکل نہیں سو سکا تم جا کر زبیر اور سعد کو بلاؤ۔ وہ ان دونوں کو بلا لاؤ تو عبدالرحمن نے سب سے پہلے زبیر سے مسجد کے آخری حصہ میں اس چبوترے پر گفتگو شروع کی جو مردان کے گھر کے قریب تھا اور اس سے کہا ''تم عبدمناف کے ان دونوں فرزندوں کیلئے اس امر کو چھوڑ دو (یعنی ان دو میں سے کسی ایک کو انتخاب کرو) زبیر نے کہا ''میری رائے علیؑ کے لیے ہے''۔ پھر سعد نے مخاطب ہو کر کہا میں تو اس معاملہ سے دستبردار ہوں اس لیے تم اپنی رائے مجھے دو میں جس کو چاہوں انتخاب کرلوں۔ اگر تم خود اپنا انتخاب کرتے ہو تو کیا ہی اچھا ہوتا اور اگر تم عثمان کا انتخاب کرتے ہو تو پھر (حضرت علیؑ) مجھے زیادہ پسند ہیں۔۔۔۔۔۔ پھر زبیر اور سعد چلے گئے۔

عبدالرحمن بن عوف نے اب مسور بن مخرمہ کو حضرت علیؑ کے پاس بھیجا (وہ انھیں بلا لایا) اس نے حضرت علیؑ کے ساتھ طویل عرصہ تک اس طرح سرگوشی کی جس سے یہ یقین ہوتا تھا کہ وہی خلیفہ ہوں گے پھر وہ اٹھ کر چلے گئے تو اس نے مسور بن مخرمہ کے ذریعہ عثمان کو بلوایا اور وہ دونوں بات چیت کرتے رہے یہاں تک کہ صبح کی اذان نے ان دونوں کو جدا کیا۔

عبدالرحمٰن کا خطاب

جب مسلمانوں نے صبح کی نماز پڑھ لی تو مجلس شوریٰ منعقد ہوئی مہاجرین قدیمی انصار اور سپہ سالاروں کو بلایا گیا جب سے لوگ جمع ہو گئے اور مسجد نبویؐ لوگوں سے کھچا کھچ بھر گئی تو عبدالرحمن بن عوف نے (لوگوں سے مخاطب ہوکر) کہا ''اے لوگو! لوگ چاہتے ہیں کہ شہر والے اپنے شہروں کی طرف واپس جائیں تو انھیں معلوم ہو کہ ان کا امیر (اور خلیفہ) کون ہے؟''

حضرت علیؑ کی حمایت

حضرت عمار نے کہا اگر آپ چاہتے ہیں کہ مسلمانوں میں اختلاف نہ ہو تو آپ (حضرت علیؑ) کے ہاتھ پر بیعت کرلیں حضرت مقداد نے بھی کہا عمر سچ کہتے ہیں اگر آپ حضرت علیؑ کے ہاتھ پر بیعت کریں کے تو ہم بھی اطاعت کریں گے۔

حضرت عثمان کی حمایت

ابن ابی سرح نے کہا اگر آپ چاہتے ہیں کہ قریش میں اختلاف نہ ہو تو عثمان کے ہاتھ بیعت کریں۔عبداللہ بن ابی ربیع نے کہا یہ سچ ہے اگر آپ عثمان کے ہاتھ پر بیعت کریں تو ہم بھی اطاعت وفرمانبرداری کریں گے۔

اس پر حضرت عمار نے ابن ابی سرح کو برا بھلا کہا اور بولے کہ تم کب سے مسلمانوں کے خیر خواہ بنے ہو اتنے میں بنو ہاشم اور بنو امیہ میں تکرار ہونے لگی تو عمار نے کہا اے لوگو! حقیقت یہ ہے کہ خدائے بزرگ و برتر نے ہمیں صرف اپنے پیغمبرؐ آنحضرت اور اپنے دین و مذہب کے ذریعہ عزت وتکریم بخشی ہے اس لیے تم کب تک اس امر (خلافت) کو اپنے پیغمبرؐ کے اہل بیت سے دور رکھو گے اس پر قبیلہ مخذوم کا ایک شخص کہنے لگا اے ابن سمیہ (عمار) تم اپنی حد سے آگے بڑھ گئے ہو تمھارا اس چیز سے کیا تعلق ہے قبیلہ قریش بذات خود اپنے امیر (خلیفہ) کا انتخاب کرے گا۔

اس پر سعد بن ابی وقاص نے کہا اے عبدالرحمن جلدی فیصلہ کرو اس سے پہلے کہ لوگ فتنہ وفساد میں مبتلا ہوں۔عبدالرحمن نے کہا میں نے خوب غور فکر کرلیا ہے اور لوگوں سے مشورہ بھی کرلیا ہے اس لیے تم لوگ دخل نہ دو۔

حضرت علیؑ سے عہد لینا چاہا

عبدالرحمٰن نے حضرت علیؑ کو بلایا اور کہا ہم آپ سے اللہ کا پختہ عہد و پیمان لے کر معلوم کرنا چاہتے ہیں کہ

آپ کتاب اللہ سنت نبویؐ اور پہلے دونوں خلفاء کے طریقے پر چلیں گے۔

جواب: حضرت علیؑ نے جواب دیا مجھے توقع ہے (کہ سیرت شیخین کے بجائے) میں اپنے علم وقدرت کے مطابق یہ کام اور یہ عمل کروں گا۔

حضرت عثمان کا جواب

پھر حضرت عثمان کو بلایا اور ان کے سامنے وہی الفاظ دہرائے، جو (حضرت علیؑ) کے سامنے کہے تھے۔ اس پر عثمان نے کہا ہاں ہم اس پر عمل کریں گیٔ۔

عثمان کی بیعت

اس پر عبدالرحمٰن نے عثمان کی بیعت کر لی۔

حضرت علیؑ کا اعتراض

اس پر حجرت علیؑ نے فرمایا یہ پہلا دن نہیں ہے کہ تم نے ہم پر غلبہ حاصل کیا بہر حال صبر کرنا بہتر ہے اور جو کچھ تم بیان کرتے ہو اس کے مقابلہ میں اللہ ہی سے مدد حاصل کی جائے گی خدا کی قسم! تم نے عثمان کو اس لیے خلیفہ مقرر کیا ہے تا کہ خلافت کا معاملہ تمھارے ہاتھ میں چلا جائے اس طرح اللہ روزانہ نئے نئے انقلاب دکھاتا ہے۔''

عبدالرحمن کا جواب

اے علیؑ! آپ مخالفانہ دلیل اور حجت پیش نہ کریں میں نے اچھی طرح غور وفکر کر لیا ہے اور لوگوں سے مشورہ بھی کیے۔ انھوں نے عثمان کے علاوہ کسی کی تائید نہیں کی۔ حضرت علیؑ یہ کہتے ہوئے چلے گئے'' بہت جلد لکھی ہوئی بات بھی اپنے انجام پر پہنچ جائے گی۔''

حضرت مقداد کی حق گوئی

حضرت مقداد نے فرمایا اے عبدالرحمن! تم نے ایسے شخص کو نظر انداز کر دیا ہے جو ان لوگوں میں سے ہے جو حق وصداقت کے مطابق فیصلہ کرتے اور اسی کے مطابق عدل و انصاف قائم کرتے۔۔۔۔۔۔۔۔حضرت مقداد نے یہ بھی کہا پیغمبر اسلامؐ کی وفات کے بعد اہل بیعت پر ایسا وقت نہیں آیا جیسا میں نے اس وقت مشاہدہ کیا ہے مجھے قریش پر تعجب ہے کہ انھوں نے میرے علم وقول کے مطابق ایسے شخص کو نظر انداز کیا ہے کہ جس سے بڑھ کر کوئی عالم اور عادل منصف نہیں ہے۔ کاش کہ مجھے اس کے مددگاروں کی جماعت مل جاتی۔

اہل بیعت کا مفہوم

ایک شخص نے مقداد سے پوچھا اللہ آپ پر رحم کرے۔ اہل بیت سے کون مراد ہیں اور ایسا شخص کون ہے تو وہ بولے اہل بیت سے مراد اولاد عبدالمطلبؑ ہے اور ایسا شخص (حضرت علیؑ) بن ابی طالبؑ ہے۔

قریش کا نقطہ نظر

حضرت علیؑ نے فرمایا لوگوں کی نظریں قبیلہ قریش پر لگی ہوئی ہیں اور اہل قریش اپنے ہاں سوچ رہے ہیں اور کہہ رہے ہیں اگر بنو ہاشم خلیفہ ہو گئے تو خلافت ان کے خاندان سے ہرگز نہیں نکلے گی اور اگر قریش کے دوسرے خاندان میں رہی تو وہ (انھی کے خانداوں میں) باری باری گردش کرتی رہے گی۔

حضرت علیؑ کی تقریر

پھر حضرت علیؑ نے یوں ارشاد فرمایا:۔

''اللہ ہی حمد وثنا کا مستحق ہے جس نے ہم میں سے حضرت محمدؐ کو ہماری طرف رسول اور پیغمبر بنا کر بھیجا ہم مرکز نبوت، مدن حکمت اور اہل زمین کے لیے باعث امن وامان اور طالب نجات کے لیے سبب نجات ہیں۔''

حق خلافت

یہ خلافت ہمارا حق ہے اگر تم اسے دو گے تم ہم قبول کریں گے اور نہ دو گے ہم اونٹوں کی پشت پر سوار ہو کر چلے جائیں گے۔ خواہ ہماری شب اول کتنی ہی طویل ہو۔

اگر رسول اللہؐ ہمارے لیے کوئی معاہدہ کرتے تم ہم اس معاہدے کو نافذ کراتے اور اگر آپ ہم سے کوئی بات کہتے تو ہم مرتے دم تک اس قول پر ڈٹے رہتے۔ دعوت حق اور صلہ رحمی میں کوئی مجھ سے آگے نہیں بڑھ سکتا تاہم قدرت واختیار صرف اللہ ہی کے قبضہ میں ہے۔

مستقبل کے بارے میں پیشینگوئی

تم میرا کلام سنو اور میری بات کو اچھی طرح ذہن نشین کر لو کیونکہ ممکن ہے کہ اس اجتماع کے بعد تم یہ دیکھو کہ تلواریں بے نیام ہوگئی ہیں اور امانت میں خیانت ہونے لگی ہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ تم ایسی جماعت بناؤ جن میں بعض لوگ گمراہوں کے سردار ہو جائیں اور کچھ لوگ جاہل لوگوں کے پیرو ہو جائیں۔

مسور کی روایت

جب تیسری رات آئی تو عبدالرحمن نے مجھے آواز دی ''اے مسور!'' میں نے کہا لبیک''۔انھوں نے کہا تم سو رہے ہو۔خدا کی قسم تین راتوں سے میں نے آنکھ نہیں جھپکی۔تم جا کر حضرت علیؑ وعثمان کو بلا لاؤ۔ میں نے کہا ماموں!'' پہلے کس کو بلاؤں۔'' وہ بولے جس کو تم چاہو، چنانچہ میں نکل کر (سب سے پہلے) حضرت علیؑ کے پاس گیا کیونکہ میرا میلان طبع ان کی طرف تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔حضرت علیؑ میرے ساتھ نکلے یہاں تک کہ ہم اپنی نشست گاہوں کے قریب آئے۔حضرت علیؑ وہاں بیٹھ گئے پھر میں حضرت عثمان کے پاس گیا۔۔۔۔۔چنانچہ وہ بھی میرے ساتھ نکلے یہاں تک کہ ہم دونوں اکٹھے وہاں پہنچے۔میرے ماموں علیؑ وعثمان کی طرف متوجہ ہوکر کہنے لگے میں نے تم دونوں کے بارے میں اور دوسرے لوگوں کے بارے میں (مختلف) حضرات سے دریافت کیا تو وہ آپ دونوں سے آگے نہیں بڑھے۔

حضرت علیؑ سے سوال

اے علیؑ! کیا آپ میرے سامنے کتاب اللہ،سنت نبویؐ اور حضرت ابوبکر وعمر کے طریقے پر چلنے کا عہد کرتے ہیں۔انھوں نے کہا''نہیں بلکہ میں (سیرت شیخین کی بجائے) اپنی طاقت واستطاعت کے مطابق عمل کروں گا۔''

حضرت عثمان سے خطاب

پھر وہ حضرت عثمان کی طرف متوجہ ہوئے اور کہا'' کیا تم میرے سامنے کتاب اللہ سنت نبویؐ اور حضرات ابوبکر وعمر کے طریقے پر عمل کرنے کا عہد کرتے ہو'' انھوں نے کہا ہاں۔اس پر انھوں نے اپنے ہاتھ سے اٹھنے کا اشارہ کیا ہم کھڑے ہوگئے اور مسجد نبویؐ میں داخل ہوگئے۔اعلان کرنے والے نے اعلان کیا'' جماعت تیار ہے''

عبدالرحمن کا خطاب

اے لوگو! میں نے پوشیدہ اور اعلانیہ تمھارے لیے خلیفہ کے بارے میں مشورہ کیا تو مجھے معلوم ہوا کہ تم صرف ان دونوں میں ایک کے حامی ہو یا تم حضرت علیؑ کے طرفدار ہو یا عثمان کے حامی ہو۔اے علیؑ! آپ کھڑے ہوں اس پر حضرت علی منبر کے نیچے کھڑے ہوگئے عبدالرحمن نے ان کا ہاتھ پکڑ کر پوچھا:۔

حضرت علیؑ سے استفسار

کیا آپ میرے سامنے کتاب اللہ،سنت نبوی اور حضرات ابوبکر عمر کے طریقے پر چلنے کا عہد کرتے ہیں

انھوں نے کہا ''نہیں و'' بلکہ اپنی طاقت اور استطاعت کے مطابق عمل کروں گا۔''

اس کے بعد انھوں نے حضرت علیؑ کا ہاتھ چھوڑ دیا اور پکار کر کہا اے عثمان تم میرے پاس آؤ (جب وہ آئے) انہوں نے انہیں حضرت علیؑ کی جگہ پر کھڑا کر کے پوچھا کیا تم میرے سامنے کتاب اللہ سنتِ نبوی اور حضرات ابوبکر و عمر کے طریقے پر چلنے کا عہد کرتے ہو انھوں نے کہا ''ہاں'' اس پر انھوں نے اپنا سر مسجد نبویؐ کی چھت کی طرف بلند کیا اس وقت ان کا ہاتھ عثمان نے ہاتھ میں تھا اور وہ یہ کہہ رہے تھے ''اے اللہ! تو سن اور گواہ رہ میں نے وہ (ذمہ داری) جو میری گردن میں تھی عثمان کی گردن میں ڈال دی۔''

عبیداللہ بن عمر کی طلبی

پھر عثمان مسجد نبویؐ کے ایک گوشہ میں بیٹھ گئے اور وہاں عبیداللہ بن عمر کو بلوایا جو سعد بن ابی وقاص کے گھر میں مقید تھا کیونکہ جب عبیداللہ بن عمر نے (اپنے باپ کا انتقام لینے کے لیے) جفینہ، ہرمزان اور ابولولوہ کی بیٹی کو قتل کر دیا تو سعد نے اس کے ہاتھ سے تلوار چھین لی تھی۔ ورنہ وہ (عبیداللہ) کہہ رہا تھا بخدا میں ان سب افراد کو قتل کر دوں گا جو میرے باپ کے قتل میں شریک تھے اس کا اشارہ بعض مہاجرین و انصار کی طرف بھی تھا۔ سعد نے اس سے تلوار چھین لی اور اس کے بال پکڑ کر اسے زمین پر گرا دیا اس کے بعد اسے اپنے گھر میں بند کر دیا (وہ وہیں قید تھا) یہاں تک کہ عثمان نے (بیعت خلافت کے بعد) اسے رہا کرایا اور اپنے پاس بلوایا۔

عبیداللہ کے بارے میں مشورہ

عثمان نے مہاجرین و انصار کی ایک جماعت سے کہا ''تم مجھے اس شخص کے بارے میں مشورہ دو جس نے اسلام میں (ان اشخاص کو قتل کر کے) رخنہ ڈال دیا ہے حضرت علی نے فرمایا:۔

''میری رائے یہ ہے کہ اسے قتل کر دو۔''

مہاجرین میں سے کسی نے کہا کل عمر مارے گئے اور آج ان کے بیٹے کو قتل کیا جا رہا ہے عمرو عاص نے کہا اے امیر المومنین! یہ واقعہ اس وقت ہوا جب آپ کی حکومت نہیں تھی بلکہ آپ کے دور سے پہلے کا واقعہ ہے اس وقت مسلمانوں کا کوئی حاکم نہیں تھا۔

حضرت عثمان نے کہا میں مسلمانوں کا ولی ہوں میں نے اس قتل کے لیے دیت مقرر کر دی ہے وقت ہوا جب آپ کی حکومت نہیں تھی بلکہ آپ کے دور سے پہلے کا واقعہ ہے اس وقت مسلمانوں کو کوئی حاکم نہیں تھا۔

باب 15

حضرت عثمان کا دور خلافت 24ھ

ابن سعد کی روایت ہے کہ حضرت عثمان کی بیعت خلافت 29 ذی الحجہ 23 ھ میں ہوئی وہ پیر کا دن تھا دوسرے دن یکم محرم 24 (کے نئے سال) ان کا خلیفہ کی حیثیت سے استقبال کیا گیا۔

25ھ

اس سال یزید بن معاویہ پیدا ہوا اور اسی سال معاویہ کی قیادت میں کئی قلعے فتح ہوئے۔

26ھ

اس سال حضرت عثمان نے حرم کعبہ کی تجدید اور توسیع کا حکم دیا انھوں نے توسیع حرم کے لیے کچھ لوگوں سے کچھ زمینیں خرید لیں مگر کچھ لوگوں نے انکار کیا تو عثمان نے ان کی عمارتیں گرا دیں اور ان کی قیمتیں بیت المال میں جمع کرا دیں۔ ان لوگوں نے حضرت عثمان کے پاس جا کر چیخ و پکار کی انھوں نے انھیں قید کرے کا حکم دیا اور کہا میرے حلم و بردباری سے تمھیں یہ جراعت ہوئی۔ (کہ تم مجھ پر چلاتے ہو) جب تمھارے ساتھ حضرت عمر نے اس قسم کی کارروائی کی تھی تو تم ان پر چیخے چلائے نہیں تھے۔

27ھ۔ اس سال کا مشہور ترین واقعہ افریقہ کی فتح ہے۔

28ھ۔ واقدی کے قول کے مطابق 28ھ میں قبرص فتح ہوا۔ اسی سال حضرت عثمان نے نائلہ بنت فرافصہ سے نکاح کیا جو ایک عیسائی خاتون تھی۔ اسی سال حضرت عثمان نے مدینہ میں اپنے مکان کی تعمیر مکمل کی۔

باب16

29 ھجری

منیٰ میں پوری نماز

صالح بیان کرتا ہے کہ میں نے حضرت ابن عباس کو یہ کہتے سنا کہ سب سے پہلے لوگوں نے حضرت عثمان کے خلاف جو اعتراض کیا وہ یہ ہے کہ انھوں نے اپنے عہد خلافت میں منیٰ کے مقام پر (حج کے زمانے میں دو رکعتیں نماز پڑھا کرتے تھے) مگر جب ان کا چھٹا سال خلافت آیا تو پوری نماز پڑھی اس پر متعدد صحابہ نے اعتراض کیا۔۔۔۔۔۔۔

حضرت علیؑ کا اعتراض

حضرت علیؑ نے بھی ان کے پاس آ کر فرمایا ایسی بات پہلے نہیں ہوئی اور نہ زیادہ عرصہ گذرا ہے جبکہ میں نے رسولؐ اللہ کو دیکھا کہ وہ (اس موقعہ پر) دو رکعتیں پڑھا کرتے تھے۔ پھر ابوبکر و عمر اور تم خود بھی اپنی خلافت کے آغاز میں (دو رکعتیں پڑھا کرتے تھے) اب مجھے معلوم نہیں کہ تم نے کس طرف رجوع کیا ہے۔ حضرت عثمان نے کہا یہ میرا ذاتی اجتہاد ہے (عبدالرحمن نے بھی اسی قسم کی گفتگو کی اور ان کے اس فعل کو خدا اور رسول اور سیرت شیخین کے خلاف قرار دیا)۔

30ھ۔30ھ میں ابوذر اور معاویہ کا واقعہ پیش آیا۔ معاویہ نے ابوذر کو شام سے مدینہ کیطرف بھیج دیا۔ ان کے شام سے بھجوانے کے بارے میں بہت سی باتیں بیان کی گئی ہیں۔ ان میں اکثر باتیں ایسی ہیں کہ جنھیں ذکر کرنا مجھے پسند نہیں (غور کیجیے)

حضرت ابوذر شام میں قیام کے دوران مواعظ و تلقین کرتے تھے اور اکثر کہتے ''اے دولتمند لوگو! تم غریبوں کے ساتھ ہمدردی کرو، وہ لوگ جو سونا چاندی جمع کرتے ہیں اور انھیں اللہ کی راہ میں صرف نہیں کرتے تم انھیں آگ کے ٹھکانے کی خوشخبری سناؤ، جہاں ان کی پیشانیاں، پہلوؤں اور پشتوں کو داغا جائے گا۔

حضرت ابوذر کی شکایت

حضرت ابوذر اسی قسم کی تقریریں کرتے رہے یہاں تک کہ غریب طبقے پر ان باتوں کا بہت اثر ہوا اور انھوں نے دولت مندوں کو بھی (ان باتوں پر) مجبور کیا دولت مند طبقہ عوام کے اس سلوک کی شکایت کرنے لگا یہ

حالت دیکھ کر معاویہ نے حضرت عثمان کو لکھا کہ ابوذر میرے لیے مشکلات کا باعث بن گئے ہیں اور ایسی ویسی باتیں کہتے پھرتے ہیں۔

حضرت عثمان نے تحریر کیا ''ابوذر کو میرے پاس بھیج دو''۔

چنانچہ معاویہ نے حضرت ابوذر غفاری کو ایک رہنما کے ساتھ روانہ کر دیا۔ جب وہ مدینہ آئے وہاں انھوں نے مختلف قسم کی خفیہ مجالس اور محفلیں دیکھیں اس پر انھوں نے یہ پیشین گوئی کی۔

''تم اہل مدینہ کو سخت غارت گری اور یادگار جنگ کی بشارت دی جاتی ہے۔

حضرت ابوذر مدینہ سے نکل کر ربذہ چلے گئے وہاں انھوں نے ایک مسجد کی بنیاد ڈالی۔

محمد بن سیرین کا بیان ہے کہ ابوذر اپنی خوشی سے ربذہ کے مقام کی طرف چلے گئے جبکہ انھوں نے دیکھا کہ عثمان ان کی طرف مائل نہیں ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔دوسرے مورخین نے ان کے (ربذہ جانے اور دیگر امور کے بارے میں) اسباب میں بہت بری باتیں بیان کی ہیں جن کا ذکر کرنا میں (صاحب تاریخ) نے مناسب نہیں سمجھا۔

30ھ ہی میں حضرت عثمان نے (نماز جمعہ کے لیے) تیسری اذان کا اضافہ کیا اور حج کے موقع پر منیٰ کے مقام میں پوری چار رکعت نماز پڑھی۔

باب 17

31 ھجری

جب حضرت عمر کی وفات ہوئی اس وقت معاویہ دمشق اور اردن کا حکم و گورنر تھا اور عمیر بن سعد حمص اور قنسرین کا حاکم تھا۔قنسرین کو(بعد میں) معاویہ نے اپنے عراق کے حامیوں سے آباد کر دیا تھا۔

معاویہ کی تقریر کی ابتداء

یزید بن ابی سفیان کے مرجانے پر حضرت عمر نے معاویہ کو اس کا قائم مقام بنا دیا تھا جب ابوسفیان کو یزید کی موت کی خبر سنائی گئی تو اس نے پوچھا اے امیر المومنین! آپ نے اس کی عملداری پر کس کو مقرر کیا۔حضرت عمر نے جواب دیا ''معاویہ کو'' اس طرح معاویہ اردن اور دمشق دونوں کا حاکم مقرر ہوا۔

شام کے علاقے کے حکام

جب حضرت عمر کی وفات ہوئی تو عمیر بن سعد حمص وقنسرین کا حاکم تھا۔علقمہ بن مجرز فلسطین کا حاکم تھا معاویہ دمشق واردن کا اور عمرو بن عاص مصر کا حاکم تھا۔

حضرت عثمان خلیفہ ہوئے تو انھوں نے شام کے پورے علاقے میں حضرت عمر کے حکام کو بحال رکھا جب فلسطین کا حاکم عبدالرحمن بن علقمہ مر گیا تو اس کی عمل داری معاویہ کی عملداری میں شامل کر دی۔ نیز عمیر بن سعید بیمار ہوا اس نے اپنے عہد سے استعفا دیا اور گھر جانے کیا جازت چاہی تو اس کا علاقہ بھی معاویہ کو دے دیا۔اس طرح سے حضرت عثمان کی خلافت کے دوسرے سال میں معاویہ شام کے سارے علاقے کا حاکم و گورنر بن گیا۔

حضرت عثمان کے خلاف بعض الزامات

انھوں نے ایک ایسے شخص کو حاکم و گورنر مقرر کیا جس کے خون کو رسول اللہؐ نے مباح قرار دیا تھا اور قرآن کریم نے اس کے کفر کا اعلان کیا تھا۔رسول اللہؐ نے ایک جماعت کو مدینہ سے نکال دیا تھا لیکن انھوں نے ان لوگوں کو واپس بلا لیا اور رسول اللہؐ کے صحابہ کرام کو نکال دیا نیز انھوں نے سعید بن عاص اور عبداللہ بن عامر کو حاکم مقرر کیا۔

32ھ

اسی سال حضرت عباس بن عبدالمطلبؓ فوت ہوئے ان کی عمر اٹھاسی سال تھی وہ رسولؐ اللہ سے تین سال

بڑے تھے۔

حضرت ابوذرؓ کی وفات

سیف کی روایت ہے کہ اسی سال حضرت ابوذر غفاری نے بھی وفات پائی جس کی تفصیل کچھ اس طرح ہے حضرت عثمان کی خلافت کے آٹھویں سال ماہِ ذوالحجہ میں جب ابوذر مرض الموت مین مبتلا ہوئے تو انھوں نے اپنی بیٹی سے فرمایا۔

''اے میری بیٹی! تم کسی کو آتے ہوے دیکھ رہی ہو؟''

وہ بولیں ''نہیں'' اس پر انھوں نے فرمایا ابھی میری موت کا وقت نہیں آیا پھر انھوں نے اپنی بیٹی کو حکم دیا تو انھوں نے ایک بکری ذبح کی۔ پھر اسے پکایا۔ بعدازاں انھوں نے فرمایا جب وہ لوگ آجائیں جو مجھے دفن کریں گے تو ان سے کہنا ابوذر تمھیں قسم دے کر یہ کہہ گئے ہیں کہ تم واپس جانے کے لیے اس وقت سوار نہ ہونا جب تک تم کھانا نہ کھاؤ۔

جب انھوں نے کھانا پکالیا تو فرمایا دیکھو تم کسی کو دیکھ رہی ہو؟ وہ بولیں ہاں! یہ سوار آرہے ہیں اس پر انھوں نے کہا میرا رخ قبلہ کی طرف کردو۔ چنانچہ انھوں نے ایسا کیا اس پر آپ نے فرمایا۔ بسمِ اللہِ وَباللہِ وَعلیٰ مِلَتِہ رَسُولِ اللہِ بعدازاں ان کی صاحبزادی نے نکل کر ان (سواروں) کا استقبال کیا اور کہا اللہ تم پر رحم کرے، تم ابوذر کے پاس جاؤ وہ بولے:۔

''وہ کہاں ہیں؟''

ان کی صاحبزادی نے ان کی طرف اشارہ کرتے ہوئے ہمیں کہا وہ فوت ہوگئے تم انھیں دفن کرو۔ وہ بولے کیا خوب سعادت مندی ہمیں اللہ نے عطا فرمائی ہے اہل کوفہ کے اس قافلہ میں عبداللہ بن مسعود بھی تھے وہ لوگ ان کی طرف متوجہ ہوئے اس وقت عبداللہ بن مسعود رو رہے تھے اور کہہ رہے تھے رسول اللہؐ نے فرمایا تھا:۔

''وہ (ابوذر) تن تنہا دنیا سے رخصت ہوں گے اور تن تنہا دوبارہ اٹھیں گے۔''

تکفین وتدفین

ان لوگوں نے انھیں غسل دیا کفن پہنایا پھر انھوں نے ان کی نماز جنازہ پڑھائی اور انھیں دفن کردیا جب انھوں نے کوچ کرنے کا ارادہ کیا تو ان کی صاحبزادی نے ان سے کہا بے شک ابوذر نے تمھیں سلام کہا تھا اور آپ کو قسم دے کر یہ کہا تھا کہ آپ سوار ہونے سے پہلے کھانا تناول فرمائیں چنانچہ انھوں نے کھانا کھایا پھر ابوذر کے اہل وعیال کو سوار کرا کر مکہ معظّمہ لے آئے۔

چودہ سوار

حلحال بن ذری بیان کرتا ہے کہ ہم عبداللہ بن مسعود کے ساتھ روانہ ہوئے تو چودہ سوار تھے جب ہم ربذہ کے مقام پر پہنچے تو ایک عورت ہمیں ملی اس نے ہم سے کہا ''تم ابوذر کے پاس جاؤ'' ہمیں اس سے پہلے ان کا کوئی حال معلوم نہیں تھا اس لیے ہم نے کہا کہ حضرت ابوذر کہاں ہیں اس عورت نے ایک خیمہ کی طرف اشارہ کیا ہم نے پوچھا انھیں کیا ہوا ہے اس نے کہا انہوں نے کسی بنا پر مدینہ چھوڑ دیا تھا حضرت عبداللہ بن مسعود نے دریافت کیا انہوں نے صحرا نشینی کیوں اختیار کی۔ امیر المومنین نے اس بات کو ناپسند کیا تھا مگر وہ یہ فرماتے تھے کہ یہ بھی مدینہ ہے۔

اس پر عبداللہ بن مسعود ادھر گئے وہ رو رہے تھے پھر ہم نے انھیں غسل دیا اور کفن پہنایا اس وقت اس کا خیمہ مشک کی خوشبو سے بسا ہوا تھا۔ ہم نے اس خاتون (ان کی لڑکی) سے پوچھا یہ کیا ہے؟ اس نے بتایا ان کے پاس مشک تھی جب ان کی موت کا وقت قریب آیا تو فرمانے لگے ''مردے کے پاس کچھ لوگ آئیں گے انھوں نے کھانا نہیں کھایا ہوگا تو وہ خوشبو سونگھیں گے چنانچہ انھوں نے مشک کو پانی میں ڈبویا اور اس پانی کو تمام خیمے میں چھڑک دیا پھر فرمایا تم اس خوشبو سے ان کا استقبال کرنا اور یہ گوشت پکا کر انھیں دینا کیونکہ میرے پاس صالح قوم آئے گی اور وہی لوگ میرے دفن کا انتظام کریں گے تم ان کی مہمان نوازی ضرور کرنا''۔ چنانچہ جب ہم نے انھیں دفن کر دیا تو ان کی صاحبزادی نے ہمیں کھانے کی دعوت دی، ہم نے کھانا کھایا۔

باب 19

34 ھجری

اس سال حضرت عثمان کے مخالفین نے باہمی خط و کتابت کی تا کہ وہ سب حضرت عثمان کے مبینہ قابلِ اعتراض کاموں پر غور کرنے کے لیے جمع ہوں۔ علاء بن عبداللہ عنبری کی روایت ہے کہ مسلمانوں کی ایک جماعت اکٹھی ہو کر حضرت عثمان کے اعمال پر تنقید کرنے لگی آخر کار انھوں نے یہ متفقہ فیصلہ کیا کہ وہ اپنے ایک نمائندہ بھیجیں جو حضرت عثمان سے جا کر گفت وشنید کرے اور انھیں ان کے (قابلِ اعتراض) اعمال سے مطلع کرے۔ چنانچہ انھوں نے عامر بن عبداللہ تمیمی عنبری کو بھیجا جو عامر بن عبدقیس کے نام سے مشہور ہے۔

عامر کی گفتگو

جب حضرت عثمان کے پاس پہنچے تو کہنے لگے، مسلمانوں کی ایک جماعت اکٹھی ہوئی اور انھوں نے آپ کے اعمال پر غور وفکر کیا تو انھیں معلوم ہوا کہ آپ سنگین کاموں کے مرتکب ہوئے ہیں لہذا آپ اللہ بزرگ و برتر سے ڈریں، توبہ کریں اور ان کاموں سے پرہیز کریں۔

اللہ کہاں ہے

حضرت عثمان نے کہا اس شخص کو دیکھو لوگ کہتے ہیں وہ بڑا قاری (عالم) ہے مگر وہ آ کر مجھ سے حقیر باتوں کے بارے میں گفتگو کر رہا ہے بخدا وہ یہ نہیں جانتا کہ اللہ کہاں ہے؟ عامر نے کہا میں نہیں جانتا کہ اللہ کہاں ہے۔ حضرت عثمان نے کہا:۔ ''ہاں، بخدا تم نہیں جانتے کہ اللہ کہاں ہے''۔ عامر نے کہا کیوں نہیں میں یہ جانتا ہوں کہ اللہ تمھاری گھات میں ہے۔''

حکام و گورنروں کا اجتماع

اس کے بعد حضرت عثمان نے معاویہ بن ابوسفیان، عبداللہ بن سعد بن ابی سرح، سعید بن عاص، عمرو بن عاص اور عبداللہ بن عامر کو بلا بھیجا اور انھیں اکٹھا کیا تا کہ وہ ان لوگوں سے اپنی مملکت کے بارے میں مشورہ کریں اور لوگوں کے مطالبات اور فراہم کردہ معلومات پر غور کریں جب یہ سب لوگ جمع ہو گئے تو آپ نے فرمایا:۔

''ہر شخص کے وزراء اور خیر خواہ ہوتے ہیں تم میرے وزراء اور خیر خواہ ہو (مشیر) اور قابل اعتماد افراد ہو۔ عوام نے وہ کام کیے ہیں جو تم نے دیکھ لیے ہیں ان کا مطالبہ ہے کہ میں اپنے حکام کو معزول کروں

اور جو باتیں انھیں ناپسند ہیں ان سے پرہیز کروں، اور جو انھیں پسند ہیں انھیں اختیار کروں اس لیے تم غور و فکر کر کے مجھے مشورہ دو۔''

جہاد پر مامور کریں

عبداللہ بن عامر نے کہا اے امیر المومنین! میرے رائے یہ ہے کہ آپ انھیں جہاد کا حکم دیں، جس میں وہ مشغول رہیں گے آپ انھیں فوجی مہموں کی طرف آمادہ کریں تا کہ وہ آپ کے مطیع رہیں اور اپنے کاموں میں مصروت رہیں۔

خطرہ کا انسداد

پھر حضرت عثمان، سعید بن عاص کی طرف مخاطب ہوئے اور کہا تمھاری کیا رائے ہے؟ وہ بولا ''اے امیر المومنین! اگر آپ ہماری رائے معلوم کرنا چاہتے ہیں تو آپ بیماری کا قلع قمع کریں اور اس خطرے کا سد باب کریں جس کا آپ کو اندیشہ ہے اگر آپ میرے رائے پر عمل کریں تو آپ صحیح راستے پر پہنچ جائیں گے حضرت عثمان نے کہا وہ کیا رائے ہے؟ وہ بولا:۔

عظیم افراد کا فقدان

''ہر قوم کی قیادت کرنے والی چند شخصیتیں ہوتی ہیں جب وہ رخصت ہو جاتی ہیں تو قوم میں انتشار پیدا ہو جاتا ہے اور پھر انکی شیرازہ بندی نہیں ہوتی ہے۔''

حضرت عثمان نے کہا یہ رائے (اچھی ہے) اگر اس میں چند باتیں دقت طلب'' نہ ہوتیں۔''

حکام کی ذمہ داری

پھر وہ معاویہ کی طرف متوجہ ہوئے اور کہا تمھاری رائے کیا ہے؟ معاویہ نے کہا ''اے امیر المومنین! میری رائے یہ ہے کہ آپ اپنے حکام پر یہ معاملات چھوڑ دیں۔ میں اپنے علاقے کے معاملات کا ذمہ دار ہوں۔''

مال کے ذریعہ خانہ پُری

پھر آپ عبداللہ بن سعد سے مخاطب ہوئے اور کہا تمھاری کیا رائے ہے؟ تو اس نے کہا ''اے امیر المومنین میری رائے یہ ہے کہ آپ لوگوں پر بُری طرح سوار ہو گئے ہیں آپ اعتدال کے ساتھ کام کرنے کا قصد کریں اگر یہ نہ کر سکیں تو الگ ہو جائیں اور اگر یہ بھی نہیں کر سکتے تو مصمم ارادہ کر کے آگے بڑھیں۔ حضرت عثمان نے کہا تم جلے پھپھولے کیوں پھوڑ رہے ہو کیا تم سنجیدگی کے ساتھ یہ باتیں کر رہے ہو؟''

عمرو بن عاص کی صفائی

اس پر وہ کافی دیر خاموش رہے جب لوگ منتشر ہو گئے تو عمرو بن عاص نے کہا ''اے امیر المومنین! یہ بات نہیں ہے آپ مجھے زیادہ عزیز ہیں۔ اصل بات یہ ہے کہ مجھے معلوم ہے ہر ایک کی باتیں لوگوں کے کانوں تک پہنچیں گی۔ اس لیے میں نے چاہا کہ میں اپنی بات عوام تک پہنچاؤں تا کہ وہ مجھ پر اعتماد کریں اور آئندہ میں آپ کے کام آسکوں یا آپ کی طرف سے کسی شر و فساد کو دور کر سکوں۔''

(دوسری روایت کے مطابق) عمرو بن عاص نے کھڑے ہو کر کہا ''اے عثمان! آپ بنی امیہ کی طرح لوگوں پر سوار ہو گئے ہیں آپ کچھ کہتے ہیں۔ وہ لوگ کچھ اور کہتے ہیں آپ بھی (راہ راست سے) بھٹک گئے ہیں اور وہ بھی بھٹک گئے ہیں۔ آپ اعتدال کی راہ پر چلیں یا الگ ہو جائیں اگر آپ نے یہ طریقہ اختیار نہیں کرنا تو پھر عزمِ مصمم کے ساتھ آگے بڑھیں۔

تشدد کی ہدایت

اس کے بعد حضرت عثمان نے اپنے سپہ سالاروں کو ان کے علاقوں کی طرت لوٹا دیا اور انھیں حکم دیا کہ وہ اپنے علاقہ کے لوگوں پر سختی کریں نیز یہ ہدایت بھی کی کہ انھیں فوجی مہموں میں مشغول رکھیں اور یہ فیصلہ بھی کیا کہ ایسے لوگوں کو ان کے عطیات سے محروم رکھا جائے تا کہ وہ مطیع رہیں اور ان کے محتاج رہیں۔

مخالفت میں شدت

اس کے بعد بہت سے لوگ حضرت عثمان کے پاس جمع ہوے۔، انھوں نے ان کو اس قدر بُرا بھلا کہا کہ اس سے زیادہ اور کسی کو بُرا بھلا نہیں کہا جا سکتا تھا۔ رسول اللہؐ کے صحابہ ان باتوں کو دیکھتے اور سنتے تھے مگر کوئی منع نہیں کرتا تھا اور نہ مخالفت کرتا تھا۔ بہت سے لوگ (مدینہ میں) اکٹھے ہو گئے اور انھوں نے حضرت علی بن ابی طالبؑ سے گفتگو کی تو آپ حضرت عثمان کے پاس گئے اور یوں خطاب فرمایا۔

حضرت علیؑ کی نصیحت

''لوگ میرے پیچھے پڑے ہوئے ہیں انھوں نے مجھ سے تمھارے متعلق گفتگو کی ہے۔ بخدا میں نہیں سمجھتا کہ میں تم سے کیا بات کہوں جو بات میں جانتا ہوں اسے تم جانتے ہو جس بات کو میں بتانا چاہتا ہوں اسے تم بخوبی سمجھتے ہو۔۔۔۔۔۔۔۔ تم نے رسول اللہؐ کی زیارت کی ہے اور تمھیں ان کی صحبت نصیب ہوئی ہے۔۔۔۔۔۔۔ ابن ابی قحافہ حق پر عمل کرنے میں تم سے افضل نہ تھا اور نہ ابن خطاب نیکی میں تم سے بہتر تھا۔ تم

رشتہ داری کے لحاظ سے رسول اللہؐ کے زیادہ قریب ہو۔۔۔۔

تدبر کی ہدایت

خدا کے واسطے تم اپنے معاملہ پر غور کرو بخدا تم بے بصیرت، کم سمجھ اور نادان نہیں ہو راستہ بالکل کھلا اور صاف ہے اور دین و مذہب کی نشانیاں اور شعائر قائم ہیں

بدعت اور سنت میں امتیاز

اے عثمان! تمھیں معلوم ہونا چاہیے کہ اللہ کے بندوں میں عدل و انصاف کرنے والا وہ حاکم افضل ہے جو خود ہدایت یافتہ ہو دوسروں کی رہنمائی بھی کرے جانی پہنچانی سنت نبوی کو قائم کرے اور متروک العمل بدعت کا خاتمہ کرتا ہے بخدا یہ دونوں چیزیں (سنت و بدعت) بالکل واضح ہیں۔ سنت نبوی کی کھلی ہوئی نشانیاں ہیں اور وہ قائم ہو چکی ہیں اس طرح بدعت کے نشانات بھی واضح ہیں۔

بدترین حاکم کی علامت

یہ حقیقت ہے کہ اللہ کے نزدیک بدترین انسان وہ ظالم حاکم ہے جو خود بھی گمراہ ہو۔ دوسروں کو بھی گمراہ کرے، وہ سنت نبوی کا خاتمہ کرے اور متروک العمل بدعات کو زندہ کرے۔

میں نے رسولؐ اللہ کو ارشاد فرماتے سنا ہے۔

ظالم حاکم کا انجام

قیامت کے دن ظالم حاکم کو ایسی حالت میں لایا جائے گا کہ نہ تو کوئی اس کا مددگار ہوگا اور نہ کوئی معذرت پیش کرنے والا، اسے جہنم میں ڈالا جائے گا وہ جہنم میں اس طرح گھومے گا جس طرح چکی گردش کرتی ہے اس طرح وہ دوزخ کے بھنور میں تھپیڑے کھاتا رہے گا۔

نا اتفاقی کے نتائج

میں تمھیں اللہ کی سطوت اور انتقام کا خوف دلاتا ہوں کیونکہ اللہ کا عذاب نہایت شدید اور دردناک ہوتا ہے تمھیں اس بات سے بھی ڈراتا ہوں کہ کہیں تم اس امت کے ایسے مقتول حاکم نہ بن جاؤ کہ جس کے قتل سے قیامت تک کے لیے قتل و غارت کا دروازہ کھل جائے اور پھر واقعات و حوادث اس طرح مشتبہ ہو جائیں کہ مسلمان گروہ بندیوں میں بٹ جائیں باطل کے غلبے کی وجہ سے حق کو نہ دیکھ سکیں اور ان باتوں میں وہ بری طرح ملوث ہو جائیں گے اور ان سے انھیں الگ کرنا مشکل ہو جائے گا۔

حضرت عثمان کا جواب

حضرت عثمان نے کہا بخدا مجھے معلوم ہے کہ وہ لوگ بھی وہی کہتے ہیں جو آپ نے کہا ہے لیکن اگر آپ میرے مقام پر ہوتے تو نہ میں آپ کو ملامت کرتا نہ اس بات پر بُرا بھلا کہتا کہ آپ نے رشتہ داروں کے ساتھ اچھا سلوک کیا یا کسی کی حاجت روائی کی ہے یا کسی بیکس کو پناہ دی ہے یا آپ نے اس شخص کو حاکم بنایا ہے جو اس شخص کے ہم پلہ اور مشابہ ہے جسے (حضرت) حاکم بنایا کرتے تھے۔'' اے علیؑ! میں آپ کو خدا کا واسطہ دے کر پوچھتا ہوں کہ کیا آپ کو اس بات کا علم ہے کہ مغیرہ بن شعبہ ''حاکم'' نہیں تھا آپ نے فرمایا ہاں تو حضرت عثمان نے کہا آپ کو معلوم ہے کہ حضرت عمر نے اسے حکم مقرر کیا انہوں نے کہا ''ہاں'' تو حضرت عثمان نے کہا پھر آپ مجھے کس طرح ملامت کرتے ہیں کہ میں نے عبداللہ بن عامر کو رشتہ داری کی وجہ سے حاکم مقرر کیا ہے۔

حضرت عمر کا تشدد

حضرت علیؑ نے فرمایا ''میں تمھیں اس بات سے آگاہ کرتا ہوں کہ حضرت عمر بن خطاب جس شخص کو حاکم مقرر کرتے تو اس کے گوش گزار کرتے کہ اگر اس کے خلاف کوئی بات انھیں پہنچی تو وہ اس کی گوش مالی کریں گے۔ پھر وہ اس معاملہ میں انتہائی حد تک پہنچ جاتے تھے لیکن تم تو کمزور ہو اور اپنے رشتہ داروں سے نرمی اختیار کرتے ہو۔ حضرت عثمان نے کہا وہ آپ کے بھی تو رشتہ دار ہیں۔ حضرت علیؑ نے جواب دیا وہ میرے رشتہ دار ضرور ہیں لیکن فضیلت دوسرے لوگوں کو حاصل ہے۔''

معاویہ کا تقرر

حضرت عثمان نے کہا کیا آپ کو معلوم نہیں کہ حضرت عمر نے معاویہ کو اپنے پورے دورِ خلافت میں حاکم بحال رکھا میں نے بھی اسے حاکم بنا دیا۔ حضرت علیؑ نے فرمایا میں خدا کا واسطہ دے کر تم سے پوچھتا ہوں کہ کیا تمھیں معلوم ہے کہ معاویہ عمر سے اتنا ڈرتا تھا کہ عمر کا غلام یرفا بھی نہیں ڈرتا تھا۔ حضرت عثمان نے کہا ہاں (یہ تو مجھے معلوم ہے)۔

معاویہ کی خودسری

حضرت علیؑ نے فرمایا (لیکن اب یہ حالت ہے) کہ معاویہ تمھاری اجازت کے بغیر تمام امور سلطنت انجام دیتا ہے جس کا تمھیں بھی علم ہے اور وہ مسلمانوں سے یہی کہتا ہے یہ عثمان کا حکم ہے تمھیں ان باتوں کی خبر ملتی رہتی ہے لیکن تم معاویہ کو کوئی تنبیہ نہیں کرتے ہو۔

(اس گفتگو کے بعد) حضرت علیؑ وہاں سے چلے گئے اور پھر حضرت عثمان نکلے اور منبر پر بیٹھ کر لوں کہا:۔

تنقید کرنے کی مذمت

ہر چیز کے لیے کوئی مصیبت ہوتی ہے اور ہر کام میں کوئی نہ کوئی دشواری ہوتی ہے چنانچہ اس امت (اسلامیہ) کے لیے باعث مصیبت اور آفت نکتہ چیں اور طعن و تشنیع کرنے والے وہ لوگ ہیں جو دیکھنے میں تمہیں بہت اچھے معلوم ہوں گے مگر ان کی پوشیدہ باتیں تمھیں ناگوار معلوم ہوں گی اور وہ تمھاری تکالیف پر خوش ہونگے وہ اس کے پیچھے لگ جائیں گے۔ جو زور سے چیخے چلائے گا۔ وہ گندلا پانی پئیں گے اور ہر گندے مقام پر پہنچیں گے یہ وہ لوگ ہیں جو ہر کام میں ناکام ہو چکے ہیں اور معاش کے تمام ذرائع ان کے لیے مسدود ہو چکے ہیں۔

حضرت عمر کا تشدد

دیکھو بخدا تم نے ایسی باتوں پر نکتہ چینی کی ہے جن کی عمر بن خطاب کے زمانہ میں تائید کرتے تھے۔ حالانکہ عمر نے تمھیں پاؤں سے روندا تھا اپنے ہاتھوں سے مارا تھا اور اپنی زبان سے تمھاری خبر لی تھا۔ مگر تم طوعاً و کرہاً ان کے مطیع و فرمانبردار رہنے میں اس کے مقابلے میں تمھارے ساتھ نرم رہا۔ تمھارے سامنے سر جھکایا اپنے ہاتھ اور زبان کو تم سے روکے رکھا۔ مگر تم مجھ پر دلیر ہوتے ہو گئے۔ دیکھو بخدا میرے حامیوں کی بہت بڑی تعداد موجود ہے جو عزت والے ہیں اور ہر وقت میری مدد کے لیے مستعد ہیں۔ میں نے تمھارا مدمقابل لوگ تیار کر رکھے ہیں تم نے مجھے مجبور کیا ہے کہ میں اپنے اخلاق اور عادات کو تبدیل کروں نیز اپنے لب ولہجہ کو تبدیل کروں جسے میں اچھا نہیں سمجھتا۔

مروان کی دھمکی

اس کے بعد مروان بن حکم کھڑے ہو کر کہنے لگا۔

''اگر تم چاہو تو ہم تمھارے اور اپنے درمیان تلوار کے ذریعہ فیصلہ کر سکتے ہیں۔''

اہل مصر کے وفد کی حضرت عثمان سے ملاقات

حضرت عثمان نے سنا کہ اہل مصر کا ایک وفد آیا ہے اس وقت عثمان مدینہ سے باہر ایک گاؤں میں مقیم تھے وہ لوگ اس گاؤں میں گئے جب وہ عثمان کے پاس آئے انھوں نے محفوظ چراگاہوں پر اعتراض کیا جس کا جواب حضرت عثمان نے انھیں دیا۔۔۔۔۔ اس کے بعد انھوں نے دوسری باتوں پر اعتراض کیا جن سے آپ گریز نہ کر سکے تو حضرت عثمان نے کہا میں اللہ سے بخشش کا طلب گار ہوں اور اس سے توبہ کرتا ہوں اس کے بعد عثمان نے کہا۔ تم لوگ کیا چاہتے ہو؟ اس پر انھوں نے عثمان سے عہد وہ پیمان لیا اور کوئی شرط بھی لکھوائی۔ آپ نے ان کے ساتھ یہ معاہدہ کیا کہ وہ نافرمانی نہیں کریں گے۔ اور جماعت سے الگ نہیں ہوں گے جب تک کہ عثمان ان کی شرائط کی پابندی کرتے رہیں گے۔

قاصد کی گرفتاری

بہر حال مصری وفد رضامند ہو کر لوٹا ابھی وہ راستے میں ہی تھے کہ انہوں نے ایک سوار کو دیکھا کہ جو کبھی ان کے سامنے آتا تھا اور کبھی الگ ہو جاتا تھا پھر لوٹ کر آتا اور پھر چلا جاتا تھا۔

سَر بمہر خط

انہوں نے اس سوار سے پوچھا کیا بات ہے کہ تم کسی اہم کام پر جا رہے ہو اس نے کہا ''میں امیر المومنین کا قاصد ہوں اور مصر کے حاکم کے پاس جا رہا ہوں۔'' ان لوگوں نے اس کی تلاشی لی تو انہیں حضرت عثمان کا سر بمہر خط ملا جو انہوں نے اپنے حاکمِ مصر کو لکھا تھا اس میں سے ایک یہ حکم دیا گیا تھا کہ ان لوگوں کو سولی پر لٹکا دیا جائے یا انہیں قتل کرا دو یا مخالف سمت سے ان کے ہاتھ پاؤں کاٹ دو۔ یہ دیکھ کر وہ مدینہ واپس آئے اور حضرت علیؑ کے پاس آ کر کہنے لگے کیا آپ نے اس دشمنِ خدا کو دیکھا ہے جس نے ہمارے بارے میں ایسی باتیں لکھی ہیں، اللہ نے اب اس کا خون حلال کر دیا ہے آپ ہمارے ساتھ اس کے پاس چلیے۔ حضرت علیؑ نے فرمایا بخدا میں تمہارے ساتھ نہیں جاؤں گا۔

پھر یہ لوگ خود حضرت عثمان کے پاس پہنچے اور کہنے لگے کیا آپ ہمارے بارے میں ایسی باتیں لکھیں ہیں۔ حضرت عثمان نے کہا تم میرے خلاف دو مسلمانوں کی شہادتیں لاؤ یا مجھ سے حلف اٹھواؤ اس خدا کی جس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔ میں قسم کھاتا ہوں کہ میں نے یہ خط نہیں لکھا اور نہ ہی میں نے لکھوایا ہے۔

طبری کہتا ہے واقدی نے مصریوں کی آمد کے بارے میں بہت سی باتیں تحریر کی ہیں ان میں سے کچھ باتوں کا میں نے تذکرہ کیا ہے اور کچھ روایات ایسی ہیں جن کو بیان کرنا میں پسند نہیں کرتا ہوں۔

عمرو بن عاص کی معزولی

ایسی ہی ایک روایت ابوعون مولی مسور نے بیان کی ہے کہ عمرو عاص عثمان کی طرف سے مصر کا حاکم تھا۔ حضرت عثمان نے اسے خراج سے معزول کر کے نماز پڑھانے پر مقرر کر رکھا تھا۔ اور عبداللہ بن سعد کو خراج کا حاکم بنا دیا۔ پھر دونوں چیزوں پر عبداللہ بن سعد ہی کو مقرر کیا تو عمرو عاص مدینہ آیا اور حضرت عثمان پر اعتراض کرنے لگا۔ اس بنا پر حضرت عثمان نے اسے تنہائی میں بلوا کر پوچھا ''اے ابن نابغہ (عمرو عاص) تم کتنی جلدی اپنے جلے پھپھولے پھوڑنے لگے ہو تم مجھ پر طعن و تشنیع کرتے ہو ہم مختلف شکلیں بدلتے رہے ہو بخدا اگر تمہارے اندر بغض و کینہ نہ ہوتا تو تم ایسی باتیں نہ کرتے۔''

عمرو عاص کا جواب

عمرو عاص نے کہ ''عوام جو باتیں کرتے ہیں اور جنہیں وہ اپنے حکام کے پاس پہنچاتے ہیں ان میں سے اکثر جھوٹ ہوتی اس لیے اے امیر المومنین! آپ اپنی رعایا (کے حقوق) کے بارے میں خدا سے ڈریے''

حضرت عثمان نے کہا ''بخدا میں نے تمہاری کمزوریوں اور شکایات کی کثرت کے باوجود تمہیں حاکم مقرر کیا۔ عمرو عاص نے کہا میں حضرت عمر بن الخطاب کے زمانہ میں بھی حاکم تھا۔ وہ آخر دم تک مجھ سے خوش رہے۔''

حضرت عثمان نے کہا ''اگر میں بھی اسی طرح باز پُرس کرتا جس طرح حضرت عمر تم سے باز پرس کرتے تھے تو تم سیدھے رہتے مگر میں نے تمہارے ساتھ نرمی اختیار کی تو تم مجھ پر گستاخ ہو گئے۔ بخدا میں دور جاہلیت میں بھی تم سے معزز تھا اور خلیفہ بننے سے پہلے بھی میری بہت عزت تھی۔''

دور جاہلیت کا تذکرہ

عمرو عاص نے کہا ''آپ ان باتوں کو چھوڑ یئے۔ خدا کا شکر ہے کہ اس نے ہمیں حضرت محمدؐ کے ذریعہ عزت بخشی اور ان کے ذریعہ ہمیں ہدایت دی۔ ورنہ میں عاصی بن وائل کو بھی دیکھ رہا تھا اور آپ کے باپ عفان کو بھی دیکھا تھا بخدا عاصی آپ کے باپ سے زیادہ شریف تھا، اس پر حضرت عثمان شرمندہ ہو گئے اور کہنے لگے ہمیں دور جاہلیت کا تذکرہ نہیں کرنا چاہیے۔'' اس کے بعد عمرو عاص تو چلا گیا اور مروان آ کر کہنے لگا۔

مروان کی ملامت

اے امیر المومنین! ''اب آپ اس مرتبہ پر پہنچ گئے ہیں کہ عمرو عاص آپ کے والد کا ذکر کرتا ہے۔'' حضرت عثمان نے کہا جانے بھی دو جو کوئی دوسرے لوگوں کے باپ دادا کا تذکرہ کرتا ہے تو دوسرے بھی اس کے باپ دادا کا تذکرہ کریں گے۔

مخالفانہ پروپیگنڈہ

راوی کا بیان ہے کہ جب عمرو عاص وہاں سے نکلا تو وہ حضرت عثمان سے بہت عداوت رکھنے لگا۔ کبھی وہ حضرت علیؑ کے پاس جا کر انہیں حضرت عثمان کے خلاف بھڑکاتا کبھی زبیر اور طلحہ کے پاس جا کر ان کے سامنے حضرت عثمان کے خلاف باتیں کرتا تھا کبھی وہ حاجیوں کے پاس آ کر انہیں حضرت عثمان کی نئی نئی باتوں کی خبریں سناتا۔

فلسطین میں قیام

جب حضرت عثمان کے خلاف پہلا محاصرہ ہوا تو عمرو عاص مدینہ سے نکل کر فلسطین چلا گیا اور وہاں السبع

کے مقام پر اپنے قصر عجلان میں مقیم ہو گیا وہ کہتا تھا۔''ابن عفان کے بارے میں عجیب وغریب خبریں ہمیں عنقریب موصول ہوں گی۔''

قتل کی خبر

ایک دن وہ اپنے محل میں اپنے دونوں بیٹوں محمد،عبداللہ اور سلامت بن روح جذامی کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا کہ اتنے میں وہاں سے ایک سوار گزرا عمرو عاص نے اسے پکار کر پوچھا''کہاں سے آرہے ہو؟''

وہ بولا''مدینہ سے''

عمرو نے پوچھا''اس شخص (عثمان) کا کیا حال ہے؟''

سوار بولا۔''میں نے انہیں شدید محاصرہ میں چھوڑا تھا''ابھی وہ وہیں بیٹھے ہوئے،کہ دوسرا سوار گزرا۔عمرو نے اسے بھی پکار کر پوچھا''اس شخص (عثمان) کا کیا رہا۔''

اس نے کہا''وہ قتل کر دیئے گئے۔''اس پر عمرو عاص نے کہا میں ہی ہوں

مخالفت کا اقرار

''جب میں کسی زخم کو چھڑتا ہوں میں اس کے خلاف لوگوں کو بھڑکا تا رہا یہاں تک کہ میں نے پہاڑ کی چوٹی پر بکریوں کے چرانے والے چرواہے کو بھی اس کے خلاف بھڑکایا۔''

اس پر سلامت بن روح جذامی نے کہا:۔

''اے قریش کے لوگو!تمہارے اور عرب کی دوسری قوم کے درمیان ایک مضبوط دروازہ تھا جسے تم نے توڑ دیا۔تم نے ایسا کیوں کیا؟''ہم یہ چاہتے ہیں کہ باطل کے پنجے سے حق کو چھڑا لیا جائے اور لوگوں کو حق حاصل کرنے کے یکساں مواقع فراہم ہوں۔''

بیوی کو طلاق

عمرو عاص کا نکاح حضرت عثمان کی سوتیلی بہن ام کلثوم بنت عقبہ بن ابی محیط سے ہوا تھا مگر جب حضرت عثمان نے اسے معزول کر دیا،تو اس نے اسے طلاق دے دی۔

مصر والے

عبداللہ بن محمد کی روایت ہے کہ محمد بن ابی بکر اور محمد بن ابی حذیفہ مصر میں حضرت عثمان کی مخالفت کرتے

تھے۔ پھر محمد ابن ابی بکر واپس آ گئے اور محمد بن ابی حذیفہ مصر میں مقیم ہو گئے۔

جب مصریوں کا وفد روانہ ہوا تو عبدالرحمن بن اویس ہلوی پانچ سو افراد کو لے کر نکلا اور انہوں نے ظاہر یہ کیا کہ وہ عمرہ ادا کرنے جا رہے ہیں یہ لوگ ماہِ رجب میں روانہ ہوئے تھے۔

اصل مقصد

عبداللہ بن سعد نے ایک قاصد بھیجا جو گیارہ دن تک چلتا رہا تا کہ حضرت عثمان کو اطلاع دے کہ ابن عدیس اور اس کے ساتھی آپ کے پاس آ رہے ہیں اور محمد بن ابی حذیفہ نے ان کو عجرود تک جا کے رخصت کیا ہے اور پھر وہ واپس آ گیا ہے محمد نے بظاہر تو یہ کہا کہ یہ لوگ عمرے کے لیے جا رہے ہیں مگر پوشیدہ طور پر بتایا کہ یہ لوگ اپنے خلیفہ کے پاس جا رہے ہیں اگر وہ دستبردار ہو گیا تو بہتر ورنہ اس کو قتل کر دیں گے۔

قتل کی افواہ

جب یہ لوگ ذوجنب کے مقام پر پہنچے تو یہ خبر موصول ہوئی کہ اگر حضرت عثمان (خلافت سے) دستبردار نہ ہوئے تو وہ انہیں قتل کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ ان لوگوں کا قاصد حضرت علیؑ، طلحہ اور عمار یاسر کے پاس رات کے وقت آیا محمد بن ابی حذیفہ نے بھی ان کے ساتھ حضرت علیؑ کو ایک خط بھیجا تھا چنانچہ وہ خط لے کر حضرت علی کے پاس آئے، جو کچھ اس میں لکھا تھا وہ معلوم نہیں ہو سکا۔

انہیں واپس لوٹانے کی کوشش

جب حضرت عثمان نے یہ حالات دیکھے تو وہ حضرت علیؑ کے گھر پہنچے اور جب ان کے گھر کے اندر داخل ہوئے تو یہ کہا اے میرے چچازاد بھائی! آپ میرے قریبی رشتہ دار ہیں اس لیے میرا آپ پر حق بنتا ہے آپ ان لوگوں کا حال دیکھ رہے ہیں وہ کل صبح میرے پاس پہنچنے والے ہیں مجھے معلوم ہے کہ یہ لوگ آپ کی بڑی عزت واحترام کرتے ہیں اور آپ کی بات سنتے ہیں اس لیے میں چاہتا ہوں کہ آپ ان کے پاس سوار ہو کر جائیں اور انہیں واپس بھیج دیں کیونکہ میں نہیں چاہتا کہ وہ میرے پاس آئیں اس طرح ان کی جرات بڑھ جائے گی اور دوسرے لوگوں پر بھی اس کا اچھا اثر نہیں پڑے گا۔

حضرت علیؑ کا جواب

حضرت علیؑ نے فرمایا کہ میں کس بنیاد پر انہیں واپس بھجواؤں۔ حضرت عثمان نے کہا اس بنیاد پر کہ میں آپ کے مشوروں پر عمل کروں گا، اور آپ کی رائے کے مطابق چلوں گا۔ حضرت علیؑ نے فرمایا میں بار بار آپ کو

مشورہ دیتا رہا اور ہر موقع پر ہماری گفت وشنید ہوتی ہے۔مگر ہر موقع پر آپ مروان بن حکم اور سعید بن عاص، ابن عامر اور معاویہ کے مشوروں پر عمل کرتے رہے اور میرے مشورے کی مخالفت کرتے رہے حضرت عثمان نے کہا اب میں آپ کی بات مانوں گا اور ان کی بات تسلیم نہیں کروں گا۔

اہلِ مصر کی واپسی

بہر حال حضرت علیؑ اہل مصر کے پاس سوار ہو کر گئے اور انہیں واپس کر دیا۔

محمد بن مسلمہ کی گفتگو

محمد بن مسلمہ بیان کرتے ہیں۔

''ہم نے ذوخشب کے مقام کو اس وقت تک نہیں چھوڑا جب تک یہ لوگ مصر جانے کے لیے سوار نہیں ہوئے اس موقع پر مجھے عبدالرحمن بن عدیس کا یہ قول فراموش نہیں ہوا تھا جب اس نے کہا:۔

''اے ابوعبدالرحمن! کیا آپ ہمیں کوئی نصیحت کریں گے۔''میں نے کہا:۔

اہل مصر کو نصیحت

''آپ اللہ سے ڈریں جو یکتا ہے اور اس کا کوئی شریک نہیں۔آپ کے آگے جو آئیں انہیں واپس کر دیں۔کیونکہ ہمارے خلیفہ نے ہم سے وعدہ کیا ہے کہ آئندہ ایسے کام نہیں کریں گے ابن عدیس نے کہا انشاء اللہ میں ایسا ہی کروں گا۔اس کے بعد یہ لوگ بھی مدینہ واپس آ گئے۔''

حضرت علیؑ کی واپسی

جب حضرت علیؑ، حضرت عثمان کے پاس واپس آئے تو انہوں نے یہ اطلاع دی کہ یہ لوگ واپس چلے گئے ہیں۔پھر حضرت علیؑ نے انہیں مخاطب کر کے فرمایا:۔

''تم جان لو کہ میں تمہیں بارہا سمجھا چکا ہوں'' یہ کہہ کر وہ اپنے گھر چلے گئے۔

اس دن حضرت عثمان خاموش رہے دوسرے دن مروان ان کے پاس آیا اور کہنے لگا''آپ تقریر کریں اور لوگوں کو مطلع کریں کہ اہل مصر چلے گئے ہیں کیونکہ انہیں اپنے خلیفہ کے بارے میں جو اطلاع ملی تھی وہ جھوٹ تھی۔آپ کا خطبہ دور دراز کے ملکوں تک پہنچ جائے گا اس سے پہلے کہ لوگ اپنے شہروں سے آپ کے پاس آئیں اور اس وقت اس قدر لوگ آ جائیں گے کہ جنہیں آپ لوٹا نہیں سکیں گے۔حضرت عثمان نے نکل کر تقریر کرنے سے انکار کر دیا۔مروان اصرار کرتا رہا یہاں تک کہ حضرت عثمان باہر نکلے اور منبر پر بیٹھ کر اللہ کی حمد وثنا کی پھر کہا:۔

حضرت عثمان کا اعلان

''مصر کے ان لوگوں تک اپنے خلیفہ کے بارے میں کچھ باتیں پہنچی تھیں جب انہیں یقین ہو گیا کہ جو اطلاع ملی تھی وہ جھوٹ ہے تو وہ اپنے ملک کی طرف لوٹ گئے۔''

عمرو عاص کی مخالفت

عمرو عاص نے مسجد کے ایک گوشہ سے پکار کر کہا ''اے عثمان! آپ اللہ سے ڈریں اور توبہ کریں ہم بھی آپ کے ساتھ توبہ کریں گے۔'' اس پر حضرت عثمان نے اسے مخاطب کرتے ہوئے کہا تم ابھی تک چلے پھپھولے تو ڑ رہے ہو بخدا تم اپنے کام سے معزول ہونے کے بعد سے یہی حرکتیں کر رہے ہو۔

حضرت عثمان کا توبہ کرنا

دوسرے گوشہ سے بھی یہی آواز آئی آپ اللہ سے توبہ کریں اور توبہ کا اظہار بھی کریں تا کہ لوگ (آپ کی مخالفت سے) باز آئیں اس پر حضرت عثمان نے اپنے ہاتھ بڑھا کر اور قبلہ رو ہو کر فرمایا ''اے اللہ میں توبہ کرنے والوں میں سے پہلا شخص ہوں جو تیرے سامنے توبہ کرتا ہے'' اس کے بعد عثمان اپنے گھر واپس چلے گئے۔

عمرو کا فلسطین میں قیام

عمرو عاص مدینہ سے چل کر فلسطین میں اپنے گھر رہنے لگا، وہ کہا کرتا تھا بخدا جب میں کسی چرواہے سے بھی ملاقات کرتا ہوں تو اسے بھی ان (حضرت عثمان) کے برخلاف بھڑکاتا ہوں۔

اعلانیہ اظہار کا مشورہ

محمد بن عمر کی روایت ہے کہ جب اہل مصر واپس چلے گئے اور حضرت علیؑ حضرت عثمان کے پاس آئے اور فرمایا آپ ایسی تقریر کریں جسے لوگ سن کر آپ کے حق میں گواہی دے سکیں اور اللہ کے سامنے بھی ظاہر ہو کر آپ کے دل میں توبہ استغفار کی کہاں تک گنجائش ہے کیونکہ ملک میں آپ کی مخالفت پھیل چکی ہے اس لیے مجھے اندیشہ ہے کہ شاید کوفہ سے کوئی قافلہ آئے اس وقت تم پھر آ کر کہو۔ اے علیؑ آپ ان کے پاس سوار ہو کر جاؤ تو ایسے موقع پر میں وہاں نہیں جاؤں گا اور نہ کوئی عذر سنوں گا کیونکہ بہت ممکن ہے کہ بصرہ سے بھی کوئی قافلہ آئے اس وقت پھر تم آ کر کہو گے اے علیؑ! آپ ان کے پاس سوار ہو کر جائیں اب اگر میں اس پر عمل نہیں کرونگا تو تم یہ خیال کرو گے کہ میں نے تمہارے ساتھ صلہ رحمی نہیں کی اور تمہاری حق تلفی کی ہے۔ اس کے بعد حضرت عثمان نکلے اور انہوں نے وہ خطبہ دیا جس میں انہوں نے معافی مانگی تھی اور لوگوں کے سامنے توبہ کا اظہار بھی کیا تھا۔

حضرت عثمان کا خُطبہ

انہوں نے حمد وثنا کے بعد یہ کہا اے لوگو! ''تم میں سے جس کسی نے نکتہ چینی کی ہے اس سے میں ناواقف ہوں لیکن جو کام میں نے کیے ہیں ان سے میں واقف ہوں البتہ مجھے میرے نفس نے ورغلایا اور دھوکہ دیا تھا جس کی وجہ سے میری عقل جاتی رہی تھی۔ بہرحال میں نے رسول اللہ کو یہ فرماتے سنا:۔

توبہ واستغفار

''جو لغزش کرے وہ توبہ کرے اور جو غلطی کرے وہ بھی توبہ کرے اور ہلاکت میں بڑھتا جائے کیونکہ ظلم وستم میں جو اضافہ کرے گا وہ راہِ راست سے دور ہوتا جائے گا۔ اس لیے میں سب سے پہلے نصیحت قبول کرتا ہوں اللہ سے اپنے کاموں کی معافی مانگتا ہوں اور اس کے سامنے توبہ کرتا ہوں۔

مروان کی شرارت

جب حضرت عثمان منبر سے اترے تو انہوں نے اپنے گھر میں مروان، سعید بن عاص اور بنوامیہ کے کچھ افراد کو پایا یہ لوگ اس خطبہ کے موقع پر موجود نہ تھے جب عثمان بیٹھ گئے تو مروان نے کہا اے امیر المومنینؓ! کیا میں کچھ عرض کروں یا خاموش رہوں۔''

نائلہ کی مخالفت

حضرت عثمان کی بیوی نائلہ بنت فرافصہ نے کہا آپ خاموش رہیے کیونکہ یہ لوگ بخدا انہیں قتل کر دیں گے اور گناہ گار سمجھیں گے انہوں نے ایسی گفتگو کی ہے جس پر انہیں پابند رہنا چاہیے۔''

مروان اور نائلہ کی باہم سخت کلامی

مروان کی بیوی سے مخاطب ہو کر کہنے لگا ''تمہارا اس بات سے کیا تعلق ہے بخدا تمہارا باپ جب فوت ہوا تب تک اسے اچھی طرح وضو کرنا بھی نہیں آتا تھا۔'' وہ بولیں اے مروان! ''تم باپ دادا کا ذکر نہ چھیڑو، تم میرے باپ کی غیر موجودگی میں ان کے خلاف دروغ گوئی سے کام لیتے ہو اور تمہارا باپ بھی تمہاری مدافعت نہیں کر سکتا اگر وہ (حکم) ان کا چچا نہ ہوتا اور اس بات سے انہیں صدمہ نہ پہنچتا تو میں اس کے بارے میں صحیح اور سچی باتیں کرتی۔'' مروان نے اس خاتون سے کنارہ کشی کرتے ہوئے کہا:۔

مروان کا غلط مشورہ

''اے امیرالمومنین! کیا میں کچھ عرض کروں یا خاموش رہوں۔''عثمان نے کہا کہو۔مروان کہنے لگا میرے ماں باپ آپ پر قربان جائیں بخدا میں یہ چاہتا تھا کہ آپ یہ گفتگو اس وقت کرتے جب آپ بالکل محفوظ اور طاقتور تھے۔اس وقت میں سب سے پہلے اس بات سے خوش ہوتا اور تعاون کرتا مگر آپ نے یہ بات اس وقت کہی ہے جب پانی سر سے گزر چکا ہے سیلاب کا بند ٹوٹ چکا ہے اور ذلیل افراد ذلیل طریقوں پر اتر آئے ہیں خدا کی قسم اس موقع پر کسی غلطی پر قائم رہنا جس کی آگے چل کر آپ اللہ سے معافی مانگیں اس توبہ سے بہتر ہے جس کا آپ اندیشہ کر رہے ہیں اور اگر آپ چاہتے تو توبہ کے ذریعہ تقرب حاصل کرتے مگر غلطی کا اظہار نہ کرتے۔

اب آپ کے دروازے پر بہت بڑی تعداد میں لوگ جمع ہو گئے ہیں حضرت عثمان نے کہا تم جا کر ان سے گفتگو کرو کیونکہ مجھے ان سے گفتگو کرتے شرم محسوس ہو رہی ہے۔

اس پر مروان دروازے سے باہر نکلا جبکہ لوگ ایک دوسرے پر (ہجوم کی وجہ سے) سوار تھے۔

مجمع کا اخراج

مروان نے کہا''کیا بات ہے تم لوگ ایسے اکٹھے ہوئے ہو جیسے تم لوٹ مار کے لیے آئے ہو اور ہمارے ہاتھوں سے ہماری حکومت چھیننے آئے ہو یہاں سے نکل جاؤ بخدا اگر تم نے ایسا قصد کیا تو ہم تم سے ایسا سلوک کریں گے جو تمہیں پسند نہ ہوگا اور اس کا انجام برا ہوگا۔تم اپنے گھروں کی طرف واپس جاؤ کیونکہ بخدا ہم لوگ مغلوب اور عاجز نہیں ہیں۔''

یہ سن کر لوگ واپس چلے گئے کچھ لوگ حضرت علیؑ کے پاس آئے اور انہیں یہ باتیں بتائیں یہ سن کر حضرت علیؑ عثمان کے پاس غضبناک حالت میں آئے اور فرمایا۔

حضرت علیؑ کا غیظ و غضب

''کیا تم مروان سے مطمئن ہو وہ تمہاری عقل اور دین کو خراب کر کے چھوڑے گا اس کے سامنے تم ایک سواری کیلئے اونٹ کی طرح ہو وہ جس طرح چاہتا ہے تمہیں ہنکاتا ہے بخدا مروان عقل مند اور دیندار نہیں ہے مجھے اندیشہ ہے کہ وہ تمہیں ہلاکت کی طرف لے جائے گا جہاں سے تم نکل نہیں سکو گے اب میں اس کے بعد تمہیں مشورہ دینے کے لیے کبھی نہیں آؤں گا کیونکہ تم مغلوب اور ناچار ہو گئے ہو۔''

نائلہ کا مشورہ

جب حضرت علیؑ چلے گئے تو حضرت عثمان کی بیوی نائلہ آ کر پوچھنے لگی کیا میں کچھ کہوں یا خاموش رہوں۔''عثمان نے کہا کہو'' وہ کہنے لگیں میں نے حضرت علیؑ کی آپ سے گفتگو سنی ہے کہ اب وہ آپ کے پاس

دوبارہ نہیں آئیں گے کیونکہ آپ مروان کا مشورہ مانتے ہیں وہ جس طرف چاہے آپ کو لے جاتا ہے۔حضرت عثمان نے کہا پھر میں کیا کروں؟ وہ کہنے لگی آپ اللہ سے ڈریں جو یکتا ہے اور اس کا کوئی شریک نہیں ہے نیز آپ اپنے دونو پیشرو ''خلفاء'' کے طریقے پر چلیں، کہ اگر آپ مروان کا کہنا مانیں گے تو وہ آپ کو مروا ڈالے گا کیونکہ عوام میں مروان کی کوئی قدر و منزلت اور وقعت نہیں ہے اور عوام نے مروان کی وجہ سے آپ کو چھوڑ رکھا ہے لہذا آپ حضرت علیؑ کو بلا بھیجیں، اور ان سے صلح کر لیں کیونکہ آپ کی ان سے رشتہ داری بھی ہے اور لوگ ان کی بات بھی مانتے ہیں۔''

حضرت علیؑ کا انکار

چنانچہ حضرت عثمان نے حضرت علیؑ کو بلوا بھیجا مگر انہوں نے آنے سے انکار کر دیا اور فرمایا۔''میں نے انہیں مطلوع کر دیا تھا کہ اب میں نہیں آؤں گا۔مروان کو معلوم ہوا کہ نائلہ نے اس کے خلاف کوئی بات کی ہے تو وہ حضرت عثمان کے پاس آیا اور ان کے سامنے بیٹھ گیا اور کہا کیا میں کچھ عرض کروں۔یا خاموش رہوں۔''حضرت عثمان نے کہا، کہو وہ کہنے لگا بنت فرافضہ (نائلہ)۔۔۔اس پر حضرت عثمان نے اس کا کلام قطع کرتے ہوئے کہا''تم اس کے بارے میں ایک لفظ بھی نہ کہو ورنہ میں تمہاری خبر لوں گا کیونکہ وہ میری تم سے زیادہ مخلص ہے۔اس پر مروان کچھ بول نہ سکا۔''

عبدالرحمٰن بن اسود کا بیان

عبدالرحمن بن اسود عبد یغوث نے مروان کا ذکر کرتے ہوئے کہا:۔''اللہ مروان کے ساتھ برا سلوک کرے، حضرت عثمان لوگوں کے سامنے گئے تو انہوں نے انہیں رضامند کر لیا وہ منبر پر اس قدر روئے کہ لوگوں کو رلا دیا میں نے خود دیکھا کہ حضرت عثمان کی ڈاڑھی آنسوؤں سے تر ہوگئی اور وہ یہ کہہ رہے تھے،

اللھم انی اتوب الیك

(اے اللہ! میں تیرے سامنے توبہ کرتا ہوں انہوں نے یہ الفاظ تین مرتبہ دہرائے)۔

عثمان کی عاجزانہ درخواست

خدا کی قسم اگر حق مجھے ایسی حالت میں لوٹا دے کہ میں غلام بن جاؤں تو میں اس پر بھی راضی رہوں گا جب میں اپنے گھر جاؤں تو تم لوگ میرے پاس آؤ بخدا میں تم سے روپوش نہیں رہوں گا۔بلکہ تمہیں رضامند رکھوں گا بلکہ تمہاری رضامندی سے زیادہ کام کروں گا۔مروان اور اس سے متعلقہ افراد کو الگ کر دوں گا۔

رائے میں تبدیلی

مگر جب گھر گئے اور گھر کا دروازہ کھول کر وہ گھر میں داخل ہوئے تو مروان ان کے پاس آ گیا اور انہیں اونچ نیچ سمجھاتا رہا یہاں تک کہ اس نے انہیں اپنے ارادہ سے باز رکھا اور ان کی رائے تبدیل کر دی۔ چنانچہ عثمان شرمندگی کی وجہ سے گھر میں رہے اور واپس نہیں آئے۔

مروان کا غلط رویہ

(ان کی بجائے) مروان لوگوں کے پاس گیا اور کہا تم لوگ اپنے اپنے گھر چلے جاؤ اگر امیر المومنین کو کسی سے کوئی کام ہوگا تو اسے بلا لیا جائے گا ورنہ اپنے گھر میں بیٹھا رہے۔

حضرت علیؑ کا استفسار

عبدالرحمن بن اسود (راوی) بیان کرتا ہے کہ میں حضرت علیؑ کے پاس گیا تو وہ نبی کریمؐ کے مزار اور منبر کے درمیان بیٹھے ہوئے تھے ان کے پاس عمار بن یاسر اور محمد بن ابی بکر بیٹھے ہوئے تھے دونوں کہہ رہے تھے۔

''مروان نے لوگوں سے ایسی ایسی باتیں کہی ہیں۔''

اس پر حضرت علیؑ میری طرف متوجہ ہو کر پوچھنے لگے کیا تم حضرت عثمان کے خطبہ کے وقت موجود تھے میں نے کہا ''جی ہاں''

پھر پوچھا ''کیا تم اس وقت بھی موجود تھے جب مروان نے لوگوں سے گفتگو کی تھی''

میں نے کہا ''جی ہاں''۔ اس پر حضرت علیؑ نے فرمایا:۔

''خدا کی پناہ اگر میں گھر میں بیٹھا رہتا تو وہ (عثمان) کہتے ہیں کہ آپ نے مجھے چھوڑ دیا ہے اور رشتہ داری کا خیال نہیں کیا اگر کچھ بولتا ہوں اور وہ کچھ کام کرنے کا ارادہ کرتے ہیں تو مروان انہیں آلہ کار بنا کر جیسا چاہتا ہے ان سے کام کرواتا ہے حالانکہ وہ عمر رسیدہ ہیں اور رسول اللہؐ کے صحبت یافتہ بھی نہیں۔''

اس عرصے میں حضرت عثمان کا قاصدِ یہ پیغام لے کر آیا ''آپ میرے پاس آئیں۔'' حضرت علی نے غیظ غضب کی حالت میں نہایت اونچی آواز میں جواب دیا۔

''اب میں ان کے پاس نہیں آؤں گا۔''

قاصد یہ جواب سن کر واپس چلا گیا۔

عبدالرحمن کہتے ہیں ''اس واقعے کے دو دن بعد میں نے حضرت عثمان سے ملاقات کی تو میں نے انہیں افسردہ حالت میں دیکھا۔ میں نے ان کے غلام ناتل سے پوچھا امیر المومنین کہاں سے آئے ہیں؟'' وہ بولا

حضرت علیؑ کے پاس گئے تھے لہذا میں صبح کے وقت حضرت علی کے پاس گیا اور ان کے پاس بیٹھا حضرت علی نے مجھ سے فرمایا:۔

حضرت علیؑ کی گفتگو!

''کل حضرت عثمان میرے پاس آئے تھے اور وہ کہتے تھے ''میں دوبارہ یہ کام نہیں کروں گا (اور آپ کے مشورے پر عمل کروں گا)'' میں نے کہا:۔'' آپ نے منبر رسول پر تقریر کی تھی اور اپنی طرف سے وعدہ کیا تھا پھر جب آپ اپنے گھر گئے تو مروان نے آپ ہی کے دروازے سے نکل کر لوگوں کو گالیاں دیں اور انہیں تکلیف پہنچائی اس پر وہ یہ کہتے ہوئے لوٹ گئے'' آپ نے رشتہ داری ختم کر دی اور مجھے ذلیل ورسوا کر کے لوگوں کو میرے خلاف دلیر کر دیا ہے'' میں نے کہا ''میں لوگوں کو تمہاری مخالفت سے روکتا ہوں مگر جب میں تمہارے پاس آتا ہوں اور تم کسی بات پر رضامند ہو جاتے ہو تو اس کی بجائے مروان کی بات سن کر اس پر عمل کرتے ہو اس کے بعد وہ اپنے گھر چلے گئے بعد ازاں میں نے حضرت علیؑ کو الگ تھلگ دیکھا اور ان کے کاموں میں کوئی دخل نہیں دیتے تھے۔''

خطبہ میں ہنگامہ

اسماعیل بن محمد کی روایت ہے کہ حضرت عثمان جمعہ کے دن منبر پر گئے اور اللہ کی حمد وثنا کرتے رہے اتنے میں ایک شخص کھڑا ہو گیا اور کہنے لگا، آپ کتاب اللہ (کے احکام) پر عمل کرائیں۔ حضرت عثمان نے کہا بیٹھ جاؤ، وہ بیٹھ گیا اس طرح وہ دو تین مرتبہ بیٹھ جانے کا حکم دیا اس کے بعد لوگوں نے اس قدر کنکر اور پتھر پھینکے کہ اسمان دکھائی نہیں دیتا تھا۔ حضرت عثمان منبر پر سے گر پڑے انہیں اٹھا کر لوگ گھر لے گئے اور وہ بے ہوش ہو گئے تھے۔

آیت کی تلاوت

اتنے میں حضرت عثمان کا ایک دربان قرآن کریم کا نسخہ لے کر نکلا اور وہ بہ آوازِ بلند یہ آیت تلاوت کر رہا تھا۔

ان الذین فرقوادینھم وکانو اشیعالست منھم فی شیئی انما امرھم الی اللہ۔

''حقیقت میں جن لوگوں نے اپنے دین میں تفریق پیدا کی اور مختلف فرقے بن گئے (اے پیغمبر) تمہارا ان سے کوئی تعلق نہیں۔ ان کا معاملہ اللہ کے سامنے پیش ہوگا۔''

بنی امیہ کی گستاخی

جب حضرت عثمان اپنے گھر میں بے ہوش تھے تو حضرت علیؑ بن ابی طالبؑ وہاں گئے اس وقت عثمان کے چاروں طرف بنوامیہ جمع تھے حضرت عل نے پوچھا کیا حال ہے آپ کا؟ اس وقت بنوامیہ کے تمام افراد حضرت علیؑ کی طرف متوجہ ہوئے اور بیک آواز کہنے لگے ''اے علی آپ نے ہمیں تباہ کر دیا ہے آپ نے امیر المومنین کے ساتھ یہ سلوک کرایا ہے آگاہ رہو اگر آپ کامیاب ہو گئے تو آپ کا زمانہ بھی آپ پر تلخ گزرے گا اس پر (حضرت) علیؑ ناراض ہو کر کھڑے ہو گئے (اور چلے گئے)۔

باب20

حضرت عثمان کی حکومت

اب ہم یہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عثمان کو کس طرح قتل کیا گیا اور اس کا آغاز کس طرح ہوا اور قتل سے پہلے کس نے اس کی جرات دلوائی اور کس نے اس کام کا آغاز کیا۔

خاندان پرستی کی مخالفت

مسور بن مخرمہ کی روایت ہے کہ صدقات کے اونٹ حضرت عثمان کے پاس آئے آپ نے وہ حکم کے خاندان کے کسی فرد کو بخشش میں دینے کا حکم صادر کیا جب عبدالرحمن بن عوف کو اس کی اطلاع ملی تو انہوں نے مسور بن مخرمہ اور عبدالرحمن بن اسود کو بلوایا اور ان کے ذریعے ان اونٹوں کو دوسرے لوگوں میں تقسیم کرادیا جب کہ حضرت عثمان گھر میں موجود تھے۔

جبلہ بن عمرو ساعدی

عامر بن سعد کی روایت ہے کہ جس نے سب سے پہلے حضرت عثمان سے سخت کلام کیا وہ جبلہ بن عدمرو ساعدی تھا ایک مرتبہ حضرت عثمان کے پاس سے گزرے تو عثمان نے سلام کیا۔لوگوں نے سلام کا جواب دیا تو جبلہ کہنے لگا تم اس شخص کے سلام کا جواب دیتے ہو جس نے یہ یہ کرتوت کیے ہیں پھر وہ حضرت عثمان سے مخاطب ہو کر بولا بخدا میں یہ رسی تمہاری گردن میں ڈال دوں گا ورنہ تم اپنے ان بھیدیوں کو چھوڑ دو۔حضرت عثمان نے کہا میرے کون سے بھیدی اور رازدار ہیں میں تو اچھے لوگوں کا انتخاب کرتا ہوں اس نے کہا تم نے مروان کا انتخاب کیا، معاویہ کو پسند کیا۔عبداللہ بن عامر بن کریز کو ترجیح دی اور عبداللہ بن سعد کا انتخاب کیا ان میں سے کچھ لوگ ایسے ہیں جن کے خون بہانے کے لیے وحی نازل ہوئی اور رسول اللہ نے ان کا خون بہانا ہدر و معاف کر رکھا تھا۔

عمرو عاص کا اعتراض

اے امیر المومنین! آپ نے کئی ناخوش گوار باتیں کی ہیں اور ہم نے بھی آپکے ساتھ مل کر ان کا ارتکاب کیا ہے آپ توبہ کریں۔ہم بھی آپ کے ساتھ توبہ کریں گے۔

صحابہ کے نام خطوط

محمد بن اسحاق اپنے چچا عبدالرحمن یسار کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ جب لوگوں نے حضرت عثمان

کے یہ حالات دیکھے تو انہوں نے مختلف ممالک میں پھیلے ہوئے صحابہ کے نام اس قسم کے خطوط لکھے:۔

''تم اللہ کی راہ میں جہاد کرنے کے لیے نکلے ہو اور محمدؐ کے دین و مذہب کو غالب کرنا چاہتے ہو مگر تمہارے پیچھے دین محمدیؐ تباہ و متروک ہو گیا ہے۔تم آ کر دین محمدؐ کی اصلاح کرو۔''

چنانچہ لوگ ہر طرف سے آ گئے اور انہوں نے حضرت عثمان کو قتل کر دیا۔

اور حضرت عثمان نے اپنے عامل مصر عبداللہ بن سعد کے نام جبکہ لوگ مصر کی طرف واپس جانے لگے اور یہ خیال کیا کہ عثمان نے توبہ کر لی ہے ان لوگوں کے بارے میں جو مصر میں ان کے سخت مخالف تھے یہ خط لکھا۔

''تم فلاں فلاں اشخاص کی جب وہ تمہارے پاس آئیں گردن مار دو اور فلاں فلاں کو اور قسم کی سزا دو۔''

ان لوگوں میں کچھ رسول اللہؐ کے صحابہ کرام اور کچھ تابعین میں سے تھے۔اس خط کا قاصد ابوالاعور بن سفیان سلمی تھا جسے حضرت عثمان نے اپنے اونٹ پر سوار کرایا تھا اور اسے حکم دیا تھا کہ وہ ان لوگوں کے پہنچنے سے پہلے مصر پہنچ جائے۔

قاصد سے پوچھ گچھ

ابوالاعور راستے میں ان لوگوں سے جا ملا۔انہوں نے اس سے پوچھا کہ وہ کہاں جا رہا ہے اس نے کہا میں مصر جا رہا ہوں اس کے ساتھ قبیلہ خوان کا ایک شامی شخص بھی تھا جب ان لوگوں نے اسے حضرت عثمان کے اونٹ پر دیکھا تو اس سے پوچھا کیا تمہارے ساتھ کوئی خط ہے اس نے کہا نہیں پھر پوچھا کس کام کے لیے بھیجے گئے ہو اس نے کہا مجھے کوئی علم نہیں اس پر ان لوگوں نے کہا:۔

قاصد کی تلاشی

''نہ تمہارے پاس کوئی خط ہے اور نہ تمہیں معلوم ہے کہ تم کس مقصد کے لیے بھیجے گئے ہو اس بنا پر تمہارا معاملہ مشتبہ معلوم ہوتا ہے۔چنانچہ انہوں نے اس کی تلاشی لی اور ایک خشک زنبیل میں خط مل گیا جب انہوں نے خط پڑھا تو اس خط میں بعض لوگوں کے قتل کرنے اور بعض کو جانی و مالی سزا دینے کا حکم لکھا ہوا تھا۔اس پر یہ سب لوگ مدینہ واپس آ گئے جب ان لوگوں کے واپس آ جانے کی خبر مشہور ہوئی تو تمام علاقوں کے لوگ واپس آنے لگے اور اہل مدینہ میں ہلچل پیدا ہو گئی۔

خط سے انکار

جب یہ لوگ حضرت عثمان کے پاس گئے اور پوچھا! یہ آپ کا غلام ہے انہوں نے کہا ہاں یہ غلام میرے علم

کے بغیر چلا گیا تھا۔ وہ بولے یہ آپ کا اونٹ ہے۔ انہوں نے کہا یہ اسے میرے علم کے بغیر میرے گھر سے لے گیا تھا وہ بولے یہ آپ کی مہر ہے انہوں نے کہا کسی دوسرے نے یہ مہر لگا دی ہوگی۔

معاویہ کو خط

جب حضرت عثمان نے یہ حالات دیکھے کہ لوگ ان کے مخالف ہو گئے ہیں تو انہوں نے معاویہ کو شام میں خط لکھ کر بھیجا:۔

''بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ حمد وثنا کے بعد واضح ہو کہ اہل مدینہ نافرمان ہو گئے ۔انہوں نے فرمانبرداری چھوڑ دی ہے اور بیعت توڑ دی ہے اس لیے تم اپنی طرف سے شام کے جنگجو سپاہی تیز رفتار سواریوں پر جلد بھیجو۔''

جب معاویہ کے پاس یہ خط پہنچا تو وہ حالات کا انتظار کرتا رہا کیونکہ وہ رسول اللہؐ کے صحابہ کرام کی مخالفت کے اعلانیہ اظہار کو پسند نہیں کرتا تھا اسے ان کے اجتماع کا علم ہو چکا تھا۔

دیگر حکام کو خطوط

جب عثمان کو معاویہ کی امداد میں تاخیر محسوس ہوئی تو انہوں نے یزید بن اسد بن کریز اور دوسرے اہل شام کے نام خطوط تحریر کیے جن میں ان سے امداد طلب کی گئی اور اپنے حقوق جتائے گئے تھے نیز یہ بھی تحریر کیا تھا کہ اللہ بزرگ وبرتر نے خلفاء کی اطاعت اور ان کے ساتھ خیر خواہی کرنے کا حکم دیا ہے۔ حضرت عثمان نے یہ بھی تحریر کیا تھا کہ سب لوگ ان کی امداد کے لیے نہ آئیں بلکہ کچھ دستے آ جائیں۔

فوری امداد کی ضرورت

حضرت عثمان نے یہ بھی تحریر کیا تھا کہ اہل شام پر ان کے بڑے احسانات ہیں اور انہوں نے ان کی بڑی خدمت کی تھی۔ آخر میں یہ تحریر تھا:۔ ''اگر تم کچھ امدادی فوج بھیج سکتے ہو تو بہت جلد بھیجی جائے کیونکہ یہ لوگ میرا جلد خاتمہ کر رہے ہیں'' (شام اور بصرہ سے امدادی فوج کے دستے آئے تو تھے لیکن بروقت نہ پہنچے، لہذا حضرت عثمان قتل ہو گئے)۔

قاصد کا اخراج

حضرت زبیر بیان کرتے ہیں کہ اہل مصر نے سقایا ذوخشب کے مقام سے حضرت عثمان کو ایک خط لکھا اور ان کا ایک آدمی اس خط کو لے کر حضرت عثمان کے پاس پہنچا مگر انہوں نے اس کا کوئی جواب نہیں دیا۔ بلکہ اسے گھر

سے نکلوا دیا۔

اہلِ مِصر کا قافلہ

اہل مصر جو حضرت عثمان کی طرف روانہ ہوئے تھے وہ تعداد میں کل چھ سو تھے اور چار دستوں میں منقسم تھے۔ان کے چار سردار تھے اور ہر سردار کے پاس ایک جداگانہ علم تھا۔ان کی مشترکہ قیادت عمر بن بدیل بن ورقا خزائی کے سپرد تھی۔جو نبی اکرمؐ کے صحابی تھے۔نیز عبدالرحمن بن عدیس تجلیبی بھی ان کے سپہ سالار اعلیٰ تھے انہوں نے جو خط حضرت عثمان کو لکھا تھا اس کا مضمون یہ تھا۔

حضرت عثمان کے نام خط

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

حمد وثنا کے بعد واضح ہو کہ اللہ کسی قوم کی حالت میں اس وقت تک تبدیلی نہیں کرتا جب تک وہ خود اپنے اندر تبدیلی پیدا نہ کرے اس لیے آپ اللہ کو یاد کریں اور اللہ سے ڈریں آپ کے پاس دنیا ہے اس کے ذریعہ آخرت کی تکمیل کریں اور اپنے آخرت کے حصے کو مشکوک بنائیں ورنہ دنیا بھی آپ کے لیے خوشگوار نہیں رہے گی آپ کو معلوم ہونا چاہیے کہ ہم اللہ کے لیے غیظ وغضب کا اظہار کرتے ہیں اور اس کے لیے ہم رضامند ہوتے ہیں لہذا ہم اس وقت تک اپنے کندھوں سے تلواریں نیام میں نہیں کریں گے جب تک ہمارے پاس صاف اور واضح طریقہ سے توبہ نامہ نہیں آئے گا یا کھلم کھلا گمراہی کا علم نہیں ہوگا۔ہم آپ سے صرف اتنا ہی کہنا چاہتے ہیں اور یہی معاملہ آپ کے سامنے ہے اللہ ہماری معذرت قبول کرنے والا ہے۔والسلام۔

توبہ کی دعوت

اہل مدینہ نے بھی حضرت عثمان کو خط لکھا جس میں انہیں توبہ کرنیکی دعوت دی۔وہ اللہ کی قسمیں کھا کر کہہ رہے تھے کہ وہ انہیں نہیں چھوڑیں گے تا آنکہ وہ انہیں قتل کر دیں گے یا وہ انہیں اللہ کا وہ حق جو ان کے ذمہ ہے انہیں عطا کریں۔

حضرت علیؑ سے امداد کا مطالبہ

جب حضرت عثمان کو اپنے قتل کا اندیشہ ہوا تو انہوں نے اپنے خیر خواہوں اور گھر والوں سے مشورہ طلب کیا اور کہا ان لوگوں نے جو کیا تم دیکھ رہے ہو (اب اس مصیبت سے) نکلنے کا راستہ کیا ہے ان سب نے مشورہ دیا کہ وہ حضرت علی کو بلوائیں اور ان سے درخواست کریں کہ وہ انہیں لوٹا دیں اور وہ جو چاہتے ہیں ان کا مطالبہ پورا کریں

اس طرح مدت بڑھ جائے گی اور پھر امداد بھی آ جائے گی۔

ایفائے وعدہ

حضرت عثمان نے کہا یہ لوگ ٹال مٹول قبول نہیں کریں گے وہ مجھ سے معاہدہ کریں گے کیونکہ پہلی مرتبہ مجھ سے ایسی باتیں سرزد ہوگئی تھیں اس لیے اب میں جو وعدہ کروں گا اس کے ایفاء اور پورا کرنے پر وہ اصرار کریں گے۔''

مروان کا مشورہ

مروان نے کہ اے امیر المومنین انہیں قریب رکھنا تا کہ آپ طاقت ور ہو جائیں یہ اس سے بہتر ہے کہ وہ قریب رہ کر آپ کا مقابلہ کریں آپ ان کا مطالبہ مان لیں اور جب تک وہ ٹال مٹول کو برداشت کرتے ہیں ان کے ساتھ ٹال مٹول کرتے رہو کیونکہ انہوں نے آپ کے خلاف بغاوت کی ہے اس لیے ان کے معاہدہ کی کوئی پابندی نہیں ہے آپ حضرت علی کو بلا بھیجیں۔ چنانچہ انہیں حضرت عثمان نے بلایا جب وہ آئے تو ان سے کہا:۔

معاہدہ کی پابندی

''اے ابوالحسن! آپ نے ان لوگوں کی باتیں سن لیں اور میری باتیں بھی آپ کو معلوم ہیں اب مجھے ان سے قتل کا اندیشہ ہے اس لیے آپ انہیں میرے پاس سے لوٹا دیں میں ان کی تمام شکایات دور کر دوں گا اور اپنی طرف سے اور دوسروں کی طرف سے ان کے مطالبات پورے کروں گا خواہ اس میں میری جان کا اندیشہ کیوں نہ ہو۔''

وعدہ شکنی

حضرت علیؑ نے فرمایا عوام اس بات کو ترجیح دیں گے کہ آپ ان کے ساتھ انصاف کریں بجائے کہ وہ آپ کو قتل کر دیں میرے خیال میں یہ لوگ اس وقت تک مطمئن نہیں ہونگے جب تک آپ ان کے مطالبات کو نہ مانیں۔ جب یہ لوگ پہلی دفعہ آئے تھے تو اس وقت میں نے ان سے پختہ وعدہ کیا تھا کہ آپ ان تمام باتوں سے رجوع کریں جو انہیں پسند ہیں، اور اس طرح میں نے انہیں آپ کے پاس سے لوٹا دیا تھا۔ مگر آپ نے ان میں سے کوئی بات پوری نہیں کی اس لیے اس مرتبہ آپ مجھے فریب میں مبتلا نہ کریں کیونکہ مجھے تو ان کا حق ادا کرنا ہے۔ حضرت عثمان نے کہا آپ انہیں اس بات کا یقین دلائیں بخدا میں ایفاء عہد کروں گا اس پر حضرت علیؑ ان لوگوں کے پاس گئے اور فرمایا اے لوگو! تم نے حقوق کا مطالبہ کیا تھا وہ پورے کیے جاتے ہیں کیونکہ حضرت عثمان

نے وعدہ کیا ہے کہ وہ اپنی طرف سے اور دوسروں کی طرف سے تمہارے ساتھ انصاف کریں گے اور جو باتیں تمہیں ناپسند ہیں انہیں چھوڑ دیں گے۔''

عملی اقدام کا مطالبہ

''اس پر وہ لوگ آپ کی طرف متوجہ ہو کر کہنے لگے ہم نے یہ بات مان لی مگر آپ ان سے پختہ وعدہ کرائیں کیونکہ عملی اقدام کے بغیر محض باتوں سے ہم خوش نہیں ہوں گے۔''

مہلت کی درخواست

''حضرت علیؑ نے فرمایا میں تمہاری بات منوا کر لاؤں گا چنانچہ آپ عثمان کے پاس گئے اور انہیں صورت حال سے آگاہ کیا حضرت عثمان نے کہا۔آپ میرے اور ان کے درمیان ایک مدت مقرر کریں جس میں مجھے مہلت مل سکے کیونکہ میں ایک دن کے اندر ان کی شکایات دور نہیں کر سکتا۔''

حضرت علی نے فرمایا:۔''جو لوگ مدینہ میں موجود ہیں ان کے لیے کوئی مدت مقرر نہیں کی جا سکتی اور جو موجود نہیں ہیں ان کے لیے مدت اس وقت تک ہے جب تک آپ کا حکم ان کے پاس پہنچ جائے۔''

تین دین کی مہلت

حضرت عثمان نے کہا''یہ بات صحیح ہے تاہم مجھے مدینہ والوں کے لیے تین دن کی مہلت ملنی چاہیے ۔''حضرت علیؑ نے فرمایا۔''بہت اچھا'' پھر حضرت علی ان کے پاس گئے اور انہیں اطلاع دی اس کے بعد حضرت عثمان سے ایک معاہدہ لکھوایا کہ وہ تین دن کے اندر ہر شکایت دور کریں گے اور جو حاکم ان لوگوں کو ناپسند ہیں انہیں معزول کر دیں گے اس معاہدہ کے سلسلہ میں مزید سختی کی گئی اور سخت عہد و پیمان لیے گئے اور ان معزز مہاجرین وانصار کو گواہ بنایا گیا۔

(اس کی وجہ سے) مسلمان مقابلہ سے باز رہے اور واپس لوٹ گئے تاکہ وہ اپنے معاہدے کو پورا کر سکیں۔

حکومت کی طرف سے جنگ کی تیاری

حضرت عثمان نے جنگ کی تیاریاں شروع کر دیں اور ہتھیار فراہم کرنے لگے انہوں نے مال غنیمت کے خمس سے غلاموں کی ایک بہت بڑی فوج تیار کر لی جب تین دن گزر گئے تو وہی (پہلے والی) حالت برقرار تھی اس میں کوئی تبدیلی نہیں آئی تھی ان لوگوں کی کوئی شکایات دور نہیں کی گئی اور نہ کسی حاکم کو معزول کیا گیا اس پر لوگ

بھڑک اٹھے اور عمرو بن حزم انصاری مصریوں کے پاس آیا جو ذوخشت کے مقام پر مقیم تھے۔ اور اس کی اطلاع دی پھر وہ انہیں کے ساتھ مدینہ میں آیا اور ان لوگوں نے حضرت عثمان کو پیغام بھیجا۔

معاہدہ کی خلاف ورزی

کیا ہمارے ساتھ آپ کا یہ معاہدہ طے نہیں ہوا تھا کہ آپ اپنے تمام کاموں سے توبہ کریں گے ہماری شکایتوں کو دور کریں گے اور اس پر آپ نے پختہ عہد و پیمان کیے تھے۔

حضرت عثمان نے کہا ''ہاں میں اس عہد پر قائم ہوں۔'' اس پر انہوں نے کہا ''پھر اس خط کا کیا مطلب ہو جو ہم نے آپ کے قاصدے کے پاس سے حاصل کیا اور جسے آپ نے اپنے حاکم کے نام لکھا تھا'' حضرت عثمان نے فرمایا نہ میں نے یہ خط لکھا اور نہ مجھے اس بات کا علم ہے وہ کہنے لگے آپ کا قاصد آپ کے اونٹ پر تھا اور آپ کے کاتب و منشی کا وہ خط تھا اور اس پر آپ کی مہر لگی تھی حضرت عثمان نے کہا وہ اونٹ چوری کا تھا، کتابت میں مشابہت ہوسکتی ہے اور مہر کسی دوسرے نے لگا دی ہوگی۔

حکام کی معزولی کا مطالبہ

وہ کہنے لگے گو ہم آپ کو مجرم گردانتے ہیں تاہم عجلت میں کام نہیں کیا جائے گا۔ آپ اپنے برے حکام کو معزول کر دیں اور ہم پر وہ حکام مقرر کریں جو ہماری جان و مال کے درپے نہ ہوں نیز ہماری دوسری شکایات بھی دور کریں۔''

مطالبات ماننے سے انکار

حضرت عثمان نے کہا ''اگر میں تمہاری مرضی کے مطابق حکام کا تقرر کروں اور تمہارے مخالف حکام کو معزول کر دوں تو میری حیثیت باقی نہیں رہے گی اس وقت تو حکومت کے تمام اختیار تمہیں حاصل ہو جائیں گے۔''

مسلمانوں کی دھمکی

وہ کہنے لگے بخدا آپ کو یہ ضرور کرنا ہوگا ورنہ آپ کو معزول کر دیا جائے گا یا قتل کر دیا جائے گا۔ آپ اپنے معاملہ پر اچھی طرح غور کر لیں حضرت عثمان نے (ان کے مطالبات ماننے سے) انکار کر دیا اور کہا میں (خلافت کی) قمیص کو جو اللہ نے مجھے پہنائی ہے نہیں اتاروں گا۔

گھر کا محاصرہ

اس کے بعد ان لوگوں نے چالیس دن رات ان کا محاصرہ کیے رکھا اور اس عرصہ میں حضرت طلحہ ان کو نماز

پڑھاتے رہے۔

مالک اشتر کی طلبی

حضرت عمر کے آزاد کردہ غلام وثاب جس کی گردن پر حضرت عثمان کے قتل کے وقت نیزے کے زخموں کے دونشان تھے بیان کرتا ہے کہ مجھے حضرت عثمان نے مالک اشتر کو بلانے کے لیے بھیجا چنانچہ میں انہیں بلالایا اس وقت ایک تکیہ امیر المومنین کے لیے اور ایک مالک اشتر کے لیے لایا گیا۔

حضرت عثمان نے کہا ''اے اشتر! لوگ مجھ سے کیا چاہتے ہیں؟'' انہوں نے کہا وہ تین میں سے ایک چیز کا مطالبہ کرتے ہیں۔ حضرت عثمان نے کہا ''وہ کیا؟''

انہوں نے بتایا یہ لوگ چاہتے ہیں کہ یا تو آپ خلافت سے دستبردار ہو جائیں اور کہہ دیں کہ یہ تمہارا معاملہ ہے تم جس کو چاہو انتخاب کرلو۔

یا خود اپنے سے قصاص لیں۔

اور اگر آپ کے ان دونوں باتوں میں سے انکار ہے تو پھر یہ لوگ آپ کو قتل کر دیں گے۔ آپ نے پھر پوچھا ''کیا اس کے علاوہ کوئی اور صورت نہیں ہے؟''

انہوں نے جواب دیا:۔ ''اس کے علاوہ اور کوئی صورت نہیں ہے۔''

حضرت عثمان کا جواب

اس پر حضرت عثمان نے کہا جہاں تک خلافت سے دستبردار ہونے کا تعلق ہے میں اس قمیص کو نہیں اتار سکتا۔ جو اللہ بزرگ و برتر نے مجھے پہنائی ہے پھر میں محمدؐ کی امت کو اس حالت میں چھوڑ دوں کہ وہ ایک دوسرے پر ظلم وستم کرتے پھریں۔ خدا کی قسم مجھے یہ بات زیادہ پسند ہے کہ میں آگے بڑھوں تا کہ تم میری گردن اڑ دو، بہ نسبت اس کے کہ میں وہ قمیص اتار دوں جو اللہ نے مجھے پہنائی ہے۔

جہاں تک اپنی ذات سے قصاص لینے کا تعلق ہے تو بخدا مجھے اس بات کا علم ہے کہ میرے پیشرو دونوں ساتھی سزا دیتے تھے۔

قتل کے خطرناک نتائج

تیسری بات یہ کہ تم مجھے قتل کر دو گے اگر تم مجھے قتل کرو گے تو بخدا میرے بعد تم میں اتحاد قائم نہیں ہوگا اور تم کبھی متحد و مجتمع ہو کر نماز نہیں پڑھ سکو گے اور نہ میرے بعد پھر کبھی تم متحد ہو کر دشمن سے جنگ کر سکو گے۔ اس کے مالک اشتر اٹھ کھڑے ہوئے اور چلے گئے۔

محمد بن ابی بکر کی آمد

چند دن تک ہم (خاموشی کے ساتھ) بیٹھے رہے ایک دن ایک بھیڑیئے کی طرح کا ایک چھوٹا سا مرد آیا اور دروازے میں سے جھانک کر چلا گیا پھر محمد بن ابی بکر تیرہ افراد کے ساتھ حضرت عثمان کے گھر داخل ہوئے اور محمد نے حضرت عثمان کی داڑھی پکڑ کر کہا

''معاویہ نے تجھے کیا فائدہ پہنچایا، اب ابن عامر کہاں ہے، تمہارے خطوط کا کیا نتیجہ نکلا۔'' حضرت عثمان نے کہا ''میرے بھتیجے تو میری داڑھی چھوڑ دے۔''

حضرت عثمان کا قتل

راوی کہتا ہے ''میں نے دیکھا کہ انہوں نے ایک شخص کو اشارہ کیا تو وہ ایک بھالا لے کر گیا اور اس نے ان کا سر پھاڑ دیا۔'' طبری کہتے ہیں کہ پھر یہ لوگ سب ان پر ٹوٹ پڑے اور انہیں قتل کر دیا۔

محمد بن مسلمہ کی مصریوں سے ملاقات

واقدی کا بیان ہے کہ محمد بن مسلمہ نے کہا ''میں اپنے قبیلہ کے ساتھ مصریوں کے پاس گیا ان کے یہ چار سردار تھے (۱) عبدالرحمن بن عدیس (۲) سودان بن حمران مرادی (۳) عمرو بن حمق خزاعی (۴) اور ابن بناع ، میں ان کے خیمے داخل ہوا جس میں یہ چاروں افراد موجود تھے اور باقی لوگ ان کے تابع تھے۔ میں نے انہیں حضرت عثمان کے حقوق کی اہمیت ان پر واضح کی اور ان پر ان کی بیعت کی ذمہ داری ہے۔ میں نے انہیں فتنہ وفساد سے ڈرایا اور انہیں سمجھایا کہ حضرت عثمان کے قتل کی وجہ سے بہت سے اختلافات پیدا ہو جائیں گے۔ ہنگامہ برپا ہوگا اس لیے تم فتنہ فساد کا دروازہ نہ کھولو۔ حضرت عثمان ان باتوں کو دور کرنا چاہتے ہیں جو تمہیں ناگوار ہیں میں ان کا ''ذمہ دار'' ہوں۔ ان لوگوں نے کہا اگر حضرت عثمان نے (ان شکایات کو) دور نہ کیا تو پھر کیا ہوگا۔ میں نے کہا پھر تمہیں اختیار ہوگا اس پر یہ لوگ رضامند ہو کر لوٹ گئے۔''

حضرت عثمان کو نصیحت

میں حضرت عثمان کے پاس آیا اور کہا اے عثمان! تم اللہ کو یاد کرو اور اپنی جان کی حفاظت کرو، یہ لوگ تمہارا خون بہانے آئے تھے۔ آپ دیکھتے نہیں۔ آپ کے ساتھی آپ کو چھوڑ بیٹھے ہیں بلکہ وہ آپ کے مخالفین کو تقویت پہنچا رہے ہیں۔

عثمان کی رضا مندی

حضرت عثمان نے میری بات مان لی اور مجھے جزائے خیر کی دعا دی وہاں سے آنے کے بعد میں کچھ عرصے تک خاموش بیٹھا رہا اس عرصے میں حضرت عثمان نے اہل مصر کے واپس جانے کے بارے میں تقریر کی تھی اور یہ بیان دیا تھا کہ وہ ایک خبر سن کر آئے تھے مگر انہیں اس سے مختلف اطلاع ملی اس لیے وہ واپس لوٹ گئے۔ میں نے چاہا کہ میں آ کر عثمان کو اس بات پر ملامت کروں تاہم میں خاموش رہا۔ پھر کسی نے مجھ سے یہ کہا، کہ حضرت عثمان نے بلا بھیجا تو پتہ چلا کہ انہیں بھی اس کی اطلاع ہو گئی ہے اور وہ لوگ اس وقت ذوخشب کے مقام پر پہنچ گئے تھے۔ حضرت عثمان نے کہا:۔

''اے ابوعبدالرحمن! یہ لوگ پھر آ گئے ہیں ان کے بارے میں تمہاری کیا رائے ہے؟''

میں نے کہا ''بخدا مجھے کوئی علم نہیں ہے تاہم میرا خیال ہے کہ وہ کسی اچھے مقصد کے لیے واپس نہیں آئے ہیں۔''

حضرت عثمان نے کہا ''تم انہیں واپس کر دو۔''

میں نے کہا ''میں یہ نہیں کروں گا۔''

انہوں نے کہا ''کیوں؟''

میں نے کہا ''اس کی وجہ یہ ہے کہ میں نے ان کو اس بات کی ضمانت دی تھی کہ آپ ان کے شکایات کو دور کریں گے مگر آپ نے ان کے سلسلہ میں ایک حرف بھی نہیں کہا۔۔۔۔۔''

پھر یہ لوگ اسواف کے مقام پر اترے اور انہوں نے حضرت عثمان کا محاصرہ کر لیا۔

خط کا انکشاف

میرے پاس عبدالرحمن بن عدیس، سودان بن حمران اپنے دو دوسرے ساتھیوں کے ساتھ آئے اور کہنے لگے ''اے ابوعبدالرحمن! کیا تمہیں معلوم ہے کہ تم نے گفتگو کر کے ہمیں لوٹا دیا تھا تم نے یہ دعویٰ کیا تھا کہ تمہارے ساتھی (عثمان) ہماری شکایت دور کریں گے'' میں نے کہا ہاں، اس کے بعد انہوں نے ایک پرچہ نکال کر کہا:۔

''ہم نے صدقات کے ایک اونٹ پر (حضرت عثمان) کے غلام کو دیکھا جب ہم نے اس کے سامان کی تلاشی لی تو اس میں ہم نے یہ خط پایا جس میں یہ لکھا ہوا تھا۔''

خط کا مضمون

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

امابعد۔جب تمہارے پاس عبدالرحمن بن عدیس آئے تو اسے سو کوڑے مارو اور اس کا سر اور داڑھی منڈوا کر اسے طویل عرصہ تک قید رکھو، تا آنکہ تمہارے پاس میرا دوسرا حکم آئے۔ نیز عمرو بن حمق، سودان حمران اور عروہ بن نباع لیثی کے ساتھ بھی یہی سلوک کرو۔''

میں نے کہا آپ کو یہ کیسے معلوم ہوا کہ حضرت عثمان نے خود یہ خط لکھا ہے انہوں نے کہا تو پھر مروان نے حضرت عثمان کی طرف سے یہ خط لکھا ہوگا اور یہ بات اس سے بھی بدتر ہے اس صورت میں انہیں اس کام سے بریت کا اظہار کرنا چاہیے پھر ان لوگوں نے کہا کہ تم ہمارے ساتھ ان کے پاس چلو، ہم نے حضرت علی سے بھی بات چیت کی ہے اور انہوں نے بھی وعدہ فرمایا ہے کہ وہ ظہر کی نماز کے بعد ان (حضرت عثمان) سے گفتگو کریں گے۔ہم سعد بن ابی وقاص کے پاس بھی گئے تھے تو انہوں نے کہا میں تمہارے معاملے میں کوئی دخل نہیں دوگا۔ہم سعید بن زید کے پاس بھی گئے انہوں نے بھی اسی قسم کا جواب دیا۔

حضرت علیؑ کا وعدہ پورا کرنا

محمد ن مسلمہ نے حضرت علیؑ کے ساتھ نماز پڑھی اور وہ دونوں حضرت عثمان کے پاس گئے۔ان سے کہا یہ اہل مصر دروازے پر ہیں آپ انہیں اندر آنے کی اجازت دیں اس وقت مروان بھی وہاں بیٹھا تھا۔'' آپ مجھے ان سے گفتگو کرنے کی اجازت دیں۔''حضرت عثمان نے کہا تم میرے پاس سے چلے جاؤ تمہارا اس معاملے سے کیا تعلق ہے اس پر مروان چلا گیا اور حضرت علیؑ ان کی طرف متوجہ ہوئے اس وقت تک مصریوں نے انہیں تمام صورتحال سے مطلع کر دیا تھا اور حضرت علیؑ، عثمان کو خط کا مضمون بتا رہے تھے۔حضرت عثمان نے اللہ کی قسم کھا کر یہ کہا نہ تو انہوں نے یہ خط لکھا ہے اور نہ انہیں اس کا کوئی علم ہے نہ ان سے اس بارے میں کبھی مشورہ کیا گیا ہے۔اس پر محمد بن مسلمہ نے کہا'' بخدا آپ سچے ہیں'' مگر یہ مروان کا فعل معلوم ہوتا ہے حضرت علیؑ نے فرمایا۔آپ ان لوگوں کو اندر آنے دیں تا کہ وہ آپ کی معذرت سن لیں انہوں نے حضرت علیؑ سے کہا۔میری آپ سے قرابت اور رشتہ داری ہے بخدا اگر میں اس حلقے میں مقبول ہوتا تو آپ کی مشکل حل کرتا۔لہذا آپ ان کے پاس جائیں اور ان سے گفتگو کریں کیونکہ وہ آپ کی بات سنتے ہیں۔''

حضرت علیؑ نے کہا''میں یہ بات نہیں کروں گا آپ خود انہیں اندر بلوا کر ان کے سامنے معذرت پیش کریں چنانچہ وہ اندر بلوائے گئے جب وہ داخل ہوئے۔۔۔۔۔

ان مصریوں نے گفتگو کے لیے ابن عدیس کو پیش کیا اس نے مصر میں ابن سعد کی حرکتوں کا تذکرہ کیا اور یہ

بتایا کہ وہ مسلمانوں اور ذمیوں دونوں پر ظلم کرتا ہے اور مسلمانوں کے مالِ غنیمت پر خود قبضہ کر لیتا ہے اور جب اس پر کوئی اعتراض کیا جاتا ہے تو وہ یہ کہتا ہے:۔

''مجھے امیر المومنین نے خط میں خود یہی تحریر کیا ہے۔''

بدعات کا تذکرہ

پھر انہوں نے ان باتوں کا تذکرہ کیا جو مدینہ میں رونما ہوئی ہیں اور انہوں (عثمان) نے اپنے دونوں پیش رو خلفاء کی مخالفت کی ہے۔

دو افراد کی ضمانت

ابن عدیس نے مزید کہا پھر ہم مصر سے روانہ ہوئے اس وقت ہمارا مقصد یہ تھا کہ یا تو آپ ان باتوں سے باز آجائیں ورنہ ہم آپ کی جان لیں گے۔ ہمیں حضرت علیؑ اور محمد بن مسلمہ نے واپس کر دیا اور ہمیں اس بات کی ضمانت دی کہ آپ ہماری شکایات رفع کریں گے یہ کہہ کر اہل مصر محمد بن مسلمہ سے مخاطب ہوئے اور پوچھا

''کیا تم نے یہ بات ہم سے کہی تھی؟''

محمد بن مسلمہ نے کہا ہاں۔ اس کے بعد انہوں نے وہ سلسلہ گفتگو جاری رکھا اور کہا پھر ہم اپنے وطن کی طرف جانے لگے تاکہ یہ بات ہمارے لیے حجت رہے جب ہم بویب کے مقام پر پہنچے تو ہم نے آپ کے غلام کو پکڑ کر آپ کا سر بمہر خط عبداللہ بن سعد کے نام کا حاصل کیا جس میں آپ نے اسے حکم دیا تھا کہ ہماری پشت پر کوڑے مارے اور ہمارے بال منڈوا کر طویل عرصہ تک قید میں رکھے اور یہ آپ کا خط موجود ہے۔''

لاعلمی کا اظہار

حضرت عثمان نے حمد و ثنا کے بعد کہا قسم! نہ میں نے یہ خط لکھا نہ میں نے اس کا حکم دیا ہے نہ مجھ سے مشورہ لیا گیا اور نہ مجھے اس کا علم ہے محمد بن مسلمہ اور حضرت علیؑ نے کہا ''آپ سچ کہتے ہیں۔'' اس پر حضرت عثمان کو کچھ سکون ہوا تاہم مصریوں نے پوچھا پھر یہ خط کس نے لکھا ہے۔ حضرت عثمان نے کہا مجھے معلوم نہیں ہے تو انہوں نے کہا پھر کون ایسی جرأت کر سکتا ہے کہ وہ آپ کے غلام کو صدقات کے اونٹ پر سوار کرائے اور آپ کی مہر لگا کر آپ کے حاکم کو اتنی بڑی باتیں لکھے اور آپ کو خبر تک نہ ہو انہوں نے کہا ''ہاں (ایسا ہی ہے)''

معزولی کا مُطالبہ

اس پر ان لوگوں نے کہا ''پھر آپ خلیفہ رہنے کے مستحق نہیں ہیں۔'' حضرت عثمان نے کہا ''(خلافت

کی)اس قمیص کو جو اللہ نے مجھے پہنائی ہے نہیں اتاروں گا۔'' اس پر بہت شور وغل ہونے لگا۔محمد بن مسلمہ کہتا ہے کہ اس وقت میں نے خیال کیا، یہ لوگ حملہ کیے بغیر نہیں نکلیں گے۔اس کے بعد حضرت علیؑ کھڑے ہو گئے تو میں بھی کھڑا ہو گیا اور انہوں نے مصریوں سے کہا کہ یہاں سے نکل جاؤ،اس پر وہ باہر آ گئے میں بھی اپنے گھر چلا گیا اور حضرت علیؑ بھی اپنے گھر چلے گئے۔اس کے بعد ان لوگوں نے محاصرہ کر کے حضرت عثمان کو قتل کر دیا۔

سفیان بن ابی العوجاء کے بیان کے مطابق

انہوں نے یہ بھی کہا'' آپ نے رسول اللہؐ کے صحابہ کرام کو زدوکوب کیا جبکہ انہوں نے آپ کو نصیحت کی اور معترضین کے اعتراضات کے موقع پر حق بات کا فیصلہ کرنے کی ہدایت کی اس لیے جن پر آپ نے ظلم کیا ہے اور انہیں زدوکوب کیا ہے ان کا قصاص اپنے آپ سے لیں۔'' اس پر حضرت عثمان نے کہا'' حاکم غلطی بھی کرتا ہے اور صحیح فیصلہ بھی کرتا ہے اس لیے میں اپنی ذات سے قصاص نہیں لے سکتا۔کیونکہ اگر میں غلطی پر اپنے آپ سے قصاص لینے لگوں تو میرا خاتمہ ہو جائے۔''

وہ کہنے لگے کہ آپ نے ایسی بری باتوں کا ارتکاب کیا ہے جن کی بدولت آپ کو معزول کیا جا سکتا ہے جب آپ سے اس بارے میں گفتگو کی گئی تھی تو آپ نے ان سے توبہ کر لی مگر پھر آپ نے دوبارہ ایسی باتیں کی ہیں ۔پھر ہم آپ کے پاس آئے تھے تو آپ نے توبہ کر لی اور حق کی طرف رجوع کرنے کا وعدہ کر لیا تھا بلکہ محمد بن مسلمہ نے ہمیں آپ کے بارے میں ملامت کی اور آپ کی طرف سے ذمہ داری قبول کی تھی۔مگر آپ نے پھر عہد شکنی کی ہے جس کی وجہ سے اس نے اظہار بریت کیا اور کہا'' اب میں ان کے معاملہ میں دخل نہیں دونگا۔''

اہل مصر اور دوسرے لوگوں کا محاصرہ

اہل مصر روانہ ہو کر'' اسواف'' کے مقام پر پہنچے اور انہوں نے حضرت عثمان کا محاصرہ کر لیا۔حکیم بن جبلہ بصرہ سے کچھ سواروں کو لے کر آیا مالک اشتر بھی اہل کوفہ کے ساتھ آئے اور یہ سب مدینہ پہنچ گئے لیکن مالک اشتر اور حکیم بن جبلہ الگ رہے۔صرف ابن عدیس اور اس کے ساتھیوں نے محاصرہ کیا ہوا تھا جن کی تعداد پانچ سو تھی اور انچاس دنوں تک محاصرہ کیے رہے۔

حضرت عثمان 18 ذی الحجہ 35ھ بروز جمعہ قتل ہوئے۔

قتل کا منصوبہ

عبداللہ بن عباس بن ابی ربیعہ بیان کرتا ہے میں حضرت عثمان کے پاس گیا اور کچھ دیر تک ان سے باتیں کرتا رہا۔حضرت عثمان میرا ہاتھ پکڑ کر دروازے پر لے آئے ہم نے کچھ باتیں سنیں کوئی کہہ رہا تھا'' تم کیا انتظار

کر رہے ہو؟'' کوئی کہہ رہا تھا ''ٹھہرو شاید وہ رجوع کریں۔''

طلحہ کا حکم

میں اور حضرت عثمان کھڑے تھے کہ طلحہ بن عبداللہ وہاں سے گزرے اور وہاں ٹھہر کر پوچھا ''ابن عدیس کہاں ہے؟'' لوگوں نے کہا ''وہ یہ ہیں'' چنانچہ ابن عدیس طلحہ کے پاس آیا تو انہوں نے اس سے کچھ سرگوشی کی پھر ابن عدیس اپنے ساتھیوں کے پاس گیا اور کہا کسی شخص کو اس شخص (عثمان) کے پاس نہ جانے دو اور نہ وہاں سے نکلنے دو اس پر حضرت عثمان نے کہا اس بات کا طلحہ بن عبیداللہ نے حکم دیا ہے۔ اس کے بعد حضرت عثمان نے کہا اے اللہ تو مجھے طلحہ بن عبیداللہ سے بے نیاز کر دے کیونکہ اس نے انہیں بھڑکایا ہے اور انہیں جمع کیا ہے۔ مجھے توقع ہے کہ وہ اس (خلافت) سے خالی جائے گا اور اس کا خون بہایا جائے گا۔ ابن عباس بن ربیعہ کہتا ہے کہ میں نے باہر جانا چاہا تو ان لوگوں نے مجھے روکا یہاں تک کہ محمد بن ابی بکر میرے پاس سے گزرے اور انہوں نے کہا اسے چھوڑ دو، تب انہوں نے مجھے چھوڑ دیا۔

عینی شاہد

عبدالرحمن بن ابزی کا بیان ہے کہ ''میں نے آج وہ جگہ دیکھی جہاں سے یہ لوگ حضرت عثمان کے پاس گئے تھے۔ یہ لوگ عمرو بن حزم کے گھر میں سے ایک تنگ راستہ سے وہاں داخل ہوئے۔ بخدا ہم ابھی تک اس بات کو نہیں بھولے ہیں کہ تھوڑی دیر کے بعد سودان بن حمران نکلا اور کہنے لگا ''طلحہ بن عبیداللہ کہاں ہیں؟'' ہم نے ابن عفان کو قتل کر دیا ہے۔''

خانہ جنگی کا آغاز

ابو دحفصہ یمانی بیان کرتا ہے کہ میں ایک صحرانشیں عرب کا غلام تھا مروان نے مجھے پسند کیا اور اس نے میری بیوی اور لڑکے خرید لیے اور ہم سب کو آزاد کر دیا اور میں ان کے ساتھ رہنے لگا جب حضرت عثمان محصور ہو گئے تو بنی امیہ ان کی حفاظت کرتے تھے اور مروان ان کے گھر میں رہنے لگے میں بھی مروان کے ساتھ تھا۔ فریقین میں میں نے ہی جنگ کو بھڑکایا تھا اور میں نے قبیلہ اسلم کے ایک شخص کو گھر کی چھت سے نشانہ بنا کر قتل کر دیا تھا اس کے نام نیاز اسلمی تھا۔ اس پر جنگ چھڑ گئی میں کوٹھے پر سے اتر کر آیا اور اس کے بعد دروازے پر جنگ چھڑ گئی مروان نے بھی جنگ میں حصہ لیا یہاں تک کہ وہ گر پڑا، میں اسے اٹھا کر ایک بڑھیا کے گھر لے گیا اور وہاں لٹا کر دروازہ بند کر دیا۔

ابو المعتمر حسن کے حوالہ سے بیان کرتا ہے کہ محمد بن ابی بکر حضرت عثمان کے پاس آئے اور ان کی داڑھی پکڑ

لی۔حضرت عثمان نے کہا ''تم نے جس چیز کو پکڑا ہے اور جس طرح میرے ساتھ سلوک کیا ہے (تمہارے والد) ابوبکر اسے نہیں پکڑتے تھے اور نہ میرے ساتھ ایسا سلوک کرتے تھے'' اس پر انہوں نے انہیں چھوڑ دیا اور چلے گئے اس کے بعد ایک شخص عثمان کے پاس آیا جسے ''سیاہ موت'' کہا جاتا تھا اس نے آپ کا گلا گھونٹ دیا اور پھر اسے ہلا کر چلا گیا وہ کہتا ہے میں نے عثمان کے گلے سے زیادہ نرم چیز نہیں دیکھی جب میں نے ان کا گلا گھونٹا تو میں نے محسوس کیا ان کی روح جنات کی روح کی طرح ان کے جسم میں حرکت کر رہی ہے۔

امدادی فوجوں کی اطلاع

سیف کی روایت کے مطابق حضرت عثمان کا محاصرہ چالیس دن رہا اور ان افراد کا قیام ستر دن رہا۔ جب محاصرہ کے اٹھارہ دن گزر گئے تو معزز مسافر آئے اور انہوں نے بتایا کہ مختلف صوبوں سے (امدادی) فوجیں آ رہی ہیں۔شام سے حبیب، مصر سے معاویہ اور کوفہ سے قعقاع (امدادی فوج لے کر) آ رہے ہیں اور مجاشع روانہ ہو گیا ہے جب انہیں یہ خبر ملی تو انہوں نے لوگوں کو حضرت عثمان کے پاس آنے جانے سے روک دیا اور ہر چیز ان کے گھر جانی بند کر دی، البتہ حضرت علیؑ ضرورت کی چیزیں لے کر آ جاتے تھے۔

حضرت علیؑ اور دیگر لوگوں سے تعاون کی اپیل

حضرت عثمان نے آلِ حزم کی طرف جو ان کے پڑوسی تھے متوجہ ہوئے اور عمرو کے فرزند کو حضرت علیؑ کے پاس اس پیغام کے ساتھ بھیجا ''ان لوگوں نے ہم پر پانی بھی بند کر دیا ہے اگر آپ کے لیے ممکن ہو تو تھوڑا سا پانی بھیج دو۔'' طلحہ و زبیر، عائشہ اور دیگر ازواج نبی کی طرف بھی اس قسم کے پیغامات بھیجے۔سب سے پہلے حضرت علیؑ اور ام المومنین ام حبیبہ مدد کے لیے آئیں۔حضرت علیؑ صبح سویرے پہنچے اور فرمایا:۔

حضرت علی کی ملامت

''اے لوگو! تم جو حرکتیں کر رہے ہو وہ نہ مومنوں جیسی ہیں نہ کافروں جیسی، تم اس شخص کی ضروریات بند نہ کرو کیونکہ روم و فارس کے جو لوگ گرفتار کیے جاتے ہیں ان کو بھی کھانا پینا مہیا کیا جاتا ہے۔''

ابو ہریرہ

ابو ہریرہ اس وقت آئے جب لوگ ایک مختصر جماعت کے علاوہ حضرت عثمان کے گھر سے ہٹ رہے تھے یہ جماعت جنگ کر رہی تھی ابو ہریرہ بھی ان کے ساتھ کھڑے ہو گئے اور کہا میں تمہارے لیے نمونہ ہوں اور یہ وہ دن ہے جبکہ جنگ کرنا بہتر ہے۔

گھر میں گھسنا

قباث کنانی نے نیار بن عبداللہ اسلمی کو قتل کر دیا تو پھر یہ لوگ حضرت عثمان کے گھر میں اطراف کے گھروں سے گھس آئے یہاں تک کہ ان سے گھر بھر گیا جو لوگ دروازے پر تھے انہیں محسوس تک بھی نہیں ہوا آخر کار قبائل کے لوگ اپنے بیٹوں کو لے کر آ گئے، کیونکہ ان کا امیر مغلوب ہو چکا تھا۔

قتیرہ اور سودان بن حمران جو قبیلہ سکون سے تعلق رکھتے تھے اور کوفہ کے رہنے والے تھے اس کام (قتل) کے لیے تیار ہوئے۔ان دونوں کے ساتھ غافقی بھی شریک تھا۔غافقی نے ان پر لوہا مارا جو اس کے ساتھ ۔۔۔۔۔۔۔سودان بن حمران بھی عثمان پر تلوار کا وار کرنے کے لیے پہنچا تو نائلہ بنت فرافضہ (حضرت عثمان کی بیوی) اس کے درمیان حائل ہوئی اور اس کی تلوار پکڑ لی، جس سے ان کے ہاتھ کی انگلیاں کٹ گئیں۔

عثمان کا قتل

آخر کار اس نے حضرت عثمان پر تلوار کی ضرب مار کر انہیں قتل کر دیا اس وقت کچھ لوگوں کے ساتھ حضرت عثمان کے غلام بھی پہنچے تا کہ وہ آپ کی مدد کر سکیں جب انہوں نے دیکھا کہ سودان نے آپ پر تلوار کا وار کیا ہے تو کچھ لوگ اس پر حملہ آور ہوئے اور اس کی گردن اڑا کر اسے قتل کر دیا اس پر قتیرہ نے غلام پر حملہ کر کے اسے قتل کر دیا۔

قاتل کا قتل

پھر ان لوگوں نے گھر کو بند کر دیا وہاں تین لاشیں تھیں جب وہ گھر سے نکلے تو حضرت عثمان کے دوسرے غلام نے قتیرہ پر حملہ کر کے اسے قتل کر دیا۔

غم اور خوشی

اس موقع پر دو قسم کے لوگ تھے نیک لوگ ماتم کر رہے تھے اور رو رہے تھے باہر سے آنے والے خوش ہو رہے تھے۔آخر میں یہ لوگ بھی پشیمان ہوئے۔

عبدالرحمن بن محمد کی روایت ہے میں نے ابوعون کو یہ روایت کرتے سنا کہ کنانہ بن بشیر نے عثمان کی پیشانی اوسر کے اگلے حصہ پر لوہے کی سلاخ ماری اس کی وجہ سے وہ پیشانی کے بل گر پڑے۔اس وقت سودان بن حمران مرادی نے تلوار مار کر انہیں قتل کر دیا۔

فوجی امداد قتل کا سبب بنی

ابوعون مولیٰ مسور بن مخرمہ بیان کرتا ہے کہ اہل مصر حضرت عثمان کو قتل کرنا اور جنگ کرنا نہیں چاہتے تھے مگر بصرہ اور کوفہ سے عراقی آئے اور شام سے بھی امداد آئی تو انہوں نے ان (اہل مصر) کی حوصلہ افزائی کی اسی اثناء میں انہیں اطلاع ملی کہ عراق سے حضرت عثمان کی حمایت میں فوجی مہم روانہ ہوگئی ہے اور مصر سے بھی عبداللہ بن سعد نے فوجی امداد بھیجی ہے اس سے پہلے ابن سعد مصر میں نہیں تھا اور وہاں سے بھاگ گیا تھا اور شام پہنچا ہوا تھا۔ اس لیے مصریوں نے کہا کہ:۔

''ہم فوجی امداد کے پہنچنے سے پہلے ان کا خاتمہ کر دیں۔''

باب 22

ابوبشیر عابدی کی روایت ہے کہ حضرت عثمان کی لاش تین دن تک (گھر میں) پڑی رہی، اسے کسی نے دفن نہیں کیا۔ پھر حکیم بن خرام اور جبیر بن مطعم نے حضرت علیؑ سے دفن کرنے کے بارے میں گفتگو کی اور ان سے یہ اجازت طلب کی کہ ان کے گھر والے ان کی لاش کو دفن کر دیں۔ حضرت علیؑ نے اس کی اجازت دے دی۔

تدفین میں رکاوٹ

جب ان (دشمنوں) کو اس کی اطلاع ملی تو وہ پتھر لے کر راستے میں بیٹھ گئے آپ کے اہل وعیال (جنازہ لے کر) نکلے وہ (لاش کو دفن کرنے کیلیے) مدینہ کے ایک باغ کی طرف جا رہے تھے جسے حش کوکب کہتے ہیں کہ یہاں یہودی اپنے مردوں کو دفن کرتے تھے۔

حضرت علیؑ کی بروقت مداخلت

جب وہ جنازہ لے کر وہاں پہنچے تو ان لوگوں نے جنازے پر سنگ باری کی (اور ان کی لاش کو) پھینک دینے کا ارادہ کیا اتنے میں حضرت علیؑ کو یہ اطلاع ملی۔ آپ نے انہیں یہ پیغام بھیجا کہ انہیں (عثمان) کو دفن کرنے دیں چنانچہ وہ باز آئے گئے اور آپ کو حش کوکب میں دفن کر دیا گیا۔

قبرستان میں توسیع

جب معاویہ خلیفہ ہوا تو اس نے اس کی دیوار گرا دینے کا حکم دیا تا کہ اس قبر کا سلسلہ بقیع کے قبرستان کے ساتھ مل جائے۔ معاویہ نے مسلمانوں کو اس بات کا بھی حکم دیا کہ وہ حضرت عثمان کی قبر کے قریب اردگرد اپنے

مردے دفن کریں اور اس طرح ان قبروں کا سلسلہ مسلمانوں کے قبرستان بقیع کے ساتھ مل گیا۔

تدفین کا حال

ابوکرب حضرت عثمان کے عہد میں ان کے بیت المال کا منتظم تھا وہ کہتا ہے، حضرت عثمان مغرب اور عشاء کی نماز کے درمیان دفن ہوئے ان کے جنازے میں مروان بن حکم حضرت عثمان کے تین آزاد کردہ غلام اور ان کی پانچویں بیٹی شریک ہوئیں جب انکی صاحبزادی نے ماتم کے لیے آواز نکالی تو لوگوں نے پتھر اٹھا لیے اور قریب تھا کہ ان کی بیٹی پر پتھر برسائے جاتے کہ وہ لوگ جنازے کو دیوار کی طرف لے گئے اور وہیں دفن کر دیا۔

جنازے کے شرکاء

عبداللہ بن ساعدہ کی روایت ہے کہ حضرت عثمان قتل ہوئے تو ان کی لاش دو راتوں تک وہیں رہی لوگ اسے دفن نہیں کر سکے پھر اس لاش کو ان چار اشخاص نے اٹھایا۔ حکیم بن حزام ۲۔ جبیر بن مطعم ۳۔ نیاز بن مکرم ۴۔ ابوجہم بن حذیفہ۔ جب جنازہ کو رکھا گیا اس پر نماز جنازہ پڑھی جائے تو انصار میں سے کچھ لوگ آئے تا کہ نماز جنازہ پڑھنے سے روکیں ان میں اسلم بن اوس، ابوضیہ مازنی اور چند دیگر حضرات شامل تھے۔ انہوں نے بقیع میں دفن کرنے سے بھی روکا۔ ابوجہم نے کہا انہیں دفن کر دو کیونکہ اللہ اور اس کے فرشتوں نے ان پر نماز جنازہ پڑھی ہے وہ کہنے لگا بخدا انہیں مسلمانوں کے قبرستان میں دفن نہیں ہونے دیا جائے گا۔ اس لیے انہیں حش کوکب میں دفن کیا گیا ہے جب بنی امیہ خلیفہ ہوئے تو انہوں نے اس احاطے کو بقیع کے قبرستان میں شامل کر دیا۔ چنانچہ آجکل یہ احاطہ بنوامیہ کا قبرستان ہے۔

حضرت عثمان پر ماتم

عبداللہ بن موسیٰ مخزومی کی روایت ہے کہ جب حضرت عثمان قتل ہوئے تو انہوں نے ان کا سر کاٹ لینے کا ارادہ کیا اس پر نائلہ اور ام البنین لاش پر گر پڑیں اور انہیں اس کام سے باز رکھا وہ چیخنے اور چلانے لگیں انہوں نے اپنا منہ پیٹ لیا اور کپڑے پھاڑ ڈالے اس پر ابن عدیس نے کہا۔

''انہیں اسی حالت میں چھوڑ دو۔''

چنانچہ غسل دیئے بغیر حضرت عثمان کی لاش بقیع لے گئے انہوں نے چاہا کہ جنازے والی جگہ پر ان کی نماز (جنازہ) پڑھی جائے مگر انصار نے روک دیا جب حضرت عثمان کا جنازہ دروازے پر رکھا گیا تو عمیر بن ضبائی ان کی لاش پر کود کر کہنے لگا تم نے میرے ماں باپ کو قید میں ڈالا اور وہ قید خانے میں مر گیا اس طرح ان کی ایک پسلی بھی ٹوٹ گئی تھی۔ مالک بن ابی عامر کہتا ہے جب حضرت عثمان قتل ہو گئے تو میں بھی ان کا جنازہ اٹھانے والوں سے

تھا ہم ان کے جنازے کو اس قدر جلد لے جا رہے تھے کہ ایک دروازے سے ان کا سر ٹکرایا۔ اس وقت ہم پر اس قدر خوف و دہشت طاری تھی۔ کہ ہم انہیں حش کوکب (یہودیوں کے قبرستان) میں دفن کر دیا۔

شعبی کی روایت ہے کہ:۔ حضرت عثمان رات کے وقت دفن ہوئے مروان بن حکم نے انکی نماز جنازہ پڑھائی اور ان کے پیچھے ان کی صاحبزادی اور نائلہ بنت فرافصہ روتی ہوئی نکلیں۔ جمہور راویوں کا اتفاق ہے کہ حضرت عثمان 18 ذی الحجہ 35ھ عصر کے بعد قتل ہوئے انکی مدت خلافت بارہ سال سے بارہ دن کم تھی اور ان کی عمر بیاسی سال تھی۔ عامر شعبی کی روایت ہے کہ حضرت عثمان اپنے گھر میں بائیس دن تک محصور رہے اور رسول اللہؐ کی وفات کے بعد پچیسویں سال 18 ذی الحجہ کو قتل ہوئے۔

طبری جلد سوم کا حصہ دوئم

باب 1

خلافت امیر المومنین حضرت علیؑ بن ابی طالب

35ھ میں مدینہ منورہ میں حضرت علیؑ کے ہاتھ پر خلافت کی بیعت ہوئی۔

بعض مورخین کی رائے تو یہ ہے کہ صحابہ اکرام نے جمع ہو کر حضرت علیؑ سے بیعت کی درخواست کی لیکن انہوں نے انکار فرمایا۔ جب صحابہ اکرام نے حد سے زیادہ اصرار کیا تو انہوں نے قبول فرمالیا۔

حضرت علیؑ کی بیعت

جعفر بن عبداللہ محمدی نے عمرو بن حماد علی بن حسین، حسین بن ربیعہ عبدالملک بن ابی سلیمان فراری اور سالم بن ابی الجعد کے واسطے سے محمد بن حنفیہ کا یہ قول بیان کیا ہے کہ جس دن حضرت عثمان قتل کیے گئے میں اس دن اپنے والد حضرت علیؑ کے ساتھ تھا جب انہیں عثمان کے قتل کی خبر ملی تو وہ فوراً اپنے گھر سے نکلے اور حضرت عثمان کے گھر پہنچے وہاں رسول اللہؐ کے صحابہ آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور انہوں نے عرض کیا کہ حضرت عثمان قتل ہو گئے ہیں اور لوگوں کے لیے ایک نہ ایک امام کا موجود ہونا ضروری ہے جس کے بغیر چارہ کار نہیں اور آج روئے زمین پر ہم آپ سے زیادہ کسی کو اس کا حق دار نہیں پاتے نہ تو آج کوئی ایسا شخص موجود ہے جو اسلام میں آپ پر سبقت رکھتا ہو اور نہ کوئی ایسا فرد موجود ہے جسے آپ سے زیادہ نبی کریمؐ کا قرب اور آپ سے زیادہ رشتہ داری حاصل ہو (تو کیا اس سے پہلے کوئی تھا، حیف ہے) اس لیے یہ بار آپ اپنے کاندھوں پر اٹھایئے اور لوگوں کو اس بے چینی اور پریشانی سے نجات دلایئے۔

حضرت علیؑ نے فرمایا ''بہتر یہ ہے کہ تم کسی اور کو اپنا امیر بنالو''۔۔۔۔۔۔۔۔صحابہ کرام نے عرض کیا ''خدا کی قسم! ہم آپ کے علاوہ کسی کی بیعت کے لیے تیار نہیں ہیں۔''

حضرت علیؑ نے فرمایا ''جب تم مجھے مجبور کر رہے تو بہتر یہ ہے ہ بیعت مسجد (نبوی) میں ہونا چاہیے تا کہ لوگوں پر میری بیعت مخفی نہ رہے۔'' عبداللہ بن عباس کہا کرتے تھے کہ مجھے حضرت علیؑ کا مسجد میں جانا بہتر معلوم نہیں ہوا۔ کیونکہ مجھے خوف تھا کہ لوگ ان کے خلاف شور نہ مچائیں۔ لیکن حضرت علیؑ نے میری بات قبول نہ فرمائی اور مسجد تشریف لے گئے وہاں تمام مہاجرین وانصار نے جمع ہو کر آپ کی بیعت کی، اور ان کے بعد دوسرے لوگوں

نے حضرت علیؑ کی بیعت کی۔

بیت المال کے بارے میں حضرت علیؑ کی روش

جعفر بن عبداللہ محمدی نے عمرو بن حماد، علی بن حسین، حسین عن ابیہ اور ابومیمونہ کے واسطے سے ابوبشیر عابدی کا بیان ذکر کیا ہے کہ جب حضرت عثمان قتل ہو گئے تو میں مدینہ میں موجود تھا مہاجرین وانصار جمع ہو کر جن میں طلحہ اور زبیر تھے حضرت علیؑ کی خدمت میں پہنچے اور عرض کی ''اے ابوالحسنؑ! اپنا ہاتھ بڑھایئے ہم آپ کی بیعت کریں حضرت علیؑ نے جواب دیا مجھے خلافت کی کوئی حاجت وضرورت نہیں تم جسے بھی خلیفہ بنانا چاہو میں خوش ہوں اور اس میں تمہارے ساتھ ہوں۔

مہاجرین وانصار نے جواب دیا:۔

''ہم آپ کے علاوہ کسی کو خلیفہ بنانے کے لیے تیار نہیں ہیں۔''

الغرض قتل عثمان کے بعد مہاجرین وانصار حضرت علیؑ کی خدمت میں بار بار حاضر ہوتے رہے اور انہیں خلافت قبول کرنے پر مجبور کرتے رہے حتیٰ کہ ان مہاجرین وانصار نے ایک بار یہاں تک کہا کہ خلافت کے بغیر معاملات طے نہیں پا سکتے اور آپ کے ٹال مٹول سے معاملہ طویل سے طویل تر ہوتا جا رہا ہے۔ حضرت علیؑ نے فرمایا

''چونکہ تم مجھے بار بار آ کر مجبور کر رہے ہو تو میں بھی تم سے ایک بات کہنا چاہتا ہوں اگر تم میری بات قبول کرو گے تو میں خلافت قبول کروں گا ورنہ مجھے خلافت کی کوئی ضرورت نہیں۔''

مہاجرین وانصار نے وعدہ کیا کہ آپ جو کچھ بھی حکم دیں گے ہم انشاءاللہ اسے ضرور قبول کریں گے یہ وعدہ لے کر حضرت علیؑ مسجد میں تشریف لائے اور منبر پر بیٹھے لوگ آپ کے اردگرد جمع ہو گئے آپ نے ان سے مخاطب ہو کر فرمایا:۔

''میں نے تمہاری اس خلافت کا بار مجبور ہو کر قبول کیا ہے کیونکہ تم لوگوں نے مجھ کو اس پر انتہائی مجبور کر دیا ہے اور میرے پاس اس کے علاوہ کوئی چارکار باقی نہ رہا کہ میں تمہاری درخواست کو قبول کر لوں۔''

''اب میری شرط صرف یہ ہے کہ تمہارے خزانوں کی چابیاں اگرچہ میرے قبضہ میں ہوں گی لیکن میں تمہاری رضامندی کے بغیر اس میں سے ایک درہم بھی نہ لوں گا۔'' صحابہ کرام نے یہ بات قبول کر لی حضرت علیؑ نے ان کا جواب سن کر فرمایا ''اے اللہ! تو ان پر گواہ رہ'' اس کے بعد حضرت علیؑ نے لوگوں سے بیعت لی۔

ابوبشیر کہتا ہے کہ میں رسول اللہؐ کے منبر کے پاس کھڑا تھا اور حضرت علیؑ کا خطبہ سن رہا تھا۔

پہلی بدفالی

عمرو بن شعبہ نے علی بن محمد کے ذریعہ ابوبکر ہذلی سے ابوالملیح کا یہ بیان ذکر کیا ہے کہ حضرت عثمان مارے گئے تو حضرت علی بازار تشریف لے گئے اور یہ واقعہ اٹھارہ ذی الحجہ بروز ہفتہ پیش آیا لوگ ان کے پیچھے لگ گئے اور انہیں دیکھنے لگے۔ تو حضرت علیؑ نے بنوعمرو بن مبذول کے باغ میں داخل ہوکر ابوعمرو بن عمرو بن محض سے فرمایا کہ دروازہ بند کردو لوگ باغ کے دروازے پر پہنچے اور دروازہ کھٹکھٹایا۔ مجبوراً دروازہ کھول دیا گیا اور لوگ اندر داخل ہوئے اور لوگوں میں طلحہ و زبیر بھی تھے، ان دونوں نے حضرت علیؑ سے کہا۔

''اے علی! اپنا ہاتھ بڑھاؤ۔''

حضرت علیؑ نے ہاتھ آگے بڑھایا تو طلحہ اور زبیر نے آپ کی بیعت کی۔ جب طلحہ نے آپ کی بیعت کی تو حبیب بن ذویب آپ کو دیکھ رہا تھا اور چونکہ سب سے پہلے طلحہ نے بیعت کی تھی اس لیے حبیب نے کہا جس بیعت کی ابتداء کٹے ہاتھ سے ہوئی وہ کبھی مکمل نہیں ہوسکتی۔ اس کے بعد حضرت علی مسجد میں تشریف لائے اور منبر پر گئے اس وقت حضرت علی ایک تہہ باندھے اور چوغہ پہنے ہوئے تھے۔ سر پر خز کا عمامہ تھا اور پاؤں میں چپل تھی۔ ہاتھ میں ایک کمان تھی جس پر ٹیک لگائے ہوئے تھے لوگوں نے آپ کی بیعت کی۔

بعض لوگوں کا بیعت سے گریز

عمرو بن وعبہ نے ابوالحسن اور بنو ہاشم کے ایک بزرگ کے واسطے سے عبداللہ بن حسن سے ذکر کیا ہے کہ جب حضرت عثمان قتل کر دیئے گئے تو آپ کے تمام انصار نے بیعت کی البتہ معدودے چند افراد نے اس کی گریز کیا جن میں حسان بن ثابت، کعب بن مالک، مسلمہ بن مخلد، ابوسعید خدری، محمد بن مسلمہ، نعمان بن بشیر، زید بن ثابت، رافع دبن خدیج، فضالہ بن عبید اور کعب بن عجرہ تھے۔ یہ سب کے سب عثمانی تھے۔ کسی نے عبداللہ بن حسن سے سوال کیا ان لوگوں نے حضرت علی کی بیعت سے کیوں انکار کیا اور یہ لوگ عثمانی کس طرح ہوئے۔ عبداللہ بن حسن نے جواب دیا واقعہ یہ تھا کہ حسان تو ایک شاعر تھا جسے یہ خبر بھی نہ تھی کہ اسے کیا کرنا چاہیے۔ جہاں تک زید بن ثابت کا تعلق ہے تو اسے عثمان نے قضاوت وفیصلہ کا ذمہ دار بنایا تھا اور بیت المال بھی اس کے سپرد تھا جب عثمان کو محصور کیا گیا تو اس نے دوبار یہ اعلان کیا کہ اے معشر انصار! تم اللہ کے مددگار بن جاؤ۔ جس پر ابوایوب انصاری نے اسے جواب دیا کہ تو تو عثمان کی اس لیے مدد کر رہا ہے کہ تیرے بازو مضبوط ہوجائیں۔ رہا کعب بن مالک تو اسے عثمان نے قبیلہ مزینہ کے صدقات کا عامل بنایا تھا اس نے مزینہ سے جو صدقات وصول کیے تھے وہ عثمان نے اس کے لیے چھوڑ دیئے تھے زہری کا قول ہے کہ ایک جماعت شام کی طرف بھاگ کر چلی گئی تھی اور اس نے حضرت علیؑ کی بیعت نہیں کی تھی۔

بنوامیہ کا مدینہ سے فرار

مجھے سری نے شعیب، ابوحارثہ اور ابوعثمان کے حوالہ سے تحریراً اس بات کی اطلاع دی ہے کہ جب حضرت عثمان غنی کے قتل کو پانچ دن گزر گئے اور جمعرات کا دن ہوا یعنی 24 ذی الحجہ۔ تو اہل مدینہ یک جا جمع ہوئے بنوامیہ میں سے جو لوگ بھاگنے کی قدرت رکھتے تھے وہ مدینہ سے بھاگ گئے تھے اور ولید بن عقبہ اور سعید بن عاص بھاگ کر مکہ چلے گئے تھے۔ یہ دونوں سب سے پہلے بھاگے تھے ان لوگوں کے بعد مروان فرار ہوا پھر یکے بعد دیگرے (عثمانی) لوگ فرار ہوتے رہے۔ جب اہل مدینہ جمع ہو گئے تو اہل مصر نے ان سے کہا تم لوگ اصحاب شوریٰ ہو اور تم ہی لوگ خلیفہ کا انتخاب کر سکتے ہو تم جسے مناسب سمجھو اسے منتخب کر لو ہم تمہارے تابع ہیں۔ تمام اہل مدینہ نے جواب دیا۔

''ہم سب حضرت علیؑ پر راضی ہیں۔''

اہل مدینہ حضرت علیؑ کے پاس جمع ہوئے اور ان سے عرض کیا ہم آپ کی بیعت کے لیے تیار ہیں کیونکہ آپ نے اسلام کی خاطر مصائب برداشت کیے اور آپ ذوی القربیٰ میں شامل ہیں۔ حضرت علیؑ نے فرمایا: ''بہتر یہ ہے کہ تم میرے علاوہ کسی اور کو خلیفہ بنالو کیونکہ روز بروز ہمیں ایسے واقعات پیش آ رہے ہیں کہ جن میں نہ تو دل ثابت قدم رہ سکتے ہیں اور نہ عقلیں قائم رہ سکتی ہیں۔''

اہل مدینہ نے عرض کیا ''ہم آپ کو خدا کی قسم دیتے ہیں کیا آپ حالات نہیں دیکھ رہے کیا آپ اسلام کی تباہی پر غور نہیں کرتے، کیا آپ ان فتنوں کو نہیں دیکھتے، کیا آپ خوف خدا نہیں رکھتے؟'' حضرت علیؑ نے فرمایا میں جن فتنوں کو دیکھ رہا ہوں خود بھی انہیں قبول کر لوں اور جان بوجھ کر میں بھی تمہارے ساتھ ان فتنوں میں مبتلا ہو جاؤں، اگر تم مجھے تنہا چھوڑ دو گے تو میں تمہاری طرح کا ایک انسان ہوں اور (شاید) جسے بھی تم اپنا امیر بناؤ میں اس کا سب سے زیادہ مطیع اور تم سب سے زیادہ اس کا حکم سنوں گا۔'' یہ سن کر اہل مدینہ اٹھ کر چلے گئے اور اگلے روز فیصلہ کی تاریخ معین کی۔۔۔۔۔۔۔ جب جمعہ کا دن آیا تو سب لوگ مسجد میں جمع ہوئے، حضرت علیؑ تشریف لائے اور منبر پر جا کر فرمایا، ''اے لوگوں! (تمہارے دستور کے مطابق) اس کام کا وہی حقدار ہے جسے تم منتخب کرو۔ گزشتہ کل تم نے اور ہم نے ایک فیصلہ کیا تھا اب اگر تم چاہو تو میں اس کام کی ذمہ داری سنبھال لوں ورنہ میری کسی پر کوئی زبردستی نہیں۔

لوگوں نے جواب دیا

''ہم نے کل جو فیصلہ کیا تھا ہم اس پر قائم ہیں۔''

باب 2
نفاذ خلافت

حضرت علیؑ کا پہلا خطبہ

حضرت علیؑ کی بیعت جمعہ کے دن ہوئی اس وقت ماہ ذی الحجہ کے ختم ہونے میں پانچ دن باقی تھے لوگ عثمان کے قتل کے بعد دن گن رہے تھے خلافت قبول کرنے کے بعد حضرت علیؑ نے خطبہ دیا۔علیؑ بن حسینؑ کہا کرتے تھے کہ حضرت علیؑ نے خلافت قبول کرنے کے بعد جو سب سے پہلا خطبہ دیا اس میں خدا کی حمد وثنا کے بعد فرمایا:۔

''اللہ عزوجل نے ایسی کتاب نازل فرمائی جو لوگوں کو ہدایت کرنے والی ہے اس کتاب میں ہر قسم کے خیر وشر کو بیان فرمایا۔اب تمہیں چاہیے کہ تم خیر کو قبول کرو اور شر کو چھوڑو،اللہ سبحانہ تعالیٰ کے فرائض ادا کرو۔وہ تمہیں جنت میں داخل فرمائے گا ۔اللہ تعالیٰ نے بہت سے امور حرام فرمائے ہیں جو قطعاً ڈھکے چھپے نہیں ہیں اور تمام حرام کاموں میں سے زیادہ مسلمانوں کا خون حرام فرمایا ہے اس نے مسلمانوں کے ساتھ اخلاص اور باہم متحد رہنے کا حکم فرمایا ہے۔مسلم وہی ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے لوگ محفوظ رہیں سوائے اس صورت کے کہ اللہ تعالیٰ نے اس کی ایذا دہی کا حکم دیا ہو۔تم موت آنے سے پہلے عام اور خاص سب احکام پر عمل کرلو کیونکہ لوگ تو تمہارے سامنے موجود ہیں اور موت تمہیں گھیرتی چلی آرہی ہے ۔تم گناہوں سے ہلکے ہوکر موت سے ملو،لوگ تو ایک دوسرے کا انتظار ہی میں ہیں تم لوگ اللہ کے بندوں اور اس کے شہروں کی بربادی کے معاملہ میں اللہ سے ڈرو،کیونکہ تم سے اس کا ضرور سوال کیا جائے گا۔حتیٰ کہ چوپایوں اور گھاس پوس کے بارے میں بھی تم سے سوال ہوگا،اللہ کی اطاعت کرو،اس کی نافرمانی نہ کرو،جو بھی تمہیں خیر نظر آئے اسے قبول کرو اور جو برائی دیکھو اسے چھوڑ دو اس وقت کو یاد کرو جب تم لوگ تھوڑی تعداد میں تھے اور زمین میں کمزور تھے۔''

ابن عباس کی حج سے واپسی

حضرت عبداللہ بن عباس کہا کرتے تھے کہ مجھے حضرت عثمان نے طلب کیا اور امیر حج بنایا یعنی ان کے قتل والے سال میں مکہ گیا لوگوں کو حج کرایا اور لوگوں کے سامنے حضرت عثمان کا خطبہ پڑھ کر سنایا حج سے فراغت کے بعد مدینہ واپس آیا تو حضرت علیؑ کی بیعت ہو چکی تھی اس لیے میں ان کے گھر پہنچا۔

حضرت علیؑ کا مغیرہ کی رائے قبول کرنے سے انکار

حضرت علیؑ کے پاس اس وقت مغیرہ بن شعبہ تھا جس کی وجہ سے میں باہر رکا رہا۔ جب مغیرہ باہر نکلا تو میں اندر گیا۔ حضرت علیؑ نے سوال کیا کہ مغیرہ آپ سے کیا کہہ رہا تھا۔ حضرت علیؑ نے فرمایا ''اس سے پہلے اس نے مجھے یہ کہا تھا کہ آپ عبداللہ بن عامر، معاویہ اور حضرت عثمان کے دوسرے عاملوں اور گورنروں کو ان کے عہدوں پر برقرار رکھیے اس طرح سب لوگ آپ کی بیعت کر لیں گے اور تمام مقامات پر سکون و اطمینان پیدا ہو جائے گا نیز لوگ اپنی اپنی جگہ پر جا کر اطمینان سے ٹھہر جائیں گے۔'' ''میں نے اس بات سے انکار کیا اور اسے یہ جواب دیا خدا کی قسم اگر مجھے دن کی ایک گھڑی بھی ایسی حاصل ہو جائے جس میں میں اپنی رائے پر عمل کر سکوں تو میں انہیں اور ان جیسے لوگوں کو ایک لمحہ کے لیے بھی والی اور کرندہ رکھنے کے لیے تیار نہیں ہوں۔ میری یہ بات سن کر مغیرہ چلا گیا اور مجھے اس کے چہرے سے صاف نظر آ رہا تھا کہ وہ مجھے غلطی پر سمجھ رہا ہے اس وقت یہ میرے پاس دوبارہ آیا ہے اور کہنے لگا اس سے پہلے میں نے آپ کو مشورہ دیا تھا جسے آپ نے قبول نہیں کیا تھا لیکن غور کرنے کے بعد میں اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ آپ کی رائے صائب اور درست ہے آپ ان سب کو ان کے عہدوں سے برطرف کر دیں اور جس پر آپ مطمئن ہوں اسے عامل بنائیں، جتنی ان کی شان و شوکت پہلے تھی اب اتنی نہیں ہے۔''

حضرت علیؑ اور ابن عباس کا مکالمہ

ابن عباس کہتے ہیں کہ میں نے حضرت علیؑ سے کہا پہلی مرتبہ مغیرہ نے آپ کے ساتھ خیر خواہی کی تھی، اور دوسری مرتبہ آپ کو دھوکہ دیا۔

حضرت علیؑ:۔ ''تم مجھے نصیحت نہ کرو۔''

ابن عباس:۔ ''آپ جانتے ہیں کہ معاویہ اور اس کے ساتھی دنیا دار ہیں اگر آپ انہیں ان کے عہدوں پر قائم رکھیں گے تو پھر انہیں اس کی کوئی پرواہ نہ ہوگی کہ خلیفہ وقت کون ہے؟ اگر آپ انہیں معزول کر دیں گے تو پھر وہ کہیں گے کہ خلافت بغیر مشورے کے قائم ہوئی ہے اور اس خلیفہ نے حضرت عثمان کو قتل کیا ہے اس طرح آپ کی مخالفت پر آمادہ ہو جائیں گے اور اہل عراق آپ کے باغی بن جائیں گے۔ دوسری طرف سے میں طلحہ اور زبیر سے

مطمئن نہیں ہوں۔ کہیں وہ آپ پر حملہ نہ کر بیٹھیں۔''

حضرت علیؑ:۔ ''تم نے جو یہ کہا ہے کہ میں ان عہدے داروں کو ان کے عہدوں پر قائم رکھوں تو خدا کی قسم اس میں کوئی شک وشبہ نہیں کہ دنیا کی اصلاح کے لیے یہی بہترین تدبیر ہے لیکن جہاں تک حق اور ان امور کا تعلق ہے جس کے عثمانی عہدے دار مرتکب ہو رہے ہیں اور جن کا مجھے علم ہے تو یہ امور مجھے مجبور کرتے ہیں کہ میں ان میں سے کسی کو بھی کوئی عہدہ نہ دوں اگر برطرفی کے باوجود یہ میری خلافت قبول کر لیں تو یہ ان کے لیے بہتر ہے اور اگر یہ اس سے انحراف کریں تو میں تلوار نیام سے نکال لوں گا۔''

ابنِ عباس:۔ ''تو میری ایک اور رائے تسلیم کیجئے آپ مینبع اپنی زمین پر چلے جائیں اور اپنے گھر کا دروازہ بند کر کے بیٹھ جایئے، کیونکہ عرب پریشان اور مضطرب ہونے کے بعد آپ ہی کے پاس آئیں گے آپ کے علاوہ انہیں کوئی ایسا دوسرا شخص نظر نہ آئے گا جو خلافت کا بار سنبھال سکے اور اگر آپ نے آج ان کا ساتھ دے کر معاویہ وغیرہ پر لشکر کشی کی تو خدا کی قسم کل تمام لوگ عثمان کے خون کی ذمہ داری آپ کے سر ڈال دیں گے۔''

حضرت علیؑ:۔ ''میں یہ بھی نہیں کر سکتا، تم شام جاؤ میں تمہیں وہاں کا عامل بناتا ہوں۔''

ابن عباس:۔ ''وہاں معاویہ موجود ہے جو خاندان بنوامیہ سے تعلق رکھتا ہے اور حضرت عثمان کا چچازاد بھائی ہے جب میں وہاں پہنچوں گا تو وہ عثمان کے خون کے قصاص میں میری گردن اتار لے گا اگر وہ ایسا نہ بھی کرے تو کم از کم مجھے قید ضرور کر دے گا اور میرے خلاف کوئی نہ کوئی حکم صادر کرے گا۔''

حضرت علیؑ:۔ ''میری اور تیری جو قرابت ہے تم نے اسے کیوں نظر انداز کر دیا تم پر جو شخص بھی حملہ آور ہو گا، وہ دراصل مجھ پر حملہ آور ہے۔''

ابن عباس:۔ ''آپ معاویہ کے نام خط تحریر کیجئے اور اس کے ساتھ کچھ وعدے کیجئے اور اس پر احسانات کیجئے۔''

حضرت علیؑ:۔ ''خدا کی قسم! میں یہ کام ہرگز نہیں کر سکتا۔''

طلحہ وزبیر اور قتل عثمان

ابن عباس کہتے ہیں حضرت علیؑ نے مجھ سے دریافت کیا کہ کیا تم زبیر اور طلحہ سے ملے ہو۔ میں نے عرض کی میری اور ان کی ملاقات تو اصف میں ہوئی تھی۔ آپ نے سوال کیا ان کے ساتھ کون کون لوگ تھے؟ میں نے جواب دیا کہ ابوسعید بن حارث بن ہشام اور قریش کی ایک جماعت تھی۔ حضرت علیؑ نے فرمایا یہ لوگ یہاں سے بھاگنے سے ہرگز باز نہ آئیں گے اور کچھ دنوں کے بعد یہ دعویٰ کریں گے کہ ہم حضرت عثمان کا قصاص چاہتے ہیں اور خدا کی قسم ہم یہ خوب جانتے ہیں کہ یہی لوگ عثمان کے قاتل ہیں۔''

باب 3

معاویہ کے نام خط

حضرت علیؑ نے معاویہ کے پاس سبرۃ الجہنی کو قاصد بنا کر بھیجا یہ اس کے پاس گیا اور حضرت علیؑ کا خط دیا لیکن معاویہ نے خط کا کوئی جواب نہ دیا کئی روز بعد قاصد کو واپس روانہ کر دیا۔ جب عثمان کے قتل کو تیسرا مہینہ شروع ہوا یعنی ہوا یعنی صفر کا مہینہ تو معاویہ نے بنوعبس کے ایک شخص اور بنو رواحہ کے ایک آدمی کو طلب کیا کہ جس کا نام قبیصہ تھا اور ایک دفتر اس کے سپرد کیا جس کا عنوان تھا

''معاویہ کی طرف سے علیؑ کو جواب''

اس پر مہر لگی ہوئی تھی قبیصہ کو یہ دفتر دے کر معاویہ نے حکم دیا کہ جب تم مدینہ پہنچو تو نیچے کا کاغذ کھول لینا پھر اسے کچھ باتیں سکھائیں کہ مدینہ پہنچ کر لوگوں سے ایسے ایسے کہنا۔ حضرت علیؑ کا قاصد بھی واپس ہوا اور معاویہ کے قاصد بھی مدینہ کو چلے جب معاویہ کے قاصد مدینہ پہنچے تو عبسی نے اس طرح کاغذات کھول لیے جس طرح معاویہ نے حکم دیا تھا۔ لوگوں نے ان کاغذات کو دیکھنا شروع کیا اور اسے دیکھ کر اپنے اپنے گھروں کو جانے لگے سب کو یہ معلوم ہو گیا کہ معاویہ اس خلافت پر معترض ہے قاصد اسی طرح آگے بڑھتا ہوا حضرت علیؑ کے پاس پہنچا اور وہ کاغذات کا پلندہ انہیں دیا انہوں نے مہر توڑی تو اس میں کچھ بھی تحریر نہیں تھا۔ حضرت علیؑ نے دریافت کیا ''تم اپنے پیچھے کیا حالات چھوڑ آئے ہو۔ قاصد نے کہا کیا مجھے امان دیتے ہیں؟ حضرت علیؑ نے فرمایا'' قاصد کو امان حاصل ہوتی ہے انہیں قتل نہیں کیا جاتا۔'' قاصد نے کہا میں اپنے پیچھے ایسی قوم چھوڑ کر آیا ہوں جو قصاص کے علاوہ کسی دوسری بات پر راضی نہیں۔

حضرت علیؑ نے کہا'' آخر وہ کس سے قصاص چاہتے ہیں؟'' قاصد نے کہا'' آپ سے، میں ستر ہزار بوڑھوں کو عثمان کے قمیص کے نیچے روتا چھوڑ کر آیا ہوں جو انہوں نے دمشق کی جامع مسجد کے منبر پر لٹکا رکھی ہے۔''

حضرت علیؑ نے فرمایا۔'' تم مجھ سے عثمان کے خون کا بدلہ طلب کر رہے ہو۔ اے اللہ میں عثمان کے خون سے تیرے سامنے براءت ظاہر کرتا ہوں۔ خدا کی قسم اب قاتلیں عثمان بچ جائیں گے یہ دوسری بات ہے کہ کسی کی قضا آ گئی ہو۔۔۔۔۔

طلحہ اور زبیر کا اجازت لینا

طلحہ اور زبیر نے حضرت علیؑ سے عمرے کی اجازت طلب کی حضرت علیؑ نے انہیں اجازت دے دی اور یہ دونوں مکہ پہنچ گئے۔

حضرت علیؑ کا خطبہ

اللہ تعالیٰ نے اس امت کے ظالم کے لیے عفو و مغفرت کا وعدہ فرمایا ہے اور ان لوگوں کے لیے جو دین کو لازم پکڑے رہیں اور اس پر استقامت اختیار کریں کامیابی اور نجات کا وعدہ کیا ہے جو شخص حق پر نہیں چل سکتا وہ باطل کو ضرور اختیار کر کے رہے گا خبردار زبیر اور طلحہ اور عائشہ میری امارت کی مخالفت پر آمادہ ہیں اور لوگوں کو اصلاح کی دعوت دے رہے ہیں میں ان حالات پر صبر کروں گا کیونکہ مجھے تمہاری جماعت کی جانب سے کوئی خوف نہیں اگر وہ جنگ سے گریز کریں گے تو میں بھی جنگ سے گریز کروں گا اور ان کی باتیں سن کر صبر کروں گا ۔پھر حضرت علیؑ کے پاس خبر پہنچی کہ طلحہ وزبیر وغیرہ بصرہ کی جانب بڑھ رہے ہیں تا کہ لوگوں کے حالات دیکھ کر ان کی اصلاح کریں ۔حضرت علیؑ نے لوگوں کو ان کی جانب بڑھنے کا حکم دیا۔اور فرمایا انہوں نے وہ کام شروع کیا ہے کہ جس سے نظام اسلام ختم ہو گیا ہے اور ان حالات میں ہم ان سے کوئی نرمی اختیار نہیں کر سکتے اور لوگوں پر کوئی زبردستی نہیں ہے یہ اعلان جنگ اہل مدینہ پر شاق گزرا۔

اخضر اور بی بی عائشہ

حضرت عائشہ جب حج کے ارادہ سے مدینہ سے چلی تھیں تو حضرت عثمان اس وقت محصور تھے مکہ میں ان کے پاس ایک شخص اخضر نامی پہنچا حضرت عائشہ نے اس سے دریافت کیا،لوگوں نے کیا کیا؟ اخضر نے کہا عثمان نے سب مصریوں کو قتل کرادیا،حضرت عائشہ نے کہا ''انا للہ وانا الیہ راجعون'' کیا اس قوم کو قتل کیا جا سکتا ہے جو حق طلب کرنے کے لیے آئی ہو؟ اور ظلم کی منکر ہو،خدا کی قسم عثمان کے اس فعل سے ہرگز خوش نہیں ہیں۔

اس کے بعد مدینہ سے ایک اور شخص مکہ پہنچا حضرت عائشہ نے اس سوال کیا لوگوں نے کیا کیا؟ شخص مذکور نے کہا مصریوں نے حضرت عثمان کو قتل کر دیا حضرت عائشہ نے کہا اخضر پر بہت ہی تعجب ہے جس نے مقتول کو قاتل اور قاتل کو مقتول بنا دیا۔

قصاص عثمان کی تیاریاں

حضرت عثمان کے قتل کے بعد حضرت عائشہ مکہ سے مدینہ کی طرف چلیں تو راستے میں ان کی ننہال کا ایک شخص ملا انہوں نے اس سے دریافت کیا کہ تم اپنے پیچھے کیا حالات چھوڑ آئے ہو شخص مذکور نے کہا حضرت عثمان قتل ہو گئے ہیں لوگوں نے حضرت علیؑ کی بیعت کر لی ہے اور چاروں طرف ایک ہنگامہ برپا ہے حضرت عائشہ نے کہا مجھے تو یہ بیعت مکمل ہوتی ہوئی نظر نہیں آتی مجھے مکہ واپس لے چلو جب واپس آئیں تو عبداللہ بن عامر حضرمی جو عثمان کی طرف سے مکہ کا گورنر تھا ان کے پاس آیا اور دریافت کیا کہ ام المومنین کس لیے واپس تشریف لے آئیں تو عائشہ

نے کہا میں اس لیے واپس آئی ہوں کہ عثمان مظلوم مارے گئے ہیں اور اب یہ فتنہ ختم ہونے والا نہیں اس شر و شر کو ختم کرنے کے لیے ایک اور کام کی ضرورت ہے تم حضرت عثمان کے خون کا مطالبہ کر کے اسلام کو عزت بخشو۔ اس طرح بی بی عائشہ کی آواز پر سب سے پہلے لبیک کہنے والا عبداللہ بن عامر حضرمی تھا اسی طرح بنوامیہ نے حجاز میں خلافت علیؑ سے اختلاف کیا اور مخالفت میں سر اٹھانے شروع کیے۔ ان کے ساتھ وعید بن عاص، ولید بن عقبہ اور سارے بنوامیہ تھے۔ عبداللہ بن عامر اموی بصرہ سے آ کر اور یعلی بن امیہ یمن سے آ کر ان کے ساتھ شامل ہو گیا بعد میں طلحہ و زبیر بھی مدینہ سے آ کر اس جماعت میں شامل ہو گئے اور کافی غور و فکر کے بعد سب نے اس بات پر اتفاق کیا کہ انہیں بصرہ جانا چاہیے۔ بی بی عائشہ نے ان سے خطاب کیا:۔

> ''اے لوگو! یہ بہت زبردست حادثہ پیش آیا ہے اور انتہائی برا کام ہوا ہے، تم اپنے بھائیوں کے ساتھ بصرہ چلو تا کہ وہ بھی اس انکار میں شامل ہو جائیں اور تمہارے لیے اہل شام اور جو لوگ ان کے ساتھ ہیں بہت کافی ہیں۔ شاید اللہ عزوجل تمہیں عثمان کے قصاص لینے کی توفیق عطا فرمائے اور عثمان کو نیک اجر دے۔''

سب سے پہلے بی بی عائشہ کی بات قبول کرنے والے عبداللہ بن عامر اور بنوامیہ تھے۔ یہ لوگ عثمان کے قتل کے فوراً بعد حضرت عائشہ کے پاس پہنچ گئے تھے پھر عبداللہ بن عامر اموی پہنچا۔ پھر یعلی بن امیہ دونوں مکہ جا کر ملے اور یعلی کے ساتھ چھ سو اونٹ اور چھ لاکھ درہم تھے ان لوگوں نے ابطح میں ڈیرہ ڈالا انہیں کے ساتھ طلحہ و زبیر بھی عائشہ کے پاس پہنچے۔

جماعت کی رائے تھی کہ شام چلنا چاہیے عبداللہ بن عامر نے کہا تھا تمہاری امداد شام ہی کر سکتا ہے وہ تو علیؑ کے جگر میں ہی گھس جائے گا۔ طلحہ و زبیر نے کہا کہ بصرہ چلنا چاہیے (کافی بحث کے بعد) سب نے بصرہ چلنے پر اتفاق کر لیا۔ جب ان لوگوں نے بی بی عائشہ کے سامنے یہ بات پیش کی اور واقع میں یہ جماعت انہیں کے دم سے قائم تھی۔

عائشہ نے اس بات کو قبول کر لیا۔

باقی ازواج نبیؐ بھی عائشہ کے ساتھ مدینہ جانے کے ارادہ سے تھیں۔ جب انہیں یہ معلوم ہوا کہ بی بی عائشہ تو بصرہ چلی ہیں۔ تو انہوں نے عائشہ کا ساتھ چھوڑ دیا۔ جب تمام مشورے طے پا چکے اور کوچ کے علاوہ کسی قسم کا مشورہ باقی نہ رہا تو جماعت نے یہ سوال اٹھایا کہ کوچ کس طرح کیا جا سکتا ہے؟ کیونکہ ہمارے پاس تو مال موجود نہیں ہے جس سے ہم لوگوں کو تیار کر سکیں۔

یعلی بن امیر نے کہا:۔

''میرے پاس چھ لاکھ درہم اور چھ سو اونٹ ہیں آپ لوگ ان اونٹوں پر سوار ہو جائیں'' ابن عامر نے بھی

یہی کہا کہ میرے پاس اتنا ہی مال موجود ہے تم لوگ تیاری کرو۔

حضرت اُم سلمہؓ کی پیش کش

حضرت ام سلمہؓ نے عرض کیا ''اے امیر المومنین اگر خدائے عزوجل کی نافرمانی نہ ہوتی اور مجھے یہ خطرہ نہ ہوتا کہ آپ یہ تسلیم نہیں کریں گے تو میں بھی آپ کے ساتھ جاتی میرا یہ بیٹا عمر موجود ہے خدا کی قسم یہ مجھے اپنی جان سے زیادہ عزیز ہے یہ آپ کے ساتھ تمام جنگوں میں حاضر رہے گا عمر آخر دم تک حضرت علیؑ کے ساتھ رہے انہیں علیؑ نے بحرین کا عامل بھی بنایا تھا۔

بی بی عائشہ کے لیے ایک خاص اونٹ کی خریداری

یعلی نے جنگی تیاریوں کے لیے زبیر کو چار لاکھ کی امداد دی اور ستر قریشیوں کو سواری مہیا کی اور بی بی عائشہ کو ایک اونٹ پر سوار کرایا جس کا نام عسکر تھا یعلی نے اسے اسی دینار میں خریدا تھا۔

حضرت علیؑ کو بھی اس لشکر کی روانگی کی خبر مل گئی انہوں نے مدینہ پر سہل بن حنیف انصاری کو امیر معین کیا اور لشکر لے کر کوچ فرمایا پہلی منزل ذی قار میں کی، سعد بن عاص طلحہ و زبیر کے پاس خلوت میں گیا اور ان سے سوال کیا اگر آپ لوگ کامیاب ہو جاتے ہیں تو کامیابی کے بعد کسے خلیفہ بنائیں گے؟ زبیر و طلحہ نے جواب دیا ہم دونوں میں سے جسے لوگ پسند کریں گے۔ سعید نے کہا یہ ہے کہ تم عثمان کے کسی لڑکے کو خلیفہ بناؤ کیونکہ تم انہیں کے خون کا قصاص طلب کر رہے ہو۔ زبیر و طلحہ نے کہا ''یہ کیسے ممکن ہے کہ بزرگ مہاجرین کو چھوڑ کر ان کے لڑکے کو خلیفہ بنایا جائے۔''

مروان کی پالیسی

مروان نے مکہ سے نکلنے کے بعد واپسی کی اجازت لی لیکن کچھ دیر بعد پھر واپس آیا اور طلحہ و زبیر کے سامنے کھڑے ہو کر ان سے دریافت کیا تم دونوں میں سے امارت کس کے سپرد کی جائے گی اور نماز پڑھانے کی کسے اجازت دی گئی ہے عبداللہ بن زبیر نے کہا ابو عبداللہ یعنی زبیر کو پڑھانا چاہیے اور محمد بن طلحہ نے کہا نہیں نماز ابو محمد یعنی طلحہ کو پڑھانی چاہیے بی بی عائشہ کو جب ان باتوں کا پتہ چلا تو انہوں نے مروان کو کہلا بھیجا

''تو ہم میں اختلاف پیدا کرتا ہے نماز میرا بھانجا پڑھائے گا۔''

الغرض بصرہ پہنچنے تک عبداللہ بن زبیر ہی لشکر کو نماز پڑھاتا رہا، معاذ بن عبیداللہ نامی شخص نے کہا خدا کی قسم اگر ہم کامیاب بھی ہو گئے تب بھی ہم آزمائش میں مبتلا ہو جائیں گے جب تک کہ زبیر طلحہ کے لیے اور طلحہ زبیر کے لیے خلافت کو چھوڑ دے۔

باب 4
حضرت علیؑ کا بصرہ کی طرف کوچ، عبداللہ بن سلام کی پیشین گوئی

حضرت علیؑ کو مدینہ میں ہی زبیر وطلحہ کے جمع ہونے اور ان کے بصرہ کی طرف کوچ کرنے کی خبر مل گئی تھی۔ نیز بی بی عائشہ کی بات بھی معلوم ہو چکی تھی۔ لہذا آپ اس لشکر کو جو شام کے لیے تیار کر رکھا تھا عائشہ کے مقابلہ پر لے کر چلے حضرت علیؑ کے ساتھ کوفہ اور بصرہ کے بھی ساتھ سو اشخاص تھے۔ حضرت علیؑ کا ارادہ تھ کہ عائشہ کے لشکر کو راستے میں روک لیں گے اور بغاوت سے باز رکھیں گے جب حضرت علیؑ لشکر لے کر چلنے لگے تو عبداللہ بن سلام نے ان کے گھوڑے کی لگام پکڑ لی اور عرض کی اے امیر المومنین! آپ مدینہ سے ہرگز باہر نہ جایئے خدا کی قسم اگر آپ مدینہ چھوڑ کر چلے گئے تو پھر آپ کبھی مدینہ واپس نہ آسکیں گے۔ اور نہ کبھی آئندہ مدینہ دارالسلطنت بن سکے گا۔

یہ سن کر کچھ لوگ عبداللہ کو برا بھلا کہنے لگے تو حضرت علیؑ نے ان سے کہا ''اسے کچھ نہ کہو، کیونکہ یہ رسول اللہؐ کے صحابہ میں سے اچھے آدمی ہیں۔'' حضرت علیؑ مدینہ سے ربذہ پہنچے تو وہیں انہیں اطلاع ملی کہ حضرت عائشہ وغیرہ کا لشکر آگے بڑھ گیا ہے۔ آپ نے دوسری اطلاع آنے تک ربذہ میں ہی قیام کیا۔

عرفی کا بیان

عرفی کہتا ہے کہ میں ان (عائشہ کے لشکر) کے ساتھ ہولیا راہ میں چلتے چلتے ہم حوٴاب کے چشمے پر پہنچے تو وہاں کے کتے ہمیں دیکھ کر بھونکنے لگے لوگوں نے مجھ سے دریافت کیا ''یہ کون سا چشمہ ہے؟'' عرفی نے کہا ''یہ چشمہ حوٴاب کے نام سے مشہور ہے'' عرفی کہتا ہے ''میرا یہ جواب سن کر بی بی عائشہ زور سے چیخیں اور اپنے اونٹ کی گردن پر چابک مار کر اسے ہنکایا پھر کہا خدا کی قسم! حوٴاب کے کتوں والی میں ہی ہوں۔ اے لوگو! مجھے واپس لے چلو' بی بی عائشہ نے یہ بات تین مرتبہ دہرائی اور اپنا اونٹ ہنکایا لوگوں نے بھی اپنے اونٹ تیز کیے اور واپس لوٹے، یہاں تک کہ جب اگلا دن ہوا اور وہ وقت آیا جس وقت ان لوگوں کی واپسی شروع ہوئی تھی تو عبداللہ بن زبیر گھبرائے ہوئے بی بی عائشہ کے پاس پہنچے اور چیخ کر بولے بچاؤ، بچاؤ۔ خدا کی قسم! یہ علیؑ کا لشکر تمہارے سروں پر پہنچ گیا ہے'' عرفی کہتا ہے ان لوگوں نے وہاں سے کوچ کیا اور مجھے برا بھلا کہنے لگے تو میں ان کے پاس سے

واپس چلا آیا تھوڑی دور چلا تھا کہ حضرت علیؑ اور ان کا لشکر مل گیا اور ان کے ساتھ تین سو کے قریب آدمی تھے مجھے آواز دی کہ اے سوار ادھر آؤ۔ میں ان کے پاس گیا تو انہیں نے سوال کیا وہ لشکر کہاں ہے عرفی فلاں فلاں مقام پر مقیم تھا اور یہ اس (حضرت عائشہ) کی اونٹنی ہے میں نے ان لوگوں کے ہاتھ اپنا اونٹ فروخت کیا تھا۔''

حضرت:۔''کیا تم نے بھی ان کے ساتھ سفر کیا ہے؟''

عرفی:۔''جی ہاں میں نے ان کے ساتھ سفر کیا ہے لیکن جب ہم حواب کے چشمہ پر پہنچے تو اس عورت پر وہاں کے کتے بھونکنے لگے جس پر اس عورت نے ایسی ایسی بات کہی تھی لیکن جب میں نے ان لوگوں میں باہم اختلاف دیکھا تو میں واپس آ گیا اور وہ لوگ کوچ کر گئے۔''

عرفی،''جی حضور تو تم ہمارے ساتھ چلو۔ عرفی کا بیان ہے''میں ان کے ساتھ چلا یہاں تک کہ ذی وقار پہنچ گئے۔''

بی بی عائشہ اور قتل عثمان

علی بن احمد بن حسن عجلی نے حسین بن نصر عطار، ابونصر بن مزاحم عطار، سیف بن عمر، محمد بن نویرہ، طلحہ بن اعلم حنفی، عمر بن اسد عبداللہ اور دیگر چند علماء کے حوالے سے مجھے یہ تحریر کر کے روانہ کیا کہ جب حضرت عائشہ مکہ سے واپس لوٹیں اور مقام سرف پر پہنچی تو وہاں ان کی ملاقات عبد بن ام کلاب سے ہوئی۔ حضرت عائشہ نے اسے دیکھ کر کہا تم اس وقت خوب آئے۔ عبد بن ابی سلمہ نے کہا لوگوں نے عثمان کو قتل کر دیا ہے اور آٹھ دن تک ان کا کوئی خلیفہ نہیں تھا۔ حضرت عائشہ نے کہا پھر لوگوں نے کیا کیا۔

عبد: اہل مدینہ نے باہم جمع ہو کر مشورہ کیا اور آخر کار ایک بھلائی انہوں نے حاصل کر لی کہ ان سب نے علیؑ بن ابی طالب پر اتفاق کر لیا۔

حضرت عائشہ: کاش یہ زمین و آسمان اس سے پہلے ہی ایک دوسرے سے مل جاتے اور تیرے اس ساتھی کی خلافت قائم نہ ہوتی مجھے واپس لے چلو مجھے واپس لے چلو۔

بی بی عائشہ سرف سے واپس مکہ لوٹیں اور یہ کہتی جا رہی تھیں خدا کی قسم! عثمان مظلوم قتل کیے گئے اور میں ان کے خون کا مطالبہ ضرور کروں گی۔

عبد: اے ام المومنین! آخر اس انحراف کی کیا وجہ ہے خدا کی قسم سب سے پہلے آپ ہی نے حضرت علیؑ سے انحراف کیا ہے آپ تو پہلے کہا کرتی تھیں اس نعثل (عثمان) کو قتل کر دو یہ کافر ہو گیا ہے۔

حضرت عائشہ: ان قاتلوں نے پہلے عثمان سے توبہ کرائی پھر انہیں قتل کر دیا۔ میں نے پہلے قتل کے لیے کہا تھا اب یہ کہہ رہی ہوں، اور میرا آخری قول پہلے سے بہتر ہے۔

یہ سن کر عبد بن ابی سلمہ نے یہ اشعار پڑھے۔

منك البداء ومنك الغر

ومنك الرياح ومنك المطر

آپ کی طرف سے اس فساد کی ابتداء ہوئی اور آپ ہی کی جانب سے یہ تمام تغیرات واقع ہوئے ہیں۔آپ کی طرف سے یہ عذاب کی آندھیاں چلی ہیں اور آپ ہی کی طرف سے بارش ہوئی۔

وانت امرت بقتل الارعام

وقلت لنا انه قد كفر

آپ ہی نے امام (عثمان) کے قتل کا حکم دیا اور آپ ہی نے کہا تھا کہ بیشک وہ کافر ہو گیا ہے۔

فهبنا اطعناك فی قتله

وقاتله عند نا من امر

ہم نے ان کے قتل میں آپ کی اطاعت کی ہے اب ان کا قاتل ہمارے سامنے موجود ہے اور وہ وہ شخص ہے جس نے قتل کا حکم دیا۔

ولم يسقط السقف من فوقنأ

ولم ينكسف شمسنا والقمر

نہ تو اس واقعہ سے ہم پر چھت گری اور نہ سورج و چاند کو گہن لگا۔

وقد بايع الناس ذاتدرًا

يزيل الشبا ويقيم الصعر

اب لوگوں نے ایسے باہمت کی بیعت کی ہے جو آفتوں کو پیچھے ہٹا دیتا ہے اور سخت چٹانوں پر کھڑا ہو جاتا ہے۔

ويلبس الحرب اثوابهاء

ومامن وفی مثل من قد غدر

جو جنگی لباس پہنے وہ ہر وقت تیار ہے اور عذر کرنیوالوں میں کوئی اس کا ثانی نہیں۔

اس کے بعد عائشہ مکہ لوٹیں مسجد کے دروازے پر پہنچ کر سواری سے اتریں اور حطیم جانے کا ارادہ کیا وہاں ان کے لیے پردہ کر دیا گیا اور ان کے پاس لوگ آ کر جمع ہو گئے حضرت عائشہ نے لوگوں سے کہا عثمان مظلوم قتل کر دیئے گئے اور خدا کی قسم میں ان کے خون کا مطالبہ ضرور کروں گی۔

بی بی عائشہ کی روانگی پر لوگوں کا رنج وغم

جب لشکر کی روانگی کا وقت آیا تو پہلے زبیر اور طلحہ نے کوچ کیا ان کے بعد حضرت عائشہ نے کوچ کیا ان کے ساتھ کچھ اور ازواج پیغمبر بھی تھیں جو ذات عراق تک ان کے ساتھ گئی تھیں اس دن سے زیادہ لوگ اسلام پر کبھی نہیں روئے ان کے رونے کی وجہ یہ تھی کہ اسلام کو یہ دن دیکھنا نصیب ہوا یہاں تک کہ اس دن کا نام ''یوم النجیب'' (آنسوؤں کا دن) مشہور ہو گیا۔

مطالبہ قصاص کی وجہ

جب یہ لشکر اوطاس سے داہنی جانب مڑ گیا تو راستہ میں ان کی ملاقات ملیح بن عوف سلمی سے ہوئی جو مال کی تلاش میں نکلا ہوا تھا اس نے زبیر کو سلام کیا اور دریافت کیا اے ابوعبداللہ یہ کیا معاملہ ہے؟

زبیر: امیر المومنین عثمان کے خلاف بغاوت کی گئی اور انہیں بلا جرم قتل کر دیا گیا۔

ملیح: انہیں کس نے قتل کیا؟

زبیر: مختلف شہروں کے اوباش اور مختلف قبائل کے جھگڑالو لوگوں نے اور ان میں زیادہ تر اعراب اور غلام شامل تھے۔

ملیح: اب آپ کیا چاہتے ہیں؟

زبیر: ہم ان لوگوں کے خلاف جنگ کریں گے تاکہ اس خون کا بدلہ لیا جائے اور یہ خون رائگاں نہ جائے کیونکہ اس کے رائیگاں جانے سے اللہ کے حکم کی ہمیشہ اسی طرح توہین ہوتی رہے گی اگر لوگوں نے اس قسم کے طریقہ کار کو ابھی سے نہ روکا تو اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ ہر امام کو جب لوگ چاہیں گے اس قسم کے بدقماش لوگ قتل کر دیا کریں گے۔

ملیح: واقعاً یہ بہت سخت معاملہ ہے اور کیا تم نہیں جانتے کہ یہ ظاہر میں آسان بھی ہے اس کے بعد یہ دونوں ایک دوسرے سے رخصت ہوئے اور لشکر آگے بڑھ گیا۔

باب 5

حضرت عائشہ کا بصرہ میں داخلہ

یہ لشکر سیدھی راہ چھوڑ کر آگے بڑھتا رہا۔ یہاں تک کہ بصرہ کے میدانوں میں پہنچ گیا یہاں ان کی عمیر بن عبداللہ تمیمی سے ملاقات ہوئی۔ اس نے کہا ''اے ام المومنین! میں آپ کو اللہ کی قسم دیتا ہوں کہ آپ آگے تشریف نہ لے جائیں بلکہ ان لوگوں میں سے کسی کو آگے روانہ کر دیں جو وہاں کے لوگوں کو سمجھا بجھا سکے۔''

عائشہ: ''تم نیک آدمی معلوم ہوتے ہو لہذا تم ہی کوئی مشورہ دو۔''

عمیر: ''آپ ابن عامر کو آگے بھیج دیجئے کیونکہ بصرہ میں اس کی زمینیں اور مکانات وغیرہ ہیں وہ آپ کے پہنچنے سے پہلے لوگوں سے ملاقات کرے گا اور آپ جو بات کہنا چاہتی ہیں وہ اہل بصرہ تک پہنچائے گا۔''

بی بی عائشہ نے ابن عامر کو آگے بھیج دیا۔ بی بی عائشہ نے بصرہ کے مشہور اور با اثر لوگوں کے نام خطوط بھی روانہ کر دیئے جن میں احنف بن قیس اور صبرہ بن یشمان وغیرہ داخل تھے بی بی عائشہ آگے بڑھ کر حفیر میں ٹھہر گئیں اور جواب کا انتظار کرنے لگیں۔

بی بی عائشہ کے پاس قاصد کی روانگی

اہل بصرہ کو ان حالات کا علم ہوا تو عثمان بن حنیف نے عمران بن حصین اور ابوالاسود وئلی کو قاصد بنا کر بی بی عائشہ کے پاس بھیجا۔ عمران بن حصین کا تعلق عوام سے تھا جبکہ ابوالاسود وئلی کے مخصوص آدمیوں میں سے تھے۔ عثمان نے ان دونوں آدمیوں سے کہا ''اس خاتون کے پاس جاؤ اسے اپنے خیالات سے آگاہ کرو اور اس کے خیالات معلوم کرو'' یہ دونوں حضرات حضرت عائشہ اور ان کے ساتھیوں کے پاس حفیر میں پہنچے اور حضرت عائشہ سے ملاقات کی اجازت طلب کی۔ اجازت ملنے کے بعد یہ اندر گئے حضرت عائشہ کو سلام کیا اور کہا ہمیں ہمارے امیر نے آپ کے پاس اس لیے روانہ کیا ہے تاکہ ہم یہ معلوم کریں کہ آپ کی یہاں تشریف آوری کی کیا وجہ ہے؟

حضرت عائشہ نے کہا مجھ جیسی عورت کسی مخفی کام کے لیے سفر نہیں کر سکتی اور نہ ہی اولاد سے کوئی بات چھپا سکتی ہے بات یہ ہے کہ مختلف علاقوں کے شور مچانے والوں اور قبائل کے جھگڑالو لوگوں نے رسول اللہؐ کے حرم میں قتل وقتال کیا اس میں فتنے اٹھائے اور بدعتیں ایجاد کیں، فتنہ گروں کو حرم رسولؐ میں پناہ دی اس طرح سے وہ اللہ اور اس کے رسولؐ کی لعنت کے مستحق ہوئے بلا جرم مسلمانوں کے امام کو قتل کیا اس طرح انہوں نے

ایک حرام خون کو حلال سمجھ کر بہایا اور وہ مال لوٹ لیا جس کا لینا حرام تھا۔ بلد حرام اور ماہِ حرام کی حرمت کا بھی پاس نہ کیا لوگوں کی آبروریزی کی اور انہیں جسمانی تکالیف پہنچائیں ان لوگوں کے شہر اور مکانات میں آ کر ٹھہر گئے جنہیں ان کا ٹھہرنا گوارا نہ تھا۔ ان لوگوں نے سوائے نقصان اور مضرت کے کوئی فائدہ نہیں پہنچایا نہ ان کے دلوں میں خدا کا خوف تھا جن لوگوں کے پاس یہ جا کر ٹھہرے ان میں اتنی قدرت نہ تھی کہ وہ انہیں روک سکتے۔ کیونکہ انہیں خود اپنی جان کا خوف تھا۔

میں نے اس لیے سفر کیا ہے کہ تمام مسلمانوں کو یہ بتادوں کہ یہ جماعت کس قسم کے لوگوں پر مشتمل ہے اور عوام ان کی وجہ کس مصیبت میں مبتلا ہیں اور اب ان کا اصلاح پانا ممکن نہیں اس کے بعد بی بی عائشہ نے یہ آیت تلاوت کی۔

لاخیرفی کثیر من نجوینھم الامن امر بصدقة اومعروف اواصلاح بین الناس

ان کی اکثر سرگوشیوں میں کوئی بھلائی نہیں سوائے اس کے کہ یہ سرگوشی صدقے کا حکم دے یا نیکی کا یا لوگوں کے درمیان اصلاح کا۔

ہم اس اصلاح کی خاطر میدان میں نکلے ہیں جس کا اللہ عزوجل اور رسول اللہؐ نے ہر چھوٹے بڑے اور مرد وعورت کو حکم دیا ہے۔ ہم اس لیے آئے ہیں تا کہ لوگوں کو نیکی کا حکم دیں اور اس کی حفاظت کریں اور برائی سے لوگوں کو روکیں اور دنیا سے برائی کو مٹائیں۔

طلحہ وزبیر کی شرط

عمران اور ابوالاسود بی بی عائشہ سے گفتگو کر کے طلحہ کے پاس پہنچے اور ان سے ان کی آمد کی وجہ دریافت کی۔

طلحہ : ہم حضرت عثمان کے خون کا مطالبہ لے کر آئے ہیں۔

قاصدین: کیا آپ حضرت علیؑ کی بیعت نہیں کر چکے؟

طلحہ : ہاں۔ لیکن اس صورت میں کہ تلوار میری گردن پر رکھی ہوئی تھی۔ حضرت علیؑ سے ہمارا کوئی اختلاف نہیں اور نہ میں علیؑ کی بیعت توڑنا چاہتا ہوں لیکن شرط یہ ہے کہ وہ ہمارے اور قاتلوں کے درمیان حائل نہ ہوں۔

اس کے بعد یہ دونوں قاصد لوٹ کر بی بی عائشہ کے پاس آئے اور ان سے رخصت طلب کی۔ بی بی عائشہ نے عمران کو تو رخصت کیا اور ابوالاسود کو مخاطب ہو کر کہا ''اے ابوالاسود تو اپنے آپ کو اس بات سے بچانا کہ کہیں تیری خواہشات تجھے دوزخ میں نہ دھکیل دیں۔''

کونوا قوامین للہ شھداء بالقسط ولا یجرمنکم شنان قوم علی ان لا تعدلوا اعدلم اھوا قرب للتقوٰی واتقوا اللہ ان اللہ شدید العقاب۔

اللہ کے لیے عدل وانصاف کے گواہ بن جاؤ اور کسی قوم کی عداوت تمہیں ناانصافی کے جرم میں مبتلا نہ کردے، انصاف کرو یہ تقویٰ کے زیادہ قریب ہے اور اللہ سے ڈرو کیونکہ اللہ سخت مواخذہ کرنے والا ہے۔

ان دونوں قاصدوں نے کوچ کیا اور منادی نے ان کی واپسی کا اعلان کیا جب یہ دونوں عثمان بن حنیف کے پاس پہنچے تو ابوالاسود نے گفتگو کرنے میں عمران سے پہل کی اور عثمان سے مخاطب ہو کر کہا

یابن حنیف قد اتیت فانفر

وطالمن القوم وجالد واصبر

اے حنیف کے بیٹے جب تو یہاں آ گیا ہے تو اب میدان میں نکل اور لوگوں کو نیزوں کی انیوں پر رکھ لے، ان سے جنگ کر اور ثابت قدم رہ۔

وابرز لھم مستلئما وشمر

''اور اپنی آستین چڑھا کر اچھی طرح مزہ چکھا دے۔''

یہ سن کر عثمان بن حنیف نے ''انا للہ الیہ راجعون'' پڑھا اور کہا قسم ہے کعبہ کے پروردگار کی اب اسلام کی چکی چل چکی ہے۔ اب دیکھیے کہ چکی کا کون سا پاٹ گرتا ہے۔

عمران نے کہا: ''خدا کی قسم اب تمہیں یہ جنگ ایک زبردست عذاب میں مبتلا کر دے گی جس کا نتیجہ یہ نکلے گا کہ اگر کوئی تم سے بچ بھی گیا تب بھی بہت سے کام اس جنگ سے مساوی نہ ہو سکیں گے۔

عثمان: ''تو پھر تم ہی کوئی مشورہ دو۔''

عمران: ''میں تو گھر جا کر بیٹھ رہا ہوں اور آپ بھی اپنے گھر جا کر بیٹھ رہیں۔''

عثمان: ''جب تک امیر المومنین حضرت علیؑ یہاں پہنچ نہ جائیں میں انہیں ہرگز شہر میں داخل نہ ہونے دوں گا۔''

عمران: ''اصل فیصلہ اللہ کا ہے اور وہ جو ارادہ کرتا ہے ہو کر رہتا ہے۔''

اس کے بعد عمران اپنے گھر جا کر بیٹھ گیا اور عثمان مقابلہ کی تیاری میں مصروف ہو گئے۔

ہشام بن عامر عثمان کے پاس گیا اور انہیں مشورہ دیا ''اے عثمان! اب یہ جھگڑا اسی طرح چلتا رہے گا جس

کا نتیجہ یہ ہوگا کہ تم خود بھی مصیبت میں مبتلا ہو جاؤ گے یہ ایک ایسا زخم ہے جو کبھی بھر نہیں سکتا اور ایسا اختلاف ہے جو کبھی ختم نہیں ہو سکتا لہذا تم حضرت علیؑ کا حکم آنے تک خاموشی اختیار کرو اور ان لوگوں سے جھگڑا مول نہ لو لیکن عثمان نے ہشام کی یہ رائے قبول کرنے سے انکار کر دیا۔

حضرت عائشہ اور ان کے ساتھی آگے بڑھ کر مربد پہنچے اور بالائی جانب سے مربد میں داخل ہو گئے اور وہاں ڈیرے ڈال دیئے۔ عثمان بھی اپنے ساتھیوں کو لے کر ان کے مقابلے میں جا کھڑے ہوئے اہل بصرہ میں سے جو لوگ بی بی عائشہ کے ساتھ شریک ہونا چاہتے تھے وہ ان کے لشکر میں چلے گئے اس طرح دونوں فریق مربد میں صف آراء ہو گئے اور ایک دوسرے کو جوش دلانے لگے یہاں تک کہ دونوں فریق غصہ سے بے قابو ہو گئے۔

طلحہ مربد کے دائیں جانب کھڑے تھے کہ ان کے پہلو میں زبیر تھے عثمان بن حنیف مربد کے بائیں جانب کھڑے تھے۔ طلحہ نے عثمان کے قتل ہونے اور ان کی فضیلت کا ذکر کیا نیز بتایا کہ مدینہ رسول اللہؐ کی کس طرح بے حرمتی ہوئی ہے جو کچھ عثمان کے ساتھ ہوا اسے بیان کرنے کے بعد لوگوں کو ان کے خون کا بدلہ طلب کرنے کی دعوت دی اور کہا اس قصاص میں اللہ عزوجل کے دین اور اس کے حکم کی عزت ہے کیونکہ مظلوم خلیفہ کے خون کا قصاص طلب کرنا اللہ کے احکام میں سے ایک ہے اگر تم قصاص طلب کرو گے تو صحیح راستہ پر چلو گے اور تمہاری خلافت تمہارے ہاتھ میں آ جائے گی۔ اگر تم اس قصاص کو چھوڑ دو گے تو نہ کوئی حکومت قائم رہ سکتی ہے اور نہ کوئی نظام چل سکتا ہے۔

اس قسم کی تقریر زبیر نے بھی کی۔ ان کی تقاریر پر داہنی جانب کے لوگوں نے کہا کہ آپ دونوں نے جو کچھ کہا ہے وہ بالکل صحیح اور درست ہے اور آپ نے ہمیں حق بات کا حکم دیا ہے جبکہ بائیں جانب کے لوگ کہنے لگے کہ انہوں نے نہایت غلط بات کہی ہے اور غداری کی ہے لوگوں کو برائی کا حکم دیا ہے ان دونوں (طلحہ و زبیر) نے پہلے تو حضرت علیؑ کی بیعت کر لی اور آج یہ کچھ اور کہہ رہے ہیں اس پر ایک شور مچا اور لوگوں میں ایک ہیجان پیدا ہو گیا۔

حضرت عائشہ کی تقریر

اس کے بعد بی بی عائشہ نے تقریر کی ان کی آواز نہایت بلند تھی ان کی تقریر کا یہ اثر ہوا کہ عثمان بن حنیف کے ساتھیوں میں پھوٹ پڑ گئی اور ان میں سے کچھ لوگ کہنے لگے ''خدا کی قسم! بی بی عائشہ نے سچ کہا اور نیک کام کا حکم دیا'' دوسری جماعت نے کہا۔ ''ہم تم لوگوں کی بات قطعاً اس پر ایک شور مچ گیا اور لوگ ایک دوسرے کو برا بھلا کہنے لگے۔ حضرت عائشہ نے جب یہ صورت دیکھی تو وہ اپنے ساتھیوں کو لے کر میمنہ سے ہٹ کر اس میدان میں جا کھڑی ہوئیں جہاں چمڑہ صاف کرنے والے رہتے تھے۔ عثمان کے ساتھیوں میں زبردست اختلاف پیدا ہو گیا۔ جن میں سے بعض ان کا ساتھ چھوڑ کر بی بی عائشہ سے مل گئے اور بعض اس گلی کے نکڑ پر عثمان کے ساتھ جمے

رہے جو مسجد کو جاتی تھی اور لشکر عائشہ کے مدمقابل کھڑے ہو کر راستہ روک لیا۔

جاریہ بن قدامہ کی بی بی عائشہ سے گفتگو

جاریہ بی بی عائشہ کے پاس گئے اور کہا اے ام المومنین! خدا کی قسم عثمان کا قتل ہو جانا ہمارے لیے آسان تھا لیکن آپ کا اس ملعون اونٹ پر سوار ہو کر ہتھیار سنبھال کر نکلنا اس سے کہیں زیادہ برا ہے آپ کو اللہ تعالیٰ کی جانب سے پردے میں رہنے اور اپنے احترام کو باقی رکھنے کا حکم دیا گیا ہے لیکن آپ نے اس پردہ کو چاک کر دیا اور اپنے احترام کو ختم کر دیا یاد رکھیے کہ جو شخص آپ سے قتال کو جائز سمجھتا ہے وہ لازماً آپ کے قتل کو بھی جائز سمجھتا ہے اگر آپ خوشی سے یہاں آئی ہیں تو فوراً لوٹ جائیں اور اگر آپ مجبوراً یہاں آئی ہیں تو لوگوں سے امداد طلب کیجئے تا کہ وہ باعزت طور پر آپ کو یہاں سے نکال دیں۔

طلحہ وزبیر سے ایک نوجوان کی گفتگو

بنوسعد کا ایک نوجوان طلحہ وزبیر کے پاس گیا اور ان سے مخاطب ہو کر کہنے لگا ''اے زبیر! آپ رسول اللہؐ کے حواری ہیں اور طلحہ نے اپنے ہاتھ سے رسول اللہؐ کو عزت کو بیچا ہے آج میں دیکھ رہا ہوں کہ آپ دونوں کی ماں آپ کے ساتھ ہے تو کیا آپ اپنی بیویوں کو بھی ساتھ لائے ہیں؟''

طلحہ وزبیر نے جواب دیا نہیں۔

وہ سعدی جوان بولا کہ میں تمہارا ساتھ نہیں دے سکتا یہ کہہ کر وہ لشکر سے علیحدہ ہو گیا اس نے اس واقعہ پر حسب ذیل اشعار کہے۔

''تم نے اپنی بیویوں کو بچا لیا ہے اور اپنی ماں کو میدان میں گھسیٹ لائے تیری عمر کی قسم یہ انتہائی بے انصافی کی بات ہے۔''

بیویوں کو تو حکم دیا گیا کہ وہ اپنے گھروں میں پھریں اور باہر نہ جائیں۔

اور ماں کو اپنی اغراض کا آلہ کار بنا لیا تا کہ ان کے بیٹے انہیں بچانے کے لیے نیزوں، تیروں اور تلواروں سے لڑیں۔ اس طرح سے طلحہ وزبیر کے پردوں کی بھی پردہ دری ہوئی یہ وہ خبر ہے کہ جو لوگوں کی جانب سے بیان کی جا رہی ہے۔

محمد بن طلحہ کی رائے

جہینہ کا ایک لڑکا حضرت طلحہ کے بیٹے محمد کے پاس گیا یہ محمد بہت عبادت گزار تھا اور اس سے سوال کیا کہ عثمان کے قاتل کون لوگ ہیں تو اس نے جواب دیا کہ عثمان کے قتل کی ذمہ داری تین شخصوں پر ہے تہائی ذمہ داری

تو اس ہودج والی یعنی عائشہ پر ہے تہائی ذمہ داری اس شخص پر ہے جو سرخ اونٹ پر سوار ہے یعنی میرے باپ طلحہ پر اور تہائی علیؑ بن ابی طالب پر ہے یہ سن کر وہ لڑکا کہنے لگا میں تو خود کو گمراہی پر سمجھتا ہوں، یہ کہہ کر وہ حضرت علیؑ کے ساتھ مل گیا اور محمد کے جواب میں یہ اشعار کہے۔ترجمہ اشعار

''میں نے طلحہ کے بیٹے سے دریافت کیا کہ مدینہ میں جو شخص لوگوں نے قتل کر دیا ہے جو کہ دفن بھی نہیں کیا جا سکا اس کی ہلاکت کی ذمہ داری کس پر ہے۔'' تو اس نے جواب دیا کہ عثمان کی ذمہ داری تین شخصوں پر ہے۔

تہائی تو اس عورت پر ہے جو ہودج میں سوار ہے تہائی سرخ اونٹ کے سوار پر اور تہائی علیؑ بن ابی طالب پر ہے بات یہ ہے کہ ہم لوگ تو بدوی آدمی ہیں ان باتوں کو ہم نہیں سمجھتے۔

تو میں نے اس سے کہا کہ پہلے دو شخصوں کے بارے میں تم نے سچ بات کہی ہے لیکن تیسرے واضح اور روشن کردار کے شخص کے بارے میں تم نے غلطی کی ہے۔

ابوالجرباء کا مشورہ

بنوعثمان میں سے ایک شخص ابوالجریا نامی حضرت عائشہ،طلحہ اور زبیر کے پاس پہنچا اور اس نے انہیں مخالفین کے گھروں کے پتے بتائے۔بی بی عائشہ نے اس سے مشورہ طلب کیا اور اس کی رائے پر چلنے کا ارادہ کیا وہ انہیں بنو مازن کے مقبرے سے لے کر آگے بڑھا اور حبابہ کی جانب بصرہ کی بلندی پر پہنچ گیا پھر زابوقہ سے ہوتا ہوا مقبرہ بنی حصن پر آیا اس کا ایک حصہ بیت المال سے ملا ہوا تھا مخالف غافل سوئے ہوئے تھے اور یہ آگے بڑھ رہے تھے جب صبح ہوئی تو یہ لوگ بیت المال کے صحن میں ڈیرہ زن تھے۔صبح ہوئی تو بیت المال کے سامنے جنگ شروع ہوگئی اور سورج نکلنے کے وقت سے شروع ہو کر زوال تک نہایت شدت کی جنگ جاری رہی۔عثمان بن حنیف کے کافی آدمی مارے گئے۔اور دونوں فریق کے کافی لوگ زخمی ہوئے۔حضرت عائشہ کے منادی جنگ بندی کا اعلان کر رہے تھے لیکن کسی نے ان کے اعلان کو نہیں سنا اور انہوں نے اپنے مخالفین کو اچھی طرح ڈھیر کر کے رکھ دیا۔

شرائط صلح

(آخرکار) آپس میں جنگ بندی ہوگئی اور باہم یہ معاہدہ لکھا گیا کہ مدینہ ایک قاصد روانہ کیا جائے اور جب تک قاصد واپس نہ آجائے جنگ بند رہے گی قاصد مدینہ پہنچ کر یہ معلوم کرے کہ کیا طلحہ و زبیر نے خوشی سے حضرت علیؑ کی بیعت کی تھی یا ان سے زبردستی بیعت لی گئی تھی اگر طلحہ و زبیر سے زبردستی لی گئی ہے تو

عثمان بن حنیف ان دونوں کے لیے بصرہ خالی کر دیں گے اور اگر ان دونوں نے خوشی سے بیعت کی تھی تو یہ دونوں بصرہ چھوڑ کر چلے جائیں گے۔

عہد نامہ

عہد نامہ کی عبارت یہ تھی:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

''یہ وہ تحریر ہے جس پر طلحہ وزبیر ان کے تمام مسلمان ساتھیوں عثمان اور ان کے تمام ساتھیوں نے صلح کی ہے جس مدت کے لیے یہ صلح ہوئی ہے اس وقت تک عثمان کے قبضہ میں جو حصہ ہے اس پر عثمان قابض رہیں گے اور جس حصہ پر طلحہ وزبیر قابض ہیں اس پر وہی قابض رہیں گے جب تک دونوں فریقوں کے قاصد کعب بن مسور مدینہ سے واپس نہ آجائیں۔ دونوں فریقوں میں سے کسی شخص کو مسجد بازار راستہ یا کسی مخفی مقام پر کوئی نقصان نہیں پہنچایا جائے گا۔ تاوقتیکہ کعب بن سور واپس نہ آجائے اگر وہ یہ خبر لاتا ہے کہ لوگوں نے طلحہ وزبیر کو بیعت پر مجبور کیا تھا تو بصرہ کی حکومت ان دونوں کی ہوگی اور عثمان کو اختیار ہوگا خواہ وہ شہر چھوڑ کر اپنی جماعت کے ساتھ چلے جائیں یا طلحہ وزبیر کے ساتھ شامل ہو جائیں اور اگر کعب یہ جواب لاتا ہے کہ طلحہ وزبیر نے خوشی سے بیعت کی تھی تو بصرہ کی حکومت عثمان کے قبضہ میں رہے گی اور طلحہ وزبیر کو اختیار ہوگا کہ خواہ وہ صرف حضرت علیؑ کی اطاعت پر قائم رہیں یا بصرہ چھوڑ کر اپنی جماعت کے ساتھ چلے جائیں اور بصرہ کے تمام مسلمان اس شخص کے ساتھ ہوں گے جو کامیاب ہوگا۔''

کعب کی مدینہ آمد

کعب بصرہ سے چل کر مدینہ پہنچا لوگ اس کی آمد کی وجہ سے جمع ہو گئے میں اہل بصرہ کی جانب سے تمہارے پاس قاصد بن کر آیا ہوں اور یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ آیا اس جماعت نے طلحہ وزبیر کو علیؑ کی بیعت پر مجبور کیا تھا یا انہوں نے برضا ورغبت بیعت کی تھی۔

اسامہ کا جواب

تمام قوم میں سے کسی نے کوئی جواب نہیں دیا صرف اسامہ بن زید کھڑا ہوا اور کہا دونوں سے زبردستی بیعت لی گئی یہ سن کر تمام نے اس کو مارنے کا حکم دیا سہیل بن حنیف اور ان کے ساتھی اسے مارنے کے لیے جھپٹے۔

لشکر عائشہ کا حملہ

کعب مدینہ سے لوٹا اس دوران طلحہ وزبیر تیاری مکمل کر چکے تھے اور انہیں جن جن چیزوں کی ضرورت تھی وہ مہیا کر چکے طلحہ وزبیر نے ایک رات اپنے تمام آدمیوں کو جمع کیا اس رات سخت سردی پڑ رہی تھی۔ زبردست آندھی چل رہی تھی جس کی وجہ سے تاریکی بھی بے پناہ چھا گئی تھی اور ہاتھ کو ہاتھ سجھائی نہ دیتا تھا یہ دونوں اپنے لشکر لیے ہوئے عشاء کی نماز کے وقت مسجد میں پہنچے۔ عثمان بن حنیف آگے بڑھے لیکن طلحہ وزبیر نے عبدالرحمن بن عتاب کو آگے بڑھا دیا اس پر جاٹوں اور کاشت کاروں نے ہتھیار اٹھا لیے اور عائشہ کے لشکر کا مقابلہ شروع کر دیا انہوں نے بھی جنگ چھیڑ دی اور کافی دیر تک مسجد میں جنگ ہوتی رہی عائشہ کے ساتھیوں نے عثمان کے بہت سے حامی گرفتار کر لیے اور چالیس آدمیوں کو موت کے گھاٹ اتار دیا۔ طلحہ وزبیر نے کچھ لوگ عثمان کے پاس بھیجے کہ انہیں ہمارے پاس بلا لاؤ جب عثمان ان کے پاس پہنچے تو ان لوگوں نے انہیں خوب لاتوں سے روندا اور ان کے چہرے کے تمام بال اکھاڑ ڈالے۔

عثمان بن حنیف کے ساتھ ظالمانہ سلوک

سہل بن سعد سے منقول ہے کہ جب ان لوگوں نے عثمان بن حنیف کو پکڑ لیا تو ابان بن عثمان کو حضرت عائشہ کے پاس روانہ کیا کہ ان کا عثمان کے بارے میں کیا حکم ہے تو بی بی عائشہ نے کہا ''انہیں قتل کر دو۔'' لیکن کسی عورت نے بی بی عائشہ سے کہا اے ام المومنین! میں آپ کو خدا کی قسم دیتی ہوں کہ آپ عثمان کے بارے میں یہ سوچ لیں کہ وہ رسول اللہؐ کے صحابی ہیں۔''

بی بی عائشہ نے کہا کہ ''ابان کو واپس بلاؤ'' جب ابان آیا تو اس سے کہا

''اسے قتل نہ کرو۔ بلکہ قید کر دو۔''

ابان نے کہا ''اگر مجھے یہ معلوم ہوتا کہ آپ نے مجھے اس کام کیلیے بلایا ہے تو میں نہ آتا۔''

حضرت عائشہ کا یہ حکم سن کر مجاشع بن مسعود نے لوگوں سے کہا اسے مارو پیٹو اور اس کی داڑھی کے بال نوچ لو۔'' اس پر ان لوگوں نے عثمان کو چالیس کوڑے مارے اور ان کی داڑھی کے بال نوچ لیے اور مونچھیں اور پلکیں اکھاڑ ڈالیں اور قید کر دیا۔

حوٴاب کا واقعہ

امام زہری کا بیان ہے کہ جب طلحہ وزبیر کو یہ علم ہوا کہ حضرت علی ذی وقار پہنچ چکے ہیں تو وہ بصرہ کی طرف گئے راستے میں بی بی عائشہ نے کتوں کے بھونکنے کی آوازیں سنیں تو دریافت کیا کہ یہ کون سا چشمہ ہے؟

لوگوں نے جواب دیا ''یہ حوٴاب کا چشمہ ہے'' یہ سن کر بی بی عائشہ نے اناللہ پڑھا اور کہا یہ تو وہی معاملہ ہے جو میں نے رسول اللہؐ سے سنا تھا کہ آپ کے پاس کچھ عورتیں بیٹھی تھیں آپ نے فرمایا شاید تم میں سے ایک عورت ایسی ہو جس پر حوٴاب کے کتے بھونکیں گے۔

اس کے بعد بی بی عائشہ نے واپس لوٹنے کا ارادہ کیا تو عبداللہ بن زبیر نے بی بی عائشہ کے پاس آیا اور اس نے کہا جو شخص یہ کہتا ہے کہ یہ حوٴاب کا چشمہ ہے وہ جھوٹ بولتا ہے الغرض بی بی عائشہ آگے بڑھ کر بصرہ پہنچ گئیں وہاں عثمان بن حنیف امیر تھے۔

عثمان نے ان سے پوچھا ''تم نے اپنے امیر کی بیعت کیوں توڑی؟''

طلحہ وزبیر: ہم اسے اپنے سے زیادہ خلافت کا حق دار نہیں سمجھتے اور جو کچھ اس نے کیا ہے وہ تو سامنے ہی ہے۔

عثمان: تو اس شخص نے مجھے یہاں کا امیر بنایا ہے جو کچھ تم کہہ رہے ہو میں انہیں لکھ کر بھیج دیتا ہوں اور جب تک انکا جواب نہ آئے نماز میں پڑھاؤں گا۔

الغرض اس بات پر صلح ہوگئی اور عثمان نے حضرت علیؑ کے پاس خط لکھ کر روانہ کیا لیکن ابھی دو دن بھی نہ گزرے تھے کہ طلحہ وزبیر کے لشکر نے عثمان پر حملہ کر دیا۔ اور مدینۃ الرزق کے قریب زابوقہ مقام پر ان سے جنگ کی اور عثمان پر غالب آگئے اور انہیں پکڑ لیا پہلے تو انہیں قتل کرنے کا ارادہ کیا لیکن پھر یہ خطرہ پیدا ہوا کہ کہیں اہل مدینہ ان کے قتل پر ناراض نہ ہو جائیں اس لیے انہیں قتل تو نہ کیا لیکن انہیں مارا پیٹا اور ان کے بال نوچ ڈالے۔

طلحہ وزبیر کی تقریر

طلحہ وزبیر تقریر کرنے کھڑے ہوئے اور بولے:۔

''توبہ دل سے ہوتی ہے ہم نے یہ ارادہ کیا تھا کہ امیر المومنین عثمان کو ان کی غلطیوں پر آگاہ کریں اور ہمارا ان کو قتل کرنے کا ارادہ نہ تھا لیکن بدعقل عقل مندوں پر غالب آگئے اور انہیں قتل کر دیا۔''

لوگوں نے طلحہ سے کہا آپ کے خطوط ہمارے پاس آئے تھے ان سے تو کچھ اور ظاہر ہوتا تھا زبیر نے کہا عثمان کے بارے میں میرا تو تمہارے پاس کوئی خط نہیں آیا۔۔۔۔۔

اس پر بنوعبدالقیس کے ایک شخص نے کھڑے ہو کر زبیر سے کہا ''تم خاموش ہو جاؤ اور پہلے مجھے تقریر کرنے دو۔''

عبداللہ بن زبیر نے کہا ''تمہارا تقریر سے کیا واسطہ؟'' لیکن عبدی کھڑا ہوا اور لوگوں سے مخاطب ہو کر کہنے لگا۔

عبدی کی تقریر

''اے مہاجرین! تم سب سے پہلے وہ اشخاص ہو جنہوں نے نبی کریمؐ کی دعوت کو قبول کیا اور اس لحاظ سے تمہیں ایک بہت بڑی فضیلت حاصل ہے پھر جس طرح تم نے اسلام قبول کیا تھا اسی طرح اور لوگوں نے بھی اسلام قبول کیا جب رسول اللہؐ کی وفات ہوئی تو لوگوں نے اپنے میں سے ایک شخص کی بیعت کی اور ہم سے اس سلسلہ میں کوئی مشورہ طلب نہیں کیا ہم اس پر راضی ہو گئے اور اس معاملہ میں ہم نے تمہاری اتباع کی۔۔۔۔۔

پھر ابوبکر انتقال کر گئے اور ان میں سے ایک شخص کو تم پر خلیفہ بنا دیا ان کی خلافت کے سلسلہ میں بھی ہم سے کوئی مشورہ طلب نہیں کیا گیا۔۔۔

جب ان کی وفات ہوئی تو خلافت کا معاملہ چھ افراد کے سپرد کر دیا گیا اور انہوں نے عثمان کو منتخب کیا اور ہمارے مشورہ کے بغیر ان کی بیعت کر لی پھر ان ہی لوگوں نے عثمان کے خلاف کسی بات پر اتفاق کیا اور اسے ہمارے مشورہ کے بغیر قتل کر دیا پھر تم نے ہمارے مشورے کے بغیر حضرت علیؑ کی بیعت کر لی پھر تم نے ان سے اختلاف کیا اب تم یہ چاہتے ہو کہ ہم حضرت علیؑ سے جنگ کریں تم ہمیں یہ بتاؤ کہ کیا حضرت علیؑ نے مالِ غنیمت پر قبضہ کر لیا ہے یا حق کو چھوڑ دیا ہے یا وہ اعمال اختیار کر لیے ہیں جنہیں تم برا سمجھتے ہو اگر فی الواقع ایسا ہے تو ہم تمہارے ساتھ مل کر ان سے لڑیں گے اور اگر ایسا نہیں تو ہم ان سے جنگ کرنے کے لیے تیار نہیں ہیں۔''

ان لوگوں نے عثمان بن حنیف کے قتل کا ارادہ کر لیا لیکن اہل قبیلہ انہیں بچانے کیلیے کھڑے ہو گئے۔ عائشہ کے لشکر نے اگلے دن عثمان کے لشکر پر حملہ کر دیا اور ان کے ستر آدمی قتل کر دیئے۔

اہل شام کے نام طلحہ و زبیر کا خط

طلحہ و زبیر نے (گزشتہ) تمام واقعات اہل شام کو لکھ کر روانہ کر دیئے اور تحریر کیا ہم قاتلین (عثمان) سے جنگ کرنے اور اللہ تعالیٰ کے احکام نافذ کرنے کے لیے نکلے ہیں۔۔۔۔

اس پر بصرہ کے نیک اور شریف لوگوں نے ہماری بیعت کی اور شریر و جھگڑالو قسم کے لوگوں نے ہماری مخالفت کی اور ہمارے مقابلہ پر ہتھیار اٹھائے۔ ان لوگوں کا کہنا یہ تھا کہ ہم ام المومنین کی اطاعت کے لیے تیار ہیں (لیکن) انہیں چاہیے کہ وہ حق کے مطابق حکم کریں اور لوگوں کو حق پر چلنے کے لیے آمادہ کریں تا کہ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو دوبارہ سنت پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے ان لوگوں کے سامنے ہر قسم کے دلائل پیش کیے گئے اور جب کوئی حجت باقی نہ رہی تو حضرت امیر المومنین عثمان کے قاتل ایک جگہ جمع ہو گئے اور اپنی پرانی روش اختیار کرتے ہوئے ہمارے مدمقابل ہوئے اور ان میں سے ہرقوص بن زہیر کے علاوہ کوئی شخص نہیں بچا اور ایک نہ ایک دن

اللہ تعالیٰ انشاء اللہ اسے بھی قید کرے گا۔۔۔۔۔ہم تمہیں اللہ کی قسم دیتے ہیں کہ جس طرح ہم نے ان قاتلین سے جنگ کی ہے تم بھی ان سے اسی طرح جنگ کرو۔۔۔۔۔یہ خط سیار عجلی کے ہاتھ روانہ کیا گیا اسی قسم کا ایک اور خط اہل کوفہ کے نام روانہ کیا گیا اور بنو عمرو بن اسد میں سے ایک شخص مظفر بن معرض کو قاصد بنا کر بھیجا گیا اور ایک خط اہل یمامہ کے نام لکھا گیا اس وقت یمامہ کا عامل سبرہ بن عمرو عنبری تھا اسی طرح ایک خط اہل مدینہ کے نام لکھ کر ابن قدامہ قشیری کے ہاتھوں روانہ کیا گیا۔

بی بی عائشہ کا اہل کوفہ کے نام خط

حضرت عائشہ نے اہل کوفہ کے نام ایک خط تحریر کیا اس میں لکھا کہ میں تمہیں اللہ عزوجل اور اسلام کا واسطہ دیتی ہوں کہ اللہ کی کتاب اور اس میں جو احکام ہیں انہیں دنیا میں قائم کرو، اللہ سے ڈرو اس کے دین کو مضبوطی سے تھام لو اور اس کتاب پر چلو ہم بصرہ پہنچے اور لوگوں کو اس امر کی دعوت دی کہ وہ دنیا میں اللہ کی کتاب اور اس کے احکام کو نافذ کریں گے۔نیک لوگوں نے ہماری بات کو قبول کر لیا اور جن میں خیر کا مادہ نہیں تھا انہوں نے ہمارے مقابلہ میں ہتھیار اٹھائے اور یہ دعوٰی کیا کہ تمہیں بھی عثمان کے پاس پہچا دیں گے۔۔۔۔۔۔

اے اہل کوفہ! تم قاتلین کی جانب سے نہ جھگڑو دنہ مخالفین کی مدد کرو اور نہ ان لوگوں سے کوئی تعلق رکھو جن پر اللہ کی حد قائم ہے ورنہ تم بھی ظالم بن جاؤ گے۔

بی بی عائشہ نے نام بنام بہت سے آدمیوں کو خط لکھے جن میں تحریر تھا

''لوگوں کو ان قاتلوں کو پناہ دینے سے روکو، ان کی مدد نہ کرو اور اپنے گھروں میں بیٹھے رہو کیونکہ ہماری جماعت ان حرکات سے ہرگز راضی نہیں جو حضرت عثمان بن عفان کے خلاف کی گئیں۔۔۔۔''

حضرت عائشہ کا زید بن صوحان کے نام خط

یہ خط عائشہ بنت ابی بکر ام المومنین محبوبہ رسول اللہؐ کی جانب سے اس کے مخلص بیٹے زید بن صوحان کے نام ہے۔

''اے زید! جب تمہارے پاس میرا خط پہنچے تم میرے پاس چلے آؤ اور اس کام میں میری مدد کرو اگر تم میری مدد نہیں کرو گے تو لوگ علیؑ کے ہاتھوں ذلیل ہو جائیں گے۔''

زید بن صوحان کا جواب

یہ خط زید بن صوحان کی جانب سے عائشہ بنت ابی بکر ام المومنین محبوبہ رسول اللہؐ کے نام ہے۔

''آپ اس کام کو چھوڑ کر واپس چلے جائیں ورنہ میں سب سے پہلے آپ سے مقابلہ کروں گا۔''

زید فرمایا کرتے تھے کہ اللہ تعالیٰ ام المومنین پر رحم کرے اللہ نے انہیں گھر میں بیٹھنے کا حکم دیا تھا اور ہمیں جنگ کرنے کا۔لیکن انہوں نے اس حکم کو توڑ دیا جس کا نہیں حکم دیا گیا تھا۔اور جو حکم انہیں تھا وہ ہمیں دینا شروع کر دیا اور جو حکم ہمارے لیے تھا اس پر ام المومنین نے خود عمل کرنا

باب 6

حضرت علیؑ کا بصرہ کی جانب کُوچ

جب حضرت علیؑ کو مدینہ میں طلحہ وزبیر اور عائشہ کے بارے میں خبر ملی کہ انہوں نے عراق کی طرف کوچ کیا ہے تو آپ نے انتہائی تیزی کے ساتھ کوچ کیا تا کہ انہیں راستہ میں ہی روک لیں اور مکہ کی طرف واپس کر دیں لیکن حضرت علیؑ ربذہ پہنچے تو انہیں یہ خبر ملی کہ اس گروہ نے اپنا راستہ بدل دیا ہے اور چند روز آپ نے ربذہ میں قیام رکھا اور جب انہیں معلوم ہوا کہ یہ لوگ بصرہ کی طرف بڑھ رہے ہیں تو آپ زیادہ خوش ہوئے۔

آپ نے اہل کوفہ کو خط لکھا جس میں یہ تحریر تھا:۔

اہل کُوفہ کے نام حضرت علیؑ کا خط

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

میں تم لوگوں کو سب سے بہتر سمجھتا ہوں اور تمہارے درمیان رہنا پسند کرتا ہوں کیونکہ مجھے تمہاری دوستی کا اچھی طرح علم ہے۔اور مجھے اس بات کا بھی علم ہے کہ تم اللہ عزوجل اور رسول اللہؐ سے بے پناہ محبت کرتے ہو جو شخص میرے پاس آئے گا اور میری مدد کرے گا اس نے حق کو قبول کیا اور اپنے فریضے کو ادا کیا جو اس کے ذمہ ہے۔''

آپ نے محمد بن ابی بکر اور محمد بن عون کو کوفہ روانہ کیا جب یہ دونوں وہاں پہنچے تو لوگ ابوموسیٰ اشعری کے پاس جمع ہوئے اور اس سے جنگ میں شرکت کے لیے مشورہ طلب کیا۔

ابوموسیٰ اشعری کا فیصلہ

موسیٰ اشعری: اگر تم آخرت چاہتے ہو تو اپنی جگہ بیٹھے رہو اور اگر دنیا کے طلب گار ہو تو بے شک راس جنگ میں شریک ہو جاؤ جب محمد بن ابی بکر اور محمد بن عون کو ابوموسیٰ اشعری کا یہ مشورہ معلوم ہوا تو انہوں نے اسے برا بھلا کہا۔جس پر ابوموسیٰ نے کہا۔۔۔۔ہم اگر جنگ کریں گے بھی تو اس وقت کریں گے جب تمام قاتلین عثمان قتل کر دیئے جائیں اور ان میں سے ایک بھی آدمی زندہ نہ رہے۔

حضرت علیؑ نے 36ھ ماہِ ربیع الآخر کے آخر میں کوچ کیا۔

بنو طے سے خطاب

جب حضرت علیؑ نے زبذہ میں قیام کیا تو بنوطی کی ایک جماعت آپکے پاس آئی تو لوگوں نے عرض کیا کہ یہ طی کے وہ لوگ ہیں جو آپ کے ساتھ شامل ہوکر جنگ کرنا چاہتے ہیں اور آپ کی خلافت کو قبول کرتے ہیں۔

حضرت علیؑ: اللہ تعالیٰ تم سب کو جزائے خیر دے اور اللہ تعالیٰ نے مجاہدین کا بیٹھنے والوں کے مقابلہ بہت بڑا درجہ رکھا ہے۔

پھر یہ لوگ علیؑ کے پاس ان کے خیمہ میں پہنچے تو حضرت علیؑ نے ان سے سوال کیا:۔

''تم کس چیز کی گواہی دیتے ہو؟''

اہل طی: ہم ہر چیز پر گواہی دیتے ہیں جو آپ پسند کریں۔

حضرت علیؑ: اللہ تمہیں جزائے خیر دے تم لوگ مطیع ہوکر آئے ہو تم نے مرتدین سے بھی جنگ کی تھی اور مسلمانوں کے ہاتھوں سے جو چیز چلی گئی تھی تم نے اسے پورا کر دکھایا۔

سعید بن عبید طائی: اے امیر المومنینؑ! بعض لوگ وہ ہوتے ہیں جو اپنے مافی الضمیر کو زبان سے بہت اچھی طرح ادا کر دیتے ہیں اور خدا کی قسم میں بھی اپنے مافی الضمیر کو اپنی زبان سے اچھی طرح ادا کرسکتا ہوں میں علانیہ اور پوشیدہ طور پر ہر وقت آپ کا خیر خواہ رہوں گا اور ہر مقام پر آپ کے دشمن سے جنگ کروں گا اور آپ کا اپنے اوپر حق سمجھوں گا جو دنیا میں کسی اور کا نہیں، یہ صرف آپ کی فضیلت اور قرابت رسولؐ کا باعث ہوگا۔

حضرت علیؑ نے فرمایا: اللہ تم پر رحمت نازل فرمائے تم نے اپنے دلی خیالات کو زبان سے بہت اچھی طرح ظاہر کیا یہ سعید حضرت علیؑ کی طرف سے جنگ صفین میں لڑتے ہوئے مارے گئے۔

محمد بن ابی بکر کی کوفہ روانگی

جب حضرت علیؑ نے ربذہ پہنچ کر قیام کیا تو محمد بن ابی بکر اور محمد بن جعفر کو کوفہ روانہ کیا اور انہیں تحریر فرمایا:۔

''میں تم لوگوں کو تمام شہروں کے رہنے والوں سے زیادہ پسند کرتا ہوں اور جو حالات پیش آئے ہیں ان میں تمہاری امداد کا طالب ہوں تم لوگ اللہ کے دین کے مددگار بن جاؤ ہمارا ساتھ دو اور ہمارے ساتھ مل کر لوگوں سے جنگ کرو کیونکہ ہم اصلاح کے طالب ہیں اور یہ چاہتے ہیں کہ تمام امت بھائی بھائی بن جائے جس نے اس بات کو پسند کیا اور اسے اپنی جان پر ترجیح دی اس نے حق کو محبوب رکھا اور اس پر جان دی جس سے اس بات کو برا سمجھا اس نے حق سے دشمنی کی اور اسے ختم کیا۔''

یہ دونوں حضرت علیؑ کا خط لے کر کوفہ روانہ ہوگئے۔ حضرت علیؑ ربذہ میں رہ کر جنگی تیاریاں فرماتے رہے

مدینہ سے سواریاں اور ہتھیار منگوائے۔

حضرت علیؑ کا خطبہ

جب یہ سامان پہنچ گیا تو حضرت علیؑ نے لوگوں کو ایک خطبہ دیا اور فرمایا:۔

''اللہ عزوجل نے ہمیں اسلام کے ذریعہ عزت بخشی اس کی وجہ سے ہمارا درجہ بلند کیا اور ہم سب کو بھائی بھائی بنایا۔ حالانکہ ہم ذلیل تھے ہماری تعداد بھی کم تھی اور ہم ایک دوسرے کے جانی دشمن تھے جب تک اللہ نے چاہا لوگ اسی طریقہ کار پر عمل کرتے رہے اسلام ان کا دین تھا حق ان میں عام تھا اور وہ کتاب اللہ کو اپنا امام اور رہبر سمجھتے تھے یہاں تک کہ ایک جماعت نے جسے شیطان نے ورغلایا تھا اس شخص کو قتل کر دیا۔۔۔اس طرح شیطان نے امت میں پھوٹ ڈال دی خبردار جس طرح پہلی امتوں میں تفریق پیدا ہوئی اسی طرح اس امت میں بھی تفریق پیدا ہو کر رہے گی ہم اس پیدا ہونے والی برائی سے پناہ مانگتے ہیں۔''

اس کے بعد حضرت علیؑ نے دوبارہ فرمایا کہ:۔

''یہ تفریق ضرور پیدا ہو کر رہے گی اور یہ امت تہتر فرقوں میں بٹ جائے گی سب سے بدتر فرقہ وہ ہوگا جو مجھے چھوڑ دے گا اور اس چیز پر عمل نہیں کرے گا جس پر میں عمل کرتا ہوں اب تم نے سب چیزوں کو دیکھ لیا اور پالیا ہے لہذا اپنے دین کو لازم پکڑو۔ اپنے نبیؐ کے طریقہ کار پر چلو اور آپ کی سنت کی اتباع کرو تمہیں جو مشکل درپیش آئے اس کا فیصلہ قرآن کے مطابق کرو اگر قرآن اس کا حکم دیتا ہے تو اسے لازم سمجھو اور اگر قرآن اس کا انکار کرتا ہے تو اسے رد کر دو تم لوگ اللہ عزوجل کے رب ہونے اسلام کے دین ہونے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نبی ہونے اور قرآن کے حکم اور امام ہونے پر راضی ہو۔''

حضرت علیؑ کی بصرہ کی طرف روانگی

حضرت علیؑ نے کوچ فرمایا مقدمتہ الجیش پر یعلی بن عمر جراح کو معین کیا۔ علم حضرت محمد بن حنفیہ کو دیا۔ میمنہ عبداللہ بن عباس کے سپرد اور میسرہ پر عمر بن ابی سلمہ یا عمرو بن سفیان بن عبدالاسد کو مامور کیا گیا اور اس طرح حضرت علیؑ نے سات سو ساٹھ سواروں کے ساتھ کوچ فرمایا

عثمان بن حنیف کی واپسی

محمد بن حنیفہ کا بیان ہے کہ حضرت علیؑ ابھی ربذہ میں ہی قیام پذیر تھے کہ ان کے پاس عثمان بن حنیف پہنچے۔ ان کے سر داڑھی اور پلکوں کے بال اکھاڑ دیئے گئے تھے انہوں نے عرض کیا اے امیر المومنینؑ آپ نے مجھے داڑھی والا بھیجا تھا لیکن اب میں بغیر داڑھی کے واپس آیا ہوں۔

حضرت علیؑ: ''تو نے اجروثواب حاصل کیا بات یہ ہے کہ مجھ سے پہلے دو شخص لوگوں کے والی ہوئے (یعنی ابوبکر وعمر)۔۔۔پھر تیسرا شخص (عثمان) لوگوں کا والی بنا لوگوں نے اس کے بارے میں جو کچھ کہا اور جو اس کے ساتھ سلوک کیا وہ سامنے ہے پھر لوگوں نے میری بیعت کر لی طلحہ وزبیر نے بھی بیعت کی لیکن ان دونوں نے بعد میں بیعت توڑ ڈالی اور لوگوں کو میرے خلاف چڑھا لائے۔

مجھے تعجب ہے تو اس بات پر ہے کہ یہ دونوں ابوبکر عمر کے کیسے مطیع وفرمانبردار تھے لیکن میرے اتنے مخالف ہیں خدا کی قسم! یہ دونوں یہ بات خوب جانتے ہیں کہ میں گزشتہ لوگوں سے کم نہیں ہوں اے اللہ انہوں نے میرے لیے جو مشکل پیدا کر دی ہے اسے حل فرما دے اور انہوں نے اپنی ذات کے بارے میں جو فیصلہ کیا ہے اس میں انہیں ذلیل کر اور ان کے عمل کی برائی انہیں دکھا دے۔

قبیلہ ربیعہ اور بنوعبدالقیس کی آمد

جب حضرت علیؑ ذی قار پہنچے تو وہاں ان سے عثمان بن حنیف آ کر ملے ان کے چہرے پر کوئی بال نہیں تھا حضرت علیؑ نے جب انہیں دیکھا تو اپنے ساتھیوں سے مخاطب ہو کر فرمایا جب ہمارے پاس سے گئے تھے تو بوڑھے تھے اور جب لوٹ کر آئے تو جوان ہیں۔

حضرت علیؑ ذی قار میں ٹھہرے محمد بن ابی بکر اور محمد بن جعفر کا انتظار کر رہے تھے یہیں انہیں خبر ملی کہ قبیلہ ربیعہ اور بنوعبدالقیس طلحہ وزبیر سے ٹوٹ گئے ہیں اور راستہ میں ٹھہرے ہوئے حضرت علیؑ کے لشکر کا انتظار کر رہے ہیں تو حضرت علیؑ نے فرمایا قبیلہ ربیعہ میں عبدالقیس سب سے بہتر ہیں ویسے تو تمام ربیعہ میں ہی بھلائی ہے اس کے بعد آپ کے سامنے بکر بن وائل قبیلہ پیش ہوا تو آپ نے ان کے لیے بھی وہی الفاظ کہے جو بنی طے اور اسد کے لیے فرمائے تھے۔

ابوموسیٰ اشعری کا قاصدوں کو جواب

جب محمد بن ابی بکر اور محمد بن جعفر کوفہ پہنچے تو ابوموسیٰ اشعری کو حضرت علی کا خط دیا اور لوگوں سے حضرت علیؑ کی امداد طلب کی، لیکن ان دونوں کی بات کا کسی نے کوئی جواب نہ دیا جب شام ہوئی تو سمجھ دار لوگ ابوموسیٰ کے پاس جمع ہوئے اور اس سے دریافت کیا کہ اس جنگ میں شرکت کے لیے آپ کیا کہتے ہیں۔ابوموسیٰ نے کہا

''کل گزشتہ جو رائے تھی وہ آج نہیں ہے وہ شخص (علیؑ) جسے تم اس کے معاملات میں کمزور سمجھ رہے ہو اسی نے تمہیں ان حالات میں مبتلا کیا ہے جو تم دیکھ رہے ہو اور ابھی تو بہت کچھ حالات اور پیش آنے والے ہیں راستے صرف دو ہیں ایک آخرت کا راستہ اور ایک دنیا کا راستہ، تم جس راستے کو چاہو اختیار کرو۔''

ابوموسیٰ کی اس گفتگو کا یہ اثر ہوا کہ کوئی شخص حضرت علیؑ کے ساتھ مل کر جنگ میں شرکت کے لیے تیار نہیں

ہوا یہ بات محمد بن ابی بکر اور محمد بن جعفر کو بہت بری معلوم ہوئی۔ان دونوں نے ابوموسیٰ کو برا بھلا کہا ان کی باتیں سن کر اس نے کہا خدا کی قسم! عثمان کی بیعت میری گردن میں پڑی ہوئی ہے۔۔۔۔۔اگر جنگ میں ہماری شرکت ضروری بھی ہوئی تو ہم اس وقت تک ہرگز جنگ نہیں کریں گے جب تک حضرت علیؑ قاتلین عثمان کے قتل سے فارغ نہ ہو جائیں خواہ یہ قاتل دنیا کے کسی کونے میں کیوں نہ ہوں۔

یہ سن کر محمد بن ابی بکر اور محمد بن جعفر کوفہ سے واپس لوٹے اور ذی قار میں حضرت علیؑ کے پاس آ کر انہیں تمام حالات سے آگاہ کیا۔

ابوموسیٰ کی تقریر

حضرت علیؑ مالک اشتر کے ساتھ کوفہ کی طرف چل چکے تھے اور جلد کوفہ پہنچنا چاہتے تھے یہ حالات سن کر آپ نے مالک اشتر سے فرمایا، ''اے اشتر! ابوموسیٰ کو جواب دینے کے صحیح معنوں میں تم اہل ہو اور تم ہی ان پر اعتراضات کر سکتے ہو اس لیے تم اور عبداللہ بن عباس کوفہ جاؤ اور ان خراب حالات کی اصلاح کرو۔''

حضرت عبداللہ بن عباس اور جناب مالک اشتر کوفہ پہنچے ابوموسیٰ سے گفتگو کی اور کوفہ والوں سے حضرت علیؑ کے لیے مدد طلب کی۔

ابوموسیٰ نے لوگوں کو جمع کیا اور ان کے سامنے تقریر کرتے ہوئے کہا:۔

''اے لوگو! رسول اللہؐ کے وہ صحابہ جو مختلف مقامات میں آپ کے ساتھ رہے، اللہ عزوجل کے احکام اور رسول اللہؐ کی سنت کو ان لوگوں سے زیادہ جانتے ہیں جو لوگ آپ کی صحبت میں نہیں رہے۔تمہارا ہم پر ایک حق ہے جسے میں ادا کرنا چاہتا ہوں وہ یہ کہ اللہ عزوجل کی قدرت کو معمولی نہ سمجھو اور نہ اللہ عزوجل کے احکامات کا مقابلہ کرو۔''

دوسری رائے یہ ہے کہ:۔

''تمہارے پاس مدینہ سے جو بھی شخص آئے تم اسے مدینہ واپس کر دو تاوقتیکہ تمام اہل مدینہ ایک امیر پر متفق نہ ہو جائیں کیونکہ وہ تم سے اس بات کو زیادہ جانتے ہیں کہ تم میں سے کون شخص امامت وخلافت کے لائق ہے اس جنگ میں شامل ہو کر خود کو تکلیف میں مبتلا نہ کرو کیونکہ یہ ایک خاموش فتنہ ہے جس میں سونے والا جاگنے والے سے بہتر ہے اور کھڑا ہونے والا سوار ہونے والے سے بہتر ہے تم لوگ عرب کے کیڑوں کی مانند ہو جاؤ، تلواروں کو میان میں کر لو نیزوں کو توڑ دو اور کمانیں توڑ کر پھینک دو، مظلوم اور پریشان کی مدد کرو اور اس وقت تک خاموش بیٹھے رہو جب تک اس خلافت کے معاملہ میں اتفاق نہ ہو جائے اور یہ فتنہ دور نہ ہو جائے۔''

جب عبداللہ بن عباس اور مالک اشتر ناکام ہو گئے، حضرت علیؑ کے پاس پہنچے تو آپ کو حالات سے آگاہ کیا تو حضرت علیؑ نے اپنے بیٹے حسنؑ کو بلا کر کوفہ روانہ کیا ان کے ساتھ جناب عمار یاسر کو بھی بھیجا۔

حضرت حسنؑ سے فرمایا:۔

''تم کوفہ جا کر وہاں کے خراب حالات کو درست کرو۔''

یہ دونوں حضرات کوفہ پہنچے اور مسجد میں گئے۔

حضرت حسنؑ اور ابوموسیٰ کی گفتگو

ابوموسیٰ کو جب ان حضرات کی آمد کا علم ہوا تو وہ مسجد میں آیا اور حضرت حسنؑ کو دیکھ کر انہیں سینے سے چمٹا لیا۔

اس کے بعد ابوموسیٰ نے جناب عمار کی طرف متوجہ ہو کر کہا

''اے ابو بقطان! کیا اور لوگوں کی طرح تم نے بھی امیر المومنین (عثمان) کی دشمنی اختیار کر لی اور اس طرح تم نے اپنے آپ کو فاجروں میں شامل کر لیا۔''

عمار: میں ایسا کیوں نہ کرتا اور مجھے یہ بات کیوں بری معلوم ہوتی۔''

ابھی عمار بات بھی پوری نہ کر پائے تھے کہ حضرت حسنؑ نے درمیان میں بات کاٹ دی اور ابوموسیٰ سے مخاطب ہو کر فرمایا

''اے ابوموسیٰ! تو نے لوگوں کو ہماری مدد سے کیوں روک دیا ہے خدا کی قسم ہمارا ارادہ لوگوں کی اصلاح کرنا ہے اور امیر المومنین (علیؑ) جیسی ہستی کے بارے میں کسی برائی کا خیال بھی ذہن میں نہیں لایا جا سکتا۔''

ابوموسیٰ: میرے ماں باپ آپ پر قربان آپ نے یہ بات سچ فرمائی لیکن جس سے مشورہ طلب کیا جائے وہ امین ہوتا ہے۔ میں نے رسول اللہؐ کو فرماتے سنا کہ عنقریب ایک فتنہ پیدا ہوگا جس میں بیٹھنے والا کھڑے ہونے والے سے بہتر ہوگا کھڑا ہونے والا چلنے والے سے اور چلنے والے سوار سے بہتر ہوگا۔ اللہ تعالیٰ نے ہم سب مسلمانوں کو بھائی بھائی بنایا ہے ہمارے اموال اور خون ایک دوسرے پر حرام کیے ہیں۔

حضرت حسنؑ کی تقریر

حضرت حسنؑ نے تقریر فرمائی:۔

''اے لوگو! اپنے امیر کی دعوت قبول کرو اور اپنے بھائیوں کی مدد کے لیے چلو کیونکہ حضرت علیؑ اس کے اہل ہیں کہ ان کا ساتھ دیا جائے۔ خدا کی قسم! عقل مند لوگ انہیں کے ساتھ شامل ہوں گے اور اس میں ہی دنیا و آخرت کی بہتر ہے تم لوگ ہماری دعوت کو قبول کرو اور جس آزمائش میں ہم اور تم مبتلا ہو گئے

ہیں۔اس میں ہماری مدد کرو۔''

لوگوں نے حضرت حسنؑ کی تقریر کو غور سے سنا،ان کی دعوت کو قبول کیا اور ان کے ساتھ چلنے پر راضی ہو گئے۔

بنوطی کی ایک جماعت حضرت عدی کے پاس پہنچی اور ان سے پوچھا

''آپ کی کیا رائے ہے اور ہمارے لیے کیا حکم ہے؟''

حضرت عدی: ہم اس پر غور کر رہے ہیں کہ لوگ کیا طریقہ اختیار کرتے ہیں لیکن جب عدی کو حضرت حسنؑ کی تقریر کی اطلاع ملی تو انہوں نے کہا کہ ہم اس شخص (علی) کی بیعت کر چکے ہیں اب وہ ہمیں نیک کام کی دعوت دے رہے ہیں اور اس عظیم حادثہ میں ہماری مدد کے طلب گار ہیں اس لیے ہم ان کی مدد کے لیے جائیں گے اور دیکھیں گے کہ معاملات کیا ہیں؟

ہند بن عمرو کی تقریر

ہند بن عمرو نے کھڑے ہو کر کہا:۔

''اے لوگو! امیر المومنینؑ نے ہمیں دعوت دی ہے اور اپنے متعدد پیغام بر ہمارے پاس بھیجے ہیں حتیٰ کہ اب ان کے صاحبزادے آئے ہیں اب کی بات سنو اور ان کے حکم کو تسلیم کر کے اپنے امیر کی امداد کے لیے چلو۔اس معاملہ میں ان کے ساتھ مل کر غور کرو اور اپنی رائے سے ان کی مدد کرو۔''

حجر بن عدی کی تقریر

اس کے بعد حجر بن عدی نے لوگوں سے مخاطب ہو کر کہا:

''اے لوگو! امیر المومنینؑ کے حکم کو قبول کرو سواری اور بغیر سواری کے ان کی مدد کے لیے چلو، میں تم سب سے پہلے چلنے کے تیار ہوں۔''

عبد خیر کی ابوموسیٰ سے گفتگو

عبد خیر خیوانی ابوموسیٰ کے پاس گئے اور اس سے سوال کیا:۔

''اے ابوموسیٰ! کیا ان دونوں شخصوں یعنی طلحہ و زبیر نے حضرت علی کی بیعت نہیں کی تھی؟''

ابوموسیٰ: ''ہاں''

عبد خیر: ''وہ کون سی برائیاں سامنے آئیں کہ جن کے باعث ان کے لیے بیعت توڑنا جائز ہوا۔''

ابوموسیٰ: مجھے معلوم نہیں۔

عبد خیر: جب تمہیں معلوم نہیں تو میں اس سلسلہ میں تم سے کوئی سوال نہیں کرتا جب تک تمہیں اس کا علم نہ ہو، لیکن یہ بتاؤ کہ جب تم اسے فتنہ قرار دے رہے ہو تو تم یہ جانتے ہو گئے کہ اس فتنے سے کون شخص محفوظ رہے گا۔ اس وقت لوگ چار جماعتوں میں منقسم ہیں۔ علیؑ کوفہ میں، طلحہ وزبیر بصرہ میں، معاویہ شام میں اور چوتھی جماعت حجاز میں ہے جو اس جنگ میں کسی قسم کا حصہ نہیں لے رہی اور نہ کوئی اس سے جنگ کر رہا ہے۔''

ابوموسیٰ: ''یہی لوگ سب سے بہتر ہیں بقیہ سب فتنے میں مبتلا ہیں۔''

عبد خیر: ''تم پر کینہ پرستی چھائی ہوئی ہے۔''

مالک اشتر کی حضرت علیؑ سے درخواست

جناب اشتر نے حضرت علیؑ سے عرض کیا:۔

''اے امیر المومنینؑ آپ نے ان دونوں حضرات سے قبل ایک اور شخص کو کوفہ روانہ کیا تھا اور یہ دونوں حضرات جنہیں آپ نے بھیجا ہے واقعتا اس لائق ہیں کہ آپ کی مرضی کے مطابق لوگوں کو آمادہ کر سکیں یہ تو مجھے معلوم نہیں کہ کیا حالات پیش آئیں گے لیکن اگر امیر المومنین مجھے ان کے پیچھے روانہ کریں تو یہ بہتر ہے کیونکہ شہر والے میرے بہت مطیع ہیں۔ اگر میں وہاں جاؤں تو مجھے توقع ہے کہ اہل شہر میں سے کوئی شخص میری مخالفت نہیں کرے گا۔''

حضرت علیؑ: اچھا تم بھی چلے جاؤ۔

مالک اشتر وہاں سے چل کر کوفہ پہنچے، لوگ جامع مسجد میں جمع تھے۔ مالک اشتر کا جس قبیلہ یا مسجد سے گزر ہوتا اور وہاں انہیں جو لوگ نظر آتے تو وہ انہیں دعوت دیتے اور کہتے میرے پیچھے قصر کی طرف چلے آؤ، اس طرح سے وہ لوگوں کی ایک جماعت ساتھ لے کر قسر الامارہ میں پہنچے۔ قصر لوگوں سے پہلے بھی بھرا ہوا تھا مالک اشتر یہ جماعت لیے ہوئے اندر داخل ہوئے۔

ابوموسیٰ کی تقریر

مسجد میں ابوموسیٰ لوگوں کے سامنے کھڑے ہو کر تقریر کر رہا تھا اور انہیں جنگ میں شمولیت سے منع کر رہا تھا۔ اس نے اپنی تقریر میں کہا:۔

''اے لوگو! یہ اندھا اور بہرہ فتنہ ہے جو سب کو روند ڈالے گا، اس فتنے میں سونے والا بیٹھنے والے سے، بیٹھنے والا کھڑے ہونے والے سے، کھڑا ہونے والا چلنے والے سے، چلنے والا دوڑنے والے سے اور دوڑنے والا فتنہ ہے، جو تمہارے پاس تمہاری امن گاہ سے آیا ہے۔''

''یہ فتنہ بردبار انسان کو بھی ایسا بنا دے گا جیسا کوئی کل کا بچہ ہو، اے لوگو! ہم رسول اللہ کے صحابہ ہیں اور

اس فتنے سے خوب واقف ہیں یہ جب آئے گا تو لوگوں کو شبہات میں مبتلا کر دے گا اور جب ختم ہو گا تو اس کی حقیقت روشن ہو گی۔''

جناب عمار ابوموسیٰ کو مخاطب کرنا چاہتے تھے کہ حضرت امام حسنؑ نے ابوموسیٰ سے فرمایا۔''ہمارے اس کام سے تم علیحدہ ہو جاؤ اور ہمارے منبر سے اتر جاؤ۔تمہاری ماں مرے۔''

عمار:''کیا واقعتہً تو نے یہ حدیث رسول اللہؐ سے سنی ہے؟''

ابوموسیٰ:''یہ میرا ہاتھ موجود ہے جو کچھ میں کہہ رہا ہوں حق کہہ رہا ہوں۔''

عمار: نبی کریمؐ نے تمہارے لیے یہ مخصوص طور پر فرمایا ہو گا۔تجھ جیسے بیٹھنے والے سے اس میں کھڑا ہونے والا بہتر ہے۔اللہ اس شخص کو ضرور غالب فرمائے گا جو اس فتنہ پر غالب آئے اور اس کا مقابلہ کرے۔''

ابوموسیٰ سے مالک اشتر کی گفتگو

ابومریم ثقفی کا بیان ہے کہ خدا کی قسم میں اس دن مسجد میں تھا۔عمار ابوموسیٰ سے تکرار کر رہے تھے،اور ابوموسیٰ اپنی بات دھرا رہا تھا کہ اتنے میں ابوموسیٰ کے کچھ غلام چلاتے اور ابوموسیٰ کو آواز دیتے ہوئے آئے کہ مالک اشتر قصر میں داخل ہو گیا ہے اور اس نے مار کر ہمیں نکال دیا ہے۔

تو ابوموسیٰ منبر سے اتر کر قصر میں گیا تو مالک اشتر نے چلا کر کہا:۔

''تیری ماں مرے ہمارے قصر سے نکل جاؤ اللہ تیری جان نکالے خدا کی قسم تو پرانا منافق ہے۔''

ابوموسیٰ:''مجھے یہاں سے جانے کے لیے شام تک مہلت دیجئے۔''

یہ حالات دیکھ کر کچھ لوگ قصر میں گھس گئے اور ابوموسیٰ کا سامان لوٹنا چاہا تو مالک اشتر نے انہیں روک دیا اور انہیں قصر سے باہر نکال کر کہا''میں نے اسے باہر نکال دیا ہے اس بات پر لوگ ابوموسیٰ پر دست درازی سے رک گئے۔

باب 7
صلح کی گفت وشنید

جب یہ تمام لشکر (اہل کوفہ کا) ذی قار پہنچ گیا تو حضرت علیؑ نے قعقاع بن عمرو کو طلب فرمایا، اور انہیں اہل بصرہ کے پاس قاصد بنا کر بھیجا۔ یہ قعقاع رسول اللہؐ کے صحابہ میں سے تھے۔ آپ نے ان سے فرمایا تم بصرہ جا کر طلحہ اور زبیر سے ملو اور انہیں باہمی محبت اور جماعت کے اتحاد کی دعوت دو، اور جماعت میں تفریق بندی سے انہیں ڈراؤ۔ اس کے بعد آپؑ نے ان سے سوال کیا اگر طلحہ و زبیر تم سے کوئی ایسی بات کریں جس کے بارے میں میں نے تمہیں کوئی حکم نہیں دیا تو تم کیا طریقہ اختیار کرو گے۔ قعقاع نے جواب دیا۔ اولاً تو میں ان سے وہ بات کہونگا جس کا آپ نے مجھے حکم دیا ہے۔ لیکن اگر بالفرض انہوں نے کوئی ایسا سوال کیا جس کا آپ نے مجھے حکم نہ دیا ہو، تو پھر میں اپنی رائے سے جواب دونگا، اور حتی الامکان ان کی بات کا صحیح صحیح اور پورا پورا جواب دیا جائیگا اور جو مناسب ہوگا اس پر عمل کیا جائے گا۔ حضرت علیؑ نے فرمایا واقعاً تم اس کام کے اہل ہو۔

حضرت علیؑ کا معجزہ

ابو طفیل کا بیان ہے کہ حضرت علیؑ نے لوگوں سے مخاطب ہو کر فرمایا تمہارے پاس کوفہ سے بارہ ہزار کا لشکر آ رہا ہے جب یہ لشکر آیا تو ذی قار کے ایک کونہ پر ایک شخص نے بیٹھ کر اس لشکر کو شمار کیا تو اس میں ایک آدمی کم تھا نہ زیادہ۔

حضرت علیؑ کی بصرہ میں آمد

قتادہ کا بیان ہے کہ حضرت علی نے ذی قار سے کوچ فرما کر بصرہ کے سامنے زاویہ میں قیام کیا۔ (پھر) حضرت علیؑ کا لشکر زاویہ سے چل کر عبداللہ بن زیاد کے قصر کے سامنے جا کر ٹھہرا۔ حضرت عائشہ بھی فرضہ سے اپنا لشکر لے کر یہیں آ گئیں، اور دونوں لشکروں نے ایک دوسرے کے روبرو پڑاؤ ڈالا۔ یہ دونوں لشکر آمنے سامنے تین دن تک ٹھہرے رہے۔ اس دوران ان میں کوئی جنگ نہیں ہوئی۔ حضرت علیؑ کے قاصد لشکرِ عائشہ میں آ جا رہے تھے اور آپس میں پیغام رسانی کا سلسلہ جاری تھا۔

حضرت علیؑ کی طلحہ و زبیر سے گفتگو

جب دونوں لشکر آمنے سامنے ٹھہر گئے تو زبیر ہتھیار پہن کر سوار ہو کر میدان میں نکلا۔ لوگوں نے

حضرت علیؑ سے کہا یہ زبیر جا رہا ہے۔آپؑ نے فرمایا۔زبیر اور طلحہ سے زبیر اس لائق ہے کہ اگر اسے اللہ یاد دلایا جائے تو وہ طلحہ کی نسبت زیادہ خوفِ خدا کر سکتا ہے۔تھوڑی دیر بعد طلحہ جاتا ہوا نظر آیا تو حضرت علیؑ ان دونوں کے پاس گئے۔حتیٰ کہ تینوں کے گھوڑوں کی گردنیں آپس میں ملی ہوئی تھیں آپ نے دونوں سے مخاطب ہو کر فرمایا کہ تم ہر ایک نے بہت سے لشکر،سامانِ جنگ اور گھوڑے جمع کر لیے ہیں لیکن یہ تو بتاؤ کہ اللہ کے سامنے پیش کرنے کے لیے کون سا عذر تیار کیا ہے تم دونوں اللہ سبحانہ تعالیٰ سے ڈرو اور اس عورت کی طرح نہ ہو جاؤ جو سوت کاتنے کے بعد اسے ریزہ ریزہ کر دیا کرتی تھی۔کیا میں تمہارا دینی بھائی نہیں ہوں کیا تم پر میرا خون حلال ہو گیا ہے۔طلحہ نے کہا آپ نے لوگوں کو عثمان کے قتل پر ابھارا تھا۔حضرت علیؑ نے فرمایا جس روز اللہ تعالیٰ لوگوں کو پورا پورا بدلہ دے گا اس روز لوگوں کو معلوم ہو جائے گا کہ واضح حق کیا ہے۔اے زبیر کیا تمہیں وہ دن یاد نہیں جس روز تم رسول اللہ کے ساتھ بنو غنم کے محلہ سے گزر رہے تھے تو حضور میری جانب دیکھ کر ہنسے اور تم حضور کی جانب دیکھ کر ہنسنے لگے،اور تم نے اس وقت یہ بھی کہا کہ یہ ابو طالبؑ کا بیٹا اپنے تکبر سے باز نہیں آتا تمہاری اس بات پر نبی کریمؐ نے ارشاد فرمایا اس میں تو کوئی تکبر نہیں ہے۔اور اس کے بعد حضورؐ نے تم سے مخاطب ہو کر فرمایا۔اے زبیر تم ایک روز اس سے جنگ کرو گے حالانکہ تم ظالم ہو گے۔زبیر نے کہا آپؐ نے سچی بات کی ہے اور خدا کی قسم اگر مجھے حضورؐ کا یہ فرمان پہلے سے یاد ہوتا تو میں ہرگز یہ سفر نہ کرتا۔اور خدا کی قسم اب میں آپؑ سے جنگ نہیں کروں گا اس گفتگو کے بعد حضرت علیؑ واپس چلے آئے۔

زبیر کا جنگ سے علیٰحدگی کا ارادہ

زبیر چونکہ عہد کر چکا تھا کہ وہ حضرت علیؑ سے جنگ نہیں کرے گا۔اس لیے وہ جب میدان سے واپس لوٹا تو حضرت عائشہ کے پاس آیا۔اور کہا اے ام المومنین میں ہر مقام پر اپنے موقف کو جانتا تھا سوائے اس مقام کے۔حضرت عائشہ نے کہا آخر تمہارا کیا ارادہ ہے۔زبیر نے کہا میرا ارادہ یہ ہے کہ میں ان لوگوں کو ان کے حال پر چھوڑ کر خود کہیں چلا جاؤں۔عبداللہ بن زبیر نے کہا پہلے تو تم نے ہی یہ دوغا کھودنے اور جب لوگ ان غاروں میں گرنے لگے تو تم انہیں چھوڑ کر جانا چاہتے ہو۔دراصل علی بن ابی طالب کے جھنڈے کو دیکھ کر تمہیں یقین ہو گیا ہے کہ ان کے نیچے تمہاری موت ہے اس لیے تم میدان چھوڑ رہے ہو۔زبیر نے کہا میں قسم کھا چکا ہوں کہ اب علیؑ سے جنگ نہیں کروں گا۔اور مجھے وہ بات بھی یاد ہے جو علیؑ نے مجھے یاد دلائی ہے۔عبداللہ کہنے لگا تو آپ اپنی قسم کا کفارہ دے کر جنگ کیجئے۔اس گفتگو کے بعد عبداللہ نے زبیر کے غلام مکحول کو بلایا۔اور اسے آزاد کر دیا۔اس پر عبدالرحمن تمیمی نے اشعار کہے کہ مجھے تو قسم کا کفارہ دینے والے پر تعجب ہے کہ جس نے خدا کی نافرمانی پر غلام آزاد کیا۔

باب 8
جنگ جمل

قرآن اٹھانے کا حکم

حضرت علی نے اپنے ساتھیوں سے فرمایا تم میں سے کوئی شخص اپنے آپ کو اس کام کے لیے پیش کرسکتا ہے کہ وہ قرآن اٹھا کر فریقین کے درمیان کھڑا ہو جائے اور انہیں قرآن پر چلنے کی دعوت دے۔ اگر اس کا وہ ہاتھ کاٹ دیا جائے تو قرآن دوسرے ہاتھ میں لے لے۔ اور اگر دوسرا ہاتھ بھی کاٹ دیا جائے تو قرآن دانتوں سے تھام لے۔ ایک نوجوان نے اس کام کے لیے اپنے آپ کو پیش کیا۔ حضرت علیؑ کی خواہش تھی کہ کوئی اور شخص اس کام کو انجام دے اس لیے آپ تمام لشکر میں گھومے اور ہر ایک کے سامنے یہ بات پیش کی لیکن اس جوان کے علاوہ کوئی بھی اپنے آپ کو موت کے منہ میں دینے کے لیے تیار نہیں ہوا۔ حضرت علیؑ نے اس نوجوان سے فرمایا یہ قرآن ان کے سامنے پیش کرو اور ان سے کہو کہ یہ قرآن اول سے آخر تک ہمارے اور تمہارے خونوں کا فیصلہ کرے گا۔ لیکن مخالفین کے لشکر نے اس نوجوان پر حملہ کر دیا۔ قرآن اس کے ہاتھ میں تھا۔ انہوں نے اس کے دونوں ہاتھ کاٹ دیے تو اس نے قرآن دانتوں سے تھام لیا۔ حتیٰ کہ یہ نوجوان شہید کر دیا گیا۔

ابتدائے جنگ

اس پر حضرت علیؑ نے فرمایا۔ اب تمہارے لیے جنگ حلال ہوگئی ہے۔ تم ان سے جنگ کرو۔ اس روز ستر آدمی (بی بی عائشہ کے) اونٹ کی مہار تھامے ہوئے مارے گئے۔ جب اونٹ کی کونچیں کٹ گئیں، اور لوگوں کو شکست ہوئی تو طلحہ کو ایک تیر آ کر لگا جس سے وہ مارا گیا۔ زہری کہتے ہیں کہ لوگ یہ کہا کرتے تھے کہ یہ تیر مارنے والا مروان الحکم تھا۔ عبداللہ بن زبیر نے عائشہ کے اونٹ کی مہار تھام لی۔ تو حضرت عائشہ نے ہودج میں سے سوال کیا کہ یہ کس نے مہار تھام رکھی ہے لوگوں نے بتایا کہ عبداللہ بن زبیر ہے۔ حضرت عائشہ نے کہا ہائے اسماء کی بے اولادگی (اسماء بنت ابوبکر عبداللہ بن زبیر کی ماں اور عائشہ کی بہن تھی) جب عبداللہ لڑتا لڑتا زخمی ہو گیا تو اس نے اپنے آپ کو زخمیوں میں ڈال دیا تا کہ لوگ اسے مردہ سمجھیں جنگ ختم ہونے کے بعد وہ خاموشی سے میدان جنگ سے نکل آیا، اور زخموں کی مرہم پٹی کی جس سے وہ اچھا ہو گیا۔ محمد بن ابی بکر نے حضرت عائشہ کا ہودج اٹھا کر زمین پر رکھ دیا۔ اور اس پر ایک خیمہ لگا دیا۔ حضرت علیؑ نے خیمہ کے باہر کھڑے ہو کر فرمایا۔ تم لوگوں کو گھروں سے باہر نکال لائیں ہیں تو وہ باہر نکل آئے۔ انہیں ایک دوسرے کے سامنے کھڑا کر دیا۔ یہاں تک کہ بعض نے دوسرے

بعض کو قتل کر دیا تھا اور بھی بہت کچھ فرمایا، تو بی بی عائشہ کہنے لگیں۔ اے فرزند ابوطالب آپ کو کامیابی حاصل ہوئی ہے۔ لہذا پردہ پوشی کیجئے۔ آپ نے اپنی قوم کا بہتر طریقہ سے امتحان لیا۔ اس کے بعد حضرت علیؑ نے انہیں روانہ فرمایا، اور کچھ مرد اور عورتیں ان کے ساتھ کر دیں۔ ان کا سامانِ سفر تیار کرایا اور بارہ ہزار درہم انہیں دینے کا حکم دیا اور زبیر کو بھی قتل کر دیا گیا۔ لوگوں کا خیال ہے کہ اسے ابن جرموز نے قتل کیا تھا۔

محمد بن حنفیہ

محمد بن حنفیہ کا بیان ہے کہ جمل کے روز میرے والد گرامی نے علم لشکر مجھے عنایت کیا، اور فرمایا آگے بڑھو میں برابر آگے بڑھتا رہا۔ لیکن جب میرے آگے نیزے اور سنانیں آڑے آگئیں تو میں رک گیا۔ کسی نے میرے پیچھے سے کہا تیری ماں مرے آگے کیوں نہیں بڑھتا۔ میں نے جواب دیا آگے کوئی جگہ نظر نہیں آتی چاروں طرف نیزے اور سنان ہیں۔ کہنے والے نے ہاتھ بڑھا کر میرے ہاتھ سے علم لیا میں نے سر اٹھا کر دیکھا تو دوہ میرے والد محترم تھے، وہ فرما رہے تھے۔ (ترجمہ اشعار) اے عائشہ تجھے میری نیکی نے دھوکہ دیا، اور قوم کو ایک دوسرے کا دشمن بنا دیا، بیٹوں کے قتل ہونے سے تو تیرا جھک جانا بہتر تھا۔

محمد بن ابوبکر اور عائشہ

محمد بن ابی بکر اور عمار بن یاسرؓ (بی بی عائشہ) کی سواری کے اونٹ کے ذبح ہونے کے بعد عائشہ کے پاس پہنچے، اور ان کے ہودج کے بندھن کاٹے اور ان کا ہودج اٹھا کر ایک طرف رکھ دیا۔ سری کی روایت ہے کہ حضرت علیؑ نے ایک جماعت کو حکم دیا کہ مقتولین کے درمیان سے عائشہ کا ہودج اٹھا لیا جائے قعقاع اور زفر بن حارث نے پہلے ہی ہودج اونٹ پر سے اتار کر اونٹ کے ایک طرف رکھ دیا تھا۔ حضرت علیؑ کے اس حکم کے بعد محمد بن ابوبکرؓ ایک جماعت کے ساتھ ہودج کے قریب پہنچے اور ہودج کے اندر اپنا ہاتھ ڈالا۔ حضرت عائشہ نے پوچھا یہ کون ہے۔

محمد: تمہارا اچھا بھائی۔

حضرت عائشہ: نہیں بلکہ نافرمان بھائی۔

عمار بن یاسر نے کہا اے میری ماں آج تم نے اپنے بیٹوں کی جنگ کیسی پائی۔

حضرت عائشہ: تو کون ہے۔

عمارؓ: تمہارا نیک بیٹا عمار!

عائشہ: میں تمہاری ماں نہیں ہوں۔

عمارؓ: کیوں نہیں چاہے تم برا کیوں نہ مانو۔

عائشہ: اگر تم کامیاب ہو گئے تو اس پر فخر کر رہے ہو۔ حالانکہ جیسا تم نے دوسروں کو نقصان پہنچایا ہے ویسا ہی تمہیں بھی پہنچا ہے۔ افسوس خدا کی قسم جن کی عادات اس قسم کی ہوتی ہیں وہ تو کبھی کامیاب نہیں ہوتے۔

شریک کا بیان ہے کہ محمد نے ہودج کے اندر اپنا ہاتھ ڈالا اور کہا آپ کا بھائی محمد ہے۔

عائشہ: یعنی قابل مذمت بھائی۔

محمدؓ: آپ کو کوئی زخم تو نہیں پہنچا۔

عائشہ: تمہیں میرے زخم سے کیا واسطہ۔

یہ واقعہ بقول واقدی 15 جمادی الآخر 36ھ کو پیش آیا۔

عبداللہ بن زبیر اور محمد بن ابوبکر

عبداللہ نے وزیر نامی ایک شخص کے مکان میں پناہ لی، اور اس سے کہا کہ ام المومنین کے پاس جاؤ اور انہیں میری جائے پناہ بتا دو، اور یہ بھی کہہ دو کہ محمد بن ابوبکر کو اس کی اطلاع نہ ہونے پائے۔ وہ شخص عائشہ کے پاس پہنچا اور اس سے تمام واقعہ بیان کیا۔ عائشہ نے کہا جاؤ محمدؓ کو میرے پاس لاؤ۔ وزیر نے کہا عبداللہ نے مجھے اس منع کیا ہے کہ محمد کو اس کی اطلاع نہ ہونے پائے۔ عائشہ نے ایک دوسرا شخص بھیج کر محمد کو طلب کیا۔ جب محمد آئے تو ان سے کہا اس شخص کے ساتھ جاؤ اور میرے بھانجے کو میرے پاس لے آؤ محمد اس ازدی شخص کے ساتھ گئے اور عبداللہ کے پاس پہنچے، اور اس سے کہا خدا کی قسم میں مجبور ہو کر تیرے پاس آیا ہوں مجھے تو ام المومنین نے مجبور کیا ہے کہ میں تمہارے پاس آؤں۔

مقتولین کی تدفین

حضرت علیؑ تین دن تک لشکر گاہ میں مقیم رہے، اور بصرہ میں قیام کیا۔ کیونکہ لوگ اپنے اپنے مقتولین کو تلاش کر کے دفن کر رہے تھے، اور ایک بڑی قبر میں سب کو دفن کر دیا۔

اس کے بعد حضرت علیؑ نے حکم دیا کہ میدان میں جتنی چیزیں ملیں سب جمع کر کے لے آؤ جب سب چیزیں جمع ہو گئیں تو مسجد بصرہ میں بھیج کر اعلان کرایا کہ ہر شخص اپنی چیز پہچان کر لے جائے لیکن ہتھیار خزانہ میں داخل کیے جائیں۔ جنگ جمل میں اونٹ کے ارد گرد لڑتے ہوئے دس ہزار آدمی مارے گئے۔

تقسیم مال

پھر حضرت علیؑ بصرہ میں داخل ہوئے تو اہل بصرہ نے اپنے اپنے جھنڈوں کے نیچے حضرت علیؑ کی بیعت کی، اور ان لوگوں نے بیعت کی جو زخمی تھے یا کسی کی امان میں تھے۔ جب مروان واپس لوٹا تو وہ معاویہ کے پاس

چلا گیا۔ جب حضرت علیؑ اہل بصرہ کی بیعت سے فارغ ہوئے تو بیت المال کا جائزہ لیا۔ اس میں چھ لاکھ سے زیادہ کا مال تھا۔ وہ آپ نے ان لوگوں میں تقسیم کر دیا جو ان کے ساتھ تھے۔ ان سب کے حصہ میں پانچ پانچ سو درہم آئے۔

حضرت علیؑ کا اصُول

حضرت علیؑ کا یہ اصول تھا کہ وہ کسی بھاگتے ہوئے اور زخمی کو قتل نہیں کرتے تھے اور نہ کسی کا پردہ فاش کرتے تھے اور نہ کسی کا مال لیتے تھے۔ کچھ لوگوں نے کہا کہ یہ بڑے تعجب کی بات ہے کہ ان کا خون تو ہمارے لیے حلال ہے اور ان کے مال حرام ہیں۔ حضرت علیؑ نے یہ سن کر فرمایا یہ تمہارے بھائی ہیں جس نے ہم سے درگزر کیا وہ ہم میں داخل ہے اور ہم ان میں داخل ہیں۔ اور جو شخص ہمارے مقابلے میں آ کر قتل ہوا تو اس سے جنگ میری طرف سے اس کے مقابلہ میں رہنے کی صورت میں ہے۔ اس لیے ان کے مال کا خمس ہی کافی ہے اسی وقت سے وہ لوگ جو بعد میں خارجی ہو گئے تھے حضرت علیؑ کے خلاف اندرونی سازشیں کرنے لگے۔

حضرت عائشہ کی روانگی کی تیاری

حضرت علیؑ نے بی بی عائشہ کی روانگی کے لیے جن چیزوں کی ضرورت تھی مہیا کیں۔ سواری سامان اور زادِراہ وغیرہ اور جو لوگ مکہ سے بی بی عائشہ کے ساتھ آئے تھے، ان میں سے جو بچ گئے تھے وہ بھی حضرت عائشہ کے ساتھ گئے۔ اور بصرہ کی چالیس عورتوں کو جو مشہور و معروف تھیں ساتھ کیا۔ اور محمدؓ سے فرمایا اپنی بہن کے لیے کوچ کی تیاری کرو حضرت عائشہ کو بھی اطلاع مل گئی تھی۔ جب کوچ کا دن آیا تو حضرت علیؑ عائشہ کے پاس آئے، اور انہیں رخصت کرنے کے لیے کھڑے ہوئے لوگ بھی موجود تھے۔ حضرت عائشہ باہر آئیں، اور لوگوں نے الوداع کہا، اور عائشہ لوگوں سے رخصت ہوئیں، اور ان سے کہا اے میرے بیٹو ہم جلد بازی میں ایک دوسرے کے خلاف کھڑے ہو گئے۔ آئندہ ہمارے اختلافات کے باعث کوئی شخص ایک دوسرے پر زیادتی نہ کرے۔ خدا کی قسم میرا اور علیؑ کا شروع ہی سے اختلاف تھا، لیکن یہ اختلاف اسی قسم کا تھا جیسے ساس اور داماد میں ہوتا ہے۔ فی الحقیقت علیؑ میرے نزدیک نیک آدمی ہیں۔ حضرت عائشہ نے شروع رجب 36ھ میں ہفتہ کے روز بصرہ سے کوچ کیا، اور کئی میل تک حضرت علیؑ انہیں چھوڑنے آئے، اور اپنے بیٹوں کو حکم دیا کہ ایک دن تک ام المومنین کے ساتھ دینے کا بعد واپس لوٹ آئیں۔

حضرت عائشہ کی عمارؓ سے گفتگو

جنگ سے فراغت کے بعد حضرت عمار بن یاسرؓ نے عائشہ سے کہا۔ آپ سے پردہ نشینی جو عہد لیا گیا تھا آپ کا یہ سفر اس عہد سے کتنا متضاد ہے۔

عائشہ: کیا یہ ابوالیقضان ہیں؟

عمارؓ: جی ہاں!

عائشہ: خدا کی قسم میں یہ جانتی ہوں کہ تم خوب حق بات کہنے والے ہو۔

عمار: ہر قسم کی تعریف اس خدا کے لیے ہے جس نے آپ کی زبان سے میرے لیے اس فیصلہ کا اظہار کرایا۔

باب 10
جنگ صفین کی تیاریاں

عمرو عاص کی معاویہ سے بیعت

36ھ میں عمرو عاص نے علیؑ کے مقابلہ میں معاویہ کے ساتھ شامل ہو کر اس کی بیعت کی۔

عمرو عاص کا بیٹوں سے مشورہ

تمہیں یہ معلوم ہو چکا ہے کہ عثمان قتل کر دیئے گئے ہیں اور لوگوں نے علیؑ کی بیعت کر لی ہے لیکن معاویہ علیؑ کی مخالفت پر آمادہ ہے۔تمہاری کیا رائے ہے۔ جہاں تک میری رائے کا تعلق ہے تو علیؑ کے ساتھ ملنے سے کوئی بھلائی نہیں۔ وہ پرانے راستے (اسلام) پر ہی چلے گا اور مجھے اپنے کام میں شریک نہیں کرے گا۔عبداللہ بن عمرو نے کہا میری رائے تو یہ ہے کہ آپ اپنے ہاتھ روکے رکھیں اور اپنے گھر میں بیٹھ جائیں۔اور جب لوگ ایک امام پر متفق ہو جائیں تو آپ اس کی بیعت کر لیں۔محمد بن عمرو نے کہا آپ کی عرب میں وہی حیثیت ہے جو دانتوں میں کچلی (داڑھ) کی ہوتی ہے۔ مجھے کسی امام پر اتفاق ہوتا نظر نہیں آتا۔اور میں یہ پسند نہیں کرتا کہ آپ کا لوگوں میں کوئی ذکر اور شہرہ ہو۔عمرو نے کہا اے عبداللہ تیری رائے واقعتا میری آخرت کے لیے بہتر ہے،اور اس رائے پر عمل کرنے سے دین بھی سالم رہے گا۔اور محمد نے جو رائے دی ہے وہ دنیاوی لحاظ سے بہت بہتر لیکن آخرت کے لحاظ سے بری ہے۔

عمرو عاص کی شام کو روانگی

عمرو نے اس گفتگو کے بعد اپنے بیٹوں کے ساتھ یہاں سے کوچ کیا اور شام پہنچا۔شام کے باشندے معاویہ کو قصاص پر آمادہ کر رہے تھے۔عمرو عاص نے لوگوں سے کہا تم واقعتہً حق پر ہو۔اس لیے خلیفہ مظلوم کے قصاص کا مطالبہ کرو،لیکن معاویہ نے عمرو کے اس قول پر توجہ نہ دی۔عمرو کے بیٹوں نے کہا معاویہ نے تمہاری بات کی جانب توجہ نہیں دی اس لیے آپ کسی اور کے پاس چلیے۔لیکن عمرو نے یہ مشورہ قبول نہ کیا اور تنہائی میں معاویہ کے پاس پہنچا،اور اس سے کہا مجھے تجھ پر بہت تعجب ہے کہ میں تو تیری حمایت پر آمادہ ہوں اور تو مجھ سے منہ پھیر رہا ہے خدا کی قسم اگر ہم تیرے ساتھ خلیفہ کے قصاص کا مطالبہ کریں تو ہمیں اس شخص سے جنگ کرنی ہو گی جس کی سبقت اسلام قرابت رسولؐ اور فضیلت سے تو بھی واقف ہے۔لیکن ہم نے دنیا کو اختیار کر لیا ہے یہ سن کر معاویہ

نے اس سے صلح کر لی اور اس کی جانب مائل ہو گیا۔

جریر بن عبداللہ کی پیغامبری

جب حضرت علیؑ جنگ جمل سے فارغ ہو گئے اور بصرہ سے کوفہ کی طرف کوچ کیا تو جرید بن عبداللہ البجلی کو معاویہ کے پاس قاصد بنا کر بھیجا تا کہ اسے اطاعت کی دعوت دے۔ ابوعوانہ کا بیان ہے کہ جب حضرت علیؑ نے معاویہ کے پاس قاصد بھیجنے کا ارادہ کیا تو جریر نے عرض کیا آپ مجھے قاصد بنا کر بھیج دیجئے کیونکہ میری اس سے دوستی ہے۔ میں معاویہ کو آپ کی اطاعت کی دعوت دوں گا۔ اور اسے اس پر مجبور کروں گا۔ مالک اشتر نے کہا آپ اسے ہرگز معاویہ کے پاس نہ بھیجئے۔ کیونکہ میرا خیال ہے کہ یہ دل سے معاویہ کے ساتھ ہے۔ حضرت علیؑ نے فرمایا اسے جانے دو تا کہ ہمیں یہ معلوم ہو کہ یہ وہاں سے کیا خبر لاتا ہے حضرت علیؑ نے معاویہ کے نام ایک خط بھی تحریر کیا جس میں لکھا کہ تمام مہاجرین وانصار نے آپ کی بیعت پر اتفاق کر لیا ہے۔ اس میں طلحہ وزبیر کے بیعت توڑنے اور ان سے جنگ کا بھی ذکر تھا۔ اس خط میں معاویہ کو حضرت علیؑ نے اپنی اطاعت کی دعوت دی تھی کہ جیسے مہاجرین وانصار نے میری اطاعت قبول کر لی ہے اسی طرح تم بھی میری بیعت کر لو۔ جب جریر شام پہنچا تو معاویہ نے اسے ٹالنا شروع کیا تا کہ وہ یہاں کا ماحول دیکھ لے۔ اور عمرو عاص کو بلا کر مشورہ طلب کیا۔ عمرو نے جواب دیا کہ آپ شام کے رؤسا کو مدد کے لیے لکھئے اور خونِ عثمان کا تمام الزام علیؑ کے سر تھوپ کر ان سے جنگ شروع کر دیجئے۔ معاویہ نے اسی رائے پر عمل کیا۔

قمیضِ عثمان

بشیر بن نعمان حضرت عثمان کا وہ قمیض لے کر شام پہنچا، جس میں عثمان قتل ہوا تھا، اور جو خون آلود ہوا تھا۔ نعمان کے پاس عثمان کی بیوی نائلہ کی انگلیاں بھی تھیں معاویہ نے یہ قمیض منبر پر رکھ دی اور تمام مقامات کے لشکروں کو اس قمیض کے حال سے مطلع کیا۔ لوگ اس قمیض پر ٹوٹ پڑے۔ یہ قمیض ایک سال تک منبر پر رکھی رہی اور انگلیاں ٹنگی رہیں۔ لوگ اس قمیض کو دیکھ کر زار وقطار روتے تھے۔ لوگوں نے قسمیں کھائی تھیں کہ وہ تو اپنی بیویوں کے پاس جائیں گے، اور نہ احتلام کے بغیر غسل کریں گے، اور نہ بستروں پر سوئیں گے۔ جب تک قاتلینِ عثمان کو قتل نہ کر بتا یا دیں کبھی کبھی معاویہ اس قمیض کو خود پہنتا، اور اپنے گلے میں نائلہ کی انگلیاں ڈال لیتا۔ جریر نے یہ تمام منظر شام میں دیکھا، اور حضرت علیؑ سے آ کر کہ تمام اہلِ شام آپؑ سے جنگ کرنے پر متفق ہیں اور کہتے ہیں کہ علیؑ نے عثمانؓ کو قتل کیا اور ان کے قاتلین کو پناہ دی۔

حضرت علیؑ کی صفین کو روانگی

حضرت علیؑ نے کوفہ پہنچ کر صفین جانے کا ارادہ کیا جب معاویہ کو حضرت علیؑ کے ارادے کی خبر ملی تو اس نے عمرو عاص کو طلب کیا اور اس سے مشورہ کیا۔ عمرو نے کہا جب تمہیں معلوم ہو چکا ہے کہ علیؑ خود جنگ کرنے کے لیے آ رہے ہیں تو تم خود بھی لشکر لے کر جاؤ اور اپنی تدابیر کو بھی ہاتھ سے نہ جانے دو۔ معاویہ نے کہا اے ابوعبداللہ اب تو یہی کرنا ہے۔ معاویہ نے شام کے تمام لشکروں کو تیاری کا حکم دیا، اور اس تمام لشکر کا جھنڈا عمرو عاص کے سپرد کیا۔

پانی پر جنگ

جندب بن عبداللہ کا بیان ہے کہ جب ہم معاویہ کے لشکر کے بالمقابل پہنچے تو معاویہ نے پہلے ہی سے کشادہ اور عمدہ میدان پر قبضہ کر لیا تھا۔ اور گھاٹ کی طرف کا حصہ اپنے قبضہ میں لے لیا تھا۔ اور اس میدان میں پانی لینے کے لیے دریا پر صرف ایک ہی گھاٹ تھا۔ اس گھاٹ پر معاویہ نے ابوالاعور سلمی کو متعین کیا تھا کہ وہ اس کی حفاظت کرے اور دشمن کو پانی نہ لینے دے ہم نے دریائے فرات کے کنارے کافی دور تک چکر لگایا کہ شاید پانی لینے کے لیے کوئی اور گھاٹ موجود ہو۔ لیکن وہاں کوئی اور گھاٹ ہی نہ تھا۔ ہم نے آ کر حضرت علیؑ کو حالات سے مطلع کیا کہ دریا پر صرف ایک ہی گھاٹ ہے جو دشمن کے قبضہ میں ہے اور لوگ پیاسے مر رہے ہیں۔

معاویہ کی جانب قاصد کی روانگی

حضرت علیؑ نے صعصعہ بن صوحان کو طلب فرمایا اور انہیں حکم دیا کہ تم معاویہ کے پاس جاؤ اور اس سے جا کر کہو کہ اگرچہ ہم تمہارے مقابلے پر آئے ہیں لیکن ہم حجت تمام کیے بغیر تم سے جنگ کرنا نہیں چاہتے تم نے اپنے سوار اور پیدل ہمارے مقابلہ پر بھیجے جنہوں نے ہم سے جنگ کی ابتداء کی حالانکہ ہم تو حجت تمام کیے بغیر تم سے جنگ کرنا نہیں چاہتے تھے۔ دوسری غلطی تم نے یہ کی کہ لوگوں کو پانی پینے سے روک دیا، حالانکہ لوگ پانی سے رکنے والے نہیں وہ ہر صورت میں پانی حاصل کر کے رہیں گے۔ تم اپنے لشکریوں کو حکم دو کہ وہ پانی کا راستہ چھوڑ دیں اور اس وقت تک کوئی اقدام نہ کریں جب تک ہم آپس میں کوئی معاملہ طے نہ کر لیں۔ اور ہمیں تمہاری آمد اور تمہیں ہماری آمد کی وجہ معلوم نہ ہو جائے۔ ورنہ لوگوں کو جنگ کی اجازت دے دیں گے۔ پھر پانی وہی شخص حاصل کر لے گا جو غالب ہوگا۔

معاویہ کا مشورہ

معاویہ نے اپنے ساتھیوں سے دریافت کیا تمہاری کیا رائے ہے۔ ولید بن عقبہ نے کہا آپ انہیں

قطعاً پانی نہ دیجئے۔جس طرح انہوں نے عثمان بن عفان کو چالیس روز تک پانی اور کھانے سے محروم رکھا۔عمرو عاص نے کہا آپ پانی کا راستہ چھوڑ دیجئے۔کیونکہ یہ ہرگز نہیں ہوسکتا کہ آپ سیراب ہوں اور وہ پیاسے رہیں۔آپ پانی پر جنگ نہ کریں بلکہ دیگر معاملات پر غور کیجئے ولید نے اپنی بات دوبارہ دہرائی۔عبداللہ بن ابی سرح نے کہا رات تک آپ پانی روکے رکھیے۔اگر رات تک یہ پانی حاصل نہ کر سکے تو خود ہی لوٹ جائیں گے۔اور اگر یہ خود بخود لوٹ گئے تو یہ ان کی شکست ہوگی۔خدا انہیں قیامت کے روز پانی نصیب نہ کرے۔صعصعہ نے کہا قیامت کے روز اللہ تعالیٰ پانی تو کفار وفساق اور شرابیوں سے روکے گا جس کے باعث تجھ پر اور اس فاسق ولید پر حد لگائی گئی تھی۔اس پر وہ لوگ انہیں گالیاں دینے لگے،اور انہیں مار ڈالنے کی دھمکی دی۔معاویہ نے کہا اسے کچھ نہ کہو یہ قاصد ہے۔جب صعصعہ واپس لوٹ کر آئے تو انہوں نے تمام گفتگو ہم سے بیان کی ہم نے ان سے پوچھا کہ خود معاویہ نے کیا جواب دیا تو صعصعہ نے کہا جب میں واپس لوٹنے لگا تو معاویہ سے پوچھا تمہارا کیا جواب ہے تو اس نے کہا میرا جواب تمہیں عنقریب معلوم ہوجائے گا۔

پانی پر قبضہ

ابھی کچھ دیر نہ گزری تھی کہ سوار دستے الاعور کی مدد کے لیے پہنچنے شروع ہو گئے۔تاکہ وہ پانی سے انہیں روکیں۔حضرت علیؑ نے بھی ہمیں ان کے مقابلہ پر بھیجا۔پہلے آپس میں تیر اندازی ہوئی۔پھر نیزے چلے اور آخر میں تلواریں نکل آئیں۔ہم ان پر غالب آئے اور پانی ہمارے قبضہ میں آ گیا۔ہم نے دل میں سوچا کہ شامیوں کو پانی کا ایک قطرہ بھی نہ دیا جائے۔لیکن حضرت علیؑ نے ہمارے پاس کہلا بھیجا کہ اپنی ضرورت کا پانی لے کر اپنے لشکر کے ساتھ واپس لوٹ آؤ اور پانی پر کوئی روک ٹوک نہ کرو۔کیونکہ اللہ نے ان کی سرکشی اور ظلم کے باعث ہی تمہاری مدد فرمائی ہے۔

حضرت علیؑ کا پیغام

دو دن تک اسی طرح دونوں لشکر خاموش پڑے رہے دو روز بعد حضرت علیؑ نے بشیر بن عمرو انصاری،سعید بن قیس ہمدانی اور شبث بن ربعی کو طلب کیا۔اور ان سے فرمایا تم معاویہ کے پاس جاؤ اور اسے حق پر چلنے امیر کی اطاعت کرنے اور جماعت کے اتحاد کی دعوت دو۔شبث نے کہا آپ ایسا کیوں نہیں کرتے کہ معاویہ کو کچھ طمع دلائیں اور اس سے کہیں کہ وہ آپ کی بیعت کر لیں۔اور آپ اسے شام کی امارت عطا فرما دیں۔حضرت علیؑ نے فرمایا کہ تم اس کے پاس جاؤ اور اپنی حجت پیش کرو اور دیکھو کہ وہ کیا چاہتا ہے۔یہ سفرا،معاویہ کے پاس گئے یہ واقعہ اوائل ذی الحجہ 36ھ میں پیش آیا تھا۔یہاں پہنچنے کے بعد بشیر بن عمرو نے معاویہ سے کہا اے معاویہ ایک نہ ایک روز دنیا تم سے زائل ہوجائے گی اور تم آخرت کی طرف لوٹ جاؤ گے۔اللہ عزوجل تمہارے تمام اعمال اور تمام

کاموں کا محاسبہ فرمائے گا۔ میں تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں کہ تم جماعت میں تفریق پیدا نہ کرو، اور مسلمانوں کا آپس میں خون نہ بہاؤ۔ معاویہ نے درمیان سے ہی کلام قطع کر کے سوال کیا کہ جس شئی کی تم مجھے نصیحت کرتے ہو کیا اس کی نصیحت اپنے امیر کو بھی کی ہے۔ بشیر نے کہا میرا امیر تم جیسا نہیں وہ تمام مخلوق میں دوسروں کو نصیحت کرنے کے زیادہ حقدار ہیں اس لیے کہ وہ صاحب فضیلت بھی ہیں اور صاحب دین بھی۔ انہیں سبقت اسلام بھی حاصل ہے اور رسول اللہؐ کی قرابت بھی۔ معاویہ نے کہا آخر وہ کیا چاہتے ہیں۔ بشیر نے کہا وہ تمہیں تقویٰ اختیار کرنے اللہ عزوجل سے ڈرنے اور حق کے معاملہ میں اپنی اطاعت کرنے کا حکم دیتے ہیں اس میں تمہاری دنیا بھی قائم رہے گی اور آخرت کی بھی بھلائی ہے۔ معاویہ نے کہا تو کیا میں حضرت عثمانؓ کے خون کو رائیگاں جانے دوں۔ خدا کی قسم ایسا تو میں ہرگز نہیں ہونے دوں گا۔ سعید بن قیس نے کچھ کہنا چاہا لیکن شبث بن ربعی نے پہل کی وہ آگے بڑھا اور اللہ کی حمد وثنا کے بعد معاویہ سے مخاطب ہو کر کہا اے معاویہ تم نے بشیر کو جواب دیا ہے اسے میں خوب سمجھتا ہوں۔ خدا کی قسم تمہارے ارادے اور مقاصد ہم پر مخفی نہیں ہیں۔ تمہارے پاس لوگوں کو بہکانے کا کوئی ذریعہ نہیں بس اسی بات سے تم لوگوں کو اپنی جانب مائل کئے ہوئے ہو۔ اور اسی لیے وہ تمہاری اطاعت کرتے ہیں۔ تم یہی کہہ کر لوگوں کو دھوکہ دیتے ہو، کہ تمہارا امام مظلوم مارا گیا ہے اور ہم اس کا قصاص چاہتے ہیں۔ اس پر بے وقوف اور سرکش لوگ تمہارے ساتھ ہو گئے ہیں۔ حالانکہ ہم خوب جانتے ہیں کہ تم نے بھی عثمان کی مدد میں تاخیر کی اور تم دل سے چاہتے تھے کہ وہ قتل ہو جائے۔ تاکہ تم اس کے خون کا مطالبہ کر کے یہ مقام حاصل کر لو بعض اوقات انسان اپنی طاقت وقوت سے زیادہ اہم کام کی تمنا کرتا ہے۔ اور کبھی کبھار انسان کی وہ تمنا پوری بھی ہو جاتی ہے۔ بلکہ اللہ عزوجل اس سے بھی زیادہ عطا فرما دیتا ہے۔ یہ تو اللہ ہی جانتا ہے کہ ان دو کاموں میں سے کون سا تیرے لیے بہتر ہے۔ جس چیز کی تم آرزو کر رہے ہو، اگر وہ غلط ہے تو تم اس وقت عرب کے سب سے بدترین شخص ہو اور اگر تمہارے ارادے صحیح ہیں تو تم اس وقت تک اسے حاصل نہیں کر سکتے جب تک خود کو دوزخ کا مستحق نہ بنا لو۔ اے معاویہ اپنے ارادوں کو ترک کر دو اور خلافت کے معاملہ میں اس شخص سے اختلاف نہ کرو جو فی الحقیقت اس کا مستحق ہے۔ (معاویہ نے شبث کی تقریر کا جواب دیا جس کے آخر میں کہا) تم لوگ میرے پاس سے چلے جاؤ۔ میرا اور تمہارا فیصلہ اب تلوار کرے گی۔ معاویہ انتہائی سیخ پا ہو گیا۔ قاصد بھی اس کے پاس سے لوٹ آئے چلتے ہوئے شبث نے یہ جملہ کہا تو ہمیں تلواروں سے ڈراتا ہے خدا کی قسم وہ تلواریں بھی جلد تیرے سر پر پہنچ جائیں گی۔ ان لوگوں نے پہنچ کر تمام حالات حضرت علیؑ سے بیان کئے۔ یہ سفارت شروع ذی الحجہ میں گئی تھی۔

جنگِ صفین

حضرت علیؑ روزانہ ایک معزز شخص کو معاویہ کے مقابلہ پر روانہ کرتے۔اسی طرح معاویہ کی جانب سے بھی ایک دستہ میدان میں نکلتا۔ان دونوں دستوں میں جنگ ہوتی،اور کچھ دیر جنگ کے بعد دونوں واپس لوٹ جاتے۔

حضرت علیؑ مالک اشتر،حجر بن عدی،شبث بن ربعی،خالد بن معمر،زیاد بن نضر،زیاد بن خصفہ سعید بن قیس،معقل بن قیس اور قیس بن سعد میں سے ایک نہ ایک کو امیر بنا کر بھیجتے لیکن اکثر وبیشتر مالک اشتر ہی کو روانہ کیا جاتا۔اسی طرح تمام ماہ ذی الحجہ میں جنگ ہوتی رہی۔اور بعض اوقات دن میں دو بار جنگ ہوتی۔

جناب اشتر کی شجاعت

عبداللہ بن عامر فائشی کا بیان ہے کہ ایک دن مالک اشتر جنگ کے لیے نکلے،ان کے ساتھ کچھ قراء اور کچھ عرب کے شہ سوار بھی تھے۔جب جنگ زوروں پر تھی تو معاویہ کی جانب سے ایک شخص میدان میں نکلا۔خدا کی قسم میں نے آج تک اتنا لمبا اور موٹا انسان نہیں دیکھا تھا۔اس نے مقابلہ کی دعوت دی ہماری جانب سے اس کے مقابلہ کے لیے مالک اشتر کے علاوہ کوئی نہ نکلا ان دونوں میں جنگ ہوئی تو اشتر نے اسے قتل کر دیا،حالانکہ خدا کی قسم ہم دل میں ڈر رہے تھے کہ وہ ضرور اشتر کو مار ڈالے گا،اور ہم اشتر کو مقابلے پر جانے سے منع بھی کیا تھا۔لیکن جب اشتر نے اسے قتل کر دیا تو ایک ازدی جوان نے اس کی لاش دیکھ کر قسم کھائی کہ یا تو میں تیرے قاتل کو قتل کروں گا یا خود قتل ہو جاؤں گا۔وہ میدان میں نکلا اور اشتر پر حملہ کر دیا۔اشتر نے بھی پلٹ کر ایسا وار کیا کہ وہ نیچے گر پڑا۔ابھی وہ اپنے گھوڑے کے پاؤں میں پڑا تھا کہ اس کے ساتھیوں نے اشتر پر حملہ کر کے اسے بچا لیا۔جب ماہِ محرم آیا تو دونوں نے ایک دوسرے سے جنگ بندی کی کوشش کی تا کہ صلح کی گفت وشنید کی جا سکے۔اور دونوں نے اس عارضی جنگ بندی کو منظور کر لیا۔

باب 11
جنگ بندی اور صلح کی گفتگو

حضرت علیؑ نے عدی بن حاتم طائی، یزید بن قیس ارحبی شبث بن ربعی اور زیاد بن خصفہ کو صلح کی غرض سے معاویہ کے پاس روانہ کیا۔

عدی بن حاتم کی تقریر

جب یہ وفد معاویہ کے پاس پہنچا تو عدی بن حاتم نے اللہ کی حمد وثنا کے بعد فرمایا ہم تمہارے پاس اس غرض سے آئے ہیں تا کہ ہم تجھے ایسی چیز کی دعوت دیں جس کے ذریعہ اللہ عزوجل ہماری جماعت کو اور اس امت کو متحد کردے۔ اور یہ خون کے دریا جو بہہ رہے ہیں بند ہو جائیں۔ راہیں جو پر خطر ہو چکی ہیں وہ محفوظ و مامون ہو جائیں، اور آپس میں صلح وآشتی ہو جائے۔ اے معاویہ! تم یہ جانتے ہو کہ تمہارے یہ چچازاد بھائی یعنی علیؑ تمام مسلمانوں کے سردار اور تمام لوگوں میں سابق اسلام ہیں۔ انہوں نے حالت اسلام میں بہترین کارنامے انجام دیئے ہیں اور لوگ بھی ان پر متحد و متفق ہیں۔ یہ بھی اللہ تعالیٰ کا فضل وکرم ہے کہ اس نے لوگوں کو ایسے بہترین شخص کو خلیفہ منتخب کرنے کی ہدایت فرمائی۔ آج روئے زمین پر تمہارے اور تمہارے ساتھیوں کے علاوہ کوئی ان کا مخالف نہیں۔ اے معاویہ تم اپنے ان اختلافات سے باز آجاؤ۔ کہیں اللہ تعالیٰ تمہارا اور تمہارے ساتھیوں کا وہی حشر نہ کردے جو اس نے اصحاب جمل کا حشر کیا تھا۔

معاویہ کا جواب

معاویہ نے کہا ایسا محسوس ہوتا ہے کہ تم مبلغ اور ہادی بن کر آئے ہو اور صلح کی غرض سے نہیں آئے۔ اے عدی بہت افسوس کی بات ہے۔ خدا کی قسم ایسا ہرگز نہیں ہوسکتا میں حرب کا بیٹا ہوں مجھے اختلافات کا نام لے کر دھوکہ نہیں دیا جاسکتا۔ خدا کی قسم کیا تم ان لوگوں میں سے نہیں ہو جنہوں نے عثمان کے خلاف لوگوں کو اکسایا اور تم بھی ان کے قاتلوں میں داخل ہو اور مجھے امید ہے کہ اللہ عزوجل عثمان کے بدلے تجھے ضرور قتل کرے گا۔ اے عدی بن حاتم تجھ پر افسوس ہے کہ تو ایک مرد میدان کو للکارنا چاہتا ہے۔

یزید بن قیس کا خطاب

یزید بولے ہم تو تمہارے پاس صرف پہنچانے کی غرض سے آئے ہیں جو ہمیں دے کر بھیجا گیا ہے اور ہمارا

فرض ہے کہ ہم تمہارا جواب وہاں تک پہنچا دیں۔اس کے ساتھ ساتھ ہم نصیحت کو بھی ترک نہیں کر سکتے ،اور جس چیز کو ہم حق سمجھتے ہیں،اور یہ خیال کرتے ہیں کہ یہ چیز تم پر حجت ہوگی۔اور اس سے تم محبت والفت اور جماعت مسلمین کے اتحاد کی طرف پلٹ سکو گے۔اسے بیان کرنے سے گریز نہیں کریں گے ہمارا امیر تو وہ شخص ہے جن سے تمام مسلمان واقف ہیں۔اور ان کی فضیلت سے تم بھی ناواقف نہیں ہو تمام دیندار اور افضل لوگ علیؑ کے برابر کسی کو نہیں سمجھتے۔یہ لوگ تمہارا ان سے ہرگز موازنہ کرنے کے لیے تیار نہیں۔اے معاویہ اللہ سے ڈرو اور علیؑ کی مخالفت نہ کرو۔خدا کی قسم ہم نے کوئی شخص ایسا نہیں دیکھا جو علیؑ سے زیادہ متقی ،زاہد اور پرہیز گار ہو اور علیؑ سے زیادہ اس میں نیک خصائل پائے جاتے ہوں۔

معاویہ کا جواب

تم مجھے امیر کی اطاعت اور جماعت کے اتحاد کی دعوت دیتے ہو تو جہاں تک جماعت کا تعلق ہے تو وہ میرے ساتھ بھی موجود ہے اور جہاں تک تمہارے امیر کا تعلق ہے تو ہم اسے امیر ہی تسلیم نہیں کرتے۔اس لیے کہ تمہارے ساتھی نے ہمارے خلیفہ کو قتل کیا ہے۔ہماری جماعت میں انتشار پھیلایا ہے ہمارے قاتلوں کو پناہ دی ہے تمہارے ساتھی کا یہ خیال کہ اس نے عثمان کو قتل نہیں کیا تو ہم اس کی تردید کرنا نہیں چاہتے لیکن کیا تم قاتلین عثمان سے واقف نہیں ہو کیا تم یہ نہیں جانتے کہ قاتلین عثمان ہی تمہارے امیر کے ساتھی ہیں۔وہ ان قاتلوں کو ہمارے حوالے کر دیں تا کہ ہم انہیں عثمان کے قصاص میں قتل کر دیں۔اس کے بعد ہم تمہارے امیر کی اطاعت کرنے اور جماعت کے اتحاد کو تسلیم کرنے کے لیے تیار ہیں۔

شبث کا جواب

اس پر شبث نے جواب دیا کہ اس کا مقصد یہ ہے کہ اے معاویہ اگر تمہارا جناب عمار پر بھی بس چلے تو تم انہیں بھی قتل کر دو گے۔معاویہ نے کہا مجھے ان کے قتل سے کون سی چیز مانع ہو سکتی ہے۔خدا کی قسم اگر سمیہ کے بیٹے پر میرا بس چلے تو میں عثمان کے قصاص میں اسے بھی ضرور قتل کر دوں گا۔اور عثمان تو کجا اگر عمارؓ نے عثمان کے غلام ناقل کو قتل کیا ہو تو ناقل کے قصاص میں عمار کو بھی قتل کر دوں گا۔اس پر شبث نے کہا زمین و آسمان کے خدا کی قسم تم نے انصاف نہیں کیا۔قسم ہے اس ذات کی جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے تم عمار پر اس وقت تک قابو نہیں پا سکتے جب تک کہ بہت سی کھوپڑیاں کاندھوں سے نہ اتر پڑیں اور زمین تنگ ہو جائے گی۔اس گفتگو کے بعد یہ قاصد واپس چلے آئے۔

معاویہ کی طرف سے رشوت کی پیش کش

جب یہ لوگ واپس چلے آئے تو معاویہ نے زیاد بن خصفہ تیمی کو طلب کیا اور انہیں خلوت میں لے گیا اور کہا کہ اے ربیعہ کے بھائی علیؑ نے ہم سے قطع رحمی کی ہے اور ہمارے خلیفہ کے قاتلوں کو پناہ دی ہے۔ میں تم سے اور تمہارے قبیلہ سے امداد کا طالب ہوں۔ اور تم سے اللہ کو گواہ بنا کر عہد کرتا ہوں کہ جب میں غالب آ جاؤں گا تو جس شہر کی ولایت وحکومت تم پسند کرو گے تمہیں اس کا والی بنا دیا جائیگا۔ زیاد کا بیان ہے کہ جب معاویہ اپنی بات پوری کر چکا تو میں نے جواب میں اللہ عزوجل کی ثنا بیان کی اور اس کے بعد جواب دیا۔ میں اس حجت اور ان انعامات پر قائم ہوں جو میرے پروردگار نے مجھے عطا فرمائے ہیں، اور میں مجرموں کی پشت پناہی نہیں کر سکتا۔ اس جواب کے بعد میں معاویہ کے پاس سے اٹھ کر چلا آیا۔ میرا یہ جواب سن کر معاویہ نے عمرو عاص سے مخاطب ہو کر کہا۔ وہ اس وقت معاویہ کے قریب بیٹھا ہوا تھا۔ ہمارا کوئی شخص بھی ان کے کسی آدمی سے گفتگو نہیں کر سکتا، اور نہ وہ ہمارے آدمی کی بات قبول کرتا ہے۔ ان سب کے دل ایک شخص کے دل کی طرح ہیں اور افتراق کی برائی سے اللہ نے انہیں محفوظ رکھا ہے۔

معاویہ کا وفد

پھر معاویہ نے حضرت علیؑ کے پاس ایک وفد بھیجا جس میں حبیب بن مسلمہ شرجیل بن سمط اور معن بن یزید شریک تھے۔ حبیب نے کہا عثمان ایک ہادی خلیفہ تھا جو اللہ کی کتاب پر عمل کرتا اور اللہ کے احکام کو بجالاتا تھا۔ تم نے اس کی زندگی اجیرن بنا دی تم اس کی موت کے خواہاں تھے۔ تم نے اس سے دشمنی برتی، اور اسے شہید کر دیا۔ اے علی اگر تم یہ کہتے ہو کہ تم نے عثمان کو قتل نہیں کیا، تو عثمان کے قاتل ہمارے حوالے کر دو تا کہ ہم انہیں عثمان کے قصاص میں قتل کر دیں۔ نیز آپ یہ خلافت لوگوں کی رائے پر چھوڑ دیجئے تا کہ وہ آپس میں مشورہ کر کے جسے چاہیں خلیفہ بنالیں۔ اور جس پر سب کا اتفاق ہو تمام لوگ اپنے کام اس کے سپرد کر دیں پھر شرجیل بن سمط نے کہا میں بھی وہی بات کہنا چاہتا ہوں جو میرے ساتھی نے کہی ہے۔ اس پر حضرت علیؑ نے اللہ کی حمد وثنا کے بعد فرمایا۔

حضرت علیؑ کا جواب

اللہ نے نبی کریمؐ کو حق دے کر بھیجا۔ آپؐ کے ذریعہ لوگوں کو گمراہی سے نکالا اور ہلاکت آخروی سے بچایا اور لوگوں کے اختلافات دور کر کے انہیں متحد کیا۔ جب آپؐ نے اللہ کے احکام لوگوں کو پورے طور پر پہنچا دیئے۔ تو اللہ نے آپؐ کو اپنے پاس بلا لیا۔ پھر لوگوں نے ابوبکرؓ کو خلیفہ بنالیا، اور اس کے بعد ابوبکرؓ نے عمرؓ کو خلیفہ بنایا ہم

ان دونوں سے ناخوش تھے۔ کیونکہ یہ زبردستی ہمارے والی بن بیٹھے۔ حالانکہ ہم آلِ رسولؐ ہونے کی بناء پر اس کے مستحق تھے، پھر عثمان خلیفہ ہوئے۔ انہوں نے کچھ ایسے کام کیے جن کے باعث لوگوں نے ان پر نکتہ چینی کی، اور جا کر اسے قتل کر دیا۔ عثمانؓ کے بعد لوگ جمع ہو کر میرے پاس آئے حالانکہ میں ان کے معاملات سے علیحدگی اختیار کیے ہوئے تھا۔ اور مجھ سے اصرار کیا کہ آپ بیعت لیجئے میں نے خلیفہ بننے سے انکار کیا۔ لیکن انہوں نے مجھ سے اصرار کیا، اور کہا کہ امت آپ کے علاوہ کسی کی خلافت پر راضی نہیں ہے۔ اور ہمیں خوف ہے کہ اگر آپ خلافت قبول نہ کریں گے تو لوگوں میں اِختلاف پیدا ہو جائے گا۔ اور لوگوں کا اتحاد ختم ہو جائے گا تب میں نے اب لوگوں سے بیعت لی۔ مجھے دو شخصوں کے اختلاف کا خوف تھا۔ لیکن انہوں نے بھی میری بیعت کر لی (طلحہ وزبیر) رہا معاویہ کا اختلاف تو اللہ عزوجل نے نہ تو اسے دین میں سبقت عطا فرمائی ہے، اور نہ ہی صداقت اسلام پر اس کا کوئی کارنامہ ہے۔ یہ طلیق بن طلیق (فتح مکہ پر آزاد کردہ کا بیٹا ہے) اس گروہ سے ہے جو دین کے دشمن تھے۔ یہ اور اس کا باپ ہمیشہ سے اللہ اس کے رسول اور مسلمانوں کا دشمن رہا۔ حتٰی کہ اس نے مجبوراً اسلام قبول کیا۔ اب ان کے ساتھ مل کر تمہارے اختلاف کرنے اور اس کی اطاعت کرنے کی کوئی پرواہ نہیں جبکہ تم نے اہل بیت نبی کو چھوڑ دیا کہ جن سے اختلاف کرنا کسی صورت میں مناسب نہیں اور تمہیں چاہئیے کہ اہل بیت کے برابر کسی کو نہ سمجھو۔ خبردار میں تمہیں اللہ کی کتاب اور رسول اللہؐ کی سنت، باطل کو مٹانے اور احکامِ دین کو قائم کرنے کی دعوت دیتا ہوں۔ دونوں قاصدوں نے سوال کیا آپ اس کی گواہی دیتے ہیں کہ عثمان مظلوم مارے گئے۔ آپ نے فرمایا نہ میں یہ کہتا ہوں کہ وہ مظلوم مارے گئے اور نہ یہ کہتا ہوں کہ وہ ظالم مارے گئے۔ قاصد کہنے لگے جس شخص کا اس پر یقین نہیں کہ عثمان مظلوم مارے گئے ہم اس سے بری ہیں اور ہمارا اس سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

باب 12
ہر دو طرف سے جنگی تیاریاں اور مورچہ بندی

ماہِ محرم کے ختم ہونے تک دونوں جانب سے جنگ بندی رہی۔ جب ماہِ محرم ختم ہو گیا تو حضرت علیؑ نے مرثد بن حارث کو حکم دیا کہ شامیوں کو جنگ کا پیغام پہنچا دو۔ مرثد نے غروب آفتاب کے قریب شامیوں کو آواز دے کر کہا۔ امیر المومنینؑ تم سے فرماتے ہیں کہ میں برابر کوشش کرتا رہا کہ تم حق کو قبول کر لو اور اس کے سامنے جھک جاؤ میں نے تمہارے سامنے اللہ کی کتاب پیش کی، اور اس کے حکم کو قبول کرنے کی دعوت دی لیکن تم اپنی سرکشی سے باز نہ آئے، اور نہ تم نے حق کو قبول کیا۔ میں نے تمہارے ساتھ برابر کا معاملہ کیا۔ اور اللہ خیانت کرنے والوں کو پسند نہیں فرماتا شامی یہ اعلان سن کر اپنے اپنے امرا اور روسا کو اطلاع دینے کے لیے دوڑے۔ معاویہ اور عمرو عاص لوگوں کے ساتھ باہر نکلے اور فوج کو دستوں میں تقسیم کر کے انہیں مورچوں پر بٹھایا۔ لوگوں نے آگ روشن کی۔ دوسری جانب حضرت علیؑ نے بھی دستے تقسیم کیے اور لوگوں کو مورچوں میں بٹھایا اور ساری رات گشت کر کے لوگوں کو جنگ پر آمادہ کیا۔

حضرت علیؑ کی فوجیوں کو ہدایت

جندب ازدی کی روایت ہے کہ جب بھی ہماری دشمن سے مڈبھیڑ ہوتی تو حضرت علیؑ نصیحت فرماتے کہ اس وقت تک ہرگز جنگ نہ کرو۔ جب تک دشمن پہل نہ کرے۔ اللہ عزوجل کا شکر ہے کہ تم حق پر ہو، اور تمہاری طرف سے جنگ کی ابتداء نہ ہونا یہ تمہارے حق پر ہونے کی دوسری دلیل ہے۔ جب تم ان سے جنگ کرو اور وہ شکست کھا جائیں تو پشت پھیر کر بھاگنے والے کو قتل نہ کرو، اور نہ ہی کسی زخمی پر حملہ کرو اور نہ کسی کو ننگا کرو اور نہ ہی کسی مقتول کے ہاتھ پاؤں یا ناک کان کاٹو جب تم ان کے کجاؤوں تک پہنچ جاؤ تو ان کے خیموں کے پردے چاک نہ کرو، اور نہ بغیر اجازت کے گھروں میں داخل ہونا اور نہ ان کے مال میں سے اس چیز کے علاوہ کوئی اٹھاؤ جو تمہیں میدان جنگ میں ملے۔ عورتوں کو کسی قسم کی تکلیف نہ پہنچاؤ، خواہ وہ تمہاری بے عزتی کریں اور تمہارے سرداروں اور نیک لوگوں کو برا بھلا کہیں۔ کیونکہ عورتیں اعضا اور دل کے لحاظ سے کمزور ہوتی ہیں۔

حضرت علیؑ کا میدانِ صفین میں خطبہ

حضرت علیؑ نے لوگوں کو مخاطب کر کے فرمایا۔ اے اللہ کے بندو اللہ سے ڈرو۔ نگاہیں نیچی رکھو، آوازیں پست رکھو، گفتگو کم کرو۔ اپنے کو مورچہ بندی، لڑائی، آگے بڑھنے، مقابلہ، تدبیر جنگ، تیر اندازی اور نیزہ بازی میں

مشغول رکھو۔ثابت قدم رہواور اللہ کا کثرت سے ذکر کروتا کہ تم کامیاب ہو۔آپس میں نہ جھگڑو ورنہ تم کمزور ہو جاؤ گے اور تمہاری ہوا اکھڑ جائے گی،اور صبر کرو یقینا اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔اے اللہ ان پر صبر نازل فرما اور ان کی امداد فرما اور ان کے اجر میں اضافہ فرما۔

حضرت علیؑ کی دُعا

حضرت علیؑ جب چہار شنبہ کے دن میں میدان تشریف لائے تو یہ دعا فرمائی۔اے اللہ اس بلند و محفوظ اور بند چھت کے پروردگار جس نے اس چھت کو شب و روز کی آمد کا ٹھکانا بنایا اور تو نے اس چھت میں شمس و قمر کی راہیں اور ستاروں کی منزلیں بنائیں،اور اس کے ساکنوں میں سے ایک جماعت فرشتوں کی بنائی جو عبادت میں کسی قسم کی کوتاہی نہیں کرتی،اور اس زمین کے پروردگار جسے تو نے انسانوں اور درندوں اور چوپایوں کی جائے قرار بنایا اور ایسی لاتعداد مخلوقات کا جو نظر نہیں آتی،اور اس عظیم مخلوق کا مسکن بنایا جو نظر آتی ہے۔اے اس کشتی کے پروردگار جو لوگوں کے منافع کی چیزیں لے کر سمندر میں چلتی ہے۔اے اس بادل کے پروردگار جو زمین وآسمان کے درمیان مسخر ہے۔اے اس سمندر کے پروردگار جو تمام عالم کا احاطہ کیے ہوئے ہے۔اور ان گڑھے ہوئے پہاڑوں کے پروردگار جنہیں تو نے زمین کی میخیں اور مخلوق کی روزی کا سامان بنایا ہے۔اگر تو ہمیں ہمارے دشمن پر غالب فرمائے تو ہمیں سرکشی اور بغاوت سے نجات ملے اور ہمیں حق پر چلنے کی توفیق عطا فرما،اور اگر تو دشمنوں کو ہم پر غالب کرئے تو مجھے شہادت عطا فرما،اور میرے ساتھیوں کو آزمائش سے محفوظ رکھ۔

حضرت علیؑ کا خُطبہ

حضرت علیؑ نے صفین کے روز یہ خطبہ دیا۔اللہ نے تمہیں وہ تجارت بتادی ہے جو تمہیں دردناک عذاب سے نجات دے اور تمہارے ذریعہ خیر کو ترقی دے۔وہ تجارت اللہ اور اس کے رسول اللہؐ پر ایمان لانا ہے،اور اللہ کی راہ میں جہاد کرنا ہے اور اس کا اجر یہ ہے کہ اس سے گناہ معاف ہوتے ہیں اور جنت میں پاکیزہ مکانات عطا کیے جاتے ہیں۔خدا نے تمہیں یہ بات بھی بتادی کہ وہ ان لوگوں کو محبوب رکھتا ہے جو اس کی راہ میں ایسی صفین بنا کر لڑتے ہیں جیسے سیسہ پلائی ہوئی دیوار ہوں۔تم بھی سیسہ پلائی ہوئی دیواروں کی طرح اپنی صفوں کو سیدھا کرلو۔نیزوں کو آگے کرلو،دانتوں کو دبالو کیونکہ یہ چیز کھوپڑیوں کو اتارنے میں مددگار ہے۔نیزوں کے پھلوں کو تیز کرلو۔کیونکہ اس طرح وہ چلنے میں تیز ہو جاتے ہیں۔نگاہیں نیچی رکھو کیونکہ اس سے ہمت بندھتی ہے،اور دلوں کو اطمینان رہتا ہے۔آوازیں بند رکھو اور چیخو چلاؤ نہیں کیونکہ یہ چیز دوسروں کو ہٹانے میں مددگار ثابت ہوتی ہے۔اور اس سے وقار قائم رہتا ہے۔اپنے جھنڈوں کا خیال رکھو۔نہ تو سب کے سب جھنڈوں کی جانب مائل ہو اور نہ انہیں گرنے دو،اور بہادروں کے علاوہ کسی کے ہاتھ میں جھنڈا نہ دو،کیونکہ حقائق کے نزول

کے وقت شکست کو روکنے والے اور صبر کرنے والے وہی لوگ ہوتے ہیں جو جھنڈوں کی حفاظت کرتے ،اور ان کے اردگرد رہتے ہیں ۔جو جھنڈوں کو بچاتے ،اور اس کے آگے اور پیچھے سے ہونے والے حملوں کو روکتے ہیں اور اسے گرنے نہیں دیتے ۔وہ شخص بہت ہی بہتر ہے جس نے اس کے اردگرد جنگ کی ہو۔اللہ تم پر رحمت نازل کرے اپنی جان قربان کرو۔اپنے ساتھی کو کسی دوسرے بھائی کے بھروسہ پر نہ چھوڑو، کیونکہ یہ پشیمانی اور سستی کا سبب ہے۔اور ایسا کیوں نہ ہو، کیونکہ یہ شخص دو شخصوں سے مقابلہ کر رہا ہے اور ساتھ ہی اپنے بھائی کا ہاتھ تھامے ہے کیا اس کی حفاظت ایسے بھائی کی سپرد کرنا چاہیئے جو میدان سے بھاگ رہا ہو یا اس کی جانب کھڑا دیکھتا ہو کہ یہ کیا کرتا ہے ۔تو اللہ ایسے شخص سے ناراض ہوتا ہے ۔تم اللہ کی ناراضگی کو مول نہ لو۔کیونکہ تمہیں اللہ ہی کے پاس جانا ہے۔اللہ عزوجل نے ایک شخص کا قول نقل کیا ہے جو اس نے اپنی قوم سے کہا تھا۔اگر تم موت اور قتل سے بھاگو گے تو تمہارا یہ فرار تمہیں ہرگز کچھ فائدہ نہ پہنچائے گا اور اس وقت تو تم صرف معمولی سا فائدہ حاصل کر سکتے ہو۔خدا کی قسم اس فوری تلوار سے بچ بھی گئے تو آخرت کی تلوار سے ہرگز محفوظ نہ رہو گے۔صداقت وصبر کے ذریعہ مدد طلب کرو، کیونکہ صبر کے بعد ہی اللہ تعالیٰ امداد نازل فرماتا ہے۔

مالک اشتر کی شجاعت

راوی کہتا ہے کہ اشتر میمنہ کی جانب بڑھے۔ان لوگوں میں سے کہ جن میں صبر وحیا اور وفا کا مادہ تھا۔ان کے پاس آ کر جمع ہو گئے وہ جس دستہ کی طرف بڑھتے اسے پیچھے ہٹنے پر مجبور کر دیتے ،اور جس جماعت کا مقابلہ کرتے اسے پیچھے ہٹا دیتے ۔اشتر اس روز ایک گھوڑے پر سوار تھے۔ان کے ہاتھ میں ایک چوڑی یمنی تلوار تھی۔جب اسے نیچے کرتے تو ایسا معلوم ہوتا کہ اس سے پانی گرنے والا ہے،اور جب اسے اوپر اٹھاتے تو اس کی چمک سے آنکھیں چندھیا جاتیں۔جب وہ تلوار چلاتے تو یہ کہتے۔**الغمرات ثم میملینا** ہم پر آندھیاں آئیں لیکن وہ کھل گئیں۔قیس ناعطی کے بیٹے حمیر اور منقذ کی اشتر پر نظر پڑی تو منقذ نے حمیر سے کہا۔آج عرب میں اس کا کوئی ثانی نہیں ۔البتہ اس کا قتل وقتال نیت پر موقوف ہے نیت تو وہی ہے جس کے لیے جنگ کر رہا ہے۔ان لوگوں نے شام تک جنگ کی ۔پھر اشتر نے قبیلہ ہمدان اور کچھ اور لوگوں کو ساتھ لے کر شامیوں پر حملہ کیا اور انہیں اپنی جگہ سے ہٹا دیا حتیٰ کہ انہیں پیچھے دھکیلتے ہوئے اس مقام تک پہنچ گئے جہاں پانچ صفیں معاویہ کے گرد اپنے آپ کو عماموں سے باندھے کھڑی تھیں۔یہاں پہنچ کر اشتر نے پھر سختی سے حملہ کیا۔حتیٰ کہ چار صفوں کو الٹ پلٹ کر پھینک دیا جو خود کو عماموں سے باندھے ہوئے تھے۔پھر یہ لوگ پانچویں صف پر حملہ آور ہوئے جو معاویہ کے گرد حلقہ کیے ہوئے تھے۔جب یہ لوگ معاویہ کے قریب پہنچے تو معاویہ نے گھوڑا طلب کیا اور کہنے لگا ارادہ تو میرا ابھی یہی تھا کہ جیسے اور لوگ پیچھے ہٹ گئے ہیں اسی طرح میں بھی پیچھے ہٹ جاؤں لیکن مجھے ابن اطفابہ کے بیٹے کے اشعار یاد آ گئے۔

باب 12
حضرت عمارؓ بن یاسر کی شہادت

حضرت عمارؓ کی دُعا

جب عمارؓ لوگوں کی طرف نکلے اور بارگاہِ الٰہی میں عرض کیا۔اے اللہ تو جانتا ہے کہ اگر مجھے یہ علم ہوتا کہ تیری رضا اس میں ہے کہ میں اپنے آپ کو اس سمندر میں غرق کر دوں تو میں یہی کرتا۔اے اللہ تو جانتا ہے کہ اگر مجھے اس کا علم ہوتا کہ تیری رضا اس میں ہے کہ اپنے سینے پر تلوار کی نوک رکھ کر اس پر گر جاؤں اور وہ میری پشت سے نکل جائے تو میں یہ بھی کرتا۔آج کے دِن مجھے کسی ایسے عمل کا پتہ نہیں جو ان فاسقوں کے ساتھ جہاد کرنے سے بہتر ہو۔اور اگر مجھے کسی ایسے عمل کا علم ہوتا جو اس عمل سے زیادہ تیری رضا کا باعث ہوتا تو میں اسے ضرور انجام دیتا۔

جنگ کے بارے میں عمار کی رائے

خدا کی قسم اگر یہ لوگ ہمیں مارتے مارتے حجر کے کھجوروں کے باغوں تک پہنچا دیں تب بھی ہم یہی یقین رکھیں گے کہ ہم حق پر اور وہ باطل پر ہیں۔

حضرت عمارؓ کے بارے میں حضرت نبی کریمؐ کا ارشاد

حبہ بن جوین عرنی کا بیان ہے کہ میں اور ابو مسعود مدائن میں حذیفہ بن یمان کے پاس گئے،اور عرض کیا اے ابوعبداللہ ہم فتنوں سے ڈرتے ہیں۔آپ ہم سے کوئی حدیث بیان فرمایئے۔حضرت حذیفہ نے فرمایا اس وقت تم اس جماعت میں شامل ہونا جس میں سمیہ کے بیٹے عمار ہوں کیونکہ میں نے رسول اللہؐ کو فرماتے سنا کہ اسے ایک باغی جماعت قتل کرے گی۔جو راہِ حق سے ہٹی ہوئی ہوگی۔اور عمار کا آخری رزق پانی ملا دودھ ہوگا۔حبہ کہتا ہے کہ میں جنگِ صفین میں موجود تھا،اور میں نے عمار کو یہ کہتے سنا میرا دنیا کا آخری رزق لاؤ۔ایک کشادہ پیالے میں جس کے سرخ حلقے تھے پانی ملا ہوا دودھ ان کے پاس لایا گیا۔حذیفہ نے اس حدیث میں بال بھر فرق نہیں کیا۔عمار یہ شعر پڑھ رہے تھے۔الیوم القی الاحبہ محمدًا وجزبہ۔میں آج اپنے دوستوں سے ملوں گا۔یعنی رسول اللہؐ اور ان کی جماعت سے۔خدا کی قسم اگر یہ لوگ ہمیں مارتے مارتے حجر شہر کے باغات تک پہنچا دیں تب بھی ہمیں اس پر فخر رہے گا کہ ہم حق پر ہیں اور یہ لوگ باطل پر

ہیں۔اس کے بعد فرمایا موت تلواروں کی دھار کے نیچے ہے،اور جنت ان کی چمک کے نیچے۔

عمارؓ کا خطبہ

عمار نے اس روز لوگوں سے مخاطب ہو کر فرمایا۔کون ہے جو اللہ تعالیٰ کی رضا مندی کا متلاشی ہو اور اسے نہ مال کی آرزو ہو اور نہ اولاد کی۔کچھ لوگ ان کے پاس پہنچ گئے تو عمار نے کہا اے لوگو ہمارے ساتھ ان لوگوں کے مقابلہ میں چلو جو عثمان بن عفان کے خون کا مطالبہ کر رہے ہے بلکہ ان کا خیال ہے کہ وہ مظلوم مارا گیا ہے۔خدا کی قسم وہ اس کے خون کا مطالبہ نہیں کر رہے بلکہ اس قوم نے دنیا کا مزہ چکھ لیا ہے اور اس سے یہ محبت رکھتی ہے اور اسی کے پیچھے لگی ہے یہ لوگ خوب جانتے ہیں کہ اگر انہوں کے حق کو قبول کر لیا تو حق ان کے دنیاوی امور میں حائل ہو جائے گا جب میں یہ مبتلا ہیں۔ان لوگوں کو اسلام میں کوئی سبقت حاصل نہیں جس کے باعث یہ لوگوں کی اطاعت اور ان کی امارت کے حقدار ہوں۔یہ لوگ اپنے پیروکاروں کو یہ کہہ کر دھوکہ دیتے ہیں کہ ہمارے امام مظلوم قتل ہوئے ہیں تا کہ اس کے ذریعہ یہ جابر بادشاہ بن کر بیٹھ جائیں اور یہ ایک ایسی چال ہے جس میں ان کے متبعین مبتلا ہو چکے ہیں جیسا کہ تم دیکھ رہے ہو۔اور اگر یہ بات نہ ہوتی یعنی خون عثمان کا مطالبہ نہ کرتے تو لوگوں میں سے دو شخص بھی ان کی اتباع نہ کرتے۔اے اللہ اگر تو ہماری امداد فرمائے تو لاتعداد مرتبہ تو نے ہماری امداد فرمائی ہے۔اور اگر مخالفین کو کامیاب فرمائے تو چونکہ انہوں نے تیرے بندوں میں بدعات پھیلائی ہیں اس لیے ان کے لیے دردناک عذاب کا ذخیرہ فرما۔پھر عمار آگے بڑھے،اور وہ جماعت بھی ان کے ساتھ ہو گئی جنہوں نے ان کی آواز پر لبیک کہی تھی۔یہاں تک کہ عمار آگے بڑھتے بڑھتے عمرو عاص کے پاس پہنچ گئے۔تو حضرت عمار نے عمرو کو مخاطب ہو کر فرمایا۔اے عمرو تو نے اپنے دین کو مصر کی حکومت کے بدلے بیچ ڈالا ہے۔تجھ پر افسوس صد افسوس تو اسلام میں بھی ہمیشہ ٹیڑھی چال چلتا رہا۔

حضرت عمارؓ اور عبید اللہ بن حضرت عمر

اس کے بعد عمار نے عبید اللہ بن عمر سے مخاطب ہو کر فرمایا تو نے اپنا دین اس شخص کے ہاتھ فروخت کر دیا ہے جو خود بھی دشمن اسلام ہے،اور دشمن اسلام کا بیٹا ہے۔ابن عمر کہنے لگا میں نے اپنا دین ہرگز نہیں فروخت کیا بلکہ میں تو عثمان کے خون کا مطالبہ کر رہا ہوں حضرت عمارؓ نے فرمایا تو اس بات کا گواہ رہ کہ میری معلومات تو یہ کہتی ہیں کہ تو رضائے الٰہی کے لیے نہ تو کسی شے کا مطالبہ کر رہا ہے۔اور نہ تیرا کوئی فعل رضائے خداوندی کے لیے ہے۔اور اگر تو آج قتل نہ ہوا تو ایک نہ ایک روز تجھے موت ضرور آئے گی اور لوگوں کو وہاں صلہ ملے گا وہ ان کی نیتوں کے مطابق ہوگا،اب تو اس پر غور کر لے کہ تیری نیت کیا ہے۔

حضرت علیؑ کی شجاعت

ابوعبدالرحمن سلمی کا بیان ہے کہ ہم لوگ صفین میں حضرت علیؑ کے ساتھ تھے۔ہم میں سے دو شخص ان کی حفاظت کے لیے ان کے گھوڑے کے ادھر ادھر رہتے اور انہیں حملہ کرنے سے روکتے رہتے۔حضرت علیؑ جب اپنے ان دو محافظوں کو ذرا بھی غافل دیکھتے تو فوراً حملہ کرتے اور اس وقت تک واپس نہ لوٹتے جب تک ان کی تلوار سرخ نہ ہو جاتی۔اسی طرح انہوں نے جو ایک روز حملہ کیا تو اس وقت تک نہ لوٹے جب تک ان کی تلوار مڑ نہ گئی۔انہوں نے وہ تلوار اپنے ساتھیوں کی طرف پھینک دی،اور فرمایا اگر میری تلوار مڑ نہ جاتی تو میں ہرگز نہ لوٹتا۔اعمش کہتے ہیں خدا کی قسم علیؑ کی مار ایسی مار تھی جو خالی نہ جاتی تھی۔

حضرت عمار کی شہادت

راوی کہتا ہے کہ میں نے عمار کو دیکھا کہ وہ صفین کی جس وادی میں پہنچتے تو نبی کریمؐ کے صحابہؓ ان کے ساتھ ہوتے۔عمارؓ ہاشم بن عتبہ مرقال کے پاس پہنچے جو حضرت علیؑ کے علمبردار تھے عمارؓ آگے بڑھتے ہوئے کہہ رہے تھے۔ہاشم آگے بڑھو کیونکہ جنت تلواروں کے سائے تلے ہے اور موت تلواروں کی دھاروں میں پوشیدہ ہے۔آسمان کے دروازے کھل چکے ہیں اور حوریں بناؤ سنگھار کر چکی ہیں۔آج میں اپنے دوستوں سے ملوں گا۔یعنی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی جماعت سے عمار اور ہاشم پھر واپس نہیں آئے اور وہیں شہید ہو گئے۔

عمرو عاص کے بیٹے عبداللہ کا اپنے باپ سے مکالمہ

ابوعبدالرحمن سلمی کہتا ہے کہ جب رات ہوئی تو میں نے ارادہ کیا کہ میں دشمنوں میں جاؤں گا اور یہ معلوم کروں گا کہ آیا ہماری طرح انہیں عمار کا علم ہوا ہے کہ نہیں اور چونکہ جب جنگ بند ہو جاتی تو دونوں لشکر ی آپس میں ملتے اور باتیں بھی کرتے تھے۔میں اپنے گھوڑے پر سوار ہوا اور آہستہ آہستہ شامیوں کے لشکر کی جانب چلا۔جب میں شامی لشکر میں داخل ہوا تو چار شخص میدان جنگ میں گھوم رہے تھے۔یہ چار افراد معاویہ ابوالاعور سلمی عمرو عاص اور عبداللہ بن عرو کا بیٹا تھے۔اور عبداللہ ان چاروں میں سب سے بہتر تھا۔میں ان چار شخصوں کے بیچ میں داخل ہو گیا تا کہ وہ باتیں سنوں جو مخالفین عمارؓ کے بارے میں کریں۔عبداللہ نے ایک شخص کی لاش دیکھ کر باپ سے کہا اے میرے باپ کیا تم نے آج اس شخص کو بھی قتل کر دیا حالانکہ رسول اللہؐ نے اس شخص کے بارے میں فرمایا تھا باپ نے پوچھا حضورؐ نے کیا فرمایا تھا۔عبداللہ نے کہا کیا تم ہمارے ساتھ نہ تھے جب ہم مسجد رسول اللہؐ بنا رہے تھے،اور لوگ ایک ایک پتھر اور ایک ایک اینٹ اٹھا کر لا رہے تھے اور عمار دو دو پتھر اور دو دو اینٹیں اٹھا کر لاتے۔جس سے عمار پر غشی طاری ہو گئی تو

رسول اللہؐ ان کے پاس تشریف لائے، اوران کے چہرہ سے مٹی صاف کرنے لگے اورفرمایا اے سمیہ کے بیٹے افسوس لوگ تو ایک ایک پتھر اورایک ایک اینٹ اٹھا کر لاتے ہیں اورتو دو دو پتھر اور دو دو اینٹیں لاتا ہے۔اور یہ کام توثواب کی زیادتی کے لیے کررہا ہےاورافسوس تجھے ایک باغی جماعت قتل کرے گی۔

حدیث کی غلط تاویل

عمروعاص نے یہ سن کراپنے گھوڑے کارخ موڑلیا تو معاویہ نے اسے پیچھے سے پکڑ کر کھینچا۔عمرو نے کہا کیا تم نے وہ حدیث نہیں سنی۔جوعبداللہ بیان کررہا تھا۔معاویہ نے پوچھا وہ کیا حدیث ہے۔عمروعاص نے اسے وہ حدیث سنائی تو معاویہ نے جواب دیا تیرا بڑھاپے کی وجہ سے دماغ خراب ہوگیا ہے تو ہمیشہ حدیثیں بیان کرتا رہتا ہے۔اورتمام دن پیشاب میں ڈوبا رہتا ہے۔کیا ہم نے عمار کوقتل کیا ہے بلکہ عمار کوتو اس شخص نے قتل کیا ہے جوانہیں میدان میں گھسیٹ لایا ہے۔ابوعبدالرحمن کہتا ہے میں نہیں جانتا کہ ان دونوں باتوں میں سے کون سی زیادہ تعجب خیز ہے۔

حضرت علیؑ کی معاویہ کومقابلہ کی دعوت

جب عمارؓ شہید ہوگئے توحضرت علیؑ نے ربیعہ اور ہمدان قبیلہ کو پکارا اورفرمایا میری زرہ اور میرے نیزے ہو۔تقریباً بارہ ہزار کے قریب یہ لوگ حضرت علیؑ کے پاس جمع ہوگئے۔علیؑ آگے آگے ایک خچر پرسوار تھےعلیؑ اوران کے اس لشکر نے یکبارگی میں سخت حملہ کیا۔شامی افواج کی کوئی ایسی صف نہیں تھی جواس لشکر نے تتر بتر نہ کردی ہو،اورجس شخص کے پاس بھی یہ لوگ پہنچتے اسے قتل کردیتے۔یہاں تک کہ یہ جنگ کرتے کرتے معاویہ کے پاس پہنچ گئے۔پھرعلیؑ نے معاویہ کو پکار کرفرمایا۔اے معاویہ تو لوگوں کو بلا وجہ کیوں قتل کرارہا ہے۔یہاں آجائیں تجھ سے اللہ کے یہاں سے فیصلہ کرلوں۔ہم میں سے جوشخص بھی اپنے مخالف کوقتل کردے وہی تمام امور کا مالک ہو۔عمروعاص نے کہا یہ شخص انصاف کی بات کررہا ہے۔مقابلہ پر جاتے کیوں نہیں ہو معاویہ نے جواب دیا۔اس نے کوئی انصاف کی بات نہیں کی۔اس لیے کہ توبھی یہ بات جانتا ہے کہ جوشخص بھی اس کے مقابلہ پر جائیگا وہ اسے قتل کردے گا۔عمروعاص نے کہا اب تمہارے لیے مقابلہ کے بغیر کوئی چارہ نہیں۔معاویہ نے جواب دیا تو میرے بعد خلافت کا خواہاں ہے۔

ایک نوجوان کی گمراہی سے توبہ

راوی کہتا ہے کہ اس جنگ کے دوران ایک نوجوان مقابلہ پرآیا،اوروہ یہ اشعار پڑھ رہا تھا (ترجمہ اشعار) میں ملوک غسان کا بیٹا ہوں،اورآج عثمان کے دین پرہوں میرے پاس ایک دردناک خبر پہنچی ہے کہ علیؑ

نے عثمان کو قتل کر دیا ہے۔ یہ شعر پڑھ کر وہ سختی سے حملہ کرتا۔ ہاشم بن عتبہ نے اس سے مخاطب ہو کر کہا اے اللہ کے بندے تیری اس یاوہ گوئی کے بعد لڑائی اور لڑائی کے بعد حساب ہے تو اللہ سے ڈر کیونکہ تجھے اللہ کے پاس جانا ہے وہ تجھ سے اس جنگ اور اس جنگ سے جو تیرا ارادہ ہے اس کے متعلق سوال کرے گا۔ اس نوجوان نے کہا میں تو تم سے اس لیے جنگ کرتا ہوں کہ تمہارے امیر جیسا کہ مجھ سے بیان کیا گیا ہے نماز نہیں پڑھتا اور تم لوگ بھی نماز نہیں پڑھتے اور میں تم سے اس لیے جنگ کر رہا ہوں کہ تمہارے امیر نے ہمارے خلیفہ کو قتل کیا ہے اور تم لوگ بھی خلیفہ کے قتل کے خواہاں تھے۔ ہاشم نے جواب دیا۔ تیرا عثمان سے کیا تعلق ہے سے تو رسول اللہؐ کے صحابہ کی اولاد اور قاریوں نے قتل کیا ہے۔ اور اس وقت قتل کیا جب عثمان نے نئی نئی بدعتیں ایجاد کیں اور اللہ کی کتاب کی مخالفت کی۔ یہ قاتلین تجھ سے اور تیرے ساتھیوں سے زیادہ گہری نظر رکھتے ہیں اور تجھ سے اور تیرے ساتھیوں سے زیادہ اس امت کی بہتری کو جانتے اور تم سے زیادہ دین سے واقف ہیں۔ ذرا ایک لمحہ ٹھہر جا، وہ رک گیا تو ہاشم نے کہا اس بات کو وہ لوگ زیادہ جانتے ہیں جن کا اس بات سے تعلق ہے۔ خدا کی قسم میں جھوٹ نہیں بولتا، کیونکہ جھوٹ سے تو نقصان ہی پہنچتا ہے اور نفع کچھ نہیں حاصل ہوتا۔ اس لیے تو اس معاملہ کو ان لوگوں پر چھوڑ دے جو اس سے زیادہ واقف ہیں۔ اس نے کہا میرا خیال ہے آپ نے مجھے بہتر نصیحت کی ہے۔ ہاشم نے کہا تیرا یہ الزام کہ ہمارا امیر نماز نہیں پڑھتا تو علیؑ سب سے پہلے وہ شخص ہیں جنہوں نے رسول اللہؐ کے ساتھ نماز پڑھی، اور وہ اللہ کی مخلوق میں اس کے دین کو سب سے زیادہ جانتے ہیں اور رسول اللہؐ کے زیادہ حقدار ہیں اور جتنے اشخاص بھی تو میرے ساتھ دیکھ رہا ہے یہ سب کتاب اللہ کے قاری ہیں۔ ساری رات تہجد پڑھتے ہیں، اور ایک لمحہ نہیں کرتے۔ تجھے یہ مغرور اور بدبخت دھوکہ دے کر دین سے بے راہ نہ کر دیں۔ اس نوجوان نے کہا اے اللہ کے بندے میں تجھے ایک نیک آدمی سمجھتا ہوں تو مجھے بتا کہ میری توبہ کا بھی کوئی ذریعہ ہے۔ ہاشم نے جواب دیا ہاں تو اللہ سے توبہ کر وہ تیری توبہ قبول فرمائے گا کیونکہ وہ اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے۔ اور گناہوں کو معاف فرماتا ہے اور پاک رہنے والوں کو پسند فرماتا ہے۔ راوی کہتا ہے کہ یہ سن کر اس نوجوان نے ان لوگوں کو چھوڑا اور میدان سے پلٹ آیا۔ اس پر ایک شامی نے کہا تجھے عراقی نے دھوکہ دیا ہے۔ اس نے کہا نہیں بلکہ اس نے مجھے نصیحت کی ہے۔

ہاشم بن عتبہ کی شہادت

اس کے بعد ہاشم اور ان کے ساتھیوں نے سخت جنگ کی۔ ہاشم کا لقب مرقال تھا اس لیے کہ وہ جنگ میں تیزی سے گھس جاتے تھے۔ ان لوگوں نے سخت جنگ کی، ان کے قریب جو دشمنوں کی صفیں تھی انہیں الٹ پلٹ کر رکھ دیا۔ انہیں اپنی کامیابی سامنے نظر آ رہی تھی۔ اچانک مغرب کے قریب تنوخیوں کا ایک لشکر حملہ آور ہوا۔ اس لشکر

نے آتے ہی ان پر نہایت سخت حملہ کیا۔ہاشم نے بھی ڈٹ کر مقابلہ کیا۔اس وقت ہاشم یہ شعر پڑھ رہے تھے(ترجمہ) یک چشم خود یہ چاہتا ہے وہ زندگی کے مسائل حل کرتے کرتے تھک چکا ہے۔میں انہیں گرودار نیزوں سے مارتا ہوں۔لوگوں کا خیال ہے کہ ہاشم نے اس روز نو یا دس آدمی قتل کیے۔حارث بن منذر تنوخی ان کی جانب بڑھا اوران کے نیزہ کھینچ کر مارا حضرت علی نے انہیں کہلا بھیجا کہ اپنا علم آگے بڑھاؤ۔ہاشم نے قاصد سے کہا میرا پیٹ دیکھ لے اس نے ان کے شکم پر جونظر ڈالی تو وہ پھٹ چکا تھا۔

عبداللہ بن کعب مرادی کی وصیت

جب عبداللہ بن کعب شہید ہوئے تو ان کے پاس سے اسود بن قیس کا گزر ہوا اس نے پکار کہا۔اے اسود اس میں ابھی کچھ جان باقی تھی۔اس نے جواب دیا ہاں میں حاضر ہوں اور اسود نے انہیں پہچان لیا،اور کہا آپ کا شہید ہونا بخدا مجھے بہت شاق گزرا۔اگر میں اس وقت موجود ہوتا تو آپ کی ضرور مدد کرتا اور آپ کو دشمنوں سے بچاتا اور اگر مجھے اس شخص کا علم ہو جاتا جس نے آپ کو شہید کیا ہے تو میں اس کے مقابلے سے اس وقت تک پیچھے نہ ہٹتا جب تک اسے قتل نہ کر لیتا یا خود بھی آپ سے آ کر مل جاتا۔پھر اسود گھوڑے سے اتر کر ان کے پاس گیا اور کہا بخدا اگر میں آپ کے قریب ہوتا تو آپ ان آفتوں سے محفوظ رہتے۔اور آپ بہت زیادہ اللہ کا ذکر کرنے والے تھے۔اللہ آپ پر رحمت نازل کرے مجھے کچھ وصیت کرو۔انہوں نے جواب دیا میں اللہ عزوجل سے ڈرنے کی وصیت کرتا ہوں اور اس بات کی وصیت کرتا ہوں کہ تم امیر المومنین کا خیال رکھنا اور ہر مقام پر ان کی حمایت میں جنگ کرنا حتیٰ کہ یا امیر المومنین غالب آجائیں یا تم اللہ کے پاس چلے جاؤ،اور میری جانب سے امیر المومنین کو سلام پہنچا دینا کہ اس وقت تک برابر لڑتے رہیں جب تک کہ لڑائی ختم کر کے اسے پس پشت نہ ڈال دیں کیونکہ جو لڑائی کرتے کرتے اسے پس پشت ڈال دیتا ہے وہی غالب رہتا ہے۔اس کے بعد عبداللہ فوت ہو گئے۔اسود عبداللہ کو اٹھا کر امیر المومنینؑ کے پاس لایا اور ان سے تمام واقعہ بیان کیا حضرت نے فرمایا:اللہ اس پر رحمت نازل فرمائے۔وہ زندگی بھر ہماری خاطر ہمارے دشمنوں سے لڑتا رہا اور مرتے وقت بھی ہمارے لیے نصیحت کر گیا۔

لیلۃ الہریر

اس رات تمام رات جنگ ہوتی رہی حتیٰ کہ صبح ہوگئی اور اس رات کا نام لیلۃ الہریر ہے حتیٰ کہ نیزے ٹوٹ گئے اور تیر ختم ہو گئے تو لوگوں نے تلواریں نکال لیں حضرت علیؑ میسرہ سے میمنہ تک جاتے اور قاریوں کے ہر دستہ کو حکم دیتے کہ وہ اپنے اپنے مقابل کی جانب آگے بڑھیں۔وہ تمام رات لوگوں کو اسی طرح حکم دیتے رہے حتیٰ کہ صبح ہوگئی اور لڑائی ان کے پس پشت ہو رہی تھی۔میمنہ پر مالک اشتر اور میسرہ پر عبداللہ بن عباسؓ امیر تھے۔اور خود

جناب امیر قلب لشکر میں تھے۔لوگ ہر طرف جنگ میں مشغول تھے اور یہ جمعہ کا دن تھا۔

جناب اشتر کی شجاعت

اشتر میمنہ کو لے کر حملہ کرتے رہے، اور ان کے ساتھ برابر مصروف جنگ رہے۔وہ جمعرات کی شام سے جمعہ کے روز سورج چڑھنے تک برابر مصروفِ جنگ رہے۔ یہ اپنے ساتھیوں سے مخاطب ہو کر کہتے اِس نیزے کے برابر ذرا آگے بڑھو۔جب یہ لوگ ایک نیزے کے برابر شامیوں کی جانب بڑھ جاتے تو مالک اشتر اور آگے بڑھتے، اور پھر کہتے کہ اس کمان کے برابر آگے بڑھ آؤ جب ان کے ساتھی اور آگے بڑھ آتے تو پھر وہ یہی کہتے یہاں تک کہ اکثر لوگ کافی آگے بڑھ گئے۔جب اشتر نے دیکھا کہ ان کے ساتھی بڑھ چکے ہیں، تو انہوں نے ان سے کہا کہ میں تمہیں اس سے اللہ کی پناہ میں دیتا ہوں کہ تم تمام دن بکری کا دودھ پیتے رہو۔پھر اپنا گھوڑا طلب کیا اور اپنا علم حیان بن ہوزہ نخعی کو تھمایا اور تمام دستوں میں ایک چکر لگایا اور کہتے جاتے تھے کون ہے جو اللہ عزوجل کو اپنی جان فروخت کرے اور اشتر کے ساتھ ہو کر جنگ کرے۔حتّٰی کہ یا تو غالب آجائے یا اللہ سے جا ملے۔لوگ ان کے پاس جمع ہوتے جاتے تھے انہیں میں حیان بن ہوذہ بھی تھا۔عمارہ کا بیان ہے کہ میرے پاس اشتر گزرے تو میں بھی ان کے ساتھ ہولیا۔ان کے اردگرد بہت سے لوگ جمع ہو گئے تھے۔مالک آگے بڑھے اور اس مقام پر پہنچ گئے جہاں وہ پہلے میمنہ پر کھڑے ہوئے تھے، پھر اپنے ساتھیوں کے درمیان کھڑے ہو کر ان سے کہا تم پر میرے چچا اور میرے ماموں قربان ہوں سختی سے حملہ کرو اور اس جنگ سے اپنے رب کو راضی کرو، اور دین کو غالب کرو۔جب میں حملہ کروں تو تم بھی حملہ کرو۔اشتر نے اس کے بعد گھوڑے سے اتر کر گھوڑے کے منہ پر ہاتھ مارا اور علمبردار سے کہا آگے بڑھو، پھر شامیوں پر شدید حملہ کیا اور انہیں اتنا مارا کہ وہ پسپا ہوں کر اپنے لشکر گاہ تک پہنچ گئے۔لیکن لشکر گاہ میں پہنچ کر انہوں نے اشتر سے سخت مقابلہ کیا۔اسی دوران شامی علمدار قتل ہو گیا۔جب حضرت علیؑ نے اشتر کو کامیاب ہوتے دیکھا تو وہ بھی لوگوں کو ساتھ لے کر ادھر متوجہ ہوئے۔

شامیوں کا قرآن نیزوں پر اٹھانا

جب عمر بن والعاص نے دیکھا کہ عراقی غالب آتے جا رہے ہیں، اور اسے ہلاکت کا خوف ہوا تو اس نے معاویہ سے کہا کہ میں آپ کے سامنے ایک رائے پیش کرتا ہوں جس سے ہم میں اتحاد اور ان میں انتشار پیدا ہو جائے گا۔معاویہ نے کہا ہاں بیان کرو عمر بن والعاس نے کہا وہ تدبیر یہ ہے کہ ہم قرآن نیزوں پر اٹھالیں اور یہ کہیں قرآن جو فیصلہ کرے وہ فیصلہ کرے وہ ہمیں اور تمہیں منظور ہونا چاہیے۔اب اگر ان میں سے کچھ لوگوں نے اسے قبول کرنے سے انکار کر دیا تب بھی آپ دیکھیں گے کہ ان میں سے ایک گروہ ایسا پیدا ہو جائے گا جو اس فیصلہ کو قبول کرے گا۔اس طرح ان میں تفرقہ پڑ جائے گا۔اور اگر سب نے کہا کہ یہ فیصلہ متفقہ طور پر منظور ہے تو پھر

ایک مدت تک یہ جنگ ہمارے سروں پر سے دور ہو جائے گی۔اس بات پر شامیوں نے قرآن نیزوں پر اٹھا لیے اور بولے کہ ہمارے اور تمہارے درمیان یہ کتاب فیصلہ کرے گی۔شامیوں کا فیصلہ سب اہل شام پر واقع ہوگا اور عراقیوں کا فیصلہ تمام اہل عراق پر نافذ ہوگا۔عراقیوں نے جب دیکھا کہ قرآن اٹھا لیے گئے ہیں تو وہ بولے کہ ہم اللہ عزوجل کی کتاب کو قبول کرتے ہیں اور اس کی طرف رجوع کرتے ہیں۔

باب 14
واقعہ تحکیم

حضرت علیؑ کا فیصلہ

جندب ازدی سے منقول ہے کہ جس وقت یہ (قرآن نیزہ پر اٹھانا) صورتِ حال رونما ہوئی تو حضرت علیؑ نے لوگوں سے فرمایا اے اللہ کے بندو تم اپنے حق وصداقت اور اپنے دشمنوں سے جنگ پر قائم رہو، کیونکہ معاویہ ،عمرو عاص، عتبہ بن ابی معیط، حبیب بن ابی معیط، عبداللہ بن ابی سرح اور ضحاک بن قیس دیندار اور قرآن پر چلنے والے نہیں ہیں۔ میں تم سے زیادہ ان لوگوں سے واقف ہوں۔ میں تو بچپن میں بھی ان کے ساتھ رہا اور بڑے ہو کر بھی ان کے ساتھ رہا۔ یہ بچپن میں نہایت شریر تھے اور بڑے ہو کر بھی نہایت شریر نکلے تم پر افسوس انہوں نے اس چیز کو نیزوں پر اٹھایا ہے جسے یہ کسی دوسرے وقت ہاتھ بھی نہیں لگاتے اور یہاں تک نہیں جانتے کہ اس میں کیا لکھا ہوا ہے۔ انہوں نے صرف دھوکہ دینے اور فریب میں مبتلا کرنے کے لیے قرآن اٹھایا ہے۔

منافقین کی مُخالفتِ علیؑ

وہ لوگ کہنے لگے یہ کیسے ممکن ہے کہ ہمیں اللہ کی کتاب کو قبول کرنے کی دعوت دی جائے اور ہم اسے قبول کرنے سے انکار کر دیں۔ حضرت علیؑ نے فرمایا کہ میں نے تو ان سے اسی لیے جنگ کی تھی تا کہ وہ اس کتاب کے احکام پر عمل پیرا ہوں۔ انہوں نے اللہ عزوجل کے ان احکامات کی نافرمانی کی، جو انہیں دیئے گئے تھے، اور انہوں نے اللہ عزوجل سے جو عہد کیا تھا اسے بھلا دیا، اور اس کتاب کو پس پشت ڈال دیا۔

خارجی ہو جانے والوں کا جواب

اس پر مسعر بن فدکی تمیمی اور زید بن حصین طائی جو بعد میں قاریوں کی ایک جماعت کے ساتھ خارجی بن گئے تھے بولے اے علیؑ جب تجھے کتاب اللہ کی دعوت دی جا رہی ہے تو تم اسے قبول کرو ورنہ ہم تجھے اور تیرے مخصوص ساتھیوں کو ان لوگوں کے ہاتھوں میں دے دیں گے یا جو سلوک ہم نے عفان کے بیٹے کے ساتھ کیا تھا وہی تیرے ساتھ کریں گے۔ (ابن اثیر میں ہے کہ جس طرح ہم نے عثمان بن عفان کو قتل کیا تھا۔ اسی طرح تجھے بھی قتل کر دیں گے) ہم پر لازم ہے کہ ہم اللہ عزوجل کی کتاب پر عمل پیرا ہوں اور ہمیں شامیوں کی یہ دعوت قبول ہے۔ خدا کی قسم یا تو تجھے اس پر ضرور بالضرور عمل کرنا ہوگا یا ہم تیرا بھی ضرور وہی حشر کریں گے (یعنی عثمان جیسا حشر

مسلمان قاتلان عثمان کو پہچان لیں یہ خارجی ہیں نہ کہ مالک اشتر محمد بن ابی بکر جیسے اشخاص جو آخر دم تک جناب امیر کے حامی رہے) حضرت علیؑ نے فرمایا کہ میری اس غیر رضامندی دماغ میں محفوظ رکھ لو، اور میری یہ بات یاد رکھو کہ اگر تم میری اطاعت کرتے ہو تو تمہیں جنگ کرنی چاہیئے۔ اور اگر تم میری نافرمانی کرتے ہو تو تم جو بہتر سمجھو کرو۔ ان لوگوں نے جواب دیا ہرگز نہیں ہوسکتا بلکہ آپ کسی آدمی کو بھیج کر اشتر کو میدان جنگ سے واپس بلا لیجئے (یعنی آپ کو ہر صورت میں ہماری رائے اور حکم پر چلنا ہوگا۔ اور ہم آپ کے حکم پر چلنے کے لیے تیار نہیں۔

مُنافقین کی رٹ

مصعب بن زبیر کا بیان ہے کہ جس وقت لوگوں نے حضرت علیؑ کو تحکیم پر مجبور کیا تو میں بھی حضرت کے پاس تھا، ان لوگوں نے حضرت علیؑ کو مجبور کیا کہ کسی شخص کو بھیج کر اشتر کو واپس بلا ئیے۔ مصعب کہتا ہے کہ حضرت علیؑ نے یزید بن ہانی بیعی کو اشتر کے پاس روانہ کیا اور کہلوایا کہ فوراً میرے پاس آؤ۔ قاصد نے یہ پیغام اشتر کو دیا تو اشتر نے جواب دیا کہ میری جانب سے آنحضرت کی خدمت میں عرض کرو، یہ وقت ایسا نہیں کہ جس وقت مجھے میری جگہ سے ہٹایا جائے۔ آپ قطعاً جلدی نہ کریں کیونکہ مجھے امید ہے کہ میں فتح حاصل کرلوں گا۔ یزید بن ہانی واپس آیا، اور حضرت علیؑ کو اشتر کے جواب سے مطلع کیا۔

منافقین کا شور وغوغا

اس پر ایک شور وشر بلند ہوا اور اشتر کے بارے میں لوگ چیخنے لگے، اور حضرت علیؑ سے کہا خدا کی قسم ہمیں یقین ہے کہ تو نے اسے جنگ جاری رکھنے کا حکم دیا ہے۔ حضرت علیؑ نے فرمایا تمہارے لیے یہ رائے قائم کر لینا مناسب نہیں ہے کیا تم نے مجھے اس سے سرگوشیاں کرتے دیکھا ہے۔ کیا میں اشتر سے تمہارے سامنے اعلانیہ گفت گو نہیں کرتا۔ جب میں اس سے گفتگو کرتا ہوں تم نہیں سنتے ان لوگوں نے جواب دیا یا تو آپ آدمی بھیج کر اسے فوراً بلوایئے، ورنہ خدا کی قسم ہم تجھے معزول کردیں گے۔ حضرت علیؑ نے یزید بن ہانی سے کہا۔ اے یزید اشتر سے جا کر کہو کہ فوراً میرے پاس آجائے، یہاں فتنہ برپا ہو چکا ہے یزید نے جواب دیا ہاں۔ اشتر نے کہا میں تو پہلے ہی جب قرآن بلند کیے گئے سمجھ گیا تھا کہ عنقریب نیا اختلاف اور نئی فرقہ بندی پیدا ہوگی کیونکہ یہ عاہرہ (زنا کار عورت) کے بیٹے کا مشورہ ہے کیا تو نہیں دیکھتا کہ اللہ نے کیا غیب سے مدد فرمائی ہے۔ کیا مناسب ہے کہ ایسے وقت میں دشمنوں کو چھوڑ کر میدان سے واپس لوٹ جاؤں۔ یزید نے جواب دیا کیا تم چاہتے ہو کہ یہاں میدان جنگ میں تو کامیابی حاصل کرلو اور وہاں امیر المومنین ایسی منزل پر پہنچ گئے ہیں، کہ یا تو ان کی فوری مدد کی جائے یا انہیں بھی دشمنوں کے سپرد کردیا جائے۔ اشتر نے جواب دیا خدا کی قسم یہ ہرگز نہیں ہوسکتا۔ سبحان اللہ یہ کیسے ممکن ہے۔ یزید نے کہا وہ (دشمنان دین) تو یہ کہہ رہے ہیں کہ یا تو آپ کسی شخص کو بھیج کر اشتر کو فوراً واپس بلا لیجئے ورنہ ہم

تجھے بھی اسی طرح قتل کر دیں گے جیسے ہم نے ابن عفان کو قتل کیا ہے۔اشتر یہ سن کر فوراً واپس ہوئے اور ان لوگوں کے پاس پہنچے اشتر نے ان لوگوں سے مخاطب ہو کر فرمایا۔اے عراقیو اے ذلیلو اور بزدلو جب تم ان کی پشت پر بلند ہو گئے اور انہیں یہ یقین ہو گیا کہ تم ان پر غالب آجاؤ گے تو انہوں نے قرآن (نیزوں پر) بلند کر دیئے اور قرآن کے فیصلہ پر عمل کرنے کی دعوت دینے لگے۔حالانکہ وہ تو خدا کی قسم اللہ کے ان احکام پر عمل کرنے کو چھوڑ چکے ہیں جو اللہ نے اس کتاب میں نازل فرمائے ہیں۔اور وہ اس کی سنت کے تارک ہیں جس پر یہ قرآن نازل ہوا ہے تم ان کی اس دعوت کو ہرگز قبول نہ کرو،اور کم از کم مجھے اتنی دیر کی مہلت دو جتنی دیر میں گھوڑا رک جاتا ہے (ابن اثیر میں ہے کہ جتنی دیر میں اونٹنی کا دودھ دوہا جاتا ہے) کیونکہ مجھے فتح سامنے نظر آرہی ہے۔اس پر انہوں (ملاعین منافقین) نے کہا۔اس صورت میں تو ہم بھی تیرے ساتھ گناہ میں شریک بن جائیں گے۔اشتر نے کہا اچھا یہ تو بتاؤ جب تمہارے بڑے قتل ہو رہے تھے اور ذلیل لوگ باقی رہ گئے تو تم کس وقت حق پر تھے کیا اس وقت جب تم جنگ کر رہے تھے،اور تمہارے نیک لوگ قتل ہو رہے تھے تو پھر اب جبکہ تم جنگ سے رک رہے ہو،باطل پر ہو یا اس وقت تم حق پر ہو تو پھر تمہارے وہ مقتول کہ جن کی فضیلت کا تم انکار نہیں کر سکتے جو تم سے زیادہ اچھے تھے وہ جہنم میں ہیں۔ان (علاعین نے جواب دیا۔اشتر اس قسم کی باتوں کو چھوڑو۔ہم تو صرف یہ جانتے ہیں کہ ہم نے شامیوں سے اللہ کی خاطر جنگ کی۔اور آج جو ان کے قتال سے ہاتھ روک رہے ہیں یہ بھی اللہ کی خاطر روک رہے ہیں۔ہم نہ تیرے مطیع ہیں اور نہ تیرے امیر کے مطیع ہیں تو ہم سے علیحدہ ہو جا۔اشتر نے کہا تم لوگوں کو دھوکہ دیا گیا ہے،اور خدا کی قسم تم دھوکے میں مبتلا ہو گئے ہو تمہیں جنگ بندی کی دعوت دی گئی۔تم نے فریب میں آکر اسے قبول کر لیا۔اے سیاہ پیشانیوں والو (سجدوں کے نشانات سے چونکہ ان کی پیشانیاں سیاہ تھیں اس لیے اشتر نے یہ جملہ کہا) ہم تو تمہاری نمازیں دیکھ کر یہ سمجھتے تھے کہ تمہیں دنیا سے کوئی غرض نہیں،اور تم جو یہ عبادات کر رہے ہو اللہ عزوجل کی ملاقات کے شوق میں کر رہے ہو،لیکن اب تمہارے فرار سے یہ ظاہر ہوا کہ تم دنیا کی طلب میں موت سے بھاگنا چاہتے ہو۔افسوس اے بڑی بڑی جھولیں پہننے والو تم آج کے بعد ہمیشہ دورایوں پر چلتے رہو گے یعنی ایک رائے پر کبھی متفق نہ ہو گے۔تم بھی ہمارے سامنے سے اس طرح دور ہو جاؤ جس طرح ظالم قوم دور ہو گئی ہے۔

اشعث بن قیس کو پیغام رسانی کا شوق

اشعث حضرت علیؑ کے پاس آیا اور کہا کہ میرا خیال ہے کہ سب لوگ اس پر راضی اور خوش ہیں کہ قرآن کے حکم پر چلنے کی جو انہیں دعوت دی گئی ہے،وہ اسے قبول کر لیں۔اگر آپ چاہیں تو میں معاویہ کے پاس جا کر اس کا ارادہ معلوم کروں تا کہ آپ اس کے سوالات پر غور کر سکیں۔حضرت علیؑ نے فرمایا،اگر تم یہی چاہتے ہو تو پھر اس سے جا کر پوچھو۔چنانچہ اشعث معاویہ کے پاس گیا،اور اس سے پوچھا۔اے معاویہ تم نے یہ قرآن کس لیے

نیزوں پر بلند کرائے ہیں۔معاویہ نے کہا اس لیے تا کہ ہم اور تم ان احکامات پر عمل کریں جو اللہ عزوجل نے اپنی کتاب میں دیئے ہیں۔تم اپنے میں سے ایک ایسا شخص فیصلہ کے لیے متعین کردو جس پر ہم راضی ہوں اور ہم بھی اپنے میں سے ایک شخص کو متعین کر دیتے ہیں اور ہماری جانب سے ان دونوں پر یہ لازم ہوگا کہ جو کچھ اللہ عزوجل کی کتاب میں پائیں اس پر عمل پیرا ہوں، اور اس سے سرمو تجاوز نہ کریں اور جس امر پر یہ دونوں متفق ہو جائیں ہم اس کی پیروی کریں۔اشعث بن قیس نے کہا۔یہ حق کی بات ہے اس کے بعد اشعث حضرت علیؑ کے پاس لوٹ کر آیا۔اور جو کچھ معاویہ نے کہا تھا اس سے انہیں مطلع کیا۔حضرت علیؑ کے ساتھ والوں نے جواب دیا ہم نے یہ بات قبول کی اور ہم اس پر راضی ہیں۔شامیوں نے اپنی جانب سے عمرو عاص کو معین کیا۔اشعث نے کہا (اور اشعث ان لوگوں میں سے تھا جو بعد میں خارجی بن گئے تھے) ہم ابوموسیٰ اشعری کو حکم بنانے پر راضی ہیں۔

حضرت علیؑ کی بے بسی

حضرت علیؑ نے فرمایا تم نے پہلی بات میں تو میری نافرمانی کی ہے۔لیکن اب تو میری نافرمانی نہ کرو۔میں ابوموسیٰ کو حکم بنانا نہیں چاہتا اس پر اشعث، زید بن حصین او مسعر فدکی بولے ہم اس کے علاوہ کسی کا فیصلہ قبول کرنے کے لیے تیار نہیں۔کیونکہ جس آفت میں ہم مبتلا ہو گئے ہیں اس سے وہ ہمیں پہلے ڈراتا تھا۔حضرت علیؑ نے فرمایا مجھے اس پر کوئی اعتماد نہیں اس لیے کہ اس نے مجھے چھوڑ دیا تھا۔اور میری جانب سے لوگوں کو بہکایا تھا اور میرے پاس سے بھاگ گیا تھا حتیٰ کہ میں نے کئی ماہ بعد اس کو امان دی تھی۔لیکن یہ ابن عباس موجود ہیں ہم انہیں حکم بناتے ہیں۔ان لوگوں نے کہا ہم اسے ہرگز قبول نہیں کر سکتے اس لے کہ ابن عباس کا حکم بننا ایسا ہی ہے جیسے آپ خود حکم بن جائیں۔ہم تو ایسے شخص کو حکم بنانا چاہتے ہیں جس کی نظر میں آپ اور معاویہ مساوی ہوں۔تم میں سے کوئی شخص ایسا نہیں ہے جو ایک کی بہ نسبت دوسرے سے تعلق نہ رکھتا ہو۔حضرت علیؑ نے فرمایا پھر میں اشتر کو متعین کرتا ہوں۔حضرت علیؑ کے اس فرمان پر اشعث نے کہا۔کیا روئے زمین پر اشتر کے علاوہ کوئی دوسرا شخص موجود نہیں ہے۔جندب کا بیان ہے کہ اشعث نے جواب دیا اس کا حکم یہ ہے کہ ہم لوگ ایک دوسرے کی گردنیں کاٹتے رہیں حتیٰ کہ اے علیؑ تیرا اور اشتر کا ارادہ پورا ہو جائے۔

ابوموسیٰ اشعری بطور حکم

حضرت علیؑ نے فرمایا کیا تم ابوموسیٰ کے علاوہ کسی پر راضی نہیں انہوں نے جواب دیا ہاں ہم صرف اسی کو حکم بنانا چاہتے ہیں۔حضرت علیؑ نے فرمایا۔اچھا جو تمہارا جی چاہے۔ان لوگوں نے ابوموسیٰ کے پاس آدمی بھیجا۔ابوموسیٰ جنگ سے الگ رہا تھا، اور مقام عرض میں مقیم تھا۔اس کے غلام نے آ کر یہ خبر پہنچائی کہ لوگوں نے صلح کر لی ہے ابوموسیٰ نے کہا۔الحمدللہ رب العالمین غلام نے کہا ان لوگوں نے آپ کو حکم بنایا ہے۔ابوموسیٰ نے اناللہ

وانا الیہ راجعون پڑھی۔اس کے بعد ابوموسیٰ لشکر گاہ میں آیا۔اشتر حضرت علیؑ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا۔آپ مجھے عمرو عاص کے ساتھ لگا دیجئے قسم ہے اس ذات کی جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے۔اگر اسے دھوکہ دہی کرتے دیکھوں گا تو اسے قتل کر دوں گا۔

لقب امیر المومنین پر بحث

خلاصہ یہ کہ معاہدہ لکھا جانا شروع ہوا۔اس معاہدہ کے ابتدائی جملے یہ تھے۔بسم اللہ الرحمن الرحیم یہ وہ فیصلہ ہے جو امیر المومنین علیؑ نے کیا ہے۔ابھی صرف اتنے الفاظ تحریر ہوئے تھے کہ عمرو عاص نے اعتراض کیا اور کہا کہ ان کا اور ان کے باپ کا نام لکھو کیونکہ یہ تمہارے امیر ہیں ہمارے نہیں۔احنف بن قیس نے کہا اے امیر المومنین آپ اس لفظ کو ہرگز نہ ہٹائیے کیونکہ مجھے خوف ہے کہ اگر آپ نے لفظ امیر المومنین ہٹا دیا تو زندگی بھر یہ آپ کی طرف نہیں لوٹے گا۔آپ اس لفظ کو ہرگز نہ مٹائیے خواہ لوگ ایک دوسرے کو قتل کیوں نہ کر دیں۔احنف کے کہنے پر حضرت علیؑ نے اس لفظ کو مٹانے سے انکار کر دیا۔اس بحث میں کافی دن گزر گیا۔اس پر اشعث بن قیس نے کاتب سے کہا اس لفظ کو مٹا دو الغرض یہ لفظ مٹا دیا گیا۔

واقعہ تحکیم کی صلح حدیبیہ سے مشابہت

جس وقت یہ لفظ مٹا دیا گیا تو حضرت علیؑ نے اللہ اکبر کا نعرہ لگایا اور فرمایا سنت سنت کے مقابلہ میں اور مثل مثل کے مقابلہ میں ہے اور بالکل اس سنت کے عین مشابہ ہے۔خدا کی قسم میں حدیبیہ کے روز رسول اللہؐ کے روبرو معاہدہ صلح تحریر کر رہا تھا تو کفار نے اعتراض کیا۔آپؐ اللہ کے رسول نہیں ہیں اور نہ ہم آپؐ کو رسول تسلیم کرتے ہیں۔آپؐ اپنا اور اپنے باپ کا نام لکھیے۔غرض آپ کا اور آپ کے باپ کا نام لکھا گیا۔اس پر عمرو عاص نے کہا۔اس مثال کا اس واقعہ سے کیا واسطہ ہمیں مومن ہونے کے باوجود کفار سے تشبیہہ دی جائے گی۔حضرت علیؑ نے فرمایا۔اے نابغہ کے بیٹے تو کب فاسقین کا دوست اور مسلمانوں کا دشمن نہیں رہا،اور کیا تو اپنی ماں سے مشابہت نہیں رکھتا جس نے تجھے جنا ہے۔پس عمرو عاص کھرا ہو گیا،اور کہنے لگا آج کے دن کے بعد میرے اور آپ کے درمیان کبھی کوئی اجتماع نہ ہو گا،اور نہ ہم ایک مجلس میں جمع ہوں گے۔تو حضرت علیؑ نے فرمایا میں اللہ عزوجل سے امید رکھتا ہوں کہ وہ میری مجلس کو تجھ سے اور تیرے جیسے اشخاص سے پاک رکھے اور معاہدہ لکھا گیا۔

معاہدہ کی تحریر

معاہدہ ان الفاظ میں تحریر کیا گیا:۔

یہ وہ معاہدہ ہے جو علی ابن ابی طالب اور معاویہ بن ابی سفیان نے باہم کیا۔حضرت علیؑ کا یہ فیصلہ اہل

عراق اور ان لوگوں پر نافذ ہوگا جو ان کی جماعت میں مومنین اور مسلمین میں داخل ہیں۔اور معاویہ کا یہ معاہدہ اہل شام اور ان لوگوں پر نافذ ہوگا جو ان کے ساتھ ہیں۔ہم اللہ عزوجل کے حکم اور اس کی کتاب کو قبول کرتے ہیں،اور کتاب اللہ کے علاوہ ہمیں کوئی فیصلہ قبول نہ ہوگا۔اور اللہ عزوجل کی کتاب میں از اول تا آخر جو کچھ بھی موجود ہے اس پر عمل کریں گے۔

جس چیز کے احیاء کا یہ کتاب حکم دیتے ہے اسے رائج کریں گے اور جس چیز کے ختم کرنے کا حکم دیتی ہے اسے ختم کریں گے۔دونوں حکم یعنی ابوموسیٰ اشعری عبداللہ بن قیس اور عمرو بن عاص قرشی کتاب اللہ میں جو حکم پائیں گے اس پر عمل پیرا ہوں گے،اور اگر اس معاملہ میں کتاب اللہ میں یہ دونوں کوئی حکم نہ پائیں تو اس سنت پر عمل پیرا ہوں گے جو عدل وانصاف پر مبنی ہوگی،اور جس پر سب کا اتفاق ہوگا اور کسی کو اس میں اختلاف نہیں ہوگا۔

ہر دو حکم علی ومعاویہ اور ان کے لشکروں سے عہد پیمان لیں گے اور اس طرح دیگر معتبر لوگوں سے بھی کہ ان دونوں کی جان ومال محفوظ رہیں گے،اور جو کچھ یہ دونوں فیصلہ کریں گے اس پر تمام امت ان کی معاون ومددگار رہوگی۔اور دونوں فریقین کے مسلمانوں پر اللہ کے نام پر یہ عہد لازم ہوگا کہ جو کچھ اس معاہدہ میں تحریر ہے وہ ہمیں قبول ہے۔اور ان دونوں حکموں کا فیصلہ تمام مسلمانوں پر لازم ہے۔یہ سب لوگ ہتھیار اتار کر رکھ دیں گے۔اور سب لوگ مامون ہوں گے۔جہاں چاہیں وہ جائیں انکی جان ومال اور اہل وعیال محفوظ رہیں گے۔موجود وغائب سب لوگ مامون ہوں گے۔اور عبدابن قیس اور عمرو بن عاص پر اللہ کا عہد ومیثاق ہوگا کہ وہ اس امت کا فیصلہ قبول کردیں،اور انہیں دوبارہ جنگ اور اختلاف میں مبتلا نہ کریں یہ دوسری شئے ہے کہ کوئی ان کا فیصلہ قبول نہ کرے اور اس فیصلہ کی مدت رمضان تک ہوگی۔اور اگر یہ دونوں حکم اس مدت کو بڑھانا چاہیں تو باہمی رضامندی سے بڑھا سکتے ہیں۔اگر دونوں حکموں میں سے کسی حکم کا انتقال ہوجائے تو ہر گروہ کا امیر اس کی جگہ دوسرا حکم مقرر کرے گا اور وہ شخص اہل عدل وانصاف میں سے منتخب کیا جائے گا اور ان دونوں کے فیصلہ کا مقام جس میں فیصلہ کریں گے وہ جگہ ہوگئی جو اہل کوفہ اور اہل شام کے درمیان واقع ہے یہ دونوں حکم فیصلہ پر جن لوگوں کی گواہی لینا چاہیں وہ لے سکتے ہیں اور ان کی شہادت وہ اس فیصلہ پر تحریر کریں گے۔اور یہ گواہ اس فیصلے کی ان لوگوں کے مقابلے میں حمایت کرینگے جو اسے مٹانا چاہے یا اس کی مخالفت کرے۔اے اللہ ہم تجھ سے اس شخص کے مقابلہ میں امداد طلب کرتے ہیں جو اس فیصلہ کو چھوڑ دے۔

گواہوں کے دستخط

حضرت علیؑ کے ساتھیوں میں سے اسی معاہدہ پر یہ لوگ گواہ تھے۔اشعث بن قیس کندی،عبداللہ بن عباس،سعید بن قیس ہمدانی ورقا بن سمی بجلی،عبداللہ بن محل عجلی،حجر بن عدی کندی،عبداللہ بن طفیل عامری،عقبہ بن

زیاد حضری، یزید بن حجتیہ تیمی اور مالک بن کعب ہمدانی۔

حضرت علیؑ کی تقریر

حضرت علیؑ نے صفین کے دن لوگوں سے فرمایا تم نے وہ کام کیا ہے جس سے تمہاری قوت ختم ہو گئی ۔تمہارے احسانات ختم ہو گئے ۔تم سست پڑ گئے سستی اور ذلت تم نے وراثت میں لے لی ہے۔جب تم بلند ہو چکے تھے،اور تمہارے دشمن مقابلہ سے گھبرا رہے تھے اور ان کا قتلِ عام ہو رہا تھا،اور انہیں زخموں کی تکلیف محسوس ہو رہی تھی۔تو ان لوگوں نے قرآن بلند کیے،اور تمہیں قرآن کے احکام پر چلنے کی اس لیے دعوت دی تا کہ تم ان سے اپنے ہاتھ روک لو اور تمہارے اور ان کے درمیان جنگ بند ہو جائے،اور دھوکہ بازوں کی طرح وہ تمہاری گھات میں لگ جائیں،اور تمہیں دھوکہ اور فریب میں مبتلا کر دیں۔انہوں نے جو خواہش کی تھی تم نے اسے پورا کر دکھایا،اور تم نے مدافعت اور بزدلی کے علاوہ کسی شئے کو قبول نہ کیا۔خدا کی قسم میرا گمان تو تمہارے بارے میں یہ ہے کہ تم آئندہ کبھی ہدایت حاصل نہ کر سکو گے،اور نہ تم کوئی یقینی بات حاصل کر سکو گے۔

فیصلہ کی تاریخ

حضرت علیؑ اور معاویہ کے درمیان جو معاہدہ لکھا گیا وہ بروز بدھ تیرہ صفر 37ھ میں لکھا گیا،اور فیصلہ کیا گیا کہ حضرت علیؑ اور معاویہ دونوں ماہ رمضان میں دومتہ الجندل میں جمع ہوں گے،اور ہر ایک کے ساتھ اس کے ساتھیوں میں سے چار سو اشخاص ساتھ آئیں گے۔

خارجیوں کی حضرت علیؑ سے علیٰحدگی

جب حضرت علیؑ صفین سے لوٹے تو حرور یہ مخالف بن گئے ۔اور آپ کی جماعت سے خارج ہو گئے ۔یہ سب سے پہلا اختلاف تھا جو (حضرت علی کے ساتھ والوں میں) ظاہر ہوا۔انہوں نے حضرت علیؑ سے جنگ کا اعلان کیا اور حضرت علیؑ کی مخالفت شروع کر دی اور کہنے لگے اللہ کے حکم میں انسان کے حکم کا کیا دخل اور کہا اللہ سبحانہ کے علاوہ کسی کا حکم نہیں ہو سکتا۔ان لوگوں نے حضرت علیؑ سے جنگ کی۔

خلیفہ کے انتخاب پر بحث

جب یہ دونوں حکم جمع ہوئے اور باہم گفت گو شروع ہوئی،تو عمرو عاص نے کہا اے ابوموسیٰ میں یہ خیال کرتا ہوں کہ سب سے پہلا فیصلہ تو اس بات کا ہونا چاہیے کہ باوفا لوگوں کو ان کی وفا کا حق ادا کیا جائے اور غداروں کو ان کی غداری کی سزا ملے۔ابوموسیٰ:۔وہ کیونکر۔عمرو۔کیا تم نہیں جانتے کہ معاویہ اور اہلِ شام نے اپنا وعدہ پورا

کیا۔اور اس عہد کو نباہا جو انہوں نے لوگوں سے کیا تھا۔ابوموسیٰ۔کیوں نہیں۔عمرو۔تو یہ بات تحریر کر لیجئے۔ابوموسیٰ نے اسے تحریر کر لیا۔

عمرو:۔کیا آپ کسی ایک ایسے شخص کا نام بتا سکتے ہیں جسے اس امت کی خلافت سونپی جائے۔آپ نام بتایئے۔اگر میں آپ کی متابعت پر قادر رہوں گا۔تو ضرور آپ کی متابعت کروں گا۔ورنہ آپ پر لازم ہوگا کہ میری متابعت کریں۔

ابوموسیٰ:۔میں اس کام کے لیے عبداللہ بن عمر کا نام لیتا ہوں۔ابنِ عمر ان لوگوں میں شامل تھا جو اس معاملہ سے علیٰحدہ رہے۔

عمرو:۔میرے نزدیک معاویہ بہتر ہے۔

یہ مجلس زیادہ دیر تک قائم نہ رہ سکی۔اور ہر ایک نے دوسرے کو برا بھلا کہا۔جب یہ دونوں باہر آئے تو ابوموسیٰ نے لوگوں سے کہا۔عمرو کی مثال ایسی ہے جیسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔تم ان لوگوں کو اس شخص کا واقعہ سنا دو جسے ہم نے اپنی نشانیاں دیں پھر وہ ان سے ہٹ گیا۔جب ابوموسیٰ خاموش ہو گیا تو عمرو بولا اے لوگو میں نے ابوموسیٰ کو ایسا پایا ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے جن لوگوں نے تورات کو اٹھایا۔پھر اس کے اٹھانے کا حق ادا نہ کیا ان کی مثال اس گدھے کی ہے جو کتابیں اٹھائے ہوئے ہو۔ان دونوں نے اپنی مثل کو جو دوسرے کے لیے کہی تھی مختلف شہروں میں لکھ بھیجا۔

حضرت علیؑ کی مالک اشتر کے بارے میں رائے

جب معاہدہ لکھا جا چکا تو حضرت علیؑ سے عرض کیا گیا کہ معاہدہ میں جو کچھ تحریر کیا گیا ہے اشتر تو اس سے راضی نہیں،اور وہ تو ان لوگوں سے جنگ کے علاوہ اور کوئی صورت مناسب نہیں سمجھتا۔حضرت علیؑ نے فرمایا خدا کی قسم میں بھی اس معاہدہ پر راضی نہ تھا اور نہ میں اسے پسند کرتا ہوں۔تم ہی لوگ اسے پسند کرتے ہو۔جب تم لوگوں نے معاہدہ کے علاوہ ہر بات ماننے سے انکار کر دیا تو میں نے بھی اسے قبول کر لیا،اور جب میں اسے قبول کر چکا تو قبول کر لینے کے بعد اس بات سے پلٹ جانا مناسب نہیں،اور اقرار کے بعد اقرار سے ہٹ جانا کسی صورت میں مناسب نہیں۔سوائے اس صورت کے اللہ عزوجل کی نافرمانی کی جائے،اور اس کتاب سے تجاوز کیا اب تم ان لوگوں سے جنگ کرو جنہوں نے اللہ عزوجل کے حکم کو چھوڑ دیا ہے۔تم نے مجھ سے جو یہ بات کہی ہے کہ اشتر نے میرے فیصلہ کو چھوڑ دیا ہے۔وہ ایسے لوگوں میں سے نہیں،اور نہ ہی مجھے یہ خوف ہے۔کیونکہ وہ ان غداروں میں داخل نہیں۔کاش تم میں اس جیسے دو آدمی موجود ہوتے بلکہ کاش (کم از کم) تم میں اس جیسا ایک ہی آدمی موجود ہوتا جس کی میرے دشمنوں کے بارے میں وہی رائے ہوتی جو میری رائے ہے۔اس وقت تمہارا بوجھ مجھ سے اتر جاتا ہے مجھے یہ امید ہوتی کہ تمہارا کچھ ٹیڑھا پن میرے لیے سیدھا ہو جاتا،اور میں نے تمہیں (جنگ بند کرنے اور ان

سے صلح کرنے سے) روکا تھا۔لیکن تم نے میری نافرمانی کی۔جندب کہتے ہیں کہ جب ہم صفین سے واپس ہوئے تو جس راستہ سے ہم آئے تھے وہ راہ چھوڑ کر دوسری راہ اختیار کی۔

حضرت علیؑ خباب کی قبر پر

جب ہم بنوعوف کے علاقہ پر پہنچے تو ہمیں داہنی جانب سات یا آٹھ قبریں نظر آئیں۔حضرت علیؑ کے سوال کرنے پر معلوم ہوا کہ آپ کے جانے کے بعد خباب کا انتقال ہوا۔ان کی وصیت کے مطابق انہیں کھلے میدان میں دفن کیا گیا۔پھر لوگوں نے دوسرے لوگوں کو بھی ان کے پہلو میں دفن کر دیا۔حضرت علیؑ نے فرمایا۔اللہ خباب پر رحم فرمائے،وہ رغبت وشوق سے اسلام لائے اور خدا اور رسول اللہؐ کی اطاعت میں ہجرت کی،اور تمام زندگی جہاد میں گزاری اور انہیں اسلام پر مختلف قسم کی جسمانی تکالیف دی گئیں،اور جو شخص اچھے عمل کرے گا۔اللہ تعالیٰ اس کا اجر ضائع نہیں فرماتا۔پھر حضرت علیؑ ان قبروں پر تشریف لے گئے،اور فرمایا اے وحشت زدہ گھروں اور ویران مقامات کے رہنے والو مومن مرد اور عورتو اور اے مسلم مرد اور عورتو تم پر سلام ہو تم ہمارے پیش رو اور آگے بڑھنے والے ہو اور ہم تمہارے پیچھے آنے والے ہیں،اور کچھ مدت میں تمہارے ساتھ مل جائیں گے۔اے اللہ ہماری اور ان کی مغفرت فرما اور اپنے عفو کے ذریعہ ہماری اور ان کی غلطیوں سے درگزر فرما۔تمام تعریفیں اس اللہ کے لیے ہیں جس نے تمہیں اس مٹی سے پیدا کیا اور اسی کی طرف تمہیں لوٹائے گا اور اسی سے تمہارا حشر ونشر ہوگا۔خوشخبری ہے اس شخص کے لیے جو اپنے اس لوٹنے کی جگہ کو یاد رکھے،اور حساب کے لیے عمل کرے۔قوت لایموت پر قناعت کرے اور اللہ عزوجل سے راضی ہو۔

آپ کے ساتھ مل کر جہاد کرنے والوں کی شہادت کی گواہی

جب حضرت ثوربن کے محلہ سے گزرے تو وہاں سے رونے کی آواز آئی۔دریافت فرمایا یہ کیسی آواز ہے۔عرض کیا گیا یہ لوگ صفین کے مقتولین پر رو رہے ہیں آپ نے فرمایا۔میں اس شخص کے لیے جو ان میں سے ثابت قدم رہا اور اس نے یہ جنگ ثواب کی نیت سے کی شہادت کی گواہی دیتا ہوں۔پھر فائشین کے محلہ سے گزر ہوا وہاں بھی رونے کی آواز سنی تو یہی جملہ کہا اور آگے بڑھ گئے۔جب شباميين کے محلہ پر پہنچے تو حرب بن شرجیل شامی باہر نکل آیا (اس سے کچھ گفتگو کی اور آخر میں فرمایا) اللہ تمہارے مقتولین اور مرنے والوں پر رحمت نازل فرمائے اور ان کی مغفرت کرے۔جب آپ یہاں سے آگے بڑھے تو حرب آپ کے پیچھے پیچھے چلنے لگے جبکہ آنحضرت سوار اور حرب پیدل چل رہے تھے۔حضرت علیؑ نے فرمایا تم واپس جاؤ۔لیکن جب حرب واپس نہ ہوا تو آپ ٹھہر گئے،اور اسے دوبارہ واپس جانے کا حکم دیا اور فرمایا تجھ جیسے شخص کے لیے مناسب نہیں کہ میرے پیچھے چلے کیونکہ مجھ جیسے شخص سے دو نقصان ہیں ایک تو والی اور حاکم میں غرور پیدا ہوتا ہے اور دوسرے پیچھے چلنے والے مومن کی ذلت ہوتی ہے۔

باب 15
خارجیوں کی حضرت علیؑ سے علیٰحدگی

جب حضرت علیؑ کوفہ تشریف لائے اور خارجیوں نے آپ کا ساتھ چھوڑ دیا تو حضرت کے پیروگاروں نے آپ کے پاس جمع ہوکر کہا ہم اپنی گردنوں میں دوبارہ آپ کی بیعت کا قلادہ ڈالنا چاہتے ہیں، اور وہ بیعت یہ ہوگی کہ ہم ہر اس شخص کے دوست ہوں گے۔ جسے آپ دوست رکھیں، اور ہر اس شخص کے دشمن ہوں گے جسے آپ دشمن رکھیں۔ اس پر خارجیوں نے کہا تم اور شامی دونوں کفر میں ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کی کوشش کر رہے ہو۔ بعینہ اسی طرح جیسے گھوڑ دوڑ میں دو گھوڑے ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کی کوشش کرتے ہیں شامیوں نے معاویہ سے بھی اسی بات پر بیعت کی ہے۔ اور تم لوگوں نے علیؑ سے اس بات کی بیعت کی ہے کہ علیؑ جسے دوست رکھیں گے تم اس کے دوست ہو گے اور علیؑ جس کے دشمن ہوں گے تم اس کے دشمن ہو گے۔ زیاد بن نضر نے جواب دیا خدا کی قسم علیؑ نے جب بیعت کے لیے ہاتھ پھیلایا تھا تو ہم نے اللہ عزوجل کی کتاب اور نبی کریمؐ کی سنت پر چلنے کی بیعت کی تھی، لیکن جب تم لوگوں نے حضرت علیؑ کی مخالفت شروع کی تو ان کے ساتھی ان کے پاس آئے، اور ان سے عرض کیا ہم ہر اس شخص کے دوست ہیں جو آپ کا دوست ہو اور ہر اس شخص کے دشمن ہیں جو آپ کا دشمن ہو، اور واقعتا ہم اسی طرح ہیں کیونکہ علی حق و ہدایت پر ہیں اور جو شخص ان کی مخالفت کرے وہ خود گمراہ کنندہ ہے۔

حضرت علیؑ کا خارجیوں سے مناظرہ

آپ نے اللہ کی حمد و ثنا کے بعد فرمایا۔ اے اللہ یہ ایسا مقام ہے جس نے آج کے دن کامیابی حاصل کی وہ قیامت کے دن ضرور کامیاب ہوگا، اور جس نے آج گفتگو کی اور وہ لاجواب ہو گیا تو وہ آخرت میں اندھا اور گمراہ ہوگا۔ پھر حضرت علیؑ نے سوال کیا تمہارا رہبر کون ہے۔ انہوں نے کہا، عبداللہ بن کواء آپ نے فرمایا تم لوگوں نے ہم سے بغاوت کیوں کی ہے خارجیوں نے کہا اس لیے کہ تم نے صفین میں تحکیم کو قبول کیا ہے۔ حضرت علیؑ نے فرمایا میں تمہیں اللہ کی قسم دے کر سوال کرتا ہوں کیا تم نہیں جانتے کہ جب شامیوں نے قرآن بلند کیے تو تم نے ہی یہ کہا تھا ہم اللہ کی کتاب کو قبول کرتے ہیں حالانکہ میں نے تم سے یہ کہا تھا کہ میں اس گروہ کو تم سے زیادہ جانتا ہوں یہ لوگ نہ دیندار ہیں، اور نہ قرآن پر عمل کرنے والے ہیں۔ یہ بچپن میں بھی برے تھے اور بڑے ہو کر بھی برے رہے تم اپنی حقانیت اور صداقت پر قائم رہو، اور ان لوگوں نے جو قرآن اٹھایا ہے وہ مکر و فریب اور دھوکہ دہی کے لیے اٹھایا ہے لیکن تم نے میری رائے کو قبول نہ کیا اور تم نے جواب دیا نہیں ہم تو ان کی بات قبول کرتے ہیں۔ اب

میں تم سے یہ کہتا ہوں کہ تم اپنی اس بات کو یاد کرو اور تم نے جو میری نافرمانی کی تھی اسے بھی یاد کرو جب تم نے سوائے معاہدہ کے کسی بات کو قبول نہ کیا تو میں نے دونوں حکمین پر یہ شرط لگائی کہ جس چیز کا قرآن حکم دے گا وہ اس کا حکم دیں گے، اور جس سے قرآن منع کرے گا وہ اس سے رک جائیں گے۔ اب اگر وہ قرآن کے مطابق حکم دیتے ہیں تو ہمارے لیے یہ جائز نہیں کہ ان کے اس فیصلے کی خِلاف ورزی کریں جو قرآن کے مطابق ہو۔ اور اگر وہ قرآن کی خلاف ورزی کرتے ہیں تو ہم ان کے حکم سے بری ہیں۔ خارجی کہنے لگے آپ یہ بتائیے کہ کیا آپ یہ جائز سمجھتے ہیں کہ خونوں کے معاملہ میں آدمیوں کو حکم بنائیں کیا یہ عادلانہ فیصلہ ہے۔ آپ نے فرمایا ہم نے آدمیوں کو حکم نہیں بنایا بلکہ ہم نے تو قرآن کو حکم بنایا ہے اور قرآن ایسی تحریر ہے جو دو گتوں کے درمیان لکھی گئی ہے۔ اور قرآن خود کلام تو نہیں کر سکتا۔ اس کے مطابق تو آدمی ہی کلام کریں گے۔ خارجی کہنے لگے کہ یہ بتائیے کہ آپ نے شامیوں سے یہ مدت کس لیے متعین کی ہے۔ آپ نے فرمایا تا کہ جاہل اس بات کو جان لے اور عالم تحقیق کر سکے۔ اور شاید اللہ تعالیٰ عزوجل اسی ذریعہ سے اس امت کی اصلاح فرمادے۔ اللہ تم پر رحم کرے تم اپنے شہروں میں واپس جاؤ۔ یہ سب کے سب اس جواب پر اپنے شہروں کو واپس چلے گئے۔

دومتہ الجندل میں حکمین کا اِجتماع

حضرت علیؑ نے چار سو آدمی روانہ فرمادیئے۔ ان پر شریح کو امیر بنایا۔ ان کے ساتھ عبداللہ بن عباس بھی تھے۔ وہی لوگوں کو نماز پڑھاتے اور ان آدمیوں کا انتظام کرتے۔ ابوموسیٰ اشعری بھی انھی کے ساتھ تھا۔ معاویہ نے عمرو عاص کے ساتھ چار سو آدمی روانہ کیے یہ دونوں جماعتیں اوزح میں دومتہ الجندل کے مقام پر جمع ہوئیں۔

حکمین کے سوالات وجوابات

جب دونوں حکم ایک دوسرے سے ملے تو عمرو عاص نے کہا اے ابوموسیٰ کیا تم یہ نہیں جانتے کہ عثمان مظلوم مارے گئے۔ ابوموسیٰ نے کہا ہاں میں اس کی گواہی دیتا ہوں۔ عمرو نے کہا کیا آپ یہ جانتے کہ معاویہ اور اس کا خاندان عثمانؓ کے وارث ہیں۔ ابوموسیٰ نے کہا کیوں نہیں تو عمرو عاص نے کہا اللہ عزوجل کا ارشاد ہے، اور جو شخص مظلوم قتل ہو جائے تو ہم نے اس کے ولی کو قدرت دی ہے کہ اسے چاہیے کہ وہ قتل میں زیادتی نہ کرے کیونکہ اس کی مدد کی جائے گی۔ اے ابوموسیٰ اس چیز سے کیا مانع ہے کہ معاویہ کو خلیفہ بنادیا جائے۔ کیونکہ معاویہ عثمان کا وارث اور قریش خاندان سے تعلق رکھتا ہے جیسا کہ آپ کو علم ہے۔ اگر آپ کو یہ خوف ہے کہ لوگ یہ کہیں گے کہ آپ نے معاویہ کو کیسے خلیفہ بنادیا حالانکہ اسے تو اسلام میں سبقت حاصل نہیں تو آپ یہ دلیل پیش کر سکتے ہیں کہ معاویہ عثمان خلیفہ مظلوم کا وارث تھا اور وہ ان کے قصاص کا مطالبہ کر رہا تھا۔ اس کے علاوہ وہ سیاست اور تدبر میں علیؑ سے زیادہ ماہر اور زوجہ رسولؐ اللہ ام حبیبہ کا بھائی ہے، اور خود بھی حضور کی صحبت میں رہا ہے۔ اس لیے وہ بھی صحابہ میں داخل

ہے۔پھر عمرو نے ابوموسیٰ کو حکومت کی پیش کش کی۔اور کہا اے ابوموسیٰ اگر معاویہ خلیفہ بن گیا تو وہ آپ کی وہ عزت کرے گا جو کسی خلیفہ نے نہ کی ہوگی۔ابوموسیٰ نے کہا اے عمرو اللہ عزوجل سے ڈر تو نے معاویہ کی شرافت بیان کی ہے تو وہ اس قسم کی شرافت نہیں جس کے باعث اسے خلافت سونپی جائے۔اور اگر اس شرافت کی بنیاد پر خلافت مل جاتی تو اس خلافت کا ابرہتہ بن صباح زیادہ حقدار ہوتا۔یہ خلافت تو اہلِ دین اور اہل فضل کا حق ہے۔یعنی علی بن ابی طالبؑ تمہارا یہ کہنا کہ معاویہ خون عثمان کا وارث ہے۔تو تم معاویہ کو خلیفہ بنادو لیکن میں یہ نہیں کرسکتا کہ میں معاویہ کو خلیفہ بن بنادوں اور مہاجرین اولین کو چھوڑ دوں۔تم نے جو حکومت کی پیش کش کی ہے تو سن لو کہ بخدا اگر معاویہ مجھے اپنی تمام حکومت بھی دے دے۔تب بھی میں اس حکومت کا حاکم نہیں بنوں گا میں اللہ کے احکام پر رشوت نہیں لیتا ہاں اگر تو چاہے تو عمر بن خطاب کا نام زندہ کردے۔اس پر عمرو نے کہا اگر تم ابن عمر کی بیعت کرنا چاہتے ہو تو میرے بیٹے میں کیا کمی ہے حالانکہ آپ اس کے فضل وصلاح کے منکر نہیں ہوسکتے۔ابوموسیٰ نے کہا واقعتا تیرا بیٹا ایک سچا آدمی ہے لیکن تو نے اسے فتنہ میں مبتلا کردیا۔

حضرت علیؑ کی عمرو عاص کو نصیحت

شریح بن ہانی کا بیان ہے کہ حضرت علیؑ نے شریح کے ذریعہ عمرو عاص کو چند باتیں کہلا بھیجیں فرمایا تھا شریح جب تو عمرو سے ملاقات کرے تو اس سے کہنا علیؑ نے تجھ سے کہا ہے کہ اللہ عزوجل کے نزدیک لوگوں میں سب سے افضل وہ شخص ہے جسے باطل کے مقابلے میں حق پر عمل کرنا زیادہ محبوب ہو، چاہے حق سے اسے نقصان ہی کیوں نہ ہو اور وہ اس کے لیے تکلیف کا باعث ہی کیوں نہ ہو،اور چاہے باطل اس کی طرف مائل ہو اور اس کا باعث بنے۔خدا کی قسم تو یہ خوب جانتا ہے کہ حق کس جانب ہے تو جان بوجھ کر جاہل نہ بن۔اگر تجھے حق چھوڑنے پر کچھ لالچ دی گئی ہے تو یاد رکھ تو اس کے ذریعہ اللہ اور اس کے دوستوں کا دشمن بن جائے گا۔اور بخدا جو کچھ تجھے دیا جائے گا وہ بھی تجھ سے جدا ہوجائے گا۔وائے ہو تجھ پر تو خائن کی طرف سے جھگڑا نہ کر اور نہ ہی ظالموں کا مددگار بن۔میں وہ دن جانتا ہوں جس روز تجھے اس پر ندامت ہوگی،اور وہ تیری موت کا دن ہے۔تو اس روز اس کی تمنا کرے گا کہ تو نے کسی مسلمان سے عداوت نہ برتی ہوتا اور نہ ہی کسی فیصلہ پر رشوت لی ہوتی۔شریح بن ہانی کہتے ہیں کہ میں نے حضرت علیؑ کا یہ ارشاد عمرو تک پہنچادیا تو اس کے چہرہ کا رنگ تبدیل ہوگیا۔پھر اس نے کہا میں کیسے علیؑ کا مشورہ قبول کرلوں یا ان کی بات مان لو اور کیسے ان کی رائے پر چل سکتا ہوں۔شریح کہتے ہیں میں نے کہا نابغہ کے بیٹے تو کیسے اپنے حاکم ومولا اور اپنے سردار کا مشورہ قبول نہیں کرسکتا جو کہ نبی کریمؐ کے بعد سب مسلمانوں کے سردار ہیں۔اور تو ان کے مشورہ کو کیسے قبول نہیں کرتا جبکہ ابوبکرؓ وعمرؓ جو تجھ سے بہتر تھے،وہ ان سے مشورہ لیتے اور ان کی رائے پر عمل کرتے تھے۔عمرو نے جواب دیا مجھ جیسا شخص تجھ جیسے شخص سے بات نہیں کرتا۔میں نے کہا تو

کون سے باپ دادا کی وجہ سے مجھ سے نفرت کرتا ہے کیا اپنے خسیس باپ کی وجہ سے یا اپنی نابغہ ماں کی وجہ سے ۔شریح کہتے ہیں یہ سن کر،عمرو اپنی جگہ سے اٹھ کھڑا ہوا اور میں بھی اس کے ساتھ اٹھ کھڑا ہوا۔

ابوموسیٰ اشعری کا بودا فیصلہ

ابوخباب کلبی سے منقول ہے کہ جب عمرو عاص دومتہ الجندل میں ابوموسیٰ سے ملا تو عمرو ابوموسیٰ کو گفت گو کرنے میں آگے رکھتا اور کہتا آپ رسول اللہؐ کے صحابی ہیں اور مجھ سے عمر میں بڑے ہیں۔پہلے آپ بات کریں۔تو پھر میں گفتگو کروں گا۔اس طرح اس نے ابوموسیٰ کو عادی کرلیا کہ وہ اسے ہر بات میں مقدم رکھتا اور اس کو دھوکہ دیا اور وہ چاہتا تھا کہ ابوموسیٰ سے حضرت علیؑ کی خلافت ختم کرنے کا اعلان کرادے۔راوی کہتا ہے کہ ان دونوں نے اپنے معاملہ پر غور کیا۔لیکن کسی بات پر ان کا اتفاق نہ ہوسکا۔عمرو نے ابوموسیٰ کے سامنے معاویہ کا نام پیش کیا۔ابوموسیٰ نے انکار کر دیا پھر عمرو نے اپنے بیٹے عبداللہ کا نام پیش کیا لیکن ابوموسیٰ نے اس رائے سے بھی انکار کیا۔ابوموسیٰ نے عمرو عاص کو عبداللہ بن عمر کی بیعت پر آمادہ کرنا چاہا۔لیکن اس سے عمرو نے انکار کر دیا اس کے بعد عمرو نے ابوموسیٰ سے دریافت کیا۔پھر آخر آپ کی کیا رائے ہے۔ابوموسیٰ نے کہا میری رائے تو یہ ہے کہ ہم ان دونوں شخصوں کو معزول کر دیں اور اس خلافت کو مسلمانوں کے مشورے پر چھوڑ دیں اور مسلمان اپنے لیے جسے پسند کریں اسے خلیفہ بنالیں۔عمرو نے کہا صحیح رائے تو یہی ہے جو آپ نے دی ہے۔اس کے بعد یہ دونوں شخص لوگوں کے پاس آئے۔تمام لوگ جمع تھے۔عمرو نے ابوموسیٰ سے کہا آپ انہیں بتا دیجئے کہ ہم ایک رائے پر متفق اور متحد ہو چکے ہیں۔ ابو موسیٰ نے لوگوں سے کہا میں اور عمرو عاص ایک رائے پر متفق ہو چکے ہیں اور ہمیں امید ہے اللہ عزوجل اس رائے کے ذریعہ اس امت کی اصلاح فرمادے گا۔عمرو نے کہا ابوموسیٰ سچ بولتے ہیں اور نیک بات کررہے ہیں۔اے ابوموسیٰ آگے بڑھو اور لوگوں کو بتادو۔

حضرت ابنِ عباس کی ابوموسیٰ کو تنبیہ

جب ابوموسیٰ اعلان کرنے کے لیے آگے بڑھا تو ابن عباس نے ابوموسیٰ سے فرمایا تم پر افسوس ہے۔خدا کی قسم مجھے یقین ہے کہ عمرو نے تجھے دھوکہ دے دیا ہے۔اگر تم دونوں ایک امر پر متفق ہو تو اعلان کے لیے عمرو کو آگے کرو تا کہ وہ پہلے اس کا اعلان کرے۔پھر بعد میں تم اعلان کرنا کیونکہ عمرو ایک دھوکے باز شخص ہے،اور مجھے یقین ہے کہ جو تمہارا اور اس کا فیصلہ ہوا ہے اس پر وہ راضی بھی ہو تب بھی اگر تم پہلے لوگوں میں کھڑے ہو کر اعلان کر دو گے تو وہ تمہاری مخالفت کرے گا۔چونکہ ابوموسیٰ بے خبر اور سادہ لوح آدمی تھا۔اس نے ابنِ عباس کو جواب دیا نہیں ہم دونوں ایک فیصلہ پر متفق ہو چکے ہیں۔

ابوموسیٰ کا احمقانہ اعلان

ابوموسیٰ نے اعلان کیا۔تو اس نے اللہ کی حمد وثنا کی اور پھر کہا اے لوگو ہم نے اس امت کی خلافت کے معاملہ پر غور کیا تو ہم نے اس خلافت کے بارے میں اس سے بہتر کوئی صورت نہیں دیکھی جس پر میرا اور عمرو کا اتفاق ہوا ہے اور وہ یہ ہے کہ علیؑ اور معاویہ دونوں کو معزول کر دیں،اور اس خلافت کو امت پر چھوڑ دیں،وہ جسے پسند کرے اور اپنا خلیفہ منتخب کر لے۔اسی لیے میں علیؑ اور معاویہ دونوں کو معزول کیا۔تم اس کام میں خود غور کر لو اور جسے تم اس خلافت کا اہل سمجھو اسے یہ خلافت سونپ دو۔یہ کہہ کر ابوموسیٰ پیچھے ہٹ گیا۔

عمرو عاص کی چالبازی ومکاری

اس کے بعد عمرو آگے بڑھا اور ابوموسیٰ کی جگہ کھڑے ہو کر پہلے اللہ عزوجل کی حمد وثنا کی ،اور اس کے بعد کہا۔اس نے جو کچھ کہا ہے وہ تم نے سن لیا۔اس نے اپنے ساتھی کو معزول کر دیا ہے۔میں بھی اسے معزول کرتا ہوں جسے اس نے معزول کیا۔لیکن میں اپنے ساتھی معاویہ کو برقرار رکھتا ہوں کیونکہ وہ عثمان بن عفان کا وارث اور ان کے قصاص کا طلب گار ہے۔اور لوگوں میں سب سے زیادہ اس مقام کا حقدار ہے۔ابوموسیٰ نے کہا اے عمرو تجھے کیا ہو گیا۔اللہ تعالیٰ تجھے نیک کام کی توفیق دے تو نے غداری کی اور دھوکہ دیا تیری مثال ایسی ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

کمثل الکلب ان تحمل علیہ یلھث او تترکہ یلھث

اس کی مثال کتے جیسی ہے کہ اگر اسے کچھ ڈالو تب بھی زبان نکالے رہتا ہے اور اگر چھوڑ دو تب بھی زبان نکالے رہتا ہے۔

عمرو نے کہا تیری مثال ایسی ہے جیسا کہ گدھے پر کتابیں لدی ہوئی ہوں یہ دیکھ کر شریح بن ہانی نے عمرو پر کوڑے سے حملہ کیا،اور اس کے کوڑے مارے عمرو کے بیٹے نے اس کے جواب میں شریح کو کوڑے مارے۔فیصلہ کے بعد لوگ کھڑے ہو گئے،اور ان میں مزید اختلاف پیدا ہو گیا۔شریح کہتے ہیں کہ مجھے عمرو عاص کو کوڑوں سے مارنے پر اتنی ندامت ہے کہ آج تک میں کسی بات پر اتنا نادم نہیں ہوا اور ندامت یہ ہے کہ کیوں نہ میں نے اسے تلوار سے مارا،پھر زمانہ میں جو کچھ ہوتا سو ہوتا۔اس کے بعد شامیوں نے ابوموسیٰ کو تلاش کیا۔لیکن وہ اسی وقت سوار ہو کر مکہ چلا گیا تھا۔

ابوموسیٰ کا اِعتراف

ابن عباسؓ فرماتے ہیں۔اللہ ابوموسیٰ کی رائے کا برا کرے میں نے اسے ڈرایا بھی تھا،اور مشورہ بھی دیا

تھا۔لیکن اسے پھر بھی عقل نہ آئی۔ابوموسیٰ کہا کرتا تھا۔مجھے ابنِ عباسؓ نے ایک فاسق کی دھوکہ دہی سے خبردار کیا تھا۔لیکن میں نے اسپر اعتماد کیا۔اور یہ خیال کیا یہ شخص امت کی بھلائی پر کسی چیز کو ترجیح نہیں دے گا۔فیصلہ کے بعد عمرو اور شامی معاویہ کے پاس واپس چلے گئے،اور اس پر سلام خلافت کیا یعنی اس سے کہا یا خلیفہ۔اور ابن عباس اور شریح حضرت علیؑ کے پاس واپس چلے گئے۔

واقدی کے بقول حکمین کا اجتماع شعبان 38ھ میں ہوا۔

باب 16
حضرت علی علیہ السلام اور خوارج الحکم الا اللہ کی غلط تاویل

ایک دن حضرت علیؑ خطبہ دینے کے لیے کھڑے ہوئے تو مسجد کے ایک گوشے سے ایک شخص نے کھڑے ہوکر کہا۔لاحکم الا اللہ (اللہ کے علاوہ کسی کے لیے حکم نہیں) فوراً دوسری جانب سے دوسرے شخص نے بھی کھڑے ہو کر یہی جملہ کہا۔اور اس کے بعد پے در پے کئی آدمی یہی نعرہ لگاتے ہوئے کھڑے ہو گئے۔حضرت علیؑ نے فرمایا۔اللہ اکبر یہ ایک کلمہ حق ہے جس کے ذریعہ باطل کو تلاش کیا جارہا ہے۔جب تک تم لوگ ہمارے ساتھ ہو۔میری جانب سے تمہارے لیے تین فیصلے ہیں۔ہم تمہیں اس وقت تک مسجد میں آنے سے نہ روکیں گے۔جب تک تم مسجد میں اللہ کا ذکر کرتے رہو گے۔اور جب تک تم ہمارا ساتھ دیتے رہو گے مالِ غنیمت بھی تم سے نہیں روکا جائے گا۔تیسرا اور جب تک تم ہم سے جنگ کی ابتداء نہیں کرو گے ہم تم سے جنگ نہیں کریں گے۔اس کے بعد حضرت علیؑ نے جس مقام پر خطبہ چھوڑا تھا اسی جگہ سے خطبہ شروع فرمایا۔

خارجیوں کی فتنہ پروری

جب واقعہ تحکیم پیش آیا اور حضرت علیؑ صفین سے لوٹے تو یہ خارجی بھی ساتھ ساتھ تھے۔جب حضرت علیؑ اور ان کے ساتھی نہر پر پہنچے تو یہ مخالفین وہیں نہر پر ہی رک گئے۔حضرت علیؑ اور ان کے ساتھی تو کوفہ تشریف لے گئے لیکن ان خارجیوں نے حروراء کے مقام پر جا کر قیام کیا۔حضرت علیؑ نے عبداللہ بن عباس کو سمجھانے کے لیے بھیجا لیکن وہ ناکام واپس لوٹ آئے۔پھر حضرت خود تشریف لے گئے اور ان سے گفتگو فرمائی۔یہاں تک کہ آپس میں رضامندی ہوگئی،اور یہ لوگ حضرت علیؑ کے ساتھ کوفہ میں آ گئے۔

عبداللہ بن وہب خارجی

جب حضرت علیؑ نے ابوموسیٰ کو فیصلے کے لیے بھیجنے کا ارادہ کیا تھا تو خارجی باہم ایک دوسرے سے ملے اور عبداللہ بن وہب راسبی کے گھر میں جمع ہوئے پہلے عبداللہ بن وہب نے تقریر کی پھر مرقوص بن زہیر نے تقریر کی۔پھر حمزہ بن سنان اسدی نے کہا اے قوم رائے تو وہی ہے جو تمہارے سامنے ہے تم اپنے میں سے کسی شخص کو اپنا امیر بنالو (کئی ایک افراد کو امارت پیش کی جب وہ تیار نہ ہوئے) تو اس کے بعد انہوں نے عبداللہ بن وہب کو

امارت کی پیش کش کی اس نے قبول کر لی اور دس شوال کو ان لوگوں نے راسبی کی بیعت کر لی۔

لوگوں کا حضرت علیؑ کی دوبارہ بیعت کرنا

جب خارجی کوفہ سے نکل گئے تو حضرت علیؑ کے بقیہ ساتھیوں نے حضرت علیؑ کی خدمت میں حاضر ہو کر دوبارہ بیعت کی اور کہا ہم اس شرط پر بیعت کرتے ہیں کہ جسے آپ دوست رکھیں گے ہم بھی اسے دوست رکھیں گے، اور جسے دشمن رکھیں گے ہم بھی اسے دشمن رکھیں گے۔ حضرت علیؑ نے ان سے سنت رسول اللہؐ پر چلنے کی شرط لگائی۔ جب یہ بیعت ہو رہی تھی تو ربیعہ بن ابوشداد خشعمی بھی بیعت کے لیے آیا۔ حضرت علیؑ نے اس سے فرمایا آ مجھ سے کتاب اللہ اور سنت رسول اللہؐ کی پیروی پر بیعت کر اس نے جواب دیا کہ ابوبکرؓ اور عمرؓ کی سنت پر بھی بیعت لیجئے۔ حضرت علیؑ نے فرمایا وائے ہو تجھ پر تو اتنی بات بھی نہیں سمجھتا کہ اگر ابوبکرؓ اور عمرؓ نے کوئی ایسا کام کیا ہو جو کتاب اللہ اور سنت رسول سے ثابت نہ ہو تو اس صورت میں وہ ہرگز حق پر نہ تھے اور اگر ان دونوں نے کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ پر عمل کیا تو ان کا وہ عمل کتاب اللہ اور سنتِ رسول اللہؐ سے خارج نہیں) اس پر ربیعہ نے بھی حضرت علیؑ کی بیعت کر لی۔ آپ نے ربیعہ کو غور سے دیکھا، اور فرمایا۔ خدا کی قسم مجھے تو یہ نظر آ رہا ہے کہ عنقریب تو ان خارجیوں کے ساتھ مل جائے گا۔ اور میں یہ دیکھ رہا ہوں کہ گھوڑے تجھے اپنے کھروں سے روندیں گے یہ ربیعہ نہروان کی جنگ میں بصرہ کے خارجیوں کے ساتھ قتل ہوا۔

شامیوں کے مقابلہ کی تیاریاں

واقعہ تحکیم کے بعد جب خارجی حضرت علیؑ کا ساتھ چھوڑ کر چلے گئے۔ اور ابوموسیٰ اشعری شامیوں کے خوف سے بھاگ کر مکہ چلا گیا، اور عبداللہ بن عباس بصرہ واپس چلے گئے تو حضرت علیؑ نے اہلِ کوفہ کو جمع کر کے انہیں خطبہ دیا اور فرمایا۔ اگر چہ زمانہ بڑے بڑے مصائب اور نئے نئے حوادث لے کر آیا ہے۔ لیکن ہر صورت میں تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔ یاد رکھو کہ نافرمانی حسرت کا باعث ہوتی ہے اور بعد میں ندامت کا سبب بنتی ہے۔ میں نے ان دونوں ثالثون اور ان کے فیصلے کے بارے میں بہت سوچ کر تمہیں اپنی رائے سے مطلع کر دیا تھا۔ کاش قصیر شخص (ضرب المثل ہے) کی رائے کو مان لیا جاتا لیکن تم نے میری رائے قبول کرنے سے انکار کر دیا۔ اب میری اور تمہاری مثال ایسی ہے جیسا کہ ہوازن کے ایک بھائی نے کہا تھا۔ (شعر کا ترجمہ) میں نے منعرج اللوٰی کے مقام پر انہیں اپنی رائے سے متنبہ کر دیا تھا لیکن انہیں تو دن چڑھنے کے بعد عقل آئی۔ خبردار! تم لوگوں نے جن حکمین کا انتخاب کیا تھا، ان دونوں نے قرآن کو پسِ پشت ڈال دیا اور قرآن نے جن امور کو ختم کیا تھا انہوں نے انہیں دوبارہ زندہ کیا اور دونوں نے اللہ کی ہدایت کو

چھوڑ کر صرف اپنی خواہشات کی پیروی کی۔انہوں نے کسی دلیل اور گزشتہ سنت کے بغیر فیصلہ کیا۔پھر اس فیصلہ میں دونوں مختلف رہے،اور کوئی صحیح فیصلہ نہ کر سکے تو اللہ اور اس کے رسول اللہؐ اور مسلمانوں میں سے نیک لوگ ان دونوں کے فیصلے سے بری الذمہ ہیں۔اس لیے تم تیار ہو جاؤ،اور شام چلنے کی تیاری کرو اور دوشنبہ کے روز تم سب لشکر میں پہنچ جاؤ انشاءاللہ!اس خطبہ کے بعد حضرت علیؑ منبر سے نیچے اتر آئے۔

حضرت علیؑ کا خارجیوں کے نام خط

حضرت علیؑ نے ایک خط خارجیوں کے نام لکھ کر نہروان روانہ کیا۔اس خط میں تحریر تھا۔بسم اللہ الرحمن الرحیم۔یہ خط اللہ کے بندے امیر المومنین علیؑ کی جانب سے زید بن حصین عبداللہ بن وہب اور ان لوگوں کے نام ہے جو ان دونوں کے ساتھ شریک ہیں۔ان دونوں حکمین نے جن کے فیصلہ کو ہم نے قبول کیا تھا کتاب اللہ کی مخالفت کی اور ہدایت خداوندی کے بغیر فیصلہ کر کے اپنی خواہشات کی پیروی کی۔نہ تو ان دونوں نے سنت پر عمل کیا اور نہ حکمِ قرآن کو نافذ کیا۔اس لیے اللہ اور اس کا رسولؐ اور مومنین ان دونوں کے فیصلے سے بری الذمہ ہیں۔جب تمہارے پاس میرا یہ خط پہنچے تو اسے قبول کرو۔کیونکہ ہم اپنے اور تمہارے دشمنوں سے جنگ کرنے کے لیے کوچ کر رہے ہیں۔اب ہمارا وہی فیصلہ ہے جو پہلے تھا والسلام۔

خارجیوں نے جواب میں تحریر کیا کہ تحکیم کو قبول کر کے ہم نے کفر کیا تھا۔پہلے آپ اس سے توبہ کریں۔پھر ہم غور کریں گے۔

جب حضرت علیؑ نے ان کا خط پڑھا تو ان کی حمایت سے مایوس ہو گئے،اور یہ رائے قائم کی کہ انہیں ان کے حال پر چھوڑ دیا جائے۔اور لشکر لے کر شامیوں کے مقابلہ پر جایا جائے۔اور ان سے جنگ کی جائے۔

پہلے خارجیوں سے جنگکر نے کا مشورہ

راوی کہتا ہے کہ حضرت علیؑ کو اطلاع ملی کہ ان لوگوں کا خیال یہ ہے کہ آنحضرتؐ کو چاہیے کہ وہ ہمیں حرور یہ کے مقابلہ پر لے کر چلیں۔جب ہم ان کی جنگ سے فراغت حاصل کر لیں تو پھر ان بدعہدوں کے مقابلہ پر جانا چاہیئے۔حضرت علیؑ نے لوگوں کو جمع کیا۔پھر خدا کی حمد وثنا کی،اور فرمایا میں نے تمہارا یہ قول سنا ہے تم کہتے ہو کہ امیر المومنین کو چاہیئے کہ پہلے ہمیں اس خارجی جماعت کے مقابلہ پر لے چلیں تا کہ پہلے ہم ان سے نمٹ لیں۔ان سے فراغت کے بعد ان بدعہدون کے مقابلہ پر جانا چاہیئے لیکن میرے نزدیک ان خارجیوں سے زیادہ اہم یہ بدعہد لوگ ہیں۔اس لیے تم خارجیوں کا خیال چھوڑ کر اس قوم کے مقابلہ پر چلو جو تم سے اس لیے جنگ کر رہی ہے۔تا کہ وہ جابر بادشاہ بن جائیں اور اللہ کے بندوں کو ذلیل وخوار کریں۔اس تقریر کا اثر یہ ہوا کہ ہر طرف سے لوگوں نے کھڑے ہو کر کہا۔اے امیر المومنینؑ آپ جہاں چاہیں ہمیں لے چلیں۔

حضرت عبداللہ بن خباب سے سوالات وجوابات

جو خارجی بصرہ سے چلے تھے جب وہ نہر کے قریب پہنچے تو ان میں سے ایک جماعت آگے بڑھ گئی۔انہوں نے دیکھا کہ ایک شخص ایک عورت کو گدھے پر لیے جارہا ہے۔یہ لوگ اس کے پاس پہنچے۔اسے للکارا اور ڈانٹ ڈپٹ کی،اور اسے خوفزدہ کیا۔پھر اس سے سوال کیا تو کون ہے۔اس نے جواب دیا عبداللہ بن خباب رسول اللہؐ کا صحابی ہوں۔یہ کہہ کر عبداللہ نے زمین پر سے اپنے کپڑے اٹھالیے جو گھبراہٹ میں گر گئے تھے۔خارجیوں نے سوال کیا کیا تم ہم سے ڈر گئے تھے۔عبداللہ نے کہا ہاں۔خارجی بولے۔آپ ڈریئے نہیں۔آپ ہم سے وہ حدیث بیان کیجئے۔جو آپ نے اپنے والد سے سنی ہے اور انہوں نے رسول اللہؐ سے شاید اللہ تعالیٰ اس حدیث کے ذریعہ ہمیں کوئی فائدہ پہنچائے۔عبداللہ نے کہا مجھ سے میرے والد نے فرمایا،کہ رسول اللہؐ نے ارشاد فرمایا ہے عنقریب ایک فتنہ واقع ہوگا جس میں انسانوں کے دل ایسے ہی مردہ ہوجائیں گے جیسا کہ اس فتنہ میں انسانوں کے جسم ختم ہوجائیں گے۔ایک شخص شام کے وقت مومن ہوگا لیکن اس فتنہ کی وجہ سے صبح کو کافر بن جائے گا۔اور اگر وہ اس فتنہ میں صبح کو مومن ہوگا تو شام کو کافر ہوجائے گا۔خارجی کہنے لگے۔ہم تم سے یہی حدیث معلوم کرنا چاہتے تھے۔اچھا یہ بتاؤ کہ ابوبکر وعمر کے بارے میں تمہاری کیا رائے ہے تو عبداللہ نے ان دونوں کی تعریف کی۔خارجی کہنے لگے۔اچھا عثمان کے ابتدائی اور آخری دور کے بارے میں تمہاری کیا رائے ہے۔اس نے کہا وہ اول وآخر دور میں حق پر تھا۔خارجی کہنے لگے۔اچھا علیؑ کے بارے میں تمہاری کیا رائے ہے۔تحکیم سے پہلے وہ کیسے تھے اور تحکیم کے بعد ان کے دین کے بارے میں کیا رائے رکھتے ہو۔عبداللہ نے کہا وہ اللہ کو تم سے زیادہ جانتے،تم سے زیادہ دین میں پرہیزگار،اور تم سے زیادہ بصیرت کے مالک ہیں۔خارجی کہنے لگے تو اپنی خواہشات کی پیروی کرتا ہے اور مشہور لوگوں کے ناموں کو دیکھ کر ان سے محبت کرتا ہے ان کے افعال کو نہیں دیکھتا۔خدا کی قسم ہم تجھے اس بری طرح قتل کریں گے کہ آج تک کسی کو قتل نہ کیا ہوگا۔پھر ان خارجیوں نے انہیں پکڑ کر باندھا اور انہیں اور ان کی عورت کو جس کے عنقریب بچہ ہونے والا تھا پکڑ کر لے گئے۔

مذہبی ڈھونگ

چلتے چلتے یہ لوگ ایک پھلدار درخت کے نیچے جا کر ٹھہرے اور درخت سے ایک کھجور ٹوٹ کر گری۔ایک خارجی نے اٹھا کر اسے منہ میں ڈال لیا۔دوسرے نے اعتراض کیا کہ بلا اجازت اور قیمت ادا کیے بغیر کیسے کھا رہے ہو،اس خارجی نے وہ کھجور منہ سے تھوک دی۔

خنزیر کو قتل کرنا فساد میں داخل ہے

یہ لوگ آگے بڑھے تو ایک ذمی کافر کا سور پھرتا ہوا نظر آیا۔ کسی نے اسے اپنے تلوار سے قتل کر دیا۔ اس پر بقیہ خارجیوں نے کہا۔ یہ زمین میں فساد ہے۔ یہ سن کر وہ خارجی اس ذمی کے پاس گیا، اور اسے راضی کیا، اور اپنی غلطی کی معافی مانگی۔ عبداللہ بن خباب نے جب ان کا مذہبی ڈھونگ دیکھا تو فرمایا جو کچھ میں اپنی آنکھوں سے تمہارے حالات دیکھ رہا ہوں۔ اگر واقعتاً تم دین میں ایسے ہی سچے اور پختہ ہو تو تم سے مجھے بھی کوئی تکلیف نہیں پہنچنی چاہیئے اور خصوصاً اس حالت میں جبکہ تم مجھے امان دے چکے ہو۔ کیونکہ تم نے ابھی کہا تھا کہ تمہیں ڈرنے کی کوئی ضرورت نہیں۔ میں ایک مسلمان ہوں میں نے اسلام میں کوئی بدعت بھی ایجاد نہیں کی۔ اس پر ان خارجیوں نے انہیں پکڑ کر زمین پر لٹایا، اور انہیں ذبح کر دیا۔ ان کا خون پانی میں بہہ رہا تھا۔ اس کے بعد ان کی عورت کو پکڑا وہ عورت بولی کہ میں ایک عورت ہوں کیا تم اللہ سے نہیں ڈرتے۔ ان لوگوں نے اس کا پیٹ چاک کر ڈالا اس کے بعد انہوں نے بنو طے کی تین عورتوں کو قتل کیا اور ام سنان صیداویہ کو بھی قتل کیا۔

خارجیوں کے مقابلہ کی تیاری

جب حضرت عبداللہ بن خباب کی شہادت کی خبر حضرت علیؑ اور ان کے حامیوں کو پہنچی اور دیگر وہ حالات بھی ان تک پہنچے جو یہ خارجی فتنہ وفساد پھیلا رہے تھے تو حضرت علیؑ نے حارث بن مرہ عبدی کو یہ حالات معلوم کرنے کے لیے روانہ کیا۔ انہیں جو حالات معلوم ہوئے وہ انہوں نے مکمل حضرت علیؑ کو تحریر کر دیئے۔ اور ان میں سے کوئی بات نہ چھپائی۔ پھر حارث نہر کی طرف گئے تا کہ خارجیوں سے اس کا سوال کریں۔ انہوں نے جب حارث کو دیکھا تو انہیں بھی پکڑ کر فوراً قتل کر دیا۔ یہ اطلاع بھی حضرت علیؑ اور ان کے ساتھیوں کو پہنچ گئی۔ اب حضرت علیؑ کے ساتھی آپ کے پاس جمع ہوئے، اور عرض کیا۔ اے امیر المومنین کیا ایسے لوگوں کو آپ ہمارے اہل وعیال اور ہمارے اموال پر پیچھے چھوڑ کر شامیوں کی طرف جانا چاہتے ہیں۔ تا کہ بعد میں یہ لوگ خوب غارتگری کر سکیں۔ بہتر یہ ہے کہ پہلے آپ ہمیں اس جماعت کے مقابلہ پر لے کر چلیے۔ جب ہم ان سے فارغ ہو لیں تو پھر ہمیں ہمارے شامی دشمنوں کے مقابلہ پر لے جایئے۔ الغرض خارجیوں کے مقابلہ پر اتفاق رائے ہوا اور کوچ کا اعلان ہو گیا۔ حضرت علیؑ لشکر لے کر نکلے، اور دریا کے پل کو عبور کیا، اور پل پر دو رکعت نماز ادا فرمائی۔ حضرت علیؑ نے کوفہ سے چل کر دیر عبدالرحمن میں پہلی منزل کی۔ پھر دوسری منزل دیر ابوموسیٰ میں کی، پھر قریہ شاہی پر پھر مقام دبا پر اور اس کے بعد فرات کے کنارے نزول اجلال فرمایا۔

نجومی کی مخالفت

راستہ میں حضرت علیؑ کی ایک نجومی سے ملاقات ہوگئی۔اس نے بتایا کہ اس وقت تمہارا کوچ بہت بہتر ہے۔لیکن اگر تم فلاں وقت سفر کرو گے تو تمہیں اور تمہارے ساتھیوں کو سخت نقصان پہنچے گا۔حضرت علیؑ نے اس نجومی کی مخالفت کی، اور اس وقت کوچ کیا جس وقت کے لیے اس نے منع کیا تھا۔جب حضرت علیؑ جنگِ نہروان سے فراغ ہو چکے تو اللہ کی حمد وثنا کی، اور فرمایا اگر ہم اس ساعت میں چلتے جس ساعت کے لیے نجومی نے کہا تھا تو جاہل اور لاعلم لوگ یہی کہتے کہ علیؑ نے چونکہ اس وقت کوچ کیا تھا جس کا نجومی نے حکم دیا تھا اس لیے کامیاب ہوئے۔

خونِ مسلمان کو مُباح سمجھنا

جب حضرت علیؑ نے انبار کی نہر کی طرف جانے کا ارادہ کیا تو قیس بن سعد بن عبادہ کو آگے روانہ کیا، اور انہیں حکم دیا کہ پہلے مدائن جاؤ اور وہاں پہنچ کر اہلِ مدائن کو جنگ کا حکم دو، اور انہیں ساتھ لے کر آؤ۔الغرض قیس بن سعد اور سعد بن مسعود ثقفی نہر پر حضرت علیؑ سے آ کر مل گئے۔حضرت علیؑ نے اہلِ نہر کے پاس پیغام بھیجا کہ تمہارے جن آدمیوں نے ہمارے آدمیوں کو قتل کیا ہے انہیں ہمارے پاس بھیجدو تو میں تمہیں چھوڑ دوں گا۔اور تم سے درگزر کر کے شامیوں کے مقابلہ پر چلا جاؤں گا۔شاید اللہ تعالیٰ تمہارے دلوں کو تبدیل کر دے۔اور تمہیں تمہاری اس حالت سے بھلائی کی طرف پھیر دے۔انہوں نے جواب دیا ہم سب نے ان آدمیوں کو قتل کیا ہے۔اور ہم سب ان لوگوں کا اور تم لوگوں کا خون حلال سمجھتے ہیں۔

حضرت علیؑ کا خارجیوں سے خطاب

آپ نہر کی جانب تشریف لے گئے، اور خارجیوں کے سامنے کھڑے ہو کر ان سے فرمایا۔اے وہ جماعت جسے دھوکہ دہی اور فریب کی عداوت نے جماعت مسلمین سے نکال دیا ہے اور جسے خواہشات نے حق سے پھیر دیا ہے جو اختلاط اور لاعلمی میں مبتلا ہو چکی ہے۔میں تمہیں اس بات سے ڈرانے آیا ہوں کہ کہیں امت مسلمہ تمہیں کل اس نہر کے سامنے اور ان پست وادیوں میں پچھڑا ہوا نہ پائے۔اپنے پروردگار کی دلیل وحجت کے بغیر اس حال میں کہ تمہارے پاس اس کی کوئی واضح دلیل وحجت موجود نہ ہو۔کیا تم نہیں جانتے کہ میں نے تمہیں تحکیم اور ثالثی سے منع کیا تھا۔میں نے تمہیں یہ بھی کہہ دیا تھا کہ شامیوں کا مقصد تمہیں دھوکہ میں مبتلا کرنا ہے۔اور تمہاری قوت کو پارہ پارہ کرنا ہے۔کیا میں نے تم سے یہ نہیں کہا تھا کہ یہ لوگ دین اور قرآن کے عامل نہیں۔میں ان لوگوں کو تم سے زیادہ جانتا ہوں۔میں ان کے بچپن اور جوانی سے واقف ہوں۔اور یہ اہلِ مکر وفریب ہیں۔اور اگر تم نے میری رائے کو قبول نہ کیا تو تم سے پختگی اور باہمی ختم ہو جائے گی۔لیکن اس کے باوجود تم نے میری نافرمانی کی۔حتیٰ

کہ مجبوراً میں نے بھی ثالثی قبول کر لی لیکن میں نے اس میں کچھ شرائط کا اضافہ کیا اور کچھ عہد و پیمان لیے میں نے حکمین پر یہ شرط قائم کی کہ جس کا قرآن حکم دے گا وہ اس پر عمل پیرا ہوں گے، اور جس کی قرآن ممانعت کرے گا۔ اسے ختم کریں گے۔ پھر ان دونوں ثالثوں نے باہم اختلاف کیا اور کتاب اللہ اور سنت رسول اللہؐ کے حکم کی مخالفت کی۔ اسی لیے ہم نے ان کا حکم قبول نہیں کیا۔ اور جو فیصلہ ہمارا تحکیم سے پہلے تھا۔ ہم فوراً اسی فیصلہ پر پہنچ گئے ۔تمہیں کیا ہو گیا ہے اور تم یہ باتیں کہاں سے کرنے لگے۔ خارجیوں نے کہا چونکہ ہم نے ثالثی کو قبول کیا اس لیے ہم گنہگار ہوئے اور اس گناہ کی وجہ سے کافر ہو گئے (خارجیوں کے نزدیک ہر گناہ سے انسان کافر ہو جاتا ہے) ہم نے اپنے اس کفر سے توبہ کی۔ تو اگر تم بھی جیسے ہم نے توبہ کی ہے توبہ کرو تو ہم بھی تمہارے ساتھ شامل ہونے کے لیے تیار ہیں۔ اور اگر تمہیں توبہ سے انکار ہے تو ہم تم سے برابر کا مقابلہ کریں گے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ خائنوں کو پسند نہیں فرماتا۔ حضرت علیؑ نے فرمایا تمہیں اس فتنہ کے طوفان نے آلیا۔ اب تم میں کوئی قابلِ اصلاح باقی نہیں رہا تو کیا رسول اللہؐ پر ایمان لانے اور آپؐ کے ساتھ ہجرت کرنے اور آپؐ کے ساتھ جہاد فی سبیل اللہ میں شریک ہونے کے بعد میں اپنے نفس پر کفر کی گواہی دوں پھر تو میں گمراہ ہو گیا اور میرا شمار ہدایت یافتہ لوگوں میں نہیں رہے گا۔ اس کے بعد حضرت علیؑ واپس چل آئے۔

دوبارہ دعوتِ حق

انس بن مالک کی صاحبزادی سے منقول ہے کہ حضرت علیؑ نے اہلِ نہر کو دعوت دی اور فرمایا۔ اے لوگو تمہیں اس تحکیم کے مسئلہ نے دھوکہ میں مبتلا کر دیا حالانکہ تم نے خود اس کی ابتداء کی تھی۔ اور تم ہی نے ثالثی کا سوال کیا تھا۔ میں نے تو اسے مجبوراً قبول کیا تھا۔ اور میں نے تمہیں خبردار کیا تھا کہ یہ لوگ تمہیں دھوکہ و فریب دینے کی کوشش کر رہے ہیں لیکن تم نے مخالفین کی طرح انکار کیا۔ اور تم نے نافرمانوں کی طرح میری بات قبول نہ کی۔ مجبوراً میں نے اپنے رائے تبدیل کی اور تمہاری رائے سے موافقت کی۔ خدا کی قسم تم ایک ایسی جماعت ہو جن کی کھوپڑیوں میں دماغ نہیں اور تمہاری عقلیں بیکار ہو چکی ہیں۔ تمہارا باپ مرے میں نے کوئی فعلِ حرام نہیں کیا۔ خُدا کی قسم مَیں نے تمہارے اُمور میں کوئی کوتاہی نہیں کی اور نہ ہی اس معاملہ میں کوئی بات تم سے چھپا رکھی۔ میں نہ تم پر لشکر کشی کرنا چاہتا ہوں اور نہ ہی تمہیں کوئی نقصان پہنچانے کا ارادہ رکھتا ہوں۔ ہمارا معاملہ تمام مسلمانوں پر عیاں ہے۔ تم لوگوں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ دو شخص ثالث مقرر کیے جائیں۔ ہم نے ان حکمین سے یہ عہد لیا کہ وہ قرآن کے مطابق فیصلہ کریں گے۔ اور اس سے تجاوز نہیں کریں گے۔ پس وہ سرگردان ہوئے اور انہوں نے حق کو دیکھنے کے باوجود اسے چھوڑ دیا۔ اور بے راہروی ان کی خواہش تھی۔ حالانکہ ہمارا ان سے پہلے عہد یہ تھا کہ وہ انصاف کے مطابق فیصلہ کریں گے۔ اور حق کی موجودگی میں اپنی رائے اور خواہشات کو دخل نہیں

دیں گے۔لیکن جب انہوں نے حق کی مخالفت کی اور ایسا فیصلہ دیا جو کسی صورت میں قابلِ قبول نہ تھا تو ہم پر حقیقت حال واضح ہوگئی۔اور ہماری باگ ڈور ہمارے قبضہ میں تھی ان تمام امور سے واقف اور شریک کار ہونے کے باوجود بتاؤ کہ تم ہم سے کس طرح قتال کو حلال سمجھتے ہو،اور کس دلیل سے تم نے ہماری جماعت سے بغاوت کو جائز سمجھا۔صرف اس بناء پر کہ لوگوں نے تحکیم کے لیے دو شخصوں کو انتخاب کیا۔تم نے تلواریں کھینچ لی ہیں اور ایک دوسرے کی گردنیں مارتے پھرتے ہو،اور لوگوں کا خون بہاتے ہو۔یہ تو ایک کھلا ہوا نقصان ہے۔اگر تم بخدا ایک مرغی کو قتل کر دیتے تو اللہ کے ہاں اس کا قتل کرنا بہت بڑا گناہ ہوتا تو پھر اس نفس کو قتل کرنا کہ جس کا قتل اللہ نے حرام کیا ہے کیسے حلال ہوگا۔اس تقریر پر خارجیوں نے ایک دوسرے سے چلا کر کہا،ان لوگوں سے کسی قسم کی گفتگو نہ کرو، بلکہ خدا تعالیٰ سے ملاقات اور جنت میں جانے کی تیاری کرو۔

باب 17

جنگ نہروان اِعلانِ امان

پھر حضرت علیؑ نے اپنی فوج کو مختلف دستوں پر تقسیم کیا اور خوارج نے بھی اپنے دستوں کی تقسیم کی۔ آپ نے ابوایوب انصاری کو امان کا جھنڈا دیا انہوں نے وہ جھنڈا لے کر اعلان کیا کہ تم لوگوں میں سے جو شخص جنگ کیے بغیر اس جھنڈے کے نیچے آجائے گا اس کے لیے امان ہے۔ اسی طرح جو شخص کوفہ یا مدائن چلا جائے گا یا اس جماعت سے جدا ہو کر کسی اور جگہ چلا جائے اس کے لیے امان ہے۔ یہ سن کر فروہ بن نوفل پانچ سو افراف کے ساتھ بندنیجین اور دسکرہ کی طرف جا کر مقیم ہو گیا۔ ایک گروہ خارجیوں کا ساتھ چھوڑ کر کوفہ جا ٹھہرا۔ اور تقریباً سو آدمی حضرت علیؑ کے ساتھ ہو گئے۔

ابتدائے جنگ

خارجیوں کی کل تعداد چار ہزار تھی۔ اب صرف دو ہزار آٹھ سو آدمی عبداللہ بن وہب کے ساتھ باقی رہ گئے تھے۔ ان بقیہ خارجیوں نے حضرت علیؑ کی جانب لشکر بڑھایا۔ آپ نے سوار فوج کو آگے اور پیدل فوج کو سوار فوج کے پیچھے دو صفوں میں تقسیم کیا۔ اور پہلی صف کے آگے نیزہ برداروں کو کھڑا کیا۔ آپؑ نے اپنے لشکر سے مخاطب ہو کر فرمایا۔ تم اس وقت تک جنگ سے ہاتھ روکے رکھو۔ جب تک دشمن جنگ کی ابتداء نہ کرے اگر انہوں نے تم پر سخت حملہ بھی کیا۔ تب بھی کوئی حرج نہیں اس لیے کہ ان کے ساتھ زیادہ تر پیدل فوج ہے۔ وہ تم تک اسی وقت پہنچ سکتے ہیں۔ جب کہ وہ اپنا اکثر لشکر تباہ کر لیں اور تم پلٹ کر بھی حملہ کر سکتے ہیں ایک دوسرے کی مدد کر سکتے ہو۔ اس کے بعد خارجیوں نے چیخنا شروع کر دیا۔ چلو جلدی سے جنت کی طرف چلو، یہ آواز سنتے ہی تمام خارجیوں نے حضرت علیؑ کے سوار دستوں اور ان لوگوں پر سخت حملہ کیا، جو پیدل فوج کے آگے تھے۔ حملہ کی شدت کی وجہ سے سوار فوج کے گھوڑے اپنی جگہ نہ ٹھہر سکے، اور دو حصوں میں بٹ گئے کچھ دہنی طرف اور کچھ بائیں طرف چلے گئے۔ جس سے خارجیوں کو آگے بڑھنے کا موقعہ مل گیا، اور وہ پیدل فوج کی طرف بڑھے۔ نیزہ برداروں نے نیزوں سے انکا استقبال کیا، اور سوار فوج دائیں بائیں سے واپس لوٹی اور خارجیوں کو گھیرے میں لے لیا، اور پیدل فوج نے نیزوں اور تلواروں سے حملہ کیا۔ خدا کی قسم کچھ دیر بھی نہ لگی تھی، کہ ان لوگوں نے خارجیوں کو ہمیشہ کی نیند سلا دیا۔

ذوالثدیہ کی تلاش

جب جنگ ختم ہو گئی تو حضرت علیؑ ذوالثدیہ کی تلاش میں نکلے۔ زیان بن صبرہ نے اسے نہر کے کنارے

ایک گڑھے میں چالیس پچاس مقتولین کے ساتھ اسے پڑا ہوا پایا۔ راوی کہتا ہے کہ جب اسے گڑھے سے نکالا تو حضرت علیؑ نے اس کا مونڈھا دیکھا تو مونڈھے پر گوشت اس طرح جمع ہو کر ابھرا ہوا تھا جیسے عورت کا پستان ہو اور اس کی باریک سی گھنڈی نکلی ہوئی تھی جس پر سیاہ بال تھے۔ جب اسے کھینچا جاتا تو وہ دوسرے ہاتھ کی لمبائی تک پہنچ جاتی، اور جب اسے چھوڑ دیا جاتا تو پھر وہ مونڈھے پر پہنچ کر پستان کی صورت اختیار کر لیتی۔ جب ذوالثدیہ کو گڑھے سے باہر نکالا گیا۔ تو حضرت علیؑ نے فرمایا۔ اللہ اکبر خدا کی قسم نہ تو میں نے جھوٹ بولا تھا، اور نہ مجھ سے جھوٹ بولا گیا۔ خدا کی قسم اگر مجھے یہ خوف نہ ہوتا کہ تم عمل کرنا چھوڑ بیٹھو گے تو میں تمہیں وہ فیصلہ سناتا جو اللہ کی طرف سے نبی کریمؐ کی زبان پر ان لوگوں کے حق میں جاری ہوا، جو ان خارجیوں سے بابصیرت ہو کر اس حق کو پہچان کر جہاد کریں۔ جس پر ہم ہیں۔ راوی کہتا ہے کہ پھر حضرت علیؑ کا گزر خارجیوں کی لاشوں پر سے ہوا انہیں دیکھ کر حضرت علیؑ نے فرمایا۔ تمہارا برا ہو تمہیں اس نے نقصان پہنچایا جس نے تمہیں دھوکہ دیا۔ لوگوں نے عرض کیا۔ اے امیر المومنینؑ ان لوگوں کو کس نے دھوکہ دیا۔ فرمایا۔ شیطان اور ان کے نفسِ امارہ نے انہوں نے ان لوگوں کو آرزوئیں دلا کر دھوکہ میں مبتلا کیا اور ان کے لیے گناہوں کو خوبصورت بنایا، اور انہیں یہ سبق پڑھایا کہ یہ لوگ غالب آجائیں گے۔

زخمیوں کے لیے امان اور ان کی مرہم پٹی

اس کے بعد حضرت علیؑ نے ان زخمیوں کو طلب کیا جن میں تاہنوز جان باقی تھی وہ چار سو اشخاص نکلے۔ آپ نے حکم دیا کہ انہیں ان کے قبیلہ والوں کے پاس پہنچا دیا جائے اور ان کے قبیلہ والوں سے فرمایا۔ انہیں ساتھ لے جاؤ اور ان کا علاج معالجہ کرو جب یہ اچھے ہو جائیں تو انہیں کوفہ پہنچا دو، اور ان کے لشکر گاہ میں ان کی جو چیزیں موجود ہیں ان کے ساتھ لے جاؤ۔

مقتولین کی تدفین اور مالِ غنیمت کی تقسیم

دد سامانِ حرب، سواریاں اور وہ سامان جو جنگ کی حالت میں خارجیوں کے ساتھ موجود تھا اسے حضرت علیؑ نے مسلمانوں میں تقسیم کر دیا۔ بقیہ سامان غلام اور باندیون کو جب ان کے رشتہ دار حضرت علیؑ کے پاس آئے انہیں واپس کر دیا۔ لوگوں نے اپنے اپنے مقتولین کو دفن کیا۔

مسلمانوں کی جنگ سے پہلوتہی

جب حضرت علیؑ جنگ نہروان سے فارغ ہو چکے تو آپ نے پہلے اللہ کی حمد وثنا کی۔ پھر لوگوں سے فرمایا اللہ تعالیٰ نے تم پر بہت اِحسان فرمایا اور تمہاری امداد کی۔ اس لیے اب تم شامی دشمنوں کے مقابلہ پر چلو وہ کہنے

لگے۔اے امیر المومنینؑ ہمارے پاس تیر ختم ہو چکے،تلواریں کند ہوگئیں،اور نیزوں کی سنانیں مڑ گئیں۔اور ہم میں سے اکثر لوگ زخمی ہیں۔اس لیے آپ شہر واپس چلئے تا کہ ہم دوبارہ اچھی طرح تیاری کر لیں۔اور اے امیر المومنینؑ شاید ہماری تعداد میں اور اضافہ ہو جائے اور ہم میں سے جو لوگ ہلاک ہوئے ہیں ان کی کمی پوری ہو جائے (حالانکہ اس جنگ میں صرف سات آدمی مارے گئے تھے) اگر ایسا ہوا تو یہ چیز ہمارے لیے ہمارے دشمنوں کے مقابلہ میں زیادہ تقویت کا باعث ہوگی۔یہ گفتگو اشعث بن قیس نے کی تھی۔حضرت علیؑ واپس چلے اور نخیلہ میں قیام فرمایا،اور لوگوں کو حکم دیا کہ سب لوگ لشکر گاہ میں رہیں اور جہاد کے لیے تیار رہیں۔عورتوں اور بچوں کے پاس کم آئیں جائیں تاوقتیکہ ہم دشمن کے مقابلہ پر نہ جائیں۔ان لوگون نے چند روز لشکر گاہ میں قیام کیا۔پھر آہستہ آہستہ کھسکنا شروع ہو گئے۔حتٰی کہ چند رؤساء کے علاوہ سب لشکر گاہ خالی چھوڑ کر چلے گئے۔جب حضرت علیؑ نے یہ حال دیکھا تو کوفہ واپس چلے آئے اور شامیوں پر حملہ کی رائے مجبوراً ملتوی کرنا پڑی۔

خوارج کے بارے میں حضورؐ کی پیشین گوئی

راوی کہتا ہے کہ حضرت علیؑ واقعہ نہروان سے پہلے ہم سے بسا اوقات بیان کرتے تھے کہ ایک قوم ہوگی جو اسلام اور دین سے اس طرح نکل جائے گی جس طرح تیر کمان سے نکل جاتا ہے۔ان کی علامت ایک شخص ہوگا جس کا ایک ہاتھ بے کار ہوگا۔

حضرت علیؑ اور خارجیوں کے درمیان جنگ 38ھ میں ہوئی۔

باب 18
مصر میں محمد بن ابوبکر کی شہادت

حضرت علیؑ کو جب معلوم ہوا کہ اہلِ مصر محمدؓ کے خلاف ہو گئے ہیں۔اور انہیں اس پر اعتماد نہیں رہا۔تو آپ نے فرمایا۔مصر کی حکومت کے لیے دو ہی شخص لائق ہیں۔ایک تو قیس بن سعد اور دوسرے مالک بن حارث اشتر۔

مالک اشتر کے نام حضرت علیؑ کا خط

حضرت علیؑ نے مالک اشترؓ کو خط لکھا جبکہ مالک نصیبین میں مقیم تھے۔امابعد! تم ان لوگوں میں سے ہو جن کے ذریعہ میں اقامت دین کی خدمت انجام دیتا ہوں، اور گنہگاروں کی تخوت کا قلع قمع کرتا ہوں۔اور تم جیسے شخص کے ذریعہ میں خوفناک سرحدوں کی حفاظت کرتا ہوں۔میں نے محمدؓ کو مصر کا گورنر بنایا تھا۔اس کے خلاف باغیوں نے بغاوت کر دی ہے۔ابھی وہ ایک نوجوان لڑکا ہے۔جسے جنگ کا کوئی تجربہ نہیں۔اور نہ ہی دوسرے امور کا اسے تجربہ ہے۔تم میرے پاس چلے آؤ، تاکہ مصر کے معاملہ میں مناسب طور پر غور کر سکیں اور اپنی جگہ پر اپنے ساتھیوں میں سے کسی ایسے شخص کو چھوڑ آؤ جس پر تمہیں اعتماد ہو، اور جو تمہارے ساتھیوں کے ساتھ بہتر سلوک کر سکے۔

مالک اشتر کی مصر کو روانگی اور شہادت

مالک اشتر حضرت علیؑ کے پاس پہنچے آپ نے ان سے مصر کی حالت بیان کی اور فرمایا تم مِصر چلے جاؤ تمہیں کسیِ نصیحت کی ضرورت نہیں۔اس لیے کہ مجھے تمہاری رائے پر بھروسہ ہے۔اہم امور میں اللہ سے مدد طلب کرنا۔اشتر نے واپس آ کر مصر جانے کی تیاری کی۔معاویہ کو اس کے جاسوسوں نے اطلاع دی کہ حضرت علیؑ نے اشتر کو مصر کی حکومت دے دی ہے۔معاویہ چونکہ مصر پر نگاہیں لگائے ہوئے تھا اس لیے اسے مالک اشتر کی امارت بہت شاق گزری اسے معلوم تھا کہ اگر اشتر مصر پہنچ گئے تو وہ محمدؓ سے زیادہ سخت ثابت ہونگے۔معاویہ نے ذمیوں میں سے ایک شخص مجایستار نامی کو بلا بھیجا جو افسرِ خراج تھا کہ اشتر کو مِصر کی حکومت ہو نپی گئی ہے۔اگر تو اس کا کام تمام کر دے تو جب تک زندہ رہے گا تجھ سے خراج نہیں لوں گا۔جہاں تک ممکنِ ہو تو اسے کسی حیلہ سے ختم کر دے۔یہ پیغام سن کر یہ افسر خراج بحیرہ قلزم پر آیا۔اور وہاں قیام کیا۔ادھر اشتر عراق سے مصر کی جانب چلے ۔جب بحیرہ قلزم پہنچے تو اس افسر خراج نے ان کا استقبال کیا اور کہا آپ کے ٹھہرنے کے لیے یہ مکان اور کھانا و چارہ سب کچھ حاضر ہے۔میں ایک ذمی شخص ہوں۔اشتر نے اس کے یہاں قیام کیا۔وہ دہقان اشتر کی سواری کے لیے

چارہ اور اشتر کے لیے کھانا لایا۔ جب وہ کھانے سے فارغ ہوئے تو وہ شہد کا شربت لے کر آیا جس میں اُس نے زہر ملا رکھا تھا۔ وہ گلاس اشتر کو پینے کے لیے دیا۔ اشتر نے وہ شربت پیا تو پیتے ہی جان جانِ آفرین کے سپرد کی۔

معاویہ شامیوں سے کہا کہ کرتا تھا کہ علیؑ نے اشتر کو مصر روانہ کیا ہے۔ تم اللہ سے دعا کرو کہ وہ تمہیں اس سے بچائے۔ لہٰذا شامی روزانہ ان کے لیے بددعا کرتے تھے۔ چند دنوں کے بعد جس شخص نے اشتر کو زہر دیا تھا وہ معاویہ کے پاس آیا اور اسے اشتر کی شہادت کی خبر سنائی معاویہ نے اس خوشی میں لوگوں کو خطبہ دیا۔ اور حمد وثنا کے بعد کہا۔ علیؑ کے دو داہنے ہاتھ تھے۔ اِن میں سے ایک صفین کے روز کاٹ دیا گیا یعنی عمار یاسر اور دوسرا آج کاٹ دیا گیا ہے۔ یعنی اشتر۔

مصریوں کے نام حضرت علیؑ کا خط

مالک اشترؓ کے غلام سے منقول ہے کہ جب اشتر شہید ہو گئے تو ان کے سامان میں سے حضرت علیؑ کا ایک خط ملا جو مصریوں کے نام تھا۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ اللہ کے بندے امیر المومنین علیؑ کی جانب سے مسلمانوں کی اس جماعت کے نام جو اللہ کے لیے غضبناک ہوئی جبکہ زمین میں اللہ کی نافرمانی کی گئی۔ اور نیک وبد ہر قسم کے لوگوں پر ظلم کو عام کیا گیا ہے۔ اب ایسا کوئی حق باقی نہیں رہا کہ جس کے ذریعہ آرام حاصل کیا جائے اور منکرات کا یہ حال ہے کہ ان سے قطعاً روکا نہیں جاتا تم پر سلام ہو میں تمہارے سامنے اس اللہ کی حمد بیان کرتا ہوں جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں۔ تم پر سلام ہو۔ میں تمہارے پاس اللہ کے بندوں میں سے ایک ایسا بندہ بھیج رہا ہوں۔ جو خوف کے زمانہ میں راتوں کو قطعاً نہیں سوتا اور جو دشمنوں سے قطعاً نہیں گھبراتا۔ جو کفار کے لیے آگ کی جلن سے بھی زیادہ سخت ہے۔ اور وہ مذحج کا بھائی مالک بن حارث ہے۔ اس کی بات سنو، اور اس کی اطاعت کرو۔ کیونکہ وہ اللہ کی تلواروں میں سے ایک تلوار ہے۔ نہ تو اس کی مار کمزور ہے، اور نہ اس کی دھار کند ہے۔ اگر وہ تمہیں آگے بڑھنے کا حکم دے تو تم آگے بڑھو اور پیچھے ہٹنے کا حکم دے، تو پیچھے ہٹو۔ کیونکہ وہ میرے حکم کے بغیر نہ آگے بڑھتا ہے، اور نہ پیچھے ہٹتا ہے۔ میں نے تمہاری بھلائی کے لیے تمہارے پاس اسے بھیج کر تمہیں اپنے اوپر ترجیح دی ہے اور تمہارے دشمنوں کے مقابلہ کے لیے ایک سخت جان کو روانہ کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ تمہیں ہدایت کے ذریعہ ہر برائی سے محفوظ رکھے، اور تمہیں ایمان ویقین پر ثابت قدم قرار دے۔ والسلام

فتح مصر کے لیے مُعاویہ کی کوششیں

جب شامی مقامِ صفین سے لوٹے تو پہلے تو وہ منتظر رہے کہ حکمین کیا فیصلہ کرتے ہیں۔ جب حکمین اپنا اِختلافی فیصلہ سنا کر واپس ہو گئے، تو اہل شام نے خلافتِ معاویہ کی بیعت کر لی جس سے اس کی قوت میں روز بروز اضافہ ہوتا رہا۔ اس کی نگاہ میں مِصر سے زیادہ کسی ملک کی حیثیت نہیں تھی۔ اس کا مقصد یہ تھا کہ اگر وہ مصر پر

غالب آ گیا تو حضرت علیؑ پر غلبہ حاصل کرنا آسان ہوگا کیونکہ مصر کا خراج اور اس کی آمدنی بہت زیادہ ہے۔

عمرو عاص کی مصر روانگی

معاویہ نے عمرو عاص کے ساتھ چھ ہزار لشکر روانہ کیا اور اسے رخصت کرنے کے لیے دور تک ساتھ گیا جب وہ مصر کے قریب پہنچ گیا تو مصر کے قریب پہنچ گیا تو مصر میں عثمان کے جتنے بھی حامی تھے۔ وہ سب کے سب اس کے پاس جمع ہو گئے۔

فریقین میں جنگ

عمرو عاص لشکر لے کر آگے بڑھا اور اس نے مصر پر حملہ کرنے کا ارادہ کیا تو محمد بن ابوبکرؓ نے لوگوں کو خطبہ دیا (اور آخر میں ان سے کہا کہ) تم فوراً کنانہ بن بشر کے ساتھ ان کے مقابلہ پر جاؤ، اللہ تم پر رحم کرے۔ بشر بن کنانہ کے ساتھ دو ہزار کا لشکر جنگ کے لئے نکلا، اور محمد بھی دو ہزار کا لشکر لے کر نکلے عمرو عاص کنانہ کے مقابلہ پر آیا۔ اور کنانہ محمدؓ کے مقدمتہ الجیش (ہراول دستہ) پر مامور تھا۔ عمرو عاص نے اپنی فوج کو کئی دستوں میں تقسیم کیا۔ لیکن ان کا جو دستہ کنانہ کے مقابلہ میں آتا۔ کنانہ اس پر اتنا سخت حملہ کرتا کہ اسے پیچھے دھکیلتا ہوا عمرو تک پہنچا دیتا۔ عمرو نے جب یہ صورتِ حال دیکھی تو معاویہ بن خدیج کو طلب کیا وہ اپنا لشکر لے کر آیا جو کثرت کے باعث سیاہ آندھی کی طرح معلوم ہوتا تھا۔ انہوں نے کنانہ اور اس کے ساتھیوں کو گھیر لیا، اور شامیوں نے بھی ہر طرف سے ان پر حملے شروع کر دیئے۔ جب کنانہ نے دیکھا کہ ہم گھر چکے ہیں، تو گھوڑے سے نیچے اترا اور اس کے ساتھی بھی اتر پڑے کنانہ اس وقت یہ آیت پڑھ رہے تھے۔ (ترجمہ آیت) کسی نفس میں یہ اختیار نہیں کہ وہ اللہ کے حکم کے بغیر مر جائے۔ وہ بھی وقتِ معینہ پر اور جو شخص دنیا کا اجر چاہتا ہے ہم اسے آخرت کا اجر دیتے ہیں۔ اور عنقریب شکر گزاروں کو اچھا بدلہ دیں گے۔ کنانہ بہت دیر تک مخالفین سے جنگ کرتے رہے۔ یہاں کہ وہ شہید ہو گئے۔ جب کنانہ شہید ہو گئے تو عمرو عاص لشکر لے کر محمد بن ابی بکر کی جانب بڑھا۔ لیکن محمدؓ کے ساتھیوں کو کنانہ کی شہادت کی خبر ملی تو وہ سب ساتھ چھوڑ کر بھاگ کھڑے ہوئے۔ اور محمدؓ یکہ و تنہا رہ گئے تو وہ نکل کر راستہ چلنے لگے یہانتک کہ وہ سڑک کی ایک نکڑ پر ایک ویران مکان تک پہنچے تو اس میں پناہ لی معاویہ بن خدیج نے چاروں طرف انہیں تلاش کیا۔ حتیٰ کہ بازار میں کچھ لوگوں کے پاس سے گزرا اور ان سے سوال کیا۔ کیا تمہارے سامنے سے کوئی ایسا شخص گزرا ہے جسے تم نہ پہچانتے ہو۔ ان میں سے ایک شخص نے کہا۔ نہیں خدا کی قسم۔ یہاں سے تو کوئی شخص نہیں گزرا۔ مگر ہاں میں اس ویرانے میں اندر گیا تھا تو اس میں ایک شخص بیٹھا ہوا دیکھا۔ اس پر ابنِ خدیج نے کہا۔ ربِ کعبہ کی قسم یہ وہی شخص ہے۔ یہ لوگ اس کی تلاش میں چلے اور اس ٹوٹے ہوئے مکان میں پہنچے، اور وہاں سے محمدؓ کو پکڑ کر لائے۔ وہ سخت پیاسے تھے۔ یہ لوگ انہیں پکڑ کر فسطاط لے کر آئے۔

محمد بن ابی بکرؓ کی شہادت

محمدؓ نے لوگوں سے کہا مجھے پانی پلا دو۔معاویہ نے کہا:۔اللہ تعالیٰ مجھے کبھی پانی کا قطرہ نہ پلائے اگر میں تجھے پانی پلاؤں۔خدا کی قسم اے ابوبکر کے بیٹے میں تجھے ضرور قتل کروں گا۔تجھے اللہ کھولتا ہوا پانی اور جہنمیوں کی پیپ پلائے۔محمدؓ نے جواب دیا اے جلاہن یہودیہ کے بچے تیری یہ آرزو ہرگز پوری نہ ہوگی۔یہ تو اللہ کے ہاتھ میں ہے کہ وہ اپنے دوستوں کو پانی پلائے گا اور اپنے دشمنوں کو پیاسا مارے گا۔مثلاً تو اور تجھ جیسے اشخاص اور جو عثمان سے محبت کرتے ہیں۔خدا کی قسم اگر میرے ہاتھ میں تلوار ہوتی تو تم سے میں یہ بات نہ سنتا۔معاویہ بن خدیج نے کہا کیا تو جانتا ہے کہ میں تیرے ساتھ کیا سلوک کرنا چاہتا ہوں۔تجھے گدھے کی کھال میں لپیٹوں گا۔پھر اسے آگ میں جلاؤں گا۔محمدؓ نے جواب دیا اگر تم میرے ساتھ یہ سلوک کرو گے تو ہمیشہ اللہ کے دوستوں کے ساتھ ایسا سلوک ہوتا آیا ہے۔اور مجھے امید ہے کہ جو آگ تو میرے لیے جلائے گا۔اللہ اسے میرے لیے ٹھنڈی کر دے گا اور اسے سلامتی کا ذریعہ بنا دے گا جیسا کہ اس نے اپنے خلیل حضرت ابراہیم کے لیے آگ کو ٹھنڈا کر دیا تھا۔اور اِس آگ کو تجھ پر اور تیرے دوستوں پر اس طرح دہکا دے گا، جیسا کہ نمرود اور اس کے ساتھیوں پر دہکائی تھی اللہ تجھے بھی آگ میں جلائے گا۔اور جس کا ابھی تو نے ذکر کیا یعنی عثمان اور تیرے امیر معاویہ کو بھی آگ میں جلائے گا، اور اسے بھی اور اس سے اشارہ کیا عمرو عاص کی طرف۔تمہیں ایسی آگ میں ڈالا جائے گا جو تم پر ہر وقت بھڑکتی رہے گی۔اور جب بھی ہلکی ہوگی تو اللہ اسے بھڑکا دے گا۔معاویہ نے کہا تو میں تجھے عثمان کے قصاص میں قتل کر رہا ہوں۔محمدؓ نے جواب دیا تیرا عثمان سے کیا تعلق۔عثمان نے ظلم کیا اور قرآن کے حکم کو پسِ پشت ڈال دیا۔حالانکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے (ترجمہ) اور جو اللہ کے احکام کے مطابق فیصلہ نہ کریں وہ فاسق ہیں ہم نے اسے اس جرم کی سزا دی اور اسے قتل کر دیا تو اور تجھ جیسے اشخاص جو اس کی تعریف کرتے ہیں تو انشاء اللہ اللہ نے ہمیں تو اس کے گناہ سے بری رکھا ہے اور تو اس کے گناہ میں اس کا شریک ہے۔اور تیرا انجام بھی اللہ وہی کرے۔راوی کہتا ہے کہ اس سے معاویہ کو غصہ آ گیا، اور اس نے آگے بڑھ کر محمدؓ کو شہید کر دیا پھر اسے گدھے کی کھال میں لپیٹ کر جلا دیا۔

حضرت عائشہ کی بددُعا

جب حضرت عائشہ کو محمدؓ کے اس طرح شہید ہونے کی خبر پہنچی تو انہیں اس کا بہت افسوس ہوا۔اس واقعہ کے بعد بی بی عائشہ ہر نماز کے بعد معاویہ اور عمرو عاص کے لیے بددعا کرتی تھیں۔

محمد کی شہادت پر شام میں خوشی کے شادیانے

حضرت علیؑ کے پاس حجاج بن غزیہ انصاری مصر سے آیا اور اسی وقت عبدالرحمن فزاری بھی آیا جو شام میں حضرت علیؑ کا جاسوس تھا۔ انصاری محمد بن ابوبکر کے ساتھیوں میں سے تھا۔ اس نے مصر میں جو حالات دیکھے تھے بیان کئے، اور محمد کی شہادت کا ذکر کیا اور فزاری نے یہ بتایا کہ اس کے شام سے چلنے سے پہلے عمرو عاص کی طرف سے پے در پے فتح مصر کی خوش خبریاں آئی تھیں، اور آخر میں محمدؓ کی شہادت کی خبر آئی، کہ ان کی شہادت کا اعلان منبر پر کیا گیا۔ فزاری نے بیان کی۔ اے امیر المومنینؑ میں نے کسی قوم کو آج تک اتنا خوش نہیں دیکھا جتنی خوشی محمدؓ کی شہادت سے شامیوں کو حاصل ہوئی۔

محمدؓ کی شہادت پر حضرت علیؑ کا رنج وغم

حضرت علیؑ نے فرمایا ہمیں اس کی شہادت پر اتنا ہی غم ہے جتنی شامیوں کو اس کی شہادت کی خوشی ہے بلکہ اس سے بھی کئی گنا زیادہ۔ راوی کہتا ہے کہ حضرت علیؑ کو محمدؓ کی شہادت کا اتنا دکھ ہوا کہ اس کے آثار آپؑ کے چہرے پر صاف نظر آتے تھے۔ اور آپؑ خطبہ دینے کھڑے ہوئے اور حمد وثناء اور رسول اللہ پر درود کے بعد فرمایا۔ خبردار مصر کو فاجروں اور صاحبانِ ظلم وجور نے چھین لیا ہے جو اللہ کی راہ سے لوگوں کو روکتے اور اسلام میں خدا کی نافرمانی کر کے ٹیڑھی چال چلتے ہیں۔ خبردار محمد بن ابوبکر خدا اس پر رحم کرے شہید کر دیئے گئے۔ ہم اس کی شہادت پر اللہ سے ثواب کی امید رکھتے ہیں (اس کے بعد آپؑ نے محمدؓ کی مدد کے لیے آپ کے لوگوں کو اکسانے اور ان کے سستی کرنے کو بیان کیا) پھر آپؑ نے عبداللہ بن عباس کو خط لکھا جس کا مضمون یہ تھا۔ امابعد مصر فتح ہو گیا، اور محمد بن ابی بکر شہید کر دیئے گئے۔ ہم اللہ کے پاس اسے اجر کا ذریعہ سمجھتے ہیں، اور اپنے لیے نیک اجر کا ذخیرہ خیال کرتے ہیں الخ (ابن عباس نے خط کا جواب دیا جس میں یہ بھی تحریر تھا۔ آپؑ نے خط میں مصر کے فتح ہونے اور محمد بن ابوبکر کے شہید ہونے کی خبر دی ہے تو ہر حال میں اللہ ہی سے مدد طلب کی جاتی ہے۔ اللہ محمدؓ پر رحم کرے اور اے امیر المومنینؑ آپکو اس کا اجر دے۔

باب 25

حضرت علیؑ کی شہادت اور اس کا سبب

اِسی سال 40ھ میں حضرت علیؑ کی شہادت ہوئی۔ اسمٰعیل بن راشد کا بیان ہے کہ ابن ملجم برک بن عبداللہ اور عمرو بن بکر تمیمی نے ایک جگہ جمع ہو کر معاملات پر غور و فکر کیا اور ان تینوں نے حکام کے طرزِ عمل پر نکتہ چینی کی۔ اِس کے بعد نہروان کے لوگوں (خارجیوں کا ذکر کیا اور ان کے لیے رحمت اور مغفرت کی دعا کی، اور کہنے لگے ہم ان لوگوں کے بعد زندہ رہ کر کیا کریں گے۔ یہ لوگ ایسے بھائی تھے کہ جو لوگوں کو پروردگار کی طرف دعوت دیتے۔ اور اللہ کے معاملہ میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت کی پرواہ نہیں کیا کرتے تھے۔ کیوں نہ ہم اپنی جانوں کو اللہ کے ہاتھ فروخت کر دیں، اور ان گمراہ اماموں کے پاس جائیں اور ان کے قتل کی کوشش کریں۔ اِس طرح تمام علاقہ کے لوگوں کو ان سے چھٹکارا مل جائے گا اور ہم اپنے بھائیوں کا انتقام بھی لے لیں گے۔ اس پر ابن ملجم نے کہا۔ علی بن ابی طالب سے تمہیں میں چھٹکارا دلاؤں گا۔ یہ ابن ملجم مصر کا باشندہ تھا۔ برک بن عبداللہ نے معاویہ کے قتل کا ذمہ لیا اور عمرو بن بکر نے عمرو عاص کے قتل کا ان تینوں نے اللہ کو حاضر و ناظر جان کر باہم معاہدہ کیا کہ ہم میں سے ہر ایک نے جس شخص کے قتل کا ذمہ لیا ہے وہ اپنے عہد سے پیچھے نہ ہٹے گا یا تو اس شخص کو قتل کر دے گا یا خود قتل ہو جائے گا۔ ان لوگوں نے اپنی تلواروں کو زہر میں بجھایا۔ اور ان تینوں کے قتل کے لیے سترہ رمضان متعین کی گئی۔ اور اس کے بعد یہ تینوں کے قتل کے لیے روانہ ہو گئے۔

مہر میں حضرت علیؑ کا سَر

ابن ملجم کا شمار بنی کندہ میں ہوتا تھا۔ یہ شخص کوفہ پہنچا، اور وہاں اپنے ہم قوم اور دوست و احباب سے ملا لیکن اس راز کو اس نے اپنے سینہ میں چھپائے رکھا۔ اور اپنی قوم اور دوستوں سے بھی اس کا کہیں ذکر نہیں کیا تا کہ کہیں راز پہلے سے فاش نہ ہو جائے۔ ایک دن اس نے بنو تیم الرباب کے کچھ آدمیوں کو دیکھا کہ وہ بیٹھے ہوئے اپنے مقتولوں کا ذکر کر رہے ہیں۔ جو حضرت علیؑ نے جنگ نہروان میں ان کے دس افراد قتل کیے تھے۔ اسی دن ابن ملجم تیم الرباب کی ایک عورت سے ملا جس کا نام قطام بنتِ شجنہ تھا۔ حضرت علیؑ نے جنگِ نہروان میں اس کے باپ اور بھائی کو قتل کیا تھا۔ یہ عورت حسن و جمال میں یگانہ روزگار تھی۔ ابنِ ملجم نے جب اِسے دیکھا تو اپنی عقل کھو بیٹھا اور جس کام کے لیے آیا تھا وہ بھی بھول گیا۔ اور اسے نکاح کا پیغام بھیجا۔ قطامہ نے جواب دیا میں اس وقت تک تجھ سے شادی نہیں کر سکتی جب تک تو میرے کلیجے کی آگ نہ بجھا دے۔ ابن ملجم نے کہا وہ کیسے بجھ سکتی ہے۔ قطام

نے کہا تین ہزار درہم ایک غلام اور ایک کنیز اور علیؑ ابن ابی طالب کا قتل۔ابن ملجم نے کہا کیا یہ تیرا مہر ہوگا۔کیونکہ تو نے علیؑ کے قتل کا بلا وجہ ذکر نہیں کیا۔قطام نے کہا ہاں۔یہ میرا مہر ہوگا۔میں علیؑ کا سر چاہتی ہوں اگر تو نے ایسا کیا تو تو اپنا اور میرا دونوں کا دل ٹھنڈا کرے گا اور عیش سے زندگی گزارے گا۔اور اگر تو قتل ہو گیا تو اللہ کے پاس جو اجر ہے وہ دنیا اور اس کی زینت سے کہیں بہتر ہے۔ابن ملجم نے کہا۔خدا کی قسم میں اس شہر میں علیؑ کے قتل ہی کے لیے آیا ہوں۔میں تیری ہر خواہش پوری کروں گا۔قطام نے کہا میں یہ چاہتی ہوں کہ تیرے ساتھ کوئی ایسا شخص ہو جو تیری پشت پناہی اور مدد کر سکے اس کے بعد قطامہ نے اپنی قوم تیم الرباب کے ایک شخص کو جس کا نام وردان تھا طلب کیا اِس کے سامنے یہ منصُوبہ رکھا جسے اس نے قبول کیا۔اس کے بعد ابنِ ملجم بنو اشجع کے ایک شخص کے پاس گیا جس کا نام شبیب بن بجرہ تھا اور اس سے کہا کیا تو دُنیا اور آخرت کی عزت و کرامت چاہتا ہے۔شبیب نے کہا تیری ماں تجھے روئے۔تو نے بہت ہی بری بات زبان سے نکالی ہے تو علیؑ پر کیسے قابو پا سکتا ہے۔ابن ملجم نے کہا میں مسجد میں چھپ کر بیٹھ جاؤں گا۔جس وقت علیؑ صبح کی نماز کے لیے نکلے گا۔ہم اس پر حملہ کر کے اِسے قتل کر دیں گے۔اِس کے بعد اگر ہم بچ گئے تو ہمارے دل ٹھنڈے ہو جائیں گے۔اور ہم اپنے متقولین کا بدلہ بھی لے لیں گے اور اگر ہم قتل ہو جائیں گے تو اللہ کے پاس ہمارے لیے جو اجر ہے وہ دنیا و مافیہا سے بہتر ہے شبیب نے کہا وائے ہو تجھ پر اگر علیؑ کے علاوہ کوئی اور شخص تیرا نشانہ ہوتا تو مجھے اتنا شاق نہ گزرتا۔تو یہ بھی جانتا ہے کہ علیؑ نے اِسلام کی خاطر کتنے مصائب برداشت کیے۔اور تو یہ بھی جانتا ہے کہ نبی کریمؐ کا ساتھ دینے میں انہوں نے سبقت کی ہے۔میرا دل ان کے قتل پر مطمئن نہیں۔ابن ملجم نے کہا تو یہ بات تو جانتا ہے کہ علیؑ نے اہلِ نہروان کو قتل کیا ہے۔اور یہ سب نیک بندے تھے۔شبیب نے کہا کیوں نہیں۔ابن ملجم بولا تو ہم ان لوگوں کو ضرور قتل کریں گے جنھوں نے ہمارے بھائیوں کو قتل کیا تھا۔اس بات پر شبیب نے بھی ابنِ ملجم کی حمایت کا وعدہ کیا۔یہ سب مل کر قطامہ کے پاس پہنچے۔وہ جامع مسجد میں اعتکاف میں بیٹھی تھی۔ان سب نے اس سے جا کر کہا ہم نے علیؑ کے قتل پر اتفاق کر لیا ہے۔قطامہ نے کہا جس روز تم قتل کرنا چاہو اس دن میرے پاس آنا۔جب اس جمعہ کی شب آئی جس کی صبح کو 40ھ حضرت علیؑ کو شہید کرنے کا منصوبہ تیار کیا گیا تھا۔ابن ملجم قطامہ کے پاس آیا،اور کہا کہ یہی وہ رات ہے جس کی صبح کو ہم لوگوں نے اپنے اپنے ساتھی کو قتل کرنے کا عہد کیا تھا۔اس کے بعد قطامہ نے ریشم کی پٹیاں منگوائیں اور ان کے سینوں پر باندھ دیں۔ان لعینوں نے اپنی اپنی تلواریں لیں اور اس چوکھٹ کے قریب بیٹھ گئے۔جہاں سے حضرت علیؑ نماز کے لیے تشریف لایا کرتے تھے۔جب حضرت علیؑ صبح کے وقت نماز کے لیے نکلے تو شبیب نے آگے بڑھ کر تلوار کا وار کیا جو دروازے کی چوکھٹ یا طاق پر پڑا۔لیکن ابن ملجم نے آپ کی پیشانی پر تلوار کا وار کیا (سنی شیعہ روایات میں ہے کہ ابن ملجم لعین نے نماز کی حالت میں آپ کو شہید کیا) اور وردان بھاگ کر اپنے گھر میں گھس گیا اسی کے باپ کی اولاد میں سے ایک شخص اس کے گھر اچانک پہنچ گیا اور وردان اپنے سینہ سے ریشم کی پٹی اتار رہا تھا۔اس

نے سوال کیا یہ تلوار اور ریشم کی پٹی کیسی ہے۔ وردان نے اس سے تمام واقعہ بیان کیا تو وہ شخص اپنے گھر گیا اور تلوار لے کر آیا اور وردان کو قتل کر دیا۔ اوشبیب اندھیرے میں بنو کندہ کے گھروں کی طرف چلا گیا۔ لوگ اس کے پیچھے چلائے۔ راستے میں اسے حضرموت کا ایک شخص ملا جس کا نام عویمر تھا۔ جب اس نے شبیب کے ہاتھ میں تلوار دیکھی، تو اسے پکڑ لیا اور شبیب کو نیچے گرا لیا۔ لیکن جب اس نے دیکھا کہ لوگ ادھر اس کی تلاش میں دوڑے ہوئے آ رہے ہیں اور شبیب کی تلوار اس کے ہاتھ میں ہے تو حضرمی کو اپنے جان کا خوف پیدا ہوا۔ اس نے شبیب کو چھوڑ دیا، اور شبیب لوگوں کے ساتھ شامل ہو کر جان بچا کر نکل گیا۔ البتہ ابن ملجم کو لوگوں نے گھیر کر پکڑ لیا۔ اور ہمدان کے ایک شخص نے جس کی کنیت ابوادماء تھی اپنی تلوار نکال کر ابنِ ملجم کے پاؤں پر ماری اور اس کا پاؤں کاٹ ڈالا۔

محمد بن حنفیہ کا بیان

محمد بن حنفیہ بیان کرتے ہیں کہ جس صبح کو حضرت علیؑ کو زخمی کیا گیا میں اس رات جامع مسجد میں تمام رات نماز میں مشغول رہا اور شہر کے دوسرے لوگ بھی چوکھٹ کے قریب نماز میں مشغول رہے۔ ان لوگوں نے تمام رات قیام و رکوع اور سجدوں میں گزاری اور شروع رات سے آخر رات تک نہیں سوئے۔ جب صبح کے وقت حضرت علیؑ نماز کے لیے نکلے تو لوگوں نے آواز دی۔ نماز نماز یعنی نماز کے لیے کھڑے ہو جاؤ۔ یہ مجھے معلوم نہیں کہ حضرت علیؑ نے یہ کلمات چوکھٹ سے نکل کر کہے تھے یا چوکھٹ کے اندر کہے تھے۔ ہاں میں اتنا جانتا ہوں کہ میں نے ایک چمک دیکھی۔ اور میں نے یہ الفاظ سنے اللہ کے علاوہ کسی کا حکم نہیں اور حکم کا اے علیؑ نہ تجھے اختیار ہے اور نہ تیرے ساتھیوں کو میں نے ایک تلوار دیکھی۔ پھر دوسری تلوار دیکھی۔ پھر حضرت علیؑ کو یہ کہتے سنا کہ تم سے یہ شخص بچ کر نہ نکل جائے۔ اور لوگ اس پر ہر طرف سے ٹوٹ پڑے۔ کچھ دیر نہ گزری تھی کہ ابنِ ملجم کو پکڑ لیا گیا اور حضرت علیؑ کے روبرو پیش کیا گیا۔ میں بھی لوگوں کے ساتھ اندر داخل ہوا۔ حضرت علیؑ فرما رہے تھے۔ جان کے بدلے جان۔ اگر میں مر جاؤں تو تم بھی اِسے اسی طرح قتل کر دینا جیسے اس نے مجھے قتل کیا ہے۔ اور اگر میں زندہ رہا تو اس کے بارے میں خود فیصلہ کروں گا۔

تلوار کا اثر

راوی کہتا ہے کہ لوگ گھبرائے ہوئے حضرت حسنؑ کے پاس پہنچے اور یہ اس وقت ہوا جبکہ ابن ملجم کو باندھ کر لوگوں نے ان کے سامنے پیش کیا۔ تو حضرت اُم کلثوم بن علیؑ نے روتے ہوئے ابن ملجم سے فرمای۔ اے اللہ کے دشمن میرے والد پر کوئی خطرہ نہیں۔ خدا تجھے رسوا کرے گا۔ ابن ملجم نے کہا تو پھر تم کس پر رو رہی ہو۔ خدا کی قسم میں نے اس تلوار کو ہزار میں خریدا تھا اور ہزار میں زہر دی ہے۔ اگر یہ ضرب تمام شہر والوں پر بھی پڑ جاتی تو ان میں سے ایک بھی زندہ نہ رہتا۔

آنحضرتؑ کی حسینؑ کو نصیحت

آپ نے امام حسنؑ اور امام حسینؑ کو بلا کر فرمایا میں تم دونوں کو اللہ سے ڈرنے کی وصیت کرتا ہوں۔ اور یہ کہ تم دونوں ہرگز دُنیا کو نہ چاہنا۔ اگرچہ دُنیا تمہیں چاہے اور دُنیا کی جو چیز تم سے دور کر دی جائے۔ اس پر گریہ نہ کرنا۔ ہمیشہ حق بات کہنا۔ یتیموں پر رحم کرنا۔ پریشان کی مدد کرنا۔ آخرت کی تیاری میں مصروف رہنا۔ ہمیشہ ظالم کے دشمن اور مظلوم کے حامی رہنا، اور کتاب اللہ کے احکام پر عمل کرنا۔ اللہ کے دین میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہ گھبرانا۔ پھر محمد بن حنفیہ کی جانب دیکھ کر فرمایا میں نے تیرے بھائیوں کو جو وصیت کی ہے تو نے اسے سنکر محفوظ کر لیا ہے۔ محمد نے عرض کیا۔ جی ہاں آپ نے محمدؓ سے مخاطب ہو کر فرمایا۔ میں تجھے بھی وصیت کرتا ہوں جو تیرے بھائیوں کو کی ہے۔ اس کے علاوہ میں تجھے وصیت کرتا ہوں کہ اپنے بھائیوں کی عزت وتوقیر کرنا۔ اور ان دونوں کے اس اہم حق کو ملحوظ رکھنا جو ان کا تیرے ذمہ ہے۔ ان دونوں کے حکم کی پیروی کرنا اور ان کے حکم کے بغیر کوئی کام نہ کرنا۔

اس کے بعد حضرت حسنؑ اور حضرت حسینؑ سے فرمایا میں تم دونوں کو بھی محمدؐ کے ساتھ حسنِ سلوک کی وصیت کرتا ہوں کیونکہ وہ تمہارا بھائی ہے اور تمہارے باپ کا بیٹا ہے۔ اور تم یہ بھی جانتے ہو کہ تمہارا باپ اس سے محبت کرتا ہے۔

آپؑ کی وصیت

جب وفات کا وقت آیا تو آپ نے وصیت فرمائی۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ یہ وہ وصیت ہے جو علیؑ بن ابی طالب نے کی ہے۔ وہ اس بات کی وصیت کرتا ہے کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں۔ وہ یکتا ہے۔ اس کا کوئی شریک نہیں۔ اور محمدؐ اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔ جنہیں اللہ نے ہدایت اور دینِ حق دے کر بھیجا ہے تا کہ وہ اس دین کو تمام ادیان پر غالب کر دے۔ خواہ یہ بات مشرکین کو بری ہی کیوں نہ معلوم ہو۔ یقیناً میری نماز میری قربانی میری زندگی اور میری موت سب کچھ اللہ کے لیے ہے۔ جو عالمین کا رب ہے جس کا کوئی شریک نہیں مجھے اسی چیز کا حکم دیا گیا ہے اور میں سر تسلیم خم کرنے والوں میں سے ہوں۔ اے حسنؑ میں تجھے اور اپنی تمام اولاد، اور تمام گھر والوں کو اللہ سے ڈرنے کی وصیت کرتا ہوں جو تمہارا پروردگار ہے اور اس بات کی کہ تم صرف اسلام پر جان دینا۔ تم سب مل کر اللہ کے دین کو مضبوطی سے تھام لو اور باہم متفرق نہ ہو جانا۔ کیونکہ میں نے ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا ہے۔ باہم ایک دوسرے سے تعلق رکھنا اور صلاح و درستی کے ساتھ رہنا عام (توافل) نماز روزوں سے افضل ہے۔ تم اپنے تمام رشتہ داروں کے ساتھ رہنا اس سے اللہ تم پر حساب کو نرم کر دے گا۔ یتیموں کے معاملہ میں اللہ سے ڈرنا نہ تو انہیں اتنا موقع دینا کہ وہ اپنی زبان سے تم سے

مدد طلب کریں نہ ہی تمہاری موجودگی میں پریشانی میں مبتلا ہوں۔اللہ سے ڈرو اور اللہ سے پڑوسیوں کے حقوق کے بارے میں ڈرو کیونکہ وہ تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وصیت ہیں۔آپ ہمیشہ پڑوسیوں کے حقوق کی وصیت کرتے رہے۔حتیٰ کہ ہمیں خوف ہوا کہ کہیں حضور پڑوسیوں کو وارث ہی نہ بنا دیں۔قرآن کے بارے میں اللہ سے ڈرو کہیں قرآن پر عمل کرنے میں تمہارے اغیار تم سے سبقت نہ لے جائیں۔نماز کے معاملہ میں بھی اللہ سے ڈرو کیونکہ یہ تمہارے دین کا ستون ہے۔تم اپنے پروردگار کے گھر کے معاملہ میں اللہ سے ڈرو،اور جب تک زندہ رہو اس کو خالی نہ چھوڑو۔کیونکہ اگر اسے خالی چھوڑ دیا گیا تو مخلوق پر اللہ کی نظرِ رحمت نہیں رہے گی۔اور جہاد کے معاملہ میں اللہ سے ڈرو۔

اور اپنی جانوں اور مالوں سے جہاد کرو۔زکوٰۃ کے بارے میں اللہ سے ڈرو۔اللہ سے ڈرو کیونکہ یہ غضب خدا کو بجھا دیتی ہے۔اور اپنے نبی کی ذمہ داری کے لیے اللہ سے ڈرو۔اللہ سے ڈرو (یعنی کافر ذمی کے متعلق) تمہاری موجودگی میں ان پر ظلم نہ ہونے پائے اپنے نبیؐ کے صحابہ کے معاملہ میں اللہ سے ڈرو،اللہ سے ڈرو۔کیونکہ رسول اللہؐ نے ان کے بارے میں وصیت فرمائی ہے۔فقراء اور مساکین کے بارے میں اللہ سے ڈرو اللہ سے ڈرو۔انہیں اپنی روزیوں اور کھانے میں شریک کرو۔اپنے غلاموں کے بارے میں اللہ سے ڈرو،اللہ سے ڈرو۔نماز ادا کرو۔

دین کے معاملہ میں ملامت کرنے والے کی ملامت کی پرواہ نہ کرو۔اگر تمہیں کوئی نقصان پہنچانا چاہے گا۔اور تمہارے خلاف بغاوت کرے گا،تو اللہ تمہاری کفالت کرے گا۔لوگوں سے اچھی بات کہو جیسا کہ اللہ نے تمہیں حکم دیا ہے۔امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کو ترک نہ کرو اگر تم اس کو ترک کر دو گے تو اللہ تم پر برے لوگوں کو حاکم بنا دے گا۔پھر تم دعا کرو گے تو تمہاری دعا قبول نہیں ہوگی۔صلہ رحمی کرو اور اللہ کی راہ میں مال خرچ کرو۔پشت دکھانے قطع رحمی کرنے اور تفرقہ اندازی سے احتراز کرو۔نیکی اور تقویٰ کے معاملہ میں ایک دوسرے سے اعانت کرو اور اللہ سے ڈرو۔نافرمانی اور سرکشی میں کسی کی اعانت نہ کرو۔اللہ سے ڈرو۔کیونکہ اللہ سخت عذاب والا ہے اے اہلِ بیت اللہ تمہاری حفاظت کرے اور تمہارے بارے میں تمہارے نبی کی حفاظت کرے میں تمہیں اللہ کے سپرد کرتا ہوں اور تم پر سلام اور اللہ کی رحمت بھیجتا ہوں۔پھر آپ لا الٰہ الا اللہ پڑھنے میں مشغول رہے۔یہاں تک کہ طائر روح عالمِ بالا کو پرواز کر گیا۔آپ کی شہادت ماہِ رمضان 40ھ میں ہوئی۔آپ کو آپ کے بیٹوں حسنؑ و حسینؑ اور عبداللہ بن جعفر نے غسل دیا تین کپڑوں میں آپ کو کفن دیا گیا۔امام حسنؑ نے نمازِ جنازہ پڑھائی اور نماز میں نو تکبیریں کہیں۔پھر چھ ماہ تک تختِ خلافت پر متمکن رہے۔

قاتل کے بارے میں آپؑ کی وصیت

حضرت علیؑ نے حضرت حسنؑ کو قاتل کا مثلہ (اس کے ہاتھ پاؤں ناک کان کاٹنا) کرنے سے منع فرمایا ۔پھر فرمایا اے اولادِ عبدالمطلب کہیں تم میری وجہ سے مسلمانوں کا خون نہ بہانا اور یہ نہ کہتے پھرنا کہ امیر المومنینؑ قتل کر دیئے گئے۔سوائے میرے قاتل کے کسی کو قتل نہ کرنا۔اے حسنؑ اگر میں اس کے وار سے مر جاؤں تو تم بھی قاتل کو ایک ہی وار سے ختم کرنا۔کیونکہ ایک وار کے بدلے میں ایک ہی وار ہے۔اور اس شخص کا مثلہ نہ کرنا۔کیونکہ میں نے رسول اللہؐ سے سنا ہے کہ تم لوگ مثلہ سے احتراز کرو۔خواہ وہ باؤلے کتے ہی کا کیوں نہ ہو۔

قاتل کا انجام

امام حسنؑ نے آگے بڑھ کر اسے قتل کر دیا۔پھر لوگ اس کی لاش سے چپٹ گئے اور اس کی بوٹیاں کر کے اسے آگ میں ڈال دیا۔

حضرت علیؑ کی شہادت پر بی بی عائشہ کی خوشی

بی بی عائشہ کو جب حضرت علیؑ کی شہادت کی خبر ملی تو انہوں نے یہ شعر پڑھا (شعر کا ترجمہ) اس نے اپنی لاٹھی رکھ دی اور جدائی کو قرار مل گیا جس طرح مسافر کی آنکھیں سفر کی واپسی سے ٹھنڈی ہوتی ہیں۔اس کے بعد سوال کیا کہ انہیں کس نے قتل کیا ہے۔جواب دیا گیا کہ بنو مراد کے ایک شخص نے اس پر انہوں نے دوسرا شعر پڑھا (ترجمہ شعر) وہ دور تھا اس کی موت کی خبر ایک لڑکا لے آیا۔خبر دینے والے کے منہ میں مٹی نہ پڑے۔اس پر زینت بنتِ ابی سلمہ نے کہا۔آپ علیؑ کے بارے میں یہ کہہ رہی ہیں۔تو بی بی عائشہ نے کہا۔میں بھول جایا کرتی ہوں۔جب میں بھول جایا کروں تو مجھے یاد دلا دیا کرو۔

ابوالاسود دئلی کا مرثیہ

(اشعار کا ترجمہ) معاویہ بن حرب کو یہ خبر پہنچا دو۔خدا کرے خوش ہونے والوں کی آنکھیں ٹھنڈی نہ ہوں۔کیا تو نے ہمیں روزوں کے مہینہ میں مصیبت میں مبتلا کیا ہے۔اس شخص کے ذریعہ جو تمام لوگوں سے بہتر تھا۔جتنے لوگ سواریوں اور کشتیوں پر سوار ہوئے ان میں سب سے بہتر شخص کو تم نے قتل کر دیا ہے۔اور ان سے بہتر جو جوتا پہن کر یا ننگے پاؤں چلتے ،اور جو مثانی (سورۂ فاتحہ) اور مئین کی تلاوت کرتے ہیں۔جب تیرے سامنے ابو حسینؑ کا چہرہ آیا تو ایسا محسوس ہوتا تھا کہ چودھویں کا چاند ہے جو دیکھنے والوں کو لبھا رہا ہے۔قریش یہ خوب جانتے ہیں (اے علیؑ) کہ تو حسب ونسب میں سب سے بہتر ہیں۔(یہ اشعار قابلِ غور ہیں)

حضرت علیؑ کی عمر

حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا کہ حضرت علیؑ تریسٹھ سال کی عمر میں شہید کیے گئے (مولف کتاب کہتا ہے) کہ یہی سب سے زیادہ ہے۔ ہشام کا قول ہے کہ جب حضرت علیؑ خلیفہ ہوئے تو ان کی عمر اٹھاون سال کچھ ماہ تھی اور تین ماہ کم پانچ سال تک ان کی خلافت رہی۔ پھر انہیں ابن ملجم نے شہید کیا جس کا نام عبدالرحمن بن عمرو تھا۔ چار سال نو ماہ آپ نے خلافت (ظاہری) کی اور 40ھ میں تریسٹھ سال کی عمر میں شہید ہوئے۔

حلیہ مبارک

اِسحٰق نے ابوجعفر محمد بن علی (امام باقرؑ) سے سوال کیا۔ حضرت علیؑ کا حلیہ کیا تھا۔ انہوں نے فرمایا درمیانہ قد، رنگ گندم گوں۔ آنکھیں بڑی بڑی، پیٹ کچھ بڑا۔ خود پہننے کی وجہ سے زیادہ تر سر کے بال گر چکے تھے (داڑھی چوڑی تھی اور سر و داڑھی کے بال سپید ہو گئے تھے۔

نسب و خاندان

آپؑ کا اسمِ گرامی علی بن ابی طالب تھا۔ آپ کے والد ابوطالب عبدمناف تھے۔ جو عبدالمطلب بن ہاشم بن عبدمناف کے بیٹے تھے۔ آپ کی والدہ فاطمہ بنت اسد بن ہاشم بن عبدمناف تھیں۔

ازواج و اولاد

1. سب سے پہلے آپؑ نے حضرت فاطمہ بن رسول اللہؐ سے شادی فرمائی۔ اور انکی موجودگی میں کوئی دوسری شادی نہیں کی۔ حضرت علیؑ کے یہاں حضرت فاطمہ سے حسنؑ و حسینؑ اور ایک لڑکا جس کا نام محسن تھا پیدا ہوئے۔ محسنؑ کا کم عمری میں ہی انتقال ہو گیا تھا (قابل غور ہے) دو صاحبزادیاں یعنہ زینبِ کبریٰ اور امِ کلثوم پیدا ہوئیں۔

2. حضرت علیؑ نے حضرت فاطمہ کے بعد ام البنین بنتِ حزام سے شادی فرمائی۔ ان سے حضرت علیؑ کے یہاں حضرت عباس جعفر عبداللہ اور عثمان پیدا ہوئے۔ جناب عباس کے علاوہ کسی کی نسل نہیں چلی۔ یہ سب بھائی حضرت حسینؑ کے ساتھ کربلا میں شہید ہوئے تھے۔

3. ایک شادی لیلیٰ بنت مسعود سے کی جس سے دو لڑکے ہوئے جو حضرت حسینؑ کے ساتھ طف میں شہید ہوئے۔

4. ایک شادی اسماء بنت عمیس سے فرمائی۔ ان سے یحییٰ اور محمد اصغر یا یحییٰ اور عون پیدا ہوئے۔ محمد اصغر

حضرت حسینؑ کے ساتھ شہید ہوئے۔

.5ایک زوجہ صہبا تھیں جن کی کنیت امِ حبیب ہے۔ان سے ایک لڑکا اور ایک لڑکی رقیہ پیدا ہوئے۔

.6امامہ بنتِ ابوعاص ان کی والدہ حضرت زینب (ربیبہ) رسول تھیں۔ان سے محمد اوسط پیدا ہوئے۔

.7خولہ بنت جعفر ان سے محمد حنفیہ پیدا ہوئے۔

.8ایک زوجہ ام سعید تھیں۔ان سے ام الحسن اور رملہ کبریٰ پیدا ہوئیں۔

آپ کے ہاں اور بھی لڑکیاں مختلف ماؤں سے پیدا ہوئیں جن کی ماؤں کے نام معلوم نہیں ہیں۔

.9ایک زوجہ محیات بنت امرءی القیس تھیں جن سے ایک لڑکی پیدا ہوئی جو چھٹپن میں فوت ہوگئی۔

حضرت علیؑ کی پشت سے چودہ فرزند اور سترہ لڑکیاں پیدا ہوئیں۔واقدی کا قول ہے کہ حضرت علیؑ کے پانچ بیٹوں سے اولاد چلی۔حضرت حسنؑ حضرت حسینؑ۔محمد حنفیہ۔عباس اور عمر بن تغلبیہ

حضرت علیؑ کے اوصافِ حمیدہ

یزید بن عدی کا بیان ہے کہ میں نے حضرت علیؑ کو قبیلہ ہمدان سے نکلتے دیکھا۔جب باہر نکلے تو دو جماعتیں باہم لڑ رہی تھیں۔حضرت دونوں کے درمیان گھس گئے اور دونوں کو جدا کر دیا۔ابھی کچھ دور گئے تھے کہ انہوں نے یہ آواز سنی کوئی مددگار ہے کوئی مددگار ہے۔جلدی جلدی آپ ادھر چلے۔حتیٰ کہ میں آپ کے جوتوں کی آواز سن رہا تھا۔اور آپؑ فرما رہے تھے تیرے پاس تیرا مددگار آ گیا۔وہاں جا کر دیکھا کہ ایک شخص دوسرے سے چپٹا ہوا ہے۔آپؑ کو دیکھ کر ان میں سے ایک شخص نے کہا اے امیر المومنین میں نے اسے یہ کپڑا نو درہم میں فروخت کیا تھا۔اور یہ شرط کی تھی کہ یہ مجھے بیکار اور کٹے ہوئے درہم نہیں دے گا۔اور اس وقت لوگ یہ شرط لگایا کرتے تھے۔میں اس کے پاس یہ درہم لے کر آیا تا کہ یہ انہیں تبدیل کر دے۔اس نے انکار کیا میں نے اس سے اصرار کیا تو اس نے میرے طمانچہ مارا۔اس پر حضرت علیؑ نے طمانچہ مارنے والے سے کہا اس کے درہم بدل دے۔اور دوسرے سے کہا۔اس پر گواہ لاؤ کہ اس نے تمہارے طمانچہ مارا ہے وہ گواہ لے آیا۔تو حضرت علیؑ نے طمانچہ مارنے والے کو بٹھا دیا اور مظلوم سے فرمایا اس سے قصاص لے لو۔مظلوم نے جواب دیا اے امیر المومنینؑ میں نے اسے معاف کیا حضرت علیؑ نے فرمایا میں نے تو تیرا حق پورا کرنے کا ارادہ کیا تھا۔پھر اس ظالم کے نو کوڑے مارے اور فرمایا یہ حاکم کی جانب سے سزا ہے۔

ناجیہ کے باپ کا بیان ہے کہ ہم قصر الامارۃ کے دروازہ پر کھڑے تھے کہ ہمارے پاس حضرت علیؑ تشریف لائے۔ہم نے جب انہیں آتے دیکھا تو ان کی ہیبت سے ان کے سامنے سے ہٹ گئے۔جب حضرت علیؑ آگے بڑھ گئے تو ہم بھی ان کے پیچھے پیچھے چلے وہ ابھی کچھ دور چلے تھے کہ انہوں یہ آواز سنی کہ اللہ کے واسطے کوئی مددگار

اچانک دو آدمی باہم لڑ رہے تھے آپ نے نے ان دونوں کے سینوں پر ہاتھ مار کر انہیں پیچھے ہٹا دیا اور ان دونوں سے فرمایا ایک دوسرے سے جدا ہو جاؤ۔ان میں سے ایک شخص نے عرض کیا امیر المومنینؑ اس نے مجھ سے بکری خریدی تھی اور شرط یہ تھی کہ یہ مجھے خراب اور ردی درہم نہیں دے گا۔لیکن اس نے مجھے ایک کھوٹا درہم دیا میں نے اسے وہ درہم واپس کر دیا تو اس نے مجھے طمانچہ مارا آپؑ نے دوسرے سے سوال کیا تم کیا کہتے ہو۔اس نے جواب دیا۔اے امیر المومنینؑ یہ سچ کہتا ہے آپؑ نے اس سے فرمایا اچھا پہلے اپنی شرط پوری کرو جب شرط پوری ہو گئی تو طمانچہ مارنیوالے کو بٹھا دیا اور مظلوم سے کہا اس سے قصاص لے لو۔مظلوم نے پوچھا کیا قصاص لوں یا معاف کر دوں۔آپ نے فرمایا اس کا تجھے اعتبار ہے۔الغرض اس ظالم کو معاف کر دیا گیا۔جب وہ وہاں سے کچھ دور چلا گیا تو حضرت علیؑ نے لوگوں سے فرمایا دا سے پکڑ کر یہاں لاؤ۔لوگ اسے پکڑ کر آپ کے پاس لائے تو اس کی پشت پر کوئی چیز رکھ دی جیسے مکتب کے بچوں پر رکھی جاتی ہے۔(یعنی کان پکڑوا کر اوپر سے پشت پر کوئی چیز رکھ دی) پھر اس کے نو کوڑے مارے اور فرمایا یہ اس شخص کی ہتک عزت کی سزا ہے۔

حضرت حسنؑ کا خطبہ

ابو خالد بن جابر بیان کرتے ہیں کہ حضرت علیؑ کی شہادت کے بعد حضرت حسنؑ خطبہ کے لیے کھڑے ہوئے اور فرمایا:۔

''تم نے اس رات ایک شخص کو شہید کر دیا۔جس رات قرآن نازل ہوا جس میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام آسمان پر اٹھائے گئے جس میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھی حضرت یوشع بن نون شہید ہوئے خُدا کی قسم جو لوگ پہلے گزر چکے ہیں نہ وہ حضرت علیؑ سے آگے بڑھ سکے ہیں اور نہ بعد میں آنے والے ان سے سبقت لے سکیں گے۔خُدا کی قسم رسول اللہؐ انہیں لشکر دے کر روانہ فرماتے تو جبرئیل و میکائیل ان کے دائیں بائیں ہوتے۔خدا کی قسم نہ انہوں نے کچھ سونا چھوڑا اور نہ کچھ چاندی چھوڑی۔سوائے آٹھ یا سات سو درہم کے جو خادمہ کے لیے چھوڑے ہیں۔

جلد چہارم

معاویہ بن ابوسفیان

بیعت امام حسنؑ

40ھ میں حضرت حسنؑ بن علی علیہ السلام کیلئے خلافت کی بیعت ہوئی۔سب سے پہلے قیس بن سعد نے بیت کے لیے اپنا ہاتھ بڑھاتے ہوئے کہا۔میں آپ سے خدائے عزوجل کی کتاب اور اس کے نبیؐ کی سنت اور مفسدوں سے جنگ کرنے پر بیعت کرتا ہوں۔حضرت حسن نے فرمایا کہ خدا کی کتاب اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت سب شرطوں سے افضل ہے۔قیس نے بیعت کر لی اور کچھ نہ کہا۔پھر اور لوگوں نے بیعت کی۔

اہل عراق کی بدعہدی

روایت ہے کہ بیعت خلافت کے بعد حضرت حسنؑ لوگوں کو ساتھ لیے ہوئے مدائن میں آ کر ٹھہرے اور اپنے ہراول دستے پر بارہ معزز آدمیوں کے ہمراہ قیس بن سعد کو روانہ کیا۔معاویہ نے اہلِ شام کے ساتھ مقام مسکن پر منزل کی۔امام حسنؑ بھی مدائن میں تھے کسی نے لشکر میں سے پکار کر کہا ''قیس بن سعد مارے گئے۔اب بھاگو (سنتے ہی) لوگ بھاگ کھڑے ہوئے امام حسنؑ کے خیمہ کو لوٹ لیا۔یہاں تک کہ جس فرش پر آپ بیٹھے ہوئے تھے اسے بھی گھسیٹ لیا۔آپ وہاں سے چل کر مقصورۂ بیضا میں جا کر اترے۔امام حسنؑ نے جب دیکھا کہ حکومت کے معاملہ میں تفرقہ پڑ گیا ہے۔تو معاویہ کے پاس صلح کا پیغام بھیجا۔معاویہ نے عبداللہ بن عامر اور عبدالرحمن بن سمرہ کو ان کے پاس روانہ کیا۔یہ دونوں شخص مدائن میں امام حسنؑ کے پاس آئے اور جو کچھ آپ چاہتے تھے۔سب منظور کر لیا۔پھر اہلِ عراق کے مجمع میں امام حسنؑ نے کھڑے ہو کر فرمایا۔اے اہلِ عراق میں نے تم لوگوں سے جو اپنی جان چھڑا لی ہے اس کے تین سبب ہیں میرے باپ کو تم نے قتل کیا۔مجھ پر تم نے برچھی کا وار کیا اور میرا مال تم نے لوٹ لیا۔اسی سال مقام ایلیا پر معاویہ کے لیے بیعت خلافت لی گئی۔اس سے پیشتر معاویہ کو شام میں امیر اور حضرت علیؑ کو عراق میں امیر المومنینؑ کہتے تھے۔(ایک روایت میں ہے کہ امام حسنؑ کے صلح کے خط سے پہلے) معاویہ نے سادہ کاغذ پر اپنی مہر لگا کر امام حسنؑ کو لکھ بھیجا تھا کہ اس کاغذ پر جو جو شرطیں آپ کا جی چاہے لکھ دیں مجھے سب منظور ہیں۔

امام حسنؑ کی کوفہ میں تقریر

کوفہ میں جب مجمع ہوگیا تو عمرو عاص نے معاویہ سے کہا کہ وہ حسنؑ سے سے کہے اٹھ کر تقریر کریں۔معاویہ کو یہ بات ناگوار تھی معاویہ نے عمرو سے پوچھا تمہارا اس سے کیا مقصد ہے کہ وہ تقریر کریں۔عمرو نے کہا میں چاہتا ہوں کہ لوگوں کو معلوم ہو جائے کہ وہ تقریر کرنے میں عاجز ہیں۔اس سلسلے میں عمرو نے اتنا اصرار کیا کہ آخر کار معاویہ کو ماننا پڑا معاویہ نے خود مجمع میں آ کر تقریر کی۔پھر ایک شخص کو حکم دیا کہ اس نے پکار کر کہا اے حسنؑ اٹھئے اس مسجد میں تقریر کیجئے۔انہوں نے بلا تامل توحید و رسالت کی شہادت دی اس کے بعد فرمایا اے لوگو خدا نے ہم میں سے پہلے شخص کے ذریعہ تمہاری ہدایت کی اور ہم میں سے آخری شخص کے ذریعے تمہیں کست وخون سے بچا لیا اور سنو حکومت کے لیے ایک مدت ومیعاد ہے اور دنیا دست بدست (پھرا کرتی ہے) اور حق تعالیٰ اپنے نبیؐ سے فرما چکا ہے وان ادری لعلہ فتنۃ لکم ومتاع الیٰ حین کیا معلوم کہ وہ تمہاری آزمائش ہو،اور چند دن کی اسائش !اتنا ہی کہا تھا کہ معاویہ نے کہا بیٹھ جایئے اور عمرو پر معاویہ کو غصہ آ رہا تھا کہ تمہاری رائے پر چلنے کا یہ انجام ہے۔اس کے بعد حسنؑ مدینہ چلے گئے کوفہ میں معاویہ کا داخلہ ربیع الاول یا جمادی الاولیٰ 41 کی پچیسویں تاریخ کو ہوا۔

امام حسنؑ کی روانگی کوفہ

صلح کے بعد مقام مسکین سے امام حسنؑ وحسینؑ اور عبداللہ بن جعفر اپنے حشم وخدام اور ساز وسامان کے ساتھ کوفہ کی طرف روانہ ہوئے۔امام حسنؑ جب وہاں پہنچے تو،آپ کا زخم اچھا ہو گیا تھا۔مسجد کوفہ میں آئے اور فرمایا اے اہلِ کوفہ تمہیں اپنے ہمسایئے اپنے مہمان اور اپنے نبیؐ کے اہلِ بیت کے بارے میں جن سے خدا نے نجاست کو دور رکھا اور جنہیں اس طرح پاک رکھا جو پاک رکھنے کا حق ہے۔خوف خدا کرنا چاہیے یہ سن کر لوگوں نے رونا شروع کر دیا۔

50 ھجری کے واقعات

منبرِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو منتقل کرنے کا ارادہ

اس سال معاویہ نے حکم دیا کہ منبرِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اٹھا کر شام لے جائیں۔ منبر کو ذرا سی جنبش دی گئی تو سورج کو گہن لگ گیا۔ یہاں تک کہ دن کو تارے نکل آئے۔ معاویہ کے اس حکم کو سب لوگوں نے ایک امرِ عظیم (بد) سمجھا اس پر معاویہ نے کہا ''میرا یہ ارادہ نہ تھا کہ منبر اٹھایا جائے مجھے تو یہ اندیشہ ہوا تھا کہ اسے دیمک لگ گئی ہوگی۔ اس لیے میں نے خود دیکھ لیا، پھر اسی دن منبر پر پوشش ڈال دی گئی۔''

معاویہ کی منبر رسولؐ کے متعلق معذرت

خود معاویہ نے بیان کیا کہ میری رائے یہ تھی کہ رسول اللہؐ کے منبر اور عصا کو مدینہ میں نہیں چھوڑنا چاہیئے۔ وہاں کے لوگ ''امیر المومنین'' عثمان کے قاتل اور دشمن ہیں۔ جب معاویہ کا مدینہ میں ورود ہوا تو عصائے مبارک سعد قرظ کے پاس تھا۔ ان سے معاویہ نے منگوا بھیجا۔ ابو ہریرہ اور جابر بن عبداللہ یہ سن کر معاویہ کے پاس آئے اور کہا اے ''امیر المومنین'' خدا کے واسطے ایسا نہ کیجئے۔ یہ بات مناسب نہیں کہ جس جگہ خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے رکھ دیا ہے وہاں سے آپ منبر اور عصا کو اٹھا کر شام لے جائیں پھر مسجد کو بھی یہاں سے لے جایئے'' بالآخر معاویہ نے یہ ارادہ ترک کیا اور منبر میں چھ زینے اور بڑھا دیئے اس زمانہ میں منبر رسول اللہؐ آٹھ زینوں کا ہے اس باب میں معاویہ نے لوگوں سے بہت معذرت کی۔

منبر رسول اللہؐ کی عظمت

پھر عبدالملک نے اپنے عہد میں منبر کو اٹھالانے کا قصد کیا قبصیہ بن ذویب نے کہا۔ خدا کے واسطے ایسا نہ کیجئے۔ منبر کو اس کی جگہ سے نہ اٹھایئے۔ معاویہ نے ذرا سا اسے سرکایا تھا جس سے سورج کو گہن لگ گیا۔ رسول اللہؐ فرماتے ہیں کہ میرے منبر پر جو کوئی جھوٹی قسم کھائے گا وہ اپنا ٹھکانا دوزخ میں بنالے گا اسی منبر کے پاس اہلِ مدینہ کے حقوق کا قعی فیصلہ ہوا کرتا ہے آپ اسے مدینہ سے لے جانا چاہتے ہیں بالآخر عبدالملک نے یہ خیال دِل سے نکال دیا اور دوبارہ کبھی اس کا ذکر تک نہ کیا۔ ولید کا زمانہ آیا تو اس نے بھی جس سال حج کیا یہی ارادہ کرلیا اور کہا کہ میں تو اس بات کو کر ہی گزروں گا۔ یہ سن کر سعید بن مسیب نے عمر بن عبدالعزیز کو کہلا بھیجا کہ ذرا ولید کو سمجھاؤ کہ خدا سے ڈرے اور اسے ناراض نہ کرے۔ غرض عمر بن عبدالعزیز کے کہنے سے ولید اس کام سے باز آیا اور پھر اس کا ذکر نہ کیا۔ جس سال سلیمان بن عبدالملک حج کو آیا تو عمر بن عبدالعزیز نے ان سب باتوں کا ذکر کیا کہ ولید نے ایسا

ارادہ کیا تھا۔اور سعید بن مسیب نے یہ کہلا بھیجا۔سلیمان نے یہ سن کر کہا عبدالملک اور ولید کا اس بات کا ذکر کرنا ہی مجھے اچھا نہیں معلوم ہوا ہم کو اس بات کی ضرورت ہی کیا ہے۔دنیا کو تو ہم لے چکے وہ تو ہمارے قبضہ میں ہے پھر بھی یہ ارادہ کریں کہ اسلام کی نشانیوں میں سے ایک بڑی نشانی کو جس کی زیارت کو لوگ آیا کرتے ہیں اٹھا کر اپنے پاس لے جائیں تو یہ کسی طرح مناسب نہیں۔

حُجر اور اصحابِ حُجر کی شہادت

معاویہ کے قاصد نے ان لوگوں سے کہا چھ شخص چھوڑ دیئے جائیں گے اور آٹھ قتل کر دیئے جائیں گے۔ہم لوگوں کو حکم ہے کہ تم کو علیؑ سے تبرا اور ان پر لعنت کرنے کو کہیں اگر تم ایسا کرو گے تو تم کو چھوڑ دیں گے۔ورنہ تم کو قتل کر دیں۔''امیر المومنینؑ'' کا خیال ہے کہ خود تمہارے ہی ہم وطنوں کی گواہی سے تمہارا قتل کرنا ان کے لیے جائز ہو چکا ہے۔مگر انہوں نے معاف کر دیا ہے۔تم اس شخص (علی) پر تبرا کرو۔تو ہم سب کو چھوڑ دیں گے۔ان لوگوں نے کہا۔خداوند ہم سے تو یہ فعل کبھی نہ ہو سکے گا۔پس ان کے لیے قبروں کے کھودنے کا حکم دے دیا گیا۔قبریں کھدنے لگیں۔کفن سب کے لیے آ گئے،رات بھر یہ لوگ نماز پڑھتے رہے۔صبح ہوئی تو اصحابِ معاویہ نے ان سے کہا ۔رات تو ہم نے تمہاری طولانی نمازوں اور دعاؤں کو دیکھا۔یہ تو بتاؤ کہ عثمان کے بارے میں تمہارا کیا عقیدہ ہے انہوں نے کہا وہی تو پہلا شخص ہے جس نے حکم میں جور کیا اور ناحق پر عمل کیا۔یہ سن کر معاویہ کہنے لگے۔''امیر المومنین'' نے تمہیں خوب پہچانا تھا۔یہ کہہ کر قتل کرنے کے لیے اٹھ کھڑے ہوئے اور کہنے لگے۔اس شخص (حضرت علیؑ) پر تبرا کرو۔انہوں نے کہا کہ ہم تو ان سے تولی رکھتے ہیں اور جس نے ان سے تبرا کیا ہم اس سے تبرا کرتے ہیں۔اب ایک ایک شخص کو قتل کرنے کے لیے کھینچا۔پھر حجر نے ان لوگوں سے کہا ذرا مجھے وضو کر لینے دو۔انہوں نے کہا کر لو۔جب وضو کر چکے تو کہا کہ دو رکعت نماز بھی پڑھ لینے دو۔بخدا میں نے جب وضو کیا ہے دو رکعت نماز ضرور پڑھی ہے کہا پڑھ لو۔حجر نماز پڑھ کر واپس آئے اور کہنے لگے واللہ اتنی مختصر نماز میں نے کبھی نہیں پڑھی۔اگر یہ بات نہ ہوتی۔تم خیال کرو گے کہ مجھے موت سے اضطراب ہے تو جی چاہتا تھا کہ اس نماز کو طول دیتا ۔پھر کہا خداوندا ہم تجھ سے اس گروہ کے مقابلہ میں مدد چاہتے ہیں۔اہلِ کوفہ نے ہمارے خلاف گواہی دی اور اہلِ شام ہم کو قتل کر رہے ہیں واللہ اگر تم مجھے قتل کرتے ہو تو سن لو مسلمانوں میں پہلا شخص میں ہوں جو وادیٔ شام میں شہید ہوا اور پہلا شخص میں ہوں جس پر یہاں کے کتے بھونکے۔یہ سن کر یک چشم ہدبہ قضاعی تلوار کھینچے ہوئے ان کی طرف بڑھا جس سے ان کے ہاتھ پاؤں میں تھرتھری پڑ گئی ہدبہ نے کہا ہاں ہاں تم تو سمجھتے تھے کہ موت سے تمہیں اضطراب نہیں۔لو میں تمہیں چھوڑے دیتا ہوں،اپنے صاحب (علیؑ) سے برأت کا اقرار کر لو۔حجر نے کہا۔کیوں کر مجھے اضطراب نہ ہو جبکہ دیکھ رہا ہوں کہ قبر کھدی ہوئی ہے کفن سامنے پھیلا ہوا ہے اور تلوار سر پر کھینچی ہوئی ہے۔لیکن

واللہ اس اضطراب میں بھی ایسا کلمہ منہ سے نہ نکالوں گا۔جس سے خدا ناراض ہو۔یہ سن کر ہدبہ نے انہیں شہید کر دیا۔پھر سب بڑھے اور ایک ایک کر کے قتل کرنے لگے یہانتک کہ چھ آدمی شہید ہو گئے۔

عبدالرحمٰن غزنی کی حق گوئی

عبدالرحمن غزنی اور کریم بن عفیف خثعمی نے کہا ہمیں امیر کے پاس بھیجدو۔اس شخص (علی) کے بارے میں جو کلمہ وہ کہتا ہے ہم بھی کہہ دیں گے۔معاویہ نے کہا انہیں میرے پاس بھیج دو۔جب یہ دونوں شخص معاویہ کے سامنے گئے تو خثعمی نے کہا اے معاویہ خدا سے ڈر اس دراِفانی سے دارالآخرت کی طرف بالآخر تجھے بھی جانا ہے اور اس بات کا جواب دینا ہے کہ ہمیں تو نے کیوں قتل کیا اور ہمارا خون تو نے کیوں بہایا۔معاویہ نے پوچھا علیؑ کے بارے میں تو کیا کہتا ہے۔کہا جو تم کہتے ہو۔پوچھا علیؑ جس دین پر تھے کیا اس دین سے برأت کرے گا انہوں نے کوئی جواب نہ دیا اور معاویہ نے بھی جواب پسند نہ کیا پھر اسے اس شرط پر چھوڑ دیا گیا کہ معاویہ کی جب تک سلطنت ہے وہ کوفہ میں نہ جائیں گے وہ کوفہ میں نہ جائیں گے پھر معاویہ نے عبدالرحمن غزنی کی طرف رخ کر کے کہا بتا اے ربیعی بھائی علیؑ کے بارے میں تمہارا کیا قول ہے کہا یہی بہتر ہے کہ یہ بات مجھ سے نہ پوچھو کہا جبتک تو یہ نہیں بتائے گا میں چھوڑنے کا نہیں۔کہا میں گواہی دیتا ہوں کہ وہ ذکر خدا کرنے والے اور حق پر حکم کرنے والے،عدل کو قائم رکھنے والے اور لوگوں سے درگزر کرنے والے تھے کہا تو عثمان کے بارے میں تمہارا کیا قول ہے کہا اس نے تو سب سے پہلے ظلم کا دروازہ کھولا اور حق کے دروازوں کو ہلا ڈالا معاویہ نے کہا۔تو نے اپنے آپ کو خود قتل کیا میں نے تو تجھے قتل نہیں کیا۔اس کے بعد معاویہ نے انہیں زیاد کے پاس واپس بھیج دیا اور اسے لکھ بھیجا کہ تیرے بھیجے ہوئے لوگوں میں سب سے بدتر یہ غزمی ہے اس کو ایسی سزا دے جس کا وہ سزاوار ہے اور بہت ہی بری طرح اسے قتل کر دے۔زیاد کے پاس جب یہ پہنچے تو اس نے انہیں مقام قس ناطف میں بھیج کر زندہ زمین میں گاڑھ دیا۔

معاویہ سے بی بی عائشہ کی ناراضگی

بی بی عائشہ نے حجر اور ان کے ساتھیوں کے لیے عبدالرحمن بن حارث کو معاویہ کے پاس بھیجا تھا۔لیکن جب وہ معاویہ کے پاس پہنچا تو وہ حضرات شہید ہو چکے تھے۔بی بی عائشہ نے حجر کے بارے میں کہا بخدا میرے علم میں تو یہ تھا کہ وہ شخص دیندار اور حج وعمرہ بجالانے والا تھا۔جب معاویہ نے حج کیا تو عائشہ کے دروازے سے گزرا اور اندر آنے کی اجازت مانگی اجازت دے دی گئی (دوران گفتگو کہا) اے معاویہ حجر واصحاب حجر کے قتل کرنے پر تمہیں خوف خدا نہیں آیا۔کہنے لگا کہ میں نے انہیں قتل نہیں کیا۔جنہوں نے ان کے خلاف گواہیاں دی ہیں انہوں نے انہیں قتل کیا ہے۔لوگ کہا کرتے تھے کہ پہلی ذلت جو کوفہ کے لیے ہوئی وہ حضرت حسنؑ بن علیؑ کی رحلت،حجر بن عدی کی شہادت اور معاویہ کا زیاد سے رشتہ جوڑنا ہے (معاویہ نے زیاد کو اپنا بھائی بنالیا تھا چونکہ

ابوسفیان نے زیاد کی ماں سے زنا کیا تھا) لوگوں کا گمان ہے کہ معاویہ مرتے وقت کہتا تھا۔ابن ادبر (حجر) کے سبب سے میرا دن دراز ہوگیا اور حسن کا قول ہے کہ معاویہ کی چار خصلتیں ایسی ہیں کہ اگر ان میں سے ایک بھی ہوتی تو اس کی ہلاکت کے لیے کافی تھی (۱) اس امت پر جاہلوں کو مسلط کر دینا حد ہوگئی کہ امت سے مشورہ کئے بغیر امارت وحکومت کو معاویہ دبا بیٹھا جب کہ اس وقت صحابہ میں سے بھی کچھ لوگ باقی تھے اور صاحبانِ فضل بھی امت میں موجود تھے۔(۲) پھر اپنے بعد اپنے بیٹے کو دخلیفہ مقرر کرنا۔ایک شراب خور سیاہ مست کو جو ریشم وحریر پہنتا تھا اور طنبورہ بجاتا تھا۔(۳) پھر زیاد سے رشتہ جوڑ لینا حالانکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرما گئے ہیں کہ لڑکا اسی کا ہے جس کے فرش پر پیدا ہوا اور زنا کار کے لیے پتھر ہیں۔(۴) پھر حجر کو شہید کرنا ویل وہلاکت ہو اس پر حجر اور اصحاب حجر کی طرف سے ویل وہلاکت ہو اس پر حجر واصحاب کی طرف سے۔

حجر بن عدی کی شہادت پر مرثیے ہند بنت زید کا مرثیہ

تو بلندی پر ہے بتا اے ماہ وقافلہ حجر کا ہے کیا سر راہ۔پسر حرب کی طرف ہے رواں یہ پیچھے پیچھے ہے قتل کا سامان مثل فرعون خوش ہے اب تو امیز خواب گر ہے خورونق اور سدیر شہر ہے اجڑ گیا کیسا کبھی آباد ہی نہ تھا گویا حجر بن عدی جہاں ہو تو خوش وخرم ہو کامراں ہو تو مجھ کو لیکن دمشق سے بخدا آرہی ہے ڈکارنے کی صدا نیک بندوں کا خون سے شر کو حلال اور ہے ناگفتہ بہ وزیر کا حال۔حجر کاش اپنی موت سے مرتا۔کوئی اس کے نہ ذبح تو کرتا۔یوں تو جتنے قوم میں ہیں سردار۔ایک دن چل بسیں گے آخر کار۔دوسرا مرثیہ شاعرہ کندیہ کا

میری آنکھ کے آنسو ایک جھڑی ہے کہ لگی ہوئی ہے۔حجر کو رونے میں میری آنکھ بخل نہیں کرتی۔ہائے قوم اگر اس کی پیروی کرتی۔تو یک چشم اس پر تلوار نہ اٹھا سکتا۔

\

باب 5
یزید کی ولی عہدی 52ھ

زیاد کیلئے عبداللہ بن عمر کی بددُعا

اسی سال زیاد کوفہ میں پانچ سال حکومت کر کے بصرہ میں اپنی جگہ سمرہ بن جندب کو چھوڑ کر ماہ رمضان میں ہلاک ہوگیا۔اس نے معاویہ کولکھا تھا کہ عراق کا نظم ونسق تو میرے بائیں ہاتھ کا کھیل ہے۔میرا دایاں ہاتھ تو خالی ہی رہتا ہے۔ایک روایت کے مطابق معاویہ نے اس پر یمامہ اوراس کے اضلاع زیاد کی حکومت میں شامل کردیئے۔ایک اورروایت کی بنا پرحجاز کا ملک اس کے دائیں ہاتھ میں دے دیا۔اہلِ حجاز کو پتہ چلاتو لوگ عبداللہ بن عمر کے پاس آئے اوراس سے اس مصیبت کو بیان کیاتو اس نے کہامیں اس کے لیے بددعا کرونگا جس سے تم اس کے شر سے بچ جاؤ گے یہ کہہ کر وہ اورسب لوگ قبلہ کی طرف مڑے اوراس کے لیے بددعا کی۔جب طاعون میں مبتلا ہوکر وہ مرگیااورابن عمر نے یہ خبرسنی تو کہا جادور جاابن سمیہ نہ دنیا ہی تیرے پاس رہی اور نہ آخرت تجھے ملی۔طاعون اس کی انگلی میں نکلاجب وہ مرگیاتو کوفہ کی ایک جانب مقام ثوبہ میں دفن کردیا گیا۔

56ھ کے واقعات

اس سال معاویہ نے یزید کو ولیعہد بنایااورلوگوں سے اس کے لیے بیعت لی جب زیادہ مرگیاتو معاویہ نے ایک تحریر نکالی اورلوگوں کے سامنے پڑھی اس میں یزید کے جانشین بنانے کا مضمون تھا اگر معاویہ کی موت واقع ہوتو یزید ولیعہد ہوگا۔یہ سن کر پانچ شخصوں کے سواسب لوگ یزید کی بیعت پر تیار ہوگئے وہ پانچ افراد یہ تھے ۔حسین بن علی ابن عمرابن زبیرعبدالرحمن بن ابوبکراورابن عباس۔

باب 7
معاویہ کی وفات 60ھ

امام حسینؑ کی طلبی

غرض عبداللہ بن عمر بن عثمان ایک نوجوان کو دونوں شخصوں (امام حسین اور عبداللہ بن زبیر) کے بلانے کے لیے بھیجا۔اس نے مسجد میں ان دونوں کو پایا اور کہا کہ امیر نے آپ دونوں کو طلب کیا ہے۔یہ وقت ایسا تھا کہ اس وقت ولید لوگوں سے نہیں ملتا تھا۔دونوں نے جواب دیا تم جاؤ ہم ابھی آتے ہیں۔پھر عبداللہ نے امام حسینؑ سے پوچھا۔اس وقت تو ولید کسی سے ملتا نہیں۔لہذا بتایئے کہ اس نے ہم کو کیوں طلب کیا ہے۔آپ نے فرمایا میں سمجھتا ہوں کہ ان کا فرعون مر چکا ہے۔ہمیں اس لیے بلایا ہے کہ اس خبر کے فاش ہونے سے پہلے ہم سے بیعت کا مواخذہ کرے۔ابنِ زبیر نے کہا میں بھی یہی سمجھ رہا ہوں۔پھر اس نے پوچھا۔آپ کا کیا ارادہ ہے۔آپ نے فرمایا میں تو اس وقت اپنے جوانوں کے ساتھ ولید کے پاس جاؤں گا۔انہیں دروازے پر روک کر خود اس کے پاس جاؤں گا۔

امام حسینؑ اور ولید

آپ اپنے غلاموں اور اقرباء کو ساتھ لے کر چلے۔ولید کے دروازے پر پہنچ کر اپنے ساتھیوں سے فرمایا۔میں اندر جاتا ہوں۔اگر میں تم کو پکاروں یا تم سنو کہ ولید کی آواز بلند ہوئی ہے تو تم سب کے سب اندر چلے آنا۔ورنہ جب تک میں باہر نہ آؤں اپنی جگہ پر موجود رہنا یہ کہہ کر آپ اندر تشریف لے گئے اور السلام علیکم کہا۔مروان اس کے پاس بیٹھا ہوا تھا۔آپ نے معاویہ کی موت سے بے خبر (انجان) ہو کر فرمایا۔میل جول رکھنا ترکِ ملاقات سے بہتر ہے۔خدا نے تم دونوں میں صلح وصفائی کر دی دونوں نے اس بات کا جواب نہ دیا۔آپ آ کر بیٹھ گئے تو ولید نے خط پڑھ کر سنایا۔معاویہ کے مرنے کی خبر دی اور بیعت کا طالب ہوا۔

امام حسینؑ اور مروان

آپ نے یہ سن کر انا للہ وانا الیہ راجعون فرمایا اور ولید کو تعزیت کہی اور پھر فرمایا۔بیعت کا جو تم نے مجھ سے سوال کیا ہے تو میں پوشیدہ طور پر بیعت کرنے والا نہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ تم کو بھی مجھ سے پوشیدہ طور پر بیعت لینے کی جرأت نہیں کرنا چاہیئے۔جب تک ہم لوگوں کے سامنے علانیہ بیعت کا اظہار نہ کریں۔ولید نے کہا

اچھا۔امام حسینؑ نے فرمایا کہ جب لوگوں کے مجمع میں آ کر تم سب سے بیعت لو گے تو ان کے ساتھ ہی ہم سے بھی لینا تو ایک ہی بات ہوگی۔ولید کا مزاج چونکہ عافیت پسند تھا کہنے لگا۔بسم اللہ آپ تشریف لے جایئے۔سب لوگوں کے مجمع میں ہی ہم سے ملے گا۔مروان بول اٹھا اگر اس وقت یہ بیعت کئے بغیر تمہارے پاس سے چلے گئے تو واللہ پھر جب تک کہ تم میں اور ان میں شدت سے کشت وخون نہ ہوا یہ تمہارے قابو میں نہیں آئیں گے۔اس شخص کو قید کر لو۔یہ تمہارے پاس سے نکلنے نہ پائیں۔بیعت کر لیں تو فبہا ورنہ ان کی گردن اڑا دو۔امام حسینؑ اٹھ کھڑے ہوئے اور فرمایا اے ابنِ زرقا (پیلی آنکھوں والی عورت کے بیٹے) کیا تو مجھے قتل کرے گا یا یہ قتل کرے گا۔بخدا تو نے جھوٹ بکا اور جھک مارا یہ کہہ کر آپ باہر نکل آئے اور اپنے انصار میں پہنچ گئے۔ان کو ساتھ لے کر اپنے مکان پر آ گئے۔

ولید اور مروان

مروان نے ولید سے کہا تم نے میرا کہنا نہ مانا حسینؑ کے لیے ایسا موقع اب تمہیں کبھی نہیں ملے گا۔ولید نے کہا۔سنو مروان کسی اور کو مت ملامت کرو۔تم مجھے ایسا مشورہ دیتے تھے جس میں میرے دین کی تباہی تھی۔واللہ حسینؑ کو قتل کر کے ساری دنیا کا مال وملک جہاں تک آفتاب طلوع وغروب کرتا ہے مجھ کو مل جائے تو بھی مجھے منظور نہیں۔سبحان اللہ حسینؑ کی صرف ایک بیعت کے نہ کرنے پر میں قتل کر دوں۔واللہ میں تو یہ سمجھتا ہوں کہ جس شخص سے خون حسینؑ کی باز پرس ہوئی وہ قیامت کے دن خدا کے سامنے حفیف المیزان ٹھہرے گا۔مروان نے کہا اگر یہی تمہاری رائے ہے تو پھر جو کچھ تم نے کیا بہت ہی اچھا کام کیا یہ کلمہ ولید کی رائے کو ناپسند کرتے ہوئے کہا۔

امام حسینؑ کی روانگی اور محمد حنفیہ

امام حسینؑ 60ھ اتوار کی رات اٹھائیس رجب کو مدینہ سے روانہ ہوئے۔آپ کے ساتھ آپ کے بیٹے بھائی بھتیجے اور محمد حنفیہ کے علاوہ تمام اہلِ بیت کے افراد روانہ ہوئے۔محمد حنفیہ نے عرض کیا بھائی جان تمام مخلوق میں آپ سے بڑھ کر میں کسی کو دوست نہیں رکھتا اور خیر خواہی کا کلمہ آپ سے بڑھ کر کسی کے لیے میں ذخیرہ نہیں کرتا جو اس کا زیادہ مستحق ہو۔آپ اپنے لوگوں کے ساتھ یزید بن معاویہ اور سب شہروں سے جہاں تک ہو سکے الگ رہیں اور اپنے قاصد لوگوں کے پاس بھیجیں تا کہ وہ آپ کی بیعت کریں۔اگر تو لوگ آپ کی بیعت کر لیں تو خدا کا لاکھ لاکھ شکر اور اگر وہ کسی دوسرے کی بیعت پر متفق ہو جائیں تو اس سے خدا آپ کے دین وعقل ومروت وفضل کو کوئی ضرر نہیں پہنچنے دے گا۔ان شہروں میں سے کسی شہر میں لوگوں کی کسی جماعت کے پاس آپ کے جانے سے مجھے اس بات کا خوف ہے کہ ان شہرون میں سے کسی شہر میں لوگوں کی کسی جماعت کے پاس آپ کے جانے سے مجھے اس بات کا خوف ہے کہ ان میں اختلاف نہ پڑ جائے اور پھر ایک گروہ آپ کے

ساتھ ہو اور دوسرا آپ کے خلاف جس سے کشت وخون کی نوبت آئے تو سب سے پہلے آپ کی طرف برچھیوں کا رخ ہو جائے۔آپ جیسا شخص جو شرف ذاتی اور خاندانی میں بہترین اہم ہے بہت آسانی سے اس کا خون بہا دیا جائے اور سب اہل وعیال بھی تباہی میں مبتلا ہوں۔امام حسینؑ نے فرمایا۔بھائی پھر میں کدھر جاؤں۔عرض کیا آپ مکہ میں قیام فرمائیں وہاں اطمینان حاصل ہو جائے تو فبہا۔اگر تشویش کا سامنا ہو تو وہاں سے ریگستانوں اور کوہستانوں کی طرف نکل جائیے۔ایک مقام کو چھوڑ کر دوسری زمین کی طرف جائیے۔دیکھتے رہیئے کہ اونٹ کس کروٹ بیٹھتا ہے اور اس وقت آپ کی کیا رائے قرار پاتی ہے۔تمام معاملات کو سامنے کے رخ سے دیکھئے تو زیادہ تر قرین صواب اور مقتضائے عقل کی بات ہے۔محمد کا مشورہ سنکر فرمایا بھائی تم نے خیر خواہی اور شفقت کی بات کی ہے۔امید ہے کہ تمہاری رائے درست اور موافق ہوگی۔

معاویہ کی یزید کو وصیت

اس سال معاویہ کو مرض موت لاحق ہوئی۔یزید کو بلا بھیجا اور کہا بیٹا میں نے تجھے زحمت ومشقت سے بچالیا۔تیرے لیے ہر مشکل امر کو سہل کر دیا۔تیرے لیے دشمنوں کو میں نے رام کر دیا۔تیرے لیے عرب کی گردنیں میں نے جھکا دیں جو کچھ میں نے تیرے لیے کیا ہے وہ کسی نے نہ کیا ہوگا۔مجھے اس بات کا اندیشہ نہیں کہ جو امر خلافت تیرے لیے حتمی ہو چکا ہے اس میں چار دشمنوں کے علاوہ کوئی دوسرا تجھ سے نزاع اور جھگڑا کرے گا۔حسینؑ ابن علیؑ،عبداللہ بن عمر،عبداللہ بن زبیر،عبدالرحمن بن ابوبکر۔ان میں سے عبداللہ بن عمر تو جب دیکھے گا کہ اس کے سوا اب کوئی باقی نہیں رہا تو وہ بھی تیری بیعت کر لے گا حسینؑ ابن علیؑ کو عراق کے لوگ ضرور خروج پر آمادہ کریں گے اگر وہ خروج کریں اور تو ان پر قابو پالے تو درگزر کرنا کیونکہ ان کو قرابت قریبہ حاصل ہے اور وہ بڑا حق رکھتے یں۔ابوبکر کا بیٹا اپنے ساتھیوں کو جو کام کرتے دیکھتا ہے وہی کرنے لگ جاتا ہے۔اسے عورتوں اور لہو ولعب کے سوا کسی بات کا خیال نہیں،ہاں جو شخص شیر کی طرح تیری گھات میں بیٹھے گا اور لومڑی کی طرح تجھے دھوکہ دے گا۔جب اسے موقع ملا حملہ کرے گا۔وہ ابن زبیر ہے اگر ایسی حرکتیں کرے اور تیرے قابو میں آجائے تو اس کے ٹکڑے اڑا دینا۔

معاویہ کی ربیع الاول 41 کی پچیسویں تاریخ کو حسنؑ بن علیؑ سے صلح ہوئی اور امرِ حکومت پر معاویہ متمکن ہو گیا اور سب لوگوں نے اس کی بیعت کر لی تو اس سال کا نام عام الجماعۃ ہوا اور رجب کی بائیس تاریخ 60ھ جمعرات کے دن دمشق میں معاویہ کی وفات ہوئی تو اس کی مدت حکومت انیس برس تین مہینے ستائیس دن ہوئی۔معاویہ کی عمر پچھتر،تہتر،اٹھتر،اسی اور پچاسی سال لکھی گئی ہے۔کھنکار میں خون آنے کا مرض اسے ہوا اور اسی دن مر گیا۔اس بیماری میں جب معاویہ کی دو بیٹیاں اسے کروٹ بدل ہی تھیں تو معاویہ نے کہا تم اس شخص کو الٹ

پلٹ کر رہی ہو جو دنیا کے الٹ پلٹ کرنے میں استاد تھا جوانی سے لے کر بڑھاپے تک مال جمع کرتا رہا۔ بشرطیکہ دوزخ سے بچ جائے۔ یزید مقام حوارین میں تھا۔ معاویہ کی بیماری کا حال لکھ کر اسے بھیج دیا گیا تھا وہ اس وقت پہنچا جب معاویہ کو دفن کر چکے تھے۔ قبر پر آ کر اس نے نماز پڑھی، اور پھر گھر آ کر کچھ اشعار پڑھے۔

معاویہ کے متفرق حالات

معاویہ کا کاتب اور احکام جاری کرنے والا سرجون بن منصور رومی تھا۔ سب سے پہلے معاویہ نے دربان مقرر کیا۔ سب سے پہلے دیوانِ خاتم مقرر کیا۔

یارسول اللہ کہہ کر سلام کیا گیا اور روکا نہیں

حضرت عمر نے لوگوں سے کہا تم قیصر و کسریٰ کی عیاریوں اور مکاریوں کا ذکر کیا کرتے ہو تمہارے پاس بھی تو معاویہ موجود ہے۔ عمرو عاص اہلِ مصر کو ساتھ لیے ہوئے ایک دفعہ معاویہ کے پاس آیا اور ان لوگوں کو سکھا دیا کہ پسر ہند کے سامنے جانا تو امیر المومنین کہہ کر سلام نہ کرنا اس سے اس کی نظر میں تمہاری عظمت ہوگی اور جہاں تک بن پڑے تعظیم میں کمی کرنا۔ جب وہ لوگ آنے لگے تو معاویہ نے دربانوں سے کہا مجھے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ پسر نابغہ نے ان لوگوں کے نزدیک میرے رتبے کو کم کر دیا ہے۔ دیکھو جب یہ آئیں تو جہاں تک ہو سکے ان کو خوب جھنکانا اور ستانا غرض جو شخص سب سے پہلے معاویہ کے پاس آیا وہ ابنِ خیاط تھا۔ دربانوں نے اسے بہت ہی پریشان کر دیا تھا۔ وہ معاویہ کو دیکھ کر کہنے لگا السلام علیک یارسول اللہ پھر پے در پے لوگ آنے لگے اور اسی طرح کا سلام سب نے کیا۔ جب وہاں سے نکلے تو عمرو عاص نے کہا تم لوگوں پر خدا کی مار ہو۔ میں نے تو منع کیا تھا، کہ امیر المومنین کہہ کر اسے سلام نہ کرنا اور تم نے رسول اللہ کہہ کر سلام کیا۔

حضرت عمر اور معاویہ

حضرت عمر جب ملک شام آئے تو معاویہ نے حشم و خدام کے ساتھ ان سے ملاقات کی اور اسی طرح کے حشم و خدام کے ساتھ ان کے پاس گیا عمر نے کہا تم شام کو بھی حشم و خدم کے ساتھ پھرتے ہو اور صبح کو بھی ویسے ہی حشم و خدام کے ساتھ لے کر نکلتے ہو۔ یہ بھی میں نے سنا ہے کہ تم گھر میں ہوتے ہو اور اہل حاجت تمہارے دروازے ہی پر ہوتے ہیں۔ معاویہ نے کہا ''امیر المومنین دشمن یہاں سے بہت قریب ہے۔ اس کے جاسوس اور مخبر یہاں ہیں۔ میں چاہتا ہوں کہ وہ شوکتِ اسلام کو دیکھیں۔ عمر نے کہا یہ تو ایک عاقلانہ مکاری ہے۔ معاویہ نے کہا ''امیر المومنین'' آپ جیسا فرمائیں میں اسی حکم کو بجالاؤں۔ عمر نے کہا میں نے جب کسی بات پر ٹوکا ہے تم نے ضرور اس کو ترک کر دیا ہے۔ اس بارے میں نہ تو میں حکم دیتا ہوں اور نہ ہی منع کرتا ہوں۔

معاویہ کا اقرار

شام کے ایک قریہ سے کسی ضلع کی طرف معاویہ جارہا تھا شام کے ایک وقت مکان میں اتر پڑا۔کوٹھے پر اس کے لیے فرش ہوگیا۔ابن مسعدہ بھی اس کے پاس بیٹھا ہوا تھا۔اس طرف سے اونٹوں کی قطاریں،اونٹنیاں ،گھوڑے اور کنیزیں گزریں۔معاویہ نے کہا اے مسعدہ خدا ابوبکر پر رحم کرے نہ تو انہوں نے دنیا کی خواہش کی اور نہ ہی دنیا نے انہیں چاہا باقی رہا حنتمہ کا بیٹا (عمر) دنیا نے تو اسے چاہا مگر اس نے دنیا کو نہیں چاہا۔عثمان نے تو خوب دنیا سے فائدہ اٹھایا اور دنیا نے اس سے فائدہ اٹھایا۔باقی رہے ہم تو ہمارا حال یہ ہے کہ ہم دنیا میں لوٹ پوٹ ہورہے ہیں یہ کہہ کر پشیمان سا ہوکر کہنے لگا۔بخدا یہ تو بادشاہی ہے جو خدا نے ہمیں عطا کی ہے۔

باب 8

یزید بن معاویہ

اسی سال 60ھ معاویہ کی وفات کے بعد یزید کی لوگوں نے بیعت کی۔ یہ واقعہ ماہ رجب کی پندرھویں یا بائیسویں تاریخ کا ہے۔ یزید جب والیٔ ملک بنا تو اسے اس کے سوائے کوئی فکر نہ تھی کہ معاویہ کے کہنے پر جن لوگوں نے اس کی بیعت نہیں کی ان سے بیعت لی جائے اور ان کی طرف سے فراغت حاصل کی جائے۔

یزید کا ولید کے نام خط

اسی بنا پر اس نے ولید بن عتبہ کو خط لکھا۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم ''امیر المومنین'' یزید کی طرف سے ولید بن عتبہ کو معلوم ہو کہ معاویہ خدا کے بندوں میں سے ایک بندہ تھا۔ خدا نے اسے کرامت خلافت عطا کیا اور حکومت سے سرفراز کیا تھا۔ جتنی عمر اس کی لکھی ہوئی تھی اس وقت تک زندہ رہا۔ جب مدت ختم ہو گئی تو وہ مر گیا۔ خدا اس پر رحم کرے کہ زندگی بھر لائق شتائش رہا۔ نیکوکار اور پرہیز گار ہو کر مرا۔ والسلام۔ ایک علٰحدہ رقعہ میں اسے لکھا کہ حسینؑ، عبداللہ بن عمر اور عبداللہ بن زبیر سے بیعت لینے میں سختی اور تشدد کرو اور جب تک وہ بیعت نہ کر لیں ذرا بھر انہیں مہلت نہ دو۔

ولید بن عتبہ اور مروان بن حکم

معاویہ کی خبر مرگ سے ولید کو تشویش ہوئی اور اسے وہ ایک امر عظیم سمجھا لہذا مروان بن حکم کو بلوا بھیجا۔ ولید جس دن مدینہ میں آیا تھا اسی دن مروان بھی بہت ناپسندیدگی کے ساتھ شہر میں آیا تھا جس کی بنا پر ولید نے اسے گالیاں دی میں تو اس نے ولید سے ملنا چھوڑ دیا تھا اور اس سے قطع تعلق کر لیا تھا۔ اس بات کو اتنا زمانہ گزر گیا کہ معاویہ کی خبر مرگ ولید کو پہنچی جب معاویہ کی ہلاکت کو ولید نے امر عظیم سمجھا اور ساتھ ساتھ اسے ان لوگوں سے بیعت لینے کا حکم بھی ہوا تو ایسے میں وہ مروان سے مشورہ لینے پر مجبور ہو گیا۔ جب اس نے مروان کو یزید کا خط پڑھ کر سنایا تو اس نے انا للہ وانا الہ راجعون ورحتہ اللہ کہا۔

مروان کا ولید کو مشورہ

ولید نے اس سلسلہ میں اس سے مشورہ چاہا اور پوچھا تمہاری کیا رائے ہے اور ہمیں کیا کرنا چاہیئے۔ مروان نے جواب دیا کہ میری رائے یہ ہے کہ اسی وقت ان لوگوں کو بلا بھیجو جب وہ آئیں تو ان سے

یزید کی بیعت اور اطاعت گزاری کا اقرار لے لو وہ مان جائیں تو تم بھی مان جانا اور ان سے باز رہنا۔ اگر انکار کریں تو سب کی گردن اڑا دو۔ قبل اس کے کہ انہیں معاویہ کے مرنے کی خبر معلوم ہو اور اگر انہیں پہلے معلوم ہو گیا کہ معاویہ مر گیا ہے تو ان میں سے ہر شخص کسی طرف اٹھ کھڑا ہوگا اور مخالفت و مقابلہ پر کمر باندھ لے گا اور کیا معلوم کہ لوگوں کو اپنی اطاعت پر بھی آمادہ کر لے۔

ابوسعید مقبری کی روایت

ابوسعید کہتا ہے کہ میں نے مسجد مدینہ میں حسینؑ کو آتے دیکھا آپ دو شخصوں کے درمیان چل رہے تھے۔ کبھی اس طرف اور کبھی اس طرف چل دیتے اور یزید بن مفرغ کے یہ اشعار آپ کی زبان پر تھے جن کا مفہوم یہ ہے۔ شہسواری کا پھر میں نام نہ لوں۔ پھر نہ رکھوں یزید نام اپنا۔ میں گوارا کروں اگر ذلت۔ ایسے جینے کو ہے سلام اپنا۔ راوی کہتا ہے میں نے اسی وقت دل میں کہا کہ آپ بخدا کچھ اور ہی ارادہ رکھتے ہیں۔ تب ہی تو یہ شعر پڑھا ہے۔ ابھی دو ہی دن گزرے تھے کہ میں نے سنا آپ مکہ روانہ ہو گئے۔

امام حسینؑ کی مکہ میں آمد

آپ جب مکہ کی طرف روانہ ہوئے تو یہ آیت پڑھی فخرج منها خائفا یترقب قال رب نجنی من القوم الظالمین۔ (حضرت موسیٰ) بیم و امید کی حالت میں شہر سے نکلے کہا پروردگار ظالم قوم کے ہاتھ سے مجھے نجات دے۔ جب مکہ میں داخل ہوئے تو یہ آیت پڑھی فلما توجه تلقاء مدین قال عسیٰ ربی ان یهدینی سواء السبیل۔ یعنی (جب موسیٰ) مدین کی طرف متوجہ ہوئے تو کہا امید ہے کہ میرا مالک مجھے سیدھے راستہ پر لگا دے۔

باب 9
مسلم بن عقیل

مسلم بن عقیل کی کوفہ روانگی

حسینؑ ابن علیؑ مکہ ہی میں تھے کہ ان کے پاس اہل کوفہ اور ان کے قاصد یہ پیغام لے کر آئے۔ہم سب لوگ آپ پر بھروسہ کیے بیٹھے ہیں ہم نماز جمعہ میں والی کوفہ کے ساتھ شریک نہیں ہوئے۔آپ ہم لوگوں میں آجایئے۔آپ ہم لوگوں میں آجایئے اس زمانہ میں نعمان بن بشیر انصاری کوفہ کا والی تھا۔حسینؑ بن علیؑ نے اپنے چچازاد بھائی مسلم بن عقیل کو بلا بھیجا۔انہیں فرمایا کہ تم کوفہ روانہ ہوجاؤ اور دیکھو کہ یہ لوگ مجھے کیا لکھ رہے ہیں اگر تو ان کی تحریریں سچی ہیں تو میں وہاں چلا جاؤں۔مسلم مکہ سے چل کر مدینہ آئے اور یہاں سے دو رہبروں کو ساتھ لے کر کوفہ کی طرف چلے۔

مُسلم کی کوفہ میں آمد

مسلم آگے بڑھے یہاں تک کہ کوفہ مین پہنچ گئے اور وہاں ایک شخص (مسلم) ابن عوسجہ کے یہاں تشریف فرما ہوئے۔اور لوگ آکر ان سے بیعت کرنے لگے یہانتک کہ بارہ ہزار افراد نے آپ کی بیعت کرلی۔یزیدیوں میں سے ایک شخص نے کھڑے ہوکر نعمان بن بشیر (گورنر کوفہ) سے کہا یا تو تم کمزور ہو یا کمزور بنتے ہو۔شہر میں خرابی پھیل رہی ہے نعمان نے کہا اگر اطاعتِ خدا میں رہ کر میں کمزور سمجھا جاؤں تو یہ اس سے بہتر ہے کہ معصیت خدا میں رہ کر صاحب قوت کہلاؤں میں ایسا شخص نہیں ہوں کہ جس بات پر خدا نے پردہ ڈال دیا ہے میں اس کا پردہ فاش کروں اس شخص نے نعمان بن بشیر کی یہ تقریر یزید کو لکھ بھیجی۔

کوفہ کی گورنری پر ابن زیاد کا تقرر

یزید نے اپنے ایک غلام سرجون نامی (یہ عیسائی تھا) کو بلایا اسی سے مشورہ کرتا تھا۔اس سے سب حالات بیان کئے سرجون نے کہا اگر معاویہ زندہ ہوتے تو آپ ان کی بات قبول کرلیتے۔یزید نے کہا ہاں تو اس نے کہا پھر میری بات کو مانئے کوفہ کے لیے عبیداللہ بن زیاد سے بہتر کوئی شخص نہیں اسی کو وہاں کی حکومت دیجئے۔اس سے پہلے یزید عبیداللہ پر ناراض تھا۔وہ چاہتا تھا کہ اسے حکومت بصرہ سے بھی معزول کردے اب اسے لکھ بھیجا کہ میں تم سے خوش ہوں اور میں نے بصرہ کے ساتھ کوفہ کی حکومت بھی تم کو عطا کی یہ بھی لکھا کہ مسلم بن

عقیل کا پتہ لگاؤ اور جب وہ ہاتھ آ جائے تو اسے قتل کر دو۔ عبیداللہ رؤسائے بصرہ کو ساتھ لیے ڈھانٹا باندھے ہوئے کوفہ میں داخل ہوئے۔ جس مجمع کی طرف سے گزرتا سلام علیکم کہتا تو جواب میں لوگ کہتے علیک السلام یا بن بنت رسول اللہؐ کیونکہ لوگوں کو یہ گمان تھا کہ یہ حسینؑ بن علیؑ ہیں۔

بنی تمیم کے غلام کی مخبری

عبیداللہ قصرِ الامارہ میں آ کر اترا اپنے ایک غلام کو بلا کر تین ہزار درہم دیئے اور کہا جاؤ اس شخص کا پتہ لگاؤ جس کی اہلِ کوفہ بیعت کر رہے ہیں۔ اس سے یہی کہنا کہ میں حمص سے اسی بیعت کے لیے آیا ہوں۔ اور یہ مال اسے دے دینا کہ اس سے آپ تقویت حاصل کریں۔ اسی طرح وہ لطف و دل دہی کرتا رہا یہاں تک کہ اہلِ کوفہ میں سے ایک بوڑھے شخص کے پاس جو بیعت لیا کرتا تھا اسے کسی نے پہنچا دیا یہ اس سے ملا اور سب حال بیان کیا۔ وہ شیخ اس غلام کو اندر لے گیا۔ اس سے مال وصول کیا اور بیعت بھی لی۔ غلام نے عبیداللہ کے پاس جا کر سب کچھ اسے بتا دیا۔ عبیداللہ جب کوفہ میں آیا تھا تو مسلم پہلے جس گھر میں تھے اسے چھوڑ کر ہانی بن عروہ مرادی کے گھر چلے آئے تھے اور حسینؑ بن علیؑ کو لکھ بھیجا تھا کہ بارہ ہزار کوفیوں نے بیعت کر لی ہے آپ ضرور تشریف لائیے۔

ہانیؓ بن عروہ کی طلبی

ادھر عبیداللہ نے روسیائے کوفہ سے پوچھا کہ سب لوگوں کے ساتھ ہانی بن عروہ میرے پاس کیوں نہیں آئے۔ یہ سن کر محمد بن اشعث اپنی برادری کے لوگوں کو لیے ہوئے ہانی کے پاس آیا تو دیکھا کہ وہ دروازے کے باہر ہی ہیں ان سے کہا کہ حاکم نے ابھی تمہارا ذکر کیا ہے اور کہا کہ انہوں نے آنے میں تاخیر کی تم کو اس کے پاس جانا چاہیئے۔ یہ لوگ اسی طرح اصرار کرتے رہے بالآخر ہانی سوار ہو کر ان لوگوں کے ساتھ عبیداللہ کے پاس چلے آئے۔ اس وقت قاضی شریح بھی وہاں موجود تھا ہانی کو دیکھ کر عبیداللہ نے شریح سے کہا۔ لو اجل گرفتہ اپنے پاؤں ہمارے پاس چلا آیا۔ ہانی نے جب سلام کیا تو ابنِ زیاد کہنے لگا۔ بتاؤ مسلم کہاں ہے ہانی نے کہا میں نہیں جانتا۔

ہانی کی گرفتاری

عبیداللہ نے اپنے اس غلام کو بلایا جو درہم لے گیا تھا جب وہ ہانی کے سامنے آیا تو ہانی اس کو دیکھ کر حیران ہو گئے اور کہنے لگے۔ امیر کا خدا بھلا کرے، واللہ میں نے مسلم کو اپنے گھر نہیں بلایا وہ خود سے آئے تھے اور اپنے تئیں میرے اوپر ڈال دیا۔ عبیداللہ نے کہا پھر ان کو میرے پاس لے آؤ۔ ہانی نے جواب دیا بخدا اگر وہ میرے پاؤں کے نیچے چھپے ہوئے ہوتے تو میں وہاں سے قدم نہ سرکاتا۔ عبیداللہ نے حکم دیا کہ اسے میرے قریب لاؤ۔ ہانی کو اس کے قریب لے کر گئے تو اس نے ان پر ایک ایسی ضرب لگائی۔ جس سے ان کے ابرو خون آلود

ہو گئے۔ہانی نے ایک سپاہی کی تلوار کی طرف ہاتھ بڑھایا تا کہ اسے میان سے نکالیں مگر انہیں روک دیا گیا۔عبیداللہ نے کہا تمہارا قتل اب خدا نے حلال کر دیا ہے یہ کہہ کر ان کو قید کر دینے کا حکم دیا اور قصر کی ایک جانب انہیں محبوس کر دیا گیا۔

قصر ابنِ زیاد کا محاصرہ

ایک روایت میں یہ ہے کہ جو شخص عبیداللہ کے پاس ہانی کو لے کر آیا وہ عمرو بن حجاج زبیدی تھا۔ہانی اس حالت میں تھے کہ یہ خبر قبیلہ مذحج کو پہنچ گئی۔ابنِ زیاد کے قصر کے دروازے پر ایک شور بلند ہوا۔وہ سن کر پوچھنے لگا۔یہ کیا ماجرا ہے لوگوں نے کہا یہ مذحج کے لوگ ہیں۔ابن زیاد نے شریح سے کہا۔آپ ان لوگوں کے پاس جا کر انہیں مطلع کیجئے۔کہ میں نے گفتگو کرنے کے لیے ہانی کو فقط روک رکھا ہے اور اپنے ایک غلام کو جاسوسی کے لیے بھیجا کہ دیکھ شریح کیا گفتگو کرتا ہے۔شریح کا گزر ہانی کی طرف سے ہوا تو ہانی نے کہا۔اے شریح خدا سے ڈرو یہ شخص مجھے قتل کرنا چاہتا ہے۔شریح نے قصر کے دروازے پر کھڑے ہو کر کہا۔ہانی کے لیے کچھ ضرر پہنچنے کا اندیشہ نہیں۔امیر نے کچھ گفتگو کرنے کے لیے صرف انہیں روک رکھا ہے۔سب پکار اٹھے کہ شریح سچ کہتے ہیں۔تمہارے سردار کے لیے ضرر پہنچنے کا کوئی اندیشہ نہیں یہ سن کر سب لوگ منتشر ہو گئے۔مسلم کو یہ خبر پہنچی تو انہوں نے اپنے شعار (اشعار سے مراد مقرر الفاظ ہوتے ہیں کہ جب وہ پکارے جائیں تو سب شرکاء اپنے کام کے لیے آمادہ ہو جائیں) کی منادی کرا دی۔اور اہل کوفہ میں سے چار ہزار افراد ان کے پاس جمع ہو گئے۔

جناب مسلم سے اہل کوفہ کی بدعہدی

مسلم نے مقدمہ فوج کے آگے بڑھایا میمنہ اور میسرہ کو درست کیا اور خود قلب لشکر میں ہو کر بالآخر عبیداللہ کی طرف رخ کیا ادھر عبیداللہ نے رؤسائے کوفہ کو بلا کر اپنے قصر خاص میں جمع کیا۔جب مسلم قصر کے دروازے پر پہنچے تو تمام رؤسا قصر پر چڑھ کر اپنے اپنے برادری والوں کے سامنے آئے اور انہیں سمجھا سمجھا کر واپس کرنے لگے تو لوگ مسلم کے پاس سے سرکنے لگے شام ہونے تک پانچ سو آدمی رہ گئے۔جب شب کی تاریکی پھیل گئی تو وہ بھی ساتھ چھوڑ کر چلے گئے مسلم اکیلے گلیوں میں پھرتے پھرتے ایک مکان کے دروازے پر بیٹھ گئے ایک عورت نکل کر آئی تو سے پانی مانگا اس نے پانی لا کر پلا دیا اور پھر اندر چلی گئی۔کچھ دیر کے بعد وہ پھر نکلی اور دیکھا کہ وہ بیٹھے ہوئے ہیں۔اس نے کہا بندہِ خدا تیرے یہاں بیٹھنے سے مجھے اندیشہ ہوتا ہے۔یہاں سے چلے جاؤ۔آپ نے فرمایا میں مسلم بن عقیل ہوں۔کیا تمہارے ہاں کوئی پناہ لینے کی جگہ ہے۔اس خاتون نے کہا اندر تشریف لائیے جگہ موجود ہے۔

جناب مسلم بن عقیل کی گرفتاری

اس عورت کا لڑکا محمد بن اشعث کے خانہ زادوں میں سے تھا اسے جب یہ معلوم ہوا تو وہ محمد بن اشعث سے کہہ آیا اور اس نے جا کر عبیداللہ کو خبر دی۔ عبیداللہ نے اپنے پولیس افسر عمرو بن حریث مخزومی کو روانہ کیا اور اس کے ساتھ محمد اشعث کے بیٹے عبدالرحمن کو بھی ساتھ کر دیا۔ جناب مسلم کو جب پتہ چلا کہ گھر کو سپاہیوں نے گھیر لیا ہے۔ انہوں نے یہ دیکھ کر تلوار اٹھالی اور باہر آ کر قتال میں مصروف ہو گئے۔ عبدالرحمان نے انہیں امان دی۔ پھر وہ انہیں لے کر عبیداللہ کے پاس آیا عبیداللہ کے حکم سے قصر کی چوٹی پر ان کو لے گئے۔ وہاں ان کا سر قلم کر کے لاش لوگوں کے سامنے پھینک دی۔

تفصلی واقعات

امام حسینؑ اور عبداللہ بن مطیع میں گفتگو

اس سے زیادہ مفصل اور کامل بیان اس روایت میں ہے کہ امام حسینؑ مدینہ کی شاہراہ سے مکہ کی طرف روانہ ہوئے تو آپ کے اہلِ بیت نے عرض کی۔ آپ اس راستہ کو چھوڑ دیتے تو اچھا تھا۔ دیکھئے ابنِ زبیر نے بھی تو یہی کہا ہے۔ امام حسینؑ نے فرمایا۔ بخدا میں تو اس راستہ سے نہیں پھروں گا۔ جو خدا کو منظور ہے وہ ہو کے رہیگا راستے میں عبداللہ بن مطیع امام حسینؑ سے ملا تو اس نے پوچھا۔ میری جان آپ پر نثار ہو۔ کہاں کا ارادہ ہے، آپ نے فرمایا ابھی تو مکہ جا رہا ہوں۔ اس کے بعد حق تعالیٰ سے استخارہ کروں گا۔ ابنِ مطیع نے عرض کی حق تعالیٰ آپ کو خیریت سے رکھے اور ہم لوگوں کو آپ کا صدقہ قرار دے۔ مکہ جایئے تو وہاں سے کوفہ کا قصد ہرگز نہ کیجئے وہ شہر نجس اور شوم ہے۔ آپ کے پدر بزرگوار وہیں شہید ہوئے۔ آپ کے بھائی وہیں بیکس و بے بس ہوئے۔ برچھی کا واران پر کیا گیا کہ جان جاتے جاتے بچی۔ آپ حرم کعبہ کو نہ چھوڑیئے۔ آپ ہی تو سید عرب ہیں واللہ ملکِ حجاز میں آپ کا کوئی ہمسر نہیں۔ ہر طرف سے لوگ آپ کے پاس آئیں گے۔ میرے ماں باپ آپ پر فدا ہو جائیں۔ آپ حرم کعبہ سے جدا نہ ہوں۔ بخدا اگر آپ شہید کر دیئے گئے تو ہم سب لوگ آپ کے بعد غلام بنا لیے جائیں گے۔

اہل مکہ کی امام حسینؑ سے عقیدت

امام حسینؑ آگے بڑھے اور مکہ میں جا کر قیام پذیر ہوئے وہاں کے لوگ زائرین کعبہ اور اہلِ آفاق آپ کی طرف متوجہ ہوئے اور آپ کے پاس آنے جانے لگے۔ ابنِ زبیر بھی وہاں موجود تھا۔ خانہ کعبہ سے ذرا بھی جدا نہیں ہوتا تھا۔ سارا سارا دن نماز پڑھتا اور طواف کرتا تھا۔ دوسرے لوگوں کے ساتھ امام حسینؑ کے پاس بھی آتا

۔آنے کی صورت یہ تھی کہ دو دن برابر آتا۔پھر دو دن میں ایک دن آتا اور ایک دن نہ آتا برابر انہیں رائے دیتا رہتا اور حسینؑ سے بڑھ کر دنیا بھر میں کوئی شخص اس کے لیے دو بھر نہیں تھا کیونکہ وہ جانتا تھا کہ حسینؑ کے ہوتے ہوئے اہل حجاز کبھی بھی میری بیعت نہیں کریں گے اور نہ ہی کبھی میری اطاعت کریں گے۔وہ سمجھ گیا تھا کہ سب کی نگاہیں اور سب کے دل میں حسینؑ کی عظمت ہے اور ان کی طرف لوگوں کی رغبت مجھ سے بڑھ کر ہے۔جب اہلِ کوفہ کو معاویہ کے ہلاک ہونے کی خبر پہنچی تو یزید کے خیال سے عراق کے لوگ مضطرب ہو گئے اور کہنے لگے امام حسینؑ اور ابن زبیر نے یزید کی بیعت نہیں کی اور وہ دونوں مکہ میں چلے آئے ہیں اس پر اہلِ کوفہ نے امام حسینؑ کو خط لکھا۔

سلیمان بن صرد کا شیعانِ علیؑ سے خطاب

سلیمان بن صرد کے مکان پر شیعہ جمع ہوئے معاویہ کے مرنے کا ذکر کر کے سب نے خدا کا شکر ادا کیا۔پھر سلیمان نے کہا،معاویہ تو ہلاک ہو گیا ہے اور امام حسینؑ نے بیعت سے ہاتھ روک لیا ہے اور وہ مکہ چلے آئے ہیں تم لوگ ان کے اور ان کے والد گرامی کے شیعہ ہو۔اگر تم لوگ ان کی نصرت اور ان کے دشمن سے جہاد کرنا چاہتے ہو،تو ان کو لکھو اور اگر تمہیں ڈر جانے اور بزدلی کا اندیشہ ہو تو ان کو دھوکہ نہ دو۔سب نے کہا کہ ہم ان کے دشمن سے جہاد کریں گے اور اپنی جانیں ان پر نثار کریں گے۔سلیمان نے کہا تو پھر اچھا انہیں خط لکھو چنانچہ خط لکھا گیا۔

امام حسینؑ کو کوفہ آنے کی دعوت

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔حسینؑ بن علی کے نام سلیمان بن صرد مسیب بن نجیہ،رفاعہ بن شداد حبیب بن مظاہر اور کوفہ کے شیعہ مومنین و مسلمین کی طرف سے سلام علیک ہم لوگ اس اللہ تعالیٰ کی حمد کرتے ہیں جس کے سوا کوئی سزاوار پرستش نہیں ہے اس کے بعد اللہ کا شکر ہے کہ اس نے آپ کے سرکش اور گمراہ دشمن کو خاک میں ملا دیا ہے جس نے اس امت کی حکومت کو دبا لیا تھا،غنائم کو چھین لیا تھا اور ان کی مرضی کے بغیر ان کا حاکم بن بیٹھا تھا نیک لوگوں کو اس نے قتل کر ڈالا اور بدکاروں کو رہنے دیا۔مال خدا کو وہ دست بدست ظالموں میں پھرا رہا تھا۔اس پر ایسا عذاب نازل ہو جیسا قوم ثمود پر نازل ہوا تھا۔ہم لوگوں کو کوئی ھدایت کرنے والا نہیں آپ تشریف لائیے شاید خدا آپ کی وجہ سے ہم سب کو حق پر مجمع کر دے۔نعمان بن بشیر قصر الامارہ میں موجود تو ہے لیکن ہم لوگ نہ جمعہ میں اس کے ساتھ اکٹھے ہوتے ہیں اور نہ عیدگاہ میں اس کے ساتھ جاتے ہیں۔ہمیں اگر اتنا معلوم ہو جائے کہ آپ ہمارے پاس تشریف لا رہے ہیں۔تو ہم انشاء اللہ اس کو اس طرح نکال دیں گے کہ اسے شام میں چلا جانا پڑے۔والسلام ورحمۃ اللہ علیک۔

کوفیوں کے خطوط امام حسینؑ کے نام

یہ خط عبداللہ بن سبع ہمدانی اور عبداللہ بن وال کے ہاتھ روانہ کیا اور انہیں جلدی پہنچانے کا حکم دیا۔ یہ خط ماہِ رمضان کی دس تاریخ کو مکہ میں امام حسینؑ کو ملا۔ اس خط کے روانہ کرنے کے دو دن بعد قیس بن مسہر صیدادی۔ عبدالرحمن بن عبداللہ ارجی اور عمارہ بن عبید سلولی کے ہاتھ تقریباً ترپین خطوط روانہ کئے جو ایک کی طرف سے دو کی طرف سے، چار کی طرف سے تھے۔ پھر دو دن کے بعد بان بن ہانی اور سعید بن عبداللہ کے ہاتھ یہ خط روانہ کیا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ حسین بن علی کے نام ان کے شیعہ مومنین اور مسلمین کی طرف سے۔ جلد روانہ ہو جایئے۔ لوگ آپکے منتظر ہیں۔ سب کی رائے بس آپ ہی کے متعلق ہے جلدی کیجئے جلدی کیجئے۔ والسلام علیک۔

اور شبث بن ربعی حجاز ابجر یزید بن حارث یزید دوئم۔ غررہ بن قیس، عمرو بن حجاج زبیدی اور محمد بن عمیر تحیمی نے لکھا نواحی کوفہ لہلہا رہے ہیں۔ میوے پختہ ہو گئے ہیں۔ تالاب چھلک رہے ہیں۔ آپ کا جب جی چاہے آیئے۔ آپ کا لشکر یہاں تیار موجود ہے۔ یہ سب پیامبر ایک ہی وقت میں حضرت کے پاس پہنچے آپ نے خطوط پڑھے۔ قاصدوں سے لوگوں کے حالات معلوم کئے۔ ہانی بن ھانی، سبیعی بن عبداللہ حنفی کو جو سب قاصدوں کے آخر میں پہنچے تھے۔ آپ نے جواب لکھ کر دیا۔

امام حسینؑ کا خط اہلِ کوفہ کے نام

حسینؑ بن علیؑ کی طرف سے جماعت مومنین و مسلمین کے نام ہانی اور سعید لوگوں کے خطوط لے کر میرے پاس آئے تمہارے قاصدوں میں یہ دونوں شخص سب سے آخر میں وارد ہوئے جو کچھ تم نے لکھا یا بیان کیا اور تم سب لوگوں کا یہ قول کہ ہمیں کوئی ہدایت کرنے والا نہیں ہے۔ آپ آیئے شاید اللہ آپ کے سبب سے حق و ہدایت پر ہم لوگوں کو مجمع کر دے۔ مجھے معلوم ہوا میں نے اپنے بھائی و ابن عم کو اور اپنے اہلِ بیت میں سے جن پر مجھے بھروسہ اور وثوق ہے۔ تمہارے پاس روانہ کیا ہے میں نے ان سے کہہ دیا ہے کہ تم لوگوں کے حالات اور سب کی رائے وہ مجھے لکھیں۔ اگر ان کی تحریر سے یہ بات ثابت ہو گئی کہ تمہاری جماعت کے لوگ اور تم میں سے صاحبان فضل و عقل سب اس پر متفق الرائے ہیں جس امر کے لیے تمہارے قاصد میرے پاس آئے ہیں اور جو مضامین میں نے تمہارے خطوط میں پڑھے ہیں تو میں انشاء اللہ بہت جلد تمہارے پاس چلا آؤں گا۔ اپنی جان کی قسم امام و رہنمائے قوم وہی شخص ہو سکتا ہے جو قرآن پر عمل کرے جو عدل و قسط کو پکڑے ہوئے ہو۔ حق کا طرف دار ہو اور ذاتِ خدا پر توکل رکھے۔ والسلام۔

عارر بنت سعید

بصرہ میں ایک بڑھیا بنی عبدقیس میں رہا کرتی تھی۔اس کا نام ماریہ بنت سعد یا بنت منقذ تھا وہ مذہب شیعہ رکھتی تھی۔کچھ دنوں تک بصرہ کے کچھ شیعہ اس کے گھر میں جمع ہوتے رہے اس گھر سے یہ لوگ مانوس تھے اور وہاں آ کر ایک دوسرے سے گفتگو کیا کرتے تھے۔اسی زمانے میں ابنِ زیاد کو امام حسینؑ کے اس طرف آنے کی خبر پہنچی تو اس نے اپنے بصرہ کے عامل کو لکھا وہ نگہبان مقرر کرے اور راستہ روک رکھے۔

یزید بن نبیط

یزید بن نبیط بنی عبدقیس میں سے ایک شخص تھا اس نے مام حسینؑ کے پاس جانے کا مصمم ارادہ کرلیا۔اس کے دس بیٹے تھے۔ان سے کہا تم میں سے کون میرا ساتھ دیتا ہے اس کے دو بیٹے عبداللہ اور عبیداللہ ساتھ چلنے پر تیار ہو گئے۔اسی بڑھیا کے گھر میں ابن نبیط نے اپنے دوستوں سے کہا میں نے یہاں سے چلے جانے کا پختہ ارادہ کرلیا ہے اب میں جا رہا ہوں۔لوگوں نے کہا تیرے بارے میں ابن زیاد کے ساتھیوں کی طرف سے ہمیشہ اندیشہ ہے۔اس نے کہا واللہ میرا ناقہ چل کھڑا ہو تو پھر مجھے کوئی نہیں پا سکتا۔الغرض وہ روانہ ہو گیا۔ناقہ اسے لے اڑا اور وہ امام حسینؑ تک پہنچا یعنی مقام ابطح میں جہاں امام حسینؑ فروکش تھے۔ابن نبیط وہاں آیا۔ادھر حسینؑ کو اس کے آنے کی خبر ہو گئی تھی۔آپ خود اس کو ملنے کے لیے اس کی فرودگاہ پر گئے۔لیکن وہ خود آپ کی جائے قیام کی طرف چل چکا تھا تو لوگوں نے اس سے کہا کہ آپ تو تمہاری منزل کی طرف تشریف لے گئے ہیں۔یہ سنتے ہی وہ پھر واپس آیا یہاں حسینؑ نے اسے نہ پایا تو وہیں اس کے انتظار میں ٹھہر گئے۔مرد عنصری نے دیکھا کہ آپ تو اس کی فردگاہ میں تشریف فرما ہیں تو پکار اٹھا کہ فضل خدا اور رحمتِ باری! بڑی خوشی کی بات ہے یہ کہہ کر اس نے سلام کیا سامنے بیٹھ گیا اور جس ارادہ سے آیا تھا وہ بیان کیا آپ نے اس کے لیے دعائے خیر کی پھر وہ آپ کے ساتھ ہی رہا۔یہاں تک کہ منزل مقصود تک پہنچا۔آپ کے ساتھ جہاد میں شریک ہوا اور آپ کے ساتھ ہی وہ اور اس کے دونوں بیٹے درجہ شہادت پر فائز ہوئے۔

جناب مسلم کی کوفہ روانگی

آپ نے مسلم بن عقیل کو قیس بن مسہر صیدادی وغیرہ کے ساتھ روانہ کیا۔خوفِ خدا اخفائے راز اور خوبی ونرمی کا انہیں حکم دیا اور فرمایا اگر دیکھو کہ لوگ مجتمع اور آمادہ ہیں تو بہت جلد اس امر کی اطلاع دینا۔مسلم روانہ ہوئے مدینہ آئے مسجد نبوی میں نماز پڑھی اور اپنے گھر والوں سے رخصت ہوئے کوفہ میں داخل ہوئے تو مختار بن ابی عبید کے گھر قیام کیا شیعہ ان کے پاس آنے جانے لگے جب مجمع ان لوگوں کا ہو گیا تو جناب مسلم نے امام حسینؑ کا خط

پڑھ کر سنایا خط سن کر سب لوگ رونے لگے۔

عابس بن ابی شبیب شاکری

اس وقت عابس شاکری اٹھ کھڑے ہوئے۔حق تعالیٰ کی حمد وثنا بجالائے اور کہا لوگوں کی طرف سے تو میں کچھ نہیں کہتا۔میں نہیں جانتا کہ ان کے دل میں کیا ہے میں ان کی طرف سے بخدا آپ کو دھوکہ نہیں دینا نہیں چاہتا۔میں تو آپ سے صرف رہی بات کہتا ہوں جس پر اپنے دل کو آمادہ کر چکا ہوں۔واللہ آپ جب مجھ پکاریں گے میں حاضر ہوں گا آپ کے ساتھ مل کر آپ کے دشمن سے قتال کروں گا۔واللہ آپ جب مجھے پکاریں گے میں حاضر ہوں گا۔آپ کے ساتھ مل کر آپ کے دشمن سے قتال کرونگا۔آپ کے لیے اپنی تلوار کے وار اس وقت تک کیے جاؤں گا جب تک کہ حق تعالیٰ سے ملاقات کروں اور اس سے مجھے رضائے خدا کے سوا اور کچھ مطلوب نہیں۔

حبیب بن مظاہر

ان کے بعد حبیب بن مظاہر کھڑے ہوئے اور کہا رحمتِ خدا ہو تم پر دل کی بات بڑی خوبی سے تم نے بیان کی اور کہا قسم ہے اس خدا کی جس کے سوا کوئی معبود نہیں میرا بھی یہی ارادہ ہے جو ان کا ہے۔پھر حنفی نے بھی یہی بات کہی۔

عبداللہ حضرمی کا خط یزید کے نام

عبداللہ حضرمی نے یزید کو لکھا مسلم بن عقیل کوفہ میں آ گئے ہیں۔شیعون نے حسینؑ بن علی کے نام پر ان سے بیعت کر لی ہے اگر تمہیں کوفہ کی خواہش ہے تو کسی زبردست شخص کو حاکم بنا کر بھیجو جو تمہارے حکم کو یہاں جاری کرے اور تمہارے دشمن کے ساتھ وہ سلوک کرے جو تم خود کرتے نعمان بن بشیر (گورنر کوفہ) یا تو کمزور ہے یا کمزور بنتا ہے اس کے بعد عمارہ بن عتبہ نے اور اس کے بعد عمر سعد نے اسی مضمون کے خط یزید کو لکھے یہ سب خط پے در پے پہنچے۔

یزید کا سرجون سے مشورہ

یزید نے معاویہ کے غلام سرجون (جو عیسائی تھا) کو بلایا اور پوچھا تمہاری کیا رائے ہے حسین کوفہ کی طرف آ رہے ہیں اور مسلم بن عقیل کوفہ میں ان کے لیے بیعت لے رہے ہیں۔یزید نے غلام کو بھی خط دکھایا اور پوچھا کہ میں کسے کوفہ کا گورنر بناؤں۔عبیداللہ بن زیاد سے یزید ان دنوں ناراض تھا۔سرجون نے کہا اگر معاویہ اس وقت تمہارے لیے زندہ کر دیا جائے تو تم اس کی رائے مانو گے یزید نے کہا ہاں یہ سن کر سرجون نے معاویہ کا وصیت نامہ

نکالا کہ عبیداللہ کو کوفہ کا حاکم بنانا۔ سرجون نے کہا یہ معاویہ کی رائے ہے وہ مرتے وقت اس نوشتہ پر عمل کرنے کا حکم دے گیا ہے۔ یزید نے اس پر عمل کیا اور عبیداللہ کو بصرہ اور کوفہ دونوں کا گورنر مقرر کیا۔ اور حکومت کوفہ کا فرمان اس کے نام لکھ دیا۔ فرمان کے ساتھ یہ خط بھی لکھ دیا۔

یزید کا خط ابنِ زیاد کے نام

میرے شیعہ جو کوفہ میں ہیں انہوں نے مجھے لکھا ہے کہ کوفہ میں ابن عقیل مسلمانوں میں تفرقہ ڈالنے کے لیے جمعیتیں تیار کر رہا ہے۔ میرا یہ خط دیکھتے ہی تم کوفہ کی طرف روانہ ہو جاؤ۔ وہاں جا کر ابنِ عقیل کو اس طرح ڈھونڈو جیسے کوئی نگینے کو ڈھونڈتا ہے۔ اسے یا تو گرفتار کر لو۔ یا قتل کر دو اور شہر سے نکال دو۔ والسلام۔

عبیداللہ کے پاس مسلم باہلی بصرہ میں خط لے کر آیا تو اس نے سامانِ سفر کی درستگی اور تیاری کا حکم دیا۔

امام حسینؑ کے خطوط شرفائے بصرہ کے نام

ادھر امام حسینؑ نے ایک غلام سلیمان کے ہاتھ بصرہ کے پانچوں گروہوں کے رؤسا اور اشرف شہر کو ایک ہی قسم کا خط روانہ کیا۔ ان لوگوں میں مالک بن مسمع بکر، احنف بن قیس، منذر بن جارود، مسعود بن عمرو، قیس بن ھیثم اور عمر بن معمر کا نام ہے۔ یہ ایک ہی قسم کا خط تھا۔ جو سب کے نام آیا تھا۔ خدا تعالیٰ نے محمدؐ کو برگزیدہ کیا اپنی مخلوقات میں نبوت سے ان کا اکرام اور رسالت کے لیے ان کا انتخاب کیا اور جب وہ اس کے بندوں کی خیر خواہی کر چکے اور اس کا پیغام پہنچا چکے تو حق تعالیٰ نے ان کو اپنے پاس بلا لیا۔ ہم لوگ ان کے اہلِ بیت اولیاء و احیاء ان کے وارث اور لوگوں میں ان کے مقام کے سب سے زیادہ حقدار ہیں۔ ہماری قوم نے اپنے تئیں ہم پر ترجیح دی تو ہم (بادل ناخواستہ) راضی ہو گئے، افتراق و اختلاف سے ہم نے کراہت کی اور امن و عافیت کو پسند کیا جب کہ ہم علم و عرفان رکھتے ہیں کہ جن لوگوں نے اس امر پر قبضہ کر رکھا ہے بہ نسبت ان کے ہم اس حق کے زیادہ مستحق ہیں جو ہمارے مقابلہ میں طلب کیا گیا ہے۔۔۔۔ میں نے اپنا قاصد تم لوگوں کے پاس یہ خط دے کر روانہ کیا ہے میں تم کو کتاب خدا اور سنت رسول اللہؐ کی طرف دعوت دیتا ہوں۔ اس لیے کہ سنتِ رسول اللہؐ مٹا دی گئی ہے اور بدعت کو رواج دیا گیا ہے۔ اگر تم لوگ میری بات کو سنو گے اور میری اطاعت کرو گے تو تم کو میں راہِ ہدایت پر لگا دوں گا والسلام علیکم ورحمۃ اللہ۔ شرفائے بصرہ میں سے جس جس نے اس خط کو پڑھا اس نے اسے مخفی رکھا۔ ہاں منذر بن جرود کو یہ وسواس ہوا کہ ایسا نہ ہو کہ عبیداللہ نے ہم لوگوں کو چکر دیا ہو وہ عبیداللہ کے پاس قاصد کو لیے ہوئے چلا آیا اور خط بھی اسے دکھا دیا۔

ابنِ زیاد کا اہلِ بصرہ سے خطاب

عبیداللہ نے اسی وقت قاصد کی گردن اڑا دی اور منبر پر گیا حمد وثنائے الٰہی کے بعد کہا ''واللہ کوئی ایسا منہ زور نہیں جو میرے مقابلے میں ٹھہر سکے میں کسی کی دشمنی کی پرواہ نہیں کرتا جو کوئی مجھ سے عداوت رکھے اس کے لیے میں عذاب ہوں جو کوئی مجھ سے جنگ آزمائی کرے میں اس کے حق میں زہر ہوں۔ جس نے کسی قدر افگن کے ساتھ تیر اندازی کی اس نے انصاف کیا اے اہلِ بصرہ! مجھے ''امیر المومنین'' نے کوفہ کا حاکم مقرر کیا ہے۔ میں کل سویرے ادھر روانہ ہو جاؤں گا۔ تم لوگوں میں عثمان بن زیاد کو اپنا جانشین کئے جاتا ہوں دیکھو مخالفت و بغاوت سے بچے رہنا۔ قسم ہے اس خدا کی جس کے سوا کوئی معبود نہیں اگر تم میں سے کسی شخص کی مخالفت کا حال مجھے معلوم ہوا تو میں اسے اس کے سرغبہ اور اس کے ہواخواہ کو ضرور قتل کروں گا۔ میں قریب کو بعید کے عوض میں پکڑوں گا تا کہ تم سب میری اطاعت کرنے لگو اور تم میں کوئی مخالف اور معاند نظر نہ آئے میں زیاد کا بیٹا ہوں۔ دنیا میں سب سے زیادہ اس کے ساتھ مشابہت رکھتا ہوں۔ مجھے کسی ماموں یا چچا کے ساتھ مشابہت نہیں ہے۔

ابنِ زیاد کی بصرہ سے روانگی

دوسرے دن اس نے اپنے بڑے بھائی عثمان بن زیاد کو اپنا جانشین مقرر کیا اور مسلم بن عمرو باہلی شریک بن اعور حارثی اور اپنے تمام حشم وخدام اور اہل وعیال کے ساتھ بصرہ سے کوفہ کی طرف روانہ ہوا۔ کالا عمامہ سر پر رکھے ڈھاٹا باندھے ہوئے کوفہ میں داخل ہوا۔ یہاں لوگوں میں حسینؑ کے روانہ ہونے کی خبر پہنچ چکی تھی۔ سب لوگ ان کے منتظر تھے۔ عبیداللہ کو دیکھ کر سمجھے کہ حسینؑ ہیں۔ جس جس مجمع کی طرف سے گزرتا تھا لوگ سلام کرتے اور کہتے یا بن رسول اللہ مرحبا آپ کا آجانا کیسا اچھا ہوا۔ حسینؑ کے لیے ان کا خوش ہونا عبیداللہ کو ناگوار گزرا۔ جب ان لوگوں کو زیادہ خوشی کرتے دیکھا تو مسلم باھلی نے کہا ہٹ جاؤ۔ یہ امیر عبیداللہ بن زیاد ہے تو سب لوگوں کو انتہائی رنج اور قلق ہوا۔

ابنِ زیاد کی اہلِ کوفہ کو دھمکی

قصر میں داخل ہو کر اس نے الصلوٰۃ جامعہ کی ندا کرائی لوگ سب جمع ہو گئے تو اس نے حمد وثنا کے بعد کہا ''امیر المومنین'' اصحلہ اللہ نے مجھے تمہارے شہر اور حدود کا والی مقرر کیا ہے اور مجھے حکم دیا ہے کہ تم میں سے جو مظلوم ہو اس سے انصاف کروں جو محروم ہو اس کو عطا کروں۔ جو بات سنے اور اطاعت کرے اس پر احسان کروں جو بے ایمان و نافرمان ہو اس پر تشدد کروں۔ میں تم لوگوں کے بارے میں اس حکم کا اتباع کروں گا۔ اس کے فرمان کو نافذ کروں گا۔ تم میں سے جو شخص خوش کردار اور مطیع ہے میں اس سے پدر مہربانی کی طرح پیش آؤں گا اور

جوشخص میرا حکم نہ مانے گا۔ میرا فرمان بجانہیں لائے گا تو اس کے لیے میرا تازیانہ میری تلوار ہے انسان کو چاہیئے کہ وہ اپنی خیر منائے ۔راستی بلا کوٹالتی ہے یہ کہہ کر اتر آیا اور تمام سرکردہ افراد اور دیگر لوگوں پر تشدد کرنے لگا کہ تم لوگوں میں جونو وارد ہیں اور جن کی رائے مخالفت اور نافرمانی کرنا ہے ان سب کے نام مجھے لکھ کر دو جو شخص لکھ دے گا وہ بری ہوجائے گا اور جو کسی کا نام نہ لکھے گا۔ اس بات کا ضامن ہو کہ اس کے قبیلے میں سے کوئی ہماری مخالفت اور ہم سے بغاوت نہیں کرے گا اگر ایسا نہ ہوا تو پھر ہم سے کوئی شکایت نہ ہو اور اس کی جان و مال کا لینا ہمارے لیے حلال ہوگا۔ اور جس کردہ کے قبیلہ میں کوئی ایسا شخص پایا جائے گا۔ جس کی امیر المومنین کو تلاش ہو اور اس نے اب تک اسے پیش نہ کیا ہوگا تو وہ اپنے گھر ہی کے دروازے پر لٹکا دیا جائے گا۔ اور دفتر عطیات سے اس کی خدمت وملازمت ختم کردی جائے گی اور موضع عمان الزارہ کی طرف اسے نکال دیا جائے گا۔

ابنِ زیاد کی کوفہ میں آمد

یزید کا خط جب ابن زیاد تک پہنچا تو اس نے اہلِ بصرہ میں سے پانچ سو آدمی چن لئے۔ ان میں عبداللہ بن حارث اور شریک بن اعور تھے اور اور شریک شیعہ علیؑ تھا۔ (جب کوفہ کے قریب پہنچ گئے) تو ابنِ زیاد نے یمنی فاخرہ لباس پہنا اپنے خچر پر سوار ہوا۔ جہاں جہاں سے گزرتا لوگ دیکھ کر سمجھتے کہ حسینؑ ہیں۔ سب پکار کر کہتے تھے مرحبا یا بن رسول اللہؐ وہ کسی کو جواب نہیں دیتا تھا۔ لوگ گھروں سے نکل نکل کر اس کے پاس چلے آرہے تھے۔ نعمان بن بشیر (گورنر کوفہ) نے لوگوں کا حال سنا تو اس نے قصر کا دروازہ اندر سے بند کرلیا تا کہ حسینؑ اور ان کے ساتھی اندر نہ آنے پائیں۔ عبیداللہ دروازے پر پہنچ گیا اور نعمان کو یقین تھا کہ حسینؑ ہیں اور مخلوق خدا ان کے گرد جمع ہے تو نعمان نے کہا میں آپ کو قسم دیتا ہوں کہ میرے پاس سے چلے جایئے۔ میں اپنی امانت آپ کے حوالے نہیں کروں گا۔ مجھے آپ کا قتل کرنا بھی منظور نہیں۔ عبیداللہ نے کچھ جواب نہ دیا۔ پھر دونوں کنگروں کے درمیان جا کر کہا ارے کھول تمہارا بھلا نہ ہو۔ بڑی دیر سو یا اس کے پیچھے سے ایک شخص نے اس کی آواز سن لی۔ اس نے سب سے کہہ دیا۔ دوستو قسم خدا کی یہ تو ابنِ مرجانہ ہے۔ نعمان نے اب دروازہ کھولا اور ابنِ زیاد قصر میں داخل ہوگیا لوگوں کے لیے دروازہ بند کرلیا گیا اور وہ سب منتشر ہوگئے۔ صبح ہوئی تو ابنِ زیاد منبر پر گیا اور کہا کہ ''میرے ساتھ ساتھ اظہار اطاعت کرتے ہوئے جو لوگ آئے اور سمجھے کہ حسینؑ آئے ہیں اور وہ شہر پر قابض ہوگئے ہیں انہوں نے حسینؑ کے ساتھ دشمنی کی ہے واللہ میں نے تم میں سے کسی کو بھی نہیں پہچانا۔ یہ کہہ کر وہ منبر سے اتر آیا۔ اس کو یہ خبر پہنچی کہ مسلم بن عقیل بنِ زیاد سے ایک شب پہلے آچکے ہیں اور تا حال کوفہ میں قیام پذیر ہیں۔ بنی تمیم کے ایک غلام کو ابنِ زیاد نے بلایا اسے کچھ مال دیا اور کہا کہ تو بھی ان لوگوں جیسا طریقہ اپنا لے۔ اس مال سے ان کی اعانت کرو۔ ہانی و مسلم کو تلاش کر اور ان کے پاس جا چنانچہ وہ غلام ہانی کے پاس آیا اور ان سے کہا کہ میں شیعہ ہوں اور میں کچھ مال لے کر آیا ہوں۔

ابنِ زیاد کے قتل کا منصوبہ

شریک بن اعور (جو بصرہ سے ابنِ زیاد کے ساتھ آئے تھے) بیمار ہو کر ہانی کے یہاں آئے اور ان سے کہا کہ مسلم سے کہیے کہ وہ یہاں میرے پاس موجود رہیں۔ عبیداللہ میری عیادت کے لیے آئے گا۔ پھر مسلم سے شریک نے کہا اگر عبیداللہ کے قتل کا موقعہ آپ کو فراہم کروں تو آپ اسے تلوار سے ماریں گے۔ مسلم نے کہا ہاں بخدا۔ چنانچہ عبیداللہ شریک کی عیادت کے لیے ہانی کے گھر آیا۔ شریک مسلم سے کہہ چکے تھے کہ جب میں کہوں مجھے پانی پلا دو۔ تو آپ نکل کر اس پر وار کرنا۔ عبیداللہ آ کر شریک کے بستر پر بیٹھ گیا اور مہران اس کے پاس کھڑا ہو گیا۔ شریک نے کہا مجھے پانی پلا دو۔ ایک کنیز کٹورا لے کر آئی۔ مسلم کو دیکھ کر واپس چلی گئی۔ شریک نے پھر کہا مجھے پانی پلا دو۔ پھر تیسری مرتبہ کہا وائے ہو تم پر پانی سے مجھے پرہیز کراتے ہو مجھے پانی پلاؤ اس میں میری جان جاتی ہے تو جانے دو۔ مہران تاڑ گیا اس نے عبیداللہ کی طرف آنکھ سے اشارہ کیا۔ وہ اٹھ کھڑا ہوا۔ شریک نے کہا ۔اے امیر میں تم سے کچھ وصیت کرنا چاہتا ہوں کہا کہ میں پھر آؤں گا۔ اب مہران اسے دھکیلتا ہوا لے چلا اور کہا واللہ تمہارے قتل کرنے کا سامان تھا۔ عبیداللہ نے کہا یہ کیونکر ہو سکتا ہے میں تو شریک کی خاطر آیا ہوں اور پھر ہانی کے گھر میں جس پر میرے باپ کا احسان ہے۔

ہانی بن عروہ اور ابنِ زیاد

اس نے واپس آ کر اسماء بن خارجہ اور محمد بن اشعث کو بلایا اور ان سے کہا کہ ہانی کو میرے لے آؤ۔ انہوں نے کہا کہ ہانی امان دیئے بغیر نہیں آئیں گے وہ کہنے لگا۔ انہیں امان سے کیا واسطہ۔ ایسا کونسا قصور ان سے ہوا ہے تم دونوں جاؤ۔ اب اگر بغیر امان دیئے نہ آئیں تو ان کو امان دو اور لے آؤ۔ وہ دونوں ہانی کو بلانے آئے۔ تو ہانی نے کہا اگر اس نے مجھے پالیا تو ضرور مجھے قتل کر دے گا۔ لیکن وہ دونوں اصرار کرنے سے باز نہ آئے آخر وہ ہانی کو لے ہی آئے۔ عبیداللہ جمعہ کا خطبہ پڑھ رہا تھا۔ ہانی مسجد میں آ کر بیٹھ گئے اور ان کے دونوں گیسو ادھر ادھر جھول رہے تھے۔ عبیداللہ نماز سے فارغ ہوا تو ہانی کو پکارا یہ اس کے پیچھے پیچھے چلتے ہوئے مکان میں داخل ہوئے اور اسے سلام کیا۔ عبیداللہ نے کہا ہانی کیا تمہیں معلوم نہیں کہ میرا باپ جب اس شہر میں آیا تھا تو اس نے تمہارے باپ اور حجر کے علاوہ ان شیعوں میں سے کسی بھی قتل کئے بغیر نہیں چھوڑا۔ حجر کا جو انجام ہوا وہ بھی تمہیں معلوم ہے پھر تم سے وہ اچھی طرح پیش آتا رہا۔ پھر امیر کوفہ سے تمہاری سفارش میں اس نے یہ کلمہ کہا تھا کہ میری حاجت تم سے ہانی ہے۔ ہانی نے کہا ہاں ایسا ہی ہے۔ ابن زیاد نے پوچھا تو کیا اس کا عوض یہی تھا کہ تم نے اپنے گھر میں ایک شخص کو چھپا رکھا ہے کہ مجھے قتل کر ڈالے۔ ہانی نے تو ایسا نہیں کیا۔ عبیداللہ نے یہ سن کر اسی تحیمی غلام کو جو ان لوگوں کی جاسوسی پر مقرر تھا بلایا۔

ہانی پر ابنِ زیاد کا حملہ

ہانی اس کو دیکھ کر سمجھ گئے کہ اس نے سب حال کہہ دیا ہوگا لہذا کہا اے امیر جو ضرر تم کو پہنچی ہے وہ صحیح ہے۔مگر میں ہرگز تمہارے احسان کو نہیں بھول سکتا۔تمہارے لیے اور تمہارے اہلِ وعیال کے لیے امان ہے جدھر تمہارے جی میں آئے چلے جاؤ عبیداللہ کچھ سوچنے لگا مہران اس کے پاس عصا لیے کھڑا تھا وہ پکارا ہائے غضب یہ جولاہا تمہاری سلطنت میں تم کو امان دیتا ہے۔ابن زیاد نے مہران سے کہا اس کو پکڑ لو اس نے عصا رکھ دیا اور ہانی کے دونوں گیسو پکڑ لیے ان کے چہرہ کو بلند کیا اور عبیداللہ نے عصا اٹھا کر ان کے چہرہ پر مارا جس سے ان کے ابرو کا چمڑا اکھڑ کر دیوار میں پیوست ہوگیا پھر ان کے چہرہ پر مارا جس سے ان کا ماتھا اور ناک مجروح ہوگئی۔

قبیلہ مذحج کا محاصرہ

لوگوں نے شور وغوغا کی آواز سنی قبیلہ مذحج کو پتہ چلا تو ان لوگوں نے آکر ابن زیاد کے مکان کو گھیر لیا۔عبیداللہ نے حکم دیا کہ ہانی کو لے جا کر کسی حجرہ میں ڈال دیا جائے۔پھر مہران کو حکم دیا کہ شریح قاضی کو میرے پاس لے آؤ۔وہ شریح کو لے آیا اور اس کے ساتھ پولیس کے افراد بھی چلے آئے ہانی نے کہا شریح تم دیکھتے ہو کہ میرے ساتھ کیا سلوک کیا جارہا ہے۔اس نے کہا ہاں دیکھتا ہوں کہ تم زندہ ہو ہانی نے کہا یہ حال دیکھ کر بھی تم سمجھتے ہو کہ میں زندہ ہوں۔میری برادری والوں سے یہی کہنا کہ اگر وہ چلے گئے تو ابن زیاد مجھے قتل کر دے گا۔ابن شریح ابن زیاد کے پاس آیا اور کہا کہ ہانی زندہ تو ہے مگر زخم کاری لگا ہے ابن زیاد نے کہا اگر حاکم وقت اپنی رعیت کو سزا دے تو تم اعتراض کرتے ہو باہر جا کر ان لوگوں کو سمجھاؤ۔شریح باہر گیا تو ابن زیاد نے ایک شخص کو اس کے ساتھ کر دیا۔شریح نے لوگوں سے کہا یہ کیا گستاخی ہے وہ شخص زندہ ہے۔حاکم نے ایک ضرب اس کو لگائی ہے اس سے وہ مرتو نہیں گیا خود کو بھی اور اس شخص کو بھی مصیبت میں مبتلا نہ کرو۔اور یہاں سے چلے جاؤ۔

معقل غُلام

عبیداللہ نے جس شخص کو تین ہزار درہم دیکر افشائے راز کے لیے بھیجا تھا یہ اسی کا غلام معقل تھا وہ پہلے مسلم بن عوسجہ کو ملا وہ بڑی مسجد میں نماز پڑھ رہے تھے اس نے لوگوں سے سنا کہ ابن عوسجہ حسینؑ کے لیے بیعت لیتے ہیں۔وہ ان کے پاس بیٹھ گیا جب وہ نماز سے فارغ ہوئے تو وہ کہنے لگا اے بندۂ خدا میں اہلِ شام میں سے ایک شخص ہوں مجھے اللہ نے اس خاندان اور انکے موالیوں کی محبت بطور نعمت عطا کی ہے یہ تین ہزار درہم ہیں میں چاہتا ہوں کہ یہ اس شخص کی خدمت میں پیش کروں۔جس کے متعلق مجھے خبر ملی ہے کہ وہ کوفہ میں آئے ہوئے ہیں اور وہ نواسۂ رسول کے لیے بیعت لیتے ہیں میں ان کی زیارت کرنا چاہتا ہوں۔۔۔۔بالآخر ابنِ عوسجہ نے اس سے

بیعت لی اوراس سے عہد پیماں لیے پھر وہ شیعوں کے ہاں آنے جانے لگا۔

شریک بن اعور کی علالت

شریک بیمار ہوئے چونکہ ابن زیاد اور تمام افراد ان کی تعظیم کرتے تھے۔ابن زیاد نے کہلا بھیجا کہ میں شام کو دیکھنے کے لیے آؤں گا۔شریک نے مسلم سے کہا یہ مردود آج شام کو میری عیادت کے لیے آنے والا ہے جب وہ آ کر بیٹھے تو آپ نکل کر اسے قتل کر دیں۔پھر قصر الامارہ میں جا بیٹھنا کوئی بھی آپ کو روکنے والا نہیں ہوگا۔میں جب اس بیماری سے اچھا ہو گیا تو خود بصرہ جا کر آپ کے لیے سب انتظامات کروں گا۔شام کو عبیداللہ شریک کی عیادت کے لیے آیا تو مسلم اٹھے تا کہ آڑ میں چلے جائیں شریک نے تاکید کی تھی کہ جس وقت وہ آ کر بیٹھے تو اسے ہرگز دم سے رہنا یہ سن کر ہانی مسلم کے پاس گئے اور کہا میں نہیں چاہتا کہ وہ میرے گھر میں قتل ہو۔ہانی نے اس بات کو معیوب سمجھا عبیداللہ آیا بیٹھا اور شریک کا حال پوچھا کہ تمہیں کیا بیماری ہے اور کب سے ہے۔ان باتوں نے جب طول کھینچا اور شریک نے دیکھا کہ مسلم باہر نہیں آئے انہیں خوف ہوا کہ یہ موقع ہاتھ سے نہ نکل جائے تو وہ یہ شعر پڑھنے لگے۔

ماتنظرون یسلمیٰ ان تحیوھا

اسقوینھاوان کانت بھا نفسی

یعنی سلمیٰ کو سلام کرنے میں تمہیں اب کیا انتظار ہے مجھے پلاؤ چاہئیے اس میں میری جان چلی جائے۔شریک نے دو تین دفعہ یہ شعر پڑھا۔لیکن عبیداللہ کچھ نہ سمجھا۔لہذا پوچھا کہ ان کا کیا حال ہے۔دیکھو یہ ہذیان کی باتیں کر رہے ہیں۔ھانی نے کہا خدا آپ کا بھلا کرے۔ہاں طلوع صبح سے لے کر اس وقت تک ان کی یہی حالت ہے۔پھر عبیداللہ اٹھ کر چلا گیا۔

شریک کی وفات

جب مسلم باہر آئے تو شریک نے کہا اسے آپ نے قتل کیوں نہیں کیا۔تو مسلم نے جواب دیا اس سے دو چیزیں مانع تھیں ایک تو ہانی کو یہ گوارا نہیں تھا کہ ان کے گھر میں یہ واقعہ ہو اور دوسری بات وہ حدیث ہے جو لوگ نبی کریمؐ سے روایت کرتے ہیں کہ ایمان اچانک قتل کرنے سے روکتا ہے اور مومن کو زیب نہیں دیتا۔کہ وہ کسی کو دھوکے سے قتل کرے۔شریک تین دن زندہ رہ کر فوت ہو گئے۔

معقل کی جاسوسی

غرض شریک کی وفات کے بعد مسلم بن عوسجہ معقل کو جناب مسلم بن عقیل کے پاس لے گئے اور اس

کے حالات بیان کئے انہوں نے اس سے بیعت لی اور ابوثمانہ ھائدی سے فرمایا کہ جو مال یہ لے کر آیا ہے وہ لے لیں۔ کیونکہ یہ خدمت انہیں کے سپرد تھی وہ مال جمع کرتے جس سے بعض لوگوں کی اعانت کرتے ہتھیار خریدتے اور اس کام پر کڑی نظر رکھتے اور وہ جناب شجاعان عرب اور بزرگانِ شیعہ میں سے تھے۔ معقل سب سے پہلے یہاں انکی صحبت میں آتا اور سب سے آخر میں جاتا تھا اور تمام خبریں سنتا تمام رازوں کو معلوم کرتا اور جا کر ابن زیاد کے کان میں ڈالتا تھا۔

ھانی اور ابنِ زیاد

ہانی ابتداء میں صبح وشام ابنِ زیاد کے ہاں جایا کرتے تھے جب جناب مسلم ان کے ہاں آ گئے تو انہوں نے ابنِ زیاد کے ہاں آنا جانا چھوڑ دیا خود کو بیمار ظاہر کیا اور گھر سے باہر نکلنا موقوف کر دیا۔ ابنِ زیاد نے ھانی کو بلانے کے لیے محمد بن اشعث اسماء بن خارجہ اور عمرو بن حجاج زبیدی کو روانہ کیا یہ لوگ جب ہانی کو لے کر اس کے ہاں پہنچے تو قاضی شریح بھی ابن زیاد کے پاس موجود تھے شریح کی طرف دیکھ کر انب زیاد نے یہ شعر پڑھا (ترجمہ) میں تو اس سے حُسن سلوک کا ارادہ رکھتا ہوں (یا میں تو اس کی زندگی چاہتا ہوں) اور وہ مجھے قتل کرنا چاہتا ہے، اپنے دوست مرادی کے لیے میرا یہ عذر سن رکھو پھر ھانی سے پوچھا کیوں ھانی ''امیر المومنین'' اور عامہ مسلمین کے لیے تمہارے گھر میں یہ کیسے سامان ہو رہے ہیں مسلم کو اپنے گھر میں رکھا ہے اور ان کے لیے ہتھیار اور جنگجو افراد دوسرے گھروں میں مہیا کئے ہیں ھانی نے انکار کیا تو اس نے معقل کو سامنے لا کر کھڑا کر دیا۔ ھانی مجبور ہو گئے اور انہوں نے سب حال صاف صاف بیان کر دیا کہ مسلم خود میرے گھر چلے آئے اور ان کے متعلق جو کچھ تو نے سنا ہے وہ سب درست ہے۔ اب مجھ سے جیسا عہد و پیمان چاہو لے لو۔ میں تمہارے ساتھ کوئی برائی نہیں کروں گا اگر کہو تو تمہارے پاس اتنی دیر کے لیے کسی کو بطور یرغمال چھوڑ دوں کہ میں یہاں سے جا کر مسلم سے کہہ دوں کہ میرے گھر سے جہاں ان کا جی چاہے چلے جائیں تا کہ میں ذمہ داری سے بری ہو جاؤں ابن زیاد نے کہا واللہ جب تک مسلم کو میرے پاس نہ لے آؤ تم ہرگز یہاں سے نہیں جا سکتے۔ ہانی نے کہا میں بخدا ہرگز انہیں تمہارے پاس نہیں لاؤں گا کیا اپنے مہمان کو تمہارے پاس لے آؤں تا کہ تم اسے قتل کر دو۔ اس نے کہا واللہ تمہیں لانا پڑے گا۔ ھانی نے کہا واللہ میں نہیں لاؤں گا۔

ھانی اور مُسلم باھلی

جب تکرار بڑھ گئی تو مسلم باھلی اٹھ کھڑا ہوا اس وقت تک کوفہ میں اس کے علاوہ کوئی شامی یا بصری نہیں تھا۔ اس نے دیکھا کہ ہانی اپنی بات پر اڑ گئے ہیں اور جناب مسلم کو حوالے کرنے کے لیے ابن زیاد کی بات نہیں سنتے کہنے لگا۔ خدا امیر کا بھلا کرے مجھے ذرا ھانی سے گفتگو کر لینے دو۔ چنانچہ ابن زیاد سے اتنا دور وہ ھانی کو لے

گیا کہ ان کی اونچی گفتگو وہ سن سکتا تھا اور انہیں دیکھ رہا تھا۔ مسلم نے کہا اے ھانی خدا کے واسطے اپنے کو قتل نہ کرو۔ اور اپنی قوم و برادری پر مصیبت نہ لاؤ۔ یہ شخص (جناب مسلم، ان لوگوں کے خاندان میں سے ہے نہ کوئی انہیں قتل کرے گا اور نہ ہی کسی طرح کا ضرر ان کو پہنچے گا۔ انہیں ان کے حوالے کردو۔ اس میں تمہارے لیے کوئی رسوائی نہیں ہے اور نہ کوئی نقصان ہے تم تو انہیں حاکمِ وقت کے حوالے کرو گے۔ ھانی نے کہا ''نہیں بخدا اس میں میری بڑی ذلت ہے اور رسوائی ہے۔ میں زندہ موجود اور صحیح سلامت ہوں دیکھتا ہوں اور سمجھتا ہوں، دست و بازو میں طاقت رکھتا ہوں۔ میرے اعوان و مددگار بھی بہت ہیں۔ اس کے باوجود بھی میں نے جسے پناہ دی ہے اور جو میرا مہمان ہے اسے ان کے حوالے کردوں اللہ اگر میں اس وقت تنہا اور بے یار و مددگار ہوتا۔ تب بھی اپنی جان جب تک دے دیتا انہیں حوالے نہ کرتا باھلی انہیں قسمیں دیئے جاتا تھا اور وہ یہی کہے جاتے تھے کہ خدا کی قسم میں انہیں کبھی اس کے حوالے نہیں کروں گا۔

ھانی کی ابن زیاد سے تلخ کلامی

عبیداللہ نے کہا اسے میرے پاس لے آؤ ھانی کو لوگ لے گئے تو ابن زیاد نے کہا مسلم کو میرے پاس لا آؤ۔ ورنہ بخدا تمہاری گردن اڑا دوں گا۔ ھانی نے کہا پھر تو یہاں تلواریں بہت چمکیں گی۔ وہ کہنے لگا تجھ پر افسوس ہے تو مجھے تلواروں سے ڈراتا ہے۔ پھر اس نے ان کے چہرہ پر چھڑی مارنا شروع کی۔ ناک، پیشانی اور رخسار پر برابر وہ چھڑی مارے جارہا تھا کہ جس سے ان کی ناک کے ٹکڑے اڑ گئے۔ ان کے کپڑے خون میں ڈوب گئے رخساروں اور ماتھے کا گوشت ان کی ڈاڑھی پر لٹک آیا۔ آخر چھڑی ٹوٹ گئی۔ ہانی نے ایک سپاہی کی تلوار پر ہاتھ ڈالا مگر اس نے قبضہ چھڑا لیا۔ اس پر عبیداللہ نے کہا۔ ہر وقت ہی فتنہ و فساد، تو نے اپنا خون مباح کر دیا اب تمہیں قتل کرنا ہمارے لیے حلال ہے۔

عبیداللہ کا مسجد سے فرار

ایک روایت ہے کہ عبیداللہ نے جب ھانی کو مارا اور قید کر دیا تو اسے اندیشہ ہوا کہ لوگ مجھ پر حملہ کریں گے۔ لہذا وہ اپنی پولیس، نوکروں اور شہر کے رئیسوں کے ساتھ نکل کر منبر پر گیا۔ حمد و ثنائے الٰہی بجالایا۔ لوگوں کو اعانت کرنے اور اختلاف سے اجتناب کرنے کی تلقین کرتا رہا۔ منبر سے اترنا چاہتا تھا کہ بازاری لوگوں کو یہ کہتے سنا ابن عقیل آ گئے۔ ابنِ عقیل آ گئے یہ دیکھتے ہی وہ دوڑ کر قصر میں چلا گیا اور سب دروازے بند کر لیے۔ جناب مسلم نے اس کے قصر کو گھیر لیا تھوڑی دیر میں مسجد لوگوں سے پر ہوگئی۔ عبیداللہ بہت گھبرا گیا اس کے پاس تیس پولیس کے آدمی اور بیس افراد اشراف شہر اور اس کے نوکر چاکر مل کر بنتے تھے اس کے پاس جو لوگ تھے وہ بلند ہو ہو کر اس ہجوم کو دیکھتے اور اس سے ڈرتے تھے۔

ابنِ زیاد کی شرفائے شہر کو ہدایت

عبیداللہ نے اشراف شہر کو بلا کر جمع کیا اور ان سے کہا بلندی پر جا کر ان سے کہو جو اطاعت کریں گے انہیں انعام واکرام ملے گا جو نافرمان رہیں گے وہ محروم ہوں گے اور انہیں سزا ملے گی۔ان کو آگاہ کرو کہ ان کے مقابلے کے لیے شام سے فوجیں روانہ ہو چکی ہیں۔سب سے پہلے کثیر بن شہاب نے تقریر کی جب کہ سورج غروب ہونے کو تھا۔''لوگو اپنے اپنے گھروں کی طرف کو واپس جاؤ،شر وفساد میں جلدی نہ کرو خود کو اپنے ہاتھوں قتل نہ کراؤ دیکھو''امیر المومنین'' یزید کی فوجیں چل چکی ہیں۔سوامیر نے خدا سے یہ عہد کر لیا ہے کہ اگر تم اس سے جنگ پر آمادہ رہے اور اسی شام کو یہاں سے واپس نہ گئے تو وہ تمہاری ذریت کو عطا سے محروم کر دے گا اور تمہارے جنگجو لوگوں کو غزوات اہلِ شام میں بغیر کچھ دیئے متفرق کر دیگا۔برے کی جگہ اچھے کو،غائب کے عوض حاضر کو گرفتار کرے گا۔جس جس نے نافرمانی کی ہے ان میں سے ایک کو بھی سزا دیئے بغیر نہیں چھوڑے گا۔''باقی اشراف شہر نے بھی اسی قسم کی تقریریں کیں۔

اہلِ کوفہ کی بدعہدی

جان کی گفتگو سن کر لوگ متفرق ہونے اور واپس جانے لگے۔ایک ایک عورت اپنے بیٹے یا بھائی کے پاس آتی اور کہتی تم یہاں سے چلو اتنے لوگ موجود ہیں۔یہ نپٹ لیں گے۔کوئی مرد اپنے بیٹے یا بھائی کے پاس آتا اور کہتا کل اہلِ شام آجائیں گے تو تم ان سے کیونکر جنگ کر سکو گے چلو یہاں سے اور وہ اس کے ساتھ چلا جاتا۔اسی طرح لوگ متفرق و پراگندہ ہوتے رہے اور شام تک جناب مسلم کے پاس تیس افراد سے زیادہ نہیں رہے تھے یہاں تک کہ مغرب کی نماز پر انکے ساتھ فقط تیس افراد تھے۔جب انہوں نے دیکھا کہ رات ہوگئی ہے اور ان کے ساتھ یہی چند شخص رہ گئے ہیں تو وہ نکلے اور ابواب کندہ کی طرف متوجہ ہوئے دروازے تک پہنچے ہی تھے کہ ان کے ساتھ دس آدمی رہ گئے دروازے سے باہر نکلے تو کوئی ساتھ نہ تھا۔اب جو مڑ کر دیکھا تو اتنا بھی نہیں تھا کہ کوئی راستہ بتاتا یا گھر میں لے جاتا یا دشمن کا سامنا ہوتو ان کے آڑے آتا۔آپ آگے کی طرف چلے،کوفہ کی گلیوں میں مڑ مڑ کر دیکھتے اور انہیں یہ بھی معلوم نہیں تھا۔میں کدھر جا رہا ہوں۔

مسلم اور طوعہ

جاتے جاتے بنی جبلہ کندہ کے محلہ میں ایک عورت کے دروازے پر پہنچے جس کا نام طوعہ تھا جو اسید حضری کی بیوی تھی۔بلال ان کے شکم سے پیدا ہوا تھا بلال بھی لوگوں کے ساتھ گیا ہوا تھا۔ماں دروازے پر کھڑی اس کا انتظار کر رہی تھی۔جناب مسلم نے اسے سلام کیا اس نے جواباً سلام دیا۔جناب مسلم نے کہا۔نیک بخت مجھے تھوڑا

سا پانی پلا دو۔اس نے پانی لا کر پلا دیا۔مسلم وہیں بیٹھ گئے۔عورت پانی کا برتن رکھ کر پھر باہر آئی اور کہنے لگی۔بندہ خدا کیا پانی تم نے پی نہیں لیا۔مسلم نے کہا۔ہاں،وہ کہنے لگی پھر اپنے گھر کی طرف جاؤ،مسلم چپ ہو گئے اتنے میں وہ باہر آئی اور پھر وہی بات دھرائی اب بھی مسلم خاموش رہے تو اس نے کہا سبحان اللہ اے بندۂ خدا اپنے گھر جاؤ خدا تمہارا بھلا کرے میرے دروازے پر تمہارا بیٹھنا مناسب نہیں ہے،میں اس کی اجازت نہیں دیتی۔یہ سنکر مسلم کھڑے ہو گئے اور فرمایا اے نیک بخت اس شہر میں میرا کوئی ٹھکانہ نہیں ہے اور نہ کوئی قوم و برادری ہے تم کچھ نیکی کرو۔اور ثواب کماؤ۔شاید میں کبھی اس کا بدلہ دے سکوں۔اس نے کہا اے شخص تم کیا کہہ رہے ہو۔فرمایا میں مسلم بن عقیل ہوں،لوگوں نے مجھ سے دغا کیا اور مجھے دھوکہ دیا۔اس نے کہا کیا واقعاً آپ مسلم ہیں۔آپ نے فرمایا ہاں تو وہ کہنے لگی آپ اندر تشریف لائیے۔اس نے ایک کمرے میں بستر ہ بچھا دیا اور کھانا لے کر آئی مگر انہوں نے کھانا نہیں کھایا اتنے میں اس کا بیٹا آ گیا اس نے ماں کو دیکھا کہ وہ حجرے میں بار بار آتی جاتی ہے۔وہ کہنے لگا تیرے اس حجرے میں آنے جانے سے مجھے شک ہوتا ہے کوئی نہ کوئی بات ضرور ہے۔اس نے کہا۔بیٹا یہ بات نہ پوچھو اسے جانے دو۔اس نے کہا میں خدا کی قسم دیتا ہوں۔کہ مجھے بتا دو۔کہنے لگی تم اپنا کام کرو۔اور مجھ سے نہ پوچھو۔وہ بہت ہی اصرار کرنے لگا تو اس نے کہا بیٹا دیکھ میں جو تجھے کہتی ہوں اس کا کسی سے ذکر نہ کرنا پھر اس سے قسم لی اور اس نے قسم کھائی تو ماں نے سارا حال بیان کر دیا۔یہ سن کر وہ لیٹ رہا اور چپ ہو گیا لوگ کہتے ہیں کہ یہ آوارہ شخص تھا اور بعض کہتے ہیں کہ اپنے ساتھ والوں کے ساتھ بیٹھ کر شراب بھی پیا کرتا تھا۔

بلال کی مخبری

یہ بلال طوعہ کا بیٹا صبح ہوتے ہی محمد بن اشعث کے بیٹے عبدالرحمن کے پاس پہنچا اور اس سے کہہ دیا کہ مسلم میری ماں کے یہاں مقیم ہے۔عبدالرحمان اپنے باپ کے پاس گیا جو ابن زیاد کے پاس تھا اور اس سے آہستہ آہستہ سب حال بیان کر دیا۔ابنِ زیاد نے پوچھا بتاؤ تمہارے بیٹے نے کیا باتیں کیں۔اس نے کہا کہ مسلم ہمارے ہی گھروں میں سے ایک گھر میں مقیم ہے۔ابن زیاد نے چھڑی اس کے پہلو میں چبھوئی اور کہا اٹھو۔ابھی انہیں میرے پاس لے کر آؤ۔اور عمرو بن حریث سے کہلوا بھیجا کہ بنی قیس کے ساٹھ ستر آدمی ابنِ اشعث کے ساتھ کر دو۔گھوڑوں کی ٹاپ اور لوگوں کی ٹاپ اور لوگوں کی آوازیں سن کر مسلم سمجھ گئے کہ یہ لوگ مجھ پر حملہ کرنے آ رہے ہیں۔لہذا آپ تلوار لے کر ان لوگوں کی طرف بڑھے جو لوگ گھر میں گھس گئے تھے۔جناب مسلم نے مار مار کر سب کو گھر سے نکال دیا۔انہوں نے پھر پلٹ کر حملہ کیا تو مسلم نے پھر اسی طرح ان کا مقابلہ کیا۔

جناب مُسلم کی شجاعت

بکیر بن حمران نے آپ کے چہرہ انور پر وار کیا جس سے آپ کا اوپر والا ہونٹ کٹ گیا۔نیچے کا ہونٹ بھی

زخمی ہوا اور سامنے کے دو دانت گر گئے تو جناب مسلم نے اس کے سر پر زخم لگایا، پھر دوسرا وار اس کے کاندھے پر اس زور سے لگایا کہ تلوار اس کے سینے تک اتر آئی۔ یہ حالت دیکھ کر لوگ مکان کی چھت پر چڑھ کر ان پر پتھر برسانے لگے اور بانس کی چھپٹیاں آگ سے دھکتی ہوئی مکان کی چھت پر سے ان پر ڈالنے لگے۔ یہ دیکھ کر مسلم تلوار کھینچے ہوئے گلی میں ان سے لڑنے کے لیے نکل آئے اور قتال میں مصروف ہو گئے۔

جناب مسلم کے لیے ابنِ اشعث کا امان

ابن اشعث نے سامنے آ کر کہا اے شخص تمہارے لیے امان ہے تم کیوں اپنے کو خود قتل کر رہے ہو۔ مسلم اسی طرح شمشیر زنی کرتے رہے اور رجز پڑھتے جاتے تھے (جس کا آخری مصرعہ یہ ہے) احناف ان اکذب او اُغَرَّ مجھے یہ خوف ہے کہ مجھ سے جھوٹ بولیں گے یا مجھے دھوکہ دیں گے۔ ابن اشعث نے کہا کوئی شخص آپ سے جھوٹ نہیں بولے گا نہ کوئی آپ سے فریب کرے گا۔ کوئی آپ کو دھوکہ نہیں دے گا۔ یہ لوگ تو آپ کی قوم وقبیلہ ہیں۔ وہ آپ کو قتل کرنا نہیں چاہتے نہ ہی آپ پر ہاتھ اٹھانا چاہتے ہیں۔ جناب مسلم پتھروں کی مار اور زخموں کی وجہ سے چور چور تھے۔ اب جنگ کرنے کی طاقت ان میں نہیں رہی تھی اور وہ ہانپ رہے تھے۔ مکان کی دیوار سے ٹیک لگائے کھڑے ہو گئے ابنِ اشعث ان کے قریب آ کر کہنے لگا۔ آپ کے لیے امان ہے جناب مسلم نے کہا میرے لیے امان ہے اس نے کہا ہاں امان ہے۔ اور سب لوگ پکار اٹھے کہ امان ہے فقط ایک عمرو سلمی تھا جو یہ کہہ کر کنارہ کش ہو گیا کہ مجھے اس امر میں کوئی دخل نہیں ہے۔ جناب مسلم نے کہا اگر تم لوگ مجھے امان کے لیے نہ کہتے تو میں اپنا ہاتھ تمہارے ہاتھوں میں نہ دیتا۔ ایک خچر پر انہیں سوار کیا گیا اور سب ان کے گرد ہجوم کئے ہوئے تھے۔ جناب مسلم نے تلوار گلے میں ڈال لی تھی۔ ان لوگوں نے تلوار ان کے گلے سے نکالی اس وقت جناب مسلم کو اپنی جان کے بچنے سے مایوسی ہوئی اور ان کی آنکھوں میں آنسو آ گئے اور کہنے لگے یہ پہلا دغا ہے۔ جو تم نے میرے ساتھ کیا ہے۔ ابنِ اشعث نے کہا مجھے امید ہے کہ آپ کے لیے کوئی خطرہ نہیں۔ مسلم نے کہا بس امید ہی امید ہے۔ امان جو تم نے دی ہے وہ کیا ہوئی۔ پھر آپ نے انا للہ وانا الیہ راجعون کہا اور رونے لگے تو عمرو سلمی نے کہا جو شخص اس چیز کا طالب ہو جس کے تم طالب ہو پھر اس پر تمہاری جیسی مصیبت پڑ جائے۔

وہ اس طرح نہیں روتا۔ جناب مسلم نے کہا کہ اگرچہ میں چشم زدن کے لیے بھی اپنی جان کا تلف ہونا گوارا نہیں کرتا۔ پھر بھی میں اپنی جان کے لیے نہیں رو رہا ہوں اور نہ ہی میں اپنے قتل ہونے کا ماتم کر رہا ہوں میں تو اپنے عزیزوں کے لیے رو رہا ہوں جو میری طرف آ رہے ہیں۔ میں حسینؑ اور ان کی اولاد کے لیے رو رہا ہوں۔ یہ کہہ کر آپ ابن اشعث کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا اے بندہ خدا میں سمجھتا ہوں کہ تو مجھے امان نہیں دے سکے گا۔ تو کیا تو اتنا سلوک میرے ساتھ کرے گا کہ اپنے کسی آدمی کو میری طرف سے حسینؑ کے پاس بھیج دے وہ آج

کل ہی میں تم لوگوں کے پاس آنے کے لیے روانہ ہو چکے ہوں گے اور اہل بیت بھی ان کے ساتھ ہوں گے تم جو میری بے تابی دیکھ رہے ہو وہ محض اسی سبب سے ہے۔ جو شخص میری طرف سے یہ پیغام پہنچا دے گا کہ مسلم نے مجھے آپ کے پاس بھیجا ہے کہ وہ گرفتار ہو چکے ہیں۔ اب وہ یہ نہیں چاہتے کہ آپ یہاں آئیں اور شہید کر دیئے جائیں۔ آپ اہلِ بیت کو لے کر واپس پلٹ جائیں اور کوفیوں کے دھوکے میں نہ آئیں۔ یہ وہی لوگ ہیں کہ جن سے چھٹکارا پانے کے لیے آپ کے والد گرامی مرنے اور قتل ہونے کی تمنا رکھتے تھے۔ اہل کوفہ نے آپ سے بھی جھوٹ بولا اور مجھ سے بھی جھوٹ بولا اور جس کو فریب دیا گیا ہو اس کی کوئی رائے نہیں ہوتی۔ ابن اشعث نے کہا۔ واللہ میں ایسا ہی کروں گا اور ابن زیاد سے بھی کہہ دوں گا کہ میں آپ کو امان دے چکا ہوں۔

مسلم باھلی کی گستاخی

مسلم قصر کے دروازے پر جب پہنچے تو وہ بہت پیاسے تھے۔ قصر کے دروازے پر ٹھنڈے پانی کا ایک گھڑا رکھا ہوا تھا۔ جناب مسلم نے کہا مجھے اس میں سے تھوڑا پانی پلا دو۔ ابن عمرو باھلی نے جواب دیا دیکھ کیسا ٹھنڈا پانی ہے واللہ اس میں سے ایک بوند بھی تم کو نہیں ملے گی۔ تمہیں (معاذ اللہ) آتش جہنم کا کھولتا ہوا پانی پینے کے لیے ملے گا۔ جناب مسلم نے فرمایا ارے تو کون ہے کہا میں اس شخص کا بیٹا ہوں کہ جب تو نے حق کا انکار کیا تو اس نے اقرار کیا اور جب تو نے کھوٹا پن ظاہر کیا تو اس نے خلوص دکھایا جب تو نے نافرمانی کی اور مخالفت کی تو اس نے بات کو سنا اور اطاعت کی۔ میں مسلم بن عمرو باھلی ہوں۔ جناب مسلم نے فرمایا تیری ماں تیرے غم میں روئے۔ تو کتنا بے رحم ہے اور بدزبان ہے اور کیسا سنگ دل اور درشت طینت ہے۔ اے ابنِ باھلہ تو دوزخ کے دائمی عذاب م اور اس کے کھولتے ہوئے پانی کا زیادہ سزاوار ہے۔ مسلم یہ کہہ کر دیوار سے لگ کر بیٹھ گئے اور عمرو بن حریث نے اپنے غلام سلیمان کو بھیجا کہ وہ پانی لے آئے۔

جناب مسلم کی پانی سے محرومی

ایک روایت میں ہے کہ عمارہ نے اپنے غلام قیس کو بھیجا اور وہ پانی کی ایک صراحی لے کر آیا اس پر رومال پڑا ہوا تھا اور اس کے ساتھ ایک کٹورا تھا۔ کٹورے میں پانی ڈال کر اس نے جناب مسلم کو دیا۔ جب آپ پانی پینے کا ارادہ کرتے تو کٹورا خون سے بھر جاتا۔ جب تیسری بار غلام نے کٹورا بھر کر دیا اور مسلم پینے لگے تو آپ کے سامنے کے دونوں دانت کٹورے میں آ رہے تو مسلم نے کہا۔ الحمدللہ اگر میری قسمت میں یہ پانی ہوتا تو میں پیتا پھر آپ کو ابن زیاد کے پاس لے گئے۔

جناب مسلم کی عمر بن سعد کو وصیت

مسلم نے کہا مجھے ذرا اپنی قوم کے کسی شخص کو وصیت کر لینے دو۔ یہ کہہ کر ابن زیاد کے ہم نشینوں کی طرف نظر کی ۔عمر بن سعد وہاں موجود تھا۔آپ نے فرمایا اے عمر مجھ میں اور تجھ میں قرابت ہے میں تجھ سے ایک حاجت رکھتا ہوں تجھے وہ پوری کرنا چاہیئے اور وہ ایک راز ہے۔ابنِ سعد نے اس کے سننے سے انکار کر دیا تو ابن زیاد نے کہا کہ تجھے اپنے ابنِ عم کی بات سننے سے انکار نہیں کرنا چاہیئے ۔تب ابنِ سعد اٹھ کھڑا ہوا اور وہ مسلم کے ساتھ ایسی جگہ جا کر بیٹھ گیا جہاں سے ابن زیاد کا بھی سامنا تھا۔جناب مسلم نے کہا کوفہ میں میرے ذمہ کچھ قرض ہے جب سے میں یہاں آیا ہوں سات سو درہم قرض لے چکا ہوں ۔یہ قرض ادا کر دینا (بعض روایات میں ہے کہ میری زرہ وتلوار بیچ کر ادا کرنا)اور میری روش کا خیال رکھنا۔ابن زیاد سے مجھے مانگ کر دفن کر دینا اور حسینؑ کے پاس کسی کو بھیجنا جو ان کو واپس کر دے۔کیونکہ میں ان کو لکھ چکا ہوں کہ لوگ آپ کا ساتھ دیں گے۔میرا خیال یہی ہے کہ اب وہ آتے ہی ہوں گے۔عمر نے جا کر ابن زیاد سے کہا آپ سمجھے۔انہوں نے مجھ سے کیا کہا ہے۔انہوں نے یہ یہ باتیں مجھ سے کیں ہیں۔ابن زیاد نے کہا کہ قابل وثوق شخص تو کبھی خیانت نہیں کرتا۔ہاں کبھی خائن کو امین سمجھ کر اس پر بھروسہ کر لیتے ہیں ۔تمہارا مال تو تمہارا ہی ہے۔ہم تم کو اس امر سے نہیں روکتے جس طرح چاہو اسے صرف کر دو۔حسینؑ بھی اگر ہماری طرف آنے کا ارادہ نہیں کریں گے تو ہمیں بھی ان سے کوئی سروکار نہیں۔ہاں اگر انہوں نے ادھر کا قصد کیا تو ہم بھی ان سے باز نہیں رہیں گے اور لاش کے بارے میں ہم تمہاری سفارش نہیں سنیں گے کیونکہ مسلم ہماری طرف سے اس رعایت کا سزاوار نہیں ہے اس نے ہم سے جنگ کی ہماری مخالفت کی اور ہمیں ہلاک کرنے پر آمادہ رہا۔

ابنِ زیاد اور جناب مسلم میں تلخ کلامی

اس کے بعد ابنِ زیاد نے کہا ہاں مسلم بتا لوگ یہاں امن کی حالت میں تھے اور سب یک زبان تھے تم اس لیے آئے کہ ان میں تفرقہ ڈالو۔انہیں پریشان کرو۔اور انہیں ایک دوسرے سے لڑا دو۔جناب مسلم نے کہا ایسا ہرگز نہیں ہے۔میں اس لیے نہیں آیا بلکہ اہل شہر یہ کہتے ہیں کہ تیرے باپ نے ان میں سے نیک لوگوں کو چن چن کر قتل کیا۔ان کا خون بہایا،ان کے ساتھ قیصر وکسریٰ کی طرح پیش آیا۔ہم اس لیے آئے کہ عدل کے ساتھ حکم کریں اور حکم قرآن کی دعوت دیں۔ابنِ زیاد نے کہا بدکار کجا اور یہ دعوے کجا جب تو مدینہ میں شراب پیا کرتا تھا اس وقت تمہیں یہ خیال نہ آیا کہ ان لوگوں میں عدل کرے۔جناب مسلم نے فرمایا۔میں شراب پیتا ہوں واللہ خدا خوب جانتا ہے کہ تو جھوٹا ہے اور جو کچھ تو نے کہا وہ جہالت کی بنا پر کہا میں ایسا نہیں ہوں جیسا تو کہہ رہا ہے۔شراب تو وہ پیئے گا جو مسلمانوں کا خون پی لیا کرتا ہے جو اسے قتل کرتا ہے جس کا قتل خدا نے حرام کیا ہے اور جو اس کا خون بہاتا

ہے جس نے کسی کا خون نہیں بہایا جو غصہ بغض اور بدگمانی پر خونریزی کرتا ہے اور پھر اس طرح بھول جاتا ہے جیسے اس نے کچھ کیا ہی نہیں۔ابنِ زیاد نے کہا اور بدکار تیرے دل میں وہ تمنا ہے جس سے خدا نے تجھے محروم کر دیا ہے اور تجھے اس نے اس قابل نہیں سمجھا۔مسلم نے کہا پھر کون قابل ہے۔اس نے کہا ''امیر المومنین'' یزید مسلم نے فرمایا ۔ہر حالت میں خدا کا شکر ہے۔ہم نے اپنا اور تمہارا انصاف خدا پر چھوڑ رکھا ہے۔کہا شاید تمہارا گمان ہے کہ تم لوگوں کا بھی اس امارت میں کچھ حق ہے۔فرمایا بخدا گمان نہیں بلکہ یقین ہے۔ابن زیاد نے کہا۔خدا مجھے مارے اگر میں تمہیں اس طرح نہ قتل کروں کہ اسلام میں اس طرح کسی کو قتل نہ کیا گیا ہو۔آپ نے فرمایا ہاں بیشک اسلام میں جو ظلم کبھی نہیں ہوا اس کے ایجاد کرنے کا تو ہی سزاوار ہے۔بری طرح قتل کرنا،بری طرح سر کاٹنا،بدافعالی کرنا،اور غالب ہو کر ملامت سمیٹنا تیرا ہی حصہ ہے۔دنیا بھر میں تجھ سے بڑھ کر کوئی اس کا سزاوار نہیں ہے۔

ابن زیاد کی لاف زِنی

ابنِ سمیہ نے اب مسلمؑ حسینؑ علیؑ اور عقیل کو گالیاں دینا شروع کیں،تو جناب مسلم نے سکوت اختیار کیا۔پھر اس نے لوگوں کو حکم دیا کہ اس کو قصر الامارہ کی چھت پر لے جاؤ۔اس کی گردن قلم کر لو اور سر کے ساتھ جسم کو بھی نیچے پھینک دو۔اب جناب مسلم نے ابن اشعث کی طرف دیکھ کر فرمایا تو نے مجھے امان نہ دی ہوتی تو واللہ میں خود کو حوالے نہ کرتا اب تو مجھے بچانے کے لیے تلوار لے کر کھڑا ہو جا۔

جناب مسلم کی شہادت

ابن زیاد نے پوچھا وہ شخص کہاں ہے جس کے سر اور شانے پر مسلم نے تلوار ماری تھی اسے بلا کر کہا تو چھت پر چڑھ جا۔اور اس کا سر قلم کر دے جناب مسلم کو چھت پر لے کر چلے تو آپ تکبیر استغفار اور صلوات پڑھتے جاتے تھے اور کہتے جاتے تھے۔خداوند ہمارا اور ان لوگوں کا عدل و انصاف تیرے ہاتھ میں ہے جنہوں نے ہمیں دھوکہ دیا۔ہم سے جھوٹ بولے اور ہمیں ذلیل کیا قصر کی اس جہت میں جہاں آجکل شتر قصاب رہتے ہیں جناب مسلم کو لے کر گئے اور وہاں ان کی گردن اڑا دی گئی اور سر کے ساتھ جسم کو بھی نیچے پھینک دیا۔

ھانی عروہ کے قتل کا حکم

جناب مسلم کی شہادت کے بعد اس نے حکم دیا کہ ہانی کو بازار لے کر جاؤ اور اس کی گردن اڑا دو۔ھانی کو بازار میں وہاں لے کر گئے جہاں بکریاں بکتی تھیں۔ان کی مشکیں بندھی ہوئی تھیں اور وہ بار بار کہتے جاتے تھے کہاں ہیں بنی مذحج جو آج میری کمک نہیں کرتے جب دیکھا کہ کوئی مدد کو نہیں آتا تو اپنے ہاتھ کو زور سے کھینچا،رسی میں سے نکال لیا اور کہا کہ ارے کوئی عصا کوئی چھڑی کوئی پتھر نہیں کیا کوئی اونٹ کی ہڈی بھی نہیں کہ انسان اسی کو

لے کر اپنی جان بچانے کی کوشش کرے یہ کہہ رہے تھے کہ سرکاری لوگ ان پر پل پڑے پھر انہیں رسی میں باندھ لیا اور ان سے کہا کہ اپنی گردن آگے بڑھاؤ تو انہوں نے کہا میں ایسا سخی نہیں ہوں کہ اپنا مسرووں۔ میں اپنی جان لینے میں تمہارا اعانت نہیں کرنگا۔

ھانی بن عروہ کی شہادت

ابنِ زیاد کے ترکی غلام نے جس کا نام رشید تھا تلوار کا وار کیا جو کارگر نہ ہوا ھانی کہنے لگے خدا کے پاس ہی جانا ہے۔ خداوندا مجھے اپنی رحمت ورضوان میں لے لے۔ ترکی نے دوسرے وار میں انہیں شہید کر دیا۔

مسلم اور ہانی کے سروں کی روانگی

اب جناب مسلم اور ھانی کے سر ابن زیاد نے ھانی بن ابوحیہ، اور زبیر بن اروخ کے ساتھ یزید کے پاس بھیج دیئے اور منشی سے خط لکھوایا۔ الحمدللہ خدا نے ''امیر المومنین'' کے حق کو محفوظ رکھا اور دشمن کی فکر سے اسے بچالیا میں ''امیر المومنین'' کو خبر دیتا ہوں کہ مسلم نے ھانی کے گھر میں پناہ لی تھی۔ میں نے ان دونوں پر جاسوس مقرر کئے ۔کچھ لوگ فریب سے ان کے گھر بھیجے، ان سے مکروفریب کر کے بالآخر دونوں کو باہر نکالا اور خدا کے فضل سے دونوں میرے قابو میں آ گئے ۔میں نے دونوں کے سر قلم کر کے ہانی بن ابی حیہ اور زبیر کے ساتھ آپ کے پاس روانہ کئے ہیں۔ یہ دونوں شخص تابع فرمان، اطاعت گزار اور خیرخواہ ہیں ''امیر المومنین'' جو بات چاہیں ان سے دریافت کریں دونوں واقف کار راست گو اور صاحب فہم ہیں۔ والسلام۔

یزید کا خط ابنِ زیاد کے نام

یزید نے جواب میں لکھا ''جو میں چاہتا تھا وہی تو نے کیا تو نے عاقلانہ کام اور دلیرانہ حملہ کیا مجھے مطمئن اور بےفکر کر دیا۔ میں تجھے جیسا سمجھتا تھا اور تیری نسبت میری جو رائے تھی ۔تو نے اپنے کو ویسا ہی ثابت کیا۔۔۔اور مجھے خبر ملی ہے کہ حسینؑ عراق کی طرف آ رہے ہیں، نگران مقرر کرو، مورچے تیار رکھو۔ جس سے بدگمانی ہو اس کو حراست میں لو، جس پر تہمت بھی ہو اسے گرفتار کرو۔ ہاں جو تجھ سے خود جنگ نہ کرے۔ اسے قتل نہ کرنا اور جو جو واقعہ پیش آئے اس کا حال مجھے لکھتے رہنا۔ والسلام۔''

مختار اور عبداللہ بن حارث کی گرفتاری

حسینؑ مدینہ سے 60ھ ماہ رجب کی اٹھائیسویں تاریخ اتوار کے دن مکہ کی طرف روانہ ہوئے اور شعبان کی تیسری تاریخ شب جمعہ تھی کہ آپ مکہ میں داخل ہوئے ۔مکہ میں شعبان، رمضان، شوال اور ذیقعدہ میں قیام کیا

۔پھر ذی الحجہ کی آٹھویں تاریخ منگل کے دن روز ترویہ آپ مکہ سے روانہ ہوئے۔اسی دن جناب مسلم نے حملہ کیا تھا اور مسلم کے ساتھ مختار اور عبداللہ بن حارچ بھی تھے۔مختار سبز علم لیے ہوئے تھے اور عمرو بن حریث کے مکان پر آ کر علم کو گاڑھ دیا اور کہا میں تو اس لیے نکلا ہوں کہ عمرو کو روکے رہوں۔بعد میں ابنِ زیاد نے مختار اور عبداللہ کو گرفتار کرنے کا لوگوں کو حکم دیا اور اس کے لیے انعام مقرر کئے۔چنانچہ دونوں کو گرفتار کر کے قید کر دیا گیا۔

باب 10
امام حُسین علیہ السّلام

عبداللہ نے حسینؑ کی روانگی کا ذکر سنا تو حسینؑ کی خدمت میں آئے اور کہا بھائی لوگوں میں چرچا ہے کہ آپ عراق کی طرف جا رہے ہیں۔ مجھے تو بتایئے آپ کا کیا ارادہ ہے۔ فرمایا انشاءاللہ انہی دو دنوں کے اندر اروانہ ہو جاؤں گا۔ ابن عباس نے کہا خدا کا واسطہ دیتا ہوں ایسا نہ کیجیئے۔ خدا آپ پر رحم کرے مجھے یہ تو بتایئے کہ آپ ایسے لوگوں میں جا رہے ہیں جنہوں نے اپنے حاکم کو قتل کر دیا ہو، اپنے شہروں کا انتظام خود سنبھال لیا ہوا اور وہ اپنے دشمن کو نکال چکے ہوں۔ اگر وہ یہ سب کچھ پہلے کر چکے ہیں۔ پھر آپ جایئے اور اگر یہ بات ہے کہ انہوں نے فقط آپ کو بلایا ہی ہے اور حاکم ان پر اسی طرح مسلط ہے۔ اسی کے عہدہ دار شہروں سے خراج وصول کرتے ہیں۔ تو پھر وہ آپ کو جنگ وجدال کے واسطے بلا رہے ہیں مجھے اندیشہ ے کہ یہ لوگ آپ کو دھوکہ دیں گے۔ آپ کو جھٹلائیں گے آپ کی مخالفت کریں گے آپ کا ساتھ چھوڑ دیں گے اور اگر وہ آپ پر حملہ کریں گے تو ان کا حملہ سب سے سخت تر ہوگا۔ امام حسینؑ نے فرمایا میں خدا سے ہی خیر کا طالب ہوں اور دیکھتا ہوں کہ کیا ہوتا ہے۔

عبداللہ بن زبیر اور امام حسینؑ

ابن عباس وہاں سے اٹھے تو ابنِ زبیر آ گیا۔ کچھ دیر تک باتیں کرتا رہا پھر کہنے لگا۔ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ اس قوم کو ہم کیوں چھوڑ دیں کیوں ان سے باز رہیں۔ ہم تو مہاجرین کی اولاد ہیں اور ان سے بڑھ کر ریاست کے حقدار ہیں یہ تو بتایئے آپ کا کیا ارادہ ہے۔ حسینؑ نے فرمایا میرا دل تو یہی چاہتا ہے کہ میں کوفہ چلا جاؤں۔ وہاں کے اشراف اور میرے شیعوں نے خط لکھے ہیں اور میں خدا سے خیر کا خواستگار ہوں۔ یہ سن کر ابنِ زبیر نے کہا آپ کے شیعوں جیسے اگر اور لوگ بھی وہاں ہوتے تو اس سے انحراف نہ کرتا۔ یہ کہہ کر ابن زبیر کو اندیشہ ہوا کہ کہیں مجھ سے بدگمان نہ ہوں تو کہا اگر آپ حجاز میں ہی رہ کر اس ریاست کا ارادہ کریں تو کوئی بھی انشااللہ آپ کی مخالفت نہیں کرے گا۔ ابنِ زبیر اٹھ کر چلے گئے تو حسینؑ نے فرمایا کہ اس شخص کو دنیا کی کسی چیز کی اتنی آرزو نہیں جتنی اس بات کی ہے کہ میں حجاز سے عراق چلا جاؤں۔ وہ خوب جانتا ہے کہ میرے ہوتے ہوئے اسے ریاست نہیں مل سکتی چونکہ لوگ اسے میرے برابر نہیں سمجھتے اسی لیے اس کی خواہش ہے کہ میں چلا جاؤں اور اسکے لیے میدان خالی ہو جائے۔

ابنِ عباس کا حسینؑ کو یمن جانے کا مشورہ

پھر اسی دِن شام کو یا دوسری صبح کو حسینؑ کے پاس ابن عباس آئے اور عرض کیا۔ برادر میں چاہتا ہوں کہ صبر کروں مگر مجھے صبر نہیں آتا۔ مجھے آپ کی تباہی و بربادی کا خوف ہے۔ اہل عراق دغا پیشہ لوگ ہیں ہرگز ان کے پاس نہ جایئے اسی شہر میں قیام کیجئے کہ آپ تمام حجاز کے رئیس ہیں۔ اہلِ عراق اگر آپ کو بلاتے ہیں تو انہیں لکھیئے کہ وہ اپنے دشمن سے پیچھا چھڑالیں۔ اس کے بعد آپ ان کے پاس جایئے اگر آپ اس بات کو نہیں مانتے اور یہاں سے جانا ہی منظور ہے تو یمن کی طرف چلے جایئے۔ وہاں قلعے ہیں درہ کوہ ہیں ایک طویل وعریض ملک ہے آپ کے والد کے وہاں شیعہ موجود ہیں۔ آپ سب سے الگ رہ کر لوگوں سے خط وکتابت کریں اپنے قاصدوں کو بھیجیں اس طریقہ سے مجھے امید ہے کہ جو بات آپ چاہتے ہیں وہ امن وعافیت سے آپ کو حاصل ہوجائے گی۔ حسینؑ نے جواب دیا۔ بھائی بخدا میں جانتا ہوں کہ تم خیر خواہ اور میرے شفیق ہو۔ لیکن میں تو روانگی کا مصمم ارادہ کر چکا ہوں۔

ابن عباس کا اہلِ بیت کو ساتھ لے جانے پر انکار

ابنِ عباس نے عرض کیا آپ اگر جانا ہی چاہتے ہیں تو عورتوں اور بچوں کو ساتھ نہ لے جایئے واللہ مجھے ڈر ہے کہ کہیں آپ عورتوں اور بچوں کے سامنے نہ مارے جائیں۔ پھر ابنِ عباس کہنے لگے۔ آپ نے تو ابنِ زبیر کی مراد پوری کردی۔ ملکِ حجاز کو اس کے لیے چھوڑ کر خود نکل چلے۔ آپ کے سانے کوئی اس کی طرف آنکھ اٹھا کر بھی نہیں دیکھتا تھا۔ ابن عباس یہاں سے اٹھ کر ابن زبیر کے قریب سے گزرے تو کہا اے ابن زبیر تمہاری مراد پوری ہوگئی۔ پھر اس مضمون کے شعر پڑھے۔ اے سبزہ زار کی رہنے والی چکور میدان خالی ہے انڈے بچے نکال چہچہے کر۔ جب تک جی چاہے چرتی چگتی پھر۔ حسینؑ تو عراق چلے۔ اب تو حجاز کو نہ چھوڑ۔

امام حسینؑ اور ابنِ زبیر کی گفتگو

ایک روایت ہے کہ بعض حجاج نے روز ترویہ حسینؑ اور ابن زبیر کو حجر اسود اور دروازہ کعبہ کے درمیان کھڑے ہوئے دیکھا زبیر حسینؑ سے کہہ رہے تھے اگر آپ یہاں رہنا چاہتے ہیں تو رہیئے۔ حکومت اپنے ہاتھ میں لے لیجئے ہم آپ کے معین وشریک اور ہوا خواہ رہیں گے۔ آپ کی بیعت کریں گے۔ امام حسینؑ نے جواب دیا۔ ہم نے اپنے والد گرامی سے یہ حدیث سنی ہے کہ ایک مینڈھا مکہ کی حرمت کو برباد کردے گا۔ میں وہ مینڈھا بننا نہیں چاہتا۔ اس پر ابن زبیر نے کہا۔ اچھا آپ یہاں رہتے حکومت میرے حوالے کر دیجئے۔ آپ کی اطاعت کی جائے گی۔ کوئی بات آپ کے خلاف نہیں ہونے پائے گی۔ امام حسینؑ نے فرمایا مجھے یہ بھی منظور نہیں۔ پھر دونوں حضرات چپکے چپکے باتیں کرتے رہے یہاں تک کہ ظہر کا وقت ہوا اور لوگ منیٰ

کی طرف چلے۔امام حسینؑ نے خانہ کعبہ کا طواف کیا۔صفاء ومروا کے درمیان سعی کی۔بال کتروائے اور عمرہ کے ساتھ محل ہوکر کوفہ کی طرف روانہ ہو گئے۔

حضرت حسینؑ کا مکہ میں جنگ کرنے سے انکار

کچھ لوگوں کا بیان ہے۔انہوں نے مکہ میں دیکھا کہ حسینؑ اور ابن زبیر دونوں کھڑے ہیں۔ابن زبیر نے حسینؑ سے عرض کیا''اے فرزند فاطمہؑ میری بات سنئے۔حسینؑ اس کی طرف متوجہ ہوئے اور اس سے چپکے چپکے باتیں کیں۔پھر ہماری طرف مڑکر کہنے لگے۔تم سمجھے کہ ابن زبیر کیا کہہ رہا تھا۔ہم نے عرض کیا ہم آپ پر قربان ہو جائیں ہم کچھ نہیں سمجھے۔آپ نے فرمایا وہ کہتا تھا کہ آپ مسجد الحرام میں رہیئے میں آپ کے نصرت کے لیے لوگوں کو جمع کرلوں گا۔''یہ کہہ کر حسینؑ نے فرمایا اگر ایک بالشت بھر اس مسجد کے باہر قتل ہو جاؤں۔تو واللہ میں اسے اس بات سے بہتر سمجھتا ہوں کہ ایک بالشت بھر مسجد کے اندر قتل ہوں۔بخدا اگر میں حشرات الارض کے کسی سوراخ میں بھی چھپوں گا تو یہ لوگ مجھے وہاں سے بھی نکال لیں گے اور جو سلوک یہ میرے ساتھ کرنا چاہتے ہیں۔کریں گے اور واللہ یہ لوگ مجھ پر ایسا ظلم کریں گے جیسا یہود نے ہفتہ کے دن کیا تھا۔

امام حسینؑ کی فرزوق شاعر سے ملاقات

امام حسینؑ جب منزل صفاح پر پہنچے تو فرزوق بن غالب شاعر نے آپ کو ٹھہرا کر عرض کیا خداوند عالم آپ کی امید اور مراد کو خاطر خواہ پورا کرے۔حسینؑ نے اس سے پوچھا تو بتاؤ کہ لوگوں کو تم کس حال میں چھوڑ کر آئے ہو۔فرزوق نے عرض کیا۔آپ نے اس شخص سے سوال کیا جو خوب واقف ہے۔لوگوں کے دل آپ کی طرف مائل ہیں لیکن ان کی تلواریں بنی امیہ کی مدد کے لیے ہیں۔ہر حکم آسمان سے اترتا ہے اور خدا ہی جو چاہتا ہے کرتا ہے۔حسینؑ نے فرمایا تم نے سچ کہا خدا ہی کی طرف سے حکم ہے اور خدا ہی جو چاہتا ہے کرتا ہے ہر روز اس کی نرالی شان ہے اگر آسمانی حکم ہماری خاطر ہوگا تو ہم اس کی نعمت کا شکر بجالائیں گے اور وہی ادائے شکر کی توفیق دینے والا ہے اور اگر آسمانی حکم ہمارے ارادہ کے خلاف ہوا تو جس کی نیت حق پر ہے اور جس کی خصلت میں خوفِ الٰہی ہے اس پر کوئی الزام نہیں ہوسکتا۔یہ کہہ کر امام حسینؑ نے اونٹ کو آگے بڑھایا السلام علیک کہا اور دونوں اپنے اپنے راستے پر روانہ ہو گئے۔

فرزوق کا بیان

فرزوق کہتے ہیں کہ،حج کے دن تھے 60ھ کا واقعہ ہے کہ میں حرم میں داخل ہوا۔میں نے حسینؑ بن علیؑ کو مکہ کے باہر پایا جب کہ تلواریں اور ڈھالیں ان کے ساتھ تھیں،میں نے لوگوں سے پوچھا کہ یہ اونٹوں کی قطار کس

کے ساتھ ہے۔معلوم ہوا کہ حسینؑ کا قافلہ ہے۔میں آپ کے پاس گیا۔میں نے عرض کیا کہ فرزند رسول میرے ماں باپ آپ پر فدا ہو جائیں کیا جلدی تھی کہ آپ حج کو چھوڑ کر چلے آئے فرمایا اگر میں جلدی نہ کرتا تو گرفتار کر لیا جاتا۔پھر مجھ سے پوچھا تم کون ہو۔میں نے عرض کیا میں عراق کا ایک شخص ہوں۔پھر سوال کیا۔جن لوگوں میں سے تم آرہے ہو ان کا حال مجھ سے بیان کرو۔میں نے جواب دیا کہ لوگوں کے دل آپ کی طرف،تلواریں بنی امیہ کی طرف ہیں اور حکم خدا کے ہاتھ میں ہے یہ سن کر آپ نے فرمایا تم سچ کہتے ہو۔اس کے بعد میں نے نذر اور اعمال حج کے بارے میں آپ سے کچھ مسائل پوچھے آپ نے وہ سب بتائے۔

عبداللہ بن جعفر کا خط حسینؑ کے نام

علیؑ بن الحسینؑ کا بیان ہے جب ہم لوگ مکہ سے نکلے،تو عبداللہ بن جعفر نے اپنے دونوں بیٹوں عون و محمد کے ساتھ ایک خط حسینؑ کو بھیجا کہ میں آپ کو خدا کا واسطہ دیتا ہوں۔آپ میرا خط دیکھتے ہی واپس چلے آئیں۔مجھے خوف ہے کہ آپ جہاں جارہے ہیں وہاں آپ ہلاک اور آپ کے اہلِ بیت تباہ نہ ہو جائیں۔اگر آپ شہید ہو گئے تو دنیا میں اندھیرا ہو جائے گا۔اہلِ ہدایت کے رہنما اور اہلِ ایمان کا سہارا صرف آپ ہی کی ذات ہے۔روانگی میں جلدی نہ کیجئے۔اس خط کے پیچھے میں بھی آرہا ہوں۔والسلام۔(عبداللہ بن جعفر نے عمرو بن سعید گورنر مکہ سے آپ کے لیے ایک امان نامہ بھی لکھوالیا تھا) جب یحییٰ بن سعید اور عبداللہ بن جعفر آپ کے پاس پہنچے اور یحییٰ نے (اپنے بھائی کا امان نامہ والا) خط دیا اور دونوں نے بہت اصرار کیا تو آپ نے یہ عذر کیا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھا ہے جو انہوں نے مجھے حکم دیا ہے میں اسے بجالاؤں گا۔چاہے اس میں میرے لیے ضرر ہو یا نفع۔دونوں نے پوچھا وہ خواب کیا ہے آپ نے فرمایا نہ میں نے کسی سے بیان کیا ہے اور نہ بیان کروں گا۔یہاں تک کہ اپنے خدا سے ملاقات کروں گا۔

عمر بن سعد کو امارت رے کی لالچ

عمر بن سعد ابی وقاص کو عبیداللہ نے رے کی حکومت دے دی اور اس کے نام پر فرمان لکھ دیا اور یہ بھی کہا کہ میری طرف سے اس شخص (حسینؑ) کو سمجھ لو ان نے کہا مجھے معاف رکھئے۔ابنِ زیاد کسی طرح نہ مانا تو اس نے کہا،ایک رات کی مہلت دیجئے،عمر اپنے معاملہ کو سوچتا رہا صبح ہوئی تو ابنِ زیاد کے پاس آیا،اس کے حکم کو بجالانے پر تیار ہو گیا اور حسینؑ بن علیؑ کی طرف روانہ ہو گیا۔

ابنِ سعد کی امام حسینؑ پر فوج کشی

جب آپ وہاں پہنچے تو آپ نے فرمایا۔تین میں سے ایک بات اختیار کرو۔یا تو مجھے چھوڑ دو کہ میں جہاں

سے آیا ہوں وہیں چلا جاؤں گا یا مجھے یزید کے پاس جانے دو۔ یا کسی سرحد کی طرف نکل جانے دو۔عمر سعد نے یہ بات قبول کر لی۔ابن زیاد نے اسے لکھا کہ وہ جب تک اپنا ہاتھ ہمارے ہاتھ میں نہ پکڑا دیں ایسا ہرگز نہیں ہو سکتا۔حسینؑ نے فرمایا ایسا تو کبھی نہیں ہوگا۔اس پر ابن سعد نے لڑائی شروع کر دی۔اور تمام انصار حسینؑ شہید ہو گئے۔جن میں سے سترہ نوجوان ان کے اہلِ بیت میں سے تھے۔اور ایک تیر آ کر ایک بچے کو لگا جو آپ کی گود میں تھا حسینؑ اس کا خون پونچھتے جاتے تھے اور کہتے تھے۔خداوندا ہمارے اور ان لوگوں کے درمیان تو انصاف کر جنہوں نے نصرت کرنے کے لیے ہمیں بلوایا اور پھر ہمیں قتل کیا اس کے بعد آپ نے ایک چادر منگوائی اسے پھاڑ اور آگے سے پہن لیا پھر تلوار لے کر نکلے اور شہید ہو گئے۔صلوٰت اللہ علیہ آپ کو بنی مذحج کے ایک شخص نے شہید کیا وہ آپ کا سر کاٹ کر ابنِ زیاد کے پاس لے گیا اور نظم میں یہ مضمون ادا کیا۔میرے اونٹوں کو سیم زر سے لدوا دے۔میں نے جلیل القدر بادشاہ کو قتل کیا ہے میں نے اسے قتل کیا جس کے ماں باپ بہترین خلائق تھے اور جو نسب کے لحاظ سے خود بھی بہترین خلق ہے۔

ابو برزہ اسلمی کا اظہارِ حق

ابنِ زیاد نے اس شخص کو سر حسینؑ سمیت یزید کے پاس بھیج دیا اس وقت اس کے پاس ابو برزہ اسلمی بیٹھے ہوئے تھے۔اس نے سر حسینؑ یزید کے سامنے رکھ دیا۔یزید چھڑی سے آپ کے دھن مبارک کو کھٹکھٹا رہا تھا اور کسی شاعر کا یہ شعر پڑھتا تھا ہم ان لوگوں کے سر بھی اتار لیتے ہیں جو قوی شدید اور ہم پر بھاری ہوتے ہیں۔خواہ وہ کیسے ہی سرکش و جفا کار رہے ہوں ابو برزہ کہنے لگے اپنی چھڑی کو ہٹا لو میں نے بارہا دیکھا ہے کہ رسول اللہؐ اپنا دہن اس دہن پر رکھ کر بوسہ لیتے تھے۔ابن سعد نے حسینؑ کے اہلِ حرم و عیال کو ابن زیاد کے پاس روانہ کیا۔آپ کے اہلِ بیت میں عورتوں کے ساتھ ایک بیمار فرزند کے علاوہ کوئی باقی نہیں رہا تھا۔ابن زیاد نے حکم دیا کہ اسے بھی قتل کر دو۔جناب زینبؑ یہ سن کر بیمار سے لپٹ گئیں اور فرمانے لگیں جب تک مجھے قتل نہ کر لو واللہ یہ قتل نہیں ہو سکتا۔ابنِ زیاد کو ترس آ گیا اور اس ارادہ سے باز آیا اور سب کو یزید کے پاس بھیج دیا۔یہ لوگ جب یزید کے پاس پہنچے تو اس نے اہلِ شام میں سے جو اس کے درباری تھے سب کو جمع کیا۔اس کے بعد اہلِ بیت کو دربار میں لائے۔اہلِ دربار نے فتح کی مبارک باد دی۔انہی میں سے ایک نیلی آنکھوں والے سرخ رنگ نے اہل بیت میں سے ایک لڑکی کی طرف دیکھا اور کہا ''امیر المومنین'' یہ مجھے عنایت کیجئے۔جناب زینبؑ نے کہا واللہ یہ نہیں ہو سکتا۔جب تک (یزید) دین اسلام سے خارج نہ ہو جائے نہ یزید کو یہ اختیار ہے اور نہ تجھے۔شامی نے پھر وہی سوال کیا تو یزید نے کہا۔اس ارادے سے باز رہو۔پھر ان کی روانگی کا سامان کر کے انہیں مدینہ کی طرف روانہ کیا۔جب اہل بیت مدینہ میں داخل ہوئے تو خاندان عبدالمطلب کی ایک خاتون بالوں کو بکھرائے ہوئے گوشہ

دامن کو سر پر رکھے استقبال کو نکلیں وہ روتی جاتی تھی اور کہہ رہی تھیں (ترجمہ اشعار) لوگو! کیا جواب دو گے جب پیغمبرؐ تم سے پوچھیں گے کہ تم نے آخری امت ہو کر یہ کیا سلوک میرے بعد میری عترت واہلِ بیت کے ساتھ کیا۔ کچھ لوگ ان میں سے قید ہوئے اور کچھ قتل ہو گئے جو خاک وخون آلودہ ہیں۔ میں نے جو تم کو ہدایت کی اس کا عوض یہ تو نہ تھا۔ کہ میرے بعد میرے بعد میرے خاندان سے تم برائی کرو۔

زہیر بن قین کی امام حسینؑ سے ملاقات

زہیر بن قین سفر میں تھے راستے میں امام حسینؑ سے ملاقات ہوئی اور وہ بھی آپ کے ساتھ ہو گئے

حصین بن نمیر کی روانگی

ابن زیاد کو جب معلوم ہوا کہ حسینؑ مکہ سے کوفہ کی طرف آ رہا ہے ہیں تو اس نے اپنے پولیس افسر حصین بن نمیر کو روانہ کیا وہ آ کر قادسیہ میں اترا قادسیہ سے حقائق قطقطانہ اور لعلع تک سوار پھیلا دیئے لوگوں نے یہ دیکھ کر کہا یہ حسینؑ کی آمد آمد عرزق کی طرف ہے۔

حضرت حسینؑ کا حاجر میں قیام

بطن الدمہ میں جو مقام حاجر ہے وہاں پہنچ کر حسینؑ نے اہل کوفہ یہ خط لکھا کہ قیس بن مسہر صداوی کے ہاتھ روانہ کیا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

''حسینؑ بن علیؑ کی طرف سے ان کے برادران ایمانی واسلامی کے نام سلام وعلیکم۔ میں تمہارے سامنے اس اللہ کی حمد کرتا ہوں جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ مسلم بن عقیل کا خط مجھے پہنچا۔ تم لوگوں کا حسن عقیدہ اور تم سب کے میری مدد اور میرے حق کی طلب پر متفق ہونے کا حال مجھے معلوم ہوا۔ میں خدا سے دعا کرتا ہے کہ وہ ہم پر احسان کرے اور تم لوگوں کو اس بات کا اجر عظیم دے۔ میں تمہارے پاس آنے کیلئے ذی الحجہ کی آٹھویں کو منگل کے دن روز ترویہ مکہ سے روانہ ہو چکا ہوں۔ جب میرا قاصد تمہارے پاس پہنچے تو اپنے کام میں جلدی کرو، اور کوشش کرو۔ میں انہی دنوں میں تمہارے پاس انشاء اللہ آ جاؤں گا۔ والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاۃ..... جناب مسلم نے اپنی شہادت کے ستائیس دن پیشتر آپ کو یہ خط لکھا تھا (مثل ہے) رائد (جسے پانی اور چارہ کی تلاش میں بھیجا جائے۔) اپنے لوگوں سے غلط بات نہیں کہے گا۔ جماعت اہل کوفہ آپ کے ساتھ ہے۔ میرا خط پڑھنے کے ساتھ ہی آپ ادھر روانہ ہو جائے۔ والسلام علیکم۔ آپ بچوں اور بیبیوں کو ساتھ لئے ہوئے اس طرح روانہ ہوئے کہ ذرا بھی کہیں نہیں ٹھہرتے تھے اور آپ کا خط لے کی

قیس بن مسہر صدوای کوفہ کی طرف روانہ ہوئے۔

قاصد امام حسینؑ کی شہادت

جب قادسیہ پہنچے تو ابن نمیر نے ان کو گرفتار کر کے ابن زیاد کے پاس بھیج دیا۔ ابن زیاد نے ان سے کہا کہ قصر الامارہ پر چڑھا جاؤ۔ اور کذاب بن کذاب (بہت جھوٹے اور بہت ہے جھوٹے کے بیٹے) کو سب وشتم کرو۔ قیس قصر پر گئے اور کہا ''اے لوگوں حسینؑ بن علیؑ بہترین خلق خدا فرزند فاطمہؑ دختر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں اور میں ان کا قاصد ہو کر تم لوگوں کے پاس آیا ہوں۔ میں نے ان کو مقام حاجر میں چھوڑا ہے ان کا نصرت کیلئے تم سب جاؤ۔ یہ کہہ کر قیس نے ابن زیاد اور اس کے باپ پر لعنت کی اور علیؑ ابن ابی طالبؑ کیلئے مغفرت کی دعا کی۔ ابن زیاد نے حکم دیا اور قصر سے وہ نیچے گرا دیئے گئے۔ وہ چُور چُور ہو کر شہادت کے درجہ پر فائز ہوئے۔

زہیر بن قین کا جذبۂ شہادت

زہیر بن قین بجلی کا قافلہ مکہ سے جو نکلا تو حسینؑ کے ساتھ ہو گیا تھا۔ لیکن ان لوگوں کو کسی منزل پر بھی آپ کے ساتھ ہونا گوارا نہ تھا۔ جب آپ روانہ ہوتے تھے تو زہیر ٹھہر جاتا اور جب آپ کہیں اترتے تو زہیر آگے نکل جاتا۔ بنی فرازہ کا ایک شخص جو زہیر کے ساتھ تھا بیان کرتا ہے کہ ایک منزل میں ایسا اتفاق ہوا کہ اس کے علاوہ کوئی چارہ نہ تھا کہ ہم اور حسینؑ وہیں قیام کریں۔ حسینؑ ایک طرف اور ہم دوسری طرف اترے ہم سب بیٹھے کھانا کھا رہے تھے کہ حسینؑ کے پاس سے ایک قاصد آیا۔ اس نے سلام کیا اندر پہنچا اور کہا اے زہیر قین ابوعبداللہ حسینؑ بن علیؑ نے مجھے تمہارے پاس اس لیے بھیجا ہے کہ تم ان کے پاس چلو۔ یہ سنتے ہی ہم سب نے نوالہ ہاتھ سے چھوڑ دیا۔ معلوم ہوا کہ ہاتھوں کے طوطے اڑ گئے۔ دلھم بنت عمرو زوجہ زہیر کہنے لگی۔ ''سبحان اللہ فرزند رسول تمہیں بلائیں اور تم ان کے پاس نہ جاؤ'' گئے ہوتے ان سے باتیں کرتے۔ پھر چلے آتے۔ چنانچہ زہیر آپ کے پاس گئے اور بہت جلد ہشاش بشاش چہرہ کے ساتھ واپس خیمہ ڈیرہ ساز وسامان اور مال ومتاع اٹھوا کر حسینؑ کی طرف بھجوا دیا اور بیوی سے کہا۔ میں نے تجھے اپنے نکاح سے آزاد کیا۔ تم اپنے خاندان کی طرف چلی جاؤ۔ میں نہیں چاہتا کہ میرے سبب تمہارے لیے نیکی کے علاوہ کوئی برائی ہو پھر اپنے ساتھ سوالوں سے کہا۔ تم میں سے جو چاہے میرے ساتھ چلا آئے ورنہ یہ سمجھ لے کہ یہ آخری ملاقات ہے میں ایک حدیث تم لوگوں سے بیان کرتا ہوں۔ غزوہ بلنجر میں خدا نے ہم کو فتح دی اور مال غنیمت ہمارے ساتھ آیا تو سلمان فارسیؓ نے ہم سے پوچھا کہ خدا نے جو یہ فتح تم کو دی ہے اور جو مال غنیمت تمہارے ہاتھ آیا ہے اس سے تم خوش ہو گئے ہو ہم نے کہا ہاں ہمیں خوشی تو ہوئی ہے تو کہنے لگے ''جوانان آل محمدؐ کا زمانہ تمہیں ملے اور ان کی نصرت میں تم قتال کرو تو اس مال غنیمت سے زیادہ تمہیں خوشی ہو گی۔ اب میں تم سے خدا حافظ کہتا ہوں اس وقت سے زہیر سب سے آگے ہی آگے رہے یہاں تک کہ شہید ہو گئے۔

عبداللہ اور مذری

عبداللہ اور مذری دو شخص بنی اسد کے حج کر گئے۔ وہ بیان کرتے ہیں۔ ہم حج سے فارغ ہوئے تو ہمیں اس کے سوا کوئی فکر نہ تھی کہ راستے ہی میں حسینؑ تک پہنچ جائیں۔ تاکہ دیکھیں کہ ان کا معاملہ کہاں تک پہنچتا ہے۔ ہم ان کے قریب ہی پہنچے تھے کہ اہلِ کوفہ میں سے ایک شخص کو دیکھا کہ وہ ادھر آ رہا تھا۔ جب اس نے حسینؑ کو دیکھا تو راستہ چھوڑ کر دوسری طرف مڑ گیا۔ حسینؑ اسے دیکھ کر ٹھہر گئے گویا آپ اسے ملنا چاہتے تھے۔ پھر آپ چل پڑے اور ہم بھی روانہ ہوئے۔ ہم میں سے ایک نے دوسرے سے کہا۔ آؤ ذرا اس شخص سے چل کر کوفہ کے حالات تو معلوم کریں۔ چنانچہ ہم دونوں اس شخص کے پاس پہنچ گئے۔ اسلام علیک کہا اس نے وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ کہا ہم نے پوچھا تم کون ہو اس نے کہا میں اسدی ہوں۔ ہم نے کہا ہم دونوں شخص بھی اسدی ہیں۔ تمہارا نام کیا ہے اس نے کہا بکسیر بن شعبہ پھر ہم نے بھی اپنا نسب اس سے بیان کیا۔ اور پوچھا کہ تم جہاں سے آئے ہو وہاں کی خبر کیا ہے۔ اس نے کہا میں کوفہ سے نہیں نکلا تھا کہ مسلم اور ھانی شہید ہو چکے تھے۔ میں نے دیکھا کہ ان دونوں کے پاؤں پکڑ کر انہیں گھسیٹتے ہوئے بازار میں لیے جا رہے تھے۔

شہادت مسلم کی امام حسینؑ کو اِطلاع

ہم دونوں یہ خبر سن کر پھر حسینؑ کے قافلہ سے آ ملے جب شام کو آپ منزل تعلبیہ میں اترے تو ہم آپ کے پاس گئے سلام کیا آپ نے جواباً سلام دیا۔ ہم نے عرض کیا آپ پر رحمت خدا نازل ہوا۔ ہمارے پاس ایک خبر ہے آپ فرمائیں تو ہم اعلانیہ بیان کریں اور اگر چاہیں تو تنہائی میں گوش وگزار کریں۔ آپ نے اپنے انصار کی طرف دیکھا اور فرمایا ان لوگوں سے چھپانے کی کوئی بات نہیں ہے۔ ہم نے عرض کیا کل شام آپ نے ایک سوار کو سامنے آتے ہوئے دیکھا تھا۔ فرمایا ہاں دیکھا تھا اور میں اس سے پوچھنا بھی چاہتا تھا۔ ہم نے کہا آپ کو اس سے پوچھنے کی ضرورت نہیں رہی۔ ہم کو بے لوث خبر اس سے مل گئی ہے وہ ہم لوگوں میں سے بنی اسد کا ایک شخص ہے جو رائے راستی اور فضل وعقل رکھتا ہے اس نے ہم سے بیان کیا وہ کوفہ سے ابھی نہیں نکلا تھا کہ مسلم اور ھانی شہید ہو چکے تھے۔ اس نے دیکھا کہ ان دونوں کے پاؤں پکڑ کر بازار میں گھسیٹتے ہوئے لیے جاتے تھے یہ سن کر آپ نے فرمایا: انا للہ وانا الیہ راجعون۔ دونوں پر خدا کی رحمت نازل ہو آپ بار بار یہی کہتے رہے ہم نے عرض کی۔ ہم آپ کو خدا کی قسم دیتے ہیں کہ اپنی جان اور اہلِ بیت کا خیال کیجئے اور اسی جگہ سے پلٹ جائیں کوفہ میں نہ کوئی آپ کا یار و مددگار ہے نہ وہاں آپ کے شیعہ ہیں بلکہ ہمیں تو خوف اس بات کا ہے کہ وہ لوگ آپ کی مخالفت کریں گے۔

آل عقیل کا اصرار

یہ سن کر عقیل بن ابی طالبؑ کے فرزند یہ کہتے ہوئے اٹھ کھڑے ہوئے واللہ جب تک ہم بدلہ نہ لے لیں گے یا جو ہمارے بھائی کا حال ہوا ہے وہی ہمارا نہ ہوگا۔اس جگہ سے ہم نہیں سرکیں گے۔یہ سن کر آپ نے دونوں شخصوں کی طرف دیکھا اور فرمایا ان لوگوں کے بغیر زندگی کا کوئی لطف نہیں ہم سمجھ گئے کہ آپ نے کوفہ جانے کا مصمم ارادہ کرلیا ہے۔ہم نے عرض کی خدا آپ کے لیے بہتری کرے آپ نے جواب میں فرمایا خدا تم دونوں پر رحمت نازل فرمائے۔آپ کے بعض انصار نے کہا کجا مسلم کجا آپ کوفہ میں آپ جائیں گے تو سب آپ کی طرف دوڑ پڑیں گے۔آپ صبح کا انتظار کرتے رہے جب وقت سحر ہوا تو خادموں اور غلاموں سے کہا پانی جتنا لے سکو لے لو۔ان لوگوں نے پانی بھر لیا اور بہت زیادہ بھرا پھر سب وہاں سے روانہ ہوئے چلتے چلتے منزل زبالہ میں پہنچے۔

عبداللہ بن یقطر کی شہادت کی اطلاع

راستے میں جہاں کہیں آبادی سے گزرتے وہاں کے لوگ آپ کے ساتھ ہو لیتے تھے زبالہ میں آپ کو اپنے رضاعی بھائی عبداللہ بن یقطر کی شہادت کی خبر ملی ان کو آپ نے راستے ہی سے مسلم کے پاس بھیجا تھا جب کہ ابھی تک آپ کو مسلم کی شہادت کی خبر نہیں آئی تھی۔ابنِ یقطر قادسیہ میں پہنچے تو انہیں ابن نمیر کے سواروں نے گرفتار کرلیا اور ابن زیاد کے پاس بھیج دیا۔انہیں بھی کہا کہ قصر پر جا کر کذاب بن کذاب (جھوٹے کے بیٹے جھوٹے) پر لعنت کر کے واپس آؤ۔تو پھر میں تمہارے بارے میں کوئی حکم جاری کروں گا۔عبداللہ بن یقطر چھت پر چڑھ گئے۔جب سب لوگوں کا سامنا ہوا تو پکارے۔اے لوگو میں حسینؑ فرزند فاطمہؑ کا قاصد ہوں اور اس ابن مرجانہ پسر سمیہ ولد الحرام کے مقابلہ میں ان کی نصرت اور مدد کرو۔ابن زیاد کے حکم سے وہ قصر پر سے زمین پر گرا دیئے گئے۔ہڈیاں چُور چُور ہوگئیں۔ابھی کچھ جان باقی تھی کہ ایک شخص نے آ کر ذبح کر دیا۔جس کا نام عبدالملک بن عمیر تھا لوگوں نے اعتراض کیا تو اس نے کہا میں چاہتا تھا کہ اس کی مشکل آسان ہو۔

آنحضرتؑ کا خطبہ

یہ خبر جب آپ کو معلوم ہوئی تو آپ نے سب لوگوں کو ایک تحریر پڑھ کر سنائی۔بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ایک بہت ہی سخت واقعہ کی خبر مجھے پہنچی ہے کہ مسلم، ھانی اور عبداللہ قتل کر دیئے گئے ہیں۔ہمارے شیعوں نے (جو زبانی شیعہ کہلاتے ہیں) ہمارا ساتھ چھوڑ دیا ہے۔تم میں سے جو کوئی جانا چاہے چلا جائے۔میں نے تم سے اپنا ذمہ اٹھا لیا۔یہ سنتے ہی وہ سب لوگ منتشر ہوگئے، کوئی دائیں جانب چلا اور کوئی بائیں طرف یہاں تک کہ صرف وہی لوگ رہ گئے جو مدینہ سے آپ کے ساتھ چلے تھے اور آپ نے جو ایسا کیا تو یہ سمجھ کر کیا کہ یہ اعرابی جو ساتھ ساتھ چلے

آتے ہیں سمجھے ہوئے ہیں کہ حسینؑ کسی ایسے شہر میں جا رہے ہیں جہاں سب لوگ ان کی اطاعت پر آمادہ ہیں۔ آپ کو مناسب نہ معلوم ہوا کہ ان کو ساتھ لے چلیں۔ جب تک ان کو وثوق نہ ہو جائے کہ کہاں جا رہے ہیں۔ آپ کو یقین تھا کہ ان کو مفصل حال معلوم ہو جائے گا تو پھر صرف وہی لوگ ساتھ دیں گے جو میرا ساتھ دینے والے اور میرے ساتھ مرنے والے ہوں گے، باقی سب متفرق ہو جائیں گے۔

باب 11

سانحہ کربلا 61ھ میں شروع ہوا

امام حسینؑ کا منزل شرافت میں قیام

آپ نے منزل شرافت میں قیام کیا۔صبح کے وقت خادموں کو حکم دیا۔ پانی بھر لیں۔انہوں نے پانی ساتھ لے لیا۔ پھر وہاں سے روانہ ہوئے صبح سے لے کر مسلسل چلتے رہے۔ یہاں تک کہ دوپہر ہوگئی اور ایک شخص پکارا۔اللہ اکبر آپ نے بھی کہا اللہ اکبر اور پوچھا کہ اللہ اکبر تو نے کس بنا پر کہا اس نے کہا مجھے خرمے کے درخت دکھائی دے رہے ہیں۔ یہ سن کر بنی اسد میں سے دو شخص آپ سے کہنے لگے ہم نے تو کبھی یہاں خرمے کے درخت نہیں دیکھے تھے۔ہمیں تو ہر اول دستے کا رسالہ معلوم ہوتا ہے۔آپ نے فرمایا۔ مجھے بھی ایسا ہی معلوم ہوتا ہے کہ ہمارے لیے یہاں کوئی ایسی جگہ مل سکتی ہے کہ جس کو پس پشت رکھ کر ان لوگوں سے ایک ہی رخ سے سامنا کریں۔دونوں شخصوں نے کہا ۔آپ کے پہلو ہی میں ذوحسم (پہاڑ) موجود ہے۔آپ بائیں جانب مڑ جائیں۔ان لوگوں سے پہلے آپ وہاں پہنچ جائیں گے۔تو جو بات آپ چاہتے ہیں وہ حاصل ہے۔آپ بائیں مڑے ساتھ ہی وہ رسالہ بھی اس طرف مڑا۔ان کی برچھیوں کے پھل شہد کی مکھیوں کے خول معلوم ہوتے اور ان کے علموں کی بیرقیں گدھ کے پروں کی طرح پھیلی ہوئی تھیں۔ان سے پیشتر ہی آپ ذوحسم تک پہنچ گئے اور وہیں اتر پڑے اور حکم دیا تو خیمے نصب ہو گئے۔

حر کا لشکر

ہزار سواروں کا رسالہ لیے ہوئے حُر اس جلتی ہوئی دوپہر میں آپکے مقابل آ کر ٹھہرا دیکھا کہ آپ اور آپ کے انصار عمامے باندھے ہوئے ہیں آپ نے خادموں کو حکم دیا کہ ان سب لوگوں کو پانی پلا کر ان کی پیاس بجھاؤ اور گھوڑوں کو بھی پانی دکھا دو۔خدام اٹھ کھڑے ہوئے اور رسالہ کے سواروں کو پانی پلا پلا کر سیراب کر دیا۔ پھر کا سے کٹرے طشت بھر بھر کر گھوڑوں کے سامنے لے گئے۔گھوڑا جب تین چار، پانچ دفعہ پانی میں منہ ڈال چکتا تب برتن ہٹا کر دوسرے گھوڑے کو پانی پلاتے تھے۔اس طرح سب گھوڑوں کو پانی پلایا۔

حر کے ایک سپاہی سے حسنِ سلوک

حر کے رسالے کا ایک سپاہی پیچھے رہ گیا تھا وہ بیان کرتا ہے آپ نے میری اور میرے گھوڑے کی حالت

جو پیاس سے ہورہی تھی، دیکھی تو فرمایا۔ راویہ کو بٹھاؤ۔ میں مشک کو راویہ سمجھا۔ تو آپ نے فرمایا اے لڑکے اونٹ کو بٹھا۔ میں نے اونٹ کو بٹھایا تو فرمایا کہ پانی پیو۔ جب میں پینے لگتا تو مشک سے پانی باہر گر پڑتا۔ آپ نے فرمایا ۔مشک کے دھانے کوٹ دو۔ لیکن مجھ سے الٹا یا نہ گیا تو آپ اٹھ کھڑے ہوئے اور دھانے کو الٹ دیا میں نے پانی پیا اور اپنے گھوڑے کو بھی پلایا آپ کی طرف حر کے قادسیہ سے آنے کا سبب یہ تھا کہ ابن زیاد کو جب خبر ملی حسینؑ آرہے ہیں تو اس نے حصین بن نمیر کو جو اس کا پولیس افسر تھا روانہ کیا اسے حکم دیا کہ وہ قادسیہ میں ٹھہرے اور قطقطانہ سے حقائق تک مورچے باندھے نیز حر کو ہزار سوار دے کر اس کے آگے قادسیہ روانہ کیا کہ حسین علیہ السلام سے مزاحمت کرے حر آپ کے سامنے رہا یہاں تک۔

امام حسینؑ کی نماز ظہر کی امامت

کہ ظہر کا وقت آ گیا تو آپ نے حجاج بن مسروق جعفی کو حکم دیا وہ اذان کہیں انہوں نے اذان کہی اور اقامت کا وقت آیا تو آپ تہمد باندھے اور چادر نعلین پہنے ہوئے نکلے حق تعالیٰ کی حمد وثنا کی اور کہا اے لوگو! خدائے عزوجل سے اور تم سب لوگوں سے میں ایک عذر پیش کرتا ہوں کہ جب تک تم لوگوں کے خطوط اور تمہارے قاصد یہ پیغام لے کر میرے پاس نہیں آئے کہ آپ آئیں ہمارا کوئی امام ورہنما نہیں شاید آپ کے سبب سے خدا ہم سب لوگوں کو ہدایت پر متفق کردے اس وقت تک میں تمہارے پاس نہیں آیا۔ اب اگر تم اس قول پر قائم ہو تو یہ لو میں تمہارے شہر میں چلتا ہوں اور اگر ایسا نہیں کرتے اور میرا آنا تمہیں ناگوار ہے تو جہاں سے میں آیا ہوں وہاں واپس چلا جاتا ہوں۔ یہ سن کر سب نے سکوت اختیار کیا لوگوں نے مؤذن سے کہا کہ اقامت کہو۔ اس نے اقامت کہی تو حسینؑ نے حر سے پوچھا کیا تم لوگ الگ نماز پڑھو گے حر نے کہا نہیں ہم سب لوگ آپ کے ساتھ نماز پڑھیں گے آپ نے سب کو نماز پڑھائی اور اپنے خیمے میں چلے گئے۔ آپ کے انصار بھی سب آپکے پاس جمع ہو گئے۔

حضرتؑ کا لشکرِ حر سے خطاب

حر اپنی جگہ پر جہاں وہ پہلے تھا واپس آیا اس کے لیے خیمہ نصب کیا گیا اور وہ اس میں چلا گیا کچھ لوگ اس کے ساتھیوں میں سے اس کے پاس جمع ہو گئے باقی لوگ اپنی اپنی صفوں میں واپس آ گئے اور پھر صفیں باندھ لیں ہر شخص اپنے اپنے گھوڑے کے سایہ میں اتر کر بیٹھ گیا۔ عصر کا وقت ہوا تو آپ نے حکم دیا کہ روانہ ہونے کے لیے سب تیار ہو جائیں پھر آپ خیمہ سے نکلے۔ مؤذن کو حکم دیا اس نے نماز عصر کے لیے اذان دی اور اقامت کہی۔ آپ آگے بڑھے سب کو نماز پڑھائی۔ سلام پھیرنے کے بعد سب کی طرف رخ کر کے حمد وثناء الٰہی بجالائے پھر فرمایا اے لوگو! اگر تم خوفِ خدا کرو گے اور حقداروں کے حق کو پہچانو گے تو یہ امر خوشنودی خدا کا باعث ہوگا۔ ہم اہلِ بیت ہیں اور یہ لوگ جو تم پر حکومت کرنے کا دعوٰی رکھتے ہیں۔ اس کا انہیں حق نہیں اور وہ تمہارے

ساتھ ظلم وتعدی سے پیش آئے ہیں۔اس امر میں ہم ان سے اولیٰ اور اس کے زیادہ حقدار ہیں۔اب اگر ہمیں پسند نہیں کرتے اور ہمارے حق سے تم واقف نہیں ہو۔اپنے خطوط اور قاصدوں کی زبانی تم نے مجھے کہلا بھیجا ہے اگر اب وہ تمہاری رائے نہیں رہی تو میں تمہارے پاس سے چلا جاتا ہوں۔حر نے جواب میں کہا واللہ مجھے معلوم نہیں وہ کیسے خطوط تھے جن کا آپ ذکر فرما رہے ہیں۔یہ سن کر آپ نے عقبہ بن سمعان سے فرمایا کہ وہ دونوں تھیلے جن میں ان لوگوں کے خطوط ہیں لے آؤ۔عقبہ دونوں تھیلے لے آئے۔جن میں خط بھرے ہوئے تھے اور سب کے سامنے خطوط کو لا کر بکھیر دیا حر نے کہا جن لوگوں نے آپ کو خط لکھے تھے ہم ان میں سے نہیں ہیں۔ہم کو تو یہ حکم ملا ہے کہ اگر ہم آپ کو پالیں تو ابن زیاد کے پاس لے چلیں اور لے جائے بغیر نہ چھوڑیں۔آپ نے فرمایا تیری موت اس سے بہت پہلے ہے۔انصار سے فرمایا اٹھو اور سوار ہو جاؤ۔سب سوار ہو گئے اور انتظار کرنے لگے۔یہاں تک کہ ان کی مستورات بھی سوار ہو گئیں۔

حر کی مزاحمت

آپ نے ساتھیوں سے فرمایا کہ واپس چلو۔وہ لوگ واپس ہونے لگے تو حر کے رسالہ والے مزاحم ہوئے آپ نے حر سے کہا۔تیری ماں تجھ پر روئے آخر تیرا کیا مطلب ہے حر نے کہا واللہ اگر عرب میں سے کسی اور نے یہ کلمہ کہا ہوتا اور وہ ہوتا بھی اس حالت میں جس میں آپ ہیں تو میں بھی اس کی ماں کا ذکر کرتا چاہے وہ کوئی بھی ہوتا۔واللہ آپ کی والدہ گرامی کا ذکر بغیر حد درجہ کی تعظیم کے میری مجال نہیں جو کروں۔آپ نے فرمایا تو کیا چاہتا ہے۔حر نے کہا واللہ میں چاہتا ہوں کہ آپ کو ابن زیاد کے پاس لے جاؤں آپ نے فرمایا واللہ میں تیرے ساتھ نہیں جاؤں گا۔حر نے کہا واللہ میں آپ کو نہیں چھوڑوں گا۔تین دفعہ ان کلمات کا تکرار ہوا تو حر نے کہا مجھے آپ سے جنگ کرنے کا حکم نہیں مجھے تو یہ حکم ہے کہ جب تک آپ کو کوفہ تک نہ لے جاؤں آپ سے جدا نہ ہوں اب آپ نہیں مانتے تو کسی ایسے راستہ پر چلئے جو نہ کوفہ کا ہو نہ مدینہ کا۔میں ابن زیاد کو لکھتا ہوں آپ بھی اگر جی چاہے تو یزید یا ابن زیاد کو لکھیں شاید خدا کوئی ایسی صورت نکال دے کہ میں آپ کے کسی معاملہ میں مبتلا ہونے سے بچ جاؤں آپ یہ راستہ اختیار کیجئے عذیب وقادسیہ کی راہ سے بائیں مڑ جایئے۔اس وقت عذیب اڑتیس میل کے فاصلہ پر تھا۔آپ اپنے ساتھیوں کے ساتھ روانہ ہوئے اور حُر بھی ساتھ ساتھ چلا۔

حضرت حسینؑ کا بیضہ میں خطبہ

مقام بیضہ میں آپ نے اپنے اور حر کے اصحاب سے یہ خطبہ حمد وثنائے الٰہی کے بعد ارشاد فرمایا۔''اے لوگو! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو شخص ایسے بادشاہ کو دیکھے جو ظالم ہو جو حرام خدا کو حلال سمجھتا ہو، جو عہد خدا کو توڑتا ہو جو سنتِ رسولؐ خدا کے خلاف عمل کرتا ہو جو بندگان خدا کے ساتھ ظلم وسرکشی سے پیش

آتا ہو اور پھر فعلاً یا قولاً اس پر یہ شخص اعتراض نہ کرے تو خدا اس کو بھی اس کے اعمال میں شریک کرے گا۔ سنو ان حکام نے شیطان کی اطاعت اختیار کر لی ہے۔ اور خدا کی اطاعت کو ترک کر دیا ہے۔ فساد کو ظاہر حدود و شریعت کو معطل مال غنیمت کو غصب حرام خدا کو حلال اور حلال خدا کو حرام کر رکھا ہے ان پر اعتراض کرنے کا سب سے زیادہ مجھے حق ہے۔ تمہارے خط میرے پاس آئے اور تمہارے قاصد میرے پاس تمہاری طرف سے اس بات پر بیعت کرنے کے لیے آئے کہ تم میرا ساتھ نہیں چھوڑو گے اور مجھے دشمن کے حوالے نہیں کرو گے۔ اگر تم اپنی بیعت کو پورا کرو تو بہرہ مند ہو گے میں حسین ہوں علیؑ و فاطمہؑ دخترِ رسولؐ کا فرزند میری جان تمہاری جانوں کے ساتھ ہے میرے اہل و عیال تمہارے اہل و عیال کے ساتھ ہیں۔ میں تمہارا پیشوا ہوں اگر تم نے ایسا نہ کیا عہد و پیمان کو توڑا اور میری بیعت اپنی گردن سے نکال پھینکی تو قسم ہے اپنی جان کی یہ بات تمہاری کوئی نئی بات نہیں ہے یہی سلوک تم نے میرے باپ میرے بھائی اور میرے ابن عم مسلم کے ساتھ کیا ہے جس نے تم پر بھروسہ کیا اس نے دھوکہ کھایا اور جس نے بدعہدی کی اس نے اپنے نفس کے ساتھ کی تم چوکے اور بے بہرہ رہے خدا مجھے تم سے بے نیاز کر دے گا۔ والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔''

ذوحسم کا خطبہ

ذوحسم میں جو آپ نے خطبہ دیا ایک روایت کی بنا پر وہ اس طرح ہے ''حمد و ثنائے الٰہی کے بعد آپ نے فرمایا کہ تم لوگ دیکھ رہے ہو کہ کیا حال ہو رہا ہے دنیا بدل گئی ہے وہ پہچانی نہیں جاتی۔ نیکیاں روگرداں ہو گئیں اور بالکل گئی گزریں۔ اب رہا ہی کیا ہے۔ برتن کا دھوون رہ گیا بری زندگانی اور ناگوار چارہ کیا تم نہیں دیکھتے کہ حق پر عمل نہیں ہوتا اور باطل سے پرہیز نہیں کیا جاتا۔ مومن کو چاہیئے کہ حق پر رہ کر خدا سے ملاقات کرے میں دیکھتا ہوں کہ مرجانا شہادت ہے۔ اور ظالموں کے ساتھ زندگی بسر کرنا ناگواری سی چیز ہے۔ یہ سن کر زہیر بن قین اٹھ کھڑے ہوئے اپنے ساتھ کے لوگوں سے کہا تم کچھ کہتے ہو یا میں کہوں۔

زہیر بن قین کا جذبہ جہاد

انہوں نے کہا آپ ہی کہتے۔ زہیر نے حمد و ثنائے الٰہی کے بعد کہا۔ ''اے فرزند رسولؐ ھداک اللہ آپ کے ارشاد کو ہم قبول کرتے ہیں واللہ اگر دنیا ہمارے لیے باقی رہنے والی ہوتی اور ہم اس میں ہمیشہ رہنے والے ہوتے پھر آپ کی نصرت اور غمخواری میں ہمیں دنیا کو چھوڑنا پڑتا۔ تب بھی ہم اس دنیا میں رہنے سے آپ کے ساتھ اسے چھوڑنے کو بہتر سمجھتے۔'' آپ نے یہ سن کر ان کے لیے دعاء خیر کی۔ حر آپ کے ساتھ ساتھ چلا آتا تھا اور وہ آپ سے کہتا جاتا تھا۔ ''اے حسینؑ میں آپ کو خدا کا واسطہ دیتا ہوں کہ اپنی جان کا خیال کیجئے۔ میں کہے دیتا ہوں اگر آپ نے خود حملہ کیا تو قتل ہو جائیں گے اور اگر آپ پر حملہ ہو گا تو بھی آپ

ہلاک ہوں گے مجھے ایسا ہی معلوم ہوتا ہے'' آپ نے فرمایا ''تو مجھے مرنے سے ڈراتا ہے اور کہا اس سے زیادہ کچھ اور بھی ہے کہ تم مجھے قتل کر دو۔ اس سلسلے میں میں وہی بات کہوں گا جو قبیلہ اوس میں سے ایک صحابی نے اپنے چچازاد بھائی سے کہی تھی۔ یہ رسول اللہؐ کی نصرت کو چلے تھے تو اس نے کہا کہاں جاتے ہو مارے جاؤ گے تو انہوں نے جواب دیا (شعر کا ترجمہ) میں جاؤں گا اور موت سے اس شخص کو کاہے کی شرم جس نے حق کی نیت کی ہو اور مسلم ہو کر جہاد کیا ہو۔ جس نے اپنی جان سے بندگان صالح کی غمخواری کی ہو جس نے ہلاک ہونے والے خائن وذلیل سے کنارہ کیا ہو۔'' حر نے یہ بات سنی تو آپ کے پاس سے الگ ہو گیا جو اپنے ساتھیوں کے ساتھ ایک طرف چل رہا تھا اور حسینؑ راستے کی دوسری طرف۔

طرماح بن عدی کی آمد

جب آپ عذیب الہجانات تک پہنچے تو چار اشخاص اونٹوں پر سوار وارد ہوئے جن کے ساتھ طرماح بن عدی بطور رہنما تھے۔ ان لوگوں کو دیکھ کر حر بڑھا آپ سے کہنے لگا یہ لوگ جو کوفہ سے آئے ہیں۔ آپ کے ساتھ والوں میں شمار نہیں ہوتے لہذا میں ان کو گرفتار کر لوں گا یا واپس کر دوں گا۔ آپ نے فرمایا جو بات میں اپنے لیے گوارا نہیں کرتا ان کے لیے بھی نہیں کروں گا۔ یہ میرے انصار واعوان ہیں۔ اب آپ نے ان لوگوں سے پوچھا کہ تم جہاں سے آرہے ہو وہاں کی کیا خبر ہے۔ مجمع عائذی ان میں سے کہنے لگا۔ بڑے لوگوں کا تو یہ حال ہے کہ ان کو بڑی بڑی رشوتیں دی گئی ہیں ان کے تھیلے بھر دیئے گئے ہیں اور ان کو ساتھی اور خیر خواہ بنا رہے ہیں وہ سب آپ کی مخالفت پر متفق ہیں۔ رہے دوسرے لوگ تو وہ دل سے تو آپ کی طرف ہیں لیکن کل یہی لوگ آپ پر تلوار کھینچے ہوئے آپڑیں گے۔ آپ نے فرمایا میرا قاصد تمہارے پاس آیا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ اسے پکڑ کر ابن زیاد کے پاس بھیجا گیا اس نے حکم دیا کہ وہ آپ پر اور آپ کے والد گرامی پر لعنت کرے۔ اس نے آپ پر اور آپ کے والد گرامی پر صلوات بھیجی۔ ابنِ زیاد اور اس کے باپ پر لعنت کی لوگوں کو آپ کی نصرت کی دعوت دی اور آپ کے آنے کی سب کو خبر کر دی اس پر ابنِ زیاد نے حکم دیا کہ اسے ایوان کی چوٹی سے نیچے گرا دیا جائے۔ حسینؑ کی آنکھیں یہ سن کر ڈبڈبا آئیں اور آپ آنسو ضبط نہ کر سکے۔ پھر آپ نے یہ آیت پڑھی (ترجمہ) ان میں سے کچھ تو گزر گئے اور کچھ انتظار کر رہے ہیں اور لوگوں میں ذرہ بھر تغیر وتبدل نہیں آیا خداوندا انہیں اور ہمیں نعمت بہشت عطا فرما ہمیں کو اور انہیں کو اپنے جوارِ رحمت اور ثواب کے ذخیرۂ بخشش میں یکجا کر دے۔

طرماح کا آپ کو کوہِ اجا پر جانے کا مشورہ

طرماح بن عدی آپ کے قریب آئے اور کہنے لگے۔ بخدا میں تو دیکھ رہا ہوں کہ آپ کے ساتھ کوئی بھی نہیں اگر فقط یہی لوگ جو آپ کے ساتھ ساتھ چل رہے ہیں آپ سے جنگ کریں تو کافی ہیں حالانکہ جب

میں آپ کے پاس آنے کے لیے کوفہ سے نکلا تھا۔اس سے پیشتر بیرون شہر میں نے سپاہ کی ایسی کثرت دیکھی ہے کہ اس سے بڑھ کر کسی مظاہر پر میری نظر سے نہیں گزری تھی۔میرے پوچھنے پر معلوم ہوا یہ اجتماع تو نمائش لشکر کے لیے ہے(یعنی دیکھا جا رہا ہے کہ لشکر کتنا بنتا ہے۔)نمائش سے فارغ ہو کر یہ سب لوگ حسینؑ کے مقابلہ کے لیے روانہ ہوں گے اب میں آپ کو خدا کا واسطہ دیتا ہوں اگر ممکن ہو تو ایک قدم بھی اس طرف جانے کے لیے نہ اٹھایئے اگر آپ کسی ایسی جگہ جانا چاہتے ہوں جہاں اللہ آپ کی حفاظت کرے اور جہاں آپ کوئی رائے قائم کر سکیں اور جو کام کرنا چاہیں اسے اچھی طرح سوچ سمجھ سکیں۔تو چلئے میں آپ کو اپنے بلند پہاڑ کوہِ اجا کی طرف لے چلتا ہوں، بخدا ہم لوگ اسی پہاڑ کی وجہ سے شاہان غسان وحمیر نعمان بن منذر اور ہر سیاہ وسرخ سے محفوظ رہے ہیں واللہ ہمیں یہ لوگ کبھی مطیع نہیں کر سکے۔میں آپ کے ساتھ چلتا ہوں موضع قریۃً میں آپ کو اتار دوں گا۔پھر کوہستان اجا اور سلمی میں بنی طے کے جو لوگ ہیں ان سے کہلا بھیجوں گا۔واللہ دس دن کے اندر اندر آپ کے پاس قبیلہ طے کے سوار و پیادہ جمع ہو جائیں گے۔آپ کا جب تک جی چاہے ہم لوگوں میں رہیں اگر کوئی واقعہ پیش آئے تو میں بیس ہزار بنی طے کے افراد جمع کر دینے کا ذمہ لیتا ہوں جو آپ کے سامنے شمشیر زنی کریں گے جب تک ان میں سے ایک شخص بھی زندہ رہے گا آپ کو ضرر نہ پہنچنے دے گا آپ نے یہ سن کر فرمایا خدا تجھے اور تیری قسم کو جزائے خیر دے۔بات یہ ہے کہ ہم میں اور اس قوم میں ایک قول ہو چکا ہے جس کی وجہ سے ہم واپس نہیں جا سکتے۔معلوم نہیں کہ ہمارا اور ان کا انجام کیا ہوگا۔طرماح کہتے ہیں۔میں آپ سے رخصت ہوا اور میں نے کہا کہ خداوند عالم جن وانس کے شر سے آپ کو محفوظ رکھے۔میں کوفہ سے اپنے اہل وعیال کے لیے کچھ غلہ وغیرہ لے کر چلا ہوں۔ان کو خرچ کرنے کے لیے بھی کچھ دینا ہے وہاں جا کر یہ سب چیزیں انہیں دے کر انشاءاللہ آپ کے پاس آؤں گا۔اگر میں آپ تک پہنچ گیا تو واللہ میں بھی آپ کے انصار میں شامل ہو جاؤں گا۔آپ نے فرمایا رحمک اللہ اگر تیرا یہ ارادہ ہے تو جلدی کرو۔آپ کے ارشاد سے مجھے معلوم ہوا کہ آپ کو اس امر میں اہتمام ہے کہ لوگ آپ کے ساتھ شریک ہوں۔جب ہی تو مجھے جلدی کرنے کو کہتے ہیں۔میں اپنے اہل وعیال میں پہنچا۔جن چیزوں کی انہیں ضرورت تھی وہ ان کو دے کر میں نے وصیت کی سب کہنے لگے۔اس دفعہ تو تم اس طرح رخصت ہو رہے ہو کہ اس سے پیشتر کبھی ایسا نہیں ہوا میں نے اپنے ارادے سے انہیں مطلع کیا اور بنی ثعل کے راستے سے میں روانہ ہوا۔عذیب الہجانات تک پہنچا ہی تھا کہ سماعہ بن بدر سے شہادت حسینؑ کی خبر مجھے معلوم ہوئی یہ سن کر میں واپس چلا گیا۔

حسینؑ اور عبیداللہ بن حر

حسینؑ چلتے چلتے قصر بن مقاتل میں جا کر اترے دیکھا کہ ایک سپاہ پر دوہ السیادہ ہے پوچھا یہ کس کا

خیمہ ہے معلوم ہوا کہ عبیداللہ بن حر جعفی کا۔فرمایا: اسے میرے پاس بلالاؤ۔کوئی شخص بلانے کو گیا۔اور اس سے کہا۔حسینؑ بن علیؑ یہاں آئے ہوئے ہیں اور وہ تمہیں بلاتے ہیں۔ابن حر نے یہ سن کر کہا انا للہ وانا الیہ راجعون۔واللہ میں تو کوفہ سے اس لیے نکل آیا تھا۔مجھے یہ منظور نہیں تھا کہ میں کوفہ میں ہوں اور حسینؑ بھی آئیں واللہ میں نہیں چاہتا کہ ان سے ملوں اور وہ مجھ سے ملیں پیغام پہنچانے والا واپس آیا۔آپ نے حال بیان کیا تو آپ نے یہ سنتے ہی نعلین پہنی اور کھڑے ہو گئے اس کے پاس آئے۔خیمے میں داخل ہوئے سلام کیا بیٹھ گئے اور اسے اپنے ساتھ شریک ہونے کی دعوت دی ابن حر نے جو بات پہلے کہی تھی وہی پھر کہی تو آپ نے فرمایا کہ اگر تم ہماری نصرت نہیں کرتے تو ہمارے قاتلوں کے ساتھ شریک ہونے میں خوف خدا کرنا۔واللہ جو شخص ہماری فریاد سن کر ہماری نصرت و مدد نہیں کرے گا وہ ہلاک ہو جائے گا۔ابنِ حر نے کہا انشاء اللہ یہ تو کبھی نہیں ہوگا۔یہ سن کر امام حسینؑ اس کے پاس سے اٹھ کھڑے ہوئے اور اپنی فرودگاہ میں چلے آئے۔کچھ رات باقی تھی کہ پانی بھرنے کا حکم دیا اور قصر بنی مقاتل سے روانہ ہو گئے۔

حضرت امام حسینؑ کو شہادت کی بشارت

ایک ساعت بھر چلے تھے کہ آپؑ کو ذرا اونگھ آئی پھر چونک کر کہا انا للہ وانا الیہ راجعون۔والحمدللہ رب العالمین دو دفعہ یا تین بار کلمہ آپ نے کہا یہ سن کر آپ کے فرزند علی بن الحسینؑ (علی اکبر) گھوڑا بڑھا کر قریب آئے اور کہنے لگے۔انا للہ وانا الیہ راجعون والحمدللہ رب العالمین۔بابا میری جان آپ پر قربان ہو۔اس وقت آپ نے یہ کلمہ کیوں فرمایا۔آپ نے کہا بیٹا ذرا میری آنکھ لگ گئی تھی۔میں نے ایک سوار کو گھوڑے پر دیکھا اس نے کہا۔یہ لوگ تو چلے جا رہے ہیں اور موت ان کے طرف آ رہی ہے۔اس سے میں سمجھا کہ ہم کو مرگ کی خبر سنائی گئی ہے۔انہوں نے عرض کی بابا خدا آپ کو ہر بلا سے محفوظ رکھے کیا ہم لوگ حق پر نہیں ہیں۔آپ نے فرمایا قسم ہے اس خدا کی جس کے پاس سب کو جانا ہے ہم یقیناً حق پر ہیں۔علی بن الحسین نے کہا پھر ہمیں کچھ پرواہ نہیں، مریں گے تو حق پر مریں گے۔آپ نے کہا جزاک اللہ۔باپ کی طرف سے فرزند کو جو بہترین جزا مل سکتی ہے وہ تم کو ملے۔

حضرت حسینؑ کا نینوا میں قیام

صبح ہوئی آپ گھوڑے سے اترے نماز پڑھی جلدی سے سوار ہوئے اور اپنے انصار کے ساتھ بائیں جانب مڑنے لگے۔آپ چاہتے تھے کہ ان دونوں گروہوں کو متفرق کر دیں۔یہ دیکھ کر حر قریب آتا تھا اور لوگوں کو ادھر جانے سے روکتا تھا۔وہ لوگ حر کو ہٹا دیتے تھے حر ان کو مجبور کرتا تھا کہ کوفہ کے رخ پر چلنے کے لیے تو وہ نہیں جانتے تھے اور آگے بڑھ جاتے تھے۔وہ اس طرح بائیں جانب مڑتے ہوئے چلتے رہے یہاں تک کہ نینوا میں پہنچے یہ وہی مقام ہے جہاں حسینؑ اتر پڑے۔

ابنِ زیاد کا قاصد

اتنے میں ایک سانڈنی سوار ہتھیار لگائے ہوئے کمان شانے پر ڈالے کوفہ سے آتا ہوا دکھائی دیا۔سب کے سب اس کے انتظار میں ٹھہر گئے۔وہ آیا تو حر اور اس کے ساتھیوں کو سلام کیا۔حسینؑ اور ان کے انصار کو سلام نہیں کیا۔حر کو ابن زیاد کا خط دیا اس میں لکھا تھا کہ میرا قاصد اور میرا خط جب تمہیں پہنچیں تو حسینؑ کو بہت تنگ کرنا ان کو ایسی جگہ اترنے دینا جو چٹیل میدان ہو اور جہاں کوئی پناہ کی جگہ نہ ہو، جہاں پانی نہ ہو۔دیکھو قاصد کو میں نے حکم دیا ہے کہ وہ تم پر نگران رہے تمہارا ساتھ نہ چھوڑے جب تک کہ میرے پاس یہ خبر لے کر نہ آئے کہ تم نے میرے حکم کو پورا کر دیا۔والسلام۔حر نے خط پڑھ کر انصار حسینؑ سے کہا یہ خط امیر عبیداللہ بن زیاد کے ہے مجھے حکم دیا ہے کہ جس مقام پر مجھے یہ خط پہنچے وہیں تم لوگوں سختی اور تنگی کروں اور دیکھو یہ شخص اس کا قاصد ہے اس کو حکم ہے کہ میرے پاس سے نہ ہٹے جب تک یہ دیکھ نہ لے کہ میں نے امیر کی رائے پر عمل کیا اور اس کے حکم کو جاری کر دیا ہے۔

ابوشعثا کی قاصد سے گفتگو

یہ سن کر قاصد کی طرف ابوشعثا یزید بن مھاجر کندی فہدی نے دیکھا اور اس کے سامنے آ کر کہا تو مالک بن نسیر بدی ہے۔اس نے کہا ہاں (اور یہ قاصد بھی کندی تھا) ابوشعثا نے کہا تیرا برا ہو تو کیا پیام لے کر آیا ہے۔اس نے کہا جو پیغام میں لے کر آیا ہوں اس میں میں نے اپنے امام کی اطاعت کی ہے اور اپنی بیعت کو میں نے پورا کیا ابوشعثا نے کہا تو نے اپنے خدا کی نافرمانی کی ہے اور اپنے امام کی اطاعت کر کے خود کو ہلاک کیا تو نے اپنے لیے عار و نار کو اختیار کیا۔حق تعالیٰ فرماتا ہے کہ۔

وجعلنا منهم ائمة يهدون الى النار ويوم اقيامة لا ينصرون۔

ہم نے کچھ امام ان میں پیدا کئے ہیں جو کہ دوزخ کی طرف لے جانے کی ہدایت کرتے ہیں۔اور قیامت کے دن ان کی مدد نہیں کی جائے گی۔بس ایسا ہی تیرا امام ہے۔اب حر نے ان لوگوں کو اسی جگہ اترنے پر مجبور کیا جہاں نہ پانی تھا نہ کوئی بستی تھی۔انہوں نے کہا ہمیں نینوا میں یا غاضریہ میں شفیہ میں اتر جانے دو۔حر نے کہا واللہ ایسا نہیں ہوسکتا۔نہ میں ایسا کر سکتا ہوں۔دیکھو یہ شخص جاسوسی کے لیے میرے پاس بھیجا گیا ہے۔

زھیر بن قین کا مشورہ

اس وقت زھیر بن قین نے عرض کی۔فرزند رسولؐ ہمیں ان لوگوں سے جنگ کرنا بہ نسبت ان لوگوں کے جو بعد میں لڑنے کو آئیں گے زیادہ آسان ہے میں قسم کھا کر کہتا ہوں کہ ان کے بعد آپ خیال فرمائیں اتنے لوگ ہم سے لڑنے کو آئیں گے جن کا مقابلہ نہیں کر سکتے آپ نے جواب دیا۔میں جنگ میں ابتدا نہیں کروں گا۔آپ وہیں

اتر پڑے۔ یہ محرم 61ھ کی دوسری تاریخ جمعرات کا دن تھا۔اس کے دوسرے دن صبح کو عمر بن سعد چار ہزار کی فوج لیکر کوفہ سے یہاں وارد ہوا۔حسینؑ پر ابن سعد کے لشکر کشی کرنے کی وجہ یہ تھی کہ قبیلہ ویلم نے موضع وبستی پر قبضہ کرلیا تھا۔یہ سن کر ابن زیاد نے ملک رے کا فرمان ابن سعد کے نام پر لکھا اور حکم دیا کہ وہ اس طرف روانہ ہو۔وہ لوگوں کو لے روانہ ہوا۔حمام اعین میں لشکر گاہ مقرر کی۔جب حسینؑ کا معاملہ پیش آیا۔اور آپ کوفہ کی طرف متوجہ ہوئے تو ابنِ زیاد نے عمر سعد کو بلا بھیجا اور کہا کہ پہلے حسینؑ کی طرف جاؤ۔ہمارے اور ان کے درمیان جو معاملہ ہے اس کا فیصلہ ہوجائے۔تب اپنی خدمت پر جانا۔

حمزہ بن مغیرہ کا عمر سعد کو مشورہ

ابنِ سعد نے کہا خدا آپ کا بھلا کرے اگر مناسب سمجھیں تو مجھے اس کام سے معاف رکھیئے۔ابن زیاد نے کہا ہاں ایسا ہوسکتا ہے اس شرط پر کہ رے کا فرمان واپس کردو۔جب اس نے یہ کہا تو ابن سعد نے اس بارے میں غور وخوض کرنے کے لیے ایک دن کی مہلت مانگی وہاں سے واپس آکر اس نے اپنے ہوا خواہوں میں سے جس جس سے مشورہ کیا اس نے اسے اس حرکت سے منع کیا۔خود زس کا بھانجا حمزہ بن مغیرہ بن شعبہ اس کے پاس آیا اور کہا ماموں خدا کے واسطے حسینؑ سے مقابلہ کرنے کا قصد نہ کرنا۔اس میں اپنے خدا کی نافرمانی بھی ہے۔اور قطع رحمی بھی۔واللہ اگر روئے زمین کی سلطنت،تمام دنیا اور مالِ دنیا سے محروم بھی ہوجاؤ۔تو وہ اس سے بہتر ہے کہ خدا کے سامنے حسینؑ کے خون میں آلودہ ہوکر تم کو جانا پڑے۔ابنِ سعد نے کہا۔انشاءاللہ ایسا ہی کروں گا۔

عبداللہ بن یسار اور ابن سعد

ابن سعد کو جب یہ حکم ملا تو عبداللہ بن یسار جہنی اس کے پاس آیا۔ابن سعد نے کہا امیر نے مجھے حسینؑ کے مقابلے میں جانے کا حکم دیا ہے اور میں نے انکار کردیا ہے۔ابن یسار نے کہا خدا نے تجھے راہ ثواب دکھادی ہے خدا تجھے ہدایت کی توفیق دے اور اس بلا کو ٹال دے ایسا نہ کرنا اور نہ اس کام کے لیے روانہ ہونا۔ابن یسار یہ کہہ کر ابن سعد کے پاس سے چلا آیا۔کسی نے آکر خبر دی کہ سعد تو حسینؑ پر چڑھائی کرنے کے لیے لوگوں کو جمع کر رہا ہے۔یہ سن کر ابن یسار پھر اس کے پاس گیا دیکھا وہ بیٹھا ہوا ہے۔اسے دیکھ کر اس نے منہ پھیر لیا۔یہ سمجھ گیا کہ اب اس نے لشکر کشی کا مصمم ارادہ کرلیا ہے اور وہاں سے چلا آیا۔ابن سعد نے ابن زیاد سے آکر کہا۔خدا آپ کا بھلا کرے۔آپ نے مجھے خدمت دی۔میرے نام کا فرمان لکھ دیا اور سب نے سنا۔پھر اب آپ کی رائے ہو تو اس حکم کو نافذ کردیجئے اور یہ لشکر جو اشراف کوفہ کا ہے اس پر کسی ایسے شخص کو جس کی کارروائی وکارآگاہی فن جنگ میں آپ کی مرضی کے موافق ہو اور مجھے اس پر تفوق نہ ہو اسے مقرر کرکے حسینؑ کے مقابلہ کے لیے بھیج دیجئے یہ کہہ کر ابن سعد نے کچھ لوگوں کے نام بھی لئے۔

ابن سعد کی حسینؑ پر فوج کشی

ابنِ زیاد نے کہا اشراف کوفہ کے نام تم مجھے کیا بتاتے ہو میں تم سے مشورہ نہیں چاہتا کہ کس کو مقرر کروں۔تم اگر لشکر لے کر جاتے ہو تو جاؤ ورنہ میرا فرمان واپس کر دو۔ابنِ سعد نے جب اس کا یہ اصرار دیکھا تو کہا اچھا میں جاتا ہوں۔چنانچہ وہ چار ہزار کے لشکر کے ساتھ نکلا اور جس دن حسینؑ نینوا میں اترے اس کے دوسرے دن صبح کو آپ کے مقابل میں آ کر اترا۔عزرہ بن قیس احمسی کو حکم دیا کہ حسینؑ کے پاس جا کر پوچھے کہ وہ یہاں کیوں آئے ہیں اور کیا ارادہ رکھتے ہیں۔عزرہ ان لوگوں میں سے تھا جنہوں نے آپ کو خط لکھ کر بلایا تھا۔لہذا اسے آپ کے سامنے جاتے ہوئے شرم آئی۔ابنِ سعد نے لشکر کے دیگر رئیسوں سے بھی جنہوں نے آپ کو خط لکھے تھے یہ پیام لے جانے کے لیے کہا لیکن سب نے انکار کیا اور یہ پیغام لے جانا کسی کو گوارا نہ ہوا۔

کثیر بن عبداللہ شعبی

یہ دیکھ کر کثیر اٹھ کھڑا ہوا۔یہ بڑا شہسوار دلیر اور ہر بات میں بیباک تھا۔اس نے کہا۔میں حسینؑ کے پاس جاتا ہوں اور اگر کہیں تو واللہ ایک ہی وار میں ان کا کام بھی تمام کر دوں۔ابن سعد نے کہا۔''نہیں''۔میں یہ نہیں کہتا کہ تم ان کو اچانک قتل کر دو۔ہاں ان کے پاس جا کر یہ پوچھو کہ ان کے آنے کا سبب کیا ہے۔کثیر یہ پوچھنے کو چلا۔ابوثمانہ صائدی نے اسے آتے ہوئے دیکھ کر آپ سے کہا کہ ابا عبداللہؑ خدا آپ کا بھلا کرے جو شخص آپ کے پاس آ رہا ہے۔دنیا بھر کا شریر،سفاک و نتاک ہے۔یہ کہہ کر اٹھ کھڑے ہوئے اور اس سے کہا کہ اپنے تلوار رکھ دو۔اس نے کہا واللہ یہ نہیں ہوگا۔اس میں میں کسی کا لحاظ نہیں کروں گا۔میں فقط قاصد کی حیثیت سے آیا ہوں تم لوگ میری بات سنو گے تو جو پیام لے کر آیا ہوں پہنچا دوں گا۔اگر نہیں سنتے تو واپس چلا جاتا ہوں۔ابوثمامہ نے کہا۔تو اچھا پھر میں تیری تلوار کے قبضہ پر ہاتھ رکھے رہوں گا۔پھر تجھے جو کچھ کہنا ہو وہ کہہ دے۔اس نے کہا واللہ یہ بھی نہیں ہوگا۔قبضہ کو ہاتھ نہ لگانا۔ابوثمامہ نے کہا تو پھر جو تجھے کہنا ہو وہ کہہ دے میں جا کر عرض کر دوں گا۔لیکن تجھے قریب نہیں جانے دوں گا۔چونکہ تو ایک بدکار شخص ہے۔دونوں میں گالی گلوچ ہوئی اور وہ واپس چلا گیا۔اور ابن سعد سے یہ حال بیان کر دیا۔

قرہ بن قیس حنظلی کی سفارت

ابن سعد نے اب قرہ بن قیس سے کہا۔قرہ تم ذرا حسینؑ کے پاس جا کر پوچھو کہ وہ کیوں آئے ہیں اور کیا ارادہ رکھتے ہیں۔قرہ وہاں سے چلا کہ آپ سے ملاقات کرے۔آپ نے جب اسے آتے ہوئے دیکھا تو انصار سے پوچھا۔اس شخص کو تم جانتے ہو۔حبیب بن مظاہر نے کہا۔ہاں میں پہچانتا ہوں یہ بنی حنظلہ میں سے ہے تمیمی

اور ہماری بہن (خاندانی بہن) کا لڑکا ہے میں تو اس کو خوش عقیدہ سمجھتا تھا۔ میں نہیں جانتا تھا کہ یہ ان لوگوں کے ساتھ آئے گا۔ اتنے میں وہ آ پہنچا۔ آپ کو سلام کیا اور ابن سعد کا پیام پہنچا دیا۔ آپ نے جواب دیا ''تمہارے شہر والوں نے مجھے لکھا کہ آپ یہاں آیئے اب اگر انہیں میرا آنا ناگوار ہے تو میں واپس چلا جاؤں گا۔'' حبیب بن مظاہر نے اس سے کہا کہ اے قرہ کیا تو ان ظالموں میں پھر واپس چلا جائے گا تجھے چاہیئے کہ ان کی نصرت کرو۔ جن کے بزرگوں کی بدولت خدا نے تجھے اور ہمیں کرامت عطا فرمائی ہے۔ قرہ نے کہا میں اپنے ساتھی کو اس کے پیام کا جواب پہنچانے جاؤں گا اور پھر جیسی میری رائے ہوگی اس پر عمل کروں گا۔ یہ کہہ کر ابن سعد کے پاس گیا اور اس سے سب حال بیان کیا۔

سعد کا ابنِ زیاد کے نام خط

ابن سعد نے کہا امید تو ہے کہ خدا مجھے ان سے لڑنے اور ان کے کشت وخون کرنے سے محفوظ رکھے گا۔ اور ابنِ زیاد کو یہ خط لکھا۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ میں یہاں جب حسینؑ کے مقابل اترا تو ایک قاصد ان کے پاس بھیجا اور ان سے پوچھا کہ آپ کے آنے کا سبب کیا ہے۔ آپ کیا چاہتے ہیں اور کس چیز کے طلب گار ہیں۔ انہوں نے اس کا جواب دیا کہ اس شہر کے لوگوں نے مجھے خط لکھے میرے پاس ان کے قاصد آئے اور اس بات کے خواستگار ہوئے کہ میں یہاں آؤں۔ میں چلا آیا۔ اب اگر میرا آنا انہیں ناگوار ہے۔ اور قاصدوں کے ذریعے انہوں نے جو کچھ کہلا بھیجا تھا۔ اب اس کے خلاف ان کی رائے ہوگئی ہے تو میں واپس چلا جاتا ہوں۔ ابن زیاد کو جب یہ خط سنایا گیا تو اس نے یہ شعر پڑھا۔

الان اذ علقت مخالبنا به یرجو النجاة ولات حسین مناص۔

یعنی جب ہمارے پنجے میں پھنس گئے اب نکلنا چاہتے ہیں اب تو ان کے لیے کوئی مفر نہیں۔

اس خط کا جواب اس نے ابن سعد کو یہ لکھا کہ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ تمہارا خط ملا جو کچھ تم نے لکھا معلوم ہوا۔ حسینؑ سے کہو کہ یزید بن معاویہ کی وہ خود اور ان کے تمام انصار بیعت کریں۔ اگر انہوں نے بیعت کر لی تو پھر ہم جیسا مناسب سمجھیں گے کریں گے۔ ابنِ سعد کو یہ خط پہنچا تو کہنے لگا میں سمجھ گیا ابنِ زیاد کو عافیت منظور نہیں ہے۔

ابنِ زیاد کا پانی پر قبضہ کرنے کا حکم

ابن زیاد کا ایک اور خط ابن سعد کو آیا اس کا مضمون یہ تھا کہ نہر اور حسین کے درمیان حائل ہو جاؤ ایک بوند پانی وہ لوگ نہ پی سکیں اس خط کو دیکھ کر ابنِ سعد نے عمرو بن حجاج کو پانچ سو سواروں کا رئیس بنا کر روانہ کیا۔ یہ لوگ نہر پر جا کر ٹھہرے۔ نہر اور حسینؑ واصحاب حسینؑ کے درمیان یہ سب حائل ہو گئے۔ تاکہ وہ بوند بھر پانی اس سے نہ پینے پائیں۔

عبداللہ بن ابی حصین کو حضرتؑ کی بد دعا اور اس کا انجام

یہ واقعہ کے شہید ہونے سے تین دن پہلے کا ہے۔آپ کے سامنے آ کر عبداللہ اذری نے جو قبیلہ بنی بجیلہ میں شمار ہوتا تھا پکار کر کہا۔اے حسینؑ ذرا پانی کی طرف دیکھو۔اس کا آسمانی رنگ کتنا بھلا معلوم ہوتا ہے۔واللہ تم پیاسے مرجاؤ گے اور ایک قطرہ بھی آپ کو نہیں ملے گا۔آپ نے یہ سن کر عرض کیا ''خداوندا اس شخص کو پیاس کی ایذا دے کر قتل کر اور کبھی اس کی مغفرت نہ ہو۔'' اس کے بعد حمید بن مسلم اس کی عیادت کو گیا تھا وہ کہتا ہے کہ قسم ہے اس خدائے حدہ لاشریک کی میں نے اسے دیکھا کہ وہ پانی پیتا ہے اور پیاس پیاس کہے جاتا ہے۔پھر قے کر دیتا ہے۔پھر پیتا ہ اور پیاسا ہو جاتا ہے۔اس کی پیاس نہیں بجھتی۔یہی حالت اس کی مسلسل رہی۔یہاں تک وہ مر گیا۔(لعنتہ اللہ علیہ)

حسینؑ اور ابنِ سعد کی ملاقات

حسینؑ نے عمرو بن قرضہ انصاری کو ابن سعد کے پاس بھیجا کہ آج رات لشکروں کے درمیان مجھ سے ملاقات کرو۔ابنِ سعد بیس سوار ساتھ لے کر لشکر سے نکلا اور آپ بھی بیس سوار لے کر نکلے جب قریب آئے تو آپ نے انصار سے فرمایا کہ سب ہٹ جائیں اس نے بھی اپنے ہمراہیوں کو ہٹ جانے کے لیے کہا۔سب وہاں سے اتنی دور ہٹ گئے جہاں نہ آواز سنائی تھی اور نہ کوئی بات۔آپ نے اس سے فرمایا کہ مجھے اس وسیع وعریض زمین میں کسی طرف نکل جانے دو۔میں دیکھونگا کہ انجام کیا ہوتا ہے،ابن سعد سے آپ نے تین یا چار ملاقاتیں کیں۔اس نے ابن زیاد کو لکھا ''خدا نے آگ کے شعلوں کو بجھا دیا۔اختلاف کو رفع کیا اور قوم کی بہتری چاہی۔حسینؑ اس بات پر راضی ہیں کہ جہاں سے آئے ہیں وہیں چلے جائیں۔یا ملک اسلام کی سرحدوں میں سے جس سرحد پر ہم چاہیں انہیں بھیج دیں وہاں وہ ایک مسلم کی حیثیت سے رہیں گے۔اور نفع ونقصان میں وہ سب کا ساتھ دیں گے۔''

شمر کی فتنہ انگیزی

ابنِ زیاد نے خط پڑھ کر کہا ایسے شخص کا خط ہے جو اپنے امیر کا خیر خواہ اور اپنی قوم پر شفیق ہے تو اچھا میں نے قبول کیا۔یہ سن کر شمر بن ذی الجوشن کھڑا ہو گیا اور کہا کہ کیا آپ ان کی یہ بات قبول کرتے ہیں ارے وہ تو آپ کی زمین پر اترے ہوئے ہیں۔آپ کے پہلو میں موجود ہیں۔واللہ آپ کی اطاعت کئے بغیر اگر وہ آپ کے شہر سے چلے گئے تو قوت وغلبہ ان کی اور عاجزی وکمزوری آپ کی ہوگی۔یہ موقع انہیں نہیں دینا چاہیئے۔اس میں آپ کے لیے ذلت ہے،ہونا یہ چاہیئے کہ وہ اور ان کے انصار آپ کے حکم پر سر جھکا دیں۔اگر آپ سزا دیں تو آپ کو سزا

کا حق ہے اور اگر آپ معاف کر دیں تو آپ کو اختیار ہے۔ واللہ میں تو یہ سنتا ہوں کہ حسینؑ اور ابن سعد دونوں لشکروں کے درمیان رات رات بھر بیٹھے ہوئے باتیں کرتے ہیں۔ ابن زیاد نے کہا کیا اچھی رائے تو نے دی ہے، رائے ہے تو بس یہی ہے۔ پھر ابن زیاد نے ایک خط لکھ کر شمر کو دیا اور کہا یہ خط لیکر عمر سعد کے پاس جاؤ۔

ابنِ زیاد کا جنگ کا حکم

اسے چاہیے کہ حسینؑ اور ان کے انصار سے کہے ''وہ سب میرے حکم کے سامنے سر جھکا دیں۔ اگر وہ ایسا کریں تو ان سب کو اطاعت گزاروں کی طرح میرے پاس بھیج دے۔ اور اگر وہ یہ بات نہ مانیں تو پھر ان سے جنگ کرے۔ اگر ابن سعد نے ایسا ہی کیا تو اس کی اطاعت تم بھی کرنا اور اس کی بات کو ماننا اور اگر اس نے انکار کیا تو پھر ان لوگوں سے تم خود جنگ کرنا اور تو ہی امیر لشکر ہے۔ ابن سعد پر حملہ کر کے اس کی گردن اڑا دینا اور اس کا سر میرے پاس بھیج دینا ابنِ سعد کو جو خط ابنِ زیاد نے لکھا اس کا مضمون یہ تھا ''میں نے تجھے حسینؑ کے مقابلہ میں اس لیے نہیں بھیجا تھا کہ تو ان کے بچانے کے لیے فکر کرے یا ان پر احسان کرے یا ان کی سلامتی چاہے یا ان کا میرے سامنے سفارشی بن بیٹھے۔ سن اگر تو حسینؑ اور ان کے انصار میرے حکم پر سر جھکا دیں اور گردنیں خم کر دیں تو سب کو اطاعت گزاروں کی طرح میرے پاس بھیج دے اور اگر وہ نہ مانیں تو ان پر اس طرح لشکر کشی کر کہ سب قتل ہو جائیں اور سب کے سر کاٹ لے وہ اسی کے سزاوار ہیں۔ حسینؑ جب قتل ہو جائیں تو ان کے سینے اور پشت پر گھوڑے دوڑا دے کہ وہ نافرمان مخالف اور خود سر ظالم ہیں۔ میرے یہ دل کی بات نہیں کہ اس سے مرنے والے کو مرنے کے بعد کچھ ایذا پہنچے گی۔ لیکن میری زبان پر آ گیا ہے کہ اگر میں انہیں قتل کروں گا تو ان کے ساتھ یہ سلوک بھی کروں گا۔ اگر ان کے بارے میں تم ہمارے حکم کو جاری کرو گے تو تمہیں وہ عوض ملے گا۔ جو ایک فرمانبردار واطاعت زار کو ملنا چاہیے اور اگر تمہیں یہ منظور نہیں تو ہماری خدمت اور ہمارے لشکر سے الگ ہو جاؤ۔ اور لشکر کو شمر کے حوالے کر دو۔ ہم نے اسے اپنے احکام بتا دیئے ہیں۔ والسلام۔''

فرزندان حضرت ام البنین کے لیے امان

شمر کو جب یہ خط ملا تو وہ خود اور اس کے ساتھ عبداللہ بن ابی محل دونوں اٹھ کھڑے ہوئے۔ عبداللہ کی پھوپھی ام البنین حضرت علی بن ابی طالب کے نکاح میں تھیں۔ ان کے بطن سے جناب عباس، عبداللہ، جعفر اور عثمان پیدا ہوئے تھے۔ عبداللہ بن ابی محل بن خرام نے کہا۔ خدا امیر کا بھلا کرے۔ ہماری (خاندانی) بہن کے بیٹے حسینؑ کے ساتھ ہیں۔ آپ مناسب سمجھیں تو ان کے لیے امان لکھ دیں۔ ابنِ زیاد نے کہا۔ بسر وچشم چنانچہ اس نے کاتب سے کہا اور اس نے امان کا فرمان لکھ دیا۔ عبداللہ نے اپنے غلام کے ہاتھ جس کا نام کرمان تھا اس امان نامہ کو روانہ کیا۔ کرمان نے وہاں جا کر ان حضرات کو بلایا اور کہا کہ تمہارے ماموں نے تمہارے لیے امان

بھیجی ہے۔ان جوانوں نے کہا ہمارے ماموں کو سلام کہنا اور کہہ دینا کہ تم لوگوں کی امان کی ہمیں ضرورت نہیں۔پسر سمیہ کی امان سے خدا کی امان بہتر ہے۔شمر جب ابنِ زیاد کا خط لے کر ابن سعد کے پاس آیا۔اس نے خط پڑھا تو ابن سعد نے شمر سے کہا وائے ہو تجھ پر تو نے کیا حرکت کی۔خدا تیرے سایہ سے بچائے۔خدا تجھے غارت کرے۔تو یہ کیا میرے پاس لے کر آیا ہے۔واللہ میرا گمان یہی ہے کہ تو نے ہی اس کی رائے کو پھیرا۔کہ وہ میری تحریر نہ مانے۔جس معاملہ میں ہمیں اصلاح کی امید تھی تو نے اسے بگاڑ دیا۔واللہ حسینؑ گردن جھکانے والے شخص نہیں ہیں ان کے پہلو میں خوددار دل ہے (یا ان کے باپ کا دل ہے) شمر نے کہا یہ تو بتا تیرا کیا ارادہ ہے۔کیا اپنے امیر کے حکم پر تو چلے گا اور اس کے دشمن کو قتل کرے گا۔اور اگر یہ نہیں تو لشکر کو مجھ پر چھوڑ دے۔ابنِ سعد نے کہا نہیں تجھے لشکر نہیں مل سکتا۔میں خود یہ کام کروں گا۔شمر نے کہا۔پھر تم ہی کرو۔ابن سعد لشکر لے کر چلا۔یہ محرم کی نویں تاریخ تھی جمعرات کا دن اور شام کا وقت تھا۔شمر آ کر انصارِ حسینؑ کے سامنے کھڑا ہوا اور کہا کہ ''ہم لوگوں کی بہن (خاندانی بہن چونکہ جناب ام المومنین بھی کلابی خاندان سے تھیں) کے بیٹے کہاں ہیں۔یہ سن کر عباس وجعفر وعثمان فرزندان علی اس کے پاس آئے اور کہا کہ تجھے کیا کام ہے اور کیا کہتا ہے۔میری بہن کے بیٹو! تمہارے لیے امان ہے۔ان نوجوانوں نے جواب دیا۔خدا کی تجھ پر اور تیری امان پر لعنت ہو تو ہمیں ماموں بن کر جو امان دیتا ہے کیا فرزند رسولؐ کے لیے امان نہیں۔ابنِ سعد نے کہا خدا کی اے خدائی فوج کے سوار گھوڑوں پر سوار ہو جاؤ اور تمہیں خوشخبری نصیب ہو۔

حضرت حسینؑ کو رسول اللہؐ کی بشارت

ابنِ سعد نماز عصر کے بعد اپنے سواروں کو لے کر روانہ ہوا اور حسینی قافلہ پر چڑھائی کر دی،اس وقت امام حسینؑ اپنے خیمہ کے سامنے اس ہیئت سے بیٹھے ہوئے تھے کہ دونوں گھٹنے بلند تھے۔اور تلوار سے ٹکے ہوئے تھے آپ نے گھٹنوں کے اوپر سر رکھا تھا آپ کی بہن جناب زینب نے شور وغل کی آواز سنی تو بھائی کے پاس آئیں۔عرض کیا بھائی آپ نے سنا لوگوں کی آوازیں قریب سے آ رہی ہیں۔حسینؑ نے زانو سے سر اٹھایا اور کہا ''میں نے رسول اللہؐ کو خواب میں دیکھا ہے۔وہ مجھ سے فرما رہے تھے۔تم ہمارے پاس آ جاؤ گے۔بہن نے یہ سن کر اپنا منہ پیٹ لیا اور کہا وائے۔آپ نے فرمایا بہن تم پر وائے نہیں ہے۔خدا تم پر رحم کرے۔خاموش ہو جاؤ۔

عباسؑ بن علیؑ

حضرت عباسؑ بن علیؑ نے عرض کیا۔بھائی جان وہ لوگ تو آ پہنچے۔یہ سن کر آپ کھڑے ہو گئے اور فرمایا میں تمہارے صدقے جاؤں۔گھوڑے پر سوار ہو کر جاؤ۔ان لوگوں سے جا کر ملو۔اور پوچھو کہ وہ کیا چاہتے ہیں۔کیا ارادہ ہے اور ادھر آنے کا سبب کیا ہے۔

حضرت عباس تقریباً بیس سواروں کو لے کر جن میں زہیر بن قین اور حبیب بن مظاہر تھے۔ان لوگوں کے پاس آئے اوران سے کہاتمہارا کیاارادہ ہے۔تمہارے جی میں کیا آیا ہے۔انہوں نے کہا۔امیر کا یہ حکم آیا ہے تم لوگوں سے کہہ دیں کہ یا تو اس کے حکم پر سر کو جھکا دو۔ورنہ ہم تم سے جنگ کریں گے۔جناب عباسؑ نے کہا ذرا ٹھہرو۔میں ابوعبداللہ الحسینؑ سے جا کر جو کچھ تم کہتے ہو۔عرض کردوں۔وہ لوگ رک گئے اور کہنے لگے جا کر انہیں خیر کردو۔پھر ہم سے آ کر بیان کرو۔وہ کیا کہتے ہیں۔عباس گھوڑا اڑا کر حسینؑ کے پاس یہ خبر لے کر چلے اور ان کے بقیہ انصاران لوگون سے گفتگو کرنے کو ٹھہرے رہے۔ابن مظاہر نے زہیر سے کہا چاہو تو تم ان لوگوں سے گفتگو کرو یا کہو تو میں کچھ کہوں۔زہیر نے کہا آپ نے یہ ابتداء کی ہے تو آپ ہی گفتگو کریں۔جناب حبیب نے ان لوگوں سے خطاب کر کے کہا ''سنو کل قیامت کے دن خدا کے حضور جو لوگ آئیں گے واللہ ان میں سے بہت برے وہی ٹھہریں گے جس نے اس کے نبی کی ذریت ان کی عزت ان کے اہل بیت اوراس شہر کے عبادت گزار لوگوں کو قتل کیا ہوگا۔جن کی صبح عبادت میں گزرتی ہے۔جن کی زبان پر ذکر خدا جاری رہتا ہے۔'' یہ سن کر قیس بولا۔تم سے تو جہاں تک ہوسکتا ہے اپنے نفس کی پاکیزگی بیان کرتے رہتے ہو۔

زہیر بن قین اور غررہ

زہیر نے غررہ سے کہا۔اے غررہ۔خدا نے ان کے نفس کو پاک کیا ہے۔انہیں ہدایت کی ہے۔اے غررہ خدا سے ڈرو۔تیری خیر خواہی کی بات کرتا ہوں۔اے غررہ خدا کے واسطے ان پاکیزہ نفوس کے قتل میں ان لوگوں کے ساتھ تو شریک نہ ہو۔جو اس ضلالت وگمراہی کے بانی ہیں۔غررہ نے کہا اے زہیر ہم تو تجھے ان اہل بیت کے شیعوں میں سے نہیں جانتے تھے۔تم تو عثمانی گروہ میں شامل تھے۔زہیر نے کہا مجھے اس مقام پر دیکھ کر بھی نہیں سمجھتا کہ میں انہیں لوگوں میں سے ہوں سن لے بخدا میں نے نہ کبھی کوئی قاصد ان کے پاس بھیجا نہ کبھی ان سے نصرت کا وعدہ کیا ہوا یہ کہ راستہ میں ان سے ملاقات ہوگئی۔ان کو دیکھ کر مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یاد آ گئے اوران کا رتبہ جو ان کے رشتہ سے ہے اس کا مجھے خیال آ گیا اور میں سمجھ گیا کہ یہ کن دشمنوں اور تمہارے جرگہ کے لوگوں میں جا رہے ہیں۔بس میری رائے یہ ہوئی کہ میں ان کی نصرت کروں اوران کے جرگہ میں شریک ہوجاؤں اوراپنی جان ان کی جان پر قربان کروں۔تاکہ جس خدا کے حق اوررسولِ خداؐ کے حق کو تم نے ضائع کردیا ہے اس کی حفاظت کروں۔

ایک رات کی مہلت

اتنے میں عباسؑ بن علی گھوڑے کو ایڑ لگاتے ہوئے ان لوگوں تک آ پہنچے اور کہا کہ اے لوگو!ابوعبداللہ تم سے اس بات کا سوال کرتے ہیں کہ اس وقت تم واپس ہوجاؤ۔تاکہ وہ غور وفکر کرلیں۔کل صبح کو انشاءاللہ پھر ہم لوگ

ملیں گے۔عباسؑ بن علیؑ نے آ کر جب یہ بات کہی تو ابنِ سعد نے شمر سے پوچھا کہ تیری کیا رائے ہے۔شمر نے کہا جو تیری رائے ہو۔تو امیر لشکر ہے جو تیری رائے ہوگی بس وہی رائے ہے۔ابنِ سعد اب دوسرے لوگوں کی طرف متوجہ ہوا اور ان سے پوچھا کہ تمہاری کیا رائے ہے۔یہ سن کر عمرو بن حجاج زبیدی نے کہا۔سبحان اللہ اگر یہ لوگ کفار دیلم سے ہوتے اور تجھ سے یہی سوال کرتے تو واللہ تجھے قبول کر لینا چاہیئے تھا۔قیس بن اشعث نے کہا یہ بات ان کی مان لو۔میں اپنی جان کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ کل صبح کو یہ لوگ تجھ سے لڑنے پر آمادہ ہو جائیں گے۔ابن سعد نے کہا۔اگر یہ مجھے معلوم ہو جائے کہ یہ لوگ لڑیں گے تو میں اس وقت مہلت نہ دوں۔۔راوی کہتا ہے کہ جناب عباسؑ بن علیؑ نے جب حسینؑ سے یہ آ کر کہا تھا کہ ابنِ سعد ایسا ایسا کہتا ہے تو آپ نے فرمایا تھا کہ تم پلٹ کر جاؤ۔تم سے ہو سکے تو ان لوگوں کو کل صبح تک ٹال دو۔اور آج کی شام کے لیے ان کو ہم سے دفع کرو۔تا کہ آج رات ہم اپنے پروردگار کے لیے عبادت اور اس سے دعا اور طلب مغفرت کر لیں۔خدا ہی خوب جانتا ہے کہ اس کی عبادت اس کی کتاب کی تلاوت،اور دعا و استغفار کی کثرت کو میں دوست رکھتا ہوں۔علی بن الحسینؑ کہتے ہیں کہ ابن سعد کے پاس سے ایک قاصد ہم لوگوں کے پاس آیا اور ایسے مقام پر کھڑا ہوا جہاں سے آواز سنائی دیتی تھی۔اور اس نے کہا۔ہم نے تم لوگوں کو کل صبح تک مہلت دی ہے۔اگر تم اطاعت کر لو گے تو تم کو اپنے امیر عبید اللہ کے پاس روانہ کر دیں گے اور اگر انکار کرو گے تو پھر ہم نہیں چھوڑیں گے۔

حضرت امام حسینؑ کی اپنے ہمراہیوں کو چلے جانے کی اجازت

ابن سعد جب لشکر کو لے کر واپس چلا گیا تو اس وقت شام ہونے کو تھی۔حسینؑ نے اپنے انصار کو جمع کیا۔علیؑ بن الحسینؑ کہتے ہیں۔یہ دیکھ کہ میں آپ کے قریب چلا گیا کہ سنوں۔آپ کیا فرماتے ہیں۔اور میں بیمار تھا۔میں نے سنا کہ میرے والد اپنے انصار سے فرما رہے ہیں۔''میں خدائے تبارک وتعالیٰ کی بہترین حمد وثناء بجالاتا ہوں اور راحت و مصیبت میں اس کا شکر ادا کرتا ہوں۔خداوندا میں تیرا شکر بجالاتا ہوں کہ تو نے ہمیں نبوت کی کرامت بخشی تو نے ہمیں قرآن کی تعلیم دی تو نے ہمیں علم دین عطا کیا تو نے ہمیں سماعت ونصارت اور دل دیا اور تو نے ہمیں مشرکین میں شمار نہ ہونے دیا۔اس کے بعد میں کہتا ہوں کہ میں نے اپنے انصار سے افضل و برتر انصار اور اپنے اہل بیت سے زیادہ وفادار اور فرمانبردار اہل بیت نہیں دیکھے۔سنو میں سمجھ چکا ہوں کہ ان دشمنوں کے ہاتھوں صبح ہم لوگوں کا فیصلہ ہونے والا ہے۔تم سب کے بارے میں میری رائے ہے کہ تم میری اجازت سے تم سب چلے جاؤ۔میری طرف سے تمہیں کوئی ممانعت نہیں۔دیکھو رات کی تاریکی چھائی ہوئی ہے اسے غنیمت سمجھو۔''

ضحاک بن عبداللہ اور مالک بن نضر

اس سے پیشتر ضحاک اور مالک دو شخص آپ کے پاس آئے۔سلام کر کے بیٹھ گئے۔آپ نے سلام کا

جواب دیا۔خیر مقدم کیا اور آنے کا سبب پوچھا۔انہوں نے کہا ہم اس لیے آئے ہیں کہ آپ کو سلام کرلیں۔آپ کی سلامتی کی دعا خدا سے کریں،آپ سے ملاقات کرلیں اور لوگوں کی حالت آپ سے بیان کریں۔سنئے ہم آپ سے کہے دیتے ہیں۔یہ لوگ آپ سے جنگ کرنے پر آمادہ ہیں۔حسینؑ نے فرمایا:حسبی اللہ ونعم الوکیل (میرے لیے اللہ کافی ہے،اور وہ بہترین نگہبان ہے) دونوں شخص کچھ شرمندہ ہوئے اور خدا سے آپ کے لیے دعا مانگنے لگے۔آپ نے ارشاد فرمایا میری نصرت کرنے سے تمہیں کیا چیز مانع ہے۔مالک نے کہا۔میں قرضدار اور عیالدار ہوں۔ضحاک نے بھی کہا کہ میں مقروض اور صاحبِ عیال ہوں۔لیکن جس وقت کوئی لڑنے والا باقی نہ رہے تو مجھے آپ واپس جانے کی اجازت دے دینا۔پھر میں آپ کی طرف سے قتال کرنے کے لیے حاضر ہوں۔بشرطیکہ میرا نصرت کرنا آپ کے لیے نفع مند ہو۔اور آپ کی مصیبت کو دور کرسکے۔آپ نے فرمایا تمہیں اجازت ہے۔یہ سن کر ضحاک کہتا ہے میں وہیں ٹھہرا رہا۔

آلِ عقیل کا جذبہ

جب رات ہوگئی تو آپ نے کہا۔''دیکھو رات کی تاریکی چھائی ہوئی ہے اسے غنیمت سمجھو۔تم میں سے ایک ایک شخص میرے اہلِ بیت میں سے ایک ایک کا ہاتھ پکڑ لے پھر جب تک کہ خدا اطمینان دے تم اپنے قصبوں اور شہروں میں نکل جاؤ۔کیونکہ یہ لوگ صرف میرے ہی طلبگار ہیں مجھے قتل کرلیں گے تو پھر کسی اور کا خیال بھی نہیں کریں گے یہ سن کر آپ کے بھائی بیٹے بھتیجے اور بھانجے کہنے لگے ہم سے یہ نہیں ہوسکتا کہ ہم آپ کے بعد زندہ رہیں۔خدا ہمیں وہ دن نہ کھائے۔سب سے پہلے جناب عباس نے یہ کلمہ کہا۔پھر سب نے اسی طرح کی گفتگو کی۔حسینؑ نے پکار کر کہا۔''اے اولادِ عقیل!مسلم کا قتل تمہارے لیے کافی ہے تم چلے جاؤ۔میں اجازت دیتا ہوں انہوں نے کہا لوگ کیا کہیں گے یہی کہیں گے نا کہ ہم اپنے بزرگ اپنے سردار اور ان کے چچازاد بھائیوں کو جو بہترین چچا تھے چھوڑ کر چلے آئے ان کے ساتھ مل کر ایک تیر نہ چلایا نہ برچھی کا وار کیا اور نہ کوئی تلوار کا ہاتھ مارا۔یہ بھی معلوم نہ ہوا کہ ان پر کیا گزری،ہرگز نہیں۔واللہ ہم سے یہ نہیں ہوگا۔بلکہ ہم اپنی جانیں اپنا مال اور اپنے اہل وعیال آپ پر قربان کریں گے۔آپ کے ساتھ شریک ہوکر جنگ کریں گے۔جو حال آپ کا ہوگا وہی ہمارا ہوگا۔خدا وہ زندگی نہ دے جو آپ کے بعد ہو۔

مسلم بن عوسجہ اور سعد بن عبداللہ استقلال

مسلم بن عوسجہ اٹھ کھڑے ہوئے اور کہا''کیا ہم آپ کو چھوڑ کر چلے جائیں جبکہ ابھی ہم نے خدا کے سامنے آپ کا حق ادا نہیں کیا۔ہاں واللہ جب تک میری برچھی ان لوگوں کے سینہ میں ٹوٹ کر نہ رہ جائے۔جب تک قبضہ میرے ہاتھ میں ہے اور میں ان کو تلواریں نہ مارلوں میں آپ سے جدا نہیں ہوں گا۔اگر ان کے ساتھ

لڑنے کے لیے میرے پاس ہتھیار نہ رہے تو میں آپ کی نصرت میں انہیں پتھر مار مار کر آپ کے ساتھ جان دوں گا۔سعد بن عبداللہ نے کہا واللہ ہم آپ کو چھوڑ کر نہ جائیں گے۔خدا یہ تو دیکھ لے کہ رسول اللہؐ کی غیبت میں ہم نے آپ کی کیسی حفاظت کی۔بخدا اگر میں جانتا کہ میں قتل ہو جاؤں گا۔پھر زندہ کیا جاؤں گا۔پھر زندہ جلا دیا جاؤں گا۔پھر میری خاکستری اڑا دی جائے اور ستر مرتبہ یہی حالت مجھ پر گزرے تب بھی آپ کی نصرت میں جب تک مجھے موت نہ آجائے گی۔میں آپ سے جدا نہ ہوتا اور اب تو صرف ایک ہی مرتبہ قتل ہونا ہے۔اس میں وہ شرف وکرامت ہے جسے ابد تک زوال نہیں پھر اسے میں کیوں نہ حاصل کروں۔''

زھیر بن قین کی استقامت

زھیر نے کہا بخدا میں تو یہ چاہتا ہوں کہ قتل کیا جاؤں پھر زندہ کیا جاؤں پھر قتل کیا جاؤں اسی طرح ہزار مرتبہ قتل کیا جاؤں۔جس سے خدا آپ کو اور آپ کے اہل بیت وان نوجوانوں کو بچالے۔اسی طرح ایک ہی طرز کی گفتگو آپ کے انصار میں سے ایک جماعت نے کی۔کہتے تھے واللہ آپ کو چھور کر نہیں جائیں گے۔بلکہ اپنی جانیں آپ پر فدا کر دیگے۔ہم اپنے ہاتھوں اور پیشانیوں سے آپ کو بچائیں گے۔ہم قتل ہو جائیں اور وہ حق جو ہم پر ہے ادا ہو جائے۔

امام زین العابدینؑ کا بیان

علیؑ بن الحسینؑ بیان کرتے ہیں اس شام کا ذکر ہے جس کی صبح کو میرے والد شہید ہوئے۔میں بیٹھا ہوا تھا اور میری پھوپھی جناب زینبؑ میری تیمارداری میں مصروف تھیں۔جبکہ میرے والد نے اپنے انصار سے اپنے خیمہ میں تخلیہ کیا تھا۔اس وقت ابوذر غفاریؓ کے غلام حویؑ آپ کے پاس تلوار کی دیکھ بھال کر کے اسے درست کر رہے تھے کہ آپ اس مضمون کے اشعار پڑھنے لگے (ترجمہ) اے ناپائیدار زمانہ تجھ پر وائے ہو کیا برا دوست ہے کہ ہر صبح وشام کسی دوست یا دشمن کو مار دیتا ہے۔ایک کے عوض میں دوسرے کو قبول نہیں کرتا اور یہ سب کچھ حکم خدا کے ماتحت ہوتا ہے، جو زندہ ہے اسے اس رستہ پر جانا ہے۔ان اشعار کو آپ نے دو تین مرتبہ پڑھا۔میں سمجھ گیا اور جان گیا۔جو آپ کا مقصد تھا مجھے بے اختیار رونا تو آ گیا لیکن میں نے اسے اپنے آنسو ضبط کر لیے خاموش رہا اور سمجھ گیا کہ مصیبت ٹوٹ پڑی ہے۔

حضرت زینبؑ کی آہ وزاری

مگر میری پھوپھی نے بھی ان اشعار کو سن لیا، وہ عورت تھیں۔چونکہ عورتوں کی طبعیت میں رقت اور فوراً گھبرا جانا ہوتا ہے وہ خود کو سنبھال نہ سکیں۔وہ برہنہ سر دوڑیں۔چادر کو کھینچتی ہوئی آپ کے پاس پہنچیں اور کہنے

لگیں ''وامصیبتاہ آج مجھے موت آ گئی ہوتی۔اے بزرگوں کے جانشیں اے داماندگوں کے شفیق بس آج میری ماں فاطمہؑ مر گئیں۔میرے باپ اور بھائی حسنؑ نے آج رحلت کی۔'' آپ نے ان کی طرف دیکھا اور کہنے لگے پیاری بہن دیکھو کہیں شیطان تمہارے حکم و بردباری کو زائل نہ کر دے۔کہنے لگیں۔اے ابا عبداللہ میرے ماں باپ آپ پر قربان ہو میری جان آپ کے صدقے۔آپ نے قتل ہونا گوارا کر لیا۔یہ سن کر آپ نے اپنی طبیعت کو سنبھالا۔آنکھوں میں آنسو بھرے اور کہا کہ موت نے چین سے بیٹھنے نہیں دیا۔

حضرت زینبؑ کو امام حسینؑ کا دلاسہ

کہا ہائے بھائی کیا آپ کو مجبور کر کے قتل کریں گے۔اس سے تو اور بھی میرا کلیجہ ٹکڑے ہوا جاتا ہے میرے دل پر سخت قلق گزر رہا ہے۔یہ کہہ کر منہ کو پیٹا،گریبان کو پھاڑ ڈالا اور غش کھا کر گر پڑیں۔بہن کا یہ حال دیکھ کر آپ کھڑے ہو گئے ان کے پاس آ کر چہرہ پر پانی چھڑکا (ظاہرًا آنسوؤں کا پانی ہوگا) اور کہا پیاری بہن تقویٰ اختیار کرو،خدا کے لیے صبر کرو۔اس بات کو سمجھ لو کہ سب روئے زمین والے مر جائیں گے اور اہلِ آسمان والے بھی باقی نہیں رہیں گے۔سوائے اللہ کی ذات کے جس نے اپنی قدرت سے اس زمین کو پیدا کیا ہے۔جو دوبارہ مخلوق کو زندہ کرے گا اور سب کے سب پلٹ آئیں گے۔جو یگانہ اور تنہا ہے۔باقی سب چیزیں مٹ جانے والی ہیں۔میرے باپ مجھ سے بہتر تھے،میری ماں مجھ سے بہتر تھیں،میرے بھائی مجھ سے بہتر تھے۔مجھے اور ہر مسلمان کو اور ان سب کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حالات سے تسکین ہونی چاہیے اسی طرح کے کلمات کہہ کر انہیں سمجھایا پھر فرمایا پیاری بہن میں تم کو قسم دیتا ہوں کہ میری اس قسم کو پورا کرنا۔میں مر جاؤں تو میرے غم میں گریبان چاک نہ کرنا،منہ نہ پیٹنا،واویلا نہ کرنا۔یہ کہہ کر آپ انہیں اپنے ساتھ لائے اور میرے پاس لا کر بٹھا گئے۔پھر آپ خیمے سے باہر چلے گئے اور انصار کو حکم دیا کہ خیموں کو قریب قریب اس طرح نصب کریں کہ طنابوں کے اندر طنابیں آ جائیں۔(تاکہ خیموں کا ایک حلقہ بن جائے) سب لوگ اس حلقہ کے اندر رہیں اور صرف ایک رخ جس سے دشمن کا سامنا ہو۔کھلا رہنے دیں۔

حسینی قافلہ کی عبادت گزاری

حسینؑ اور آپ کے اصحاب تمام رات بیدار رہے۔سب نمازیں پڑھتے اور استغفار کرتے رہے۔دعا و تضرع میں مشغول رہے۔سواروں کا ایک رسالہ جو ان کی نگرانی کے لیے دشمن کی طرف سے مقرر ہوا تھا ادھر سے گزرا۔اس وقت آپ یہ آیت تلاوت کر رہے تھے۔

الا یحسبن الذین اکفروا انما نملی لھم خیرًا لانفسھم انما نملی

لھم لیزدادو اثماً ولھم عذاب مھین ۔ماکان اللہ لیذرالمومنین علیٰ ماانتم علیہ حتیٰ یمیزالخبیث من الطیب.....

ہاں جولوگ کافر ہوگئے وہ سمجھ رہے ہیں کہ ہم نے جوانہیں ڈھیل دی ہے اس میں ان کے لیے بہتری ہے۔ہم تو اس لیے انہیں ڈھیل دے رہے ہیں کہ وہ اور بھی گناہوں میں مبتلا ہوجائیں ان کے لیے تو ذلیل کرنے والا عذاب ہے۔خدا یہ نہیں کرے گا کہ تم لوگ جس حال میں ہو اسی حالت میں مومنین کو رہنے دے وہ پاک اور ناپاک دونوں کو جدا کر کے رہے گا۔

ابوحرَب کی بدکلامی

اس آیت کو رسالہ کے لوگوں میں سے ایک شخص نے سنا اور کہنے لگا۔رب کعبہ کی قسم ہم پاک لوگ ہیں اور تم لوگوں سے جدا کر لیے گئے ہیں۔ایک شخص نے اسے پہچان کر بریر سے کہا جانتے ہو یہ کون شخص ہے کہا میں نہیں جانتا۔اس نے کہا یہ ابوحرب سبیعی ہے۔یہ بڑا ھسنے والا ،بیہودۂ امراء میں بڑا دلیر اور سفاک ہے۔سعید بن قیس نے اسے خون کرنے پر کبھی قید بھی کیا تھا۔بریر نے اس کا نام سن کر پکارا،اوفاسق خدا نے تجھ کو پاک لوگوں میں شمار کیا ہے۔پوچھا تو کون ہے۔کہا میں بریر بن حضیر ہوں کہنے لگا۔اناللہ یہ بات مجھ پر گراں ہے۔اے بریر واللہ تو ہلاک ہوا۔واللہ تو ہلاک ہوا۔بریر نے کہا اے ابوحرب خدا کے سامنے گناہان کبیرہ سے توبہ کرنے کا یہی تو موقع ہے۔سن بخدا ہم پاک لوگوں میں شامل ہیں اور تم سب ناپاک ہو۔کہنے لگا۔(بطور تمسخر) وانا وعلی ذالک من الشاھدین۔یعنی ہاں ہاں میں بھی گواہی دیتا ہوں۔ایک شخص نے کہا وائے ہو تجھ پر جان بوجھ کر تو نہیں سمجھتا۔

حسینی لشکر کی ترتیب

ابن سعد روز عاشورہ ہفتہ یا جمعہ کا دن تھا صبح کی نماز پڑھ چکا تو اپنی فوج کو ساتھ لے کر نکلا۔حسینؑ نے بھی اپنے انصار کی صفیں جمائیں۔ان کے ساتھ صبح کی نماز پڑھی۔آپ کے ساتھ بتیس سوار اور چالیس پیادے تھے۔آپ نے میمنہ پر زھیر بن قین اور میسرہ پر حبیب بن مظاہر کو مقرر کیا۔اپنا علم اپنے بھائی عباس بن علیؑ کو دیا خیموں کو پشت رکھا اوخیموں کے پیچھے آپ نے کہہ دیا کہ لکڑیاں اور بانس جمع کر کے اس میں آگ لگا دی جائے اس خطرہ سے کہ دشمن پیچھے سے حملہ نہ کریں۔حسینؑ کے خیموں کے پیچھے زمین پست تھی جیسے پتلی سی نہر کھدی ہوئی ہوتی ہے۔اسی کو رات کے وقت کھود کر خندق سا بنالیا تھا۔اوراس میں لکڑیاں اور بانس ڈال دیئے تھے کہ جب صبح

کو دشمن ہم پر حملہ کریں گے تو اس میں آگ لگا دیں گے تا کہ دشمن ہم سے ایک ہی رخ سے لڑیں اور پیچھے سے وہ حملہ نہ کر سکیں۔ یہ احتیاط ان کے کام آئی۔

عبدالرحمٰن اور بریر

بریر نے عبدالرحمن سے کچھ مزاح کیا تو عبدالرحمن نے کہا مجھے اس سے معاف رکھئے۔ بخدا یہ فضول باتوں کا وقت نہیں۔ بریر نے کہا۔ واللہ میری قوم کے لوگ جانتے ہیں کہ نہ جوانی میں مجھے فضول باتوں سے رغبت تھی اور نہ کبھی بڑھاپے میں کبھی ہوئی لیکن واللہ جو واقعہ اب ہم پر گزرنے والا ہے میں اس کے خیال سے خوش ہو رہا ہوں ہمیں حورالعین ملنے میں بس اتنی دیر ہے کہ یہ لشکر والے تلواریں کھینچ کر ہم پر آ پڑیں اور مجھے تو آرزو ہے کہ کہیں وہ تلواریں لے کر آ ہی پڑیں۔ اب حسینؑ سوار ہوئے اور قرآن منگوا کر اپنے سامنے رکھ لیا۔

امام حسینؑ کی دُعا

ایک روایت ہے کہ صبح کے وقت دشمن کا رسالہ جب حسینؑ کی طرف بڑھا تو آپ نے اپنے دونوں ہاتھ بلند کئے اور کہا خداوندا ہر مصیبت میں مجھے تجھ پر بھروسہ ہے اور ہر قسم کی سختی میں مجھے تجھ سے ہی امید ہے جو بلا مجھ پر نازل ہو اس میں تیرا ہی سہارا ہے اور تجھی پر وثوق ہے۔ کتنی ہی آفتیں ایسی پیش آئیں جب میں دل بیٹھ جاتا ہے اور جن پر کوئی چارہ کار نہ ہوتا جن میں دوست ساتھ نہ دیتے، اور دشمن شماتت کرتے اور خوشی مناتے تو میں نے تجھ پر بھروسہ کیا اور تجھ سے اپنا دردِ دل کہا۔ تیرے سوا کسی سے کہنے کو دل نہ چاہا تو نے ان آفتوں کو ٹال دیا اور دفع کر دیا۔ ہر نعمت کا بخشنے والا، ہر نیکی کا عطا کرنے والا اور ہر مراد پوری کرنے والا فقط تو ہی ہے۔

شمر بن ذی الجوشن کی بکواس

جب وہ لوگ ادھر متوجہ ہوئے تو دیکھا کہ ان کے پسِ پشت آگ بھڑک رہی ہے۔ ایک شخص نے ان میں سے گھوڑا دوڑاتا ہوا ادھر سے گزرا اس نے کسی سے کوئی بات نہیں کی۔ سیدھا خیموں کی طرف گیا لیکن آگ کے شعلوں میں اسے خیمے دکھائی نہ دیئے۔ وہاں سے پلٹا اور پکار کر کہنے لگا۔ حسینؑ قیامت سے پیشتر دنیا میں ہی تم نے آگ میں جانے کی جلدی کی۔ آپ نے پوچھا یہ شخص کون ہے شاید شمر ہوگا۔ لوگوں نے کہا ہاں وہی لعین ہے۔ خدا آپ کو سلامت رکھے۔ آپ نے جواب دیا ''او بکریاں چرانے والی کے بچے آگ میں جلنے کا تو سزاوار ہے۔''

جنگ میں پہل کرنے سے ممانعت

مسلم بن عجوسہ نے عرض کیا۔ فرزند رسولؐ میں آپ پر قربان ہو جاؤں کہئے تو میں اس کو تیر ماروں وہ میری

زد میں ہے۔تیر خطا نہیں جائے گا۔یہ فاسق بڑے جباروں میں سے ہے۔آپ نے فرمایا کہ تیر نہ مارنا۔کیونکہ ادھر سے ابتدا کرنا مجھے گوارا نہیں۔آپ کے ساتھ ایک گھوڑا تھا جس کا نام لاحق تھا۔اس پر آپ نے علیؑ بن الحسینؑ کو سوار کیا۔دشمن جب آ پڑے تو آپ نے اپنا ناقہ طلب کیا۔اس پر سوار ہوئے اور بہت بلند آواز سے پکار کر کہا جسے سب لوگوں نے سنا۔لوگو! میری بات سن لو میرے ساتھ جلدی نہ کرو۔جو باتیں تم سے کہنا ضروری ہیں وہ مجھے کہہ لینے دو۔اور تم لوگوں کے پاس چلے آنے کا عذر مجھے کر لینے دو۔اگر تم میرا عذر مان لوگے۔میری بات کو سچ سمجھو گے۔میرے ساتھ انصاف کرو گے تو تم نیکی حاصل کر لوگے اور پھر مجھ پر الزام نہ دھر سکو گے۔اگر تم میرا عذر نہیں مانتے اور میرے ساتھ انصاف نہیں کرتے

فاجمعوا امرکم وشرکاء کم لایکن امرکم علیکم غمة ثم اقضوا الی ولا تنظرون ان ولی اللہ والزی نزل الکتاب وھو یتولی الصالحین۔

''یعنی پھر جو تمہارا ارادہ ہو اس پر آمادہ ہو جاؤ۔اپنے شرکاء کو پکارو۔اور اچھی طرح سمجھ لو کہ اب تمہیں کوئی تردد تو نہیں اور پھر میرے ساتھ جو سلوک کرنا چاہتے ہو کر گزرو اور مجھے ذرا بھر مہلت نہ دو۔میرا تو سہارا خدا پر ہے جس نے کتاب کو نازل کیا ہے۔وہی تو نیک بندوں کو دوست رکھتا ہے۔''

آپ کا یہ کلام جب آپ کی بہنوں نے سنا تو وہ چلا چلا کر رونے لگیں۔ان کی آوازیں بلند ہوئیں تو آپ نے اپنے بھائی عباسؑ اور فرزند علی بن الحسینؑ کو ان کے پاس بھیجا اور کہا کہ انہیں چپ کراؤ ابھی تو انہیں بہت رونا ہے۔یہ دونوں بزرگوار جب انہیں خاموش کرانے چلے تو آپ نے کہا ابن عباس نے کیا بات کہی تھی۔یعنی ابن عباس نے آپ کو منع کیا تھا کہ اہل حرم کو ساتھ نہ لے جایئے۔اب ان کے رونے سے ابنِ عباس کا کہنا دیا آ گیا۔

حضرت حسینؑ کا تاریخی خطبہ

جب واہل حرم کے رونے کی آواز موقوف ہوئی تو آپ نے حمد وثنائے الٰہی بیان کی اور اس کی شان کے لائق اس کا ذکر کیا اور اللہ کی صلوات محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اللہ کے ملائیکہ اور انبیاء پر بھیجی۔حمد ونعت میں خدا جانے کیا کیا باتیں آپ نے کیں کہ بیان میں اس کے ذکر کی گنجائش نہیں۔راوی کہتا ہے کہ میں نے کسی کی ایسی فصیح وبلیغ تقریر نہ اس سے پہلے کبھی سنی تھی اور نہ اس کے بعد کبھی سنی۔اس کے بعد آپ نے فرمایا۔''میرے خاندان کا خیال کرو کہ میں کون ہوں۔پھر اپنے اپنے دل سے پوچھو اور غور کرو کہ میرا قتل کرنا، میری ہتک عرمت کرنا کیا تم لوگوں کے لیے حلال ہے۔کیا میں تمہارے نبی کا نواسہ نہیں ہوں کیا میں ان کے وصی اور ابنِ عم کا فرزند

نہیں ہوں۔ جو کہ خدا پر سب سے پہلے ایمان لائے اور خدا کی طرف سے اس کا رسولؐ یہی احکام لے کر آیا انہوں نے اس کی تصدیق کی کیا سیدالشہدا حضرت حمزہ میرے والد کے چچا نہیں کیا جعفر طیار شہید ذوالجناحین میرے چچا نہیں کیا تم میں سے کسی نے یہ نہیں سنا کہ رسول اللہؐ نے میرے اور میرے بھائی کے متعلق یہ فرمایا ہے کہ یہ دونوں جوانانِ جنت کے سردار ہیں۔ جو میں کہہ رہا ہوں یہ بات حق ہے اگر تم میری تصدیق کرو گے تو سن لو واللہ جب سے مجھے اس بات کا علم ہوا کہ خدا جھوٹ بولنے والے سے بیزار ہے اور جھوٹ بنانے والے کو اس کے جھوٹ سے ضرر پہنچاتا ہے۔ میں نے کبھی جھوٹ نہیں بولا۔ اور اگر تم مجھے سچا سمجھتے تو سنو تم میں ایسے لوگ موجود ہیں۔ اگر تم ان سے پوچھو تو وہ بیان کریں گے۔ جابر بن عبداللہ انصاری، ابوسعید خدری، سہیل بن سعد ساعدی، زید بن ارقم اور انس بن مالک سے پوچھکر دیکھو یہ لوگ تم سے بیان کریں گے انہوں نے میرے اور میرے بھائی کے بارے میں رسول اللہؐ کو یہی کہتے سنا ہے کیا یہ امر بھی تم لوگوں کو میرا خون بہانے سے مانع نہیں ہے۔

شمر نے کہا وہ خدا کی عبادت ایک ہی حرف پر کرے۔ اگر اسے معلوم ہو کہ آپ کیا کہہ رہے ہیں۔ حبیب بن مظاہر نے جواب دیا۔ واللہ میں سمجھتا ہوں کہ تو خدا کی عبادت ستر رخ سے کرتا ہے۔ بیشک تو سچ کہتا ہے۔ تیری سمجھ میں نہیں آتا کہ آپ کیا کہہ رہے ہیں۔ خدا نے تیرے دل پر مہر لگا دی ہے۔ پھر آپ نے فرمایا کہ اگر تمہیں اس بات پر شک ہے تو کیا اس امر میں بھی شک ہے کہ میں تمہارے نبی کا نواسہ ہوں۔ واللہ اس وقت مشرق سے مغرب تک میرے سوا کوئی شخص تم اس سے یا تمہارے غیر میں سے کوئی کسی نبی کا نواسہ نہیں ہے اور میں تو خاص کر تمہارے نبی کا نواسہ ہوں یہ تو بتاؤ کیا تم اس لے میرے درپے ہو کہ میں نے تم میں سے کسی کو قتل کیا ہے یا تمہارے کسی مال کو ڈبو دیا ہے میں نے کسی کو زخمی کیا ہے اور اس کا قصاص مجھ سے چاہتے ہو۔

اب آپ کی بات کا جواب ہی نہیں دیتا تھا۔ آپ نے پکار کر کہا۔ ''اے شبث بن ربعی، اے حجاز بن ربجز، اے قیس بن اشعث، اے یزید بن حارث۔ کیا تم لوگوں نے مجھے نہیں لکھا تھا۔ میوے پک چکے ہیں، باغ سرسبز ہو رہے ہیں، تالاب چھلک رہے ہیں اور آپ کی نصرت کے لیے لشکر یہاں آراستہ ہیں۔ آیئے۔'' ان لوگوں نے جواب دیا۔ ہم نے نہیں لکھا تھا۔ آپ نے فرمایا۔ نہیں بخدا تم نے لکھا تھا۔ ''لوگو اب میرا آنا تمہیں ناگوار ہوا ہے تو دنیا میں کسی گوشہ امن کی طرف مجھے چلے جانے دو۔'' قیس بن اشعث نے کہا۔ ''آپ اپنے قرابت داروں کے حکم پر کیوں سر نہیں جھکا دیتے۔ یہ آپ سے اسی طرح پیش آئیں گے جیسا کہ آپ چاہتے ہیں۔ ان کی طرف سے کوئی امر آپ کو ناگوار خاطر ہرگز ظاہر نہیں ہوگا۔ آپ نے جواب دیا آکر تو محمد بن اشعث کا بھائی ہے۔ اب تو چاہتا ہے کہ مسلم بن عقیل کے خون سے بڑھ کر بنی ہاشم کو تجھ سے مطالبہ ہو۔ واللہ میں ذلت کے ساتھ ان لوگوں کے ہاتھ میں ہاتھ نہیں دوں گا اور نہ غلاموں کی طرح اطاعت کا اقرار کروں گا۔ اے بندگانِ خدا میں اپنے اور تمہارے خدا سے پناہ مانگتا ہوں اس بات سے کہ تم مجھے سنگسار کرو میں

اپنے اور تمہارے پروردگار سے پناہ مانگتا ہوں ہر متکبر سے جو روزِ جزا پر ایمان نہیں رکھتا۔

زہیر کا خطاب

یہ کہہ کر آپ نے اپنے ناقہ کو بٹھا دیا۔اب دشمنوں نے آپ پر حملہ کرنا شروع کیا تو زہیر بن قین ایک تیار گھوڑے پر ہتھیار لگائے ہوئے نکل کر آئے کہا اے اہل کوفہ عذاب خدا سے ڈرو،عذاب خدا سے ڈرو۔سنو مسلمان کیلئے اپنے بھائی کی خیر خواہی کرنا ضروری ہے۔ہمارے تمہارے درمیان جب تک تلوار نہیں آتی اس وقت تک ہم تم بھائی بھائی ہیں۔ایک دین اور ایک ہی ملت پر ہیں۔ہماری خیر خواہی کے تم لائق ہو،ہاں جب تلوار درمیان میں آجائے گی تو پھر مروت ختم ہو جائے گی۔ہمیں اور تمہیں خدا نے اپنے نبیؐ کی ذریت کے بارے میں امتحان میں ڈالا ہے تا کہ وہ دیکھ لے کہ ہم کیا کرتے ہیں اور تم کیا کرتے ہو۔ہم لوگ تمہیں اس امر کی طرف بلائے کہ زیاد کے بیٹے مردود عبیداللہ کا ساتھ چھوڑ کر زریت رسولؐ کی نصرت و مدد کرو۔تم نے ان دونوں کے عہدِ حکومت میں (زیاد ابنِ زیاد) برائی کے علاوہ کچھ نہیں دیکھا۔انہوں نے تم لوگوں کی آنکھیں نکلوا دین ہاتھ کٹوائے، پاؤں قطع کروائے،گوش و بینی اور سر کاٹے،تمہاری لاشیں ٹنڈ درختوں پر لٹکائیں،تمہارے بزرگوں اور قاریوں کو حجر بن عدی ان کے اصحاب اور ھانی بن عروہ اور ان کے امثال کو انہوں نے قتل کیا۔یہ سن کر وہ زہیر سے سخت کلامی کرنے لگے۔عبیداللہ کی تعریف اور اسے دعا دینے لگے اور کہنے لگے کہ ہم لوگ جب تک تمہارے سردار اور ان کے اصحاب کو قتل نہیں کر لیں گے یا انہیں اور ان کے ساتھیوں کو گرفتار کر کے امیر عبیداللہ کے پاس بھیج دیں گے،اس وقت تک یہاں سے قدم نہیں ہٹائیں گے۔زہیر نے کہا۔''بندگان خدا جناب فاطمہ کی اولاد سمیہ کے بیٹے سے نصرت و مدد کی زیادہ حق رکھتی ہے۔اگر تم ان کی نصرت نہیں تے تو خدا کے واسطے ان کے قتل سے تو باز رہو۔یہ سن کر شمر بن ذی الجوشن نے ایک تیر زہیر کو مار کر کہا خاموش رہو۔خدا تیری بک بک کو خاموش کر دے تو نے ہم لوگوں کا دماغ پریشان کر دیا ہے۔زہیر نے جواب دیا اے اس باپ کے بیٹے جس کا پیشاب ایڑیوں تک بہہ کر آتا تھا۔میں تجھ سے خطاب نہیں کرتا تو تو جانور ہے۔واللہ میں جانتا ہوں کہ کتاب خدا کی دو آیتیں بھی تو نہیں سمجھ سکتا۔لے قیامت کی رسوائی اور عذاب الیم تجھے مبارک ہو۔شمر نے کہا''خدا تجھ کو اور تیرے سردار کو بھی قتل کرے گا۔''زہیر نے کہا تو مجھے موت سے ڈراتا ہے۔واللہ حسینؑ کے ساتھ مر جانا تم لوگوں کے ساتھ زندگانی جاوید سے میں بہتر سمجھتا ہوں۔یہ کہہ کر زہیر نے بآواز بلند سب لوگوں کو خطاب کر کے کہا۔''بندگان خدا اس سفلہ پاجی کی باتوں پر اپنے دین سے نہ پھرنا۔واللہ محمدؐ کی شفاعت ان لوگوں کو نہیں پہنچے گی۔جنہوں نے آنحضرتؐ کی ذریت واہلِ بیت کا خون بہایا۔ان کی نصرت کرنے والوں اور ان کے اہلبیت کو بچانے والوں کو قتل کیا۔''اسی اثناء میں ایک شخص نے آواز دی کہ زہیر ابوعبداللہ فرماتے ہیں۔واپس آجاؤ۔فرماتے ہیں اپنی جان کی قسم اگر مومن آلِ

فرعون نے اپنی قوم کی خیر خواہی کی اور انہیں حق کی طرف بلانے میں انتہا کر دی تو تم نے بھی ان لوگوں کی خیر خواہی کی اور انتہا کر دی۔ کاش تمہاری خیر خواہی اور انتہا کی کوشش انہیں کچھ نفع بخشتی۔

حر کی ابنِ سعد سے گفتگو

جب ابن سعد حملہ کرنے کو بڑھنے لگا تو حر نے پوچھا۔ خدا تیرا بھلا کرے کیا تو ان سے لڑنے لگا ہے۔ ابنِ سعد نے کہا ہاں واللہ لڑنا بھی ایسا لڑنا جس میں کم سے کم یہ ہوگا کہ سر اڑیں گے اور ہاتھ قلم ہونگے۔ حر نے کہا کیا ان کی باتوں میں سے کسی بات کو تم لوگ نہیں مانو گے۔ ابن سعد نے کہا واللہ اگر میرا اختیار ہوتا۔ تو میں ایسا ہی کرتا لیکن تیرا امیر اسے نہیں مانتا۔ یہ سن کر حر نے ایک طرف جا کر ٹھہرے اور اپنی برادری کے ایک شخص قرہ بن قیس سے کہنے لگے۔ قرہ تم اپنے گھوڑے کو آج پانی پلا چکے، اس نے کہا نہیں پلایا کہا پھر اسے پانی پلانے چلتے نہیں۔ قرہ کو یہ گمان ہوا کہ حر کنارہ کش ہونا چاہتے ہیں اور جنگ میں شریک نہیں ہوں گے اور چاہتے ہیں کہ اس بات سے میں بے خبر رہوں مجھ سے اسے ڈر ہے کہ اس راز کو فاش نہ کر دوں۔ اس خیال سے قرہ نے کہا ہاں ابھی تک میں نے گھوڑے کو پانی نہیں پلایا ابھی جا کر پلاتا ہوں۔ یہ کہہ کر قرہ وہاں سے چلا گیا۔ کہتا تھا اگر حر نے مجھے اپنے ارادہ سے مطلع کیا ہوتا تو واللہ میں بھی اس کے ساتھ ہی حسینؑ کے پاس چلا جاتا۔

حر کی لشکر حسینؑ کی طرف پیش قدمی

اب حر نے حسینؑ کی طرف بڑھنا شروع کیا۔ مہاجرین اوس اس کی برادری کا ایک شخص حر کا یہ حال دیکھ کر کہنے لگا ابن یزید تمہارا کیا ارادہ ہے۔ کیا تم حملہ کرنا چاہتے ہو۔ حر یہ سن کر چپ رہا اور اس کے ہاتھ پاؤں میں تھرتھری سی پیدا ہوگئی اس پر ابنِ اوس نے کہا تمہارا یہ حال دیکھ کر واللہ مجھے شبہ ہوتا ہے۔ بخدا میں نے کسی مقام پر تمہاری یہ حالت نہیں دیکھی جو اس وقت دیکھ رہا ہوں۔ مجھ سے کوئی پوچھے کہ اہل کوفہ میں سب سے بڑھ کر جری و بہادر کون ہے تو میں تمہارا ہی نام لوں گا۔ پھر یہ کیا حالت تمہاری میں دیکھ رہا ہوں۔ حر نے جواب دیا کہ واللہ میں اپنے دل سے پوچھ رہا ہوں، کہ دوزخ میں جانا چاہتا ہے یا بہشت میں۔ اور قسم ہے خدا کی اگر میرے ٹکڑے اڑا دیئے جائیں اور میں زندہ جلا دیا جاؤں تب بھی میں کسی شے کے لیے بہشت کو نہیں چھوڑنے کا۔ یہ کہہ کر حر نے گھوڑے کو تازیانہ مارا اور حسینؑ کے پاس جا پہنچا۔

حر کی ابنِ سعد سے علیحدگی

عرض کی فرزند رسولؐ میں آپ پر قربان جاؤں۔ میں وہی شخص ہوں جس نے آپ کو واپس نہ جانے دیا۔ جو راستہ بھر آپ کے ساتھ ساتھ رہا جس نے آپ کو اسی جگہ ٹھہرنے پر مجبور کیا۔ قسم ہے خدائے وحدہ لاشریک

کی، میں ہرگز یہ نہ سمجھا تھا کہ جتنی باتیں آپ ان لوگوں کے سامنے پیش کریں گے یہ ان میں سے کسی امر کو بھی نہیں مانیں گے اور یہاں تک نوبت پہنچ جائے گی۔ میں تو دل میں یہ سوچے ہوئے تھا کہ بعض باتوں میں ان لوگوں کی اطاعت کروں تو کیا مضائقہ ہے۔ یہ لوگ یہ نہ سمجھیں کہ میں نے ان کی اطاعت سے انحراف کیا ہوگا۔ یہی کہ حسینؑ جن باتوں کو پیش کرتے ہیں، یہ ان باتوں کو مان لیں گے واللہ اگر میں جانتا ہوں کہ یہ لوگ آپ کی کسی بات کو قبول نہیں کریں گے۔ تو میں اس امر کا مرتکب نہ ہوتا۔ مجھ سے جو قصور ہو گیا ہے، میں خدا کے سامنے اس سے توبہ کرنے اور اپنی جان آپ کی نصرت میں قربان کرنے کے لیے آیا ہوں۔ میرا ارادہ آپ کے سامنے ہی مرنے کا ہے۔ یہ فرمایئے کہ کیا اس طرح کی توبہ قبول ہو جائے گی۔ آپ نے فرمایا ھاں خدا تیری توبہ کو قبول کرے گا۔ اور وہ تجھے بخش دے گا۔ نام تیرا دکیا ہے عرض کیا حر (آزاد) فرمایا۔ تو آزاد ہے۔ تیری ماں نے جس طرح تیرا نام آزاد رکھا ہے انشاء اللہ دنیا و آخرت میں تو آزاد ہے۔ اب گھوڑے سے اتر آؤ۔ حر نے کہا میرا گھوڑے پر سوار رہنا اترنے سے بہتر ہے۔ ایک لفظ ان لوگوں سے جنگ کروں گا اور جب میرا وقت اخیر ہوگا تو گھوڑے سے اتروں گا۔ آپ نے فرمایا اچھا جو تمہارا جی چاہے وہی کرو۔ خدا تم پر رحم کرے۔

حر کا لشکرِ یزید سے خطاب

حر یہ سن کر اپنے ساتھیوں کی طرف بڑھے اور کہا لوگو! حسینؑ نے جو باتیں پیش کی ہیں کیا ان میں سے کسی بات کو تم نہیں مانتے تا کہ خدا تمہیں ان سے جنگ وجدال میں مبتلا ہونے سے بچالے وہ کہنے لگے۔ ہمارا امیر عمر بن سعد موجود ہے اس سے گفتگو کرو۔ حر نے یہ سن کر ابن سعد سے وہی گفتگو دوبارہ کی جو اس سے پہلے کر چکے تھے اور جو گفتگو اپنے ساتھیوں سے کی تھی۔ ابن سعد نے جواب دیا۔ میری خواہش تو یہی تھی اگر ہو سکتا تو میں یہی کرتا۔ اب حر نے اہلِ کوفہ کی طرف خطاب کر کے کہا خدا تم کو ہلاک اور تباہ کرے تم نے انہیں بلایا اور جب وہ چلے آئے تو انہیں دشمن کے حوالے کر دیا تم کہتے تھے کہ ان پر اپنی جان نثار کریں گے اور اب ان پر ان کے قتل کرنے کے لیے حملہ کر رہے ہو۔ ان کو تم نے گھر بلا کر گرفتار کیا ان کا سانس بند کر دیا ان کو چاروں طرف سے گھیر لیا۔ ان کو خدا کی بنائی ہوئی وسیع عریض زمین میں کسی طرف نہ نکل جانے دیا تا کہ وہ اور انکے اہل بیت امن سے رہتے۔ اب وہ ایک قیدی کی طرح تمہارے ہاتھ میں ہیں۔ اپنے نفس کے لیے اچھا یا برا کچھ نہیں کر سکتے۔ تم نے انہیں ان کے اہل حرم، ان کے بچوں اور دوستوں کو بہتے ہوئے فرات کے پانی سے روکا۔ جسے یہودی، مجوسی اور نصرانی پیتے ہیں۔ اس بیابان کا سور اور کتے اس میں نہاتے ہیں۔ پیاس کی شدت نے ان لوگوں کو تباہ کر رکھا ہے۔ محمدؐ کی ذریت سے ان کے بعد کیسا برا سلوک تم نے کیا ہے اگر آج کے دن اسی وقت تم اپنے ارادہ سے باز نہ آئے اور تم نے توبہ نہ کی تو خدا تمہاری محشر کی پیاس کو سیراب نہیں کرے گا اور یہ سن کر پیادوں کی فوج نے حر پر تیر برسانے شروع

کئے۔حر وہاں سے پلٹے اور حضرت کے سامنے آ کر کھڑے ہو گئے۔

ابن سعد کا پہلا شعر

عمر بن سعد لڑنے کو نکلا اور پکار کر کہا اے ذو ید علم آگے بڑھا اس کے بعد ابنِ سعد نے کمان میں تیر جوڑا اور تیر رہا کر کے کہا، گواہ رہنا کہ سب سے پہلے میں نے ہی تیر چلایا ہے۔

عبداللہ بن عمیر کلبی

بنی علیم کے عبداللہ بن عمیر کوفہ میں آئے ہوئے تھے۔قبیلہ ہمدان میں جعد کے کنویں کے قریب گھر لے کر اترے ہوئے تھے۔ان کی بیوی اورام وہب خاندان نمر بن فاسط سے ان کے ساتھ تھی عبداللہ نے مقام تخیلہ میں دیکھا کہ حسینؑ پر فوج کشی کرنے کے لیے عرض لشکر کا سامان ہے۔عبداللہ نے پوچھا یہ کیا ماجرا ہے کسی نے کہہ دیا حسینؑ نواسہ رسولؐ پر لشکر کی چڑھائی ہے۔عبداللہ کو مدت سے آرزو تھی کہ مشرکین سے جہاد کریں۔خیال آیا کہ اپنے پیغمبرؐ کے نواسہ پر یہ لوگ لشکر کشی کر رہے ہیں، ان سے جہاد کرنا بھی اللہ کے ہاں مشرکوں سے جہاد کرنے کے ثواب سے کم نہیں ہوگا۔یہ سوچ کر ام وھب کے پاس آئے۔ان سے یہ جو کچھ سوچ کر آئے تھے اور جو بات دل میں ٹھان لی تھی، بیان کی، انہوں نے کہا کیا اچھی بات تم نے کہی خدا تمہاری بہترین تمنا کو پورا کرے چلو اور مجھے بھی ساتھ لے چلو۔عبداللہ راتوں رات بیوی کو ساتھ لیے ہوئے آپ کے لشکر میں آ گئے اور وہیں آپ مقیم ہو گئے۔جب ابن سعد نے قریب آ کر تیر مارا۔دوسرے لوگوں نے بھی تیر مارے تو زیاد کا غلام بسار اور عبیداللہ کے غلام سالم صف سے نکلے اور مبارز طلبی کی حبیب اور بریر اٹھے مگر آنحضرتؑ نے کہا بیٹھ جاؤ دیکھ کر عبداللہ مکبی اٹھ کر عرض گزار ہوئے۔ابا عبداللہ الحسینؑ رحمک اللہ مجھے ان دونوں سے لڑنے کی اجازت دیجئے۔آپ نے نظر جو اٹھائی تو دیکھا ایک شخص رنگ، دراز قامت، قوی بازو، قوی ہیکل سامنے کھڑا ہے کہا کہ میرے خیال میں یہ شخص مرد میدان اور مد مقابلوں کو قتل کرنے کی ہمت رکھتا ہے۔اگر لڑنا چاہتے ہو تو لڑو۔عبداللہ ان دونوں کے مقابلے میں گئے، دونوں نے پوچھا کہ تم کون ہو، انہوں نے اپنا نسب بیان کیا وہ کہنے لگے ہم تمہیں نہیں جانتے۔زھیر، حبیب یا بریر کو ہمارے مقابلہ کرنے میں تجھے بھی عار ہے تیرے مقابلہ میں بھی وہی شخص آئے جو تجھ سے بہتر ہو یہ کہتے ہی یسار پر حملہ کیا۔ایک ہی وار میں وہ ٹھنڈا ہو گیا یہ اس پر وار کرنے میں مشغول ہی تھے کہ سالم نے ان پر حملہ کیا اور للکار کر کہا میں آ پہنچا۔عبداللہ اس کی طرف متوجہ نہ ہوئے اور اس نے آتے ہی ان پر وار کر دیا انہوں نے اس کی تلوار کو بائیں ہاتھ پر روکا اس ہاتھ کی انگلیاں تلوار سے اڑ گئیں اس کے بعد ہی انہوں نے مڑ کر اس پر وار کیا اور دونوں قتل کر کے یہ اشعار پڑھتے ہوئے آگے بڑھے تم لوگ مجھے نہیں پہچانتے۔تو سنو میں خاندان بنی کلب سے ہوں۔یہ فخر میرے لیے کافی ہے کہ میرا گھر قبیلہ علیم میں ہے، میں صاحبِ قوت و نصرت ہوں۔مصیبت پڑے تو

بددل نہیں ہوجاتے۔اے ام وھب میں اس بات کا ذمہ لیتا ہوں۔کہ بڑھ بڑھ کرتلواروں اور برچھیوں کے وار ان لوگوں پر کیا کروں گا جیسا کہ خدا پرستوں کا شیوہ ہے۔

ام وھب کا جذبۂ جاں نثاری

ام وھب نے یہ سن کر ایک لکڑی ہاتھ میں لی اور اپنے شوہر کی طرف یہ کہتی ہوئی بڑھیں، میرے ماں باپ تم پر قربان ہو جائیں۔ذریت رسولؐ کی طرف سے لڑے جاؤ۔عبداللہ بیوی کی آواز سن کر پلٹ آئے تا کہ انہیں عورتوں میں جا کر بٹھائیں۔ام وھب ان کے کے دامن سے لپٹ گئیں اور کہتی تھیں تمہارے سامنے جب تک مر نہ جاؤں تمہیں نہ چھوڑوں گی۔حسین نے پکار کہا ''اہل بیت کی طرف سے تم دونوں کو جزائے خیر ملے۔بی بی عورتوں کی طرف واپس چلی آؤ۔انہیں کے پاس بیٹھو۔عورتوں پر جہاد نہیں ہے۔ام وھب یہ حکم سن کر عورتوں کی طرف پلٹ گئیں۔ابن سعد کے میمنہ پر عمرو بن حجاج تھا وہ سارے رسالے کو لے کر حسینؑ کے انصار کی طرف بڑھا۔جب آپ کے قریب آیا تو انصار حسینؑ گھٹنوں کے بل انہیں روکنے لگے اور برچھیوں کی سنانیں ان کی طرف کر دیں چنانچہ سواران کی طرف نہ برھ سکے اور واپس جانے لگے تو انصار نے انہیں تیر مارے جن سے کچھ لوگ مارے گئے اور کچھ زخمی ہوئے۔

عبداللہ بن حوزہ کا انجام بد

بنی تمیم کا عبداللہ بن جوزہ بڑھتا ہوا آپ کے سامنے آیا۔حسین حسینؑ کر کے آپ کو پکارا۔آپ نے فرمایا کیا کہتے ہو۔وہ لعین کہنے لگا جہنم کی آگ مبارک ہو۔آپ نے فرمایا ایسا خیال نہ کرو میں تو رب رحیم اور نبی کریمؐ کے پاس جاؤں گا۔پھر پوچھا یہ کون ہے۔انصار نے عرض کی یہ ابن حوزہ ہے آپ نے بددعا کی۔خداوندا اسے جہنم کی آگ میں لے جا۔اس کا گھوڑا ایک نالی میں الجھ گیا۔اور یہ گر پڑا مگر اس طرح کہ اس کا پاؤں ت رکاب میں الجھارہ گیا اور سرزمین پر آرہا۔گھوڑا بدکا اور اس طرح اسے لے کر بھاگا کہ پتھروں اور درختوں سے اس کا سر ٹکراتا رہا اور بالآخر مر گیا۔سروق بن وائل یہ معجزہ دیکھ کر رسالے سے الگ ہو کر چلا گیا۔

یزید معقل اور بریر میں مباہلہ

یزید صف سے نکلا، پکار کر کہنے لگا کیوں بریر تم نے دیکھ لیا کہ خدا نے تمہارے ساتھ کیا کیا۔بریر نے کہا واللہ خدا نے میرے ساتھ بھلائی کی اور تیرے حق میں برائی۔وہ کہنے لگا کہ تم نے جھوٹ بولا حالانکہ تم جھوٹ نہیں بولا کرتے تھے تم کو یاد ہوگا کہ بنی لوقان میں تمہارے ساتھ میں پھر رہا تھا اور تم یہ کہتے جاتے تھے کہ عثمان نے اپنے نفس کے ساتھ اسراف کیا۔معاویہ خود گمراہ ہے اور دوسروں کو گمراہ کرتا ہے اور امام ھدی و برحق علیؑ بن ابی طالبؑ

ہیں بریر نے کہا ہاں ہاں۔یہی میرا عقیدہ اور میرا قول ہے۔یزید نے کہا اس میں شک نہیں کہ تو گمراہ ہے۔بریر نے کہا آؤ ہم تم مباہلہ کرلیں پھر خدا سے دعا مانگیں کہ وہ جھوٹے پر لعنت کرے اور گمراہ کو قتل کرے۔اس کے بعد ہم جنگ کریں۔اور وہ دونوں نکلے اور ہاتھ بلند کرکے یہ دعا کی کہ خدایا جھوٹے پر عذاب نازل ہو اور جو راہ راست پر ہے وہ گمراہ کو قتل کرے اس کے بعد دونوں لڑنے کو بڑھے دو دو چوٹیں ہوئیں یزید کا ایک اوچھا سا وار بریر پر پڑا جس سے بریر کو کوئی ضرر نہ پہنچا بریر نے جو تلوار یزید کو ماری تو وہ مغز کو کاٹتی ہوئی دماغ تک پہنچی اور وہ اس طرح گرا کہ معلوم ہوا کہ پہاڑ سے نیچے آرہا ہے بریر کی تلوار اسی طرح شگاف زخم میں موجود تھی۔بریر تلوار کو کھینچ رہے تھے کہ رضی بن منقد عبدی بریر سے لپٹ گیا کچھ دیر کی کشتی کے بعد بریر اس کی چھاتی پر چڑھ بیٹھے تو عبدی چلانے لگا۔بہادرو کمک کرنے والو دوڑو اب کعب ازدی بریر پر حملہ کرنے کا ارادہ کیا کسی شخص نے اسے جتلایا یہ قاری قرآن بریر ہیں جو مسجد میں ہم لوگوں کو قرآن پڑھایا کرتے تھے۔کعب نے نیزہ کا وار کیا۔اس کی سنان بریر کی پشت پر لگی بریر برچھی کھا کر زانو کے بل ہو گئے اور عبدی کی ناک دانتوں سے کاٹ لی اور اس کے چہرے کو زخمی کر دیا۔کعب نے ایسا وار کیا کہ عبدی کے سینے پر سے الگ جا پڑے اور اس کی برچھی کا پھل بریر کی پشت پر اترا ہوا تھا۔عبدی خاک جھاڑ کر اٹھ کھڑا ہوا اور ارزی سے کہا تو نے ایسا احسان کیا جسے کبھی نہ بھولوں گا۔کعب ازدی جب میدان سے واپس آیا تو اس کی بیوی یا بہن نے کہا تو نے فرزند فاطمہؑ کے مقابلے میں کمک کی۔تو نے قاریوں کے سردار کو قتل کیا تو کیسے برے امر عظیم کا مرتکب ہوا۔واللہ میں تجھ سے کبھی بات نہیں کروں گی۔حر جب لشکر حسینؑ میں آچکے تو بنی شقرہ کا یزید بن سفیان کہنے لگا۔اگر حر کو میں جاتے ہوئے دیکھ لیتا تو برچھی لے کر اس کے پیچھے دوڑتا۔جب لڑائی شروع ہوئی اور دیکھا کہ حر بڑھ بڑھ کر حملے کر رہے ہیں تو حصین نے یزید سے کہا کیا اسی حر کے قتل کی تجھے آرزو نہ تھی اس کہا ہاں اور مقابلہ کے لیے آیا۔حر سے کہا لڑو گے۔حر نے کہا کیوں نہیں۔یہ کہہ کر حر اس طرح میدان میں آئے کہ بقول حصین کے واللہ حریف کی جان حر کی مٹھی میں تھی اور آتے ہی اسے قتل کر دیا۔

مزاحم بن حریث کا خاتمہ

نافع بن ہلال اس دن قتل وجدال کے دوران یہ کہتے جاتے تھے۔ان الجملی انا علی دین علی میں جنگ جمل والا ہوں۔میں علی کے دین پر ہوں مزاحم ان سے لڑنے کو یہ کہتا ہوا بڑھا۔از اعلیٰ دین عثمان میں عثمان کے دین پر ہوں۔نافع نے کہا تو شیطان کے دین پر ہے۔اور حملہ کرتے ہی مزاحم کو قتل کر دیا۔یہ دیکھ کر عمرو بن حجاج نے کہا اے احمقو۔اے اہل کوفہ تم نہیں جانتے کہ کن سے لڑ رہے ہو۔یہ وہ لوگ ہیں جو مرنے پر آمادہ ہیں۔ایک ایک کر کے ان سے ہرگز نہ لڑو یہ تو تھوڑے سے لوگ ہیں اور تھوڑی دیر میں فنا ہو جائیں گے۔واللہ اگر تم انہیں پتھر اٹھا اٹھا کر مارو تو سب کو قتل کر سکتے ہو۔ابنِ سعد نے کہا تو سچ کہتا ہے یہی رائے ٹھیک ہے لوگوں کو اس نے ممانعت

کر دی کہ وہ ایک ایک کر کے نہ لڑیں۔اس کے بعد ابن سعد کے میمنہ سے عمرو بن حجاج نے فرات کی طرف سے حملہ کیا اور ایک گھنٹہ تک جنگ ہوتی رہی۔

حسینی لشکر کا پہلا زخمی

اسی حملہ میں مسلم بن عوسجہ اسدی انصاری حسینؑ میں سب سے پہلے زخمی ہو کر گرے۔ابنِ حجاج جب حملہ کر کے پلٹا اور غبار چھٹا تو دیکھا کہ مسلم بن عوسجہ زمین پر پڑے ہیں حسینؑ ان کے پاس آئے۔ابھی ذرا جان باقی تھی آپ نے فرمایا۔مسلم بن عوسجہ خدا تم پر رحم کرے۔مجاہدین میں سے کسی نے اپنی جان فدا کر دی اور کوئی انتظار کر رہا ہے انہوں نے ذرا بھی تغیر و تبدل نہیں کیا پھر حبیب بن مظاہر نے قریب آ کر کہا۔اے ابن عوسجہ تمہارے قتل ہونے کا بڑا قلق ہے۔تمہیں بہشت مبارک ہو۔بہت آہستہ آہستہ سے جواب دیا خدا تم کو بھی خیر و خوبی مبارک کرے۔حبیب نے کہا میں جانتا ہوں کہ تمہارے پیچھے ہی پیچھے اسی وقت تمہارے پاس آنے کو ہوں ورنہ یہ کہتا جو جی چاہے وصیت کرو کہ تم سے جو قرابت اخوت دینی کا تقاضہ ہے اس کے مطابق تمہاری وصیت کو بجالاؤں گا۔

معرکہ کربلا کے پہلے شہید کی وصیت

مسلم بن عوسجہ نے حسینؑ کی طرف ہاتھ اٹھا کر کہا۔بس ان کے بارے میں تمہیں یہ وصیت کرتا ہوں کہ ان پر اپنی جان قربان کرنا حبیب نے کہا واللہ میں ایسا ہی کروں گا۔جونہی مسلم کی روح نے پرواز کی اور ان کی کنیز ان کا نام لے کر بین کرنے لگی تو عمرو بن حجاج کے لشکر میں شور مچ گیا۔کہ ہم نے مسلم بن عوسجہ کو قتل کر دیا۔شبث نے سن کر کہا تم کو موت آئے اپنے ہی عزیزوں کو اپنے ہاتھ سے قتل کرتے ہو اور غیروں کے سامنے خود کو ذلیل کرتے ہو۔مسلم جیسے شخص کو قتل کر کے خوش ہو رہے ہو۔سنو واللہ میں نے مسلمانوں میں ان کو بڑے بڑے معرکوں میں بڑی شان سے دیکھا ہے۔آذربائیجان کے دھاوے میں میں نے دیکھا انہوں نے چھ کافروں کو قتل کیا جبکہ مسلمانوں کے سب سوار ابھی آنے نہ پائے تھے۔بھلا ایسا شخص تم سے قتل ہو جائے اور تم خوش ہو رہے ہو۔انہیں مسلم بن عبداللہ ضبابی اور عبدالرحمن بجلی نے شہید کیا تھا۔

عبداللہ بن عمیر کلبی کی شہادت

شمر ذی الجوشن نے اپنے میسرہ سے حضرت کے میسرہ پر حملہ کیا۔یہ سب لوگ اپنی جگہ سے نہیں ہٹے۔شمر اور اس کے ساتھیوں کو برچھیاں مارنے لگے۔اب حسینؑ اور اصحاب حسینؑ پر چاروں طرف سے لوگ ٹوٹ پڑے۔اسی حملہ میں کلبی شہید ہوئے انہوں نے پہلے دو شخصوں کو قتل کیا۔پھر اور دو کو قتل کیا۔بڑی شدت اور جرأت سے حملہ کر رہے تھے کہ ہانی بن ثبیت اور بکیر بن حنی نے حملہ کر کے انہیں شہید کر دیا اور یہ دوسرے شہید ہیں۔

اصحاب حسینؑ کا شدید حملہ

آپ کے اصحاب نے بڑی شدت اور قوت سے حملہ کیا ادھر کل بتیس سوار تھے۔لیکن جب انہوں نے حملہ کیا تو جدھر رخ کیا۔اہل کوفہ کے سواروں کو شکست دی۔غرزہ بن قیس جو اہل کوفہ کا سرخیل تھا۔جب اس نے اپنے رسالہ کے سواروں کو پسپا ہوتے دیکھا تو ابن سعد سے کہلا بھیجا تو دیکھ رہا ہے کہ ان چند سواروں کے مقابلہ میں دیر سے میرا رسولہ منتشر ہو رہا ہے ان کے لیے پیادوں اور تیراندازوں کو جلدی بھیجو۔ابن سعد نے شبث بن ربعی سے کہا کہ تو اس نے انکار کر دیا۔ایک شخص نے مصعب کے عہدِ حکومت میں شبث کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ اہل کوفہ کو خیر وخوبی خدا کبھی نصیب نہیں کرے گا۔اور انہیں کبھی راہِ راست کی توفیق نہ دے گا۔تعجب کی بات ہے کہ ہم لوگ پانچ برس تک علیؑ بن ابی طالب کے پھر ان کے فرزند کے ساتھ رہ کر بنی امیہ سے کشت وخون میں مشغول رہے ہوں۔پھر ہمیں لوگ اولاد معاویہ اور پسر سمیہ فاحشہ کے ساتھ ان کے دوسرے فرزند سے جو تمام روئے زمین کے لوگوں سے افضل ہو۔کشت وخون کریں ہائے گمراہی ہائے زیانکاری۔ابن سعد نے حصین بن تمیم کو پکارا اور تمام زرہ پوش سوار اور پانچ سو تیراندازوں کے ساتھ اسے روانہ کیا۔یہ حملہ کرنے کو بڑھے اور قریب پہنچ کر ان پر تیر برسانے لگے۔تھوڑی ہی دیر میں ان کے گھوڑوں کو پے کر دیا اور انصار حسینؑ سب پیارے ہو گئے۔

حر کی شمشیر زنی

حر بن مشرح کہتا ہے۔واللہ حر کے گھوڑے کو میں نے پے کیا۔اس کے حلق میں تیر اتار دیا اور ڈگمگا کر گر پڑا۔حر اس کی پشت سے اس طرح کودے جیسے کوئی شیر تلوار کھینچ کر میدان میں آ گیا ہو۔

حسینی خیموں پر حملہ

ایسی جنگ خدائی کے پردہ پر نہیں ہوئی ہوگی جیسی اس دن ہوئی دوپہر ہونے کو آئی اور کوفیوں کو ایک رخ کے سوا دوسری طرف سے انصار حسینؑ پر حملہ کرنا ممکن نہ ہوا وجہ یہ تھی کہ ان کے قیام ایک ہی مقام پر تھے اور خیمہ سے خیمہ متصل تھا یہ دیکھ کر ابن سعد نے پیادوں کو بھیجا کہ دائیں اور بائیں طرف کے خیمے اکھاڑ ڈالیں تو وہ لوگ گھر جائیں گے۔تین چار شخص انصار حسینی میں سے خیموں کے بیچ میں آ آ کر جسے دیکھتے خیمہ اکھاڑ رہا ہے اس پر حملہ کر کے اسے قتل کر دیتے یا قریب سے تیر مار کر اسے ہلاک کر دیتے۔ابن سعد نے حکم دیا کہ خیمہ کے اندر کوئی نہ جائے بلکہ ان سب خیموں کو آگ لگا دو۔جب آگ لگی تو آپ نے فرمایا یہ خیمے جلاتے ہیں تو جلانے دو۔چونکہ جب خیموں میں آگ لگ جائے گی تو اس رخ سے یہ حملہ نہیں کر سکیں گے۔ایسا ہی ہوا جیسا کہ آپ نے فرمایا تھا اور ایک ہی رخ کے علاوہ وہ دوسری طرف سے یورش نہ کر سکے۔

ام وھب کی شہادت

اسی حالت میں زوجہ کلبی اپنے شوہر کی لاش پر آئیں ان کے سرہانے بیٹھ کر ان کے چہرے سے گرد غبار صاف کرنے لگیں اور کہہ رہی تھیں ''بہشت تم کو مبارک ہو۔'' شمر نے رستم نامی غلام سے کہا۔اس عورت کے سر پر لاٹھی مارو۔سر پر لٹھ پڑی تو اس خاتون کا سر پاش پاش ہو گیا اور وہ اسی جگہ شہید ہو گئیں۔

شمر کا خیمہ حسینؑ پر حملہ

آپ کے مخصوص خیمہ پر شمر نے حملہ کیا برچھی مار کر پکارا۔آگ لاؤ میں اس خیمہ کو اور جو لوگ اس میں موجود ہیں انہیں جلا دوں۔بیبیاں چلاتی ہوئی خیمہ سے باہر نکل آئیں۔آپ نے پکار کر کہا پسر ذی الجوشن تو آگ منگوا رہا ہے تا کہ میرے گھر اور میرے اہلِ بیت کو جلا دے۔خدا تمہیں آگ میں جلائے۔حمید بن مُسلم نے شمر سے کہا۔سبحان اللہ ایسی حرکت مناسب نہیں ہے۔تو چاہتا ہے دو گناہ اپنے سر لے اور چاہتا ہے کہ ایسا عذاب کرے جو خدا کی ذات سے مخصوص ہے۔

اس طرح بچوں اور عورتوں کو قتل کرے۔واللہ مردوں کو قتل کرنا امیر کے خوش کر دینے کے لیے کافی ہے۔شمر نے پوچھا تو کون ہے۔حمید نے کہا میں یہ نہیں بتاؤں گا کہ میں کون ہوں۔میں دل میں ڈرا کہ حاکم کو خبر کر کے مجھے کوئی نقصان نہ پہنچائے۔اسی مقام پر ایک اور شخص پہنچ گیا۔جس کی بات شمر حمید کی نسبت زیادہ سنتا تھا اور

شمر کی پسپائی

وہ شبث بن ربعی تھا۔کہنے لگا جو کلمہ تیری زبان سے نکلا ہے اس سے بدتر کلمہ میں نے نہیں سنا اور جو حرکت تو کرنے لگا ہے اس سے بدتر کوئی بات نہیں ہو سکتی۔ارے تو عورتوں کو دھمکاتا ہے شمر کو کچھ شرم آ گئی اور پلٹنے کا ارادہ کیا۔اسی وقت زہیر بن قین نے اپنے ساتھیوں میں سے دس شخصوں کو لیکر شمر اور اس کے اصحاب پر حملہ کر دیا۔اور انہیں پسپا کر کے خیمہ سے دور کر دیا۔ابو مرہ خبابی کو جو شمر کا ساتھی تھا قتل کر دیا۔

روز عاشور کی نماز جماعت اور شہادت حبیب

انصار حسینؑ میں سے ایک یا دو شخص بھی شہید ہوتے تو لشکر میں صاف کمی معلوم ہوتی اور دوسری طرف کتنے ہی مارے جاتے ان کی کثرت میں کمی معلوم نہ ہوتی تھی۔یہ حال دیکھ کر ابو ثمامہ صائدی نے آپ سے عرض کیا یا ابا عبداللہ آپ پر میری جان قربان ہو، یہ لوگ آپ سے قریب آ گئے ہیں۔اور واللہ جب تک ان کی نصرت میں میں قتل نہ ہو جاؤں انشاء اللہ آپ قتل نہیں ہو سکتے۔میرا دل چاہتا ہے کہ نماز کا وقت قریب ہے لہذا اس نماز کے بعد

حق تعالیٰ سے ملاقات کروں۔ یہ سن کر آپ نے سر اٹھا کر دیکھا اور کہا خدا تم کو نماز گزاروں میں اور اہل ذکر میں شمار کرے کہ تم نے نماز کا ذکر کیا۔ ہاں یہ نماز کا اول وقت ہے۔ ان لوگوں سے پوچھو کہ ہمیں اتنی مہلت دیں کہ ہم نماز پڑھ لیں۔ حصین بن تمیم نے کہا تمہاری نماز قبول ہی نہیں ہے۔ حبیب بن مظاہر نے جواب دیا۔ تیرے زیم باطل میں آل رسولؐ کی نماز قبول نہیں ہوگی اور تیری نماز اوگدھے قبول ہوگی۔ ابن تمیم نے یہ سن کر حملہ کر دیا۔ حبیب نے بڑھ کر اس کے گھوڑے کے منہ پر تلوار ماری وہ الف ہو گیا اور یہ گھوڑے سے گر پڑا اس کے اصحاب دوڑے اور اسے بچا کر اٹھا کر لے گئے۔

حبیب رجز بڑھتے جاتے اور شدومد سے شمشیر زنی کر رہے تھے بنی تمیم کے ایک اور شخص نے بڑھ کر برچھی کا وار کیا۔ حبیب گر کر اٹھنا چاہتے تھے کہ حصین بن تمیم نے ان کے سر پر تلوار ماردی اور وہ گر گئے مرد تمیمی نے گھوڑے سے اتر کر ان کا سر کاٹ لیا۔

قاسم بن حبیب کا انتقام

یہ لوگ جب کوفہ میں آئے تو تمیمی شخص حبیب کا سر اپنے گھوڑے کی گردن میں لٹکائے ابنِ زیاد کے قصر کی طرف آیا۔ قاسم بن حبیب نے باپ کا سر اس سوار کے پاس دیکھا وہ بلوغ کے قریب تھے۔ انہوں نے اس سوار کے پیچھے پیچھے پھرنا شروع کیا۔ کسی وقت بھی اس کا ساتھ نہیں چھوڑتے تھے وہ قصر میں جاتا تو یہ ساتھ جاتے وہ باہر نکلتا تو یہ بھی نکل آتے۔ سوار کو کچھ بدگمانی ہوئی کہنے لگا اے لڑکے تو میرے پیچھے پیچھے کیوں رہتا ہے۔ انہوں نے کہا کوئی بات نہیں کہا کوئی سبب تو ضرور ہے مجھ سے بیان کرو۔ کہا یہ میرے باپ کا سر تمہارے پاس ہے۔ مجھے دیدے کہ میں اسے دفن کر دوں۔ کہنے لگا لڑکے اس کے دفن کرنے پر امیر راضی نہ ہوگا اور مجھے یہ بھی امید ہے کہ اسے قتل کے صلہ میں امیر مجھے بہت اچھا عوض دے گا۔ لڑکے نے کہا لیکن خدا تو تجھے اس کا بہت دبرا بدلا دے گا۔ واللہ تو نے اپنے سے بہتر شخص کو قتل کیا ہے۔ یہ کہہ کر وہ لڑکا رونے لگا۔ غرض وہ اسی فکر میں رہا اور اب وہ بالغ بھی ہو گیا تھا مگر اس کے علاوہ جرات نہ ہوئی کہ وہ اپنے باپ کے قاتل کی تاک میں رہا تا کہ موقع ملے تو باپ کا بدلہ اس سے لے بالآخر مصعب بن زبیر کے عہد حکومت میں اسے ایک خیمہ میں پایا۔ ایک دن دوپہر کے وقت اسے جا کر تلواریں ماریں کہ وہ ٹھنڈا ہو کر رہ گیا۔

زھیر بن قین اور حر کی شجاعت

ایک روایت میں ہے کہ حبیب جب شہید ہو گئے تو حسینؑ کا دل ٹوٹ گیا اور فرمایا۔ میں نے اپنے نفس اور اپنے انصار کو خدا کے حوالے کیا۔ اب حر نے رجز پڑھنا شروع کیا اور ان کے ساتھ مل کر زھیر نے بھی شدید قتال کیا۔ ان دونوں میں سے ایک شخص حملہ کرتا تھا جب وہ دشمنوں میں گھر جاتا تو دوسرا حملہ کر کے اسے چھڑا لیتا

تھا۔ایک ساعت تک اسی طرح یہ دونوں شمشیر زنی کرتے رہے۔اس کے بعد پیادوں کے جم غفیر نے حملہ کر کے حر کو شہید کر دیا اور ابوثمامہ نے اپنے چچازاد کو جو دشمنوں کے ساتھ تھا قتل کر دیا۔

نماز ظہر

اس کے بعد سب نے نماز ظہر پڑھی یہ نماز خوف تھی جو حسینؑ کے ساتھ ان لوگوں نے پڑھی ظہر کے بعد پھر شدت سے کشت وخون ہونے لگا۔دشمن حسینؑ تک پہنچ گئے۔یہ دیکھ کر جناب حنفی آپ کے سامنے آ کر کھڑے ہو گئے اور دائیں بائیں طرف سے ان پر تیر پڑ رہے تھے۔بالآخر وہ تیر کھاتے کھاتے گر گئے۔

زھیر کا رجز

زھیر نے شدت سے شمشیر زنی کی۔حسینؑ کے شانے پر ہاتھ رکھ کر رجز پڑھا۔اے مھدی ہادی بڑھیئے اپنے جد رسول اللہ صلی مرتضیٰ حسنؑ ذوالجناحین جعفر اور شیر خدا حمزہ سے ملاقات کیجئے اسی حالت میں کثیر شعبی اور مہاجر نے حملہ کر کے انہیں شہید کر دیا۔

نافع بن ہلال کی شجاعت اور شہادت

جناب نافع نے اپنے تیروں کے سوناروں پر اپنا نام لکھا ہوا تھا زہر میں بجھے ہوئے تیر لگاتے جاتے اور کہتے جاتے تھے۔میں جملی اور دین علی پر ہوں۔ابن سعد کے بارہ ساتھیوں سے بارہ شخصوں کو انہوں نے قتل کیا اور زخمی ان کے علاوہ تھے۔پھر نافع پر وار ہوا اور ان کے دونوں بازو کٹ گئے۔وہ انہیں زندہ گرفتار کر کے شمر اور اس کے ساتھی انہیں دھکیلتے ہوئے ابن سعد کے پاس لائے۔ابن سعد نے کہا اے نافع تم نے اپنے نفس کے ساتھ ایسی برائی کیوں کی۔نافع نے کہا میرے ارادے کا حال خدا کو خوب معلوم ہے۔ان کی داڑھی پر خون بہہ رہا تھا۔اور وہ کہہ رہے تھے میں نے زخمیوں کے علاوہ تمہارے بارہ آدمیوں کو قتل کیا ہے۔اس کے باوجود مجھے ذرا بھی پشیمانی نہیں۔میرے دست وبازو ٹوٹ نہ گئے ہوتے تو تم مجھے اسیر نہ کر سکتے۔شمر نے ابن سعد سے کہا اسے قتل کر دو۔اس نے کہا تو لے کر آیا ہے چاہو تو قتل بھی کر دو۔شمر نے تلوار کھینچی تو نافع نے کہا۔بخدا اگر تو مسلمان ہوتا تو ہم لوگوں کا خون گردن پر لے کر خدا کے سامنے جانا تجھے شاق ہوتا۔شکر ہے اس خدا کا جو لوگ بدترین خلائق ہیں ان کے ہاتھوں اس نے ہماری موت مقدر کی ہے۔اس کے بعد شمر نے انہیں شہید کر دیا۔

پسران غرہ غفاری کی تمنا

اب شمر رجز پڑھتا ہوا انصار حسینؑ کی طرف بڑھا۔انصار نے یہ دیکھا کہ قاتلوں کا بڑا ہجوم ہے، نہ وہ اب

حسینؑ کو بچا سکتے ہیں اور نہ ہی خود کو۔سب نے یہ آرزو کی کہ آپ کے سامنے ہی قتل ہو جائیں۔غرہ غفاری کے دونوں فرزند عبداللہ اور عبدالرحمن آپ آئے اور کہا یا اباعبداللہ علیک السلام دشمنوں نے ہمیں آپ کے ساتھ گھیر لیا ہے۔ہماری خواہش ہے کہ آپ کے سامنے ہی قتل ہو جائیں۔آپ کے دشمنوں اور ان کے نرغہ کو ہٹاتے جائیں۔آپ نے فرمایا مرحبا بکما آؤ میرے قریب آجاؤ۔دونوں آپ کے قریب آکر رجز پڑھ کے شمشیر زنی کرنے لگے۔

سیف و مالک کی بے قراری

یہ دونوں آپس میں چچازاد بھائی تھے لیکن دونوں کی ماں ایک تھی۔یہ دونوں جابری نوجوان روتے ہوئے آپ کے پاس آئے۔آپ نے فرمایا بچو کیوں روتے ہو۔واللہ میں جانتا ہوں۔اب تھوڑی ہی دیر میں تم خوش ہوجاؤ گے۔انہوں نے جواب دیا ہم آپ پر قربان ہوجائیں۔ہم اپنے لیے نہیں روتے۔آپ کی حالت پر ہمیں رونا آتا ہے۔ہم دیکھ رہے ہیں کہ آپ نرغہ میں ہیں اور ہم آپ کو بچا نہیں سکتے۔آپ نے جواب دیا۔میری حالت پر محزون ہونے کی جزا اور مجھ سے ہمدردی کا عوض اے فرزند حق تعالیٰ تمہیں دے۔جیسا ثواب کہ وہ نیک بندوں کو دیتا ہے۔

حنظلہ بن اسعد کا اپنے قبیلہ سے خطاب

اسی اثنا میں حنظلہ بن اسعد شبامی آپ کے سامنے آکر کھڑے ہوگئے اور پکار پکار کر کہنے لگے۔اے میری قوم والو مجھے ڈر ہے کہ تم لوگوں پر جنگ احزاب کا سا عذاب نازل ہوگا۔جیسا کہ قوم نوح وعاد وثمود اور ان کے بعد والوں پر نازل ہوا۔اور خدا بندوں پر ظلم کرنا نہیں چاہتا۔اے میری قوم کے لوگو مجھے تمہارے لیے روز قیامت کا ڈر ہے جس دن تم پیٹھ پھیرے ہوئے بھاگتے پھروگے اور خدا کی طرف سے تمہارا بچانے والا کوئی نہیں ہوگا۔اور سنو خدا جسے گمراہ کرتا ہے اسے کوئی راستہ پر لگانے والا نہیں ہوگا۔اور سنو خدا جسے گمراہ کرتا ہے اسے کوئی راستہ پر لگانے وال نہیں ملتا۔اے میری قوم کے لوگو حسینؑ کو قتل نہ کرو تا کہ خدا کا عذاب نازل ہو کر تم کو تباہ نہ کردے اور سنو جس نے (خدا پر) بہتان باندھا وہ زیانکار ہے۔

حنظلہ کی شہادت

حنظلہ کی یہ تقریر سن کر آپ نے فرمایا خدا تم پر رحم کرے اے اسعد کے بیٹے یہ لوگ تو اسی وقت سے عذاب کے سزاور ہو چکے ہیں۔جب تم نے انہیں حق کی طرف پکارا۔اور انہوں نے تمہارے قول کو رد کر دیا۔تمہارا اور تمہارے ساتھیوں کا خون بہانے پر آمادہ ہو گئے۔اور اب تو یہ لوگ تمہارے صالح بھائیوں کو بھی قتل کر چکے ہیں حنظلہ نے کہا میں آپ پر فدا ہوجاؤں آپ نے سچ فرمایا۔بیشک آپ دین کو زیادہ سمجھتے ہیں اور اس منصب کے زیادہ

حقدار ہیں۔کیا اب ہم اپنے بھائیوں کو ملنے نہ جائیں۔آپ نے اجازت دی کہ دارالبقاء کی طرف جاؤ دنیائے مافیہا سے بہتر ہے۔حنظلہ نے کہا۔السلام علیک یا ابا عبداللہ خدا آپ پر اور آپ کے اہل بیت پر صلوٰت بھیجے اور ہم آپ کو جنت میں پہنچوائے۔آپنے یہ سن کر دو مرتبہ آمین کہی۔حنظلہ آگے بڑھے۔شمشیر زنی کرتے رہے۔یہاں تک کہ درجہ شہادت پر فائز ہوئے۔حنظلہ کے بعد دونوں جابری نوجوان آگے بڑھے مڑمڑ کے آپ کو فرزند رسولؐ کہہ کر سلام کرتے آپ نے دونوں کے جواب سلام دیئے اور رحمت کی دعا کی وہ بھی قتال کر کے شہید ہوئے۔

شوذب کی شہادت

عابس بن ابی شبیب شاکری اپنے غلام سوذب کو ساتھ لیے ہوئے آئے شوذب سے پوچھا کیا ارادہ ہے اس نے کہا ارادہ کیا ہے بس نواسہ رسولؐ کی طرف سے آپ کے ساتھ شریک ہو کر جہاد کروں گا اور قتل ہو جاؤں گا۔عابس نے کہا مجھے تجھ سے یہی امید تھی۔اب اگر زندہ رہنا منظور نہیں تو ابا عبداللہ کے سامنے جا کر تجھے رخصت کروں گا۔مگر اسوقت تجھ سے بڑھ کر مجھے کوئی عزیز ہوتا تو میری خوشی یہی تھی کہ وہ میرے سامنے آتا اور میں اسے رخصت کرتا آج کا دن وہ ہے کہ جتنا ہم سے ہو سکے ثواب کما لیں۔بس آج کے بعد عمل خیر کا موقع نہیں پھر تو روز حساب ہی آنے والا ہے۔شوذب نے جا کر حسینؑ کو سلام کیا۔باہر جا کر جنگ کی یہاں تک کہ شہید ہو گئے۔

عابس کی شجاعت وشہادت

عابس نے اب آپ سے عرض کیا کہ اے ابا عبداللہ آپ سے بڑھکر روئے زمین پر کوئی قریب وبعید واللہ مجھے عزیز نہیں ہے۔اگر اپنی جان دینے اور خون بہانے سے بڑھ کر کوئی ایسی چیز ہوتی کہ جس سے میں آپ کو مصیبت اور قتل ہونے سے بچا سکتا تو میں وہ بھی کر گزرتا۔السلام علیک یا ابا عبداللہ میں خدا کو گواہ کر کے کہتا ہوں کہ میں آپ اور آپ کے پدر بزرگوار کی ہدایت پر قائم ہوں یہ کہہ کر تلوار کھینچے ہوئے دشمنوں کی طرف چلے۔ان کی پیشانی پر ایک زخم کا بھی نشان تھا۔ربیع بن تمیم نے ان کو آتے ہوئے دیکھ کر پہچان لیا۔یہ اور معرکوں میں بھی ان کو دیکھ چکا تھا۔یہ بہت بڑے بہادر تھے۔ربیع نے لوگوں سے کہا یہ شیر مرداں دغا ہے یہ وعابس بن شبیب ہے تم میں سے کوئی ایک شخص اس سے لڑنے کے لیے ہرگز نہ جائے۔عابس نے پکارنا شروع کیا کیا آپ کے مقابل میں کوئی ایک نہیں نکلے گا۔ابن سعد نے حکم دیا کہ پتھروں کی بارش کر کے اس شخص کو چور چور کر دو۔چاروں طرف سے پتھر آنے لگے یہ دیکھ کر انہوں نے اپنی زرہ اور خود اتار پھینکی اور ان لوگوں پر حملہ کر دیا۔ربیع کہتا ہے بخدا یہ دوسو سے زیادہ آدمی تھے جو بھاگ کھڑے ہوئے مگر بھاگے ہوئے پھر پلٹ آئے اور ہر طرف سے حملہ کر دیا اور عابس شہید ہو گئے۔میں نے چند آدمیوں کے ہاتھ میں ان کا سر دیکھا۔یہ کہتا تھا میں نے قتل کیا وہ کہتا تھا میں نے قتل کیا۔سب کے سب ابن سعد کے پاس آئے اس نے کہا کیوں جھگڑتے ہو۔اس شخص کو ایک برچھی نے قتل نہیں کیا یہ کہہ کر ان کا جھگڑا چکایا۔

ضحاک بن عبداللہ مشرقی

ضحاک نے جب دیکھا کہ انصار حسینؑ کام آ گئے اور اب آپ پر اور آپ کے اہل بیت پر دشمنوں کو دسترس حاصل ہو گئی ہے تو سوید بن عمرو خثعمی اور بشیر بن عمرو حضرمی کے علاوہ انصار میں کوئی باقی نہیں رہا تو اس نے آپ سے کہا اے فرزند رسول اللہؐ جو بات میں نے آپ سے کہی تھی وہ آپ کو معلوم ہی ہے۔ میں نے یہی کہا تھا کہ جب تک کسی شخص کو آپ کی طرف سے قتال کرتے ہوئے دیکھوں گا میں بھی قتال کرتا جاؤں گا۔ جب میں نے دیکھا کہ اب لڑنے والا کوئی باقی نہیں رہا۔ تو میں بھی چلا جاؤں گا۔ اور آپ نے فرمایا تھا کہ اچھا چلے جانا۔ آپ نے جواب دیا تو سچ کہتا ہے مگر اب کیونکر جا سکتا ہے۔ اگر جا سکتا ہے تو نکل جا۔ یہ سن کر ضحاک اپنی گھوڑی کے پاس آیا جسے اس نے اصحاب کے گھوڑوں کے پے ہونے کے بعد اپنے رفقاء کے ایک خیمے میں چھپا رکھا تھا اور خود پیادہ جنگ کرتا رہا تھا۔ اس نے اس دن دو آدمیوں کو قتل کیا تھا اور ایک کا ہاتھ اڑا دیا تھا حسینؑ نے کئی مرتبہ کہا تھا کہ تیرا ہاتھ کبھی شل نہ ہو خدا تیرے ہاتھ کو قطع نہ کرے اور خدا اہل بیت نبیؐ کی طرف سے اچھی جزا تجھے دے۔

ضحاک کو میدانِ جنگ سے جانے کی اجازت

غرض جب اسے اجازت مل گئی تو اس نے خیمہ سے اپنی گھوڑی نکالی اور اس کی پیٹھ پر جا بیٹھا۔ کوڑا مارا گھوڑی نے اپنے سموں پو بوجھ دیا تھا کہ اس نے لوگوں کے انبوہ پر اسے ڈال دیا انہوں نے اسے راستہ دے دیا۔ ان میں سے پندرہ شخصوں نے اس کا تعاقب کیا۔ شط فرات پر ایک قریہ شفیہ نامی تھا وہاں تک جا پہنچا۔ یہ لوگ بھی اس کے قریب پہنچ گئے تھے اب اس نے مڑ کر ان کی طرف دیکھا تو کثیر شبعی ایوب خیوانی اور قیس صائدی نے اسے پہچان کر کہا کہ یہ تو ہمارا ابن عم ضحاک ہے۔ خدا کے واسطے اس پر ہاتھ نہ ڈالو۔ چنانچہ سب کا اتفاق ہو گیا اور اس کے تعاقب سے باز رہے اس طرح خدا نے اسے بچا لیا۔

یزید بن زیاد کا رجز اور اس کی شہادت

ابوشعثاء یزید بن زیاد حسینؑ کے سامنے آ کر دونوں زانو ٹیک لگا کر کھڑے ہو گئے اور سو تیر دشمنوں کے مارے اور ان میں سے صرف پانچ تیر خطا ہو گئے یہ تیر انداز تھے۔ جب تیر رہا کرتے تو کہتے میں بنی بہدلہ سے ہوں جو شہسوار لشکر ہیں۔ حسینؑ نے دعا کی۔ خدایا اس کے تیروں کو نشانہ پر درست لگا اور اسے بہشت نصیب کر۔ سب تیر چلا چکے تو اٹھ کھڑے ہوئے اور کہا پانچ کے علاوہ میرا کوئی تیر خطا نہیں گیا۔ مجھے یقین ہے کہ پانچ افراد کو میں نے قتل کیا انصار میں سے جو لوگ ابتداء میں شہید ہوئے یہ انہیں میں سے تھے۔ ان کے رجز کا مفہوم یہ تھا میں یزید ہوں، میرا دادا مضاصر ہے میں شیر بیشہ ہوں۔ خدایا میں حسینؑ کا ناصر ہوں۔ ابن سعد کا ساتھ میں نے

چھوڑ دیا اور اس سے دوری اختیار کی۔ پہلے یہ ابن سعد کے ساتھ اس کے لشکر میں تھے۔ جب انہوں نے دیکھا کہ حسینؑ نے جتنی شرطیں پیش کیں وہ سب رد کی گئیں تو انصار حسینؑ میں آ کر مل گئے اور مشغول جہاد رہ کر شہید ہو گئے۔

عمر بن خالد، سعد اور جابر بن حارث کی شہادت

آپ کے انصار میں عمرو بن خالد صیدادی ان کے غلام سعد اور جابر بن حارث سلمانی اور مجمع بن عبداللہ عائذی نے لڑائی شروع ہوتے ہی حملہ کر دیا تھا۔ تلواریں کھینچے ہوئے دشمنوں کے انبوہ میں در آئے جب لڑتے ہوئے دور نکل گئے تو بھاگے ہوئے پلٹ آئے لوگ انہیں گھیرنے لگے ان کے اصحاب اور ان کے درمیان حائل ہو گئے یہ دیکھ کر حضرت عباسؑ بن علیؑ نے حملہ کیا اور ان لوگوں کو نرغہ سے نکال لائے۔ یہ سب زخمی ہو چکے تھے۔ دشمنوں کو قریب آتے دیکھ کر پھر تلواریں سنت لیں اور ایک ہی جگہ لڑتے لڑتے شہید ہو گئے۔ یہ واقعہ بھی شروع جنگ میں ہوا۔ آپ کے انصار میں سے صرف سوید بن عمرو باقی رہ گئے تھے اور وہ آپ کے ساتھ تھے۔

جناب علی اکبر فرزند حسینؑ کی شہادت

اولاد ابوطالب میں سب سے پہلے علی اکبر فرزند حسینؑ شہید ہوئے۔ ان کی والدہ لیلی بنت مُرہ ثقفی تھیں۔ یہ دشمنوں پر حملہ آور ہوئے اور بار بار اس مضمون کا رجز پڑھنے لگے۔ میرا نام علی بن الحسینؑ ہے۔ برب کعبہ ہم لوگ رسول اللہؐ سے قریب تر ہیں۔ واللہ پسر ابن سمیہ کے حکم کو ہم نہیں مانیں گے۔ مرہ بن منقذ عبری نے ان کو دیکھ کر کہا۔ یہ جوان میرے قریب سے اسی طرح لڑتا ہوا اور یہی کلمہ کہتا ہوا گزرا کہ میں اس کے ماتم میں اس کے باپ کو نہ رلاؤں تو سارے عرب کی پھٹکار مجھ پر ہو۔ علی اکبر شمشیر زنی کرتے ہوئے اس کی طرف گزرے۔ مرہ نے سامنے آ کر انہیں برچھی ماری وہ گرے دشمنوں نے گھیر لیا اور تلواریں مار مار کر ٹکڑے ٹکڑے کر دیا۔

حمید بن مسلم کا بیان

حمید کہتا ہے میں نے اپنے کان سے حسینؑ کو یہ کہتے سنا۔ خدا ان لوگوں کو قتل کرے اے فرزند جنہوں نے تجھے قتل کیا۔ خدا اور رسول اللہؐ کی آبروریزی پر کس قدر ان کی جرات بڑھی ہوئی ہے بس تیرے بعد دنیا پر خاک۔ میں نے دیکھا کہ ایک بی بی دوڑ کر نکلیں یوں معلوم ہوتا تھا کہ آفتاب نے طلوع کیا ہے جو پکار رہی تھیں۔ اے بھیا اے میرے بھتیجے۔ میں نے لوگوں سے پوچھا تو معلوم ہوا کہ یہ زینبؑ بن فاطمہؑ بنت رسول اللہ ہیں۔ وہ آئیں اور علی اکبر کی لاش پر گر پڑیں۔ یہ دیکھ کر حسینؑ ان کا ہاتھ تھامے ہوئے ان کے خیمے میں لے گئے۔ نوجوان کو ساتھ لے کر لاش پر آئے اور حکم دیا کہ بھائی کی لاش اٹھاؤ لڑکے مقتل سے لاش اٹھا کر لے گئے جس خیمہ کے سامنے میدان کارزار تھا وہیں لاش کو لٹا دیا۔ مسلم بن عقیل کے فرزند عبداللہ کو عمرو صبیح صدائی نے تیر مارا۔ عبداللہ نے ماتھے

پر ہاتھ رکھ لیا۔تا کہ سر کو نیزے سے بچائیں۔تیر ہاتھ کو چیرتا ہوا ماتھے تک پہنچا اب یہ ہاتھ کو ذرا بھی جنبش نہیں دے سکے تھے۔پھر اس نے ہٹ کر دوسرا تیر ان کے دل پر مارا۔

عون و محمد کی شہادت

اب چاروں طرف سے دشمنوں کا ہجوم ہو گیا۔عبداللہ بن قطبہ طائی نے عون بن عبداللہ بن جعفر پر حملہ کر کے انہیں شہید کر دیا۔اور عامر نہشل نے عون کے بھائی محمد پر حملہ کیا اور انہیں شہید کر دیا۔

عبدالرحمٰن و جعفر فرزندانِ عقیل کی شہادت

عثمان بن خالد جھنی اور بشیر بن سوط ہمدانی نے عبدالرحمن بن عقیل پر مل کر حملہ کیا اور انہیں شہید کر دیا جبکہ عبداللہ بن عزوہ خشعمی نے جعفر بن عقیل کو تیر مار کر شہید کر دیا۔

قاسم بن حسینؑ کی شہادت

حمید بن مسلم نے ایک بچے کو دیکھا گویا وہ چاند کا ٹکڑا تھا۔جو ہاتھ میں تلوار لیے ہوئے معرکہ کی طرف بڑھا۔حمید کہتا ہے اس کے گلے میں کرتا تھا۔پائے جامہ پہنے ہوئے مجھے خوب یاد ہے کہ ان کی نعلین میں سے بائیں پاؤں کے جوتے کا تسمہ ٹوٹا ہوا تھا۔ان کو دیکھ کر مجھ سے عمرو بن سعد ازدی کہنے لگا۔اسے تو واللہ میں قتل کروں گا۔میں نے کہا سبحان اللہ اسکے قتل کرنے سے تجھے کیا ملے گا۔انصار حسینؑ میں سے وہ لوگ جن کو تم نے گھیر رکھا ہے بس ان کا قتل ہو جانا کافی ہے۔اس نے جواب دیا واللہ اسے تو میں قتل کروں گا۔یہ کہہ کر اس نے حملہ کیا اور ان کے سر پر تلوار مار کر پلٹا۔وہ بچہ منہ کے بل گر پڑا۔چچا چچا کہہ کر پکارا۔یہ سن کر حسینؑ اس طرح جھپٹ کر آئے جیسے شاہین آتا ہے اور غضبناک شیر کی طرح آپ نے حملہ کیا۔عمرو کو تلوار ماری۔اس نے تلوار کو ہاتھ پہ روکا۔اس کا ہاتھ کہنی سے جدا ہو گیا۔وہ چلایا اور وہاں سے ہٹ گیا۔اہلِ کوفہ کے سوار دوڑے کہ اسے بچا کر لے جائیں۔گھوڑے اس کی طرف پلٹے اور ان کے قدم اکھڑ گئے سواروں کو لیے ہوئے اس کو پائمال کرتے گزر گئے بالآخر وہ مر گیا۔

شہادت قاسم پر حسینؑ کا اضطراب

غبار فرو ہوا تو دیکھا کہ حسینؑ اس بچے کے سرہانے کھڑے ہوئے ہیں اور وہ ایڑیاں رگڑ رہا ہے اور آپ فرما رہے ہیں خدا سمجھے ان لوگوں کو جنہوں نے تجھے قتل کیا جن سے تیرے جد بزرگوار قیامت کے دن تیرے خون کا دعوٰی کریں گے۔واللہ چچا پر یہ شاق ہے کہ تو پکارے اور وہ جواب نہ دے سکے جواب دے بھی تو اس سے تجھے کوئی فائدہ نہ ہو واللہ تیرے چچا کے دشمن بہت اور مددگار بہت کم رہ گئے ہیں۔پھر آپ نے اس کو گود میں

اٹھالیا۔میں نے دیکھا کہ حسینؑ نے اسے سینے سے لگائے ہوئے تھے۔ان کے دونوں پاؤں زمین پر گھسٹتے جا رہے تھے۔میں اپنے دل میں کہہ رہا تھا کہ انہوں نے اسے گود میں کیوں اٹھالیا ہے۔دیکھا کہ ان کی لاش اپنے فرزند علی اکبر کے پہلو میں اور جو لوگ ان کے خاندان کے گرداگرد قتل ہوئے تھے ان کی لاشوں کے درمیان لٹادی میں نے لوگوں سے پوچھا یہ بچہ کون ہے معلوم ہوا کہ یہ قاسم بن حسنؑ ہے۔

حضرت حسینؑ پر ابن نسیر کندی کا حملہ

حسینؑ اس دن کافی وقت اس حالت میں رہے کہ جو شخص آپ کی طرف بڑھتا تھا۔آپ کے قریب پہنچ کر واپس چلا آتا اور آپ کو قتل کرنے اور اس گناہ عظیم کو سر لینے سے جھجکتا تھا۔اس اثنا میں مالک بن نسیر کندی نے آپ کے سر پر تلوار ماری کلاہ برنس آپ پہنے ہوئے تھے تلوار برنس کو کاٹتی ہوئی سر تک پہنچ گئی۔زخم کے خون سے ٹوپی لبریز ہوگئی آپ نے کہا تجھے اس ضرب کے نفع میں کھانا پینا نصیب نہ ہو۔خدا تیرا حشر ظالموں کے ساتھ کرے یہ کہہ کر آپ نے ٹوپی کو اتار دیا۔ایک اور ٹوپی منگوا کر پہنی اور اس پر عمامہ باندھ لیا۔اس وقت آپ خستہ اور زمیں گیر ہو گئے تھے کندی نے آ کر ٹوپی اٹھالی یہ ٹوپی خز کی تھی۔اس کے بعد جب یہ اپنی بیوی ام عبداللہ بن حر کے یہاں گیا اور ٹوپی کا خون دھونے بیٹھا تو اس عورت نے کہا ہائے تو اسہ رسولؐ کی ٹوپی لوٹ کر تو میرے گھر لے آیا ہے لے جا یہاں سے لوگ کہتے ہیں سخت محتاجی میں وہ مبتلا ہو کر مر گیا۔

عبداللہ بن حسینؑ کی شہادت

آپ بیٹھے ہوئے تھے کہ ایک بچہ آپ کے پاس کوئی لے آیا آپ نے اسے گود میں بٹھالیا۔یہ بچہ عبداللہ بن حسینؑ تھا۔بنو اسد میں سے ایک شخص نے تیر مارا اور بچہ زبح ہو گیا حسینؑ نے اس کے زخم کے نیچے چلو لگا دیا دونوں چلو خون سے پر ہو گئے تو زمین پر اس خون کو پھینک دیا اسکے بعد فرمایا بار خدایا ان ظالموں سے ہمارے خون کو انتقام لے اور ابن عقبہ غنوی نے ابوبکر بن حسنؑ کو تیر مار کر شہید کر دیا۔

عبداللہؑ جعفرؑ اور عثمانؑ فرزندانِ علیؑ کی شہادت

کہتے ہیں کہ جناب عباسؑ نے عبداللہ جعفر اور عثمان سے کہا۔میرے ماں جائے بھائیو تم مجھ سے پہلے ہی جاؤ تا کہ میں تمہارے غم برداشت کروں تمہاری تو کوئی اولاد نہیں وہ اس حکم کو بجالائے اور ان سے پہلے ہی شہید ہوئے۔عبداللہؑ کو ھانی حضرمی نے قتل کیا۔پھر اسی لعین نے جعفر پر حملہ کیا اور انہیں شہید کر کے ان کا سر لے آیا۔عثمان کو خولی بن یزید نے تیر مار کر اور بنی وارم کے ایک شخص نے اس پر حملہ کر کے انہیں شہید کر دیا۔پھر ایک مرد دارمی نے محمد بن علیؑ کو بھی تیر مار کر شہید کیا اور ان کا سر کاٹ لایا۔

ھانی حضرمی کا بیان

ھانی کہتا ہے بخدا میں نے ایک لڑکے کو دیکھا وہ خیمے کی ایک لکڑی ہاتھ میں لیے ہوئے نکل آیا وہ کرتا پانجامہ پہنے ہوئے کبھی دائیں طرف اور کبھی بائیں طرف دیکھتا تھا اس کے کانوں میں بندے تھے۔جب ادھر ادھر مڑتا تھا تو بندوں کے ہلنے کی تصویر میری آنکھوں میں اس وقت تک پھر رہی ہے۔ایک شخص گھوڑے کو ایڑ لگاتے ہوئے بڑھا اس بچہ کے پاس آ کر گھوڑے سے جھکا اور اسے تلوار سے ٹکڑے کر دیا۔اصل میں یہ حرکت خود ھانی حضرمی نے کی تھی۔وہ اپنا نام اس لیے چھپاتا تھا کہ لوگ ناراض ہونگے۔

حسینؑ پر پیاس کا غلبہ

پیاس کی شدت جب ہوئی تو حسینؑ پانی کی طرف گئے۔حصین بن تمیم نے آپ کو تیر مارا جو آپ کے دہن مبارک پر لگا آپ خون کو منہ سے لے کر آسمان کی طرف پھینکتے جاتے تھے اس کے بعد آپ خدا کا شکر بجالائے اور حمد وثنائے الٰہی کی پھر دونوں ہاتھوں کو ملا کر دعا کی۔خداوندان سے گن گن کر بدلہ لے انہیں چن چن کر قتل کر اور ان میں سے کسی کو روئے زمین پر نہ رہنے دے۔

آپ کی ابانی کے حق میں بددعا

ایک روایت ہے کہ آپ کے لشکر پر جب دشمنوں نے غلبہ حاصل کر لیا تو آپ گھوڑے پر سوار ہوئے اور فرات کا رخ کیا بنی ابان میں سے ایک شخص نے پکار کر کہا ارے دریا اور ان کے درمیان حائل ہو جاؤ کہیں ان کے شیعہ ان کی کمک کو نہ دوڑ آئیں۔آپ نے گھوڑے کو تازیانہ مارا تھا کہ لوگ پیچھے دوڑیں۔آپ کے اور فرات کے درمیان حائل ہو گئے آپ نے اس ابانی کے حق میں بددعا کی خدایا اسے تشنگی میں مبتلا کر ابانی نے آپ کے تیر مارا جو ٹھوڑی کے نیچے پیوست ہو گیا۔اس تیر کو کھینچ کر زخم کے نیچے دونوں چلو رکھ دیئے۔جب خون سے پر ہو گئے تو آپ نے کہا۔خداوندا تیرے پیغمبر کے نواسے کے ساتھ یہ سلوک کیا جاتا ہے میں اس کی فریاد تجھ سے کرتا ہوں۔بہت تھوڑا وقت گزرا کہ خدا نے ابانی کو پیاس میں مبتلا کر دیا۔کسی طرح اس کی تشنگی بجھتی ہی نہ تھی پانی ٹھنڈا کیا جاتا اس پر شکر ڈالی جاتی دودھ کے پیالے بھرے جاتے اور پانی کے مٹکے پر رہتے لیکن وہ یہی کہے جاتا۔ارے پانی پلاؤ۔پیاس مجھے مارے ڈالتی ہے۔ایک صراحی یا ایک بڑا پیالہ جس سے سارا گھر سیراب ہو جائے اسے دیا جاتا وہ ڈگڈگا کے سب پی جاتا۔برتن سے منہ ہٹا کر ذرا لیٹتا کہ پھر پکارتا ارے پانی پلاؤ۔پیاس مجھے مارے ڈالتی ہے۔قاسم بن اصبغ نے یہ تماشا دیکھا تھا وہ کہتا ہے کہ واللہ تھوڑے ہی دنوں میں اس کا پیٹ اس طرح تڑک گیا جیسے اونٹ کا پیٹ ہو۔

شمر کی حسینی خیام کی طرف پیش قدمی

شمر ذی الجوشن کوفیوں میں سے کوئی دس پیادوں کو ساتھ لیکر اس خیمہ کی طرف چلا جس میں حسینؑ کے اہل وعیال اور اسباب تھا۔ یہ لوگ بڑھ کر آپ کے اور اس خیمے کے درمیان حائل ہو گئے۔ آپ نے یہ دیکھ کر فرمایا وائے ہو تم پر اگر تم لوگوں کا کوئی دین نہیں ہے اور قیامت کا خوف تمہیں نہیں تب بھی امور دنیا میں تو شرفاء اور بھلے مانسوں کا طریقہ اختیار کرو۔ میرے گھر اور میرے اہل وعیال کو جاہلوں اور نالائقوں سے بچاؤ۔ شمر نے کہا اچھا اے فرزند فاطمہؑ یہی ہوگا۔

امام حسینؑ پر حملہ

اس کے بعد شمر پیادوں کو لیے ہوئے آپ کی طرف بڑھا آپ حملہ کرتے تو سب بھاگ جاتے اس کے بعد دشمنوں نے آپ کو گھیر لیا۔ یہ دیکھ کر ایک بچہ خیمہ سے نکلا اور آپ کے پاس آنے لگا۔ آپ کی بہن زینبؑ اس بچہ کے پیچھے دوڑیں کہ اسے روکیں۔ آپ نے پکار کر کہا۔ زینب اسے روکو۔ بچہ نہ مانا اور دوڑتا ہوا آپ کے پاس پہنچا اور پہلو میں آ کر کھڑا ہو گیا۔ سجر بن کعب نے آپ پر تلوار اٹھائی کہ وار کرے۔ بچے نے کہا او خبیث تو میرے چچا کو قتل کرتا ہے۔ اس نے آپ پر وار کیا بچے نے اس کی تلوار کو روکنے کے لیے اپنا ہاتھ آگے کر دیا۔ بچے کا ہاتھ قلم ہو کر لٹک گیا بس ایک قسم کا لگا رہ گیا بچہ اماں اماں کر کے چلایا تو حسینؑ نے اسے اپنے سینے سے لپٹا لیا اور کہا۔ اے میرے بھائی کے لختِ جگر اس مصیبت پر صبر کر اور اسے اپنے حق میں بہتر سمجھ۔ خدا تعالیٰ تجھے تیرے بزرگوں سے ملا دے گا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، علی بن ابی طالبؑ، حمزہؓ وجعفر اور حسنؑ بن علیؑ کے پاس پہنچا دے گا۔ حمید بن مسلم کہتا ہے۔ اس دن میں نے حسینؑ کو کہتے سنا۔ خدا تعالیٰ ان لوگوں کو آسمان کی بارش اور زمین کی برکتوں سے محروم کر دے اگر تو انہیں کچھ مہلت دے تو ان میں تفرقہ ڈال دے۔ ان کو گروہ گروہ کر کے متفرق کر دے۔ ان کے حاکموں کو ان سے کبھی راضی نہ ہونے دے۔ انہوں نے ہمیں نصرت کرنے کو بلایا تھا اور ہم پر حملہ کرنے کے لیے دوڑ پڑے ہمیں انہوں نے قتل کیا۔ پھر جو پیادے آپ پر ہجوم کئے ہوئے تھے آپ نے ان سے مقابلہ کیا تو وہ سب کے سب پسپا ہو گئے۔

بحرین کعب کا انجام

آپ کے انصار میں سے تین یا چار شخص باقی رہ گئے تو آپ نے ایک مضبوط پائجامہ اور برویمانی کا منگوایا پھر اسے چاک کر کے پھاڑا۔ آپ کو اندیشہ تھا کہ شہید کرنے کے بعد مجھے برہنہ نہ کر دیں۔ یہ دیکھ کر بعض اصحاب نے کہا اس کے نیچے جانگیہ ہو جائے تو اچھا ہے آپ نے فرمایا وہ انتہائی ذلیل لباس ہے مجھے نہیں پہننا چاہیئے۔ لیکن

آپ کی شہادت کے بعد بحر بن کعب نے اس پائجامہ کو اتار لیا۔ جب سے اس کے ہاتھ ایسے ہو گئے کہ جاڑوں میں ان سے پانی ٹپکتا تھا اور گرمیوں میں لکڑی کی طرح سوکھ جاتے تھے۔

حضرت حسینؑ کی شجاعت

عبداللہ بن عمار کہتا ہے کہ میں نے برچھی تان کر حسینؑ پر حملہ کیا ان کے قریب پہنچا واللہ میں برچھی مارنا چاہتا تھا کہ میں ان کے قریب سے ہٹ آیا اور دل میں کہا میں انہیں کیوں قتل کروں کوئی قتل کرے تو کرے۔ میں نے دیکھا ان کے دائیں بائیں جو پیادے نرغہ کئے ہوئے تھے انہوں نے آپ پر حملہ کیا۔ آپ نے دائیں طرف کے پیادوں کو منتشر کر دیا پھر بائیں طرف والوں پر حملہ کر کے انہیں منتشر کر دیا۔ آپ عمامہ باندھے ہوئے تھے اور خز کا گلے میں قمیض تھا واللہ کسی ایسے بیکس اور بے بس کو جس کے بیٹے اہل بیت وانصار قتل ہو گئے ہوں اس دل ان حواس اور اس جرات سے لڑتے ہوئے میں نے کبھی نہیں دیکھا۔ بخدا نہ ان سے پیشتر ان کا مثل دیکھنے میں آیا ورنہ ان کے بعد کہ ان کے دائیں بائیں لوگ اس طرح بھاگتے تھے جیسے بھیڑیئے کے حملہ سے بکریاں بھاگتی ہیں۔ اسی حالت میں ان کی بہنز ینب بنت فاطمہؑ خیمہ سے نکل آئیں وہ کہہ رہی تھیں ہائے آسمان زمین پر پھٹ کیوں نہیں پڑتا۔ ابن سعد اس وقت حسینؑ کے قریب آیا تو اس سے کہنے لگیں اے ابن سعد حسینؑ قتل ہو رہے ہیں اور تو دیکھ رہا ہے۔ میں نے دیکھا کہ ابن سعد کے آنسو نکل آئے جو داڑھی تک بہہ گئے۔ اور اس نے جناب زینب کی طرف سے منہ پھیر لیا۔ حمید کہتا ہے آپ خز کا جبہ پہنے عمامہ باندھے دسمہ کا خضاب لگائے ہوئے تھے۔ پیدل ہو کر اس طرح قتال کر رہے تھے جیسے کوئی بہادر شہسوار فاصلہ سے خود کو بچاتا جائے۔ کمین گاہوں سے اپنا موقعہ ڈھونڈتا جائے۔ سواروں پر حملہ کرتا جائے۔ قتل ہونے سے پہلے میں نے آپ کو یہ کہتے سنا میرے قتل کرنے پر کیا تم آمادہ ہو چکے ہو، سن لو۔ واللہ میرے بعد تم کسی ایسے شخص کو قتل نہیں کرو گے۔ بندگانِ خدا میں سے کہ جس کے قتل پر خدا میرے قتل سے ناراض ہو۔ مجھے تو بخدا یہ امید ہے۔ کہ حق تعالیٰ تمہیں ذلیل کر کے مجھ پر کرم کرے گا اور پھر میرا انتقام تم سے اس طرح لے گا کہ تم حیران ہو جاؤ گے۔ تم نے مجھے قتل کیا تو کیا مگر واللہ خدا تم لوگوں میں آپس میں کشت وخون ڈلوا دے گا۔ تمہارے خون کی ندیاں بہیں گی اور اس پر بھی بس نہیں کرے گا یہاں تک کہ دردناک عذاب تمہارے لیے چند در چند کر دے گا کافی دیر تک آپ اسی حالت میں رہے۔

آنحضرتؑ پر یورش

لوگ قتل کرنا چاہتے تو ممکن تھا لیکن وہ ایک دوسرے کے پیچھے چھپتے تھے اور ہر ایک چاہتا تھا کہ کوئی دوسرا آپ کو شہید کرے۔ بالآخر شمر نے پکار کر کہا وائے ہو تم پر اس شخص کے بارے میں تمہیں کس چیز کا انتظار ہے ارے تمہاری مائیں تمہیں روئیں اسے قتل کر دو۔ اب ہر طرف سے آپ پر حملہ ہوا۔ زرعہ بن شریک نے وار کیا

آپ کی بائیں ہتھیلی پر اس کی ضرب پڑی پھر سب ہٹ گئے۔آپ اٹھے اور پھر گر پڑتے تھے۔

شہادتِ حسین علیہ السلام

پھر اسی حالت میں سنان بن انس نخعی نے آپ کو برچھی ماری جس سے آپ گر پڑے تو اس نے خولی سے کہا کہ سر کاٹ لے خولی نے ارادہ کیا مگر اس سے یہ کام نہ ہوسکا اور وہ کانپنے لگا۔سنان نے کہا خدا تیرے بازوؤں کو توڑے۔اور تیرے ہاتھوں کو قطع کرے۔یہ کہہ کر وہ اتر کر آپ کی طرف بڑھا۔اس نے آپ کو ذبح کر دیا اور آپ کا سر کاٹ لیا۔اور خولی کو دیدیا۔ذبح ہونے سے پہلے بہت سی تلواریں بھی آپ پر پڑ چکی تھیں۔سر جدا کرنے سے پہلے سنان کی یہ حالت تھی۔جسے دیکھتا کہ حسینؑ کے قریب آرہا ہے اس پر حملہ کر دیتا اس خوف سے کہ مجھے ہٹا کر وہی سر نہ لے جائے۔

اہل بیت عصمت سے ناروا سلوک

آپ جو لباس پہنے ہوئے تھے وہ بھی لٹ گیا۔بحرین کعب نے پائجامہ لیا۔قیس بن اشعث نے چادر اتار لی جب سے اس کا نام قیس قطیفہ مشہور ہو گیا یعنی چادر والا۔اسود نے نعلین آپ کے اتار لیے۔بنی نہشل کا ایک تلوار نکال کر لے گیا اس کے بعد وہ حبیب بن بدیل کے خاندان میں آ گئی۔پھر یہ زعفرانی پوشاک اور اونٹوں کی طرف بڑھے اور یہ سب چیزیں لوٹ لے گئے۔پھر اہل حرم اور مال ومتاع کے لوٹنے کو گئے۔یہ حال تھا کہ ایک بی بی کے سر سے چادر کوئی اتارتا تھا اور دوسرا اس سے چھین لے جاتا تھا۔

معرکہ کربلا کے آخری شہید

آپ کے انصار میں سے سوید بن عمرو زخموں سے چور ہو کر کشتوں میں پڑے تھے۔انہوں نے لوگوں کو کہتے سنا کہ حسینؑ قتل ہو گئے۔ذرا چونک کر دیکھا کہ تلوار تو ان کی کوئی لے گیا ہے۔مگر ایک چھری ان کے پاس ہے۔چنانچہ اس چھری سے وہ کچھ دیر تک لڑتے رہے آخر کار عروہ بن بطار اور زید بن اتاو نے مل کر انہیں شہید کیا اور وہ سب سے آخری شہید ہیں۔

علی بن الحسینؑ زین العابدین علیہ السلام

حمید کہتا ہے میں علیؑ بن الحسینؑ بن علیؑ کے پاس پہنچا وہ فرش پر لیٹے ہوئے تھے اور وہ بیمار تھے۔شمر اپنے ساتھ پیادوں کو لیے ہوئے ادھر آیا وہ کہتے جاتے تھے کیا اسے قتل نہ کر دیں۔میں نے کہا سبحان اللہ ہمیں نہیں چاہیئے کہ بچوں کو قتل کریں۔یہ تو ابھی بچوں میں داخل ہے۔پھر جس کو میں ان کی طرف آتا دیکھتا تھا اسے ٹال دیتا

۔آخر ابنِ سعد آیا۔فوج کو ہدایت کی اور کہا۔دیکھو عورتوں کے خیموں میں ہرگز کوئی نہ جائے اور نہ اس بیمار لڑکے سے کوئی تعرض کرے۔جس نے ان کا کوئی مال واسباب لوٹا ہو وہ واپس کر دے لیکن کسی نے کوئی چیز واپس نہیں کی۔علیؑ بن الحسینؑ نے مجھ سے کہا اے شخص تجھے جزائے خیر ملے تیرے کہنے سے واللہ ہم سے آفت ٹل گئی۔

سنان بن انس

لوگوں نے سنان سے کہا علی کے فرزند رسولؐ کے نواسے عرب میں سب سے بڑے مرتبہ والے شخص کو تو نے قتل کیا ہے جو اس ارادے سے آیا تھا کہ ان کی سلطنت کو زائل کر دے۔امراء کے پاس جا اور ان سے صلہِ مانگ اگر وہ قتل حسینؑ کے صلہ میں اپنے خزانے بھی تجھے عطا کر دیں تو بھی کم ہے۔سنان یہ سن کر گھوڑے پر سوار ہوا وہ بڑا بہادر اور شاعر تھا اسے کچھ شک بھی تھا وہ ابن سعد کے سراپردہ کی طرف آیا۔دروازہ پر کھڑا ہوا اور پکار پکار کر یہ شعر پڑھے (مضمون) میرے اونٹوں کو چاندی سونے سے لدوا دے میں نے بلند مرتبہ بادشاہ کو قتل کیا ہے جو شخص ماں باپ کی طرف سے بہتر خلق ہے اور نسب میں سب سے بہتر ہے میں نے اسے قتل کیا۔ابنِ سعد نے کہا۔میں اس بات کا گواہ ہوں کہ تو دیوانہ ہے۔کبھی تو ہوش میں آیا ہی نہیں اسے میرے پاس لے آؤ۔جب اسے ابنِ سعد کے پاس لے کر گئے تو اس نے ایک چھڑی اسے ماری اور کہا۔او دیوانے یہ کلمہ تو زبان سے نکالتا ہے۔واللہ اگر ابنِ زیاد سنتا تو تیری گردن اڑا دیتا۔

حضرت حسینؑ کے جسم کی پامالی

اس کے بعد ابن سعد نے اپنے ساتھ والوں میں منادی کرادی۔کون کون لوگ اپنے گھوڑوں سے حسینؑ کو پائمال کریں گے۔یہ سن کر دس آدمی نکلے ان میں اسحٰق حضرمی بھی تھا جس نے آپ کا قمیض اتار لیا تھا اور آخر کار مبروس ہو گیا تھا۔یہ دس سوار آئے اور اپنے گھوڑوں سے حسینؑ کو پائمال کیا اس طرح کہ ان کے سینہ اور پشت کو چور چور کر دیا۔

شہداء کربلا کا دفن

حسینؑ کے ساتھیوں میں بہتر افراد شہید ہوئے۔ان کی شہادت کے دن بعد مقام غاضریہ میں جو بنی اسد کے لوگ رہتے تھے انہوں نے مل کر ان حضرات کو دفن کیا۔ابن سعد نے اپنے اصحاب کی لاشوں پر نماز پڑھی اور انہیں دفن کیا۔

سر حسینؑ کی روانگی کوفہ

حسینؑ کے شہید ہوتے ہی ان کے سر کو اسی دن خولی کے ہاتھ حمید بن مسلم کو ساتھ کر کے ابن زیاد کے پاس

روانہ کر دیا تھا۔خولی سر کو لیے ہوئے ابن زیاد کے قصر کی طرف آیا۔قصر کا دروازہ بند ہو چکا تھا۔یہ اپنے گھر چلا آیا۔سر کو ایک لگن کے نیچے ڈھانک کر رکھ دیا۔اس کی دو بیویاں تھیں۔ایک بنی اسد میں سے اور ایک حضرمی تھی اس کا نام نوار تھا۔یہ رات اس کے ساتھ رہنے کی تھی۔جب وہ فرش خواب پر آیا۔تو نوار نے پوچھا کیا خبر ہے۔تو کیا لے کر آیا ہے۔اس نے کہا تمام دنیا کی دولت تیرے پاس لے کر آیا ہوں۔تیرے خیمے میں حسینؑ کا سر لے کر آیا ہوں۔نوار نے کہا تف ہے تجھ پر لوگ سونا اور چاندی لے کر آتے ہیں اور تو فرزند رسولؐ کا سر لیکر آیا ہے واللہ میں اور تو اب ایک خیمہ میں کبھی نہیں رہیں گے نوار یہ کہہ کر بستر سے اٹھی اور سیدھی اس جگہ گئی جہاں آپ کا سر رکھا ہوا تھا۔اب اس نے یعنی اسدی عورت کو بلا لیا اور نوار بیٹھی ہوئی سر کو دیکھے جا رہی تھی۔وہ کہتی ہے واللہ آسمان سے ایک نور کا عمود اس لگن تک تھا، میں برابر دیکھتی رہی اور سفید پرندے اس کے گرد اگرد اڑ رہے تھے صبح ہوئی تو وہ سر کو ابنِ زیاد کے پاس لے گیا۔

اہلِ بیت کی روانگی کوفہ

ابن سعد نے اس دن وہیں قیام کیا۔دوسرے دن صبح کو بکیر کے بیٹے حمید کو حکم دیا کہ لوگوں میں کوفہ کی طرف جانے کی منادی کر دے وہ اپنے ساتھ آنحضرتؐ کی بیٹیوں، بہنوں اور بچوں کو سوار کر کے لے چلا علیؑ بن الحسینؑ بیمار تھے وہ بیبیاں جب آنحضرتؐ اور آپ کے عزیزوں اور فرزندوں کی لاشوں کے قریب سے گزریں تو آہ و نالہ کرنے اور منہ پیٹنے لگیں۔قرہ بن قیس تمیمی کہتا ہے میں گھوڑا بڑھا کر قریب گیا ان عورتوں کو میں نے دیکھا، میں نے ایسی خواتین کبھی نہیں دیکھی تھیں زینب بنت فاطمہؑ کا یہ کہنا میں کبھی نہ بھولوں گا جس وقت وہ اپنے بھائی کی لاش پر پہنچی تو کہتی تھیں ''وامحمداہ وامحمداہ ملائیکہ آسمان نے آپ پر نماز پڑھی اور حسینؑ خاک وخون میں ڈوبے ہوئے میدان میں پڑے ہیں جبکہ ان کے تمام اعضاء ٹکڑے ٹکڑے ہیں۔وامحمداہ آپ کی بیٹیاں قیدی بنالی گئیں۔آپ کی ذریت کو قتل کر دیا گیا ہے ہوا جدا کئے گئے۔شمر قیس بن اشعث اور عمرو بن حجاج کے ساتھ بہتر سر روانہ کئے۔ان لوگوں نے وہ سر ابنِ زیاد کے پاس پہنچا دیئے۔

سر حسینؑ سے ابنِ زیاد کی گستاخی

حمید بن مسلم کہتا ہے ابنِ سعد نے مجھے بلا کر اپنے اہل وعیال کے پاس بھیجا تا کہ ان کو خوشخبری سناؤں کہ اللہ نے اسے فتح دی اور عافیت سے گزری۔میں جا کر انہیں اطلاع کر آیا۔واپس آیا تو دیکھا کہ ابنِ زیاد لوگوں کو ملنے کے لیے دربار میں بیٹھا ہے اور تہنیت ومبارک باد دینے کے لیے لوگ آ رہے ہیں۔اور اس کے پاس ایک وزیر آیا ہوا ہے اس نے اس وفد کو اور دوسرے لوگوں کو اجازت دی اندر جانے والوں کے ساتھ میں بھی چلا گیا۔کیا دیکھتا ہوں کہ حسینؑ کا سر اس کے سامنے رکھا ہے ان کے دانتوں کو ایک ساعت تک وہ چھڑی سے کھٹکھٹاتا رہا زید

بن ارقم نے جب دیکھا کہ وہ (لعین) چھڑی سے کھٹکھٹانا موقوف نہیں کرتا تو کہا کہ اس چھڑی کو ان دانتوں سے ہٹالے۔اس وحدہ لاشریک کی قسم میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ اپنے ہونٹ ان ہونٹوں پر رکھ کر ان کے بوسے لیتے تھے۔یہ کہا اور وہ پیر مرد پھوٹ پھوٹ کر رونے لگے۔ابنِ زیاد نے کہا خدا تجھے رلائے۔اگر تو پیر فرتوت (بہت بڈھا) نہ ہوتا جس کی عقل جاتی رہی ہے تو واللہ میں تیری گردن اڑا دیتا۔زید یہ سن کر وہاں سے اٹھے اور چلے گئے۔ان کے چلے جانے کے بعد لوگوں میں چرچا تھا کہ بخدا زید بن ارقم نے ایک ایسی بات کہی ہے کہ ابنِ زیاد سن پاتا تو انہیں قتل کر دیتا۔حمید نے پوچھا انہوں نے کیا بات کہی ہے لوگوں نے بتایا وہ ادھر سے یہ کہتے ہوئے گزرے ملک عبد عبدًا افاتخذ ہم تلًا غلام نے دوسرے غلام کو حاکم بنایا۔اس نے تمام بندگانِ خدا کو اپنا خانہ زاد بنالیا۔آج سے اے قوم عرب تم سب غلام ہو گئے ہو۔تم نے فرزند فاطمہؑ کو قتل کیا اور پسر مرجانہ کو اپنا حاکم بنالیا۔وہ نیک لوگوں کو تم میں سے چن چن کر قتل کر رہا ہے۔شریر لوگوں کو غلام بنا رہا ہے تم نے ذلت کو گوارا کر لیا اور جس نے ذلت کو گوارا کیا اس پر خدا کی مار پڑے۔

حضرت زینبؑ بنت فاطمہؑ

حسینؑ کے سر کے ساتھ ان کے اہل وعیال اور ان کی بہنیں ابنِ زیاد کے پاس لائی گئیں۔زینب بنت فاطمہؑ نے انتہائی پرانا قسم کا لباس پہن رکھا تھا اور اپنی ہیئت تبدیل کر رکھی تھی۔کنیزیں آپ کو گھیرے ہوئے تھیں جب دربار میں آئیں تو بیٹھ گئیں۔ابن زیاد نے کہا یہ بیٹھی ہوئی عورت کون ہے۔آپ نے کچھ جواب نہ دیا۔اس نے تین مرتبہ پوچھا اور آپ نے ہر دفعہ خاموشی اختیار کی۔اب کہ آپ کی کسی کنیز نے کہا یہ زینبؑ بنت فاطمہؑ ہیں۔ابن زیاد نے کہا شکر ہے اس خدا کا جس نے تم لوگوں کو رسوا کیا اور تمہاری کہانیوں کو جھوٹا کیا۔آپ نے جواب دیا۔شکر ہے اس خدا کا جس نے محمدؐ کی وجہ سے ہمیں عزت بخشی ہمیں طیب وطاہر قرار دیا جو پاک رکھنے کا حق ہے وہ بات نہیں جو تو کہتا ہے رسوا اور جھوٹا تو وہ ہوتا ہے جو فاسق وفاجر ہو۔ابن زیاد نے کہا تم نے دیکھ لیا کہ خدا نے تمہارے خاندان والوں کے ساتھ کیا سلوک کیا۔آپ نے فرمایا ان کے مقدر میں شہید ہونا تھا وہ اپنی قتل گاہ کی طرف چلے آئے۔اب تو بھی اور وہ لوگ بھی خدا کے سامنے جائیں گے وہیں تم لوگ اپنے اپنے تنازع اور جھگڑے پیش کرو گے۔ابن زیاد غضبناک اور برافروختہ ہو گیا۔

حضرت زینبؑ اور ابنِ زیاد

عمرو بن حریث نے کہا۔خدا امیر کا بھلا کرے یہ ایک خاتون ہیں،تو کیا خاتون کی کسی بات کا مؤاخذہ ہو سکتا ہے۔کسی بات کا یا سخت کلامی کا عورت سے مواخذہ نہیں کیا جاتا۔پھر آپ سے مخاطب ہو کر ابن زیاد نے کہا تمہارے خاندان کے سرکشوں اور نافرمانوں کی طرف سے خدا نے میرے دل کو ٹھنڈا کیا ہے۔یہ سن کر آپ رونے

لگیں اور فرمایا بخدا ہمارے مردوں کو تو نے قتل کر دیا۔ میرے خاندان کو تو نے تباہ کر دیا۔ شاخوں کو تو نے کاٹ دیا اور جڑ کو اکھاڑ پھینکا۔ اگر اس سے تیرا دل ٹھنڈا ہو سکتا ہے تو بیشک ٹھنڈا کر لیا۔ وہ کہنے لگا یہ بڑی دلیر اور بیباک عورت ہے۔ تمہارے باپ بھی تو شاعر اور دلیر تھے۔ آپ نے فرمایا عورت کو دلیری سے کیا واسطہ۔ میں کیا دلیری کروں گی۔ یہ تو خون دل تھا جو میں نے کہہ دیا۔

امام زین العابدینؑ کے قتل کا حکم

حمید کہتا ہے علی ع بن الحسینؑ کو جب ابن زیاد کے دربار میں لائے تو میں اس کے پاس ہی کھڑا تھا اس نے پوچھا تمہارا کیا نام ہے فرمایا علیؑ بن الحسینؑ ہوں۔ کہنے لگا علی بن الحسینؑ کو کیا خدا نے قتل نہیں کیا۔ آپ خاموش ہو گئے۔ کہنے لگا جواب کیوں نہیں دیتے۔ آپ نے فرمایا میرا ایک بھائی علی بن الحسین تھا۔ اسے لوگوں نے قتل کیا ہے۔ اس نے کہا نہیں خدا نے قتل کیا ہے۔ آپ پھر خاموش ہو گئے۔ اس نے کہا جواب کیوں نہیں دیتے تو آپ نے یہ آیت پڑھی۔ (ترجمہ) جن کی موت کا وقت آتا ہے خدا ہی ان کو موت دیتا ہے اور حکم اللہ کے بغیر کوئی شخص نہیں مر سکتا۔ ابنِ زیاد نے کہا واللہ تم بھی انہی لوگوں میں سے ہو ذرا دیکھنا یہ بالغ ہیں واللہ میں تو سمجھتا ہوں کہ یہ مردوں میں داخل ہو چکے ہیں۔ مری بن معاذ نے انہیں دیکھ کر کہا کہ ہاں یہ بالغ ہیں۔ ابن زیاد نے حکم دیا کہ انہیں قتل کر دو۔

حضرت زینب علیہا السلام کی بے تابی

اس پر علیؑ بن الحسینؑ نے پوچھا ان عورتوں کی حفاظت کے لیے تم کس کو مقرر کرو گے۔ ان کی پھوپھی جناب زینب ان سے لپٹ گئیں اور کہنے لگیں۔ اے ابنِ زیاد ہم لوگوں پر جو مصیبت گزر گئی اسی پر بس کرو کیا ہم لوگوں کا خون بہانے سے ابھی تجھے سیرابی نہیں ہوئی۔ کیا ہم میں سے کسی کو تو نے باقی رکھا ہے۔ یہ کہہ کر بھتیجے کے گلے میں باہیں ڈال دیں اور فرمایا ''اے ابن زیاد میں تجھے خدا کا واسطہ دیتی ہوں اگر تو مسلمان ہے تو اس کے ساتھ مجھے بھی قتل کر دے۔ ابن زیاد دیر تک اس بی بی کی طرف دیکھتا رہا۔ پھر لوگوں کی طرف متوجہ ہو کر کہنے لگا رحم و قرابت پر تعجب ہوتا ہے واللہ میں سمجھتا ہوں کہ ان کو یہ آرزو ہے کہ اس لڑکے کو میں قتل کروں تو اس کے ساتھ ان کو بھی قتل کر دوں اچھا اس لڑکے کو چھوڑ دو۔ جاؤ اپنے گھر کی عورتوں کے ساتھ تمہیں رہو۔

مسجد کوفہ میں فتح کا اعلان

ابن زیاد جب قصر میں داخل ہوا اور سب لوگ بھی اکٹھے ہوئے تو الصلوۃ جامعہ کی ندا ہوئی یعنی نماز کے بعد دربار عام ہوگا۔ غرض بڑی مسجد میں لوگ جمع ہو گئے ابنِ زیاد منبر پر گیا اور کہا کہ شکر ہے خدا کا جس نے حق اور اہل حق کو قوی کیا اور امیر المومنین یزید بن معاویہ اور ان کے گروہ کی نصرت کی اور ''کذات بن کذاب'' حسین

بن علی اوران کے گروہ کے لوگوں کو قتل کیا۔

عبداللہ بن عفیف ازدی

ابنِ زیاد ابھی اس گفتگو سے فارغ ہونے نہ پایا تھا کہ عبداللہ بن عفیف اٹھ کر دوڑے۔ یہ بزرگ حضرت علیؑ کے شیعہ تھے۔ بائیں آنکھ ان کی جنگ جمل میں جاتی رہی تھی۔ جب کہ یہ حضرت علیؑ کے ساتھ جہاد میں شریک تھے۔ جب صفین میں ایک ضرب ان کے سر پر پڑی تھی اور ایک بھنوؤں پر اس کے صدمہ سے دوسری آنکھ بھی جاتی رہی تھی جب سے یہ بڑی مسجد سے نہ نکلتے تھے۔ رات تک وہیں پڑھتے رہتے تھے اس کے بعد واپس آتے تھے۔

ابنِ عفیف ازدی کی شہادت

ابن زیاد کا یہ جملہ سن کر انہوں نے کہا اور پسر مرجانہ کذاب بن کذاب (جھوٹا اور جھوٹے کے بیٹے) تو ہے تیرا باپ ہے اور جس نے تجھے حاکم بنایا اور اس کا باپ ہے او پسرِ مرجانہ پیغمبروں کی اولاد کو قتل کرتے ہو اور راست بازوں کا سا قول منہ سے کہتے ہو۔ ابن زیاد نے کہا لاؤ تو اسے میرے پاس سپاہیوں نے ان پر حملہ کر کے انہیں گرفتار کر لیا۔ عبداللہ نے یا مبروز کہہ کر ندا کی ازدیوں کا شعار تھا۔ کوفہ میں اس وقت سات سو ازدی جنگجو موجود تھے ان میں سے چند اشخاص عبداللہ بن عفیف کی طرف دوڑے ان کو چھڑا لیا اور انہیں ان کے گھر پہنچا آئے۔ اس کے بعد ابن زیاد نے کچھ لوگ بھیج کر انہیں بلوا کر قتل کر دیا اور حکم دیا کہ شورزمین پر ان کی لاش دار پر چڑھا دی جائے۔ اور ایسا ہی ہوا۔

سر حسینؑ کی کوفہ میں تشہیر

پھر ابنِ زیاد نے سر حسینؑ کوفہ میں نصب کرایا اور تمام شہر میں اس کی تشہیر بھی کی گئی اس کے بعد زحر بن قیس کے ساتھ امام حسینؑ اور ان کے اصحاب کے سر یزید بن معاویہ کے پاس روانہ کر دیئے گئے۔

اہل بیت کی روانگی شام

ابنِ زیاد نے مستورات اور اطفال حسینؑ کے لیے بھی حکم دیا اور ان کی روانگی کا بھی سامان کیا گیا۔ علیؑ بن الحسینؑ کے لیے حکم دیا کہ پاؤں سے گلے تک زنجیر میں جکڑ دیئے جائیں۔ محضر بن ثعلبہ اور شمر کو ساتھ کر کے ان کو روانہ کیا یہ دونوں ان کو لئے ہوئے یزید کے پاس پہنچے راستہ بھر میں علیؑ بن الحسینؑ نے ان دونوں سے کبھی کوئی بات نہیں کی۔

شہادت حسینؑ پر یحییٰ بن حکم کے اشعار

یزید کے سامنے جب حسینؑ اور ان کے اہل بیت وانصار کے سر رکھے گئے تو مروان کا بھائی یحییٰ بن حکم اس وقت یزید کے پاس موجود تھا اس نے یہ شعر پڑھے۔(ترجمہ) ایک لشکر کا لشکر ابن زیاد کے قرابت داروں کا جو کہ خاندان کا کمینہ ہے۔صحرائے طف کے قریب موجود ہے۔سمیہ کی نسل تو تعداد میں سنگریزوں کے برابر ہوگئی اور دخترِ رسولؐ کی نسل باقی نہ رہی۔یزید نے یہ سنا تو یحییٰ کے سینے پر ہاتھ مار کر کہا خاموش رہو۔

اہلِ بیت کی دربارِ یزید میں طلبی

یزید نے دربار لگایا اور بزرگانِ شام کو بلا کر اپنے گرداگرد بٹھایا پھر علی بن الحسینؑ اور اطفال ومستورات حسینؑ کو بلا بھیجا۔یزید کے دربار میں ان کا داخلہ ہوا اور سب لوگ بیٹھے دیکھ رہے تھے۔علیؑ بن الحسین سے یزید کہنے لگا تمہارے باپ نے مجھ سے قرابت کو قطع کیا اور میرے حق کو نہ پہچانا اور میری سلطنت کو مجھ سے چھیننا چاہا تو دیکھو خدا نے ان سے کیا سلوک کیا۔علیؑ بن الحسینؑ نے کہا(ترجمہ) روئے زمین پر تم لوگوں اور تمہارے لوگوں پر کوئی مصیبت نازل نہیں ہوئی مگر وہ اس نوشتہ میں ہے جو پیدائش عالم سے پیشتر لکھا جا چکا ہے۔

فاطمہ بنتِ علیؑ

فاطمہ بنت علیؑ بیان کرتی ہیں۔جب ہم لوگ یزید کے سامنے لے جا کر بٹھائے گئے۔اس وقت ایک سرخ آدمی اہلِ شام میں سے یزید کے سامنے آ کر کھڑا ہو گیا اور کہنے لگا اے امیر المومنین یہ عورت (یعنی میں) مجھے دیدیجیے۔میں اس زمانہ میں کم سن تھی میرے تن بدن میں تھرتھری پڑ گئی اور میں ڈر گئی۔مجھے یہ خیال ہوا کہ شاید یہ بات ان کے مذہب میں جائز ہوگی۔میں نے اپنی بڑی بہن زینبؑ کا آنچل پکڑ لیا وہ مجھ سے زیادہ عقل رکھتی تھیں اور جانتی تھیں کی ایسا نہیں ہوسکتا وہ بول اٹھیں۔جھک مارا تو نے او بے ہودے بدکار نہ تیری یہ مجال ہے اور نہ یزید کی۔یزید کو غصہ آ گیا کہنے لگا واللہ تم نے غلط کہا مجھے یہ اختیار ہے۔میں کرنا چاہوں تو کر سکتا ہوں۔انہوں نے کہا واللہ ایسا نہیں ہوسکتا۔خدا نے تجھے یہ اختیار نہیں دیا مگر یہ کہ تو ہمارے مذہب سے نکل جائے اور ہمارے دین کو چھوڑ کر دوسرا دین اختیار کرے۔یزید غضب ناک ہو گیا ہو اور برھم ہو کر کہنے لگا تو مجھ سے یہ گفتگو کرتی ہے۔دین سے تو تیرا باپ اور بھائی نکل گئے آپ نے فرمایا خدا میرے باپ میرے بھائی اور میرے جد کے دین سے تو نے تیرے باپ اور دادا نے ہدایت حاصل کی۔یزید نے کہا او دشمنِ خدا تو جھوٹ کہہ رہی ہے۔فرمایا تو حاکم ہے ناحق سخت کلامی کرتا ہے اور اپنی حکومت کی طاقت سے دباتا ہے۔واللہ اب تو یزید کو بھی شرم آ گئی اور وہ چپ ہو گیا۔شامی نے پھر وہی کلمہ کہا تو یزید نے کہا دور ہو خدا تجھے موت دیکر فیصلہ کر دے۔

زندان خانہ میں رقعہ

ایک روایت ہے کہ جب اصرا کربلا ابن زیاد کے پاس پہنچے اور ابھی قید تھے کہ زندان میں ایک رقعہ پتھر میں لپٹا ہوا آ کر گرا اس میں لکھا تھا تم لوگوں کے بارے میں یزید سے حکم لینے کے لیے یہاں سے فلاں تاریخ کو ایک قاصد روانہ ہوا ہے اتنے دنوں میں آئے گا۔ فلاں تاریخ تک یہاں پہنچے گا اگر تم لوگ نے اللہُ اکبر کی آواز سنی تو یقین کر لینا کہ تمہارے قتل کا حکم آیا ہے اور اگر تکبیر کی آواز نہ سنو تو سمجھنا کہ انشااللہ تعالیٰ امان ہے۔ ابھی قاصد کے پہنچنے میں دو تین دن باقی تھے کہ قید خانہ میں ایک پتھر آ کر گرا اس میں ایک رقعہ اور ایک استرہ لپٹا ہوا تھا۔ رقعہ میں تھا کہ تم لوگوں کو جو وصیت یا عہد کرنا ہو کر لو۔ فلاں تاریخ تک قاصد آئے گا۔ قاصد آیا لیکن تکبیر کی آواز بلند نہ ہوئی وہ حکم لے کر آیا تھا کہ قیدیوں کو میرے پاس بھیج دو۔ لہذا ابن زیاد نے سروں اور قیدیوں کو یزید کے پاس بھیج دیا۔

یزید کی لافزنی

حسینؑ کا سر دیکھ کر یزید نے کہ جانتے ہو ان کا یہ انجام کیوں ہوا۔ یہ کہتے تھے کہ ان کے باپ میرے باپ سے بہتر تھے، ان کی ماں فاطمہ میری ماں سے بہتر تھیں ان کے جد رسولُ اللہؐ میرے جد سے بہتر تھے تو اس کا جواب یہ ہے کہ میرے باپ نے ان کے باپ سے محاکمہ کیا۔ اور لوگ جانتے ہیں کہ کس کے حق میں حکم ہوا۔ اپنی ماں کو جو میری ماں سے بہتر کہتے تھے تو اس میں شک نہیں، کہ فاطمہ دخترِ رسولؐ اللہ میری ماں سے بہتر ہیں اور ان کا یہ کہنا یہ ان کے جد میرے جد سے بہتر تھے تو اس میں بھی کوئی شک نہیں کیونکہ جو شخص خدا اور روز جزا پر ایمان رکھتا ہے اس کی نظر میں رسول اللہؐ کا مثل و نظیر نہیں ہو سکتا لیکن ان پر یہ بلا و مصیبت ان کی سمجھ کی طرف سے آئی اور انہوں نے یہ آیت نہیں پڑھی۔ (ترجمہ آیت) کہو (اے پیغمبر) ''اے مالک خدا تو جسے چاہتا ہے ملک دیتا ہے اور تو جس سے چاہتا ہے ملک لے لیتا ہے، تو جسے چاہتا ہے عزت دیتا ہے اور تو جسے چاہے ذلت دیتا ہے۔ تیرے ہی دستِ قدرت میں نیکی ہے اور تو ہر شے پر قدرت رکھتا ہے۔''

ایک اور روایت

ایک روایت ہے کہ اہل کوفہ سر حسینؑ لیکر جب مسجد دمشق میں داخل ہوئے تو مروان بن حکم نے ان سے پوچھا تم نے کیا کیا انہوں نے کہا کہ ان میں سے اٹھارہ شخص ہم لوگوں میں وارد ہوئے تھے۔ ہم نے سب کو قتل کر دیا۔ یہ ان کے سر اور قیدی ہیں۔ یہ سنتے ہی مروان تو وہاں سے دوڑتا ہوا چلا گیا لیکن اس کا بھائی یحییٰ ان کے پاس آ کر پوچھنے لگا۔ کہ تم نے کیا کیا۔ انہوں نے جو کچھ مروان سے کہا تھا وہی یحییٰ سے کہہ دیا۔ یحییٰ نے کہا تم لوگ قیامت کے دن محمدؐ کی شفاعت سے محروم ہو چکے ہو۔ میں تو اب کسی امر میں کبھی بھی تمہارا ساتھ نہیں دوں گا۔ یہ کہہ کر وہ وہاں سے چلا گیا۔

یزید اور ابو برزہ اسلمی

اس کے بعد یزید نے لوگوں کو دربار میں آنے کا اذن دیا آئے تو دیکھا کہ آپ کا سر یزید کے سامنے رکھا ہوا ہے۔ یزید کے ہاتھ میں چھڑی ہے وہ آپ کے دانتوں کو چھڑی سے چھیڑ رہا ہے اور یہ کہہ رہا ہے کہ ان کی اور میری مثال وہ ہے جو حصین بن حمام مری نے کہی ہے۔ یغلقن ھا ما من رجال احبته والینا دھم کانو الحق واظلما۔

ہماری تلواریں اپنے ہی پیاروں کے سر اُڑا دیتی ہیں وہ بھی تو بڑے نافرمان اور بڑے ظالم تھے۔ صحابی رسولؐ ابو برزہ اسلمی نے یہ دیکھ کر کہا۔ اے یزید تیری چھڑی اور حسینؑ کے دانت! ارے چھڑی کس مقام پر ہے میں نے اسی جگہ کو دیکھا کہ رسول اللہ ﷺ چومتے تھے۔ سن لے قیامت کے دن تیرا حشر ابن زیاد کے ساتھ اور حسینؑ کا حشر محمدؐ کے ساتھ ہوتا یہ کہہ کر وہ دربار سے اٹھ کھڑے ہوئے۔

شہادت حسینؑ کی اطلاع مدینہ میں

ابن زیاد نے جب حسینؑ کو قتل کیا اور ان کا سر اس کے پاس آچکا، تو عبدالملک سلمی کو بلا کر کہا تو خود مدینہ جا کر عمر دین سعید کو قتل حسینؑ کی خوشخبری سنا۔ عمرو اس زمانہ میں مدینہ کا گورنر تھا۔ عبدالملک نے اس حکم کو ٹالنا چاہا۔ ابن زیاد تو ناک پر مکھی نہیں بیٹھنے دیتا تھا۔ اسے جھڑک دیا اور کہا ابھی جاؤ اور مدینہ تک خود کو پہنچاؤ اور دیکھ تجھ سے پیشتر یہ خبر مدینہ نہ پہنچنے پائے کچھ دینار بھی اس کو دیئے اور تاکید کی کہ سستی نہ کرنا۔ تیرا ناقہ اگر راستے میں رہ جائے تو دوسرا ناقہ خرید لینا۔ عبدالملک مدینہ میں پہنچا تو قریش میں سے ایک شخص اس کو پوچھنے لگا کیا خبر ہے اس نے جواب دیا خبر امیر سے کہنے کی ہے۔ یہ سن کر قریشی نے کہا قتل الحسین مارے گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ عبدالملک عمرو بن سعید کے پاس گیا۔ وہ دیکھتے ہی کہنے لگا وہاں کی کیا خبر لایا ہے۔ اس نے کہا آپ کے خوش ہونے کی خبر ہے حسینؑ ابن علیؑ مارے گئے۔ اس نے کہا اس کی منادی کرو۔ عبدالملک کہتا ہے۔ میں نے قتل حسینؑ کی منادی کی تو اس کو سنکر بنی ہاشم کی مستورات نے اپنے اپنے گھروں سے ایسا نوحہ اور ماتم شہادت حسینؑ پر کیا کہ میں نے کبھی نہیں سنا تھا۔ اس پر عمرو بن سعید (لعین) نے ہنس کر یہ شعر عمرو بن سعدی کا پڑھا (ترجمہ شعر) جس طرح ہماری عورتیں روئی پیٹی تھی۔ جنگ ارنب میں اس طرح عبدالمدان والے بنی زیاد کی عورتیں بھی روئی پیٹیں۔ عمرو بن سعید نے کہا عثمان بن عفان کے قتل پر جو فریاد وزاری ہوئی تھی یہ نوحہ و ماتم اسی کے بدلے میں ہے اس کے بعد منبر پر گیا اور قتل حسینؑ کی خبر بیان کی۔

حضرت عبداللہ بن جعفر

عبداللہ بن جعفرؓ کو حسینؑ کے ساتھ اپنے دونوں بیٹوں کی شہادت کی خبر جب پہنچی تو آپ کے بعض خادم اور دوسرے لوگ پرسہ دینے کے لیے ان کے پاس آئے۔ایک غلام شاید ابوالسلاس تھا کہنے لگا۔ یہ مصیبت ہم پر حسینؑ کی وجہ سے ہے۔عبداللہ بن جعفرؓ نے یہ سن کی اسے جوتا کھینچ مارا اور کہا او بری عورت کے بچے حسینؑ کے متعلق یہ کہتا ہے واللہ اگر میں خود وہاں ہوتا تو ہرگز ان سے جدا نہ ہوتا اور یہی چاہتا کہ ان کے ساتھ میں بھی قتل ہو جاؤں۔ واللہ وہ تو ایسے ہیں کہ ان دو بیٹوں کے عوض میں اپنی جان ان پر فدا کرتا۔ان دونوں کی مصیبت کو تو میں مصیبت ہی نہیں سمجھتا انہوں نے میرے بھائی اور میرے ابن عم کے ساتھ ان کی رفاقت میں صبر و رضا کے ساتھ اپنی جان دی ہے یہ کہہ کر اپنے ہمنشینوں کی طرف متوجہ ہو کر کہا شکر خدا کا جس نے شہادت حسینؑ کے غم و ماتم میں مبتلا کیا۔اگر حسینؑ کی نصرت میرے ہاتھ سے نہیں ہوئی تو میرے فرزندون سے تو ہوئی۔

ام لقمان بنتِ عقیل کا نوحہ

جب اہل مدینہ کو شہادت کی خبر ملی تو ام لقمان بنت عقیل اپنے خاندان کی عورتوں کو ساتھ لیے ہوئے نکلیں، ان کا سر کھلا ہوا تھا۔ چادر کو سنبھالتی جاتی تھیں اور یہ کہہ رہی تھیں۔ماذا تقولون اذقال النبی لکم ماذا فعلتم وانتم آخر الامم۔ بعترتی واھلی بعد مفتقدی۔منھم اساری ومنھم ضربو ابدم۔لوگو کیا جواب دو گے پیغمبر کو جب وہ تم سے یہ بات پوچھیں گے کہ تم نے نبی آخر الزماںؐ کی امت ہو کر میری عزت اور میرے اہل بیت کے ساتھ کیا سلوک کیا ان میں سے کچھ اسیر ہیں اور کچھ خال وخون آلودہ ہیں۔

حکم نامہ قتل حسینؑ کی طلبی

عمر بن سعد سے قتل حسینؑ کے بعد ابن زیاد نے کہا وہ رقعہ جو میں نے قتل حسینؑ کے لیے تمہیں لکھا تھا وہ کہاں ہے۔ابن سعد نے کہا۔ میں تیرا حکم بجالانے میں مصروف رہا اور وہ رقعہ ضائع ہو گیا۔کہا نہیں وہ رقعہ لے آؤ۔کہا وہ جاتا رہا۔ واللہ وہ رقعہ مجھے دے دے کہا وہ رقعہ بخدا اس لیے رکھا ہوا ہے کہ مدینہ میں قریش کی بڑی بوڑھی بیبیوں کے سامنے معذرت کے طور پر پڑھا جائے گا۔سن میں نے حسینؑ کے بارے میں ایسی خیر خواہی کی باتیں تجھ سے کہیں کہ اگر اپنے باپ سعد بن ابی وقاص سے کہتا تو ان کا حق ادا کر دیتا۔ یہ سن کر ابن زیاد کا بھائی عثمان بن زیاد کہنے لگا۔ واللہ میں تو یہ کہتا ہوں کہ حسینؑ قتل نہ ہوتے چاہے اس میں ابن زیاد کی ناک میں نکیل چڑھا دی جاتی۔ بخدا عبیداللہ نے بھائی سے یہ سن کر کچھ برا نہیں منایا جس دن حسینؑ شہید ہوئے ہیں۔اسی دن صبح کو مدینہ میں یہ آواز آئی حسینؑ کے قاتلو تمہیں عذاب اور رسوائی مبارک ہو۔تمام اہل آسمان ملائکہ اور انبیاء تم پہ بدعا

کرتے ہیں۔تم پر سلیمانؑ،موسیٰؑ اور عیسیٰؑ نے لعنت کی ہے،عمر دین عکرمہ کہتا ہے۔میں نے یہ آواز خود سنی اور عمر بن خیر دم کلبی کہا ہے کہ میرے باپ نے بھی یہ آواز سنی تھی۔

شہدا بنی ہاشم

حسینؑ بن علی جب شہید ہوئے تو ان کے،ان کے عزیزوں اور انصار کے سر ابن زیاد کے پاس لائے گئے ۔بنی کندہ تیرہ سر لے کر آئے ان کا سردار قیس بن اشعت تھا۔بنی ہوازن بیس سر لائے۔ان کا سردار شمر ذی الجوش تھا۔بنی تمیم سترہ سر لائے،بنی اسد چھ،بنی مذحج سات اور باقی لشکر والے بھی سات سر لائے۔یہ سب ستر سر ہوئے ۔شہدائے کربلا۔

1۔شہداء میں حسینؑ بن علیؑ ہیں۔ان کی والدہ فاطمہ دختر رسول اللہ ہیں۔سنان بن انس نے آپ کو شہید کیا اور خولی بن یزید آپ کا سر لے آیا۔

2۔عباسؑ بن علیؑ ہیں ان کی والدہ ام البنین ہیں آپ کو زید بن وقار اور حکیم بن طفیل نے شہید کیا۔

3۔جعفر بن علیؑ ان کی والدہ بھی ام البنین ہیں۔

4۔عبداللہ بن علیؑ ان کی والدہ بھی ام البنین ہیں۔

5۔عثمان بن علیؑ ان کی والدہ بھی ام البنین ہیں۔خولی بن یزید نے تیر مار کر شہید کیا۔

6۔محمد بن علیؑ ان کی والدہ کنیز ہیں۔انہیں قبیلہ ابان کے ایک شخص نے شہید کیا۔

7۔ابوبکر بن علیؑ ان کی ماں لیلیٰ بنت مسعود ہیں۔ان کے شہید ہونے میں بعض مورخین کو شک بھی ہے۔

8۔علی بن الحسین ان کی والدہ لیلیٰ بنت ابومرہ ہیں۔یہ میمونہ بنت ابوسفیان بن حرب کی بیٹی ہیں۔ان کو مرہ بن منقذ عبدی نے شہید کیا۔

9۔عبداللہ بن حسینؑ ان کی والدہ رباب بنت امرء القیس ہیں ان کو ہانی بن ثبیت نے شہید کیا۔

10۔ابوبکرؑ بن حسنؑ بن علیؑ بن ابی طالبؑ ان کی والدہ کنیز تھی ان کو عبداللہ بن عقبہ غزی نے شہید کیا۔

11۔عبداللہ بن حسنؑ ان کی والدہ بھی کنیز تھیں۔ان کو حرملہ بن کاہن نے تیر مار کر شہید کیا۔

12۔قاسمؑ بن حسنؑ ان کی والدہ بھی کنیز تھیں۔ان کو سعد بن عمرو ازدی نے شہید کیا۔

13۔عون بن عبداللہ بن جعفرؑ ان کی والدہ جمانۃ بنت حسیب تھیں۔ان کو عبداللہ بن قطبہ نے شہید کیا۔

14۔محمد بن عبداللہ بن جعفرؓ ان کی ماں خوصائبنت خصفہ تھیں۔ان کو عامر بن نہشل نے شہید کیا۔

15۔جعفر بن عقیلؑ ان کی والدہ ام البنین بن شقر تھیں ان کو بشر بن حوط ہمدانی نے شہید کیا۔

16۔عبدالرحمن بن عقیلؓ ان کی والدہ کنیز تھیں ان کو عثمان بن خالد جہنی نے شہید کیا۔

17۔عبداللہ بن عقیلؓ ان کی والدہ کنیز تھیں ان کو عمرو بن صبیح نے تیر مار کر شہید کر۔

18۔مسلم بن عقیلؓ ان کی والدہ بھی کنیز تھیں یہ کوفہ میں شہید ہوئے۔

19۔عبداللہ بن مسلم ان کی والدہ رقیہ بنت علیؑ تھیں۔رقیہ کی والدہ کنیز تھیں ان کو بھی عمرو بن صبیح نے شہید کیا۔ بعض اسید بن مالک کا کہتے ہیں۔

20۔محمد بن ابی سعیدؓ بن عقیل ان کی والدہ بھی کنیز تھیں ان کو لقیط یا سرجہنی نے شہید کیا۔حسنؑ بن حسنؑ کم سن سمجھے گئے ان کی والدہ خولہ بنت منظور فرازی تھیں اور عمر بن حسن بھی کم سن سمجھے گئے ان کی والدہ بھی کنیز تھیں یہ دونوں صاحبزادے شہادت سے بچ گئے۔آپ کے غلاموں میں سے سلیمان قتل ہوے۔ان کو سلیمان بن عوف حضرمی نے شہید کیا۔اور منجح بھی آپ کے غلام ہیں یہ بھی آپ کے ساتھ شہید ہوئے۔

21۔عبداللہ بن مقطر آپ کے رضاعی بھائی (امام حسن کے رضائی بھائی یا کسی اور فرزند علی کی نسبت سے رضائی بھائی ہوں گے) کوفہ میں شہید ہوئے۔(روانگی مدینہ کا واقعہ اصل کتاب میں پہلے ذکر ہے ہم نے بعد میں لکھا ہے)

اہل بیت کی مدینہ واپسی

یزید نے نعمان بن بشیر سے کہا اے نعمان ان لوگوں کی روانگی کا سامان جیسا ہو مناسب کر دو اور ان کے ساتھ اہل شام میں سے کسی ایک ایسے شخص کو بھیج دو جو امانت دار اور نیک کردار ہو اس کے ساتھ اور خادم ہوں۔اور وہ انہیں مدینہ پہنچا دے۔اس کے بعد ان کے لیے ایک علیحدہ مکان کا بندوبست کیا گیا۔(جناب زینب کی خواہش کے مطابق) تو آل معاویہ میں سے کوئی عورت ایسی نہ ہوگی جو حسینؑ کے لیے نوحہ وزاری کرتی ہوی ان کے پاس نہ آئی ہو۔غرض تین دن تک وہاں صفِ ماتم بچھائی گئی (پھر) وہ شخص جو رہنمائے سفر تھا ان کے ساتھ روانہ ہوا۔رات بھر قافلے کے ساتھ ساتھ اس طرح رہتا کہ سارا قافلہ اس کی نگاہ کے سامنے ہوتا۔ جب یہ لوگ کہیں اترتے تو خود اور اس کے ساتھی قافلہ سے ادھر ادھر ہو جاتے جو طریقہ کہ پاسبانوں کا ہوتا ہے اور وہ خود ان سے اس طرح علیحدہ اترتا تھ کہ اگر کسی شخص نے وضو کرنا ہوتا۔یا قضائے حاجت کے لیے جاتا تو اسے کچھ وقت پیش نہ آتی۔اسی طرح اس خانوادہ کو راحت وآرام سے ان کی ضروریات یو پوچھتا ہوا ان کے ساتھ مہربانی سے پیش آتا ہوا مدینہ میں ان کو لے آیا۔فاطمہؑ بنت علیؑ نے اپنی بہن جناب زینبؑ سے عرض کیا پیاری بہن یہ مرد شامی ہمارے ساتھ دورانِ بڑا بڑا اچھا پیش آیا ہے اسے کچھ انعام دینا چاہیے۔فرمایا۔بخدا میرے پاس تو سوائے میرے (معمولی) زیور کے کچھ بھی نہیں ہے جو اسے انعام میں دوں۔فاطمہ نے کہا چھا ہم دونوں انہیں اپنا اپنا زیور اسے انعام میں دے دیں غرض دونوں بیبیوں نے اپنے اپنے کنگن اور بازو بند اتار کر رہنمائے سفر کے پاس بھیجے اور اس سے معذرت کے ساتھ کہلا بھیجا کہ راستے میں جس خوبی سے تم ہم

سے پیش آئے ہو یہ اس کا کچھ صلہ ہے اس نے جواب میں کہلا بھیجا۔ میں نے جو خدمت کی ہے اگر طمع دنیا میں کی ہوتی تو آپ کے اس زیور سے بلکہ اس سے کم پر بھی میں خوش ہو جاتا لیکن واللہ میں نے جو خدمت کی ہے وہ محض خوشنودی خدا اور رسولؐ سے جو آپ کی قرابت ہے اس خیال سے کی ہے۔

عبید اللہ بن حر

شہادت حسینؑ کے بعد ابن زیاد نے بزرگان کوفہ میں سے عبید اللہ بن حر کو تلاش کیا اور اسے نہ پایا کچھ دنوں بعد ابن حر خود ہی ابن زیاد کے پاس آیا تو اس نے پوچھا تم کہاں تھے کہنے لگا میں بیمار تھے۔ اس نے پوچھا دل کی بیماری تھی یا جسم کی۔ اس نے کہا دل تو میرا بیمار نہیں تھا اور جسم کی بیماری سے اللہ تعالیٰ نے مجھے صحت عنایت فرمائی ہے ابن زیاد نے کہا تو جھوٹا ہے تو ہمارے دشمن کے ساتھ شریک تھا۔ اس نے کہا اگر میں تیرے دشمن کے ساتھ شریک ہوتا تو کوئی ت مجھے دیکھتا۔ میرا شریک ہونا ایسا نہ تھا کہ چھپا رہتا۔ اس کے بعد ابن زیاد کسی اور شخص کی طرف متوجہ ہو گیا۔ یہ دیکھ کر ابن حر وہاں سے نکلا اور گھوڑے پر سوار ہوا ہی تھا ابن زیاد نے پوچھا ابن حر کہاں گیا لوگوں نے بتایا ابھی باہر نکلا ہے۔ کہنے لگا اسے میرے پاس لاؤ پولیس والے دوڑے اور کہا کہ امیر کے پاس چلو ابن حر نے گھوڑے کو دوڑا دیا اور کہا جا کر کہہ دو واللہ خود سے تو میں کبھی تیرے پاس نہیں آؤں گا۔ یہ کہہ کر وہاں سے روانہ ہو کر کربلا میں آیا اس نے اور اس کے رفقاء نے شہداء کی زیارت کی۔ اس کے بعد مدائن کی طرف نکل گیا۔

عبید اللہ بن حر کا مرثیہ

اس بارے میں اس نے یہ اشعار پڑھے (ترجمہ اشعار) ''یہ امیر خود بھی دغا پیشہ ہے اور اس کا باپ بھی دغا پیشہ تھا۔ مجھ سے کہتا ہے کہ تم نے حسینؑ بن فاطمہ سے قتال کیوں نہیں کیا ہائے مجھے تو یہ ندامت ہے کہ میں نے ان کی نصرت کیوں نہیں کی۔ سچ ہے کہ جس نفس کی اصلاح نہ کی جائے اسے پشیمان ہونا پڑتا ہے۔ اس وجہ سے کہ میں ان کے انصار میں نہیں تھا۔ مجھے حسرت رہے گی حسرت بھی ایسی جو کبھی دل سے نہیں نکلے گی اور ہمیشہ رہے گی۔ خداوند عالم ان لوگوں کی روحوں کو بارانِ رحمت سے سیراب کرے جو ان کی نصرت پر کمر باندھ کر اٹھ کھڑے ہوئے۔''

''ان کے مزاروں اور ان کی قتل گاہوں پر میں جا کر کھڑا ہوا تو کلیجہ پھٹنے لگا اور آنکھ کے آنسو امنڈ آئے۔ قسم کھا کر کہوں گا کہ وہ لوگ میدان وفا میں ثابت قدم رہے جو نصرت کے لیے دوڑ پڑے اور وہ تو دریائے زخار تھے۔''

''انہوں نے پیغمبر کے نواسے کی غمخواری کی۔ اپنی تلواروں سے ان کی مدد کی وہ شیر بیشہ تھے ضرغام تھے۔''

''وہ قتل تو ہو گئے لیکن روئے زمین پر کوئی نیک نفس ایسا نہ ہوگا جو اس واقعہ سے غم وغصہ میں مبتلا نہ ہوا ہو''

''کسی نے ایسے لوگ نہ دیکھے ہوں گے جو مرتے وقت نورانی چہرے والے اور بزرگانِ دین ہوں۔ تو انہیں ظلم و جور سے قتل کرے پھر ہم سے دوستی کی امید رکھے اس خیال کو چھوڑ دے ہماری خصلت ایسی نہیں ہے۔

میں قسم کھا کر کہتا ہوں کہ ان لوگوں کو قتل کر کے تم نے ہمیں ذلیل کر دیا اور ہمارے زن و مرد کے دلوں میں تمہاری طرف سے کینہ پیدا ہو گیا ہے۔''

''میں بار بار ارادہ کرتا ہوں کہ ان ظالموں کے گروہ پر جنہوں نے حق کو چھوڑ دیا ایک لشکر عظیم کے ساتھ حملہ کروں۔ بس بیٹھو نہیں تو ایسے لشکر کو لے کر تم کو منتشر کر دوں گا جبکہ تمہارے لیے دیالمہ کے حملوں سے بھی شدید تر ہو گا۔''

باب 12

ابن زبیر کا اہل مکہ سے خطاب

اسی سال ابن زبیر نے یزید کی مخالفت کی۔ جب حسینؑ شہید ہو گئے تو ابن زبیر نے اہل مکہ سے حمد وصلوٰت کے بعد اس بارے میں تقریر کی اس واقعہ کو بہت عظمت دی۔ اہل کوفہ کو خصوصاً اور اہل عراق کو عموماً ملامت کی اور کہا کہ اہل عراق چند لوگوں کے سوا سب کے سب غدار و بدکار ہیں اور بدترین اہل عراق کوفہ والے ہیں جنہوں نے حسینؑ کو اس لیے بلایا کہ ان کی نصرت کریں گے۔ ان کو اپنا فرمانروا بنائیں گے۔ جب وہ ان کے پاس چلے گئے تو ان سے لڑنے کے لیے اٹھ کھڑے ہوئے اور کہنے لگے یا تو اپنا ہاتھ ہمارے ہاتھ میں دے دو۔ ہم تمہیں بغیر لڑے بھڑے ابن زیاد پسر سمیہ کے پاس بھیج دیں گے کہ وہ جو سلوک آپ سے کرنا چاہے کرے نہیں تو ہم سے جنگ کرو۔۔۔۔ لیکن وہ عزت سے مرجانا اس بری زندگی سے بہتر سمجھے۔ خدا حسینؑ پر رحم کرے اور ان کے قاتل کو ذلیل کرے۔۔۔۔۔ کیا حسینؑ کے بعد بھی ہم ان لوگوں سے اطمینان رکھ سکتے ہیں کیا ان کی بات کو ہم مان سکتے ہیں، کیا ان کے عہد و پیمان کو ہم قبول کر سکتے ہیں۔ نہیں نہیں ہم انہیں اس لائق نہیں سمجھتے۔ سنو واللہ ان لوگوں نے ایسے شخص کو قتل کیا ہے جو زیادہ تر قائم اللیل اور اکثر صائم النہار تھا۔ ان سے بڑھ کر ریاست و حکومت کا حقدار اور دین و فضل میں امارت کا سزاوار تھا واللہ وہ ایسے نہ تھے کہ قرآن کے بدلے تمنا کریں اور خوف خدا میں رونے کے بدلے گیت گایا کریں وہ ایسے نہ تھے کہ روزے چھوڑ کر شراب پئیں اور حلقہ ذکر و فکر سے نکل کر شکار کے کے لیے سوار ہوں (یہ ابن زبیر کی یزید پر طنز تھی) اب یہ لوگ گمراہ اور تباہ ہو جائیں گے۔ ابن زبیر کی یہ تقریر سن کر اس کی طرف دوڑے اور کہا اے شخص اپنی بیعت کا اعلان کر دے۔ جب حسینؑ نہ رہے تو اب کون تم سے امر خلافت میں نزاع کرے گا۔ ابن زبیر چھپ چھپ کر لوگوں سے بیعت لیا کرتا تھا اور ظاہر یہ کرتا تھا کہ وہ خانہ کعبہ میں پناہ لینے آیا ہے اس نے اپنے ساتھیوں کو جواب دیا کہ ابھی جلدی نہ کرو۔

62ھ کے واقعات

اشرافِ مدینہ کا وفد

یزید نے ولید کو معزول کر کے اس کی جگہ عثمان محمد بن ابوسفیان کو مدینہ کا حاکم بنایا اس نے اہل مدینہ کا ایک وفد یزید کے پاس روانہ کیا۔ اس وفد میں عبداللہ بن حنظہ انصاری غسیل الملائکہ۔ عبداللہ بن عمرو مخزومی، منذر ابن زبیر اور بہت سے دیگر اشراف مدینہ تھے یزید کے پاس آئے تو وہ اکرام واحسان سے پیش آیا اس نے سب کو انعام وجائزہ سے سرفراز کیا۔ سوائے منذر کے یہ سب لوگ مدینہ واپس آئے۔ منذر بصرہ میں ابنِ زیاد کے پاس چلا گیا۔ منذر کو بھی ایک لاکھ درہم یزید نے بطور انعام دیئے تھے۔

یزید کا کردار

ان لوگوں نے مدینہ میں آ کر اہل مدینہ کے سامنے یزید کو سب وشتم کرنا شروع کیا اور کہا ہم ایسے شخص کے پاس سے ہو کر آ رہے ہیں جس کا کوئی دین نہیں، شراب پیتا ہے طنبورہ بجاتا ہے اس کی مجلس میں گانے گاتی ہیں، کتوں سے کھیلتا ہے، بچوں اور لونڈیوں کے ساتھ رات گذارتا ہے، تم سب لوگ گواہ رہو ہم نے اسے خلافت سے معزول کیا۔ یہ سن کر دیگر لوگوں نے بھی ان کی اتباع کی۔

عبداللہ بن حنظلہ کی بیعت

سب مل کر عبداللہ بن حنظلہ غیل الملائیکہ کے پاس آئے اور اس کی بیعت کر لی اور اسے اپنی حاکم بنالیا۔ منذر بھی بصرہ سے حجاز روانہ ہوا۔ اہل مدینہ سے ملا۔ اور ان لوگوں میں شامل ہو گیا جو یزید کی مخالفت پھیلا رہے تھے وہ کہا کرتا تھا کہ یزید نے مجھے ایک لاکھ درہم دیئے ہیں لیکن اس کا یہ سلوک اس بات سے مجھے نہیں روک سکتا کہ میں اس کا حال تم سے نہ کہوں اور سچ مچ بیان نہ کروں۔ واللہ وہ شراب پیتا ہے ایسا مست ہو جاتا ہے کہ نماز کا بھی ہوش نہیں رہتا۔ اس کے ساتھ والوں نے یزید کی جو جو حرکتیں بیان کی تھیں ویسی ہی اس نے بیان کیں بلکہ اسے سے بھی بڑھ کر بیان کیں۔

63ھ کے واقعات

مسلم بن عقبہ کی روانگی مدینہ

تمام بنی امیہ کی طرف سے ایک خط یزید کو لکھا گیا کہ ہم لوگ مردان کے گھر محصور ہیں۔ ہم پر پانی بند ہے اور اناج ہم خود پھینک آئے ہیں فریاد۔ فریاد۔ الغرض یہ منادی (شام میں) ہوگئی کہ لوگو حجاز کی طرف روانہ ہو جاؤ۔ اپنا اپنا وظیفہ پورا لے لو اور اس کے علاوہ سو سو دینار۔ ہر شخص کو بطور اعانت دیئے جائیں گے۔ بارہ ہزار آدمی حجاز کی طرف جانے کے لیے اٹھ کھڑے ہوئے اور یزید نے ابن زیاد کو بھی لکھا تھا تو ابن زبیر سے لڑنے کو روانہ ہو۔ اس نے کہا کہ اس فاسق کے لیے یہ دو دو گناہ میں اپنے سر نہ لوں گا۔ ایک تو رسول اللہ ﷺ کے نواسے کو قتل کروں۔ دوسرے خانہ کعبہ پر حملہ کروں۔ مرجانہ عبیداللہ کی ماں سچی عورت تھی۔ جب اس نے حسینؑ کو شہید کیا تو وہ کہتی تھی کہ تیرا برا ہو۔ یہ تو نے کیا کیا۔ یہ کیسی حرکت تو نے کی۔

یزید کی مسلم بن عقبہ کی ہدایات

یہ لشکر بن عقبہ کی سرکردگی میں یزید کی طرف سے روانہ ہوا۔ یزید نے اس کو حکم دیا کہا اگر تم پر کچھ بن جائے تو لشکر کا رئیس حصین بن نمیر کو بنانا اور لوگوں کو تین دن تک مہلت دینا مان جائیں تو بہتر ہے ورنہ ان سے جنگ کرنا۔ جب تم کو غلبہ حاصل ہو جائے تو تین دن تک مدینہ لوٹنا۔ وہاں کا مال روپیہ، ہتھیار اور غلہ لشکریوں کا مال ہے۔ تین دن کے بعد لوٹنا موقوف کر دینا۔ (بنی امیہ کے جو افراد مدینہ میں تھے انہیں مدینہ سے عہد و پیمان لے کر نکال دیا گیا تھا کہ وہ اہل مدینہ کے دشمن کسی قسم کی مدد نہیں کریں گے)۔

امام زین العابدین کا مروان کے اہل وعیال کو پناہ دینا

بنی امیہ جب شام کی طرف روانہ ہوئے تو مروان کی بیوی جوابان بن مروان کی ماں تھی۔ یعنی عائشہ بنتِ عثمان عفان اس نے مروان کے تمام ساز و سامان کے ساتھ جناب علیؑ بن الحسینؑ کے یہاں آ کر پناہ لی تھی (ہوا یوں) کہ بنی امیہ جب مدینہ سے نکالے گئے تو مروان نے عبداللہ بن حضرت عمر سے کہا کہ میرے اہل وعیال اپنے پاس چھپا رکھو لیکن ابن عمر نہ مانے۔ علیؑ بن الحسین ؑ سے جب مروان نے کہا مجھے آپ سے قرابت ہے اور میرے اہل بیت آپ کے اہل بیت کے ساتھ رہیں گے تو انہوں نے منظور کر لیا۔ لہذا مروان نے اپنے اہل وعیال علیؑ بن الحسینؑ کے یہاں بھیج دیئے۔ آپ ان لوگوں کو اپنے خانوادہ کے ساتھ لے کر مقام ینبع میں چلے آئے اور وہیں سب کو رکھا۔

مسلم بن عقبہ مدینے میں

ابن عقبہ زمین حرہ پر سے ہوتا ہوا مشرق کی طرف اہل مدینہ کے مقابل میں جا کر اترا۔ اس نے سب کو بلا کر کہا اے اہل مدینہ ''امیر المومنین'' یزید کا یہ خیال ہے کہ تم لوگ اصل ہو۔ تمہارا خون بہانا مجھے گوارا نہیں۔ تمہارے لیے تین دن کی مدت میں مقرر کرتا ہوں جو کوئی تم سے باز آجائے گا اور حق کی طرف رجوع کرے گا۔ اس کا عذر قبول کریں گے اور یہاں سے واپس چلے جائیں گے اور اس ملحد کی طرف جو مکہ میں ہے (ابن زبیر) متوجہ ہوں گے۔ تین دن ہو گئے تو مسلم نے کہا تین دن ہو گئے اب کہو کیا منظور ہے ملاپ کرتے ہو یا لڑنا چاہتے ہو۔ انہوں نے کہا ہم لڑیں گے۔ اس نے کہا ہرگز ایسا نہ کرو۔ اطاعت گذاری اختیار کرو۔ ہم تم مل کر اس ملحد پر اپنا زور ڈالیں گے جس نے بے دین فاسقوں کے اپنے گرد جمع کر لیا ہے۔ اہل مدینہ نے کہا اور دشمن خدا واللہ اگر تم مکہ جانے کا ارادہ رکھتے ہو تو جنگ کئے بغیر ہم تمہیں نہیں چھوڑیں گے۔ کیا ہم تم کو اس لیے چھوڑ دیں کہ تم خانہ کعبہ پر حملہ کرو۔ وہاں کے رہنے والوں کو خوف و ہراس میں ڈالو۔ وہاں ملحدوں کی سی حرکتیں کرو، بیت اللہ کی بیحرمتی کرو۔ نہیں نہیں واللہ یہ ہم سے نہیں ہوگا۔ مسلم اپنے سب لوگوں کو ساتھ لے کر زمین حرہ کی طرف کوفہ کی راہ پر گیا اور وہاں اپنی خیمہ نصب کر دیا۔ پھر سواروں کے ایک رسالہ کو ابن غسیل کے مقابلہ کے لیے بھیجا (اس جنگ میں ابن غسیل اور سب سے زیادہ فضل عباس نے شجاعت کے جوہر دکھائے) بالآخر اہل مدینہ پر مسلم کی فوج کا غلبہ ہو گیا اور اہل مدینہ شکست کھا گئے۔ چونکہ فضل اور عبداللہ بن حنظلہ غسیل ملائکہ شہید ہو گئے تھے اب مسلم نے تین دن تک مدینہ کی لوٹ مار شامیوں کیلئے مباح قرار دی۔ لہذا وہ لوگوں کو قتل کرتے پھرتے اور ان کا مال لوٹ لیتے تھے۔ صحابہؓ میں سے جو لوگ مدینہ میں تھے وہ ہراساں تھے۔ مسلم لوگوں سے کہتا کہ اس بات پر بیعت کرو ''تم سب کے سب یزید بن معاویہ کے غلام ہو''۔ اس کے بعد علیؑ بن الحسینؑ کو مسلم کے سامنے لائے آپ نے مروان کے ساتھ یہ سلوک کیا تھا کہ جس زمانہ میں بنی امیہ مدینہ سے نکالے گئے تو آپ نے مروان کے مال و متاع اور اس کی بیوی ام ابان دختر حضرت عثمان کو لٹنے سے بچا لیا اور اپنے ہاں پناہ دی تھی جب ام ابان طائف کی طرف جانے لگی تو آپ نے اس کی حفاظت کے لیے اپنے فرزند عبداللہ کو ساتھ کر دیا تھا۔ جب علیؑ بن الحسینؑ کو مسلم کے پاس لائے تو اس نے پوچھا یہ کون ہیں بتایا گیا کہ علیؑ ابن الحسینؑ وہ کہنے لگا تشریف لائیے۔ اور آپ کو اس نے اپنے قالین اور تخت پر اپنے پہلو میں بٹھایا اور کہنے لگا ''امیر المومنین'' نے آپ کے بارے میں پہلے ہی مجھ سے کہہ سن لیا ہے اور وہ کہتے تھے کہ بد باطن لوگوں نے آپ سے حسن سلوک کرنے سے مجھے دور رکھا۔ پھر کہنے لگا۔ آپ کے یہاں آنے سے آپ کے اہل و عیال کو تشویش ہو رہی ہوگی۔ آپ نے فرمایا بخدا یہی بات ہے۔ اس نے اپنی سواری کا گھوڑا منگوایا اس پر ساز ڈالا اور آپ کو اس گھوڑے پر سوار کر کے واپس کر دیا۔ (یہ ایک معجزہ کی بنا پر تھا۔)

64ھ کے واقعات

مسلم بن عقبہ کی مکہ کی جانب پیشقدمی

مسلم جب مدینہ والوں سے فارغ ہوا اور اس کے لشکر والے تین دن تک شہر کو لوٹ چکے تو وہ ان سیب کو لیکر مکہ کی طرف چلا۔ مقام مشلل تک آخر محرم 64ھ میں پہنچا تھا۔ کہ اسے موت آ گئی۔ مرتے وقت وہ حصین بن نمیر کو یزید کے حکم کے مطابق امیر لشکر مقرر کر گیا اور اس سے کہا چار باتیں میں تجھ سے کہتا ہوں۔ بہت جلدی روانہ ہو جانا اور فوراً لڑائی شروع کر دینا۔ خبروں کو پوشیدہ رکھنا اور قریش میں سے کیس کی بات نہ سننا۔ اس کے بعد وہ مر گیا اور مشلل میں دفن ہوا۔

ابن نمیر کی مکہ پر فوج کشی

مسلم مر گیا تو ابن نمیر لشکر کو لے کر ابن زبیر سے لڑنے مکہ کی طرف روانہ ہوا ابن زبیر نے اپنے بھائی منذر کو جنگ کے لیے بھیجا وہ مارا گیا تو عبداللہ دونوں زانو ٹیک کر کھڑا ہو گیا اور رات ہونے تک اپنے ساتھیوں کو جنگ پر آمادہ کرتا رہا۔ اس کے بعد دشمن پلٹ گئے اور یہ پہلا حصار تھا اس کے بعد بقیہ محرم اور سارا ماہ صفر اہل شام نے ابن زبیر سے جنگ وجدال میں گذرا۔

خانہ کعبہ پر سنگباری

ربیع الاول 64ھ کی تیسری تاریخ ہفتے کے دن شامیوں نے خانہ کعبہ پر منجنیق سے پتھر برسائے اور آگ لگا دی یہ رجز پڑھتے جاتے تھے یہ منجنیق ایک شتر مست ہے کہ جس سے ہم کعبہ پر نشانے لگا رہے ہیں۔ محرم کی تیئسویں کو ابن نمیر مکہ کی طرف روانہ ہوا۔

چھبیسویں کو مکہ میں پہنچا اور چونسٹھ دن تک ابن زبیر کا محاصرہ کئے رہا اور ابتدائے ربیع الثانی میں یزید کی موت کی خبر سن کر محاصرہ اٹھا لیا۔

خانہ کعبہ میں آتش زنی

خانہ کعبہ کے جلنے کا واقعہ یزید کے مرنے سے انتیس دن پیشتر ہوا۔ لوگ گرداگرد آگ سلگایا کرتے تھے ہوا چلی ایک چنگاری اڑ کر غلاف کعبہ پر جا پڑی جس سے غلاف کعبہ اور چوبینہ جل گیا۔ عروہ بن اذینہ اپنی ماں کے ساتھ مکہ میں آیا تو اس نے کعبہ کو بے لباس رکن عظیم کو جھلسا ہوا اور تین جگہ سے تڑکا ہوا دیکھا۔

مرگ یزید

ایک روایت ہے کہ یزید کی موت حوارین بستی میں ربیع الاول کی چودھویں تاریخ 64 ھ میں اڑتیس یا انتالیس برس کی عمر میں ہوئی اور تین برس چھ ماہ یا آٹھ ماہ اس نے حکومت کی اس کے بیٹے معاویہ بن یزید نے اس کی نماز پڑھائی۔ ایک روایت ہے کہ بتیس برس چھ ماہ کے سان میں ابتدائے رجب 60 ھ میں یزید خلیفہ ہوا اور دو برس آٹھ ماہ اس نے حکومت کی۔ ربیع الاول 63 ھ کی چودھویں تاریخ 35 برس کی عمر میں وہ مرگیا۔ اس کی ماں میسون بنت بجدل کلبی تھی۔

مکہ کا محاصرہ

اسی سال یزید کے بعد شام والوں نے معاویہ بن یزید سے اور حجاز والوں نے عبداللہ بن زبیر سے بیعت کرلی۔ حصین اہل شام کو لئے ہوئے چالیس دن تک ابن زبیر سے لڑتا رہا۔ اس کا محاصرہ بہت سخت تھا۔ ابن زبیر اور اس کے ساتھی تنگ آ گئے تھے۔ کہ یزید کے مرنے کی خبر ابن زبیر کو ہوگئی۔ جبکہ ابن نمیر اور اس کا لشکر اس سے ناواقف تھے ابن زبیر نے پکار کر کہا لو تمہارا طاغوت تو ہلاک ہوگیا اب تم میں سے جس کا جی چاہے اس بیعت میں شریک ہوجائے جو یہاں کے لوگوں نے کی ہے اور جسے یہ منظور نہ ہو وہ شام کی طرف چلا جائے۔ یہ سن کر اہل شام نے ابن زبیر پر حملہ کر دیا۔ ابن زبیر نے ابن نمیر سے کہا۔ ذرا میرے قریب آؤ میں تجھ سے کچھ باتیں کرنا چاہتا ہوں اور یہ اس سے باتیں کر رہا تھا کہ ایک گھوڑے نے لید کی کہ جس پر حرم کے کبوتر گر پڑے۔ ابن نمیر گھوڑے سے اتر کر کبوتروں کو بچانے لگا۔ ابن زبیر نے پوچھا کیا کرتے ہو، اس نے کہا ایسا نہ ہو کہ حرم کو کوئی کبوتر گھوڑے کی ٹاپ سے کچلا جائے۔ کہا واہ کبوتر کے قتل سے تو پرہیز ہے اور مسلمانوں کے قتل پر آمادہ ہو۔ ابن نمیر نے کہا اب میں تم سے نہیں لڑوں گا اتنی اجازت دو کہ ہم لوگ کعبہ کا طواف کر کے چلے جائیں۔ ابن زبیر نے اجازت دے دی۔ اور وہ سب لوگ طواف کر کے چلے گئے۔

معاویہ بن یزید کی حکومت سے دستبرداری

یزید کے بعد اس کا بیٹا معاویہ امیر ہوا تو اس نے شام میں حکم دیا کہ الصلوٰۃ جامعہ کی ندا کی جائے۔ سب جمع ہوئے تو اس نے کہا میں نے تم پر حکومت کرنے کی فکر کی تو معلوم ہوا کہ یہ کام مجھ سے نہیں ہوسکے گا۔ اب تم کو اختیار ہے جسے چاہو اپنا امیر بنالو۔ یہ کہہ کر معاویہ گھر میں گیا۔ اور ایسا گیا کہ مر کر نکلا۔ بعض کہتے ہیں کہ زبیر سے اور بعض کے نزدیک چھری مار کر اسے قتل کر دیا گیا۔ 65 ھ ماہ ذیقعدہ کی تیسری تاریخ مقام جابیہ میں مروان بن حکم کی بیعت خلافت کی گئی اور خالد بن یزید کو کمسن ہونے کی بنا پر ولی عہد مقرر کیا گیا اور مروان نے خالد کی ماں سے جس کا نام ذاختہ تھا نکاح کرلیا۔

باب 13
توابین

کوفہ کے روسائے شیعہ

حسینؑ بن علیؑ جب شہید ہو گئے اور ابنِ زیاد کا لشکر خیلہ سے کوفہ واپس آیا تو شیعہ باہم ملاقات کرنے پر ایک دوسرے کو ملامت کرنے لگے اور سب پشیمان ہوئے اور یہ سمجھے کہ ہم سے بہت بڑا قصور سرزد ہوا کہ حسینؑ کو مدد کے لیے بلایا لیکن ان کی نصرت کو ترک کر دیا۔ وہ ہمارے ہاں آ کر شہید ہو گئے۔ ہم سے یہ کلنک کا ٹیکہ گناہ کا داغ بغیر اس کے چھٹ نہیں سکتا۔ کہ ان کے قاتلوں کو قتل کریں اور خود بھی قتل ہو جائیں۔ کوفہ کے روسائے شیعہ میں سے پانچ اشخاص کی طرف ان لوگوں نے رجوع کیا۔ (۱) سلیمان بن صرد خزاعی جو کہ نبی کریم ﷺ کے صحابی تھے۔ (۲) مسیب فرازی جو کہ حضرت علیؑ کے بہترین صحابی تے (۳) عبداللہ ازری (۴) عبداللہ تیمی (۵) اور فاعہ بجلی اور ان سے التجا کی۔ یہ پانچوں سلیمان بن صرد کے گھر جمع ہوئے۔ یہ لوگ حضرت علیؑ کے بہترین اصحاب میں سے تھے اور ان کے ساتھ شرفاء اور روسا شیعہ میں سے اور بہت سے لوگ تھے۔

مسیب فزاری کا شہادتِ حسینؑ پر اظہار تأسف

مسیب نے لوگوں کی طرف رخ کر کے تقریر شروع کی حمد و ثنائے الٰہی بجالائے اور نبیؐ پر صلوٰۃ بھیجی اس کے بعد کہا۔ ہم لوگ بہت دنوں جیئے اور انواع و اقسام کی آفتوں کا سامنا رہا۔ ہمیں اپنے پروردگار کی طرف اب رجوع کرنا چاہیے تا کہ ہمیں ان لوگوں میں شمار نہ کرے جن سے کل وہ کہنے والا ہے کیا ہم نے تمہیں اتنی عمر نہیں دی کہ جس میں نصیحت لینے والا نصیحت لے سکتا ہے جب جب کہ ایک پیغمبر بھی تمہیں تنبیہ کرنے کو آ چکا تھا اسی لیے تو امیر المومنینؑ نے فرمایا ہے کہ جس عمر میں خداوند عالم نے فرزند آدم پر حجت تمام کر دی ہے وہ ساٹھ سال ہے اور ہم میں سے کوئی ایسا نہیں ہے جو ساٹھ سال سے نیچے ہو۔ ہمیں تو یہ آرزو تھی کہ اپنے نفسوں کو پاک کریں اور اپنے شیعوں کو نیک نام کریں لیکن جب حق تعالیٰ نے ہم لوگوں کی آزمائش کی تو ہمیں اپنے نبیؐ کے نواسے کے بارے میں ہر طرح سے جھوٹا پایا۔ اس سے پہلے ان کے خط ہمارے پس آئے ان کے قاصد ہمارے پاس آئے انہوں نے ہم سے نصرت طلب کرنے میں علانیہ اور پوشیدہ اول و آخر حجت تمام کر دی لیکن ہم نے ان سے اپنی جانوں کو عزیز رکھا آخر وہ ہمارے یہاں آ کر شہید ہو گئے نہ تو ہم نے ہاتھ سے ان کی نصرت کی، نہ زبان سے ان کے لیے لڑے نہ اپنے مال سے ان کی اعانت کی اور نہ برادری سے ان کے لیے نصرت طلب کی اب ہم خدا کے سامنے کیا

عذر پیش کریں گے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کیا منہ دکھائیں گے۔ ان کا فرزند انکا پیارا ان کی ذریت اور ان کی نسل ہم لوگوں میں آ کر شہید ہوگئی۔ نہیں نہیں بخدا اب اس کے سوا کوئی عذر ہمارے پاس نہیں کہ تم ان کے قاتل اور ان کے تابعین سے جنگ کرو یہاں تک کہ تم خود قتل ہو جاؤ۔ شاید اس کے بعد ہمارا پروردگار ہم سے راضی ہو جائے۔ مجھے تو خدا کے سامنے جا کر اس کے عذاب سے بچنے کی توقع نہیں ہے۔ اب کسی کو اپنے لوگوں میں سے سردار بنالو۔ تمہارا کوئی امیر ضرور ہونا چاہیے۔ جس سے رجوع کرتے رہو اور کوئی علم ونشان ہو جس کے گرد تم رہو مجھے تو بس یہی کہنا تھا۔ خدا سے اپنے اور تمہارے گناہوں کے لیے کا خواستگار ہوں۔

رفاعہ بجلی کی تقریر

مسیب کے بعد رفاعہ نے بڑھ کر سب سے پیشتر تقریر کی۔ حمد وثنائے الٰہی بجالائے نبی کریمؐ پر درود بھیجا اور کہا اے مسیب یہ خدا کی ہدایت تھی کہ ایسی بات تمہاری زبان سے نکلی اور سب سے بہتر جو کام ہے اس کی تم نے دعوت دی ہے تم نے حق تعالیٰ کی حمد وثنا اور نبی کریمؐ پر صلوٰت سے ابتدا کی اور فاسقوں سے جہاد کرے اور گناہ عظیم سے توبہ کرنے کی دعوت دی۔ ہم نے تمہاری بات کو سنا، تمہاری رائے کو قبول کیا، تمہارے کہنے کو مانا، تم کہتے ہو کہ اپنے میں سے کسی کو امیر بنالیں جس سے رجوع کرتے رہیں اور جس کے گرد جمع رہیں یہی رائے ہم لوگوں کی بھی تھی۔ اگر وہ امیر تم ہوئے تو ہم سب لوگ تم کو پسند کرتے تمہیں اپنی بہی خواہ سمجھتے اور ہماری جمعیت میں سب تم کو دوست رکھتے۔ یا اگر تمہاری رائے ہو اور ہمارے اصحاب کی رائے بھی ہو تو شیخ شیعہ اور صحابی رسولؐ سلیمانؓ بن صرد کو جن کا قدم سب پر سبقت مجھے بس یہی کہنا تھا۔ خدا سے اپنے اور تمہارے گناہوں کے لیے مغفرت کی دعا کرتا ہوں۔ پھر عبداللہ بن وال اور عبداللہ بن سعد نے رفاعہ کی تائید کی۔ مسیب کی بزرگی اور فضل کا اقرار کیا۔ سلیمان کی سبقت دینی اور ان کے امیر ہونے پر اپنی رضا ظاہر کی۔ مسیب کہنے لگے۔ تم نے کیا اچھی بات کہی یہ توفیق الٰہی تمہارے لیے ہوئی تم دونوں کی رائے سے مجھے اتفاق ہے۔ ہاں سلیمان بن صرد کو ہی امیر مقرر کر دو۔

سلیمان بن صرد کا خطبہ

حمید بن سلم کہتا ہے جب سلیمان کو امیر بنایا گیا تو مین بھی وہاں موجود تھا وہاں بزرگان اور شہسوار رانِ شیعہ میں سے سو آدمی سے زیادہ افراد موجود تھے۔ سلیمان صرد نے بہت سخت گفتگو کی اور اسی خطبہ کو ہر جمعہ کے دن وہ بار بار دھراتے رہے جو مجھے پہلے ہی یاد ہو گیا تھا انہوں نے کہا میں حق تعالیٰ کی بہترین ثنا کرتا ہوں میں اس کی نعمتوں اور اس کی آزمائشوں کو شکر گذار ہوں۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ خدا کے علاوہ کوئی معبود نہیں اور محمدؐ اس کے رسولؐ ہیں حمد وصلوٰۃ کے بعد واللہ مجھے خوف ہے اس زمانہ کا جس میں زندگی دوبھر ہوگئی ہے جس میں مصیبت بہت سخت ہوگئی ہے اس گروہ کے بزرگوں پر ظلم ہو رہا ہے ایسا نہ ہو کہ ہمارا انجام بخیر نہ ہو

۔ہم نے اپنے نبیؐ کے اہل بیت کی طرف دست طلب پڑھایا ہم نے ان کو نصرت کی امید دلائی ہم نے انہیں یہاں چلے آنے پر آمادہ کیا۔لیکن جب وہ لوگ آ گئے تو ہم ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھے رہے اور ھم سے کچھ بھی نہ ہوسکا۔ہم نے دھوکہ بازی کی اور ہم انتظار کرتے رہے کہ دیکھیں کیا ہوتا ہے انجام یہ ہو کہ ہمارے یہاں آ کر ہمارے نبیؐ کا فرزندان کا پارۂ دل، ان کا لختِ جگر جس کی رگوں میں ان کا خون تھا شہید ہو گیا وہ فریاد کرتے رہے اور کوئی فریادرس نہیں تھا وہ داد چاہتے رہے اور کوئی داد کو پہنچنے والا نہیں تھا فاسقوں نے انہیں تیروں کا ہدف اور برچھیوں کا نشانہ بنالیا اور بالآخر انہیں شہید کر دیا۔پھر سب دوڑ پڑے اور انہیں لوٹ لیا۔ اٹھو اٹھو پروردھارتم پر غضبناک ہے جب تک اس کو راضی نہ کرلو۔اپنی بیویوں اور بچوں کے پاس نہ جاؤ۔ میں جانتا ہوں بخدا جب تک تم ان کے قاتلوں سے لڑ کر ان کو ہلاک نہیں کرو گے خدا تم سے راضی نہیں ہوگا۔ سنو سنو موت سے ہرگز نہ ڈرو، واللہ موت سے جو ڈرا وہ ضرور ذلیل ہوا۔ بنی اسرائیل نے جو کام کیا تم بھی وہی کرو۔ان کے پیغمبروں نے ان سے کہا۔انکم ظلمتم انفسکم باتکاذا کم العجل فتو بوا الیٰ بارئکم فاقتلوا انفسکم ذالکم خیرلکم عندبارئکم ۔یعنی گوسالہ پرستی کر کے تم نے اپنے تئیں تباہ کر دیا اب اپنے خالق سے توبہ کرو اور خود کو قتل کرو۔خدا کے نزدیک اسی میں تمہاری خیر ہے۔یہ سن کر بنی اسرائیل نے کیا کیا۔گھٹنوں کے بل کھڑے ہو گئے۔گردنوں کو جھکا دیا اور حکم قضا پر راضی ہو گئے انہیں یقین ہو گیا کہ اس گناہ عظیم سے قتل ہوئے بغیر نجات نہیں ہوگی۔اگر اسی طرح تم کو بھی حکم دیا جاتا تو تم کیا کرتے۔اپنی تلواروں کو تیز کرلو۔نیزوں کو ڈازوں پر جڑ لو، سامانِ جنگ اور گھوڑے جس قدر تم سے ممکن ہو سکے دشمنوں سے لڑنے کے لیے مہیا کر رکھو یہاں تک کہ وہ وقت آئے تم کو پکاریں کہ آؤ جہاد کریں۔

خالد بن سعد اور ابوالمعتمر کی پیشکش

یہ سن کر خالد بن سعد اٹھ کھڑے ہوئے اور کہا اگر میں جانتا کہ اپنے تئیں قتل کرنے سے مجھے گناہ سے نجات ہو جائے گی اور میرا پروردگار مجھ سے خوش ہو جائے گا تو میں اپنے آپ کو قتل کر دیتا۔لیکن یہ حکم تو اس قوم کو ہوا تھا جو ہم سے پیشتر گذر گئی ہیں تو خودکشی سے منع کیا گیا ہے لیکن کل کے دن دیکھ لینا کہ میدان میں پہلی برچھی جو چلے گی وہ مجھ پر ہی چلے گی۔میں خدا کو اور ان مسلمانوں کو جو یہاں موجود ہیں گواہ کر کے کہتا ہوں کہ میرے ان زاہد ہتھیاروں کے علاوہ کہ جن سے میں دشمن سے قتال کروں گا جو کچھ میری ملک ہے وہ میں نے ان سب مسلمانوں کو دی تا کہ وہ اس سے قوت حاصل کر کے ظالموں سے لڑیں۔ان کے اس کلام پر سلیمان بن صرد نے کہا تم کو ثواب کثیر کی بشارت ہو جو ثواب خدا ان لوگوں کو دیتا ہے جو لوگ اپنے لئے سامان کر جاتے ہیں ابوالمعتمر نے کھڑے ہو کر کہا میں بھی تم لوگوں کو اپنی نسبت اسی بات کو گواہ کرتا ہوں جو بات خالد نے کہی ہے۔سلیمان بن صرد نے کہا بس اب تم میں سے جو شخص

چاہے اپنا مال عبداللہ بن دال کے پاس لا کر جمع کر دے۔ جتنا جتنا مال تم دینا چاہتے ہو وہ جمع ہو جائے تو اس سے ہم تمہاری جماعت میں جو لوگ بے سامان اور نادار ہیں انکے لیے سامان جنگ مہیا کرینگے۔

سلیمان بن صرد کا خط سعد بن حذیفہ کے نام

حذیفہ بن یمان کے فرزند سعد اس وقت مدائن میں تھے ان کو سلیمان نے یہ خط لکھا۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ سلیمان کی طرف سے سعد اور مومنین کے نام جو ان کے پاس ہیں سلام پہنچے۔ دیکھئے دنیا وہ مقام ہے کہ جس سے نیکی چل بسی اور برائی درپیش ہے۔ دنیا کو اہل خرد سے نفرت ہے اور خدا کے نیک بندوں نے اس سے علیحدہ ہونے کا عزم کر لیا انہوں نے اپنی تھوڑی سی دنیا جو ناپائیدار تھی دے دی تا کہ حق تعالیٰ کے ثواب کثیر کو جو پائندہ روات ہے خرید لیں تمہارے بھائیوں میں جو مردانِ خدا اور شیعہ اہل بیت ہیں انہوں نے اس امر پر غور کیا کہ تمہارے پیغمبر کے نواسے کے بارے میں وہ کس مصیبت میں پڑ گئے ہیں۔ وہ تو بلانے سے چلے آئے تھے لیکن جب انہوں نے پکارا تو کسی نے جواب نہ دیا۔ انہوں نے پلٹ جانے کا ارادہ کیا تو وہ روک لیے گئے۔ امان مانگی تو انہیں امان نہ ملی۔ انہوں نے ان لوگوں سے کنارہ کرنا چاہا تو انہوں نے انہیں نہ چھوڑا بالآخر ان پر حملہ کر کے انہیں شہید کر کے لوٹ لیا۔ ظلم و سرکشی غرور سے ان کی لاش برہنہ کر دی۔ یہ ظالم قضاء قدر سے بے خبر تھے کہ یہ کیا کر رہے ہیں۔ اور خدا کو کیا جواب دیں گے۔ جن لوگوں نے ظلم کیا ہے انہیں اب معلوم ہو جائے گا کہ وہ کس طرح کے انقلاب میں مبتلا ہیں۔ تمہارے بھائیوں کو جو مصیبت پیش آئی انہوں نے اس کے انجام پر جب نظر کی تو انہیں معلوم ہو گیا کہ ان سے گناہ عظیم سرزد ہوا ہے کہ انہوں نے کیسے طیب و طاہر کا ساتھ نہیں دیا نہ ان سے ہمدردی کی اور نہ ہی ان کی نصرت کو نکلے۔ اب اس کے سوا کہ وہ ان کے قاتلوں کو قتل کرنے نکلیں یہاں تک کہ خود فنا ہو جائیں۔ کسی طرح اس گناہ سے نجات نہیں ہو سکتی اور نہ ہی توبہ قبول ہو سکتی ہے۔ اس بات پر تمہارے برادران ایمانی آمادہ ہو گئے ہیں تم بھی آمادہ ہو جاؤ۔ سامانِ جنگ تیار کرو اور مستعد رہو۔ 65ھ میں مقام نخیلہ میں ہم سے ملیں۔ تم لوگ ہمیشہ سے ہمارے گروہ اور ہمارے بھائیوں میں سے ہو۔ اگر ایسا نہ بھی ہوتا تو بھی ہماری رائے یہ ہوتی کہ تم کو بھی اس امر میں شریک کریں۔ خدا نے چاہا تو تمہارے سب بھائی توبہ کر لیں گے۔ یہی ان کا خیال ہے۔ اسی بات کو وہ زبانی ہمارے سامنے ظاہر بھی کرتے ہیں۔ اسی طرح فضل واکستاب واجر اور خدا سے گناہوں کی توبہ تم لوگوں کے لیے سزاوار ہے خواہ اس میں گردنیں کٹ جائیں اولاد ذبح ہو جائے، مال و دولت لٹ جائے اور کنبہ تباہ ہو جائے۔ مرج عذرا والے جو قتل ہو گئے ہیں اور آج زندہ نہیں تو انہیں کیا نقصان پہنچا ہے وہ تو اپنے پروردگار سے نعمتیں پا رہے ہیں۔ وہ سب شہدا ہیں۔ انہوں نے صبر و شکیبائی کے ساتھ خدا سے ملاقات کی اور خدا نے انہیں صابرون کا سا اجر کرامت عطا فرمایا۔ یعنی حجر اور ان کے اصحاب اور تمہارے بھائیوں میں

سے جولوگ بے بس ہوکر قتل کئے گے جوظلم سے وار پر کھینچے گئے۔جن کے سردار گردن کاٹے گئے جن پر زیادتی کی گئی جوآج زندہ نہیں ہیں اورتمہاری طرح گناہوں میں مبتلانہیں ہوئے توانہیں کیا ضرر پہنچا ہے۔ان کے بارے میں خدا کی جومشیت تھی وہ پوری ہوئی انہوں نے اپنے پروردگار سے ملاقات کی اورانشاءاللہ اس کا ثواب انہیں ملے گا۔خداتم پررحم کرے۔ ہرطرح کے ضرر ومصیبت اور جنگ کی حالت میں ثابت قدم رہو۔اور بہت جلد خدا کے سامنے توبہ کرو۔بخداتمہارے لیے یہی سزا ہے کہ تمہارے بھائیوں نے ثواب حاصل کرنے کے لیے جس بلا ومصیبت پرصبر وتحمل کیا ہے تم بھی اسی طرح کے اکتساب اجر کے لیے اس بلا ومصیبت میں ثابت قدم رہو۔اگرکسی نے رضائے الٰہی حاصل کرنے کے لیے قتل ہوجانے تک کو گوارا کرلیا توتم لوگ بھی اسی طرح رضائے الٰہی کو حاصل کرو۔بس خوفِ خدا ہی دنیا میں بہترین زادراہ ہے اوراس کے سوا جو کچھ ہے وہ فانی اور ہلاک ہونے والا ہے اس دنیا سے تم کو بیزار ہوجانا چاہیے اورتمہیں دارآخرت پرنظر رکھنا چاہیے اپنے دشمن،خدا کے دشمن اوراہل بیت رسولؐ کے دشمن سے اس وقت تک جہاد کرنے کے لیے آمادہ رہنا چاہیے جب تک کہ تم خدا کے سامنے شوق ورغبت سے توبہ کرنے کے لیے حاضر ہوجاؤ۔حق تعالیٰ ہمیں اورتمہیں پاکیزہ زندگی عطا کرے ہمیں اورتمہیں جہنم کی آگ کے عذاب سے پناہ میں رکھے۔اپنی راہ میں ایسے شخص کے ہاتھ سے ہمیں قتل ہونا نصیب کرے جس سے اس کوشدید بغض وعداوت ہووہ جس بات کو چاہے وہ اس کے قبضہ قدرت میں ہے اوروہ اپنے دوستوں کے ساتھ ہر بات میں نیکی کرتا ہے۔والسلام علیکم۔

سعد بن حذیفہ کا شیعیان اہل بیت سے خطاب

یہ خط سعد کے پاس عبداللہ بن مالک طائی کے ہاتھ روانہ کیا خط پڑھ کر سعد نے مدائن کے شیعوں کو بلا بھیجا۔کوفہ کے بہت سے لوگ مدائن میں رہا کرتے تھے کیونکہ یہ جگہ ان کو پسند آگئی تھی۔جب وہ لوگ آئے تو سعد نے سلیمان کا خط ان کو پڑھ کرسنایا اس کے بعد حمد وثنا بجالائے اور پھر کہا۔تم سب لوگ حسین کی نصرت اور ان کے دشمن سے جنگ کرنے کا مصمم اور باہم اتفاق کرچکے تھے لیکن ان کے شہید ہونے سے پہلے تمہیں موقع نہ ملا۔خداوند عالم تمہیں اس نیک ارادے اورنصرت حسینؑ پر اتفاق کرنے کا بہترین ثواب عطا فرمائے۔اب یہ خط تمہارے بھائیوں نے بھیجا ہے ہوتمہیں جرات دلاتے اورتم سے مدد چاہتے ہیں۔تمہیں حق کی جانب دعوت دے رہے ہیں جس کے لیے تم خدا سے بہترین اجروثواب کی امید رکھتے ہو۔بتاؤتمہاری کیا رائے ہے اوراب کیا کہتے ہو۔سب نے کہا کہ ہم ان کی بات کوقبول کرتے ہیں اوران کے ساتھ شریک ہوکر قتال کریں گے۔جوان کی رائے ہے وہی ہماری رائے ہے۔

سلیمان کی حمایت میں تقریر

عبداللہ ابن طائی حنظل نے کھڑے ہوکر حمد وثنائے الٰہی ادا کی اور کہا ہم نے اپنے برادران ایمانی کی بات کو قبول کیا جس امر کی طرف وہ بلاتے ہیں ہم اسے کے لیے حاضر ہیں۔ ہماری بھی وہی رائے ہے جوان کی ہے مجھے فوج کے ساتھ انکے ہاں روانہ بلاتے ہیں ہم اس کے لیے حاضر ہیں۔ ہماری بھی وہی رائے ہے جوان کی ہے ۔ مجھے فوج کے ساتھ انکے ہاں روانہ کر دیجیے۔ سعد نے کہا ٹھہر وجلدی نہ کرو۔ دشمن سے لڑنے کو مستعد رہو اور سامانِ جنگ مہیا کرو اسکے بعد ہم سب لوگ روانہ ہونگے۔

سعد کا خط سلیمان کے نام

سعد نے اس خط کا جواب لکھ کر عبداللہ بن مالک طائی کے ہاتھ سلیمان کو روانہ کیا۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ سلیمان بن صرد کو سعد بن حذیفہ کی طرف سے اور ان سب مومنین کو جوان کے ساتھ ہیں سلام پہنچے۔ میں نے آپ کا خط پڑھا۔ آپ کے برادران ایمانی کی جماعت جس امر پر متفق ہوئی ہے اور اس میں آپ ہمیں شریک کرنا چاہتے ہیں۔ اس امر کو بخوبی سمجھا۔ خدا نے آپ کو اکتساب ثواب کی ہدایت کی۔ بڑی فضیلت آپ کو میسر آئی۔ ہم لوگ دل سے سعی وکوشش اور کد وکاوش کر رہے ہیں۔ سامانِ جنگ مہیا ہو رہا ہے۔ گھوڑوں پر زین ڈال چکے ہیں۔ اور لگامیں چڑھا چکے ہیں۔ حکم کے منتظر اور آواز پر کان لگائے ہوئے ہیں جب ہمیں پکارا جائے گا ہم روانہ ہونگے انشاء اللہ کہیں دم نہ لیں گے۔ والسلام سلیمان نے یہ خط اپنے ساتھیوں کو سنایا تو سب بہت خوش ہوئے۔

مثنی بن عبدی کا سلیمان کے نام

سعد کو جو خط سلیمان نے بھیجا تھا اس کی نقل مثنی عبدی کو بھیجی تو مثنی نے جواب دیا۔ میں نے آپ کا خط پڑھا اور سب بھائیوں کو پڑھ کر سنایا سب نے آپ کی رائے کی تعریف کی اور آپ کی بات کو قبول کیا۔ انشاء اللہ ہم سب لوگ ٹھیک اسی وقت جو آپ نے مقرر کیا ہے اور ٹھیک اسی مقام پر جس کا آپ نے ذکر کیا ہے خدمت میں پہنچ جائیں گے۔ والسلام علیک۔

شیعان اہل بیتؑ کی جنگی تیاری

حسینؑ کی شہادت کے بعد 61 ھ سے ہی ان لوگوں نے اپنا کام شروع کر دیا تھا آلاتِ حرب اور سامانِ جنگ کے جمع کرنے میں مشغول تھے۔ پوشیدہ طور پر شیعہ اور غیر شیعہ کو بدلہ لینے پر آمادہ کرتے رہتے تھے۔ لوگ

ان سے ملتے جاتے تھے۔ایک قوم کے بعد دوسری قوم ان میں شریک ہوجاتی تھی وہ لوگ اسی کام میں منہمک تھے کہ یزید ربیع الاول کی چودھویں تاریخ 64ھ میں مرگیا امام حسینؑ کے شہید ہونے اور یزید کے مرنے میں تین سال دو ماہ اور چار دن کا وقفہ تھا اس وقت ابن زیاد امیر عراق بصرہ میں تھا۔کوفہ میں اس کی طرف سے عمرو بن حریث مخذومی حاکم تھا۔سلیمان کے پاس آ کر شیعوں نے کہا وہ فرعون تو مرگیا اس وقت حکومت کمزور ہورہی ہے۔آپ کی رائے ہوتو ابنِ حریث کو دارالامارہ پر حملہ کر کے باہر نکال دیں اور اس کے بعد خونِ حسینؑ کا بدلہ لینا شروع کر دیں اور ان کے قاتلوں کو ڈھونڈھ ڈھونڈھ کر نکالیں۔لوگوں کو اہل بیت کی طرف آنے کی دعوت دیں۔جو کہ مظلوم اور اپنے حق سے محروم ہیں۔اس بارے میں لوگوں نے بیحد اصرار کیا۔سلیمان نے کہا ابھی جلدی نہ کرو۔ٹھہرو۔

سلیمان کا مشورہ

جو بات تم کہتے ہو میں اس پر غور کر چکا ہوں۔میں دیکھتا ہوں کہ قاتلان حسینؑ علیہ السلام روسائے کوفہ اور شہسوارانِ عرب ہیں کہ جن سے خون حسینؑ کا انتظام لینا ہے اگر ان کو تمہارے ارادے کا علم ہوگیا اور وہ یہ سمجھ گئے کہ تم چاہتے ان سے انتقام لینا چاہتے ہوتو وہ تمہارے ساتھ بڑی سختی سے پیش آئیں گے جو لوگ میرے تابعین میں سے ہیں میں نے ان کے بارے میں غور کیا ہے یہ اگر سب اٹھ کھڑے ہوں تب بھی یہ انتقام نہیں لے سکتے۔اور نہ اپنے دل کو ٹھنڈا کر سکتے ہیں اور نہ ہی دشمن کو ضرر پہنچا سکتے ہیں بلکہ سب کے سب قتل ہوجائیں گے ۔مصلحت یہ ہے کہ اپنی طرف سے کچھ لوگوں کو شہر میں منتشر کر دو اور شیعہ وغیر شیعہ کو جو بھی ہوں انکو اس امر کی طرف دعوت دو مجھے اس بات کی امید ہے کہ اب لوگ تمہارے بلانے پر دوڑ پڑیں گے کیونکہ وہ فرعون ہلاک ہوگیا ہے البتہ اس کی زندگی میں یہ بات ممکن نہ تھی۔چنانچہ لوگوں نے ایسا ہی کیا۔ان میں سے ایک گروہ دعوت دینے کے لیے اٹھ کھڑا ہوا اور ایک انبوہ کثیر نے ان کی دعوت کو قبول کیا۔جن لوگوں نے یزید کی زندگی میں دعوت قبول کی تھی ان سے کئی گنا زیادہ لوگوں نے اس وقت آمادگی ظاہر کی۔

عبیداللہ بن مری کا خطبہ

ان واعظوں میں عبیداللہ بن مری بڑے فصیح البیان واعظ تھے۔جب ان کا بیان سننے کو مجمع جمع ہوتا تو وہ پہلے حمد وثنائے الٰہی بجالاتے۔رسول اللہؐ پر صلوات بھیجتے اور اس کے بعد کہتے خدا تعالیٰ نے اپنی تمام مخلوق میں سے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو برگزیدہ کیا ان کو ہر فضلیت کے ساتھ مخصوص کیا۔ان کے پیرو ہونے کی تمہیں عزت بخشی اور ان پر ایمان لانے کی تم کو بزرگی عطا کی۔اس ایمان کے طفیل تم لوگوں میں جو کشت وخون ہوا کرتے تھے حق تعالیٰ نے انہیں روک دیا۔تمہارے راستے جو پرخوف وخطر ہوتے تھے ان میں امن قائم ہوگیا۔تم لوگ جہنم میں گراہی چاہتے تھے کہ خدا نے تمہیں بچالیا۔بس اسی طرح خدا تمہیں اپنی نشانیاں دکھاتا ہے تاکہ شاید تم راہ راست پر

آ جاؤ۔ یہ تو بتاؤ کہ اولین و آخرین میں خدا نے کوئی ایسا شخص پیدا کیا ہے کہ جس کا حق اس امت پر ان کے نبی کریم سے بڑھ کر ہو۔ کیا انبیاء و مرسلین وغیرہ کی کوئی ذریت ایسی ہوسکتی ہے جس کا حق اس امت پر ان کے نبی اکرمؐ کی ذریت سے بڑھ کر ہو نہیں بخدا نہ کبھی ہوا ہے اور نہ ہوگا۔ خدا تمہارا بھلا کرے تمہیں بھی معلوم ہے کہ تمہارے نبیؐ کے نواسے کے ساتھ کیا سلوک کیا گیا۔ کہا تم نے دیکھا نہیں کہ اس قوم بے کیسی نے ادبی ان کے ساتھ کی۔ ان کو بیکس دیکھ کر کیسی ان کی بے حرمتی کی۔ ان کو خون میں لوٹا دیا، انہیں خاک آلودہ کیا۔ نہ اس قوم نے خوف خدا کیا اور نہ ہی قرابتِ رسولؐ کا پاس کیا۔ ان کو تیروں کا نشانہ بنایا گیا۔ ان کی لاش اپنے خیال میں) درندوں کے لیے ڈال آئے۔ خدا یہ مصیبت کسی کو آنکھوں سے نہ دکھائے خدا کی رحمت نازل ہو حسینؑ بن علیؑ پر۔ یہ لوگ کسے شہید کر کے صحرا میں ڈال آئے تھے۔ صادق و امین، شجاع اور عالم کو سابق اور اسلام کے فرزند اور رسول رب العالمین کے نواسے کو۔ ان کے یادرگار تھوڑے سے تھے ان کے دشمن کثرت سے انہیں گھیرے ہوئے تھے۔ دشمنوں نے انہیں شہید کیا اور دوستوں نے انہیں چھوڑ دیا۔ قتل کرنے والوں پر تو ملامت ہے ہی اور قاتلوں کے واسطے اللہ کے ہاں کوئی حجت نہیں اور چھوڑ دینے والوں کے لیے بھی کوئی عذر نہیں مگر یہ کہ وہ خدا سے توبہ نصوح کریں۔ ان کے قاتلوں سے جہاد کریں۔ ظالموں سے لڑیں۔ شاید اس صورت میں خدا توبہ قبول کر لے اور خطا معاف کر دے ہم لوگ تمہیں کتابِ خدا، سنت رسولؐ، اہل بیت کے خون کے انتقام ظالموں اور بے دینوں سے جہاد کی طرف دعوت دیتے ہیں۔ اب اگر ہم اور تم قتل ہو گئے تو یہ سمجھ لو کہ جو ثواب حق تعالیٰ سے نیکوکاروں کو ملے گا وہ سب سے بہتر ہے اور اگر ہمیں فتح نصیب ہوئی تو ہم اس حکومت کو اپنے پیغمبرؐ کے اہل بیت کی طرف منتقل کر دیں گے۔ عبیداللہ نے یہ تقریر ہر روز بار بار سب کے سامنے اتنی دہرائی کہ سب کو یاد ہو گئی۔

مختار ثقفی کی کوفہ میں آمد

یزید کو ہلاک ہوئے ابھی چھ ماہ گزرے تھے کہ رمضان کی پندرہ تاریخ جمعہ کے دن مختار کوفہ میں وارد ہوئے اور رمضان کی بائیسویں تاریخ جمعہ کے دن عبداللہ بن یزید حاکم کوفہ ہوا کر ابن زبیر کی طرف سے کوفہ میں آیا۔ مختار عبداللہ سے آٹھ دن پہلے کوفہ میں آئے۔ مگر تمام روسائے شیعہ ابن صرد کے پاس جمع تھے اور کوئی بھی مختار کو ان کے برابر نہ سمجھتا تھا۔ مختار شیعوں کو کہتے کہ خون حسینؑ کا انتقام لینے کیلئے میرے پاس جمع ہو جاؤ۔ وہ جواب دیتے کہ شیخ الشیعہ سلیمان بن صرد ہیں۔ سب نے انہیں کی اطاعت قبول کر لی ہے اور انہیں کے پاس سب مجتمع ہیں۔

سلیمان اور مختار کے خلاف شکایت

اسی زمانہ میں یزید بن شیبانی نے عبداللہ بن یزید کو (گورنر کوفہ از طرف ابن زبیر) سے جا کر کہا لوگ یہ ذکر کر رہے ہیں کہ یہاں کہ شیعہ ابن صرد کے ساتھ مل کر آپ پر حملہ کرنا چاہتے ہیں اور ایک چھوٹا سا گروہ مختار کے

ساتھ بھی ہے۔لیکن یہ لوگ کہتے ہیں کہ مختار ابھی چڑھائی کا ارادہ نہیں رکھتا۔عبداللہ نے کہا ہمارے اوران کے درمیان خدا انصاف کرے اگر وہ ہم سے لڑے تو ہم بھی ان سے لڑیں گے اور اگر وہ ہم سے متعرض نہ ہوئے تو ہم بھی ان کے پیچھے نہیں پڑیں گے۔لیکن یہ تو بتاؤ کہ ان کا مطلب کیا ہے۔شیبانی نے کہا لوگوں میں چرچا ہے کہ وہ خون حسینؑ کا انتقام لینا چاہتے ہیں اس نے کہا حسینؑ بن علیؑ کو میں نے قتل نہیں کیا ہے جس نے ان کو قتل کیا ہے اس پر خدا لعنت کرے۔شیبانی نے کہا کہ سلیمان بن صرد اوران کے ساتھ کوفہ پر قبضہ کرنا چاہتے ہیں۔

عبداللہ بن یزید کا اہل کوفہ سے خطاب

عبداللہ یہ سن کر گھر سے نکلا اور منبر پر جا کر اس نے حمد وثنا کے بعد کہ، مجھے یہ اطلاع ملی ہے کہ اہل شہر ایک گروہ نے ہم پر خروج کا ارادہ کیا ہے میں نے پوچھا کہ وہ آخر چاہتے کیا ہیں معلوم ہوا کہ وہ حسینؑ بن علیؑ کے خون کا بدلہ لینا چاہتے ہیں۔خدا ان لوگوں پر اپنی رحمت نازل کرے۔بخدا مجھے ان لوگوں کے گھروں کا پتہ بتایا گیا۔مجھ سے یہ کہا گیا کہ میں ان لوگوں کو گرفتار کرلوں۔مجھے یہ مشورہ دیا گیا کہ ان کے خروج سے پہلے میں ان سے جنگ کی ابتداء کردوں۔لیکن میں اس بات کو نہیں مانا اور کہہ دیا کہ وہ مجھ سے لڑیں گے تو میں ان سے لڑوں گا اور اگر وہ مجھ سے تعرض نہیں کریں گے تو میں بھی ان کے پیچھے نہیں پڑوں گا۔آخر وہ مجھ سے کیوں لڑنے لگے واللہ نہ میں نے حسینؑ کو قتل کیا ہے اور نہ ہی ان کے قاتلوں کے ساتھ شریک ہوا بلکہ ان کے قتل ہونے کا تو میں دکھ ہوا۔خدا ان پر رحمت نازل کرے ایسے لوگوں کیلئے امان ہے وہ علانیہ خروج کریں چلیں پھریں جس نے حسینؑ سے قتال کیا ہے۔اس سے لڑنے کو روانہ ہوں وہ بھی تو ان سے لڑنے کو آرہا ہے میں تو قاتل حسینؑ کے مقابلہ انہی لوگوں کی امداد کروں گا۔یہی ابن زیاد تو حسینؑ کا قاتل ہے اسی نے تمہارے اقران وامثال اور بہترین لوگوں کو قتل کیا ہے۔وہ تم سے لڑنے کیلئے چلا آرہا ہے جسر منبج سے ایک رات کی راہ پر ہے جو اس سے ملنا چاہے مل سکتا ہے اس سے لڑنا اور سامانِ جنگ کرنا اس بات سے افضل وبہتر ہے کہ تم لوگ آپس میں لڑمرو تم میں سے ایک ایک دوسرے کو قتل کرے اور ایک دوسرے کا خون بہائے اور پھر کل تمہارے دشمن تمہارے سر پر آجائے تو دیکھے کہ تمہارے قوت ٹوٹ گئی ہے اور واللہ یہی تمہارے دشمن کی آرزو ہے لو وہ تمہاری طرف آرہا ہے جو مخلوق خدا میں سے تمہارا زیادہ دشمن ہے یہ وہ شخص ہے کہ یہ اور اس کا باپ تم پر سات برس تک حکومت کرتے رہے ہیں پاک دامن اور اہل دین کے قتل کرنے سے یہ نہیں تھکتے تھے۔اس شخص نے تم لوگوں کو قتل کیا اسی کے سبب سے تم پر مصیبتیں نازل ہوئیں۔اسی نے انہیں بھی قتل کیا ہے جن کے خون کا تم بدلہ لینا چاہتے ہو لو وہ تمہارے سر پر آگیا ہے اب اپنی تمام قوت وشوکت کے ساتھ اس کا مقابلہ کرو۔تم اسی سے لڑو اپنے لوگوں سے لڑنے کا ارادہ نہ کرو۔میں نے تم سے کلمہ خیر کہنے میں دریغ نہیں کیا خدا ہمیں اور تمہیں دل دیک زبان رکھے اور ہمارے پیشواؤں کو نیکی عطا فرمائے

(اس تقریر کے سننے کے بعد اگر چہ ابراہیم بن محمد طلحہ نے اس کی مخالفت کی اور پھر مسیب نے ابراہیم کو ڈانٹا اور پھر عبداللہ نے ابراہیم کے گھر جا کر اسے بتایا کہ میرا مقصد یہ تھا کہ اختلاف وافتراق پیدا نہ ہو۔ اوران میں آپس ہی میں کشت وخون نہ ہو وابراہیم نے اس کے عذر کو قبول کرلیا۔ تاہم اس کا اثر یہ ہوا کہ اب) سلیمان بن صرد کے اصحاب علانیہ ہتھیار لے کر نکلنے لگے اور سامان جنگ اور ضرورت کی چیزیں ظاہر و بظاہر مہیا کرنے لگے۔

مختار ثقفی اور مسلم بن عقیل

جب حسینؑ نے مسلمؑ کو کوفہ بھیجا تو وہ مختار کے گھر میں ہی آ کر اترے تھے۔ مختار نے دیگر اہل کوفہ کے ساتھ مسلم سے بیعت کی تھی۔ ان کے ساتھ خیر خواہوں کی طرح پیش آئے اور جو لوگ ان کے کہنے میں تھے انہیں مسلم کی طرف دعوت دی جب مسلم نے خروج کیا تو مختار اپنے گاؤں لقفانامی میں تھے ظہر کے وقت انہیں مسلم کے خروج کی خبر پہنچی چونکہ مسلم نے اپنے اصحاب سے خروج کرنے کا جو دن مقرر کیا تھا۔ یہ وہ دن تھا بلکہ جب مسلم کو معلوم ہوا کہ ہانی کو مارا پیٹا اور قید کر دیا گیا ہے تو انہوں نے اسی وقت خروج کر دیا۔ مختار یہ سن کر اپنے موالیوں کو ساتھ لے کر چلے اور مغرب کے بعد باب الفیل تک پہنچے۔ ادھر ابن زیاد نے عمرو بن حریث لوگوں کا رئیس بنا کر ایک علم دیا تھا اور اسے حکم دیا تھا کہ وہ مسجد میں ٹھہرا رہے۔ مختار باب الفیل پر ٹھہر گئے تھے۔ ادھر سے ھانی بن وداعی کا گذر ہوا وہ مختار کو دیکھ کر کہنے لگا۔ یہاں تمہارے ٹھہرنے کی کیا وجہ ہے نہ تم لوگوں کے ساتھ ہو اور نہ ہی اپنے ٹھکانے پر ہو، مختار نے کہا تم لوگوں نے حظائے عظیم کی ہے اس لیے میری رائے مذبذب ہوگئی ہے۔

مختار اور ابن حریث

ھانی بن دادعی نے کہا واللہ آپ اپنی جان سے دشمنی کر رہے ہیں اور یہاں سے چل کر اپنی اور مختار کی گفتگو عمرو بن حریث سے کر دی۔ ابن حریث نے یہ سن کر عبدالرحمن ثقفی سے کہا اٹھ اپنے چچازاد کے پاس جا کر کہو کہ ابن عقیل کو تو یہ بھی معلوم نہیں کہ مختار کہاں میں وہ کیوں اپنی جان کے پیچھے پڑے ہیں۔ عبدالرحمان جانے کے جانے کے لیے اٹھا ہی تھا کہ زائدہ بن قدام نے بڑھ کر ابنِ حریث سے کہا کہ مختار تمہارے پاس اس شرط سے آئیں گے کہ ان کے لیے امان ہو۔ ابن حریث نے کہا میری طرف سے تو انہیں امان ہے بلکہ ابن زیاد تک بھی اگر کچھ خبر ان کی پہنچ گئی تو میں امیر کے سامنے ان کی طرف سے گواہی دوں گا اور اچھی طرح سفارش کروں گا۔ زائدہ نے کہا پھر تو ہر طرح سے خریت ہے۔ غرض عبدالرحمن اور زائدہ دونوں مختار کے پاس گئے۔ ان سے ھانی اور ابن حریث کی گفتگو کا ذکر کر کے کہا خدا کے لیے اپنے قتل کے درپے نہ ہوں۔

مختار کی گرفتاری

مختار بالآخر ابنِ حریث کے پاس چلے آئے اسے سلام کیا اور اس کے علم کے نیچے بیٹھ گئے۔صبح کو لوگوں میں مختار کی ان باتوں کا چرچا ہوا۔عمارہ بن عقبہ یہ حال سن کر ابن زیادہ کے پاس گیا اور اس سے سب حال سنا دیا۔دن چڑھا۔ابن زیاد کا دروازہ کھلا لوگوں کو آنے کا اذن ملا۔تو مختار بھی دوسروں کے ساتھ دربار میں داخل ہوئے۔ابن زیاد نے انہیں بلا کر کا تم ہی ایک مجمع ساتھ لے کر آئے تھے کہ ابن عقیل کی مدد کریں۔مختار نے کہا ایسا نہیں ہے بلکہ میں آیا اور ابن حریث کے علم کے نیچے اترا اور صبح تک انہیں کے ساتھ رہا۔ابن حریث نے بھی اس کی شہادت دی اور کہا خدا آپ کی اصلاح رکھے۔یہ سچ کہتا ہے۔ابن زیاد نے عصا اٹھا کر مختار کے منہ پر مارا کہ جس سے ان کی آنکھ کا پپوٹا پھٹ گیا اور کہا تمہارے حق میں یہ اچھا ہوا ابن حریث نے شہادت نہ دی ہوتی تو واللہ میں تیری گردن اڑا دیتا اب لے جاؤ اس کو قید خانہ میں، پولیس والوں نے انہیں لیجا کر قید خانہ میں ڈال دیا۔

مختار کیلئے عبداللہ بن عمر کی سفارش

امام حسینؑ کی شہادت تک یہ قید میں رہے اس کے بعد انہوں نے زائدہ سے کہا عبداللہ بن عمر کے پاس مدینہ میں جا کر اس سے کہو۔وہ ایک رقعہ یزید کے نام لکھ دے۔یزید ابنِ زیاد کو مختار کی رہائی کی لکھ بھیجے زائدہ وہاں سے روانہ ہوا عبداللہ بن عمر کے پاس آیا اور اسے مختار کا پیام دیا۔مختار کی بہن صفیہ ابنِ عمر کی بیوی تھیں وہ بھائی کے قید ہونے پر بہت روئیں ارجزع وفزع کی تو عبداللہ نے یزید کے نام ایک خط لکھ کر زائدہ کے ہاتھ روانہ کیا۔مضمون یہ تھا۔ابن زیاد نے مختار کو قید کر لیا ہے اور وہ میری بیوی کا بھائی ہے۔میں اس کی عافیت و بہبود چاہتا ہوں۔خدا ہم پر رحم کرے اور اگر مصلحت ہو تو ابن زیاد کو اپنا یہ حکم لکھ کر بھیجو کہ وہ اسے چھوڑ دے۔والسلام علیک۔زائدہ یہ خط لے کر اپنے ناقہ پر روانہ ہوا۔یزید کے پاس شام کو پہنچا۔یزید اس کا خط پڑھ کر ہنسا اور کہا ابو عبدالرحمن نے سفارش کی ہے اور وہ سفارش کر سکتے ہیں یہ کہہ کر ابن زیاد کو خط لکھا کہ میرا خط دیکھتے ہی مختار کو رہا کر دے۔والسلام۔زائیدہ یہ خط لے کر ابن زید کے پاس پہنچا۔ابن زیاد نے مختار کو زندان سے رہا کر دیا۔

مختار کی رہائی

مختار کو زندان سے نکلوا کر اپنے سامنے بلوایا ار کہا کہ تین دن کی مہلت دیتا ہوں اس کے بعد اگر تم کوفہ میں مل جاؤ گے تو تمہاری خیر نہیں۔مختار تو وہاں سے روانہ ہو گئے۔ابن زیاد کو اب خیال آیا کہ زائد نے بڑی گستاخی کی امیر المومنین کے پاس گیا اور جس شخص کو میں نے کیا میں ہے اور ابھی مزید قید رکھنا چاہتا ہوں اس کی رہائی کا پروانہ میرے پاس لے کر آئے جاؤ زائدہ کو پکڑ لاؤ۔عمرو بن نافع ابن زیاد کے منشی کا گزر زائدہ کی طرف سے ہوا تو اس

نے اس سے کہا۔ارے جان بچا کر بھاگ اور میرا یہ احسان ذرا یاد رکھنا۔ادھر لوگ زائدہ کو ڈھونڈتے پھرتے تھے۔وہ اس دن تو چھپا رہا۔پھر اپنی قوم کے کچھ لوگوں کو ساتھ لے کر قعقعاع زھلی اور مسلم باھلی کے پاس آیا اور ان دونوں نے ابن زیاد سے اس کے لیے امان لے لی۔

مختار ثقفی کا انتقام لینے کا عزم بالجزم: مختار کوفہ سے نکل کر حجاز آیا اور وہاں وافقہ میں ابن عرق سے ملا۔اس نے ان کا خیر مقدم کیا۔ان کی آنکھ دیکھ کر پوچھا کہ آپ کو کیا صدمہ پہنچا انہوں نے کہا اس حرامزادے نے ایک لکڑی ماردی جس سے یہ حالت ہوگئی۔ابن عرق نے کہا اس نے یہ کیا حرکت کی۔مختار نے کہا اگر میں اس کے ہاتھ پاؤں رگ دیا اور اس کے اعضا ٹکڑے ٹکڑے نہ کردوں تو خدا مجھے مارے۔اس نے کہا خدا آپ پر رحم کرے کیا یہ بات آپ نے سمجھ کر کہی ہے۔مختار نے کہا جو کچھ کہہ رہا ہوں اسے یاد رکھنا اور دیکھ لینا۔پھر ابنِ زبیر کے حالات پوچھے کہا اس نے بیت اللہ میں پناہ لے رکھی ہے کہتا ہے کہ رب کعبہ کی پناہ میں ہوں۔مگر چرچا یہ ہے کہ چھپ چھپ کے بیعت لیتا ہے میں تو یہ سمجھتا ہوں اگر اس کی شوکت و جمعیت بڑھ جائے تو وہ بھی مخالفت ظاہر کردے۔مختار نے کہا ہاں ہاں اس میں شک نہیں وہ آپ عرب میں ممتاز ہے اگر میرے نقشِ قدم پر چلے میری بات کو سنے تو میں اسے زحمت سے بچالوں اور اگر اس نے ایسا نہ کیا تو مجھے کوئی اور ممتاز عرب مل جائے گا اے ابن عرق فتنہ وفساد کے بادل گرج رہے ہیں وہ دیکھو جنگ برپا ہوئی اور شتر بے مہار کی طرح سب کو کچل ڈالا اور یکا یک تم دیکھ لوگے اور اس واقعہ کو سن لوگے جہاں میں نے ظہور کیا ہوگا اور لوگ کہتے ہوں گے کہ مختار مسلمانوں کی فوجوں کے ساتھ مظلوم کشتہ زمین حلف مسلمانوں کے سردار سید المرسلین کے نواسے حسینؑ بن علیؑ کے خون کا انتقام لینے کو اٹھا ہے اپنے پروردگار کی قسم میں ان کے انتقام لینے میں اتنے لوگوں کو قتل کروں گا جتنے حضرت یحییٰ بن ذکریاؑ کے انتقام میں قتل ہوئے تھے۔ابن عرق نے کہا یہ دوسری بات بھی جو آپ نے کہی بڑی عجیب معلوم ہوتی ہے کہا میں جو کہتا ہوں اسے یاد رکھنا اور دیکھ لینا۔یہ کہہ کر اس نے ناقہ روک کر اسے قسمیں دے کر واپس جانے کو کہا۔ابن عرق کہتا ہے میں نے ان کا ہاتھ پکڑ لیا سلام کیا اور رخصت ہو کر واپس آیا۔

ابن عرق کی مختار کے متعلق حجاج سے گفتگو: میں دل میں سوچتا تھا کہ یہ شخص کیا کہتا ہے کیا ایسی ہی ہوگا کیا اس کا دل یہ کہہ رہا ہے یہ تو ہو نہیں سکتا۔خدا نے تو علم غیب کسی کو نہیں دیا ہاں اس کا دل یہ چاہتا ہوگا۔ایسا ہو اس لیے وہ کہتا ہے یہ ہوگا اسی وجہ سے اس کے دماغ میں یہ بات جم گئی ہے واللہ اس کا یہ خیال ایک خواب پریشان ہے ہر دفعہ ایسا نہیں ہوسکتا کہ انسان جس امر کو کہہ دے کہ وہ ہونے والا ہے اور وہ ہو بھی جائے مگر بخدا میں نے اپنی زندگی ہی میں دیکھ لیا جو کچھ اس نے کہا تھا وہی ہوا واللہ یہ اسے الہام ہوا تھا تو وہ ثابت ہوگیا اور اگر اس کی تمنا تھی تو وہ پوری ہوگئی۔پھر میں نے حجاج بن یوسف کے زمانہ میں مختار کی انہی باتوں کا ذکر اس سے کیا تو وہ سن کر ہنسنے لگا۔پھر مجھ سے کہا یہ بھی تو وہ کہا کرتا تھا وجلہ پر اور اس کے گرد ایک تند و تیز آندھی جھاڑ و پھیر رہی ہے اور

تباہی کو پکار رہی ہے یہ بھی فتنہ وفساد اور کشت وخون کی پیشگوئی ہے ابن عرق نے حجاج سے پوچھا تم کیا سمجھتے ہو یہ باتیں وہ دل سے بتاتا تھا یا کچھ اندازے اور اٹکل پچو سے کہتا تھا یا اسے الہام ہوتا تھا حجاج نے کہا جو بات مجھ سے پوچھتے ہو واللہ میں خود اس میں پریشان ہوں کہ یہ کیا ماجرا ہے لیکن اتنا کہوں گا خدا اسے جزائے خیر دے کتنا بڑا دیندار جنگ جو اور نبرد آزما وہ شخص تھا۔

ابن زبیر اور مختار

عباس بن سہل کا بیان ہے کہ میں ابن زبیر کے ساتھ مکہ میں بیٹھا تھا۔ مختار وہاں آئے۔ ابن زبیر کو سلام کیا اس نے جواب سلام اور خیر مقدم کیا۔ جگہ دی کوفہ کے حالات پوچھے آخر میں مختار نے کہا تم کیا انتظار کر رہے ہو۔ ہاتھ بڑھاؤ میں تم سے بیعت کرتا ہوں اور ہمیں ایسا کچھ دو کہ ہم خوش ہو جائیں حجاز کو تم دبا بیٹھو وہ سب تمہارا ساتھ دیں گے۔ پھر مختار چلا گیا ایک سال تک اسے کسی نے نہیں دیکھا۔ ایک دن میں ابن زبیر کے پاس بیٹھا تھا اس نے مختار کے متعلق پوچھا میں نے کہا طائف کے کچھ لوگوں سے معلوم ہوا تھا کہ وہ طائف میں آیا اور وہ کہتا ہے میں صاحب غضب ہوں اور ظالموں کو تباہ کرنے والا ہوں۔ ابن زبیر نے کہا خدا اس پر لعنت کرے وہ بڑا جھوٹا ہے اور کاہن بنتا ہے خدا ظالموں کو ہلاک کرے گا تو مختار بھی انہی کے ساتھ ہلاک ہوگا۔ واللہ ابھی یہ گفتگو تمام ہوئی تھی کہ مسجد الحرام کی ایک جانب سے مختار دکھائی دیا۔ ابن زبیر نے مجھ سے کہا جس کا ذکر تم کر رہے تھے تو وہ سامنے موجود ہے۔ بتاؤ یہ کہاں جا رہا ہے میں نے کہا گمان غالب یہ ہے کہ وہ خانہ کعبہ کی طرف جائے گا۔ چنانچہ وہ کعبہ ہی کی طرف آیا حجر اسود کا سات دفعہ طواف کیا۔ پھر حجر کے پاس دو رکعت نماز پڑھی اور وہیں بیٹھا رہا زیادہ دیر نہ ہوئی تھی کہ طائف اور حجاز سے اس کے کچھ شناسا اس کے پاس آ بیٹھے۔ ابن زبیر منتظر رہا لیکن مختار اس کے پاس نہ آیا ابن زبیر نے کہا کیا یہ میرے پاس نہیں آئے گا میں نے کہا جو آپ چاہتے ہیں میں دریافت کئے لیتا ہوں۔ میں اس کے پاس انجانوں کی طرح گیا۔ پھر مڑ کر اسے ملا سلام کیا اس کا ہاتھ پکڑ کر پوچھا کہاں تھے۔ پھر راز و نیاز کے عنوان سے میں نے اس سے ابن زبیر کے متعلق باتیں کیں اور اسے عشا کی نماز کے بعد ابن زبیر سے ملاقات کے لیے تیار کیا۔ پھر ابن زبیر کے پاس جا کر میں نے وہ سب باتیں اس کو بتا دیں۔ پھر رات کو ہم دونوں ابن زبیر کے مکان پر آئے وہاں پہنچ کر میں نے کہا میں ہٹا جاتا ہوں تم دونوں تخلیہ میں باتیں کر لو دونوں نے کہا تم سے کسی بات پر پردہ نہیں۔ ابن زبیر نے مختار سے مصافحہ کیا خیر مقدم کیا اس کے متعلقین کا حال پوچھا پھر دونوں کچھ دیر خاموش رہے اس کے بعد مختار نے حمد وثناء کے بعد کہا کہ نہ زیادہ گفتگو کی ضرورت ہے اور نہ ہی مقصد سے کم کی دونوں بیکار ہیں۔ میں اس لیے تمہارے پاس آیا ہوں کہ تم سے اس شرط پر بیعت کروں کہ میرے مشورہ کے بغیر تم کوئی کام نہیں کرو گے اور سب سے پہلے اپنے پاس آنے کا وقت مجھے دیا کرو گے اور جب تم خود کو ظاہر کرو تو اپنے ہر

بڑے کام میں مجھے شریک رکھا کرو گے۔ابن زبیر نے کہا کہ میں تو کتاب اللہ اور سنت رسولؐ پر تم سے بیعت چاہتا ہوں۔مختار نے کہا میرا ادنیٰ سا غلام تمہیں ملے تو اس سے حد کتاب وسنت پر تم بیعت لینا۔تمہاری اس حکومت میں مجھ میں اور میرے غیر میں کیا امتیاز رہا واللہ میں تم سے ہرگز بیعت نہیں کروں گا۔

ابنِ زبیر اور مختار میں معاہدہ

عباس بن سہل نے جھک کر ابن زبیر کے کان میں کہا اس وقت تو اس کا دین خرید لو پھر جیسی رائے ہوئی ویسا کرنا اس پر ابن زبیر نے کہا اچھا جو تم کہتے ہو وہی سہی یہ کہہ کر ہاتھ بڑھایا اور مختار نے اس کی بیعت کر لی۔حصین بن نمیر نے جب شام سے آ کر مکہ کا محاصرہ کیا تو مختار اس معرکہ میں موجود تھا اور سب سے بڑھ کر اس نے میدانِ کارزار میں ثابت قدمی اور بہادری ظاہر کی جب یہ نوبت پہنچی تو منذر بن زبیر،مسور بن مخرمہ مصعب بن عبدالرحمن بن عوف قتل ہو گئے تو مختار نے پکار پکار کر کہا اے اہل شام میری طرف آؤ میری طرف آؤ میری طرف میں ابوعبید کا بیٹا ہوں میں کرار غیر فرار کا بیٹا ہوں۔میرے باپ دادا معرکہ میں دھنس جاتے اور کبھی قدم پیچھے نہیں ہٹاتے تھے غرض اس نے لوگوں کو بچا لیا اور بڑی بہادری سے لڑا۔

مختار کی کوفہ کی طرف روانگی

یزید کے ہلاک ہونے تک مختار ابن زبیر کے ساتھ رہا محاصرہ اٹھا تو اہل شام شام کی طرف واپس ہوئے۔ ماہ رمضان میں ھانی بن دادعی عمرہ کی نیت سے مکہ آیا۔مختار نے اس کوفہ کے حالات دریافت کئے (ھانی سے کچھ باتیں کیں) پھر اٹھ کھڑا ہوا اپنی سانڈنیوں پر سوار ہوا اور کوفہ کی طرف چل پڑا۔مختار جمعہ کے دن نہر حیرہ میں پہنچا وہاں اترا نہایا،ذرا سا تیل لگایا،کپڑے پہنے،عمامہ باندھا۔تلوار گلے میں لٹکائی۔پھر سانڈنی پر سوار ہو کر مسجد سکون اور میدان کندہ کی طرف آیا جن جن لوگوں کے پاس سے گذرتا السلام علیکم کہتا۔انہیں فتح ونصرت کی بشارت دیتا اور انہیں کہتا وہ دن آ گیا ہے جو تمہارا مقصود ہے (اکثر کوفہ کے محلوں سے گذرتا ہوا) مختار باب الفیل پر آیا۔سانڈنی کو بٹھایا اور مسجد کے اندر چلا گیا لوگوں نے اسے دیکھ کر کہا (مختار آ گئے مسجد کے ایک ستون کے ساتھ جمعہ اور عصر کے درمیان نماز پڑھتا رہا جماعت کے ساتھ نماز عصر پڑھ کر واپس ہوا۔یہ بھی روایت ہے کہ اس کا گذر محلہ ہمدان سے ہوا ور ابھی رختِ سفر پہنے ہوئے تھا کہ لوگوں سے کہا تمہیں بشارت ہو تمہارے پاس خوشخبری لے کر آیا ہوں جس سے تم خوش ہو جاؤ گے یہ کہہ کر چلا اور اپنے گھر میں اترا اسی گھر میں شیعہ مختار سے آمد ورفت رکھتے تھے۔

سلیمان بن صرد کا خروج اور مختار کی گرفتاری

سلیمان بن صرد نے جب خروج کیا اور وہ جزیرہ کی طرف روانہ ہوئے تو عمر بن سعد،شبث بن ربعی اور

یزید بن حارث نے عبداللہ بن یزید خطمی اور ابراہیم بن محمد بن حضرت طلحہ سے کہا کہ مختار تو ابن صرد سے بڑھ کر تمہارا مخالف ہے ابن صرد تو تمہارے دشمن سے لڑنے اور اس کا زور توڑنے کو شہر سے نکل گیا ہے۔لیکن مختار چاہتا ہے کہ تمہارے شہر میں بیٹھے بیٹھے تم پر حملہ کرے، چلو اٹھو اور اسے زنجیروں میں جکڑ لو اور جب تک لوگوں میں اطمینان کی فضا قائم نہ ہو جائے اسے زندان میں وائم الحسین کر دو۔لوگ اسے گرفتار کرنے کو چلے اور جاتے ہی یکا یک اس کے گھر کو گھیر لیا اور اسے باہر بلایا۔مختار نے اس انبوہ کو دیکھ کر کہا یہ کیا ماجرا ہے۔بخدا تمہیں کچھ بھی فائدہ نہیں ہوگا۔ابراہیم بن محمد بن طلحہ نے عبداللہ بن یزید (جو ابن زبیر کی طرف سے کوفہ کا گورنر تھا) سے کہا اسے رسی سے باندھ لو اور ننگے پاؤں دوڑاتے ہوئے چلو۔ابن یزید نے کہا سبحان اللہ میں کیوں اسے دوڑانے لگا اور کیوں ننگے پاؤں لے جانے لگا اس شخص نے نہ ہم سے عداوت ظاہر کی ہے اور نہ جنگ کی ہے۔تو پھر اس سے میں ایسا سلوک کیوں کروں۔ہم نے تو فقط بدگمانی کی بنا پر اسے گرفتار کر لیا ہے۔ابراہیم نے مختار سے کہا کجا تو کجا یہ ارادہ اے ابن ابی عبیدہ کجا تو اور کجا یہ باتیں جن کی خبر ہم لوگوں کو پہنچی ہے مختار نے کہا تم نے جو میری خبر سنی ہے وہ غلط ہے اس بات سے خدا مجھے محفوظ رکھے کہ میں بھی تمہارے باپ دادا کی طرح حق ناشناس کہلاؤں معلوم نہیں کہ مختار کی یہ بات ابراہیم نے سنی یا نہیں سنی مختار کی سواری کے لیے ایک سیاہی مائل خچر لے کر آئے ابراہیم نے کہا سے بیڑیاں ڈالنا چاہییں۔عبداللہ نے کہا اس کے لیے زندان خود ایک بیڑی ہے وہی کافی ہے۔زندان میں جو لوگ مختار کی ملاقات کے لیے آیا کرتے تھے وہ ان کے سامنے کہا کرتا تھا۔اس خدا کی قسم کھا کر کہتا ہوں جو دریاؤں، نخلستانوں ،درختوں، صحراؤں، پاک فرشتوں اور برگزیدہ پیغمبروں کا مالک ہے۔میں لچکتی ہوئی برچھیوں چمکتی ہوئی تلواروں سے ایسے مددگاروں کے جھرمٹ میں جن میں کوئی ناقص نہیں، جاہل نہیں، نکما نہیں، بدذات نہیں، سب ظالموں کو قتل کروں گا جب دین کے ستون کو قائم کر لوں گا اسلام کے رخنہ کو بند کر چکوں گا، مومنین کا دل ٹھنڈا کر لوں گا، نبیوں کا قصاص لے لوں گا پھر مجھے دنیا کو چھوڑنا ناگوار اور موت کی مجھے کوئی پرواہ نہیں ہوگی۔جب تک وہ زندان میں رہا۔اسی تقریر کو دہراتا رہا ابن صرد کے خروج کے بعد اپنے انصار کو شجاعت دلایا کرتا تھا۔

65ھ کے واقعات

توابین کا نخیلہ میں اجتماع

سلیمان نے جب روانگی کا ارادہ کیا تو اپنے اصحاب میں سے جو بزرگان قوم تھے ان کو بلا بھیجا جب وہ جمعہ ہوئے تو ربیع الآخر 65ھ کا چاند دیکھ کر وہ سب کو لے کر روانہ وہوئے وہ پہلے سے گروہ توابین کو اسی شب خروج کرنے کی اطلاع دے چکے تھے اور نخیلہ کو ہی لشکر گاہ مقرر کیا تھا۔ بن صرد نے یہاں آ کر تمام لشکر کو گھوم کر دیکھا لوگ انہیں کم معلوم ہوئے تو حکیم بن کندی اور ولید بن کنانی کے ساتھ تھوڑے تھوڑے سوار بھیج کر انہیں حکم دیا کہ تم دونوں شہر میں جا کر یا لثارات الحسینؑ (حسین کا انتقام لینے والو دوڑو) کہہ کر پکارو اور بڑی مسجد تک پکارتے ہوئے چلے جاؤ۔ یہ دونوں چلے گئے۔ اور جو حکم ملا تھا اسے بجالائے۔

انتقام حسینؑ کا نعرہ

مخلوق خدا میں سے سب سے پہلے جن لوگوں نے یا لثارات الحسین کا نعرہ بلند کیا وہ یہی دونوں شخص تھے ۔ جب یہ دونوں بنی کثیر کے محلہ میں پہنچے وہاں ان کی آواز ایک شخص نے سنی جس کا نام عبداللہ بن خازم تھا یہ ان لوگوں میں شامل نہیں تھا جو توابین کے ساتھ آمدورفت رکھتے تھے یا ان سے نصرت کا وعدہ کر چکے تھے لیکن وہ آواز سنتے ہی اٹھ کھڑا ہوا کپڑے پہنے، ہتھیار منگواتے اور گھوڑے پر زین رکھنے کا حکم دیا۔ سہلہ بنت سبزہ اس کی بیوی نہایت حسین وجمیل عورت تھی اور یہ بھی اس کو بہت چاہتا تھا۔ وہ کہنے لگی کیا تمہیں جنون تو نہیں ہوگیا وہ کہنے لگا مجھے جنون تو ہرگز نہیں ہوا مگر میں نے وہ آواز سنی ہے جو حق کی طرف بلا رہی ہے اب میں اس آواز کے ساتھ ہوں میں اس شخص کے خون کا انتقام لوں گا خواہ اس میں میری جان چلی جائے یا جو کچھ خدا کو میرے حق میں منظور ہے ہوجائے بیوی نے کہا اپنے اس بچہ کو کس کے سہارے چھوڑے جاتے ہو۔ جواب دیا خدائے وحدہٗ لاشریک کے حوالے کرتا ہوں۔ خدا اندا میں اپنی بیوی اور بچے کو تیرے سپرد کرتا ہوں تو ان کی حفاظت کرنا یہ کہہ کر گھر سے نکلا اور توبین کی جماعت سے جاملا۔

ابوعزہ قابضی

ابن صرک کے فرستادے شام کو کوفہ میں پکارتے پھرے رات گئے مسجد کی طرف آئے یہاں بہت سے لوگ نماز پڑھ رہے تھے انہوں نے یا لثارات الحسینؑ کا نعرہ بلند کیا ابوعزہ نے نعرہ سن کر پوچھا یہ لوگ کہاں جمع ہیں انہوں نے بتایا کہ نخیلہ میں۔ ابوعزہ قابضی وہاں سے نکل کر گھر آیا۔ ہتھیار لگائے، گھوڑا سوار ہونے

کے لیے منگوایا تو اس کی بیٹی ابن مرثد قابضی نے پوچھا بابا یہ کیا ماجرا ہے۔آپ نے ہتھیار لگائے اور تلوار باندھی ہے کہا بیٹا تمہارا باپ گناہ سے بھاگ کر اپنے پروردگار کی طرف جاتا ہے۔توابین میں جا کر شامل ہوگیا۔صبح کو ابن صرد نے رجسٹر منگوا کر دیکھا تو معلوم ہوا کہ سولہ ہزار نے بیعت کی ہوئی تھی۔ابن صرد نے کہا کہ سبحان اللہ سولہ ہزار میں سے صرف چار ہزار۔حمید بن مسلم نے کہا کہ مختار بخدا تمہاری طرف سے لوگوں کو توڑ رہا ہے۔تین دن پیشتر کی بات ہے مختار کے ہاں میں نے کچھ لوگوں کو کہتے سنا کہ ہماری جمعیت پوری دو ہزار ہوگئی ہے۔ابن صرد نے کہا اچھا یہی سہی پھر دس ہزار ایسے ہیں جو نہ ادھر گئے نہ ادھر آئے کیا وہ لوگ ایمان نہیں رکھتے،کیا وہ کدا سے نہیں ڈرتے،کیا وہ خدا کو بھول گئے اور جو عہدہ و پیمان ہم سے کیا تھا انہیں یاد نہیں رہا وہ تو کہتے تھے ہم ضرور جہاد اور نصرت کریں گے۔ابن صرد تین دن مزید نخیلہ میں رہے اور اپنے قابل وثوق لوگ ان کے پاس بھیجتے رہے جو عین وقت پر الگ ہوئے تھے کہ وہ انہیں خوف خدا دلائیں اور ان کے عہد و پیمان کا ذکر کریں اس طرح کی کوشش میں ایک ہزار آدمی اور آ کر شریک ہوتے تو مسیب نے ابن صرد سے کہا خدا آپ پر رحم کرے جو شخص مجبوراً آئے گا اس سے آپ کو کیا فائدہ آپ کے ساتھ مل کر صرف وہی لوگ جنگ کریں گے جو دل سے شریک ہوں آپ اپنے کام میں کسی کا انتظار نہ کریں۔

ابنِ صرد کا توابین سے خطاب

ابن صرد نے کہا بخدا کیا خوب بات تم نے کہی ہے یہ کہہ کر اٹھ کھڑے ہوئے اور ایک عربی کمان کا سہارا لیکر اس طرح خطاب کیا ایھا الناس جو لوگ رضائے خدا اور جزائے آخرت کے لیے شریک ہوئے ہیں وہ ہم میں سے ہیں۔ان پر خدا کی رحمت نازل ہو زندگی میں اور موت کے بعد بھی جو لوگ دنیا اور اسباب دنیا کی ہوس رکھتے ہیں وہ سن لیں کہ خوشنودی پروردگار کے علاوہ نہ ہمیں مال دنیا ملنے والا ہے اور نہ ہمارے پاس سیم وزر اور نہ خز وحریر فقط ہمارے کندھوں پر تلواریں ہیں ہمارے ہاتھوں میں سنانیں ہیں اور بس اتنا زادراہ ہے جس قدر کہ دشمن تک پہنچنے میں کفایت کرے تو جس کسی کا مقصد اس کے علاوہ ہو اسے ہمارے ساتھ نہیں آنا چاہیئے۔یہ سن کر صعیر مزنی اٹھ کھڑے ہوئے اور کہا خدا نے آپ کی ہدایت کی اور فیصلے کی بات آپ کو بتا دو۔قسم ہے خدائے واحدہ لاشریک کی جو لوگ دنیا کی ہوس اور طمع میں ہمارے شریک ہوئے ہیں ہمیں ان س خیر کی امید نہیں۔اے لوگو ہم اپنے گناہ سے توبہ کرنے اور پیغمبرؐ کے نواسے کا انتقام لینے کو نکلے ہیں۔نہ ہمارے پاس دنیا ہے نہ درہم،ہم تو تلواروں کی دھار اور برچھیوں کی نوکوں کے سامنے جا رہے ہیں ہر طرف سے لوگ پکارنے لگے۔ہم دنیا کے طالب نہیں ہیں اور نہ ہی دنیا کے لیے ہم نکلے ہیں۔

ابنِ زیاد پر حملے کا منصوبہ

عبداللہ بن نفیل نے پہلے یہ رائے دی کہ ابن زیاد پر حملہ کیا جائے پھر کہنے لگا ایک اور رائے ہے کہ جب خروج کا مقصد خون حسینؑ کا بدلہ ہے اور امام حسینؑ کے قاتل سب کوفہ میں موجود ہیں۔ عمر سعد کوفہ کے رؤسائے اور بزرگان قبیلہ ان کے قاتلوں میں سے ہیں۔ ان دشمنوں اور قاتلوں کو چھوڑ کر کہیں اور کیوں جائیں۔ لیکن ابن صرد نے کہا جس نے امام کو قتل کیا جس نے یہ کہا کہ میں انہیں امان نہیں دوں گا۔ جب تک گردن جھکا کر میرے حکم پر نہ چلیں وہ یہی فاسق عبیداللہ ہے اگر خدا نے اس پر غلبہ عطا کیا تو اس کے بعد جائیں گے ان کی کوئی حقیقت نہیں ہے لہذا اب خدا کا نام لے کر چل کھڑے ہوں چنانچہ سب لوگ روانہ ہونے پر آمادہ ہو گئے۔

سلیمان کا توابّین سے خطاب

اب سلیمان بن صرد خطبہ پڑھنے کو کھڑے ہوئے خدا کی حمد وثنا کی پھر کہا اے لوگو! خداوند عالم جانتا ہے کہ تم کسی نیت سے نکلے ہو اور کس بات کے طالب ہو۔ دنیا کا سودا اور ہے۔ آخرت کا اور جو آخرت کا سودا کرتا ہے وہ آخرت کی طرف دوڑتا ہے اور اس کے حاصل کرنے میں دم نہیں لیتا کسی قیمت پر اسے نہیں چھوڑتا رکوع وسجود وقیام وقعود میں ہمیشہ بسر کرتا ہے سیم وزر اور دنیا ولذات دنیا سے مطلب نہیں رکھتا جسے دنیا کا سودا ہے وہ دنیا ہی کی طرف منہ کے بل گرتا ہے اسی میں چرنا چگتا ہے کسی بھی قیمت پر اسے چھوڑنا نہیں چاہتا۔ خدا تم پر رحم فرمائے اس راہ میں راتیں نماز میں بسر کرو۔ ہر حال میں ذکر خدا کرتے رہو اور جو نیکی تم سے ہو سکے اس سے درگاہِ الٰہی میں تقرب حاصل کرو اور پھر اس ظالم دشمن سے جب مقابلہ ہو جائے تو جہاد کرو تم اپنے پروردگار سے جہاد ونماز سے بڑھ کر کسی عمل کو ذریعہ توسل نہیں بنا سکتے۔ جہاد تمام اعمال کی چوٹی ہے۔ خداوند کریم ہمیں تمہیں نیک بندوں اور جہاد کرنے والوں سو مصیبت میں ثابت قدم رہنے والوں میں شمار کرے ہم لوگ اس مقام سے انشاءاللہ تعالیٰ آج رات روانہ ہوں گے تم بھی روانہ ہونے پر مستعد اور تیار ہو جاؤ۔

توابین کی نخیلہ سے روانگی

پانچ ربیع الثانی 65ھ کو یہ لوگ رات کو روانہ ہوئے۔ سلیمان نے حکم دیا، کہ دیر اعور میں جا کر قیام کریں وہاں تک پہنچتے پہنچتے کچھ لوگ الگ ہو گئے یہاں سے روانہ ہو کر اقساس مالک پر جو فرات کے کنارے واقع ہے قیام کیا۔ لشکر کا جائزہ لیا تو معلوم ہوا ہزار آدمی کم ہو گئے۔ سلیمان نے کہا جو لوگ ساتھ چھوڑ گئے ان کا ساتھ رہنا مجھے گوارا نہیں تھا۔ ورنہ وہ تمہیں تباہی میں مبتلا کرتے حق تعالیٰ کو ان کا ساتھ آنا پسند تھا۔ لہذا انہیں باز رکھا یہ فضیلت اس نے تمہارے لیے مخصوص کی ہے اس کا شکر بجالاؤ۔

قبر امام حسینؑ پر توابین کی دعا

پھر اس منزل سے بھی رات کو یہ روانہ ہو کر صبح ہوتے ہی قبر امام حسینؑ پر پہنچے اور ایک رات دن وہیں قیام کیا آپ کے لیے استغفار کرتے اور آپ پر صلوات پڑھتے رہے، یہ لوگ جب قبر مطہر کے سامنے پہنچے تو ایک شور نالہ وزاری بلند ہوا ایسا گریہ وبکا کا دن کسی نے نہ دیکھا ہوگا۔ ہر شخص اس بات کی حسرت وآرزو کرتا کہ کاش آپ کے ساتھ شہید ہو گیا ہوتا۔ سلیمان نے یہ دعا کی خداوندا حسین شہید مہدی (ہدایت یافتہ) صدیق بن صدیق پر رحمت نازل فرما۔ خداوندا شاہد رہنا ہم سب ان کے دین پر ہیں ان کی راہ کے سالک ہیں، ان کے قاتلوں کے دشمن ہیں اور ان کے دوستوں کے خیر خواہ ہیں اور سب لوگ پکار پکار کر کہہ رہے تھے خداوندا ہم اپنے پیغمبرؐ کے فرزند کو چھوڑ کر بیٹھ گئے ہیں جو کچھ ہم کر بیٹھے اسے معاف کر دے اور ہماری توبہ قبول فرما تو رحیم وتواب ہے حسینؑ واصحاب حسین شہداء صدیقین پر اپنی رحمت نازل فرما۔ پروردگار تو گواہ رہنا کہ جس راہ پر وہ لوگ قتل ہوئے ہیں ہم بھی اسی راہ پر ہیں اگر تو ہمارے گناہ کو نہ بخشے اور ہم پر رحم نہ کرے تو ہم خاتب وخاسر اور نقصان میں رہیں گے۔ اور تباہ وبرباد ہو جائیں گے۔ اس وقت سے لیکر دوسرے دن کی صبح تک جبکہ انہوں نے صبح کی نماز پڑھی وہ آپ کے لیے اور آپ کے اصحاب کے لیے مسلسل نزولِ رحمت کی دعا کرتے رہے تضرع وزاری اور گریہ وبکا میں مصروف رہے۔ اس وقت ان کا جوش اور زیادہ ہو گیا جس وقت سلیمان نے گالی گلوچ کا حکم دیا۔ ہر شخص قبر حسینؑ پر الوداع کہنے کے لیے گیا ہر ایک قبر کے پاس آتا اور نزولِ رحمت ومغفرت کی دعا کرتا حجرِ اسود پر بھی اتنا ہجوم نہیں ہوتا جتنا آپ کی قبر پر تھا اور سلیمان آپ کی قبر پر کھڑے ہوئے تھے جو جو لوگ دعا واستغفار سے فارغ ہوتے سلیمان انہیں رحمکم اللہ (خدا تم پر رحمت نازل کرے) کہہ کر کہتے کہ جاؤ اور اپنے ساتھیوں سے مل جاؤ اسی طرح وہ کہتے رہے۔ یہاں تک کہ ان کی ساتھیوں میں سے فقط تیس آدمی وہ گئے۔ اب سلیمان نے ان کے ساتھ مل کر قبر کو گھیر لیا اور کہا شکر ہے اس پروردگار کا اگر منظور ہوتا تو حسینؑ کے ساتھ شہید ہونے کی فضیلت ہمیں عطا کرتا۔

توابین کی تقاریر

خداوندا جب ان کے ساتھ شہید ہونے سے ہمیں محروم رکھا تو ان کے بعد انکی راہ میں شہید ہونے سے محروم نہ رکھنا۔ عبداللہ بن وال نے کہا واللہ میرا عقیدہ یہ ہے کہ حسینؑ ان کے پدر بزرگوار اور بھائی امتِ محمدؐ میں قیامت کے دن اللہ کے ہاں بہت بڑا وسیلہ ہیں۔ تعجب ہوتا ہے کہ یہ امت ان حضرات کے بارے میں کیسی مبتلائے بلا ہوئی دو کو قتل کیا اور تیسرے سے قصاص لے کر دل ٹھنڈا کیا مسیب بن نجبہ نے کہا میں ان کے قاتلوں اور جو ان ظالموں جیسا اعتقاد رکھتا ہو سے بیزار ہوں میں ان سے لڑوں گا اور ان کے مقابلہ میں شمشیر زنی کروں گا۔ مثنی بن مجز یہ بھی رؤسا اور شرفاء میں سے تھا اس نے کہا جن حضرات کو تم ذکر کرتے ہو ان کو پیغمبرؐ سے جو

خصوصیت ہے اس اعتبار سے وہ پیغمبر کے بعد سب سے زیادہ افضل ہیں جن لوگوں نے ان کو قتل کیا ہم ان کے دشمن ہیں اور ان سے بیزار ہیں۔ ہم اپنے گھر اہل وعیال اور مال و دولت کو چھوڑ کر نکلے ہیں تا کہ ان کے قاتلوں کو فنا کر دیں۔ یہ جنگ ہمارے لیے بڑی دولت ہے اور یہی وہ شہادت ہے جس کا ثواب جنت ہے سب نے بہت فصیح وبلیغ تقریریں کیں۔ سلیمان بن صرد یہاں سے روانہ ہو کر حصاصہ میں آئے پھر انبار صدور اور پھر قیادہ میں اور ہراول دستہ پر کریب حمیری کو مقرر کیا۔

عبداللہ بن عوف کا رجز

یہ لوگ چلے جا رہے تھے کہ عبداللہ اپنے چار سالہ مکیت گھوڑے پر سوار بہت ہی چمک دمک کے ساتھ سامنے آیا وہ یہ رجز پڑھ رہا تھا۔ (ترجمہ) گھوڑوں کی کئی ٹکڑیاں چمک دمک دکھاتی ہو میں ہم تند مزاج بہادروں کو پیٹھ پر سوار کئے ہوئے نکلیں۔ ارادہ ہمارا یہ ہے کہ اسی طرح ظالم وغاشعار اور گمراہ دشمنوں سے مقابلہ کریں۔ ہم لوگ اہل وعیال اور مال فعال شرمگین حسین عورتوں کو ان کے عروسی کے حجلوں میں چھوڑ کر اس لیے نکلے ہیں کہ پروردگار منعم ومفضال کو خوش کریں۔

عبداللہ بن یزید کا خط اور اس کا جواب

عبداللہ بن یزید (ابن زبیر کی طرف سے گورنر کوفہ) نے سلیمان اور ان کے ساتھیوں کو خط لکھا کہ تمہاری تعداد کم ہے جب کہ دشمن کے پاس لشکر زیادہ ہے لہذا تم لوگ واپس آ جاؤ اور پھر ہم سب مل کر دشمن کا مقابلہ کریں گے۔ ابنِ صرد اور ان کے ساتھیوں کے سامنے جب یہ خط پڑھا گیا تو ابنِ صرد نے سب سے پوچھا کہو کیا رائے ہے انہوں نے جواب دیا آپ ہی بتائیں جب ہم اپنے شہر اور اہل وعیال میں تھے اس وقت تو ہم نے اس بات کو نہ مانا اب اسے کیونکر مان لیں۔ ہم نکل چکے ہیں جہاد پر آمادہ ہو چکے اور دشمن کی سرحد کے قریب آ چکے ہیں کہیے اب کیا ہو سکتا ہے۔ ابنِ صرد نے کہا واللہ یہ موقع کبھی تمہیں نہیں ملے گا۔ آج دو طرح کی فضیلتیں تمہارے سامنے ہیں۔ شہادت یا فتح جس حق بات پر خدا نے تمہیں آمادہ کر دیا ہے جس فضل کے تم طلبگار ہو اسے چھوڑ کر جانے کا مشورہ میں نہیں دوں گا۔ ہم میں اور ان لوگوں میں (عبداللہ بن یزید وغیرہ) بڑا اختلاف ہے یہ لوگ اگر غالب ہوں گے تو ابنِ زبیر کی طرف سے جنگ کرنے کو کہیں گے اور ابن زبیر کی طرف سے جنگ کرنے کو میں گمراہی سمجھتا ہوں۔ ہمیں اگر غلبہ ہوا تو اہل حق (اہل بیت رسالت) موجود ہیں ان کے ہاتھ میں حکومت دے دیں گے اور اگر ہم مارے گئے تو اپنے گناہوں کی توبہ کرنے کو ہم نکلے ہیں ہماری اور ان کی حالت مختلف ہے ہمارا اور ان کا حال وہ ہے جو بنی کنانہ کا شاعر کہتا ہے (ترجمہ شعر) تیری اور حالت ہے۔ میری اور حالت ہے۔ جب تو بدل گئی ہے اور حالتیں مختلف ہو گئی ہیں تو شکایت اور سرزنش کیوں کرتی ہے۔ مقام مصیت پر پہنچ کر سلیمان نے اس طرح

خط کا جواب لکھا۔بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔یہ خط امیر عبداللہ بن یزید کو سلیمان بن صرد اور ان مومنین کی طرف سے ہے جو اس کے ساتھ ہیں۔آپ کے خط کو پڑھا اور اس کا مطلب سمجھا بخدا آپ اچھے امیر اچھے حاکم اور اچھے رئیس قوم ہیں۔جس پر غیبت میں ہمیں اطمینان ہے جسے مشورہ میں ہم خیر اندیش سمجھتے ہیں ہر حالت میں ہم جس کی ستائش کرتے ہیں اللہ تعالیٰ اپنی کتاب میں فرماتا ہے (ترجمہ آیت) اللہ مومنین سے ان کی جان و مال کو خرید کرتا ہے اس قیمت پہ کہ ان کو بہشت ملے گی۔یہ لوگ راہ خدا میں قتال کرتے ہیں (کافروں) کو مارتے ہیں اور خود مارے جاتے ہیں یہ سچا وعدہ ہے تورات، انجیل اور قرآن میں جس کا پورا کرنا خدا پر ہے اور اپنے عہد کو پورا کرنے والا خدا سے بڑھ کر کون اور ہوسکتا ہے یہ خرید و فروخت کا معاملہ جو تم نے خدا سے کیا ہے اس پر خوش رہو۔یہی بہت بڑی کامیابی ہے۔توبہ وعبادت وحمد وسیاحت ورکوع وسجود وامر بالمعروف ونہی عن المنکر کرنے والے اور حدود خدا کی نگہبانی میں مصروف رہنے والے یہ لوگ ہیں اور اے پیغمبر مومنین کو بشارت دے۔اس قوم نے جس امر پر بیعت کی ہے انہیں اس کی بشارت ہوچکی ہے گناہ عظیم سے وہ توبہ کر چکے ہیں اب وہ خدا سے لو لگا چکے ہیں۔اس پر بھروسہ کر چکے اور جو اس کی مشیت ہے اس پر راضی ہو چکے ہیں۔خداوندا تجھ پر ہم بھروسہ کر چکے ہیں۔تیری طرف ہم آرہے ہیں۔اور تیری ہی طرف بازگشت ہے۔والسلام۔

عبداللہ بن یزید کی پیشگوئی

عبداللہ نے خط پڑھ کر کہا یہ لوگ مرنے ہی پر آمادہ ہیں۔پہلی خبر تم یہی سن لو گے کہ سب قتل ہو گئے۔واللہ یہ لوگ اسی طرح قتل ہوں گے جیسے بزرگان اسلام، قسم ہے اس خدا کی جو پروردگار عالم ہے۔دشمن ان کی جانبازی کو مان جائیں گے۔یہ کشتوں کے پشتے لگا دیں گے اور اس کے بعد قتل ہو جائیں گے۔

مسیب بن نجبہ اور زمر بن کلابی کی ملاقات

سلیمان بن صرد نے نہایت خوبی کے ساتھ لشکر ترتیب دیا۔قرقیسیا کے قریب پہنچ کر اترے۔زفر بن کلابی یہاں کا رئیس تھا۔اس نے بستی کے دروازے بند کر لیے تاکہ یہ آگے آنے نہ پائیں اور خود بھی ان کو ملنے باہر نہ آیا۔سلیمان نے مسیب سے کہا اپنے ابن عم کے پاس جاؤ اور کہو کہ ہم کو بازار کی چیزیں چاہییں ہیں وہ ہمیں بھیج دے ہم کو اس سے کوئی کام نہیں۔ہمارا ارادہ تو ان ظالموں سے لڑنے کا ہے۔مسیب ترقیسیا کے دروازے پر آئے اور کہا دروازہ کھولو کس لیے تم نے دروازہ بند کر لیا ہے انہوں نے پوچھا تم کون ہو کہا میں مسیب بن نجبہ ہوں یہ سن کر زفر کا بیٹا ہذیل اپنے باپ کے پاس آیا اور کہا کہ ایک خوش ہیئت شخص آپ کے پاس آنا چاہتا ہے ہم نے پوچھا تم کون ہو تو انہوں نے کہا مسیب بن نجبہ مجھے ان لوگوں کا کچھ علم نہیں ہوا اور کچھ نہیں سمجھا کہ یہ کون شخص ہے زفر نے کہا اے فرزند تو نہیں جانتا یہ کون ہیں یہ شخص شہسواروں میں ہے تمام بنی مضر کے شرفائے بنی مضر میں سے دس

شخصوں کا اگر نام لیا جائے گا تو ایک نام ان کا بھی ضرور ہوگا پھر زاہد و دیندار ہیں آنے دو انہیں مسیب جب آئے تو زفر نے انہیں اپنے پہلو میں بٹھالیا۔ بہت محبت سے حالات دریافت کئے مسیب نے کہا تم نے کس لیے شہر کے دروازے بند کئے ہیں۔ بخدا ہمیں تم سے کوئی مطلب نہیں بس اس لیے ہم تمہارے مزاحم ہوئے کہ ان ظالموں اور بے ادبوں کے مقابلے میں تم ہماری اعانت کرو بازار کی جو چیزیں ضرورت کی ہیں وہ ہمیں دے دو، ہم تمہاری حدود میں زیادہ دیر نہیں ٹھہریں گے۔ ایک دن یا اس سے بھی کم رہنا ہے۔

زفر بن کلابی کی پیشکش

زفر نے کہا میں نے شہر کے دروازے اس لیے بند کئے تھے کہ اتنا معلوم ہو جائے کہ تم لوگ ہم سے متعرض ہونے کو آئے ہو یا کسی اور سے واللہ جب تک ایسی ہی مجبوری نہ ہو ہم کسی سے لڑنے سے عاجز نہیں ہیں۔ لیکن تمہارے ساتھ جنگ وجدال میں مبتلا ہونا ہمیں گوارا نہیں۔ تم لوگوں کی صلاح وتقویٰ اور سیرِ حسنہ کا حال میں سن چکا ہوں۔ یہ کہہ کر اپنے بیٹے کو پکارا اسے حکم دیا کہ بازار کی چیزیں ان کو منگو دو۔ ہزار درہم اور ایک گھوڑا مسیب کو عطا کیا۔ مسیب نے کہا دینار درہم کی تو ہمیں حاجت نہیں واللہ نہ ہم لوگ اس لیے نکلے ہیں نہ ہی اس کے طلبگار ہیں ہاں گھوڑے کو میں نے قبول کیا شاید میرا گھوڑا نہ چل سکے یا میری سواری یہی رہ جائے تو اس کی مجھے ضرورت ہوگی۔

زفر کی مہمان نوازی

مسیب گھوڑے کو لیے ہوئے اپنے اصحاب میں آئے اور بازار کی چیزیں بھی آئیں خرید وفروخت ہوئی بازار طعام کثیر اور دانہ گھاس کے علاوہ زفر نے بیس اونٹ مسیب کو اور بیس سلیمان کو بھیجے اور اپنے بیٹے کو حکم دیا کہ دریافت کرو اور کون کون سے رؤساء لشکر ہیں چنانچہ ان کے لیے بھی دس دس اونٹ اور گھوڑوں کا چارہ بافراط اور طعام بھیجا۔ لشکر کے لیے اناج سے لدے ہوئے اونٹ افراط سے جو روانہ کئے۔ زفر نے کے غلاموں نے کہا ان اونٹوں میں سے جتنے اونٹ چاہو نحر کرلو اور آٹا بھی موجود ہے جتنا تم سے اٹھایا جا سکے لے لو۔ اس دن یہ لوگ آسودہ ہو گئے۔

توابین کو قرقیسیا میں قیام کی پیشکش

اس کے دوسرے دن وہاں سے روانہ ہوئے تو زفر نے کہلا بھیجا میں بھی آتا ہوں تھوڑی دور تمہاری مشایعت کروں گا۔ اچھی طرح تربیت لشکر کر کے روانہ ہوئے زفر آیا ان کے ساتھ ساتھ چلا۔ سلیمان سے کہا امراء میں سے پانچ شخص رقعہ سے روانہ ہو چکے ہیں۔ حصین بن نمیر، شرجیل ذوالکلاع، ادھم باھلی اور اس کا بیٹا ابو مالک ربیعہ غنوی اور جبلہ خشعمی اور ایک جنگل کا جنگل لشکر چلا آتا ہے بہت لوگ ہیں اور بڑی شان وشوکت ہے جو لوگ

آپ کے ساتھ ہیں ایسی مقبول شکل وشمائل اور ساز وسامان والے نیک بندے میرے دیکھنے میں بہت کم آئے ہیں لیکن مجھے خبر ملی ہے کہ جو لوگ آپ کے مقابلہ میں آرہے ہیں۔ان کا شمار نہیں ہوسکتا۔ابنِ صرد نے کہا ہم نے اللہ پر بھروسہ کیا ہے اور جو کوئی بھروسہ کرے چاہیئے کہ وہ اسی پر ہی بھروسہ کرے زفر نے مزید نصیحت اور خیر خواہی کی باتیں کیں۔پھر وہاں ٹھہر کر زفر نے سب کو رخصت کیا اور خدا سے دعا کی کہ وہ ان کا حافظ و مددگار رہے۔سب نے اس کی ستائش کی اور اسے دعائیں دیں۔سلیمان نے کہا آپ کیا ہی اچھے مہمان نواز ہیں ہم لوگوں کے اتر پڑنے کا احترام کیا ضیافت میں اہتمام کیا۔مشورہ میں خیر خواہی کی اس کے بعد سب جلد جلد قدم اٹھاتے ہوئے روانہ ہوئے دو دو منزل کی ایک منزل کرتے جاتے تھے مقام ساع پر پہنچ کر سلیمان نے زفر کے مشورہ پر رسالوں کو مرتب کیا یہاں سے روانہ ہو کر دشمنوں سے پیشتر عین الوردہ پر سب لوگ پہنچ گئے۔گھوڑوں کو بھی آرام ملا اس کے بعد اہلِ شام کو لشکر یہاں سے ایک دن کی راہ پر آ گیا تو سلیمان نے خطبہ پڑھا۔

سلیمان بن صرد کا خطبۂ جہاد

حمد باری تعالیٰ میں بہت طول دیا۔پھر ثنائے الٰہی دیر تک بیان کی۔پھر آسمان زمین اور کوہ و دریا میں جو خدا کی نشانیاں پائی جاتی ہیں ان کو بیان کیا اس کے بعد خدا کی نعمتوں کا ذکر کیا۔دنیا سے نفرت اور آخرت سے رغبت ظاہر کی اس بیان میں اتنا طول دیا۔راوی کو یاد رکھنا دشوار ہو گیا۔پھر کہا خدا تمہارے اس دشمن کو تمہارے پاس لے آیا جس کے لیے رات دن تم سرگرم سیر تھے تم توبہ النصوح اور ملاقات باری تعالیٰ کا ارادہ عذر گناہ کے لیے رکھتے ہو وہ لوگ تمہارے پاس آ گئے بلکہ تم خود ہی ان کے پاس ان کے گھر اور ان کی سرحد پر چڑھ آئے اب ان سے مقابلہ کے وقت اپنی ثابت قدمی دکھا دو۔دیکھو دشمن کے سامنے سے کوئی منہ نہ پھیرے ہاں حملہ کرنے کے ارادہ سے یا اپنی اس جماعت میں واپس آنے کے لیے منہ پھیرے تو پھیرے کسی بھاگنے والے یا زخمی کو قتل نہ کرو جو اسیر و قیدی مسلمان ہو اسے بھی قتل نہ کرو۔ہاں اگر اسیر ہو کر بھی وہ تم سے قتال کرے یا وہ شخص ہمارے برادران مومنین رحمۃ اللہ علیہم کے قاتلوں میں سے ہو جو کربلا میں قتل و شہید ہوئے ہیں تو اسے قتل کرو۔امیر المومنین علی بن ابی طالبؑ کی مسلمانوں کے ساتھ یہی سیرت تھی۔

جیش مسیت کی روانگی

اس کے بعد سلیمان نے کہا میں قتل ہو جاؤں تو مسیب سب کے امیر ہیں مسیب بھی کام آ جائیں تو عبداللہ بن سعد ان کے بعد عبداللہ بن وال ان کے بعد رفاعہ سب کے رئیس ہوں گے۔خدا اس شخص پر رحمت نازل کرے جو اپنے عہد پر جو خدا سے اس نے کیا ہے قائم رہے اور اسے سچ کر کے دکھا دے۔پھر مسیب کو چار سو سواروں کے ساتھ یہ حکم دیکر روانہ کیا جاؤ اور دشمن کا پہلا لشکر جو تمہیں ملے اسے تاراج و تباہ کر دو اگر تمہاری مرضی کے موافق نتیجہ

ہوتو خیر ورنہ اپنے لشکر میں پلٹ آنا دیکھو کسی جگہ نہ تم اترنا نہ ہی اپنے ساتھیوں میں سے کسی کو اترنے دینا اور نہ کسی کو آگے بڑھ آنے دینا ہاں اگر ایسی کوئی مجبوری ہو جائے تو کوئی مضائقہ نہیں۔

مسیب کا ابنِ ذوالکلاع پر حملہ

(ایک اعرابی سے مسیب کو معلوم ہوا) کہ ابن ذوالکلاع کا لشکر ایک میل کے فاصلہ پر پہنچ گیا ہے۔ یہ سن کر سب لوگ ابنِ ذوالکلاع پر حملہ کرنے کے لیے تیزی کے ساتھ روانہ ہوئے ان کو خبر بھی نہ آئی۔ یہ اچانک جا پہنچے اور لشکر کے ایک پہلو پر حملہ کر دیا تو وہ زیادہ دیر تک نہ لڑ سکے اور بھاگ کھڑے ہوئے۔ انہوں نے بہت سے لوگوں کو قتل کیا بہت سے زخمی ہوئے اور کافی تعداد میں چوپائے ان کے ہاتھ آئے۔ اہل شام لشکر گاہ کو چھوڑ کر فرار ہو گئے۔ جو جو چیزیں بآسانی یہ اٹھا سکتے تھے وہ اٹھالیں۔ اب مسیب نے واپس لوٹنے کی ندا دی۔ کہا تم نے فتح حاصل کی مال غنیمت حاصل کیا صحیح وسالم رہے بس اب پلٹ چلو غرض یہ سب پلٹ کر سلیمان کے پاس آ گئے۔

حصین بن نمیر کی روانگی

ابن زیاد کو یہ خبر ملی تو اس نے فوراً حصین بن نمیر کو روانہ کیا وہ بارہ ہزار کا لشکر لے کر مقابلہ میں آیا۔ جمادی الاولیٰ کی بائیسویں تاریخ بدھ کے دن دونوں لشکروں میں صف بندی ہوئی۔ سلیمان نے اپنے میمنہ پر عبداللہ بن سعد کو میسرہ پر مسیب کو مقرر کیا اور قلب لشکر میں وہ خود رہے حصین نے قریب آ کر سلیمان اور ان کے اصحاب کو عبدالملک بن مروان کی اطاعت اختیار کرنے کی دعوت دی اس پر ان لوگوں نے ان سے یہ خواہش کی کہ ابن زیاد کو ہمارے حوالے کر دو۔ ہم اسے اپنے بعض برادران ایمانی کے قصاص میں قتل کر دیں۔ عبدالملک کو معزول کر دو اور ابن زبیر کے لوگوں کو ہمارے شہروں سے نکال دو۔ ہم اپنے پیغمبرؐ کے اہلِ بیت کی طرف خلافت کو منتقل کریں گے۔ کیونکہ نعمت وکرامت ہمیں اسی گھر سے حاصل ہوئی ہے۔

معرکہ عین الوردہ

انہوں نے ان کی بات نہ سنی اور انہوں نے ان کا کہنا نہ مانا۔ لڑائی شروع ہو گئی۔ سلیمان کے میمنہ نے شامیوں کے میسرہ پر حملہ کر کے انہیں شکست دے دی۔ میسرہ نے ان کے میمنہ پر حملہ کر دیا اور سلیمان نے قلب لشکر کے ساتھ ساری فوج پر حملہ کر دیا۔ شامیوں کو شکست پر شکست ہوئی اور وہ مجبور ہو کر اپنی لشکر گاہ میں واپس ہوئے تاریکی شب تک اہلِ عراق برابر ظفر مند رہے اور شامیوں کو ان کی لشکر گاہ تک پسپا کر کے اپنے لشکر میں واپس آئے۔

ابن ذوالکلاع کی کمک

صبح کو ابنِ ذوالکلاع آٹھ ہزار کا لشکر لے کر شامیوں کی کمک کے لیے پہنچا تو ابین اس دن اس طرح لڑے کہ پیر و جوان میں سے کسی نے ایسی جنگ نہ دیکھی ہوگی نماز کے علاوہ سارا دن ذرا بھر دم نہیں لیا۔ شام کو لڑائی موقوف ہوئی اور دونوں لشکروں میں بہت سے جنگجو زخمی ہو گئے تھے۔ سلیمان کے لشکر میں تین شخص کڑ کیت اور بڑے خوش بیان تھے۔ رفاعہ بجلی، صحیر مری او ابوالحویریہ عبدی رفاعہ برابر میمنہ کو جہاد کی ترغیب دیتے رہے ابوالجویریہ دوسرے دن کی لڑائی میں دن چڑھے تک زخمی ہو گئے اور اپنے بستر پر چلے آئے تھے۔ صحیر تمام رات لشکر میں گشت کرتے رہے اور سب سے کہتے تھے اے بندگانِ خدا کرامت و رضوان الٰہی کی تم کو بشارت ہو۔ اب اپنے دوستوں سے ملنے میں جنت کے داخل ہونے میں دنیا کی اذیتوں سے راحت پانے میں اتنی سی بار رہ گئی ہے کہ اس حریص و کمینے نفس امارہ سے جدائی حاصل ہو جائے۔ بخدا جو شخص اس بات کو جانتا ہے وہ اس سے جدائی پر خوشی خوشی آمادہ ہوگا اور اپنے پروردگار کی ملاقات سے مسرور ہوگا۔

توابین کا جذبۂ شہادت

اسی حالت میں صبح کو ادھم باھلی دس ہزار کا لشکر لے کر وارد ہوا اور اسی وقت سے ہنگامہ کارزار گرم ہو گیا۔ یہ جنگ کا تیسرا دن روزہ جمعہ تھا دن چڑھے تک سخت جنگ ہوتی رہی اس کے بعد اہل شام ہر طرف سے توابین پر ٹوٹ پڑے۔ سلیمان نے جو اپنے اصحاب کو اس مصیبت میں دیکھا تو گھوڑے سے اتر پڑے اور پکار کر کہا اے بندگانِ خدا جسے اپنے پروردگار سے ملاقات کرنا ہے اپنے گناہ سے توبہ کرنا اور اپنے عہد و پیمان کو پورا کرنا مقصد ہے وہ میرے ساتھ آئے یہ کہہ کر تلوار کا میان توڑ ڈالا اور بھی بہت سے لوگ ان کی آواز پر میدان میں کود پڑے۔ انہوں نے بھی اپنی تلواروں کی میانین توڑ توڑ کر پھینک دیا اور یہ سب لوگ سلیمان کے ساتھ پیدل چل پڑے ان کے گھوڑے لشکر میں سے ہوتے ہوئے کسی طرف نکل گئے۔

سلیمان اور مسیب کی شہادت

اب ان لوگوں نے ایسی شمشیر زنی کی کہ اور بھی سب لوگ تلواریں سونت کر گھوڑوں سے کود پڑے کاٹھیوں کو توڑ توڑ کر پھینک دیا۔ سواروں نے سواروں پر حملہ کیا۔ تلوار چلی اہل شام میں کشتوں کے پشتے لگا دیئے اور بہت سے شامیوں کو زخمی کر دیا۔ حصین نے ان کے ثبات قدم اور ان کی سطوت کو دیکھ کر پیادوں کو بھیجا کہ ان کو تیروں کا نشانہ بنائیں۔ اب سواروں اور پیادوں نے ان کو ہر طرف سے گھیر لیا۔ اسی حالت میں سلیمان بن صردؓ شہید ہو گئے۔ ان کو یزید بن حصین نے تیر مارا وہ تیر کھا کر گرے پھر اٹھے حملہ کیا پھر گر گئے اور ان کے بعد مسیب

نے علم اٹھالیا سلیمان سے خطاب کر کے کہا خدا کی رحمت ہو آپ پر آپ نے جو کہا وہ کر دکھایا اور جو کام آپ کے ذمہ تھا اس کو پورا کیا اب ہمارے ذمہ جو کام ہے وہ باقی ہے۔ یہ کہہ کر مسیب نے علم لے کر حملہ کیا اور ایک گھنٹہ تک لڑتے رہے اس کے بعد واپس آئے پھر حملہ کیا دوبارہ واپس آئے اسی طرح بہت دفعہ حملہ کر کے واپس آئے اور بالآخر شہید ہو گئے۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

مسیب کی شجاعت

فردہ لقیط نے مسیب کے غلام کو شبیب بن یزید خارجی کے ساتھ مدائن میں دیکھا باتوں باتوں میں عین الوردہ کے لوگوں کا ذکر چھڑ گیا تو اس شیخ نے کہا۔ بخدا مسیب اور ان کے ساتھ والوں سے بڑھ کر میں نے کسی کو شجاع نہیں دیکھا۔ عین الوردہ کی جنگ میں میں ندے مسیب کو دیکھا کہ وہ اس زور سے جنگ کر رہے تھے کہ میرے وہم وگمان میں بھی یہ بات نہیں آتی تھی کہ کوئی شخص تنہا اس طرح سے جنگ کرے گا اور اس طرح دشمنوں کو تباہ و برباد کر سکے گا۔ بہت سے لوگوں کو انہوں نے ہلاک کیا وہ اپنے شہید ہونے سے پہلے یہ اشعار پڑھتے جاتے تھے (ترجمہ اشعار) وہ پریشان زلفوں والی، وہ گورے گورے شکم اور پسلیوں والی اب تو جان گئی میں روز نبرد وآدرو، میں شیر سے بڑھ کر دلیر اور متواتر حملے کرنے والا ہوں میں اپنے حریف کے ٹکڑے اڑا دیتا ہوں اور میرے قریب کسی کو آنے کی جرات نہیں ہوتی۔

عبداللہ بن سعد کی علمداری

مسیب کے شہید ہونے کے بعد عبداللہ بن سعدؒ نے لشکر کا علم اٹھایا اور کہا میرے دونوں بھائیوؑ (ترجمہ آیت) ''کوئی اپنی جان دے چکا اور کوئی انتظار کر رہا ہے۔ ان لوگوں نے کسی طرح کی تبدیل وتحریف نہیں کی۔'' اس آیت کو پڑھ کر بنی ازد کے جو لوگ ان کے ساتھ تھے انہیں لے کر قتال پر آمادہ ہوئے بنی ازد علم کو گھیرے ہوئے تھے اسی حالت میں تین سوار وارد ہوئے (۱) عبداللہ طائی (۲) کثیر مزنی اور سعر حنفی یہ تینوں سوار سعد بن حذیفہ بن یمان کے ساتھ ان ایک سو ستر اشخاص میں شامل تھے جو اہلِ مدائن کے شیعہ تھے۔

توابین مدائن وبصرہ کی روانگی

سعد نے مدائن سے روانگی کے دن ان تین سواروں کو سم ترشے ہوئے رہوار اور ڈیل چھریرے کٹے ہوئے گھوڑوں پر روانہ کیا تھا کہ جاؤ اور ہمارے بھائیوں کو ہماری روانگی کی خوشخبری دو تا کہ ان کے دل قوی ہو جائیں اور انہیں یہ خبر بھی دو کہ بصرہ سے تین سو مجاہد مثنیٰ عبدی کے ساتھ تمہاری کمک کے لیے نکل چکے ہیں۔ سعد مدائن سے جب روانہ ہوئے تو اس وقت مثنیٰ کے ساتھ بصرہ والے مومنین نکل چکے تھے۔ سعد کے نکلنے کے پانچ دن بعد بصرہ والے

بہرسیر تک پہنچ گئے تھے اور یہ خبر سعد کو پہلے سے معلوم ہوگئی تھی کہ مثنیٰ کے ساتھ بصرہ کے لوگ آرہے ہیں۔

کثیر مزنی کی شہادت

غرض وہ تینوں سوار جب میدان کارزار میں پہنچے تو یہ مژدہ انہوں نے دیا کہ مدائن اور بصرہ سے تمہارے بھائی تمہاری نصرت کے لیے آرہے ہیں۔عبداللہ بن سعد نے کہا کاش ہماری زندگی میں یہاں تک پہنچ گئے ہوتے تو پھر یہ لوگ بھی شریک ہوکر اطمینان سے لڑتے اور میدان کارزار میں مزنی شہید ہوگئے اور حنفی کو برچھی لگ گئی لوگ انہیں اٹھا کر لے گئے تو وہ بچ گئے۔طائی کو برچھی لگی۔اور ناک پر بھی زخم لگا۔

عبداللہ بن سعد کی شہادت

اہلِ شام کی طرف سے ربیعہ بن مخارق نے بہت شدید حملہ کیا اور توابین نے بھی سخت جنگ کی۔اس کے بعد ربیعہ اور عبداللہ میں تلوار چل گئی مگر دونوں کے وار ایک دوسرے پر کاری نہ ہوئے پھر یہ دونوں ایک دوسرے سے لپٹ گئے اور زمین پر آرہے پھر اٹھے اور ڈگمگا گئے۔ربیعہ کے بھتیجے نے عبداللہ کی ہنسلی پر برچھی مار کر انہیں شہید کر دیا اور عبداللہ بن عوف نے ربیعہ کو برچھی مار کر گراں زخم کاری نہیں تھا۔لہذا یہ پھر اٹھا۔ابن عوف نے دوبارہ اس پر حملہ کیا ربیعہ کے ساتھیوں نے برچھی کا وار کر کے ابن عوف کو گرا لیا اور ربیعہ کو بچا کر لے گئے۔

خالد بن سعد کی شہادت

خالد بن سعد نے اپنے بھائی کے قاتل کے سر پر دوڑ کر تلوار کا وار کیا۔تو حریف اس لپٹ گیا اور خالد زمین پر گر پڑا۔دونوں لشکروں کے لوگ دوڑ پڑے چونکہ شامیوں کی کثرت اور توابین میں قلت تھی لہذا شامی کو بچا لے گئے اور خالد کو شہید کر دیا اور اب علم کے پاس کوئی نہ رہا۔

علمبردار عبداللہ بن وال

یہاں کے بہت سے شہسوار میدان میں کام آگئے تو انہوں نے عبداللہ بن وال کو پکارا انہیں اور ان کے ساتھیوں کو شامی ادھر آنے سے روکے ہوئے تھے۔یہ دیکھ کر رفاعہ بن شداد نے حملہ کر کے شامیوں کو منتشر کر دیا اور اب ابن وال علم کی طرف بڑھے۔دیکھا کہ عبداللہ بن خازم علم کو لیے ہوئے ہیں ابن وال کو دیکھ کر ابن خازم نے کہا اپنا علم مجھ سے لے لو۔ابن وال نے کہا خدا کی رحمت تم پر ہو تمہیں لیے رہو جو تمہارا حال ہے وہی میرا ہے۔اس نے کہا نہیں آپ علم لیں اور مجھے جہاد کرنے دیں انہوں نے کہا تم جس حالت میں ہو یہ بھی جہاد اور ثواب کا کام ہے اب دوسرے لوگوں نے بھی ابن خازم سے کہا امیر کی اطاعت

کرو۔خدا تم پر رحمت کرے۔یہ سن کر ابن خازم کچھ دیر تک علم کو سنبھالے رہے۔

عبداللہ بن وال کا شدید حملہ

پھر ابن وال نے اس سے علم لے لیا اور توابین سے عصر کے وقت مخاطب ہو کر کہا جو ایسی زندگی چاہتا ہے جس کے بعد موت نہیں۔جو ایسی راحت کا خواہاں ہے جس کے بعد کوئی تکلیف نہیں۔جو اس خوشی کا خواستگار ہو کہ جس کے بعد کوئی غم نہیں اسے چاہیئے۔ان بے ادبوں سے جہاد کرنے میں اپنے پروردگار کا تقرب حاصل کرے۔بھائیو تم پر اللہ کی رحمت ہو شام ہم کی بہشت میں ہوگی۔یہ کہہ کر اپنے اصحاب کے ساتھ لشکر شام پر حملہ کیا بہت سے شامیوں کو قتل کیا بڑی دور تک شام کے لشکر کو پسپا کر دیا،اہلِ شام پہلے بھاگے اور پھر بڑا سا ہجوم ساتھ لیکر پلٹ آئے اور ہر طرف سے توابین کو دباتے ہوئے اس مقام پر لے گئے جہاں یہ لوگ حملہ آور ہونے سے پیشتر ٹھہرے ہوئے تھے۔یہ ایسا مقام تھا جہاں صرف ایک رخ سے حملہ ہو سکتا تھا۔

ادھم باہلی کا عبداللہ وال پر حملہ

شام کے وقت ادھم باھلی توابین سے قتال کرنے پر آمادہ ہوا بہت سے سوار اور پیادوں کو لے کر ان پر حملہ کر دیا۔عبداللہ بن وال اس جنگ میں شہید ہو گئے ادھم نے ہی انہیں شہید کیا وہ حجاج کے زمانہ میں ذکر کیا کرتا تھا کہ امرائے عراق میں سے عبداللہ بن وال کا مجھ سے مقابلہ ہوا وہ یہ آیت پڑھ رہا تھا (ترجمہ آیت) جو لوگ راہ خدا میں قتل ہو گئے انہیں مردہ نہ سمجھو وہ زندہ ہیں اور اپنے خدا کے پاس سے رزق کھاتے ہیں مجھے یہ سن کر غصہ آیا اور میں نے اپنے دل میں کہا کہ یہ لوگ ہمیں مشرکین کے مثل سمجھتے ہیں اور جانتے ہیں کہ ہم جس کو قتل کرتے ہیں وہ شہید ہوتا ہے۔

عبداللہ بن وال کی شہادت

میں نے اس پر حملہ کر دیا۔اس کے بائیں ہاتھ پر حملہ کیا تو ہاتھ اڑ گیا۔میں نے ذرا آگے ہو کر پوچھا میں جانتا ہوں اس وقت تجھے آرزو ہوگی کہ کاش گھر میں بیٹھ رہا ہوتا۔ابن وال نے جواب دیا۔تیرا خیال غلط ہے واللہ مجھے اس کی بھی آرزو نہیں کہ میرے ہاتھ کے بدلے تیرا ہاتھ قطع ہوتا۔مگر یہ کہ تیرا ہاتھ قطع کرنے پر مجھے اتنا اجر ملے جتنا مجھے اپنے ہاتھ کے قطع ہونے پر حاصل ہوا ہے۔میں نے پوچھا یہ کیوں اس نے کہا اس لیے کہ میرا ہاتھ کاٹنے میں خدا تیرے گناہ کو شدید کر دے گا اور میرے ہاتھ مجھے اجرِ عظیم دے گا۔یہ سن کر مجھے اور بھی غصہ آیا میں نے سواروں اور پیادوں کو جمع کر کے اس پر اور اس کے ساتھیوں پر حملہ کر دیا۔اسے برچھی مار کر میں نے قتل کر دیا۔وہ میری ہی طرف منہ کئے رہا اور برچھی کے وار سے اپنے کو نہیں بچایا لوگوں سے میں سنتا ہوں کہ وہ عراق کے ان فقہا میں سے تھا جو نماز روزے میں ہمیشہ مصروف رہتے ہیں اور جن سے لوگ فتوے لیا کرتے ہیں۔عبداللہ بن وال کی

شہادت کے بعد لوگوں نے دیکھا کہ ابنِ خازم بھی انہیں کے پہلو میں شہید ہوئے پڑے ہیں۔

رفاعہ بن شداد کی علمبرداری

رفاعہ نے ابنِ غصین کی طرف متوجہ ہو کر کہا کہ تم علم کو لیے رہو گے یا میں لے لوں اس لے کہا میں تو اپنے پروردگار کی ملاقات کا مشتاق ہوں اور اپنے بھائیوں کے ساتھ مل جانے کا آرزومند ہوں میں دنیا سے نکل کر آخرت کی طرف جانا چاہتا ہوں۔۔ پھر علم رفاعہ کے ہاتھ میں دیدیا اور شامیوں کی طرف حملہ کرنے کو بڑھا۔

ولید بن غصین کا شدید حملہ اور شہادت

ابن عوف نے یہ دیکھ کر کہا۔ خدا آپ پر رحم کرے۔ تھوڑی دیر ہمارے ساتھ شریک ہو کر لڑو۔ دیکھو اپنے ہاتھوں خود کو ہلاکت میں نہ ڈالو اسی طرح انہیں قسمیں دے دے کر جان دینے سے روکا۔ اہل شام نے پکارنا شروع کر دیا تو اللہ نے سب کو ہلاک کیا اب جلدی حملہ کر کے رات ہونے سے پہلے ہی ان کا خاتمہ کر دو۔ پھر شامیوں نے ان کی طرف بڑھنا شروع کیا تو یہ لوگ بھی بڑھ بڑھ کر بڑے جوش میں شامیوں کے شہسواروں اور بڑے بڑے بہادروں سے شمشیر زنی کرنے لگے ان کا کوئی شخص نہ کسی بات پر چونکا اور نہ ہی کسی طرح لڑنے سے تھکے تا کہ دشمن کا قابو چلتا عشا کے وقت تک گھمسان کی لڑائی ہوتی رہی اور ابن غصین شام سے پہلے ہی شہید ہو گئے۔

عبداللہ بن عزیز کی شہادت

عبداللہ بن عزیز کندی اپنے چھوٹے سے بیٹے محمد کو ساتھ لے کر نکلے اور کہا اے اہلِ شام کیا تم میں کوئی شخص بنی کندہ کا ہے یہ سن کر کچھ لوگ لشکر سے نکلے اور کہا ہم لوگ کندی ہیں کہا اے بھتیجے کو مجھ سے لے لو۔ اسے اپنے خاندان کے لوگوں کے پاس کوفہ میں بھیج دینا میں عبداللہ بن عزیز کندی ہوں۔ انہوں نے کہا تم تو ہمارے ابن عم ہو تمہارے لیے امان ہے عبداللہ نے جواب دیا واللہ میں اپنے بھائیوں کے مقتل سے جدا نہیں ہونا چاہتا۔ یہ ایسے برادران ایمانی تھے جن سے شہروں میں اجالا تھا جن سے زمین اپنی جگہ قائم تھی ذکر خدا ایسے لوگوں کے دم سے جاری تھا۔ ان کے بیٹے نے رونا شروع کیا تو کہنے لگے اے فرزند اگر اطاعتِ خدا سے بڑھ کر کسی چیز کو سمجھتا تو بیشک تجھے سمجھتا۔ شامیوں میں جو لوگ ان کے خاندان کے تھے انہوں نے انہیں بہت قسمیں دیں ان کے فرزند کا باپ کے لیے تڑپنا اور رونا ان سے دیکھا نہ گیا جس سے وہ لوگ بھی بے اختیار رونے لگے عبداللہ اب اس طرف مڑے جدھر ان کے اصحاب تھے اور شامیوں کی صف پر شام کے قریب حملہ کیا۔ جب تک شہید نہ ہوئے برابر لڑتے رہے۔

کریب حمیری کی آمد

اسی شام کا ذکر ابلق نشان ہاتھ میں لیے کریب حمیری کم ازکم سو آدمیوں کے ساتھ توابین کی جماعت کے پاس آئے حمیری نے حمیر اور ہمدان کے لوگوں کو بھی جمع کیا اور کہا کہ اے بندگانِ خدا اپنے پروردگار کی طرف چلو واللہ خوشنودی خدا اور توبہ کی برابری دنیا کی کوئی چیز نہیں کرسکتی میں نے سنا ہے کہ کچھ لوگ تم میں سے دنیا کو ترک کرنے کے بعد دوبارہ دنیا کی طرف پلٹ جانا چاہتے ہیں۔ اگر دنیا کی طرف پلٹیں گے تو پھر گناہوں میں مبتلا ہوں گے میں تو بخدا دشمن سے منہ نہیں پھیروں گا جب تک کہ اپنے بھائیوں کے پاس نہ پہنچ جاؤں۔ حمیری کی بات کو سب نے مان لیا اور کہا جو تمہاری رائے ہے وہی ہماری رائے ہے اب وہ نشانی لیے ہوئے شام کی فوج کے قریب پہنچے۔

حمیری کی شہادت

ابن ذوالکلاع نے دور سے نشان کو دیکھ کر کہا بخدا یہ تو حمیری یا ہمدانی نشان معلوم ہوتا ہے یہ کہہ کر وہ نشان کے قریب آیا۔ باتیں ہوئیں اور اس نے کہا تمہارے لیے امان ہے۔ ان کے رئیس نے جواب دیا۔ دنیا میں تو پہلے بھی ہمارے لیے امان تھی ہم تو آخرت کی امان کے خوستگار ہو کر آئے ہیں۔ غرض یہ لوگ لڑے اور لڑتے لڑتے شہید ہو گئے۔ صحیر مزنی بن مزنیہ کے تیس آدمیوں کو لے کر چلے اور کہا کہ راہِ خدا میں موت سے کیا ڈرتے ہو وہ تو ضرور آنے والی ہے جس دنیا کو چھوڑ کر تم خدا کی طرف آچکے ہو اب اس دنیا کی طرف ہرگز نہ پلٹنا۔ دنیا تمہارے لئے باقی رہنے والی نہیں اور خدا کے جس ثواب کی طرف تم راغب ہو چکے ہو اب اس سے منہ نہ پھیرنا۔ تمہارے لیے وہ ثواب بہتر ہے جو خدا کے پاس ہے۔ غرض یہ لوگ بھی لڑے اور لڑتے لڑتے شہید ہو گئے۔

رفاعہ کی مراجعت

اب شام ہوگئی اور اہل شام لشکر کی طرف پلٹ گئے۔ رفاعہ نے اپنے لشکر کے زخمیوں کو غور سے دیکھا جن کو دیکھا کہ اعانت کے محتاج ہیں انہیں ان کی قوم والوں کے حوالے کر دیا اور باقی سب کو لے کر رات ہی کو روانہ ہو گیا۔ صبح ہوتے تیسیئر میں پہنچا پھر خابور سے گزرا اور پار اترنے کے تمام ذریعوں کو قطع کرتا گیا۔ حصین بن نمیر نے صبح کو دریافت کیا تو معلوم ہوا کہ سب لوگ چلے گئے اس نے ان کے تعاقب میں کسی کو روانہ نہ کیا۔ اور اپنے لشکر کو تیزی سے لے کر چل کھڑا ہوا۔ رفاعہ نے ابوجویریہ کو ستر سواروں کے ساتھ اپنے لشکر کے پیچھے رکھا اس کا کام یہ تھا کہ اگر کسی شخص کا کچھ مال یا گٹھری راستہ میں پڑی مل جائے تو اٹھالیا اور مالک تک پہنچائے اگر کوئی ڈھونڈھے یا خواہش کرے تو رفاعہ کے پاس اس چیز کو بھیجدے اور وہ لوگوں کو دکھادے۔

زخمی توابین کی تیمارداری اور مہمان نوازی

اسی طرح چلتے چلتے خشکی کی راہ سے قرقیسیا تک یہ لوگ پہنچ گئے۔زفر نے جس طرح پہلے سب کے لیے دانہ چارا بھیجا تھا اسی طرح اب بھی سب کی خاطر و مدارت کی اور طبیب بھی روانہ کئے یہ بھی کہا کہ جتنے دن تمہارا جی چاہے ہمارے پاس قیام کرو۔ہم تمہارے ہمدرد اور بہی خواہ ہیں۔یہ لوگ تین دن تک وہیں رہے اس کے بعد جس کو جس قدر کھانے اور چارہ کی ضرورت تھی اپنے ساتھ لے لیا۔

توابین کی مثنیٰ عبدی سے ملاقات

سعد بن حذیفہ جب مقام سمیت میں پہنچے تو دیہاتیوں نے توابین کے سارے حالات ان سے بیان کئے۔سعد یہ سن کر وہاں سے واپس ہوئے مقام صندوداء میں مثنیٰ عبدی سے ملاقات کی۔یہ لوگ اسی مقام پر ٹھہرے ہوئے تھے کہ رفاعہ کے آنے کی بھی اطلاع ملی۔سب استقبال کے لیے بستی سے باہر نکل آئے ایک دوسرے سے علیک سلیک کی اور ایک دوسرے کو دیکھ کر رو پڑے اپنے بھائیوں کی شہادت سنی ایک رات دن وہیں ٹھہرے رہے پھر مدائن والے مدائن کی طرف بصرہ والے بصرہ کی طرف پلٹ گئے اور کوفہ والے کوفہ میں واپس آئے تو دیکھا کہ مختار ابھی قید میں ہے۔

عبدالملک کو فتح کی خوشخبری

ادھم باھلی نے جا کر عبدالملک کو فتح کی مبارک باد دی۔یہ سن کر وہ منبر پر گیا۔حمد وثناء کے بعد کہا خدا نے رؤسائے عراق میں سے بڑے فتنہ انگیز اور گم کردہ راہ سلیمان بن صرد کو ہلاک کیا ہماری تلواروں نے مسیب کے سر کو گیند کی طرح اچھال دیا اور خدا نے ان کے دو سرداروں کو جو گمراہ اور گمراہ کندہ تھے یعنی عبداللہ اردی اور عبداللہ بن وال کو قتل کر دیا۔اور اب ان کے بعد کوئی ایسا شخص نہیں رہا جو دفع یا منع کی قدرت رکھتا ہو۔

مختار ثقفی کا وعدہ

مختار ثقفی کوئی پندرہ دن تک خاموش رہے اس کے بعد اپنے ساتھیوں سے کہنے لگے اپنے اس غازی کے لیے دن گن رکھو دس دن سے زیادہ اور مہینہ سے کم اس کے بعد حیرت انگیز خبریں سن لینا کہ اچانک برچھی چل گئی ایک ہی وار نے ٹکڑے اڑا دیئے بہت سے لوگ قتل ہو گئے سنگسار ہو گئے جانتے ہو یہ کام کون کرے گا میں کروں گا تم سے جھوٹ نہیں کہتا۔میں اس کام میں کامیاب ہوں گا۔

مختار کا خط رفاعہ بن شداد کے نام

رفاعہ جنگ یمن الوردہ سے جب کوفہ میں واپس آیا تو مختار نے قید خانے سے اسے یہ خط لکھا۔ ''میں ان لوگوں کا خیر مقدم کرتا ہوں جو واپس آئے ہیں پھر بھی خدا نے انہیں اجر عظیم دیا پلٹ آئے تب بھی خدا ان سے راضی ہے۔ رب کعبہ کی قسم تم لوگوں میں سے جس نے ایک قدم اٹھایا اور ایک گام چلا خدا نے اس کو ملک دنیا سے عظیم تر اجر و ثواب دیا سلیمان نے اپنے وعدے کو پورا کر دکھایا۔ خدا نے انہیں شہادت دے کر ان کی روح کو انبیاء وصدیقین اور شہداء وصالحین کی ارواح میں شامل کر دیا لیکن وہ تمہارے سردار نہیں تھے۔ جب کے ساتھ تم مل کر فتحیاب ہو سکتے۔ ہاں میں وہ امیر ہوں جسے مامور کیا گیا ہے۔ میں وہ امین ہوں جس پر بھروسہ کر لیا گیا ہے۔ میں ظالموں کا قاتل دشمنان دین سے انتقام لینے والا ہوں اور ان سے قصاص لینے والا ہوں۔ سامان کر لو۔ مستعد ہو جاؤ۔ خوش رہو اور خوشخبری دو۔ میں کتاب خدا سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور انتقام خونِ ناحق اہلِ بیت کی حمایت ضعفاء اور ظالموں سے جہاد کی طرف تمہیں دعوت دیتا ہوں۔ والسلام۔ مختار کے قید ہونے کی وجہ یہ ہوئی تھی کہ لوگوں نے ان کی ان باتوں کا ذکر عبداللہ بن یزید اور ابراہیم بن محمد (جو ابن زبیر کی طرف سے کوفہ کے سربراہ تھے) کے سامنے کیا تو وہ دونوں شخص ایک جماعت کو ساتھ لیے ہوئے مختار کے پاس آئے اور انہیں گرفتار کر لیا۔

عبیدہ مزنی کی شہادت

حمید بن مسلم کہتا ہے کہ جب ہم لوگ عین الوردہ سے واپس ہونے لگے تو ہم میں سے عبداللہ بن غزیہ توابین کی لاشوں کے پاس جا کر کھڑے ہوئے اور کہا یرحکم اللہ صدقتم صبر تم کذبنا فرنا تمہیں لوگ سچے اور ثابت قدم نکلے۔ ہم سب جھوٹے ہیں اور بھاگ چلے ہیں۔ جب روانہ ہوئے اور صبح ہوئی تو دیکھا کہ عبداللہ بن غزیہ اور ان کے ساتھ کوئی بیس دوسرے آدمی واپس جانے اور دشمن سے دوبارہ لڑنے پر آمادہ ہو گئے ہیں۔ رفاعہ بن عوف اور دوسرے بہت سے لوگ ان سے کہنے لگے۔ خدا کے لیے اب ہماری کمر نہ توڑو۔ تم جیسے خوش عقیدہ لوگ جب تک ہم میں ہیں۔ ہمارے لیے خیر و برکت ہے۔ غرض قسمیں دے دے کر ان لوگوں کو روک لیا لیکن ان میں سے ایک شخص عبیدہ مزنی باز نہ آیا۔ ہم سب کے ساتھ ساتھ چلا تو سہی مگر لوگوں کو اپنی طرف سے غافل پا کر پھر پلٹا اور اہلِ شام تک پہنچتے ہی حملہ کر دیا۔ تلواریں چلاتے چلاتے تھک گیا اور شہید ہو گیا یہ مرد مزنی حمید بن مسلم کے دوستوں میں سے تھا۔

عبیدہ مزنی کی شہادت کا واقعہ

اس دن سے حمید کو اس بات کی آرزو تھی کہ ایسا کوئی شخص ملے جو مزنی کے تنہا حملہ کرنے کا واقعہ مجھ سے بیان

کرے۔ایک زمانہ کے بعد حمید اور عبدالملک ازدی کی مکہ میں ملاقات ہوگئی۔باتوں باتوں میں جنگ عین الوردہ کا ذکر نکل آیا تو ازدی نے کہا۔ان لوگوں کے ہلاک ہوجانے کے بعد نہایت عجیب واقعہ پیش آیا کہ ایک شخص نے آکر تلوار سے مجھ پر حملہ کر دیا تو میں بھی لڑنے پر آمادہ ہوگیا۔وہ بہت زخمی تھا اور کہتا جاتا تھا۔(ترجمہ شعر) میں اللہ سے اللہ ہی کی طرف بھاگ کر جاتا ہوں۔اے خدا تیری خوشنودی کی آرزو میرے ظاہر و باطن میں ہے۔میں نے پوچھا تو کس خاندان سے ہے کہا اولادِ آدم میں سے ہوں۔میں نے دوبارہ خاندان کا پوچھا تو اس نے کہا اے خانہ کعبہ کے خراب کرنے والو۔میں نہیں چاہتا کہ تم مجھے پہچانو۔سلیمان بن عمرو اس سے لڑنے کے لیے نکلا وہ اس زمانہ میں بہت قوی اور شہزور تھا۔دونوں نے ایک دوسرے کو زخموں سے چور کر دیا۔پھر ہر طرف سے اہلِ شام اس پر ٹوٹ پڑے اور اسے قتل کر دیا۔میں نے بخدا ایسا حملہ آور کوئی نہیں دیکھا۔یہ سن کر حمید کی آنکھوں میں آنسو بھر آئے تو ازدی نے پوچھا کیا تمہاری اس سے قرابت تھی۔حمید نے کہا قرابت نہیں تھی وہ شخص مضر خاندان سے تھا۔میرا دوست اور بھائی تھا وہ کہنے لگا خدا تجھے روتا ہی رکھے ایک شخص بنی مضر کا گمراہ ہو کر مارا گیا اور تو اسے روتا ہے حمید نے کہا واللہ وہ گمراہ ہو کر نہیں مرا وہ اپنے پروردگار کی ہدایت اور دلیل روشن پر مارا گیا کہنے لگا جہاں وہ گیا۔خدا تجھے بھی وہیں بھیجے۔حمید نے کہا۔آمین اور تجھے حصین بن نمیر کی جگہ دے اور اس کے ماتم میں تجھے روتا رکھے۔

اعشی ہمدانی کا مرثیہ

واقعہ توابین پر اعشی ہمدانی نے جو مرثیہ لکھا ہے اس کو بھی لوگ پہلے چھپایا کرتے تھے۔(ترجمہ اشعار)

1. اس بزرگ نے راست بازی سے خوف خدا پر عمل کیا۔اور خوف خدا لیا ہی اچھی کمائی ہے۔
2. اس دنیا کو چھوڑا۔اس سے کوئی واسطہ نہیں رکھا اور توبہ کرنے کے لیے خدائے برتر و بالا کی طرف رجوع کیا۔
3. اس کو خدا نے سواروں کی جماعت کے ساتھ ابنِ زیاد سے مقابلہ کرنے کے لیے ثویہ کی طرف روانہ کیا۔
4. اس کے ساتھ صاحب تقویٰ اور دانا لوگ تھے وہ دلیروں کے دلیر اور نجیبوں کے نجیب تھے۔
5. یہ لوگ کار ثواب سمجھ کر روانہ ہوئے تھے نہ ابن طلحہ کی بات پر عمل کیا اور نہ امیر کوفہ کی بات کا جواب دیا۔
6. یہ لوگ اس حالت میں چلے جا رہے تھے کہ کوئی ان میں خواہانِ تقویٰ تھا اور کوئی

گناہ کی جو اس سے سرزد ہوا تھا توبہ کرنے جا رہا تھا۔

7. عین الوردہ میں جا کر اس لشکر سے ان کا مقابلہ ہو گیا جو ان سے لڑنے کے لیے نکلا تھا یعنی ابن ذی الکلاع کا لشکر بس تلواریں کھینچ کر انہوں نے کشتوں کے پشتے لگا دیئے۔

8. جن کی تلواریں یمانی تھیں جو ہاتھوں کو اڑا رہی تھیں۔ پھر ان سواروں نے شامیوں پر حملہ کیا جن کے گھوڑے تجیب اور دراز قد تھے۔

9. اسی اثنا میں اہلِ شام کا ایک اور لشکر اور اس کے بعد کتنی ہی فوج در فوج موجِ دریا کی طرح ان پر امنڈ پڑیں (یعنی حصین کا لشکر)

10. یہ لوگ اب بھی میدان سے نہ ملے یہاں تک کہ تمام رؤساء ان کے قتل ہو گئے اور چند لوگوں کے سوا کوئی بچا نہ رہا۔

11۔ اہل شام نے صابروں کی اس جماعت کو قتل کر کے پینک دیا ان کا حال یہ تھا کہ شمال و جنوب کی ہوائیں ان کی لاشوں سے گذر رہی تھیں۔

12. ان کا رئیس سلیمان بن صرد خزاعی کشتوں میں اس طرح پڑا تھا جیسے اس نے کبھی شمشیر زنی کی نہ تھی اور نہ کبھی وہ میدان میں لڑا تھا۔

15.14.13. یہی حال تھا بنی شمخ کے رئیس مسیب اور قوم شنوءۃ کے شہسوار۔ (عبداللہ بن سعد) اور تیمی (عبداللہ بن وال) کا جو صاحبِ لشکر تھا۔ عمر بن بشیر، ولید، خالد یزید بن بکر، حلیس بن غالب اور ہمدانی کے اس رئیس کا جو بہادروں پر حملہ کرتا تھا۔ حملہ کرنے کے بعد کبھی رکتا نہ تھا اور وہ نہایت ستودہ صفات تھا۔

16. ہر قوم کا سردار جو عالی خاندان تھا جو اوج شرف پر ستارے کی طرح تاباں و درخشاں تھا اس معرکہ میں قتل ہو گیا۔

17. یہ مرنے والے اس بات سے کسی طرح باز نہ آئے کہ تلوار کا وار کریں جس سے دشمنوں کے سر ٹکڑے ٹکڑے ہو جائیں اور برچھی ماریں تو ایسی جس کا زخم کاری ہو۔

18. انہیں مرنے والوں میں سعید بھی تھا جس نے عامر کو قتل کیا جو اس حملہ آور شیر سے جو پہاڑ کی کسی گھاٹی میں رہتا ہو بڑھ کر دلیر تھا۔

19. اے اہل عراق کے لشکر جرار خدا تمہیں کالے کالے برسنے والے ابرِ رحمت سے

سیراب کرے۔

20. ہمارے شہسوار اور ہمارے مددگار ایسے وقت میں ہم سے دور نہ ہوں۔ جب شمشیر زنی کا یہ انجام ہو کہ مستورات کے پازیبوں پر نامحرموں کی نگاہ پڑے۔

21. یہ قتل ہو گئے تو کیا ہوا قتل تو بہترین موت ہے۔ ہر ایک انسان ایک نہ ایک دن کسی تفرقہ انداز موت کا شکار ہوگا۔

22. لیکن یہ لوگ یوں نہیں قتل ہوئے یہ ایک ایسی جماعت کو برانگیختہ کر گئے ہیں جو آفتاب کی حدت اور نور کی سی تجلی رکھتی ہو۔ سلیمان اور ان کے ساتھی جنگ عین الوردہ میں ربیع الثانی میں شہید ہوئے۔ اسی سال عرفان بن حکم نے اپنے دونوں بیٹوں عبدالملک اور عبدالعزیز کو اپنا ولی عہد مقرر کیا اور شام کو ان کی بیعت کا حکم دیا جس کی تفصیل یہ ہے۔

عبدالملک اور عبدالعزیز کی ولی عہدی

عمرو بن سعید بن عاص اشدق مصعب بن زبیر کو جسے اس کے بھائی عبداللہ بن زبیر نے فلسطین کی طرف بھیجا تھا شکست دیکر دمشق آ گیا۔ اب تمام شام اور مصر پر مروان لعنۃ اللہ کی حکومت تھی۔ مروان کو معلوم ہوا کہ عمر کہتا ہے کہ مروان کے بعد وہ امیر المومنین بنے گا۔ نیز وہ اس کا بھی مدعی ہے کہ مروان نے خود اس سے یہ وعدہ کیا ہے مروان نے اس اطلاع کے بعد حسان بن مالک بن بحدل کو اپنے پاس بلایا اور کہا میں چاہتا ہوں کہ اپنے بیٹوں عبدالملک اور عبدالعزیز کو اپنا ولی عہد بنادوں اور اس کے لیے سب سے بیعت لے لوں۔ اس کے ساتھ اس نے عمرو بن سعید کے خیال سے بھی آگاہ کر دیا۔ حسان نے کہا کہ آپ عمرو کی فکر نہ کیجئے میں اس سے سمجھ لوں گا۔ چنانچہ جب ایک شام کو سب لوگ مروان کے پاس جمع ہوئے تو ابن بحدل نے کھڑے ہو کر کہا مجھے معلوم ہوا ہے کہ لوگوں کی بڑی بڑی امیدیں ہیں۔ آپ سب لوگ کھڑے ہوں اور امیر المومنین کے بعد عبدالملک اور عبدالعزیز کے لیے بیعت کریں۔ بلا استثناء سب لوگوں نے ان دونوں کی بیعت کر لی۔ اس سال ابتدائے ماہِ رمضان میں مروان مر گیا۔

خالد بن یزید کی اھانت

جب معاویہ بن یزید ابولیلیٰ کا وقت قریب آیا تو اس نے اسے اپنا جانشین مقرر کرنے سے انکار کر دیا۔ ابن بحدل کا خیال تھا کہ معاویہ کے بعد خالد کو خلیفہ بنائے مگر وہ کمسن تھا اور یہ حسان بن مالک بن بحدل یزید کا ماموں تھا۔ اس وقت تو اس نے مروان کے ہاتھ پر بیعت کر لی لیکن نیت یہ رکھی کہ مروان کے مرنے کے بعد وہ

خالد کو خلیفہ بنائے گا۔مگر جب مروان کے ہاتھ پر اس نے اور تمام اہل شام نے بیعت کر لی تو کسی نے مروان کو یہ رائے دی کہ خالد کی ماں سے شادی کرلو(خالد کی ماں ابو ہاشم بن عتبہ کی پوتی تھی) تا کہ اس طرح خالد کی شان کم ہو جائے اور وہ خلافت کا مدعی نہ رہے۔مروان نے اس تجویز پر عمل کرلیا۔ایک دن خالد مروان سے ملنے آیا جبکہ مروان کے پاس بہت سے لوگ جمع تھے اور وہ دونوں صفوں کے درمیان ٹہل رہا تھا۔خالد کو دیکھ کر مروان نے کہا بخدا یہ تو احمق ہے۔اے تر دبر والی عورت کے بیٹے آجاؤ۔اس جملہ سے اس کا مقصد یہ تھا کہ اہل شام کی نظروں میں خالد بے وقعت ہو جائے۔

مروان کی ھلاکت

خالد نے یہ قصہ اپنی ماں کو سنایا تو اس نے کہا خبردار اس واقعہ کو کسی اور سے بیان نہ کرنا تم چپ رہو میں اس کو سمجھ لونگی۔جب مروان اس کے پاس آیا تو مروان نے کہا کیا خالد نے میرے بارے میں کوئی بات تم سے کہی ہے اس نے کہا۔بھلا خالد آپ کے متعلق کوئی بات کہہ سکتا ہے وہ تو آپ کی اتنی تعظیم کرتا ہے۔اس کو اس کی جرات ہی کہاں کہ وہ کوئی بات آپ کے متعلق کہے۔مروان نے اس کے بیان کو سچا سمجھا اور کچھ وقت کے لئے وہ خاموش رہی۔ایک دفعہ مروان اس کے پاس سویا تو اس نے بہت سے کدے اس پر چن دیئے اور اس طرح دبا کر اس کو مار ڈالا۔مروان تریسٹھ سال کی عمر میں دمشق میں ہلاک ہوا بعض اکسٹھ سال بھی کہتے ہیں۔

باب 15
مختار بن ابی عبید ثقفی۔66ھ کے واقعات

گورنر کوفہ عبیداللہ بن مطیع کا اخراج

اسی سال 66ھ میں مختار بن ابوعبید نے حضرت امام حسینؑ کے خون کا بدلہ لینے کے لیے کوفہ میں خروج کیا اور ابن ابیر کے عامل عبداللہ بن مطیع کو (جو عبداللہ بن یزید کی معزولی کے بعد عامل مقرر ہوا تھا) کوفہ سے نکال باہر کیا۔

مختار کا خط توابین کے نام

جب سلیمان بن صرد کے ہمراہی (جو جنگ عین الوردہ سے بچ نکلے تھے) کوفہ میں واپس آئے تو مختار نے انہیں یہ خط لکھا۔ امابعد۔ چونکہ تم نے ظالموں سے علٰیحدگی اختیار کی اور ان سے جہاد کیا اس لیے اللہ تم کو اس کا بڑا اجر دے گا اور گناہوں کے بوجھ کو اتار دے گا۔ اگر تم نے اللہ کی راہ میں کچھ خرچ کیا کسی گھاٹی پر چڑھے یا کوئی قدم اٹھایا تو اس کے عوض میں اللہ نے تمہارا ایک درجہ آخرت بلند کر دیا۔ اس کے صلہِ میں ایسی نیکیاں تمہارے نام لکھیں کہ جن کو صرف خدا ہی شمار کر سکتا ہے اگر میں خروج کر کے تمہارے پاس آؤں تو اللہ کی عنایت سے ہر سمت سے تمہارے دشمن کے لیے تلوار نیام سے نکالوں گا اور ان کے پرخچے اڑا دوں گا۔ جو تم سے قریب ہوں اور اس تجویز پر عمل کرنے کے لیے آمادہ ہوں اللہ انہیں اپنے سے نزدیک کرے۔ جو اس کے قبول کرنے سے انکار کریں اللہ انہیں دور رکھے، اے اہلِ ہدایت تم پر سلام ہو۔

توابین کی اطاعت

سجان بن عمرو اس خط کو اپنی ٹوپی کے استر اور ابرے کے درمیان چھپا کر رفاعہ بن شداد مثنی عبدی سعد بن حذیفہ، یزید بن انس، احمر بن شمیط، عبداللہ بن شداد بجلی اور عبداللہ بن کامل کے پاس لایا اور ان سب کو یہ خط پڑھ کر سنایا۔ اس جماعت نے ابنِ کامل کو اپنا قائمقام بنا کر مختار کے پاس بھیجا اور یہ پیغام دیا کہ ہم آپ کی دعوت قبول کرنے کے لیے بالکل تیار ہیں جس طرح آپ چاہیں ہم سے کام لیں۔ اگر آپ کی رائے ہو تو ہم آ کر آپ کو قید سے نکال لائیں۔

مختار کا خط عبداللہ بن عمر کے نام

کامل قید خانہ میں آ کر مختار سے ملا جو پیام لایا تھا وہ اس نے سنا دیا۔ شیعوں کے اس ارادے سے مختار بہت خوش ہوا اور انہیں کہلا بھیجا وہ مجھے چھڑانے نہ آئیں بلکہ میں خود ہی صبح یا شام یہاں سے نکل آؤں گا۔ مختار نے زربی نام غلام کو عبداللہ بن عمر کے پاس یہ خط دیکر بھیجا۔ ''امابعد۔ مجھے بلاوجہ قید کر دیا گیا ہے۔ والیوں نے جھوٹے الزام مجھ پر لگائے ہیں۔ آپ مہربانی کر کے ان دونوں ظالموں (عبداللہ بن یزید اور ابراہیم بن محمد بن طلحہ) کے نام میری سفارش کا ایک خط لکھ دیں ممکن ہے۔ اللہ آپ کو برکت سے مجھے ان کے پنجے سے رہائی دے۔ والسلام علیک۔''

عبداللہ بن عمر کی سفارش

امابعد تم کو معلوم ہے کہ مختار بن ابوعبید میرے سسرالی رشتہ دار ہیں اور میرے تم دونوں سے جو دوستانہ مراسم ہیں۔ ان سے بھی تم واقف ہو اسی لیے میں تم کو اپنی اس دوستی کے حق کی قسم دے کر کہتا ہوں کہ میرے اس خط کو دیکھتے ہی مختار کو چھوڑ دو۔ والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

مختار ثقفی کی رہائی

جب عبداللہ بن یزید اور ابراہیم بن محمد بن طلحہ کے پاس عبداللہ بن عمر کا یہ خط پہنچا تو انہوں نے مختار کو بلا کر کہا تم اپنا ضامن پیش کرو۔ مختار نے بہت سے طرفدار اس کے پاس آئے لیکن یزید بن حارث بن یزید بن رویم نے عبداللہ بن یزید سے کہا کہ ان سب کی ضمانت سے کیا فائدہ ان میں سے جو دس مشہور اشخاص ہوں صرف ان کی ضمانت لے لو۔ عبداللہ نے اس تجویز پر عمل کیا اور جب ان کی ضمانت لے لی تو دونوں نے مختار کو بلا کر کہا۔ خدا کے سامنے قسم کھاؤ کہ جب تک ہم دونوں برسر اقتدار ہیں۔ ہمارے خلاف کوئی سازش یا بغاوت نہیں کرو گے اور اگر تم اس عہد کی خلاف ورزی کرو گے تو تم کو ایک ہزار جانور کفارہ یمین کے لیے کعبہ کے دروازے پر ذبح کرنے پڑیں گے۔ تمہارے تمام لونڈی اور غلام آزاد ہو جائیں گے۔ مختار نے یہ قسم کھالی۔ ان کو رہائی مل گئی اور وہ اپنے گھر واپس آ گئے۔

مختار کی جماعت میں اضافہ

قید سے رہائی کے بعد جب مختار نے اپنے مکان میں سکونت اختیار کر لی تو شیعہ ان کے پاس آئے اور سب نے انہیں اپنا امیر بنالیا جس وقت وہ قید تھے۔ تب بھی یہ پانچ آدمی ان کے لیے لوگوں سے بیعت لیتے رہے تھے۔ سائب بن مالک اشعری، یزید بن انس، احمد بن شمیط، رفاعہ بن شداد فتیانی اور عبداللہ بن شداد جشمی روز بروز ان کے طرف داروں میں اضافہ اور انکی تحریک کو قوت پہنچتی رہی۔

عبداللہ بن مطیع کا کوفہ کی گورنری پر تقرر

اس اثنا میں ابنِ زبیر نے عبداللہ بن یزید اور ابراہیم بن محمد بن طلحہ علیٰحدہ جگہ عبداللہ بن مطیع کو کوفہ بھیج دیا جمعرات کے دن ماہ رمضان 65ھ کے ختم ہونے میں پانچ راتیں باقی تھیں کہ عبداللہ بن مطیع کوفہ میں آیا اس نے عبداللہ بن یزید سے کہا اگر تم پسند کرو تو یہاں میرے پاس رہو میں ہر طرح تمہاری خاطر و مدارت کروں گا اور چاہو تو ''امیر المومنین'' (ابن زبیر) کے پاس چلے جاؤ۔ کیونکہ تم نے ان کے ساتھ اور ان کی مسلم آبادی کے ساتھ خیر خواہی کی ہے۔ ابراہیم سے کہا کہ تم امیر المومنین کے پاس چلے جاؤ۔ ابراہیم مکہ آ گیا چونکہ اس کے عہد میں مال گزاری میں کمی واقع ہوئی تھی۔ لہذا اس کے متعلق اس سے باز پرس کی گئی تو اس نے فتنہ و فساد کو اس کمی کا باعث بتایا۔ ابنِ زبیر نے مزید اس سے پوچھ گچھ نہ کی۔

ابنِ مطیع کا اہلِ کوفہ کو خطاب

ابن مطیع نے کوفہ میں اپنی دونوں زمہ داریوں کا جائزہ لیا۔ یہی نماز پڑھاتا تھا اور مال گزاری کا بھی افسر تھا اس نے ایاس بن مضارب عجلی کو اپنی فوج خاص کا افسر مقرر کیا اور حکم دیا کہ سب سے اچھا سلوک کرنا۔ البتہ مشتبہ اشخاص پر سختی کرنا۔ حصیرہ بن عبداللہ ازدی جس نے یہ زمانہ پایا اور وہ مصعب بن زبیر کے قتل کے وقت بھی موجود تھا۔ راوی ہے کہ جب عبداللہ بن مطیع مسجد کوفہ میں آیا تو میں وہاں موجود تھا۔ اس نے منبر پر جا کر حمد و ثناء کے بعد کہا ''امیر المومنین'' عبداللہ بن زبیر نے مجھے تمہارے شہر اور علاقے کا حاکم بنا کر بھیجا ہے اور حکم دیا ہے کہ مال گزاری وصول کروں اور یہاں کے اخراجات کے بعد جو روپیہ بچے وہ تمہاری مرضی کے بغیر دوسری جگہ منتقل نہ کروں۔ حضرت عمر نے بھی مرتے وقت یہی وصیت کی تھی اور اسی پر حضرتِ عثمان نے عمل کیا تھا۔ اللہ سے ڈرو۔ صراط مستقیم پر عمل کرتے رہو۔ اختلافات پیدا نہ کرو۔ احمقوں کے ہاتھوں میں اپنے کو نہ دو۔ اگر تم نے میرے کہنے کو نہ مانا تو پھر مجھے مورِدِ الزام نہ ٹھہرانا بلکہ اپنے ہی کو برا بھلا کہنا۔ ایسی صورت میں بخدا میں مجرم کو سخت سزا دوں گا۔ اور مشتبہ اشخاص کو سیدھا کروں گا۔

سائب بن مالک اشعری کی تقریر

اس تقریر کے بعد سائب اشعری نے کھڑے ہو کر کہا ابنِ زبیر نے تمہیں حکم دیا ہے کہ تم ہماری فاضل آمدنی کو ہماری مرضی کے بغیر کہیں اور منتقل نہیں کرو گے تو ہم علی رؤسی الاشہار کہتے ہیں کہ ہماری فاضل آمدنی کہیں اور نہ بھیجی جائے بلکہ اس کو ہم میں تقسیم کیا جائے اور ہمارے ساتھ حضرت علیؑ کا سا طرز عمل اختیار کیا جائے ہم حضرت عثمان کے طرز عمل کو اپنی جان و مال کے لیے پسند نہیں کرتے کیونکہ اس کی بنیاد ترجیح اور اغراض نفسانی پر تھی

اسی طرح ہم اپنے مال کے متعلق حضرت عمر کے طرزِ عمل کو نہیں پسند کرتے اگرچہ ان کا طرز باقی دونوں مذکور الصدر طریقِ حکومت سے ہمارے لیے نقصان میں کم اور خلقِ خدا کے لیے فائدہ میں کم نہ تھا۔

یزید بن انس کا تائید

یزید بن انس نے کہا سائب بن مالک نے بالکل واجبی بات کہی ہے ہماری رائے ان کے ساتھ ہے۔ابن مطیع نے کہا میں تم پر ہر اس طرزِ عمل سے حکومت کروں گا جسے تم پسند کرو گے اس کے بعد وہ منبر سے اتر آیا۔ یزید بن انس اسدی نے سائب سے کہا تم نے خوب کیا کہ اس کی ساری شیخی خاک میں ملادی اللہ مسلمانوں کے لیے تمہاری عمر دراز کرے۔ بخدا میں خود چاہتا تھا کہ کھڑے ہو کر وہی بات کہوں جو تم نے کہی اور یہ بھی اچھا ہوا کہ کسی اپنے کوفہ والے نے اس کی تردید نہیں کی جسے ہماری جماعت شیعہ سے تعلق نہ ہو۔

مختار کی شکایت ان کی طلبی اور معذرت

ایاس بن مضارب نے ابنِ مطیع سے شکایت کی کہ مختار کی جانب سے خطرہ ہے اس کو قید کر لو مجھے معلوم ہوا ہے کہ اس کی تحریک مکمل ہو چکی ہے۔ وہ کسی وقت کوفہ پر حملہ کرنے والا ہے۔ابنِ مطیع نے زائدہ بن قدامہ اور حسین برسمی کو مختار کے پاس بلانے کو بھیجا وہ جانے کے لیے تیار ہوئے تو قدامہ نے یہ آیت پڑھی (ترجمہ) اور جب ان لوگوں نے جنہوں نے خدا کی ہستی سے انکار کیا تھا تیرے ساتھ چال چلی کہ وہ تجھے روک لیں یا قتل کریں یا شہر سے نکال دیں وہ اپنی چال چلتے ہیں اور خدا اپنے طرز پر عمل کرتا ہے اور اللہ بہتر تدبیر کرنے والا ہے۔ یہ سن کر مختار تاڑ گئے اور کہا مجھ پر لحاف ڈالو مجھے شدید لرزا ہے۔ دونوں سے کہا میری حالت آپ نے دیکھی ہے۔ابن مطیع سے معذرت کر دیں۔ چنانچہ انہوں نے ابنِ مطیع سے ان کی بیماری کا حال بیان کیا اور اس نے ان کی بات کو باور کر لیا اور اسے معذور سمجھا مختار نے اپنے طرفداروں کو بلانا شروع کیا اور اپنے اردگرد کے مکانوں میں انہیں جمع کرتے رہے۔ان کا ارادہ تھا کہ محرم ہی میں کوفہ پر قبضہ کیا جائے۔

عبدالرحمٰن بن شریح کی تقریر

مختار کے طرف داروں میں سے بنی شبام کا ایک معزز شخص عبدالرحمٰن بن شریح سعید بن منقذ ثوری رسعر حنفی، اسود کندی اور قدامہ حشمی سے آ کر ملا یہ سب لوگ رسعر حنفی کے مکان میں جمع تھے۔عبدالرحمن نے حمد وثناء کے بعد ان سے کہا مختار ہمیں لے کر خروج کرنا چاہتے ہیں۔ ہم نے ان کی بیعت تو کر لی ہے مگر ہمیں معلوم نہیں کہ واقعاً ابن حنیفہ نے انہیں ہمارے پاس بھیجا ہے یا نہیں بہتر یہ ہے کہ ہم سب ابن حنیفہ کے پاس چلیں اور انہیں مختار کی دعوت سے آگاہ کریں اب اگر وہ ہمیں مختار کی متابعت کی اجازت دیں تو ان کی متابعت کریں گے ورنہ نہیں

۔بخدا دین کی سلامتی ہمارے لیے دنیا کے ہر فائدہ سے زیادہ قابلِ پزیرائی ہے۔سب نے کہا آپ کی رائے بالکل درست ہے۔جب چاہو ہمیں لے کر ابن حنیفہ کے پاس چلو۔انہیں دنوں میں یہ سب لوگ ابن حنیفہ سے ملنے گئے۔عبدالرحمن ان کے قائد تھے۔ابنِ حنیفہ نے ان سے کوفہ کی حالت دریافت کی۔انہوں نے ساری کیفیت سنائی۔پھر اسود کندی کہتا ہے کہ ہم نے ان سے عرض کی ہمیں آپ سے ایک بات کہنا ہے انہوں نے کہا علانیہ یا علیحدگی میں۔ہم نے کہا نہیں علیحدگی میں۔وہ کہنے لگے۔پھر ذرا ٹھہر جاؤ تھوڑی دیر کے بعد وہ ایک جانب اٹھ آئے اور انہوں نے ہمیں اپنے پاس بلایا اور ہم ان کے پاس گئے۔

عبدالرحمٰن کی ابنِ حنیفہ سے گفتگو

عبدالرحمن نے گفتگو شروع کی۔حمد وثنا کے بعد کہا۔آپ ایسے اہلِ بیت ہیں جنہیں اللہ نے فضیلت اور شرفِ نبوت سے سرفراز کیا۔اور اس امت پر آپ کا بڑا حق ہے۔جس سے صرف بے عقل اور بدنصیب ہی انکار کر سکتے ہیں۔حضرت حسینؑ کی شہادت سے جو مصیبت آپ لوگوں کو اٹھانا پڑی۔اس کا آپ سے ایک خاص تعلق ہے اگرچہ باقی مسلمانوں کو بھی اس حادثہ کا صدمہ ہے۔مختار بن ابوعبید ہمارے پاس آئے ہیں اور وہ ظاہر کرتے ہیں کہ وہ آپ لوگوں کی جانب سے ہمارے پاس آئے ہیں۔انہوں نے کتاب اللہ وکتاب الرسولؐ،اہل بیت کے خون کا بدلہ لینے اور ضعیف وکمزوروں کی حمایت کرنے کی ہمیں دعوت دی ہے۔ہم نے ان سب باتوں کے لیے ان کی بیعت کر لی ہے مگر اب ہم نے مناسب سمجھا کہ ان باتوں کا آپ سے ذکر کریں۔اگر آپ ہمیں ان کی اتباع کا حکم دیں تو ہم ان کی اتباع کریں گے اور اگر آپ منع کر دیں تو ہم آپ کے حکم کی تعمیل کریں گے۔

محمد بن حنیفہ کا خطبہ

اس کے بعد ہم فرداً فرداً اسی طرح کی تقریر کی وہ ہم سب کی باتوں کو سنتے رہے جب ہم سب کہہ چکے تو انہوں نے اللہ کی حمد اور رسولؐ اللہ کی ثناء کے بعد کہا آپ نے ہمارے متعلق کہا ہے کہ ہمیں اللہ نے اپنے فضل خاص سے مشرف فرمایا ہے تو بیشک اللہ جسے چاہتا ہے اپنا فضل عطا کرتا ہے اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔اس فضل پر اس کا شکر واجب ہے۔آپ نے حسینؑ کی شہادت کی مصیبت کا ذکر کیا ہے یہ ایک ایسا سفارکا نہ قتلِ عام تھا جو ان کی تقدیر میں تحریر تھا اور ایسی کرامت تھی جو اللہ نے بعض لوگوں کے مراتب کے اضافے اور بعض کے مراتب کی کمی کے لیے انہیں عطا کی (اللہ کا حکم پورا ہوا اور اللہ کا حکم پہلے سے مقرر ہو چکا تھا)۔آپ نے ہمارے خون کا بدلہ لینے والوں کا ذکر کیا ہے۔میں چاہتا ہوں کہ اللہ اپنی مخلوق میں سے جس کسی ذریعے سے چاہے ہمارے دشمن سے بدلہ لے۔اس کے بعد میں اپنے اور آپ کے لیے اللہ سے طلب مغفرت چاہتا ہوں۔ہم ان کے پاس سے چلے آئے اور ہم نے کہا کہ ان کے آخری جملے سے معلوم ہوتا ہے۔انہوں نے

ہمیں مختار کی متابعت کی اجازت دی ہے کیونکہ اگر وہ اسے برا سمجھتے تو ہمیں منع کر دیتے۔

مختار کے حق میں وفد کی تصدیق

ایک ماہ سے کچھ زیادہ مدت اسی تعطل میں گزری اس کے بعد یہ وفد سیدھا مختار کے گھر پہنچا اور ان سے کہا کہ ہمیں آپ کی مدد کرنے کا حکم مل گیا ہے۔ مختار نے تکبیر کہی اور کہا کہ میں ابواسحاق ہوں۔ تمام شیعون کو میرے پاس بلاؤ۔ چنانچہ قریب کے تمام شیعہ ان کے پاس جمع ہو گئے۔ مختار نے کہا اے جماعت شیعہ تمہارے بعض لوگوں نے میری دعوت کی تصدیق کرنا چاہی اور وہ رہبر ہدایت ابن حنیفہ کے پاس گئے جو اس علی المرتضیٰ کے بیٹے ہیں جو نبی مجتبیٰؐ کے بیٹے ہیں جو نبی مجتبیٰؐ کے علاوہ سب سے بہتر تھے انہوں نے ان سے میری دعوت کی تصدیق چاہی تو انہوں نے انہیں بتایا کہ میں ان کا مددگار و ناصر، ان کے پیغام کا قاصد اور ان کا دوست و موالی ہوں۔ چنانچہ انہوں نے انہیں حکم دیا ہے کہ وہ میری اتباع کریں اور ظالموں سے لڑنے اور اہلِ بیت رسولؐ کے خون کا بدلہ لینے میں میرے حکم کو بجالائیں۔

عبدالرحمن بن شریح کی مختار کے حق میں تقریر

اس کے بعد عبدالرحمن نے کھڑے ہو کر تقریر کی اور حمد و ثناء کے بعد کہا اے جماعت شیعہ ہم نے اپنے لیے خصوصی طور پر آپ سب کے لیے عمومی طور پر اس بات کو مناسب سمجھا کہ اس معاملہ میں مشورہ کر لیں اس وجہ سے ہم ہدایت یافتہ فرزند علی کے پاس گئے ہم نے ان سے اپنی اس جنگ کے برحق ہونے اور مختار کی دعوت کی صداقت کو دریافت کیا تو انہوں نے ہمیں حکم دیا ہے کہ ہم مختار کی دعوت کو قبول کریں اور اس کی پوری طرح امداد اور پشت پناہی کریں اس حکم کو سن کر ہم باغ باغ ہو گئے اور ہمارے سینے صاف ہو گئے اور جو شک وشبہ ہمارے دل میں اس تحریک کے متعلق تھا وہ سب اللہ نے دور کر دیا۔ اور ہم نے اپنے مشترکہ دشمن سے لڑنے کا عزم کر لیا ہے۔ جو لوگ اس وقت موجود ہیں۔ انہیں چاہیئے کہ وہ اس بات کو ان لوگوں تک جو یہاں موجود نہیں ہیں پہنچا دیں، نیز آپ لوگ اب تیاری کریں اس تقریر کو ختم کرنے کے بعد عبدالرحمن بیٹھ گیا۔ پھر ہم میں سے ہر شخص نے فرداً فرداً یہی تقریر کی اس کا اثر یہ ہوا کہ تمام شیعہ اس تحریک میں شرکت کے لیے پوری طرح آمادہ ہو گئے۔ عامر شعبی لکھتے ہیں کہ سب سے پہلے میں نے اور میرے باپ نے مختار کی دعوت پر لبیک کہی۔

ابراہیم بن مالک اشتر کی سپہ سالاری کی تجویز

جب پوری تیاری ہو گئی اور خروج کا وقت قریب آ گیا تو احمز، یزید، عبداللہ بن شداد نے مختار سے کہا کہ کوفہ کے تمام اشراف آپ کے مقابلہ کے لیے ابنِ مطیع کے ہاں جمع ہیں۔ اگر ہم ابراہیم بن مالک اشتر کو اپنا سپہ سالار مقرر کر لیں تو

چونکہ وہ جوان بہادر اور شریف زادے ہیں نیز کافی شہرت رکھتے ہیں اور معزز و کثیر خاندان کے فرد ہیں ہمیں امید ہے کہ اللہ کی مدد سے ہمیں دشمن کے خلاف بڑی قوت حاصل ہو جائے گی اور اس کی مخالفت بے ضرر ہو جائے گی۔ مختار نے کہا ان کے پاس جاؤ انہیں دعوت دو اور مطیع کرو۔ کہ ہمیں حسینؑ اور ان کے خون کا بدلہ لینے کا حکم دیا گیا ہے۔

ابراہیم سے وفد کی ملاقات

شعبی کہتا ہے کہ ہم لوگ ابراہیم کے پاس آئے اور میرے والد بھی اس جماعت میں شریک تھے۔ یزید بن انس نے گفتگو شروع کی اور کہا کہ ہم ایک اہم بات آپ سے کہنے اور اس کی آپ کو دعوت دینے کے لیے آئے ہیں۔ اگر آپ اسے قبول فرمائیں گے تو آپ کے لیے بہتری ہے اور اگر قبول نہ کریں گے تو ہم سمجھیں گے کہ ہم نے اپنا حق ادا کر دیا اور ہم یہ درخواست کریں گے کہ اسے آپ کسی دوسرے سے بیان نہ کریں۔ ابراہیم نے کہا میں ایسا شخص نہیں جس سے کسی بات کو بیان کرتے ہوئے کسی قسم کا اندیشہ کیا جائے یا جس کے قرب سلطانی کا کسی کو خوف ہو وہ چھچھورے تنگ نظر ہوتے ہیں جو اس قسم کی رعائتیں ملحوظ نہیں رکھتے۔ یزید بن انس نے ان سے کہا کہ ہم آپ کو ایسی بات کی دعوت دیتے ہیں جس پر شیعوں کی جماعت نے اتفاق کر لیا ہے اور وہ یہ ہے کہ کتاب اللہ اور سنتِ رسولؐ پر عمل کیا جائے۔ اہلِ بیت کا بدلہ لیا جائے اور کمزوروں کی حفاظت کی جائے۔

احمر بن شمیط کی ابراہیم سے گفتگو

اس کے بعد احمر بن شمیط نے تقریر کی اور کہا کہ میں آپ کا مخلص دوست ہوں آپ کے والد کا انتقال ہو چکا ہے وہ ایک بہادر اور بڑے شریف سردار تھے۔ ان کی وجہ سے اگر آپ سمجھیں تو اللہ کا آپ پر حق باقی ہے جو دعوت ہم نے آپ کو دی ہے اگر آپ سے قبول فرمالیں۔ تو آپ کو وہی مرتبہ حاصل ہو جائے گا جو آپ کے والد کو تھا اور اس طرح آپ ایک مردہ عزت کو جو آپ کے آباء نے آپ کے لیے حاصل کی تھی پھر زندہ کر دیں گے۔ آپ جیسے بہادر کی ادنیٰ کوشش اس کام کو کامیابی کی انتہائی حد تک پہنچانے کے لیے بالکل کافی ہے۔

ابراہیم بن اشتر کی رضامندی

اس تقریر کو سن کر وہ سوچنے لگے اب سب نے مل کر انہیں دعوت و ترغیب و تحریص کرنا شروع کر دی تو ابراہیم نے کہا میں تمہاری اس دعوت کو یعنی حسینؑ اور ان کے اہل بیت کا بدلہ لیا جائے اس شرط پر قبول کرتا ہوں کہ تم اس تمام کارروائی کو میرے سپرد کر دو۔ لوگوں نے کہا ہم تو اس کے لیے بالکل تیار ہیں کہ تم کو اپنا امیر بنائیں مگر اس کی کوئی سبیل نہیں کیونکہ مختار (ابن حنفیہ ہدایت یافتہ) کی طرف سے ہمارے پاس ان کی جانب سے پیغامبر اور اس جنگ پر مامور ہو کر آئے ہیں اور ہمیں ان کی اطاعت کا حکم دیا گیا ہے۔ ابنِ اشتر یہ سنکر خاموش ہو رہے انہوں

نے ہماری دعوت کو قبول نہ کیا۔ہم نے مختار سے آ کر سارا واقعہ بیان کیا۔

مختار اور ابن اشتر کی ملاقات

تین دن گزر گئے تو مختار نے اپنے بعض سربرآوردہ دوستوں کو جن میں میں اور میرے باپ بھی تھے۔اپنے پاس بلایا اور ہم سب کو لیکر روانہ ہوئے وہ ہمارے آگے کوفے کے مکانات سے یکے بعد دیگرے گزرتا جاتا تھا ہمیں معلوم نہ تھا کہ وہ کہاں جارہے ہیں۔اسی طرح چلتے چلتے ابراہیم بن اشتر کے دروازے پر ٹھہرے اور ہم نے ان سے اندر آنے کی اجازت لی۔انہوں نے اجازت دی اور ہمارے لیے مسندیں بچھادیں۔ہم سب اپنی اپنی جگہ بیٹھ گئے۔مختار خود ابراہیم کی مسند پر بیٹھ گئے (کافی گفت وشنید اور لوگوں سے گواہیاں لینے کے بعد ابراہیم نے مختار کی امارت کو قبول کرلیا۔اور اس کی بیعت کر لی) پھر ابراہیم نے اپنے عزیزوں بھائیوں اور اپنے دوسرے طرفداروں کو اپنے پاس بلایا اور یہ مختار کے پاس جانے لگے۔یحییٰ ازدی کہتا ہے کہ حمید بن مسلم اسدی ابراہیم کا دوست تھا اور اس کے پاس جایا کرتا تھا۔نیز اس کے ہمراہ مختار کے پاس بھی جاتا تھا ابراہیم مغرب کے قریب مختار کے پاس جاتا اور تارے چھٹکنے تک اس کے پاس رہتا پھر گھر آجاتا۔کچھ عرصے تک یہ آپس میں اپنے معاملات پر غور کرتے رہے آخر کار انہوں نے تصفیہ کیا کہ 14 ربیع الاول جمعرات کے دن خروج کریں۔ان کے شیعہ اور دوسرے طرفداروں نے اس پر پوری آمادگی ظاہر کی۔

ایاس بن مضارب کی گشت

غروب آفتاب کے وقت ابراہیم نے اذان دی اور پھر آگے بڑھ کر ہمیں نماز پڑھائی۔نماز مغرب کے بعد جبکہ تاریکی اچھی طرح چھا گئی ابراہیم ہمیں لے کر مختار کی طرف چلے ہم پوری طرح مسلح ہوکر مختار کی طرف چلے اس اثناء میں ایاس بن مضارب نے ابن مطیع (گورنر کوفہ) سے یہ بات کہہ دی کہ ان دوراتوں میں سے کسی رات کو مختار تم پر خروج کرنے والا ہے۔ایاس جنگی پولیس کو لے کر گشت پر نکلا اور اس نے اپنے بیٹے راشد کو کناسہ میں بھیجا اور خود بازاروں میں گشت کرتا رہا اس نے ابن مطیع سے جا کر کہا کہ راشد کو تو میں نے کناسہ بھیج دیا ہے اب اگر آپ کوفہ کے ہر بازار میں کسی بڑے سردار کو وفادار جماعت کے ساتھ بھیج دیں تو مجھے امید ہے کہ اس سے مختار ڈر کر خروج نہیں کریگا۔ابنِ مطیع نے (مختلف سرداروں کو مختلف جگہوں پر معین کر کے) ہدایت کی کہ وہ اپنے ہم قوم لوگوں کو ہماری مخالفت سے باز رکھیں اور کسی کو اپنے حلقے سے آگے نہ آنے دیں اور جس جس حلقے پر انہیں متعین کیا جاتا ہے اس کی پوری نگرانی کریں۔شبث بن ربعی کو سنجہ کی طرف بھیج کر کہا کہ اگر دشمن کی آواز سنو تو فوراً اس کا رخ کرنا۔

پیر کے دن یہ سردار اپنی اپنی جماعت کے ساتھ اپنے اپنے تفوض شدہ علاقے میں آ گئے۔دوسری طرف ابراہیم اشتر مغرب کے بعد مختار کے پاس آنے کے ارادے سے اپنی فرودگاہ سے روانہ ہوئے انہیں یہ اطلاع مل

چکی تھی کہ تمام بازاروں میں فوجیں متعین ہیں۔نیز جنگی سپاہیوں نے بڑے بازاروں اور قصرِ امارت کو گھیر رکھا ہے۔حمید کہتا ہے منگل کی رات مغرب کے بعد میں ابراہیم کے ساتھ مختار کے گھر کی طرف روانہ ہوا ہم عمرو بن حریث کے مکان سے گزرے۔ہماری جماعت سو افراد پر مشتمل تھی ابراہیم ہمارے سردار تھے۔ہم زرہیں اور قبائیں پہنے ہوئے تھے۔تلواریں ہمارے پاس تھیں تلواروں کے سوا جنہیں ہم نے کندھوں پر لٹکایا ہوا تھا اور کوئی ہتھیار ہمارے پاس نہ تھا البتہ قباؤں کے نیچے ہم نے زرھیں پہنی ہوئی تھیں جب ہم سعد بن قیس کے مکان سے گزر کر اسامہ کے مکان کے قریب پہنچے تو ہم نے ابراہیم سے کہا آپ ہمیں خالد عرفطہ کے مکان سے ہو کر بنی بجلیہ کے محلہ میں سے لے چلیں وہاں پہنچ کر ہم ان کے مکانات میں سے مختار کے پاس جا نکلیں گے۔

ابراہیم کو گرفتار کرنے کا ارادہ

ابراہیم جو ایک بہادر جوان تھا اور دشمن سے مقابلہ بے باک تھا کہنے لگا میں عمرو بن حریث کے مکان سے قصرِ امارت کے پہلو میں وسط بازار میں سے گزروں گا۔اور اس طرح اپنے دشمن کو مرعوب کروں گا اور بتاؤں گا کہ مجھے ان کی کچھ پرواہ نہیں۔اب ہم باب الفیل کے راستے سے مختار کے مکان کی طرف چلے ابراہیم دائیں سمت مڑ کر عمرو بن حریث کے مکان کی طرف چلنے لگے جب وہاں سے گزرے تو دیکھا کہ ایاس بن مضارب پولیس کے ہمراہ ہتھیار کھولے کھڑا ہے اس نے پوچھا تم کون ہو اور کہاں جا رہے ہو۔ابراہیم نے جواب دیا میں ابراہیم بن اشتر ہوں۔ابن مضارب نے کہا تمہارے ساتھ یہ جماعت کیسی ہے اور کیا ارادہ ہے بخدا تمہاری نیت بخیر معلوم نہیں ہوتی مجھے اطلاع ملی ہے کہ تم ہر شام اس مقام سے گزرا کرتے ہو میں تم کو امیر کے سامنے پیش کئے بغیر نہیں جانے دوں گا ان کے سامنے چلو۔جیسا وہ مناسب سمجھیں گے تمہارے بارے میں حکم دیں گے۔

ایاس بن مضارب کا خاتمہ

ابراہیم نے کہا تم مجھے نہ روکو اور جانے دو۔ایاس نے کہا بخدا میں ہرگز تمہیں نہیں جانے دوں گا۔ایاس کے ساتھ ایک ہمدانی ابوقطن نامی تھا جو ہر کوتوال کے ساتھ رہا کرتا تھا اسی بنا پر سب لوگ اس کی عزت و تعظیم کرتے تھے۔یہ ابنِ اشتر کا دوست تھا۔ابراہیم نے اسے اپنے پاس بلایا ابوقطن کے پاس ایک طویل نیزہ تھا وہ نیزہ لیے ان کے قریب پہنچا اور اس کا خیال تھا کہ انہوں نے مجھے اس لیے بلایا ہے کہ میں ابنِ مضارب سے ان کی سفارش کروں وہ انہیں جانے دے۔ابنِ اشتر نے اس نیزہ کو لے کر کہا یہ تو بہت لمبا ہے اور فوراً ہی مضارب پر حملہ آور ہوئے۔نیزہ اس کے حلقوم میں پیوست کر دیا اور اسے گھوڑے سے گرا دیا اپنے ایک ہم قوم سے کہا اتر کر اس کا سر کاٹ لو۔اس نے حکم بجا آوری کی۔اس واقعہ سے ابن مضارب کی جماعت منتشر ہو کر ابنِ مطیع کے پاس آئی۔اس نے ایاس کے بیٹے راشد کو اس کی جگہ کوتوال مقرر کر دیا۔

ابراہیم اور مختار کی ملاقات

ابراہیم بدھ کی رات مختار کے پاس آئے اور کہا اگرچہ ہم نے کل والی رات خروج کا ارادہ کرلیا تھا مگر ایک ایسا واقعہ پیش آیا ہے جس کی وجہ سے آج ہی رات خروج ضروری ہوگیا۔ اسکے بعد ایاس کا واقعہ بیان کیا۔ مختار نے کہا اللہ تمہیں نیک بشارت دے یہ شگون نیک ہے اللہ نے چاہا تو یہ پہلی فتح ہوگی۔

مختار کا خروج

مختار نے سعید بن منقذ کو حکم دیا کہ مسلمانوں کو جمع کرنے کے لیے لکڑی کے مٹھوں میں آگ روشن کرو۔ عبداللہ بن شداد سے کہا تم ہمارا شعار بلند کرو (یا منصور امتہ) اور سفیان بن لیل اور قدامہ بن مالک سے کہا کہ منادی کردو یا لثارات الحسین (حسین) کا بدلہ لینے کون آیا ہے) پھر مختار نے اپنی زرہ اور ہتھیار منگوا کر زیب تن کئے۔

ابراہیم کی مراجعت

ابراہیم سے کہا کہ یہ سردار جنہیں ابن مطیع نے محلوں میں مقرر کیا ہے ہمارے طرفداروں کو ہمارے پاس نہیں آنے دیتے اگر میں اپنی جماعت کے ساتھ اپنی قوم کے پاس جاؤں تو میری قوم کے وہ تمام لوگ جنہوں نے میری بیعت کی ہے میرے گرد جمع ہوجائیں گے۔ انہیں لے کر میں کوفہ کے اطراف میں چلا جاؤں گا اور پھر ہم اپنا شعار بلند کریں گے۔ اور جو میرے پاس آنا چاہے گا وہ میرے پاس آجائے گا۔ اور جس سے ہوسکے گا وہ آپ کے پاس چلا جائے گا۔ جو آپ کے پاس آئے اسے آپ اپنے اور طرفداروں کے ساتھ روک لینا تاکہ اگر ہمارے مقررہ وقت سے پہلے آپ پر حملہ ہوجائے تو آپ کے پاس ایسی جماعت ہو جس سے دشمن کا مقابلہ کیا جائے اور اگر میں اپنی کارروائی سے فارغ ہوگیا تو سوار اور پیدل لے کر فوراً آپ کے پاس آجاؤں گا۔ مختار نے کہا تم فوراً جاؤ مگر دشمن کے سردار کے پاس لڑنے نہ جانا بلکہ جب تک جنگ سے بچ سکو بچنا میری اس نصیحت کو یاد رکھنا کہ جب تک جنگ کی ابتداء حریفِ مقابل کی طرف سے نہ ہو تم پیش قدمی نہ کرنا۔

زحر بن قیس کا ابراہیم پر حملہ

ابراہیم اپنے اس دستے کے ساتھ جنہیں لے کر آئے تھے مختار سے رخصت ہوکر اپنی قوم کے پاس آئے جن لوگوں نے ان کی بیعت کی تھی اور ساتھ دینے کا وعدہ کیا تھا ان میں سے اکثر نے ایفائے عہد کیا یہ ان سب کو لے کر کوفہ کی گلیوں میں رات گئے تک چلتے رہے کیونکہ وہ ان راستوں سے بچ رہے تھے جو ان احاطوں کو جاتے

تھے جہاں ابن مطیع نے اپنے سردار متعین کر دیئے تھے۔اسی طرح وہ شاہراہوں کے ناکوں سے بھی بچتے جاتے تھے۔ چلتے چلتے جب یہ مسجد سکون کے پاس پہنچے تو زحر بن قیس کے رسالے کا ایک دستہ جس کا کوئی قائد اور امیر نہیں تھا نے ابراہیم کی جماعت پر حملہ کر دیا ابراہیم اور ان کے ساتھیوں نے بھی ان پر حملہ کر کے انہیں بھگا دیا۔ یہ شکست خوردہ جماعت محلہ کندی پہنچی تو ابراہیم نے دریافت کیا کہ کندہ کے احاطہ میں کون رسالدار ہے قبل اس کے کہ کوئی جواب اس کا انہیں معلوم ہو انہوں نے اپنے ساتھیوں سمیت حملہ کر دیا۔ابراہیم کہتے جاتے تھے اے خداوندا تو جانتا ہے کہ ہم تیرے نبیؐ کے خاندان کی حمایت میں کھڑے ہوئے ہیں اور ہمیں دشمن پر فتح دے اور ہماری اس تحریک کو پایہ تکمیل تک پہنچا جب ابراہیم دشمن کے رسالہ تک جا پہنچے اور انہیں مار بھگایا تو ان سے کہا گیا کہ اس رسالہ کے سردار زحر بن قیس ہے یہ سن کر ابراہیم نے مراجعت کا حکم دیا۔

ابراہیم کا احاطہ اثیر میں قیام

ابراہیم اثیر کے احاطہ میں پہنچے وہاں کچھ دیر تک ٹھہرے رہے۔ان کے ساتھیوں نے اپنا شعار بلند کیا۔سوید بن عبداللہ کو معلوم ہوا کہ یہ گروہ اثیر کے احاطہ میں موجود ہے تو اس نے اس توقع پر کہ میں اچانک حملہ کر کے اس جماعت کو تباہ کر دوں گا اور اس طرح ابن مطیع کے دل میں گھر کر لوں گا۔ابراہیم اور ان کی جماعت پر بے خبری میں حملہ کر دیا۔

سعید کا ابراہیم پر حملہ

ابراہیم نے اس حالت کو محسوس کر کے اپنی جماعت سے کہا اللہ کے سپاہیو کود پڑو ان فاسقوں کے مقابلہ میں جنہوں نے اہلِ بیت رسولؐ کے خون بہائے ہیں تم اس بات کے زیادہ سزاوار ہو کہ اللہ تعالیٰ تمہاری مدد کرے اس حکم پر سب کود پڑے ابراہیم نے دشمن پر حملہ کیا اور انہیں اس قدر مارا کہ انہیں میدان سے بھاگنا پڑا ابراہیم اس طرح شکست دیتے رہے یہاں تک کہ وہ کناسہ میں گھس گئے ابراہیم کے ساتھی کہنے لگے۔آپ ان کا تعاقب کریں اب وہ مرعوب ہو گئے ہیں اس موقع کو غنیمت سمجھنا چاہیئے کیونکہ اللہ اس بات کو جانتا ہے کہ ہماری اس کارروائی کا مقصد کیا ہے۔خدا ان کی دعوت اور مقصد سے بھی واقف ہے۔

ابراہیم نے ان کے مشورہ کو قبول نہ کیا اور کہا۔ پہلے ہمیں اپنے امیر کے پاس چلنا چاہیئے تا کہ ہماری غیبت سے ان کو جو پریشانی ہوگی وہ دور ہو اور ہمیں ان کی حالت سے اور انہیں ہماری کارروائی سے واقفیت ہو اس طرح ان کی اور ان کے دوستوں کی قوت میں اضافہ ہوگا۔ نیز باہمی مشورہ سے کوئی عمدہ طرز عمل پیدا ہوگا اور مجھے یہ بھی ڈر ہے کہ ان پر یورش ہوگئی ہوگی۔

ابراہیم کی پیش قدمی

ابراہیم اپنے ساتھیوں کے ساتھ آگے بڑھے۔مسجد اشعث کے پاس تھوڑی دیر رکے اور وہاں سے چل کر مختار کے مکان پر آئے تو دیکھا کہ وہاں شور وغوغا بپا ہے۔اور جنگ ہو رہی ہے۔شبث بن ربعی سنجہ کی جانب سے مختار پر حملہ آور ہوا مختار نے یزید بن انس کو اس کے مقابلے کے لیے بھیجا اور حجاز بن ابجر بجلی بڑھا تو مختار نے احمد بن شمیط کو اس کے مقابلے کا حکم دیا۔جنگ ہو رہی تھی کہ ابراہیم قصر الامارہ کی جانب سے یہاں پہنچے جب حجاز اور اس کی فوج کو معلوم ہوا کہ ابراہیم ہماری پشت پر آ گیا ہے تو ان کے آنے سے پہلے ہی وہ متفرق ہو کر گلی کوچوں میں منتشر ہو گئے۔

شبث کا ابن مطیع کا مشورہ

شبث جو یزید بن انس سے مصروف پیکار تھا قیس بن طہفہ کے ساتھ سو سوار جو مختار کے طرفدار تھے کے آجانے سے راستہ چھوڑ کر ابن مطیع کے پاس چلا گیا اور اس سے کہا کہ آپ اپنے تمام سرداروں کو مختلف حلقوں سے بلا لیجئے اور جب سب جمع ہو جائیں تو ایک قابلِ اعتماد سردار کو سپہ سالار بنا کر ان سے لڑنے کے لیے بھیجئے دشمن کی طاقت بہت زیادہ ہو گئی ہے اب مختار نے علی الاعلان خروج کر دیا ہے اور اس کی دعوت کامیاب ہو گئی ہے۔دوسری طرف مختار کو معلوم ہوا کہ شبث نے ابن مطیع کو یہ مشورہ دیا ہے وہ اپنی فوج کی ایک جماعت لے کر سنجہ پہنچا اور زائدہ کے باغ کے متصل دیر ہند کی پشت پر فروکش ہوا۔

بنوشاکر میں انتقام حسینؑ کی منادی

ابوعثمان نے خروج کر کے بنوشاکر میں منادی کی یہ لوگ خروج کے لیے اپنے ایک مکان میں جمع تھے مگر کعب خشعمی چونکہ ان کے قریب بشر کے احاطہ میں متعین تھا اس کے خوف سے یہ لوگ خروج نہ کر سکے تھے۔کعب کو معلوم ہوا کہ یہ خروج کرنے والے ہیں تو وہ ایک مقام سے چل کر میدان میں آیا اور ان کے گلی کوچوں کے ناکے بند کر دیئے اب ابوعثمان نے اپنی ایک مختصر سی جماعت کے ساتھ آ کر منادی کر دی ''حسینؑ'' کا بدلہ لینے آؤ۔اے ہدایت یافتہ قبیلے،امیر وزیر آل محمدؐ نے خروج کر دیا ہے وہ دیر ہند میں فروکش ہیں انہوں نے اس امر کی بشارت دینے اور تمہیں دعوت دینے کے لیے مجھے بھیجا ہے اللہ تم پر رحم کرے خروج کرو۔

بنوشاکر کا خروج

یہ سنتے ہی بنی شاکر ''حسینؑ کا بدلہ لینے'' کا نعرہ لگاتے ہوئے اپنے گھروں سے نکل پڑے اور کعب بن ابی

کعب سے لپٹ گئے پھر کعب کی فوج نے انہیں راستہ دے دیا اور وہ مختار کے پاس آ کر اس کی چھاؤنی میں فروکش ہو گئے۔عبداللہ بن قرار خثعم کے قریباً دوسو افراد کے ساتھ خروج کر کے مختار کے پڑاؤ میں پہنچ گئے۔کعب نے اس کی مزاحمت بھی کرنا چاہی مگر پھر یہ معلوم کر کے کہ یہ اس کے قبیلے والے ہیں بغیر لڑے انہیں راستہ دے دیا۔

بنی شبام کا خروج

بنی شبام آخر شب میں جنگ کے لیے نکلے اور مراد کے احاطہ میں آ کر جمع ہو گئے اور یہ گروہ بھی مختار سے آملا بارہ ہزار افراد میں سے جنہوں نے مختار کے ہاتھ پر بیعت کی تھی، تین ہزار آٹھ سو آدمی طلوعِ فجر سے پہلے جمع ہو گئے اور اس نے ان کی ترتیب وغیرہ بھی قائم کر دی۔

والبی کا بیان

والبی کہتا ہے کہ میں حمید بن مسلم اور نعمان بن ابی جعد مختار کے خروج کی رات پہلے اس کے مکان پر آئے اور پھر اسی کے ساتھ اس کے فوجی پڑاؤ میں چلے گئے ابھی صبح بھی نمودار نہیں ہوئی تھی کہ مختار اپنی فوج کی ترتیب آراستگی سے فارغ ہو گئے۔جب صبح ہوئی تو انہوں نے اندھیرے ہی میں امامت کرائی اور ہمیں نماز صبح پڑھائی۔سورۂ نازعات اور عبس وتولیٰ کی تلاوت کی۔ہم نے اس سے پہلے کسی پیش نماز کو اس سے زیادہ خوش لہجہ میں کلام پاک کی تلاوت کرتے نہیں سنا تھا۔

امراء کوفہ کا مسجد اعظم میں اجتماع

ابنِ مطیع نے تمام محلوں کے امراء کو حکم دیا کہ سب کے سب مسجد اعظم میں جمع ہوں۔نیز یہ بھی اعلان کیا آج رات جو مسجد میں نہیں آئے گا اس کے حقوقِ حفاظت زائل ہو جائیں گے۔اس اعلان کی وجہ سے بہت سے لوگ جمع ہوئے۔جب سب جمع ہو گئے تو ابنِ مطیع نے شبث بن ربعی کو تقریباً تین ہزار فوج کے ساتھ مختار کے مقابلہ میں بھیجا اور راشد بن ایاس کو چار ہزار فوج خاص دیکر روانہ کیا۔

شبث بن ربعی

ابوسعید صیقل کہتا ہے کہ صبح کی نماز کے بعد جب مختار پلٹا تو ہم نے بنی سلیم کے محلہ اور ڈاک کی سڑک کے درمیان شور وغوغا سنا۔مختار نے کہا کون اس کی خبر لا سکتا ہے میں نے کہا میں مختار نے کہا اچھا اپنے ہتھیار اتار ڈالو اور محض تماشائیوں کی طرح ان میں جا ملو اور جو واقعہ ہو اس سے مجھے آ کر آگاہ کرو میں نے جا کر دیکھا کہ شبث بن ربعی زبردست فوج کے ساتھ موجود ہے میں تیزی کے ساتھ مختار کے پاس آیا شبث اور اس کی فوج کی اطلاع مختار

کودی اسی وقت سعر بن ابی سعر حنفی گھوڑا دوڑاتا ہوا آیا اور اس نے مختار کی بیعت کی۔

نعیم بن سبیرہ کی شہادت

ابراہیم نے راشد کا رخ کیا اور نعیم شبث کی جانب بڑھا نعیم نے سعر کو اپنے رسالے پر مقرر کیا اور خود پیدل فوج میں پیادہ چل رہا تھا ہم نے انہیں اس قدر مارا کہ انہیں مکانات کے اندر دھکیل دیا اس پر شبث نے انہیں للکارا۔اے برے حامیو!تم بالکل نکمے ہو کیا تم اپنے غلاموں سے بھاگتے ہو اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ایک جماعت اس کے ساتھ ٹھہری رہی اور اس نے ہم پر شدید حملہ کیا نعیم لڑتے لڑتے شہید ہو گئے اور سعر کو قید کر لیا۔

سعر کی رہائی

سعر کو شبث نے پہچان لیا اور کہا تم بنی حنیفہ کے ہو۔کہا ہاں۔کہا تم نے لونڈی کے بچوں کی کیوں اتباع کی۔اللہ تمہارا برا کرے۔اچھا اسے چھوڑ دو۔اب شبث کا رسالہ مختار کی فوج کی طرف بڑھا مختار کو نعیم کی شہادت کی خبر ملی جسے اس کی فوج نے اپنا بڑا نقصان محسوس کیا۔

مختار کی پیش قدمی

شبث نے آتے ہی مختار اور یزید بن انس کو گھیر لیا۔مختار نے یزید کو اپنے رسالے کا سردار مقرر کیا اور خود پیدل فوج لیکر آگے بڑھا۔حارب بن کعب کہتا ہے کہ شبث نے ہم پر وہ حملے کئے مگر ہمارا کوئی شخص اپنی جگہ سے نہیں ہٹا۔

یزید بن انس کا فوج سے خطاب

یزید نے اپنی فوج سے مخاطب ہو کر کہا اے گروہ شیعہ تم کو اب تک قتل کیا جاتا رہا ہے تمہارے ہاتھ پاؤں قطع کیے جاتے رہے ہیں تمہیں اندھا کیا گیا تمہیں کھجور کے درختوں پر سولی دی جاتی رہی یہ سب کچھ تم اپنے نبیؐ کی اہل بیت کی محبت میں برداشت کرتے رہے اور یہ بھی کہ تم اس وقت تک اپنے گھروں میں دشمن کی اطاعت میں خاموش بیٹھے رہے۔یاد رکھو اگر آج دشمن نے ہم پر غلبہ پالیا تو ہم میں سے کوئی زندہ نہیں بچے گا یہ تم سب کو نہایت بے رحمی سے قتل کر دیں گے تمہاری اولاد ازواج اور مال وجائداد کے ساتھ وہ سلوک کریں گے جس کے دیکھنے سے موت بہتر ہے ان سے بچنے کی آج ایک ہی صورت ہے کہ ثابت قدم رہو۔دشمن کی آنکھوں میں نیزے کے کاری وار لگاؤ ان کے سروں پر پوری ضرب لگاؤ،اب تم شدید جنگ اور حملے کے لیے تیار رہو اور سب میں اپنے رحم کو دو مرتبہ حرکت دوں تو فوراً حملہ کر دو۔اس تقریر کے بعد ہم حملے کے لیے بالکل تیار ہو گئے۔گھٹنوں کے بل کھڑے ہو

گئے اور اس کے حکم انتظار کرنے لگے۔

ابراہیم کا راشد پر حملہ

ابراہیم راشد کی طرف چلے محلہ مراد میں دونوں کا مقابلہ ہوا راشد کے ہمراہ چار ہزار فوج تھی اس پر ابراہیم نے کہا دشمن کی کثرت سے مرعوب نہ ہو جانا۔ بخدا اکثر ایسا ہوا ہے کہ ایک آدمی دس کی نسبت زیادہ مفید ثابت ہوا۔ (ترجمہ آیت) بسا اوقات ایک چھوٹی سی جماعت اللہ کے حکم سے ایک بڑی جماعت پر غالب آ گئی اور اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔ ابراہیم نے خزیمہ بن نصر کو حکم دیا۔ تم رسالے کے ساتھ دشمن کا مقابلہ کرو اور خود پیدل فوج کے ساتھ پیادہ چلتا رہا اس کا پرچم مزاحم بن طفیل کے پاس تھا ابراہیم نے اس سے کہا پرچم لے کر آہستہ آہستہ چلو۔

راشد بن ایاس کا خاتمہ

دونوں فریق ایک دوسرے نے دست و گریباں ہو گئے نہایت شدید اور خونریز جنگ ہوتی رہی۔ خزیمہ نے راشد کو دیکھا اس پر حملہ کیا۔ نیزے سے اسے ہلاک کر دیا اور اعلان کیا کہ رب کعبہ کی قسم میں نے راشد کو قتل کر دیا۔ راشد کی سپاہ کو ہزیمت ہوئی۔ راشد کے قتل کے بعد ابراہیم اور حزیمہ مختار کے پاس پلٹ آئے جب راشد کے قتل اور اس کی فوج کی شکست کی خبر مختار کو ملی تو اس کی فوج نے خوشی میں نعرہ تکبیر بلند کیا ان کے حوصلے بڑھ گئے اور ابن مطیع کی فوج کی ہمتیں پست ہو گئیں۔ ابن مطیع نے دو ہزار کی فوج کے ساتھ حسان بن عبی کو مقابلہ کے لیے بھیجا لیکن اسے شکست ہوئی اور خزیمہ نے امان دے دی چونکہ یہ اس کا رشتہ دار تھا۔ ابراہیم نے امان قبول کر لی۔ حسان بن عبی کا گھوڑا منگوا کر اسے اس پر سوار کیا اور کہا اپنے گھر چلے جاؤ۔

ابراہیم کا شبث بن ربعی پر حملہ

ابراہیم مختار کے پاس آئے جبکہ انہیں اور یزید بن انس کو شبث نے گھیرے میں لیا ہوا تھا۔ ابراہیم نے اس کے قریب پہنچتے ہی اس پر حملہ کر دیا۔ ادھر یزید بن انس نے اپنی فوج کو حملے کا حکم دیا۔ حملہ ہوا تو دشمن پیچھے ہٹ کر کوفہ کے مضافات تک جا پہنچا ادھر خزیمہ نے یزید بن حارث پر حملہ کر کے شکست دیدی۔ یہ سب دشمن کوفہ کے ناکوں پر جمع ہوئے۔ یزید بن حارث نے ان مکانات کی چھتوں پر جو راستوں کے ناکوں پر تھے۔ تیراندازوں کو متعین کر دیا۔ مختار ایک جماعت کے ساتھ ان کی طرف بڑھے لیکن تیراندازوں نے انہیں کوفہ میں داخل نہ ہونے دیا۔

عمرو بن حجاج کا ابن مطیع کو مشورہ

عمرو بن حجاج نے ابن مطیع سے کہا سر پکڑ کر بیٹھ رہنے کا یہ وقت نہیں تم خود چلو۔سب لوگوں کو دشمن سے مقابلہ کی دعوت دو اور خود اس سے لڑو شہر کی آبادی بہت زیادہ ہے اور صرف ایک چھوٹی سی باغی جماعت کے علاوہ کہ جنہوں نے خروج کیا ہے باقی سب آپ کے ساتھ ہیں۔سب سے پہلے میں ان کے مقابلہ کے لیے تیار ہوں ۔ایک جماعت میرے ساتھ کیجئے۔

مختار کا جبانہ میں قیام

مختار سبخہ سے چل کر جبانہ کی پشت پر ظاہر ہوئے وہاں سے بھی اور اوپر ہٹ کر فرینہ احس اور بارق کے مکانات کے قریب ان کی مسجد اور مکانات کے نزدیک پڑاؤ ڈالا۔یہاں کے رہنے والوں نے مختار کے لیے پانی پیش کیا۔اس کی فوج نے تو پانی پیا مگر خود مختار نے نہیں پیا اس پر اس کے اصحاب نے خیال کیا کہ وہ روزہ رکھے ہوئے ہیں۔

مختار کی قصر الامارہ کی طرف پیشقدمی

اس مقام کو دیکھ کر آپ نے کہا لڑنے کے لیے یہ جگہ مناسب ہے۔مگر ابراہیم نے ان سے کہا اللہ نے دشمنوں کو شکست دی ہے اور ان کے دلوں میں ہمارا رعب بیٹھ گیا ہے تو کیا آپ یہاں قیام کریں گے؟ آپ ہمیں لے کر چلئے اب ہمیں قصر کے فتح کرنے سے کوئی طاقت روکنے والی نہیں ہے اور مجھے امید ہے کہ کوئی ہماری زیادہ مزاحمت نہیں کی جائے گی۔مختار نے کہا جتنے ضعفاء کمزور یا مریض ہیں یہیں ٹھہر جائیں نیز اپنا سامان واسباب بھی یہیں رکھ لیں۔پھر دشمن کے مقابلے کے لیے چلیں سب نے اس تجویز پر عمل کیا۔ابراہیم کو اپنے آگے روانہ کیا۔اور یہاں بھی اپنی فوج کی وہی ترتیب قائم رکھی جو مقام سبخہ میں تھی۔ابن مطیع نے عمرو بن حجاج کو دو ہزار فوج کے ساتھ مقابلہ کے لیے روانہ کیا یہ توریوں کی سڑک سے ان کے مقابلے کے لیے آیا لیکن مختار کے حکم سے ابراہیم نے اس کی کوئی پرواہ نہ کی۔البتہ مختار نے یزید بن انس کو عمرو کے مقابلہ پر جانے کا حکم دیا۔

ابراہیم کا کوفہ میں داخلہ

اور خود مختار ابراہیم کے پیچھے ہولیا اور یہ سب کے سب دشمن کی طرف چلے۔مختار خالد بن عبداللہ کی عیدگاہ کے قریب رک گئے اور ابراہیم کو سیدھا بڑھنے کا حکم دیا۔ابراہیم برابر بڑھتا چلا گیا۔شمر بن ذی الجوشن دو ہزار کی فوج کے ساتھ ابن محرز کی سڑک سے ابراہیم کے مقابلہ میں آیا۔مختار نے سعید ہمدانی کو اس کے روکنے کے لیے بھیجا

اور ابراہیم سے کہلا بھیجا کہ تم شمر کی بھی پرواہ نہ کرو بلکہ سیدھے اپنے مقصد کی طرف بڑھتے چلے جاؤ یہ اسی طرح بڑھتے ہوئے شبث کی سڑک پر جا پہنچے وہاں نوفل بن مساحق پانچ ہزار فوج کے ساتھ مقابلہ کے لیے تیار کھڑا تھا۔دوسری طرف ابن مطیع نے سوید بن عبدالرحمن کو حکم دیا تھا۔وہ لوگوں میں منادی کر دے۔سب ابن مساحق کے پاس جمع ہوں۔اس نے قصر الامارہ میں شبث کو اپنا جانشین مقرر کیا تھا اور خود کناسہ میں ٹھہرا ہوا تھا۔

ابراہیم کی ہدایت

جب ابراہیم اپنی جماعت کے ساتھ دشمن کے مقابلے میں آئے تو انہوں نے دشمن کے قریب پہنچتے ہی اپنی فوج سے کہا کہ گھوڑوں سے نیچے اتر آؤ اور اپنے گھوڑوں کو ایک دوسرے کے قریب کر لو۔اور پھر پیدل تلواریں نیام سے نکالے ہوئے چلو۔اگر یہ کہا جائے کہ شبث بن ربعی یا عتیبہ کا خاندان یا شبث کا خاندان یا یزید بن حارث کا خاندان آتا ہے۔یا کوفہ کے مشہور خاندانوں کے نام لیے جائیں تو اس سے تم خوفزدہ نہ ہونا یہ لوگ جب تلوار کی حرارت محسوس کریں گے تو ابن مطیع کا اس طرح ساتھ چھوڑ جائیں گے جیسے بھیڑیں بھیڑیے سے ڈر کر بھاگ جاتی ہیں۔

ابن مساعق کی شکست اور امان

ابراہیم کی فوج نے اپنے گھوڑے ایک دوسرے کے قریب کر لیے ابراہیم نے اپنا لباس سمیٹ کر لوگوں سے کہا میرا چچا اور ماموں تم پر سے فدا ہوں۔دشمن پر حملہ کرو۔بخدا لڑائی شروع ہوگئی۔تھوڑی دیر ہوئی تھی کہ ابراہیم کی فوج نے ان کو شکست دیدی۔ان میں ایسی بگدڑ مچی کہ سڑک کے ناکے پر ایک پر دوسرا گرا پڑا تھا۔ابراہیم ابن مساعق کے پاس پہنچے اور اس کے گھوڑے کی لگام پکڑ لی۔تلوار اٹھائی تو ابنِ مساعق نے کہا اے ابن اشتر میں خدا کا واسطہ دیتا ہوں۔کیا کسی کے بدلے مجھے قتل کرتے ہو یا کبھی میرے اور تمہارے درمیان کوئی عداوت تھی۔ابراہیم نے اسے چھوڑ دیا اور کہا میں صرف یہ چاہتا ہوں کہ تم اس واقعہ کو یاد رکھنا چنانچہ وہ ہمیشہ اس کو یاد کرتا تھا اب ابراہیم کی فوج دشمن کا تعاقب کرتی ہوئی کناسہ میں ورآئی یہاں تک کہ بازار اور مسجد میں داخل ہوگئی۔ابنِ مطیع کا محاصرہ کر لیا جو تین دن تک رہا۔

قصرِ کوفہ کا محاصرہ

ابنِ مطیع نے صرف تین دن حالت محاصرہ میں اپنے ساتھیوں کو کھانا دیا اس کے ہمراہ اشراف کوفہ موجود تھے تین دن کے بعد ابنِ مطیع قصر سے نکل کر آبادی سے باہر چلا گیا۔جب محاصرہ شدید ہو گیا تو اس معاملہ میں اشراف نے ابنِ مطیع سے گفتگو کی۔شبث نے کہا اللہ امیر کو نیک ہدایت دے۔آپ اپنے اور اپنے ساتھیوں کے لیے غور کیجئے نہ ہم آپ ہی سے بے پرواہی کر سکتے ہیں اور نہ ہی خود اپنی ذات سے۔ابنِ مطیع نے کہا اچھا تو آپ

لوگ مشورہ دیں شبث نے کہا۔آپ مختار سے اپنے اور ہمارے لیے امان حاصل کریں۔خود اور اپنے طرفداروں کو ہلاکت میں نہ ڈالئے اس نے کہا حجاز و بصرہ میں ''امیر المومنین'' ابن زبیر کی حکومت مضبوط ہے میں خود اس سے امان طلب کرنا نہیں چاہتا۔شبث نے کہا تو بہتر ہے آپ خفیہ طور پر قصر سے نکل کر کسی ایسے شخص کے پاس چلے جائیں۔جس پر پورا اعتماد ہو اور کوشش کریں کہ مختار کو اس جگہ کا پتہ نہ چلے اور پھر امیر المومنین کے پاس چلے جائیں ابن مطیع نے باقی اشراف سے پوچھا تو انہوں نے شبث کی رائے سے پورا اتفاق کیا۔

قصر کوفہ پر مختار کا قبضہ

ابن مطیع نے کہا کہ اچھا پھر رات ہونے دو۔حسان بن قائد کہتا ہے کہ جب شام ہوگئی تو ابن مطیع نے ہم سب کو جمع کیا۔حمد وثناء کے بعد کہا جن لوگوں نے ہمارے خلاف بغاوت کی ہے ہم ان کی حیثیت کو جانتے ہیں سوائے ایک دو شخصوں کے باقی ارازل کمینے اور احمق ہیں آپ کے تمام اشراف اور باعزت لوگ ہمیشہ مطیع اور یہی خواہ رہے ہیں۔میں یہ بات امیر المومنین سے کہوں گا۔کہ آپ لوگوں نے پوری کوشش اور خلوص نیت سے ہمارا ساتھ دیا ہے مگر کیا کیا جاتا اللہ کا حکم سب پر غالب ہے۔آپ حضرات نے جو مجھے مشورہ دیا ہے اسے آپ جانتے ہیں میں نے اب یہ مناسب سمجھا ہے کہ ابھی ابھی قصر سے باہر چلا جاؤں۔اس پر شبث نے کہا اللہ امیر کو اس کی جزائے خیر دے۔آپ نے ہمارے مال ومتاع کو محفوظ کر دیا۔ہمارے اشراف کی عزت افزائی کی اپنے آقا کی خیر خواہی کی اور اپنے فرض کو بخیر انجام دیا۔بغیر آپ کی اجازت کے ہم بھی کبھی آپ کا ساتھ نہ چھوڑتے۔ابن مطیع نے بھی شبث کے جذبات کی تعریف کی اور کہا کہ ہر شخص کو اپنی صوابدید پر کام کرنے کا اختیار ہے ابن مطیع رومیوں کے کوچے سے ہو کر ابوموسیٰ کے مکان پر چلا آیا۔قصر چھوڑ دیا اس کے جانے کے بعد اس کے احباب نے قصر کا دروازہ کھول دیا اور ابن اشتر سے کہا ہمیں امان دیجئے۔ابراہیم نے سب کو امان دے دی اور انہوں نے قصر سے باہر آ کر مختار کے ہاتھ پر بیعت کر لی۔

مختار کا اہلِ کوفہ سے خطاب

مختار قصر میں آ گئے۔یہیں انہوں نے رات بسر کی۔صبح کے وقت تمام عمائدین شہر مسجد اعظم اور قصر الامارہ کے دروازے پر جمع ہوئے۔مختار نے قصر سے نکل کر برسر منبر تقریر کی حمد وثناء کے بعد کہا تعریف اس خدا کی ہے جس نے اپنے دوست کے لیے ہمیشہ نصرت واعانت کا وعدہ فرمایا ہے اور اپنے دشمن کے لیے ذلت وناکامی کا۔اس کا یہ وعدہ ایسا یقینی ہے کہ گویا وہ واقع ہو چکا جس نے اس میں شک کیا وہ محروم رہا تمہارے لیے ایک علم بلند کیا گیا ہے اور مقصد پیش نظر رکھا گیا۔علم کے متعلق کہا گیا کہ اس کو بلند رکھو نیچے نہ گرنے دو۔غرض وغایت کے لیے کہا گیا۔اس کے حصول کے لیے پوری کوشش کرو۔ہم نے ایک داعی کی دعوت کو سنا اور اسے

قبول کیا۔اب دیکھئے کتنے مرد اور عورتیں مرنے والوں کی خبر مرگ دیتے ہیں وہ ہلاک ہو جس نے سرکشی روگردانی اور نافرمانی کی ۔ہمیں جھٹلایا اور ہماری دعوت سے منہ پھیرلیا۔پس اے لوگو، آؤ ہدایت کے لیے بیعت کرو۔اس خدا کی قسم جس نے زمین وآسمان بنائے ۔علیؑ بن ابی طالبؑ اوران کی آل کی بیعت کے علاوہ اس بیعت سے جس کی میں دعوت دیتا ہوں کوئی دعوت بہتر نہیں ہے۔

مختار ثقفی کی بیعت

یہ کہہ کر مختار منبر سے اتر آئے اور مقصورہ میں چلے گئے۔ہم اور تمام اشراف ان کے پاس آئے۔انہوں نے بیعت کے لیے ہاتھ پھیلا دیا لوگ بڑھ کر بیعت کرنے لگے۔مختار کہتے جاتے تھے۔میری بیعت کرو۔کتاب اللہ سنتِ رسول، اہل بیت کے خون کا بدلہ لینے، ظالموں سے لڑنے اور کمزوروں کی حفاظت کرنے کے لیے نیز اس بات کے لیے کہ جس کسی سے ہم لڑیں گے تم بھی اس سے لڑو گے اور جس سے ہم صلح کریں گے تم بھی صلح کرو گے اور ہماری بیعت کو پورا کرو گے نہ ہم تم کو معاف کریں گے اور نہ تم سے معافی کے خواستگار ہوں گے۔

مختار کا ابن مطیع سے حسنِ سلوک

ابن کام نے مختار سے آ کر کہا کہ ابن مطیع ابوموسیٰ کے گھر مقیم ہے مختار نے اسے کوئی جواب نہ دیا ابن کامل نے تین مرتبہ یہی کہا اور کوئی جواب نہ پایا۔ابن کامل کو محسوس ہوا کہ انہیں یہ بات گوارا نہیں۔واقعہ یہ ہے کہ مختار اور ابنِ مطیع اس ہنگامے سے پہلے باہم مخلص دوست تھے۔شام کو مختار نے ایک لاکھ درہم ابنِ مطیع کو بھیجے اور کہا کہ اس روپے سے سفر کا انتظام کرو اور چلے جاؤ۔مجھے تمہاری جائے سکونت معلوم تھی مجھے یہ خیال ہوا کہ محض رقم نہ ہونے کے باعث تم ابھی تک رکے رہے۔

مالِ غنیمت کی تقسیم

مختار کو کوفے کے خزانے سے نو کروڑ درہم ملے۔اس میں سے اس نے ان لوگوں کو جو ابن مطیع کو قصر میں محصور کرتے وقت اس کے ہمراہ تھے جن کی تعداد تین ہزار اور آٹھ سو تھی۔پانچ سو درہم فی کس کے حساب سے تقسیم کیے اور جو لوگ قصر کو محصور کرنے کے بعد اس کے علم کے نیچے آئے اور محاصرے کے تینوں راتوں میں برابر ساتھ رہے انہیں دو دو سو درہم دیئے جن کی تعداد چھ ہزار تھی۔مختار سب کے ساتھ نیکی سے پیش آئے اور ان کے ساتھ عدل وانصاف کرتے۔شرفاء کو اپنا مصاحب بناتے جو ہر وقت ان کے ساتھ بیٹھتے عبداللہ ابن کامل شاکری کو کوتوال اور ابوعمرہ کیسان کو اپنی فوجِ خاص کا سردار مقرر کیا۔

قاضی شریح کی علیحدگی

جب مختار نے ظہور کیا اور اس کی طاقت جم گئی۔ ابنِ مطیع کو نکال باہر کیا اور اپنے عمال مقرر کئے تو صبح و شام دربارِ عام لگانے لگے پہلے پہل مقدمات کے فیصلے بھی خود کرتے تھے۔ بعد میں کہنے لگے چونکہ مجھے اور اہم امور انجام دینے ہیں اس لیے میں قضادت ہی کروں گا۔ لہٰذا انہوں شریح کو قاضی مقرر کیا۔ شریح نے چند دن اس پر کام کیا پھر شیعوں سے ڈر کر بیمار بن گیا اس کی وجہ یہ تھی کہ شیعہ کہا کرتے تھے یہ عثمان کا طرفدار ہے اور اسی نے حجر بن عدی کے خلاف شہادت دی تھی۔ اس نے ہانی بن عروہ کا وہ پیغام بھی نہیں پہنچایا تھا اور اسے حضرت علیؑ نے منصب قضادت سے علیحدہ کر دیا تھا۔ شریح نے جب لوگوں کو اس طرح کی چہ میگوئیاں کرتے دیکھا تو بیمار بن گیا۔ مختار نے اس کی جگہ عبداللہ ابن عتبیہ ابن مسعود کو قاضی مقرر کیا۔ یہ بیمار ہوئے تو ان کی جگہ عبداللہ ابن مالک طائی کو قاضی بنایا گیا۔

باب 16
قاتلینِ حسینؑ کا انجام

عبیداللہ ابنِ زیاد کے لیے احکامات

شام میں مروان بن حکم کی حکومت جب مستحکم ہوگئی تو اس نے عبیداللہ ابنِ زیاد کی قیادت میں ایک فوج عراق کی طرف روانہ کی اسی فوج اور شیعانِ اہل بیت کے گروہِ توابین کے درمیان عین الوردہ کے مقام پر جو جنگ ہوئی اسے ہم بیان کر چکے ہیں۔ مروان نے عبیداللہ سے کہا کہ تم عراق کے اس تمام علاقے کے ہماری طرف سے حاکم ہو جس پر تسلط حاصل کر لو نیز اسے کوفے کو تین دن تک لوٹنے کا بھی حکم دیا۔

ابن سعید کی مختار سے امداد طلبی

عبدالرحمن بن سعید بن قیس نے جو مختار کی جانب سے موصل کا عامل تھا۔ مختار کو لکھا۔ ''عبیداللہ ابن زیاد موصل کے علاقے میں داخل ہو گیا ہے اس نے اپنی پیدل اور سوار فوج میری طرف بھیجی ہے میں اس کے مقابلے سے گریز کر کے ''تکویت'' آ گیا ہوں اور آپ کی ہدایات کا منتظر ہوں۔'' مختار نے جواب دیا ''جب تک میرا حکم تمہیں موصول نہ ہو تکویت نہ چھوڑنا۔''

یزید ابن انس کو موصل جانے کا حکم

مختار نے یزید ابن انس کو بلایا اور کہا ''عبدالرحمن نے جو ایک سچا آدمی ہے دشمن کی پیشقدمی کی اطلاع دی ہے۔ تمہارے زبردست فوجی دستہ موجود ہے تم دن رات منزلیں طے کرتے ہوئے موصل کے لیے روانہ ہو جاؤ اور اس کی سرحد میں پہنچ کر پڑاؤ ڈالو۔ میں تمہاری امداد کے لیے پیدل سپاہ کے دستے یکے بعد دیگرے بھیجتا رہوں گا۔'' یزید نے کہا ''مجھے تین ہزار ایسے شہسوار دیجئے جنہیں میں خود انتخاب کروں اس کے بعد اس مہم کو آپ میرے سپرد کر دیں میں اس کی کامیابی کا ذمہ دار ہوں گا۔ اگر مجھے پیدل سپاہ کی ضرورت ہوئی تو میں آپ کو لکھوں گا۔'' مختار نے کہا اچھی بات ''اللہ کا نام لے کر جسے چاہو منتخب کر لو۔'' یزید نے تین ہزار سواروں کا انتخاب کیا اور یہ فوج کوفہ سے روانہ ہوئی۔ مختار اور دوسرے لوگ مشایعت کے لیے ''دیر ابی موسیٰ'' تک اس فوج کے ہمراہ آئے۔ مختار نے اس فوج کو رخصت کرتے وقت سردار لشکر کو یہ ہدایت کی ''دشمن کا سامنا ہوتے ہی حملہ کرنا۔ اگر کوئی موقع ملے تو اس سے فوراً فائدہ اٹھانا اپنے حالات سے مجھے روزانہ مطلع کرتے رہنا اگر مزید امداد کی ضرورت

ہوتو مجھے فوراً لکھ دینا اور چاہے تم مدد نہ بھی طلب کرو تب بھی میں تمہیں امدادی فوج بھیج دوں گا اس سے تمہاری قوت میں اضافہ ہوگا تمہاری فوج کی ہمت بڑھے گی اور دشمن مرعوب ہوں گے۔'' یزید نے کہا'' آپ کی دعا ہی ہمارے لے سب سے بڑی مدد ہے۔''

دوسرے لوگوں نے اس سے کہا'' اللہ تمہارے ساتھ ہو اور تمہاری تائید کرے اور پھر خدا حافظ کہا۔''

یزید نے مختار سے کہا'' آپ میرے لیے شہادت کی دعا کیجئے اگر دشمن سے میرا مقابلہ ہوا تو چاہے مجھے فتح حاصل نہ ہو سکے مگر شہادت سے انشاء اللہ محروم نہ رہوں گا۔'' مختار نے عبدالرحمن کو لکھ بھیجا۔ میں یزید کو بھیج رہا ہوں اب اس تمام علاقے کی حکومت اس کے سپرد کردو۔ وہی اب ان امور کے ذمہ دار ہیں۔'' یزید کوفہ سے روانہ ہوکر'' سورا'' میں رات بسر کی۔ دوسرے دن کوچ کیا۔ سارا دن چل کر مدائن میں رات بسر کی۔ یہاں لوگوں نے رخت سفر کی شکایت کی تو یزید نے ایک دن اور رات وہیں قیام کیا۔ وہاں سے براستہ جوخی اور رازانات کے علاقے میں نبات تلی میں فروکش ہوا۔ اس کی آمد اور قیام کی اطلاع عبیداللہ ابن زیاد تک پہنچی۔ اس نے فوج کی تعداد دریافت کی تو مخبروں نے بتایا کہ یہ کوفہ سے تین ہزار سواروں کے ہمراہ روانہ ہوا تھا۔ عبیداللہ نے کہا'' میں اس کے مقابلے میں دوگنی فوج بھیجے دیتا ہوں۔ لہذا اس نے ربیعہ ابن مخارق اور عبداللہ ابن حملہ کو تین تین ہزار سواروں کے ہمراہ یزید ابن انس کے مقابلے کے لیے روانہ کیا۔ ربیعہ یزید کے مقابلے میں پہلے پہنچ گیا اور'' نبات تلی'' میں اس کے سامنے مورچہ زن ہوگیا۔

یزید ابن انس کی علالت

ابوسعید صیقل کہتا ہے کہ یزید بیماری کی حالت میں ایک گدھے پر سوار تھے لوگ ان کے آس پاس پیدل چل رہے تھے۔ کسی نے ان کے دونوں بازو پکڑ رکھے تھے اور کوئی اس کے دونوں پہلو تھامے ہوا تھا۔ یہ اپنے ہر دستہ فوج کے آس پاس آ کر ٹھہرتے اور ان سے کہتے اے اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے سپاہیو! ثابت قدم رہو۔ اس کا تمہیں اجر ملے گا۔ دشمن کے مقابلے میں پوری ثابت قدمی دکھاؤ۔ تمہیں فتح نصیب ہو گی۔ شیطان کے پیروؤں سے لڑو بے شک شیطان کا مکر بہت ہی کمزور ہے۔ اگر میں مارا جاؤں تو ورقہ ابن عازب، وہ مارے جائیں تو عبداللہ ابن زمرہ، اور وہ مارے جائیں تو سعد ابن ابی سعر حنفی امیر ہوں گے۔ ابن سعید کہتا ہے میں ان کے بازو اور ہاتھ پکڑے ہوئے ساتھ ساتھ چل رہا تھا۔ میں نے جب اس کے چہرے نظر کی تو محسوس ہوا کہ اس کی موت کا وقت بالکل قریب آ گیا ہے۔ یزید نے عبداللہ ابن زمرہ کو میمنہ، سعر کو میسرہ اور ورقہ کو تمام رسالے کا افسر مقرر کیا۔ خود سواری سے اتر کر پیدل سپاہ میں بستر پر لیٹا ہوا ساتھ ہوا اور حکم دیا'' کھلے میدان میں دشمن پر حملہ کرو۔ مجھے پیدل سپاہ کے ساتھ ساتھ آگے رکھو۔ تمہارا جی چاہے تو اپنے امیر

کی حمایت میں جانبازی دکھاؤ اور چاہو تو مجھے چھوڑ کر بھاگ جاؤ۔''

آغازِ جنگ

66ھ ماہ ذی حجہ کے عرفہ کا دن تھا۔ ابوسعید کہتا ہے کہ ہم یزید کو لے دشمن کے مقابلے پر نکلے کبھی ہم ان کی پشت کو سہارا دیتے اور وہ ہم کو جنگ کے متعلق ہدایات دینے لگتے پھر شدتِ درد کی وجہ سے انہیں زمین پر لٹا دیا جاتا اور فوج جنگ میں مصروف ہو جاتی۔ ہمارے میسرہ نے ان کے میمنہ پر حملہ کر کے اسے شکست دی اور ان کے پڑاؤ پر قبضہ کر لیا۔

ربیعہ کا قتل

موسیٰ ابن عامر راوی ہے ''ہم بڑھتے ہوئے اہلِ شام کے سپہ سالار ربیعہ تک پہنچ گئے۔ اس کے ساتھی اس کا ساتھ چھوڑ چکے تھے۔ عبداللہ ابن ورقہ اور عبداللہ بن زمرہ نے اس پر حملہ کر کے اسے قتل کر دیا۔'' عمرو ابن مالک جو شامی لشکر میں موجود تھا روایت کرتا ہے۔ ''ہمارے اور عراقیوں کے درمیان کچھ دن چڑھے تک شدید جنگ ہوئی۔ عراقیوں نے ہمیں شکست دی۔ ہمارے امیر کو قتل کر دیا اور ہمارے پڑاؤ پر قبضہ کر لیا۔ ہم میدان چھوڑ کر عبداللہ ابن حملہ کے پاس پہنچے۔ پھر اس کے ہمراہ واپس آئے۔ ساری رات ہم نے پوری نگہبانی سے بسر کی۔ صبح کی نماز کے بعد میدانِ جنگ میں مقابلے کے لیے آئے۔ شدید جنگ کی۔ مگر پھر انہوں نے ہمیں بری طرح شکست دی، ہمیں قتل کیا اور ہمارے پڑاؤ پر قبضہ کر لیا۔ اسی معرکے میں عبداللہ ابن حملہ بھی مارا گیا۔ ہم بھاگ کر عبداللہ ابنِ زیاد کے پاس گئے اور اپنی سرگزشت اس سے بیان کی۔''

یزید ابن انس کی وفات

تین سو قیدی یزید کے سامنے پیش کئے گئے اس نے اشارے سے ان کے قتل کا حکم دیا اور وہ سب قتل کر دیئے گئے۔ یزید نے کہا۔ ''اگر میں وفات پا جاؤں تو ورقہ ابن عازب امیر ہوں گے۔'' اسی شام ان کی وفات ہوئی اور ورقہ نے نماز جمعہ پڑھا کر انہیں دفن کر دیا۔''

یزید کی وفات کا فوج پر گہرا اثر ہوا اور ان کے دل ٹوٹ گئے۔ عبداللہ ابنِ زیاد کے ہمراہ اسی ہزار شامی فوج تھی۔ لہذا انہوں نے سمجھا کہ ہم ان پر فتح حاصل نہیں کر سکتے۔ جبکہ ہمارا امیر بھی وفات پا چکا ہے۔ انہوں نے سوچا کہ اس وقت ہمیں واپس چلے جانا چاہیئے۔ چنانچہ یہ لوگ واپس روانہ ہوئے۔

ابراہیم بن اشتر کی روانگی

مختار کو ان کی واپسی کی اطلاع ملی تو انہوں نے ابراہیم بن اشتر کو سات ہزار فوج دے کر روانہ کیا اور حکم دیا۔ ''جب یزید کی فوج ملے تو اسے بھی اپنے ساتھ دشمن کے مقابلے پر واپس لے جانا۔ اس مجموعی طاقت کے ساتھ دشمن کی طرف بڑھنا اور مقابلہ ہوتے ہی جنگ شروع کر دینا۔''

ابراہیم نے ''حمام اعین'' پر آ کر پڑاؤ ڈالا۔ ان کا اگلا پڑاؤ ''ساباط'' میں تھا۔

کوفہ میں بغاوت

قاتلین امام حسینؑ جناب ابراہیم کے ''ساباط'' پہنچنے تک خاموش بیٹھے رہے اور پھر مختار پر چڑھ دوڑے۔ مختار نے عمرو ابن توبہ کو ابراہیم کے پاس روانہ کیا اور اسے جلدی جانے کے ہدایت کی۔ ابراہیم کو حکم دیا ''میرا خط دیکھتے ہی اپنی فوج کے ساتھ میرے پاس چلے آؤ۔

اہلِ کوفہ کی ناکہ بندی

اہلِ کوفہ نے تمام راستے مختار پر مسدود کر دیئے اور کوئی چیز حتیٰ کہ پانی بھی مختار اور اس کے ساتھیوں کے لیے بند کر دیا۔

مختار کا قاصد کوفہ سے روانہ ہو کر اسی دن سر شام ابراہیم کے پاس پہنچ گیا اور ابراہیم اسی وقت واپس روانہ ہو گئے۔ جب رات زیادہ بھیگ گئی تو ابراہیم تھوڑی دیر سستایا اور پھر رات ہی میں روانہ ہو گئے اور صبح کی نماز ''سورا'' میں پڑھی۔ پھر سارا دن چلنے کے بعد نماز عصر کوفہ کے پل کے دروازے پر ادا کی۔

یہاں پر زبردست جنگ ہوئی۔ بہت سے باغی قتل ہوئے اور بہت سوں کو گرفتار کر لیا گیا۔

کوفہ پہنچ کر ابراہیم اور ان کے ساتھیوں نے ساری رات مسجد میں بسر کی۔

باغی قیدیوں کا انجام

پانچ سو قیدی جن کی مشکیں بندھی ہوئی تھیں۔ مختار کے سامنے پیش کئے گئے۔ مختار نے کہا ''ان میں سے جو امام حسینؑ کے قتل میں شریک ہیں مجھے بتائے جائیں۔'' چنانچہ جس شخص کے متعلق مختار کو پتہ چلتا کہ یہ امام حسینؑ کے قتل میں شریک ہے وہ اس کے قتل کا حکم دیتے اس کے علاوہ انہوں نے اعلانِ عام کر دیا کہ آلِ نبیؐ کے قتل میں شریک ہونے والوں کے علاوہ جو شخص اپنا دروازہ بند کر لے وہ مامون ہے۔

عمرو ابنِ حجاج کی روپوشی

عمرو ابن حجاج زبیدی جو امام حسینؑ کے قتل میں شریک تھا اپنے گھوڑے پر سوار ہو کر شراف اور رقصہ کے راستے نکل کھڑا ہوا۔ پھر آج تک اس کی کوئی خبر نہ ملی۔ زمین اسے کھا گئی یا آسمان نے اسے اٹھا لیا۔

شمر ابنِ ذی الجوشن کا قتل

مسلم ابن عبداللہ کی روایت ہے کہ شمر دریا کے کنارے ایک ٹیلے کے پہلو میں فروکش تھا میں نیم بیدار تھا کہ گھوڑوں کے ٹاپوں کی آواز سنی۔ میں اٹھنے ہی لگا تھا کہ وہ ٹیلے سے اتر کر ہمارے پاس پہنچ گئے۔ انہوں نے تکبیر کہی اور ہماری جھونپڑیوں کو گھیر لیا۔ ہم اپنے گھوڑوں کو چھوڑ کر پیدل ہی بھاگ کھڑے ہوئے۔ وہ سب شمر پر ٹوٹ پڑے۔ وہ اس وقت ایک پرانی چادر اوڑھے ہوئے تھا چونکہ وہ مبروص تھا مجھے اس کی کوکھر کی سفیدی چادر میں سے نظر آ رہی تھی۔ وہ نیز سے ان پر وار کرنے لگا اسے زرہ یا کپڑے پہننے کا بھی ان لوگوں نے موقع نہ دیا۔ ہم اسے چھوڑ کر چلتے بنے۔ میں تھوڑی ہی دور گیا تھا کہ تکبیر کی آواز کے ساتھ یہ سنا۔ ''خبیث قتل کر دیا گیا۔''

خولی کا قتل

مختار نے معاذ ابن ھانی اور اپنے کوتوال ابوعمرہ کو خولی بن یزید کی گرفتاری کے لیے بھیجا۔ یہ وہ شخص ہے جس نے حضرت امام حسینؑ کا سر قلم کیا تھا۔ ان دونوں نے اس مکان کو گھیر لیا۔ خولی ایک کوٹھی میں جا چھپا۔ معاذ نے ابوعمرہ کو اس کے گھر کی تلاشی کا حکم دیا۔ خولی کی بیوی باہر نکل آئی۔ انہوں نے اس سے پوچھا۔ ''تمہارا شوہر کہاں ہے۔'' اس نے زبان سے تو اپنی لاعلمی ظاہر کی۔ مگر ہاتھ کے اشارے سے بتا دیا کہ وہ کہاں چھپا ہے یہ اس جگہ پہنچے اور دیکھا کہ وہ اپنے سر پر ایک ٹوکرا رکھے ہوئے ہے۔ یہ اسے نکال کر لائے اور مختار کو اس کی گرفتاری کی اطلاع دی۔ مختار انہی کی طرف روانہ ہوئے تو وہ راستہ میں مل گئے مختار کے حکم سے خولی کو اس کے گھر والوں کے سامنے لا کر قتل کر دیا گیا۔

خولی کی بیوی عیوف بنت مالک حضرموت کی رہنے والی تھی جس وقت سے یہ امام حسینؑ کا سر لایا تھا وہ اس کی دشمن ہو گئی تھی۔

عمر بن سعد کے قتل کا ارادہ

ایک دن مختار نے اپنے ہمنشینوں سے کہا کل میں ایسے شخص کو قتل کروں گا۔ جس کے پاؤں بڑے جس کی آنکھیں گڑھی ہوئی اور بھویں ابھری ہوئی ہیں۔ اس کے قتل سے تمام مومن اور ملائکہ مقربین خوش ہوں گے۔ ہیثم

بن اسود نخعی اس وقت مختار کے پاس بیٹھا ہوا تھا۔اس نے یہ بات سن کر دل میں کہا کہ اس سے ان کی مراد عمر بن ابی وقاص ہے مکان پر آ کر اس نے اپنے بیٹے عدیان سے کہا آج ہی رات عمر سعد کو اطلاع کرو۔کہ وہ اپنی حفاظت کا انتظام کر لے وہ تمہیں قتل کرنا چاہتا ہے عدیان نے اس کے پاس آ کر تنہائی میں یہ واقعہ بیان کیا۔عمر بن سعد نے کہا۔''اللہ تمہارے باپ کو اس کی جزائے خیر دے۔مگر وعدہ امان اور عہد ومثیاق کے بعد وہ کیونکر میرے ساتھ ایسا سلوک کر سکتا ہے۔''جب عدیان عمر سعد کے پاس سے واپس ہوا اسی رات عمر اپنے گھر سے روانہ ہو کر اپنے حمام میں آ گیا۔پھر اس نے سوچا بہتر یہ ہے کہ میں اپنے ہی مکان کی طرف چلوں۔روحا سے گزر کر صبح اپنے مکان میں آ پہنچا۔مختار کو معلوم ہوا کہ عمر اپنے مکان سے چلا گیا ہے۔مختار نے کہا''وہ جا نہیں سکتا۔اس کی گردن میں ایسی زنجیر پڑی ہے کہ اگر بھاگنا بھی چاہے تو بھاگ نہیں سکتا۔''صبح کو مختار نے ابو عمرہ کو بھیجا کہ عمر کو بلا لائے۔ابو عمرہ نے آ کر کہا۔''امیر نے تجھے یاد کیا ہے۔''عمر اٹھا تو اس کا پاؤں اس کے جبے میں الجھا اور وہ گر پڑا ابو عمرہ نے تلوار اس کا کام تمام کر دیا۔اس کا سر کاٹ کر اپنی قبا کے دامن میں لیے مختار کے پاس پہنچا اور مختار کے سامنے پھینک دیا عمر سعد کا بیٹا حفص بن عمر اس وقت مختار کے پاس بیٹھا تھا۔مختار نے پوچھا۔''پہچانتے ہو یہ کون؟''اس نے انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھا اور کہا''ہاں۔اب اس کے بعد زندگی کا مزہ نہیں۔''مختار نے کہا''تم سچ کہتے ہو۔تم زندہ رہو گے بھی نہیں۔''مختار نے اسے بھی قتل کروا دیا۔اس کے سر بھی اس کے باپ کے سر کے پاس رکھ دیا گیا۔مختار کہنے لگے''ایک حسینؑ کے عوض اور دوسرا علی ابن الحسینؑ کے عوض۔اگر چہ یہ برابر نہیں ہو سکتے بخدا اگر میں قریش کے تین دستے بھی کر دوں تب بھی یہ ان کی انگلیوں کا معاوضہ نہیں ہو سکتے۔''

محمد ابن حنفیہ کے نام خط

خط کا متن یہ تھا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

یہ خط ہدایت یافتہ فرزند علیؑ کے نام مختار ابن ابی عبید کی جانب سے ارسال کیا جا رہا ہے۔السلام علیک۔اے صاحبِ ہدایت! خدائے واحد کی حمد کے بعد اللہ نے آپ کے دشمنوں سے بدلہ لینے کا مجھے موقعہ دیا۔ان میں سے بہت قتل ہوئے۔بہت سے قید اور بہت سے اپنا گھر بار چھوڑ کر فرار ہو گئے۔اس احسان پر خدا کا شکر ہے کہ اس نے آپ کے قاتلوں کو قتل کیا اور آپ کے حامیوں کی اعانت کی۔میں عمر ابن سعد اور اس کے بیٹے کا سر آپ کے پاس بھیج رہا ہوں۔قاتلانِ حسینؑ اہلِ بیت میں سے جس پر ہماری دسترس ہوئی ہم نے اسے قتل کر دیا اور جو باقی رہ گئے ہیں وہ بھی اللہ کر گرفت سے بچ نہیں سکتے جب تک صفحہ زمین کو میں ان کے وجود سے پاک نہیں کر لونگا ان کی تلاش سے دست کش نہیں ہوں گا۔اب اس سلسلے میں آپ کی جو رائے ہو اس سے مجھے مطلع کیجئے تا کہ

میں اس پر عمل کروں۔ والسلام علیک ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

حکیم طائی کی گرفتاری

مختار نے عبداللہ ابن کامل کو حکیم ابنِ طفیل طائی کی گرفتاری کے لیے بھیجا۔ اس نے معرکہ کربلا میں حضرت عباسؑ ابن علیؑ کے لباس واسلحہ پر قبضہ کیا تھا اور امام حسینؑ کو ایک تیر مارا تھا۔ عبداللہ ابن کامل نے جا کر اسے پکڑ لیا اور مختار کے پاس لے چلا۔

اس سے پیشتر یہ واقعہ پیش آ چکا تھا کہ 'سبیع' کے احاطہ کی جنگ میں جو لوگ قید ہوئے ان میں سے کئی ایک کے متعلق عدی ابن حاتم نے مختار سے سفارش کی اور محض ان کی سفارش پر انہیں چھوڑ دیا گیا۔ مگر وہ سب ایسے لوگ تھے۔ جن کے متعلق امام حسینؑ یا اہل بیت کے قتل میں شرکت کی کوئی بات نہیں سنی گئی تھی۔ شیعوں نے ابن کامل سے کہا کہ ہمیں یہ خوف ہے کہ امیر اس خبیث کے متعلق عدی کی سفارش قبول کر لیں گے۔ حالانکہ اس کے جرم سے آپ بخوبی واقف ہیں۔ بہتر ہے کہ ہم ہی اسے قتل کر دیں۔ چنانچہ ابنِ کامل نے انہیں اجازت دے دی اور انہوں نے اس پر پتھروں کی بارش شروع کر دی ادھر عدی مختار کے پاس سفارش کے لیے پہنچا۔ مختار نے کہا اے ابوظریف! تم قاتلانِ حسینؑ کی بھی سفارش کرتے ہو۔ اس نے جواب دیا۔ ''اس پر غلط الزام لگایا گیا ہے۔'' مختار نے کہا ''اگر ایسا ہوا تو ہم اسے چھوڑ دیں گے۔''

ابھی یہ گفتگو ختم نہ ہوئی تھی کہ ابن کامل آ پہنچا۔ مختار نے پوچھا ''اس کے ساتھ کیا کیا'' اس نے کہا ''شیعوں نے اسے قتل کر دیا۔'' مختار نے کہا ''میرے پاس لائے بغیر تو نے کیوں اس کے قتل میں جلدی کی۔'' حالانکہ واقعہ یہ تھا کہ اگر ابنِ کامل اسے قتل نہ کر دیتا تو مختار کو یہ بات بھلی نہ لگتی۔ مختار نے کہا ''دیکھو یہ عدی اس کی سفارش کے لیے آئے بیٹھے ہیں اور یہ اس بات کے اہل ہیں کہ ان کی سفارش قبول کی جائے۔ ابن کامل نے کہا۔ ''میں مجبور تھا شیعہ بالکل نہ مانے۔''

مُرہ بن مُنقذ کا فرار

مختار نے ابن کامل کو حضرت علیؑ بن الحسینؑ کے قاتل مرہ بن منقذ کی گرفتاری کے لیے بھیجا۔ ابنِ کامل نے اس مکان کو گھیر لیا۔ وہ نیزہ لے کر تیز رو گھوڑے پر سوار مقابلے کے لیے نکل آیا۔ ابنِ کامل نے تلوار سے اس پر وار کئے مگر وہ اپنے بائیں ہاتھ سے روکتا رہا۔ اس طرح تلوار ہاتھ سے اتر گئی۔ اس کا گھوڑا اس تیزی سے اسے لے اڑا کہ یہ اسے نہ پا سکے اور وہ مصعب سے جا ملا اس کے بعد اس کا ہاتھ بے کار ہو گیا۔

زید ابنِ رقاد کا انجام

مختار نے عبداللہ ابن کامل شاکری زید ابنِ رقاد کی گرفتاری کے لیے روانہ کیا زید کہا کرتا تھا۔''میں نے خاندانِ حسینؑ کے ایک ایسے نوجوان کو تیر مارا جس نے تیر سے اپنی پیشانی کو بچانے کے لیے اس پر اپنا ہاتھ رکھ لیا تھا۔مگر میرے تیر نے اس ہاتھ کو پیشانی سے ایسا پیوست کر دیا کہ وہ اسے اپنی پیشانی سے جدا نہ کر سکا۔''اس کی مراد عبداللہ ابن مسلم ابنِ عقیل تھے۔اس نے ایک اور تیر سے اس نوجوان کا خاتمہ کر دیا۔

جب ابن کامل اس کے مکان پر پہنچا تو بہت سے لوگ اس پر ٹوٹ پڑے وہ تلوار لے کر مقابلے پر آیا۔ابنِ کامل نے کہا''اسے نیزہ یا تلوار سے ہلاک نہ کرنا۔''لوگوں نے اس قدر تیر اور پتھر مارے کہ وہ گر پڑا۔

سنان اور ابنِ عقبہ کا فرار

مختار نے سنان ابن انس کو جو حضرت امام حسینؑ کے قتل کا مدعی تھا تلاش کیا مگر معلوم ہوا کہ وہ بصرہ کو بھاگ گیا ہے۔مختار نے اس کا گھر مسمار کروا دیا۔عبداللہ ابن عقبہ کو بھی تلاش کیا گیا۔مگر وہ فرار ہو کر جزیرہ چلا گیا اس نے اہلِ بیت حسینؑ کے ایک بچے کو شہید کیا تھا۔

محمد بن حنفیہ کی اسیری

عبداللہ بن زبیر نے محمد بن حنفیہ کو ان کے ہمراہیوں اور اہلِ خاندان کے ساتھ کوفہ کے ستر عمائدین کے ہمراہ زمزم میں اس وجہ سے قید کر دیا تھا چونکہ ان حضرات نے اس کی بیعت نہیں کی تھی۔یہ لوگ حرم میں پناہ گزین ہو گئے تو ابنِ زبیر نے یہ دھمکی دی کہ میں خدا کے سامنے عہد کرتا ہوں اگر تم بیعت نہیں کرو گے تو میں سب کو قتل کر کے جلا دوں گا۔ابنِ زبیر نے اس کے لیے ایک مدت مقرر کی تھی۔کہ وہ اس اثنا میں بیعت کر لیں۔ابن حنفیہ کے اپنے ساتھیوں کے مشورہ سے تین اہل کوفہ کو مختار کے پاس اس غرض کے لیے روانہ کیا۔جب باب زمزم کے پہرہ دار سو گئے تو وہ تینوں کوفہ روانہ ہو گئے۔ان کے ہاتھ انہوں نے مختار اور اہل کوفہ کے نام ایک خط بھیجا جس میں اپنی اور اپنے رفقاء کی حالت اور ابن زبیر کے انہیں قتل کرنے اور جلا دینے کی دھمکی سے آگاہ کیا اور خواہش کی کہ وہ انہیں اس موقع پر بے یار و مددگار نہیں چھوڑیں گے۔یہ قاصد مختار کے پاس آئے اور انہیں خط دیا تو مختار نے کہا میں ابو اسحاق نہیں اگر میں ان کی پوری مدد نہ کروں اور سواروں کا ایسا سیلاب اس کے مقابلہ میں نہ بھیج دوں جو ابن کاملیہ کو تباہ و برباد کر دے۔

مختار کے فوجی دستوں کی روانگی

مختار نے ابوعبداللہ جدلی کو ستر شہسواروں کے ہمراہ ظبیان تمیمی کو چار سو کے ساتھ ابوالمعتمر اور ھانی بن قیس کو سو سواروں کے ساتھ عمیر اور یونس کو چالیس چالیس آدمیوں کے ساتھ روانہ کیا اور مختار نے طفیل بن عامر اور محمد بن قیس کے ہاتھ ابن حنفیہ کو لکھا میں نے آپ کے لیے فوجیں روانہ کر دی ہیں پھر یہ سوار ایک دوسرے کے پیچھے روانہ ہوئے ان میں سے ایک سو پچاس وہاں پہنچ گئے تو ابوعبداللہ اس جماعت کو لیکر روانہ ہوا اور یہ حرم میں داخل ہو گئے ان کے ہمراہ نوبت ونقارہ بھی تھا اور یہ مالثارات الحسین (دوڑو حسینؑ کا بدلہ لینے والو) کہتے ہوئے زمزم کے پاس پہنچ گئے۔ وہاں ابنِ زبیر نے ابن حنفیہ اور ان کے ساتھیوں کو جلانے کے لیے بہت سی لکڑیاں جمع کر رکھی تھیں اور جو مہلت ان کے لیے مقرر کی تھی اس میں سے صرف دو دن باقی رہ گئے تھے۔

محمد بن حنفیہ کی رہائی

عراقیوں نے وہاں پہنچتے ہی پہرہ داروں کو بھگا دیا اور زمزم کے گرد کے کٹگر (کٹرا) کو توڑ دیا اور ابن حنفیہ کے پاس پہنچ گئے۔ ان سے کہا کہ ہمیں آپ دشمن خدا ابنِ زبیر سے لڑنے کی اجازت دیجئے۔ ہم ابھی ابھی اس کا قلع قمع کئے دیتے ہیں۔ ابن حنفیہ نے کہا میں حرم میں لڑنے کی اجازت نہیں دوں گا۔ ابن زبیر نے ان عراقیوں سے کہا کیا تم سمجھتے ہو کہ ابن حنفیہ اور دوسرے لوگوں کو بیعت لیے بغیر میں چھوردوں گا یہ ہرگز نہیں ہوسکتا۔ ابوعبداللہ جدلی نے کہا تم ایسا کرنا پڑے گا۔ ورنہ بخدا ہم تم سے اس طرح لڑیں گے جس سے باطل پرستوں کے ہوش وحواس جاتے رہیں گے۔ ابن زبیر نے کہا تو یہ کیا کہتا ہے یہ ایک مٹھی بھر جماعت ہے اگر میں اپنی فوج کو حکم دیدوں تو وہ ابھی ابھی ان سب کے سر اتار لے۔ قیس بن مالک نے کہا تمہارا یہ خیال غلط ہے اگر تم نے اس کا ارادہ کیا تو اس سے پہلے کہ تم ہم سے یہ سلوک کرو۔ جو تم چاہتے ہو خود تم پر ایک زبردست فوج آپڑے گی۔ ابن حنفیہ نے اپنے ساتھیوں کو روکا اور فتنہ وفساد بپا کرنے سے منع کیا اس کے بعد ابومعتمر سو سواروں کے ساتھ، ھانی سو سواروں کے ہمراہ اور ظبیانی دو سو سواروں کے ساتھ پہنچ گئے۔ آخر الذکر کے ہمراہ کچھ روپیہ بھی تھا اور انہوں نے مسجد میں داخل ہو کر بالشارات الحسین کا نعرہ بلند کیا۔ ابنِ زبیر انہیں دیکھ کر ڈر گیا۔

محمد بن حنفیہ کی روانگی شعب علی کی طرف

ابن حنفیہ اپنے ہمراہیوں کے ساتھ زمزم سے نکل کر شعب علیؑ میں آئے۔ عراقی ابن زبیر کو برا بھلا کہتے جاتے تھے اور ابن حنفیہ سے لڑنے کی اجازت مانگتے تھے مگر انہوں نے لڑنے کی اجازت نہ دی۔ اسی گھاٹی میں محمد کے پاس چار ہزار آدمی جمع ہو گئے انہوں نے وہ روپیہ جو مختار نے بھیجا تھا ان لوگوں میں تقسیم کر دیا۔

ابراہیم کی اہلِ شام پر فوج کشی

اور اسی سال ابراہیم بن اشتر عبیداللہ بن زیاد سے لڑنے اس وقت روانہ ہوئے۔ جب ماہِ ذی الحجہ کو ختم ہونے میں ابھی آٹھ راتیں باقی تھیں اہل سبیع اور اہلِ کناسہ سے فارغ ہونے کے بعد ابراہیم صرف دو دن کوفہ میں رہے اور اس کے بعد مختار نے انہیں اہلِ شام کے مقابلہ کے لیے روانہ کر دیا۔ 66ھ کے آخر میں ابراہیم ہفتہ کے دن اہلِ شام کے مقابلہ کے لیے روانہ ہوئے مختار نے ان کے ہمراہ اور کئی جنگ آزمودہ تجربہ کار و ہوشیار سرداروں کو روانہ کیا۔ خود مختار انہیں رخصت کرنے کے لیے کوفہ سے دیر عبدالرحمن تک آئے۔ دیر عبدالرحمن کے پل اور راس الجالوت کے پلوں کے درمیان پہنچ کر مختار ٹھہر گئے۔ ابن اشتر سے کہا میری یہ تین نصیحتیں غور سے سن لو اور انہیں یاد رکھو۔ ایک یہ کہ علانیہ اور خفیہ اپنے ہر کام میں اللہ سے ڈرتے رہو، تیزی سے سفر طے کرو۔ جس وقت دشمن سے تمہارا سامنا ہو تو فوراً اس سے جنگ کرو۔ اگر رات کو دشمن کے پاس پہنچو تو صبح ہونے سے پہلے ہی اس سے جنگ میں مصروف ہو جانا اگر دن میں پہنچو تو رات کا انتظار کئے بغیر اسی وقت دشمن سے نپٹ لینا۔ مختار نے کہا تم نے میری ہدایات یاد کر لیں ابراہیم نے کہا جی ہاں۔ مختار نے کہا۔ خدا تمہارے ساتھ ہے اور پھر مختار واپس آ گئے۔ ابراہیم کا فوجی پڑاؤ اسی جگہ تھا جہاں حمام اعین واقع ہے اور یہیں سے وہ شامیوں کے مقابلے میں اپنی فوج کو لے گئے۔

تاریخ طبری حصہ پنجم

باب 1

67ء عبیداللہ بن زیاد کا قتل

ابراہیم کی باربیشا میں آمد

ابوسعید صیقل کہتا ہے کہ ہم نے ابراہیم بن اشتر کے ساتھ عبیداللہ بن زیاد اور اس کے ہمراہی شامیوں کا رخ کیا اس لیے ہم بڑی تیزی کے ساتھ اپنے مقصود کی طرف سیدھے چلے جارہے تھے تاکہ ہم عبیداللہ کے سرزمین عراق میں داخل ہونے سے پہلے اسے جالیں۔ہم عراق کی سرحد میں اس سے بہت پہلے پہنچ گئے۔علاقہ موصل میں داخل ہوئے اور ہم نے اپنی رفتار بھی تیز کردی۔دریا خازر پر جو موضع باربیشا کے پہلو میں واقع ہے اسے جالیا(اس موضع اور موصل کے درمیان پانچ فرسخ کا فاصلہ ہے)

لشکر طفیل کی روانگی

ابراہیم نے اپنی فوج کے ہراول دستے پر طفیل بن لقیط کو سردار مقرر کیا جب طفیل ابن زیاد تک پہنچ گیا تو ابراہیم نے حمید بن حریث کو پاس بلایا اس وقت ابراہیم بغیر سازوسامان کے آگے نہیں بڑھتے تھے۔انہوں نے اپنے تمام ہمراہیوں اور سوار پیدل کو اپنے قریب ایک ہی جتھے میں رکھ کر کوچ کیا یہاں تک کہ اسی موضع میں آکر مورچے باندھے۔

عمیر کی ابراہیم سے ملاقات کی خواہش

دوسری طرف سے عبیداللہ بن زیاد بھی آپہنچا اور ان کے قریب ہی دریائے خازر کے کنارے ڈیرے ڈال دیئے عمیر بن جناب سلمی نے ابراہیم سے کہلا بھیجا کہ میں آج رات آپ سے ملنا چاہتا ہوں۔ابراہیم نے کہا جب چاہو مل لو۔

عمیر اور ابراہیم میں معاہدہ

عمیر رات کو ابراہیم کے پاس آیا۔ان کے ہاتھ پر بیعت کی اور کہا کہ میں اپنے سردار کے میسرہ پر ہوں اور یہ بھی وعدہ کیا کہ میں مع اپنی فوج کے شکست کھا جاؤں گا۔ابراہیم نے عمیر سے پوچھا کہ تمہاری کیا رائے ہے

میں اپنے گرد اگرد خندق کھودلوں اور دو تین دن تک جنگ کو ٹالتا رہوں عمیر نے کہا ایسا ہرگز نہ کرنا کیونکہ تمہاری مخالف جماعت تو یہی چاہتی ہے کہ جنگ کو طول دے چونکہ یہ بات انکے لیے مفید ہے وہ تعداد میں آپ سے زیادہ ہیں اور جنگ کو طول دینے کی صورت میں تھوڑی فوج زیادہ فوج کے مقابلے میں کبھی کامیابی حاصل نہیں کر سکتی۔اس لیے آپ کو چاہیئے کہ اپنے مدمقابل سے فوراً دو دو ہاتھ کرلو۔کیونکہ تمہاری طرف سے ان کے دلوں میں رعب بیٹھا ہوا ہے۔اس لیے آپ کو چاہیے کہ فوراً حملہ کر دو۔اگر تمہاری فوج سے ان کی مڈبھیڑ ہوئی اور مسلسل کئی روز تک وہ لڑتے رہے تو تمہاری فوج کا رعب ان کے دلوں سے جاتا رہے گا۔انہیں معلوم ہوجائے گا کہ تم کتنے پانی میں ہو۔پھر وہ تم پر دلیر ہوجائیں گے۔ابراہیم نے جواب دیا۔مجھے اب معلوم ہوا کہ تم میرے مخلص دوست ہو اور تمہاری رائے بھی ٹھیک ہے۔میرے امیر نے بھی مجھے یہی ہدایت کی تھی۔اس پر عمیر نے کہا کہ مناسب یہی ہے کہ آپ اس بڈھے تجربہ کار کی رائے سے تجاوز نہ کریں۔کیونکہ مصائب ومکائید جنگ کا جتنا اسے (مختار) تجربہ ہے۔ہمیں نہیں ہے صبح ہوتے ہی کارروائی شروع کرو اور اپنے مقابل پر حملہ کر دو۔

ابراہیم کی صَف بندی

عمیر واپس چلا گیا۔ابراہیم نے تمام رات اپنے محافظ دستے کو ہوشیار رہنے کا حکم دیا اور ابراہیم کی آنکھ تک نہ جھپکی۔جب صبح کاذب نمودار ہوئی۔اور پو پھٹی تو انہوں نے اپنے ساتھیوں کو مسلح کیا اپنی فوج کے دستے قاعدہ سے تقسیم کئے اور اپنے ماتحت سرداروں کو احکام دیئے۔سفیان بن یزید اوردی کو میمنہ پر علی بن مالک جشمی کو میسرہ پر اور اپنے مادری بھائی عبدالرحمن بن عبداللہ سواروں پر سردار مقرر کیا۔چونکہ سواروں کی تعداد تھوڑی تھی لہذا ابراہیم نے انہیں اپنے قریب رکھا اپنی پیدل فوج پر طفیل بن لقیط کو سردار مقرر کیا۔اور مزاحم بن مالک کو علم دیا جب صبح ہوئی۔ابراہیم نے چھٹ پٹے کے وقت اپنی فوج کو نماز صبح پڑھائی اور اس کے بعد سب کو لے کر میدان جنگ میں چلا۔صف بندی کی۔فوج کے مختلف سرداروں کو اپنی اپنی جگہ متعین کر دیا۔ابراہیم میدانِ جنگ میں آکر ایک ٹیلہ پر چڑھ گیا جہاں سے وہ دشمن کو اچھی طرح دیکھ سکتا تھا۔اس لیے اس پر بیٹھ گیا۔اس نے دیکھا کہ مدمقابل فوج نے کوئی حرکت نہیں کی تو عبداللہ سلومی کو جو اپنے بیمار گھوڑے پر سوار تھا حکم دیا کہ فوراً دشمن کی فوج میں جاؤ اور ان کے حالات سے اطلاع دو۔

عبداللہ بن زھیر کی ایک سپاہی سے ملاقات

عبداللہ اس حکم کی تعمیل کے لیے روانہ ہوا اور ابھی تھوڑا ہی عرصہ گزرا تھا کہ وہ واپس آ گیا اور کہا کہ ہمارے دشمنوں پر ہماری طرف سے خوف ودہشت طاری ہے۔ان میں سے ایک شخص مجھ سے ملا اور اس نے بیہودگی سے یا شیعہ ابی تراب (اے ابوتراب کے شیعہ) یا شیعہ المختار الکذاب (اے جھوٹے مختار کے شیعہ) کہہ کر پکارا۔میں

نے اس سے کہا کہ اب ہمارے اور تمہارے درمیان جو معاملہ ہے وہ گالی گلوچ سے بہت اہم ہے۔ پھر اس نے مجھ سے کہا اے اللہ کے دشمن تو مجھے کس طرح بلاتا ہے۔ حالانکہ تم بغیر امام کے لڑنے آئے ہو میں نے جواب دیا ۔ایسا نہیں ہے بلکہ ہم حسینؑ بن رسول اللہؐ کے خون کا بدلہ لینے کے لیے جنگ کرنے آئے ہیں۔ عبداللہ بن زیاد کو ہمارے حوالے کر دو۔ کیونکہ اس نے رسول اللہ ﷺ کے فرزند کو جوانانِ جنت کے سردار ہیں قتل کیا ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ حسینؑ کے ساتھ جو غلام شہید ہوئے تھے ان کے عوض اس کا خون بہائیں اور اسے قتل کریں۔ کیونکہ ہم اس کو اس قابل تو نہیں سمجھتے کہ اسے حسینؑ کا بدلہ سمجھیں اور ان کے خون کے عوض اسے قتل کریں۔ جب تم اسے ہمارے حوالے کر دو گے اور ہم اسے اپنے کسی غلام کے عوض جسے اس نے قتل کیا ہو قتل کر ڈالیں گے۔ پھر ہم تمہارے اور اپنے درمیان کتاب اللہ کو حاکم بنائیں گے یا مسلمانوں میں سے کسی قابل اور اس کام کے اہل شخص کو جسے تم کہو گے حاکم بنالیں گے۔ اس پر اس نے کہا اس حکم مقرر کرنے کے معاملہ میں ہم تمہارا ایک سے زیادہ مرتبہ تجربہ کر چکے ہیں مگر تم نے دھوکہ دیا ہے۔ میں نے پوچھا کب اور کیونکر۔ اس نے کہا ہم نے اپنے اور تمہارے درمیان دو منصف فیصلے کے لیے مقرر کئے تھے مگر تم نے ان کے فیصلے کی تعمیل نہیں کی۔ میں نے جواب دیا تمہارا یہ بیان دلیل ہے۔ ہم نے تو اس امر پر آمادگی ظاہر کی تھی۔ اگر وہ دونوں بالاتفاق کسی ایک شخص کو امیر منتخب کریں گے تو ہم اس امیر کی پیروی اور اس پر اظہار طمانیت کریں گے۔ اسی کے ہاتھ پر بیعت کریں گے مگر کیا کیا جائے کہ ان دونوں نے ایک شخص پر اتفاق نہیں کیا اور اختلاف رائے ہوا خدا نے ان دونوں کو نہ توفیقِ خیر عطا فرمائی اور نہ راستی بخشی۔ اس نے مجھ سے دریافت کیا تم کون ہو۔ میں نے اسے بتادیا کہ میں کون ہوں۔ پھر میں نے اس سے دریافت کیا کہ تم کون ہو تو اس پر اس نے اپنے خچر کو جسے وہ ہانک رہا تھا جھڑک دی کہ چل میں نے کہا اس معاملہ میں تم نے میرے ساتھ انصاف نہیں کیا یہ تمہاری پہلی بے ایمانی ہے۔

ابراہیم کا فوجی دستوں سے خطاب

ابراہیم نے اپنا گھوڑا منگوایا اور اس پر سوار ہو کر جس قدر نشان بردار سردار تھے سب کے پاس پہنچا۔ جب کبھی کسی ایک جھنڈے کے پاس پہنچتا تو ٹھہر جاتا اور حسبِ ذیل کلمات کہتا۔ ''اے دین کے مددگارو، اے حق وصداقت کے ساتھیو اور اے اللہ کے سپاہیو! یہ عبداللہ بن مرجانہ حضرت حسینؑ بن علی اور ابن فرزند فاطمہؑ بنتِ رسول اللہ ﷺ کا قاتل ہے جو حسینؑ، ان کی شہزادیوں، خواتین اور شیعوں اور دریائے فرات کے درمیان حائل ہو گیا تھا۔ باوجودیکہ دریائے فرات انہیں نظر آرہا تھا۔ مگر اس نے حسینؑ اور ان کے ہمراہیوں پر پانی تک بند کر دیا۔ انہیں یزید کے پاس جانے اور اس سے بات چیت کرنے سے روک دیا۔ وہ اپنے وطن اور اہل خاندان کی طرف واپس جانا چاہتے تھے۔ مگر اس نے اس سے بھی آپ کو باز رکھا۔ آپ اللہ کی وسیع وعریض زمین میں کسی

طرف چلا جانا چاہتے تھے۔مگر اس نے اس سے بھی آپ کو روک دیا۔پھر آپ کو اور آپ کے اہلِ بیت کو شہید کر ڈالا۔خدا کی قسم فرعون نے بنی اسرائیل کے شرفاء کے ساتھ وہ سلوک نہیں کیا جیسا ابن مرجانہ نے اہلِ بیت رسولؐ کے ساتھ کیا ہے۔وہ اہلِ بیت کہ جن سے اللہ نے ہر قسم کے رجس کو دور رکھا اور انہیں ایسا پاک رکھا۔جو پاک رکھنے کا حق ہے اب اللہ تمہیں اور اسے ایک دوسرے کے مقابلہ میں لے آیا ہے۔خدا کی قسم میں تو یہ توقع رکھتا ہوں کہ اللہ نے تمہیں اور اسے میدان میں اس لئے جمع کیا ہے تا کہ تمہارے کلیجے تمہارے ہاتھوں اس کے خون بہنے سے ٹھنڈے ہوں کیونکہ خدا خوب جانتا ہے کہ تم اپنے نبی اکرمؐ کی اہلِ بیت کی حمایت میں جہاد کرنے کے لیے نکلے ہو۔ابراہیم نے اسی طرح میمنہ میسرہ اور تمام فوج کا چکر لگایا۔لوگوں کو جہاد اور مارنے مرنے کی ترغیب دی۔پھر واپس آ کر اپنے جھنڈے کے نیچے گھوڑے سے اتر پڑا۔

آغازِ جنگ

اب فوج ابن زیاد کی طرف بڑھی۔ابنِ زیاد نے میمنہ پر حصین بن نمیر میسرے پر عمیر بن حباب سلمی سواروں پر شرجیل بن ذوالکلاح کو سردار مقرر کیا اور خود پیدل فوج میں پاپیادہ چل رہا تھا۔دونوں صفیں ایک دوسرے کے مقابلہ پر آ گئیں تو حصین بن نمیر نے اہلِ شام کے میمنے کو لے کر اہل کوفہ کے میسرے پر حملہ کیا۔اہل کوفہ کے میسرے پر علی بن مالک سردار تھا جو ثابت قدمی سے لڑ کر شہید ہو گیا اور اس کے بعد جھنڈے کو قرہ بن علی نے لے لیا جو خود بہت بہادر اور دلیر تھا۔مگر وہ بھی بہت غیور جوانمردوں کے ساتھ شہید ہو گئے اور اہل کوفہ کا میسرہ شکست کھا کر پیچھے ہٹ گیا تو علی بن مالک جھنڈے کو عبداللہ بن درتاء سلونی نے جو حبشی بن جنادہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بھتیجے تھے اپنے ہاتھ میں لے لیا۔اور فوج کے سامنے آ کر کہا۔اللہ کے سپاہیو! میری طرف آؤ۔فوج کی کثیر تعداد ان کی طرف چلی اور انہوں نے کہا دیکھو یہ تمہارا سردار خود لڑ رہا ہے اور میرے ساتھ ان کی طرف چلیں۔چنانچہ یہ سب ان کی طرف چلے تو جا کر دیکھا کہ ابراہیم ننگے سر پکار رہے تھے کہ اللہ کے سپاہیو میں ابن اشتر ہوں۔تمہارے لیے بھاگنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ تم جوابی حملہ کرو۔وہ قابلِ الزام نہیں جو اپنے سے الزام ہٹا لے تو اب وہ لوگ ان کی طرف متوجہ ہوئے۔

سفیان بن یزید کا عمیر پر حملہ

ابراہیم نے اپنے میمنے کے سردار کو حکم بھیجا کہ تم دشمن کے میسرے پر حملہ کرو، کیونکہ انہیں بھروسہ تھا کہ عمیر بن حباب شکست کھا جائے گا۔پس سفیان نے عمیر پر حملہ کیا مگر عمیر اپنی جگہ ڈٹا رہا اور نہایت سخت جنگ کی۔ابراہیم نے لڑائی کی یہ حالت دیکھی تو اپنی فوج کو دشمن کے بڑے جتھے پر حملہ کرنے کو حکم دیا اور کہا کہ اللہ کی قسم اگر ہم نے اس حصہ فوج کے پرزے اڑا دیئے تو ان کے میمنہ اور میسرہ کی فوجیں اس طرح سامنے سے دم دبا کر بھا

گ جائیں گی جس طرح کوئی پرندہ تم سے خوفزدہ ہوکر اڑ جاتا ہے۔

ابنِ عازب کا بیان

ابن عازب کہتے ہیں کہ ہم دشمن کی طرف بڑھے اور جب بالکل ان کے قریب پہنچ گئے تو تھوڑی دیر نیزوں سے لڑتے رہے پھر تلواروں اور ڈنڈوں کی نوبت آئی اور تمام دن اسی طرح جنگ ہوتی رہی۔ بخدا تلوار پر تلوار اسی طرح پڑتی تھی جیسے دھوبیوں کے موصل کپڑے پر پڑتے ہیں عرصہ تک یہی حالت رہی مگر پھر اللہ نے انہیں شکست دی اور وہ دم دبا کر بھاگے۔

شامی فوج کی پسپائی

ابراہیم نے اپنے نشان بردار سے کہا کہ تم اپنا نشان لے کر دشمنوں میں گھس جاؤ اس نے جواب دیا میں آپ پر قربان جاؤں۔ میرے بڑھنے کا ابھی وقت نہیں آیا ابراہیم نے کہا ایسا نہیں ہے کیونکہ تمہارے ہمراہی سب جنگ میں مصروف ہیں اور انشاءاللہ ان کے پاؤں میدانِ جنگ سے نہیں اکھڑیں گے۔ جب علمبردار جھنڈا لے کر آگے بڑھا تو ابراہیم نے تلوار سے حملہ کر دیا اور جس شخص پر تلوار مارتے اسے گرا دیتے تھے اور دشمنوں کو اپنے سامنے سے بھیڑ بکریوں کی طرح لیٹا دیتے تھے اور جب ابراہیم نے جھنڈا بڑھا کر حملہ کیا تو ان کے ہمراہی بھی یک دل ہوکر دشمن پر ٹوٹ پڑے۔

عمیر کی ابراہیم سے درخواست

ابراہیم نے جب ابن زیاد اور اس کی فوج پر حملہ کیا تو وہ شدید جنگ کے بعد بھاگ کھڑے ہوئے اور فریقین کا سخت جانی نقصان ہوا۔ عمیر نے ابراہیم سے کہا کہ ''میں آپ کے پاس آنا چاہتا ہوں۔'' ابراہیم نے جواب دیا۔ جب تک اللہ کے سپاہیوں کا غیظ وغضب کم نہ ہو جائے تم ہرگز میرے پاس نہ آنا۔ مبادا تمہیں ان سے کوئی گزند پہنچے۔

ابن زیاد کی ہلاکت

خود ابراہیم کہتے ہیں کہ دریائے خازر کے کنارے ایک اکیلے جھنڈے کے نیچے میں نے ایک ایسے شخص کو قتل کیا ہے جس سے مشک کی خوشبو آرہی تھی۔ اس کے دونوں ہاتھ مشرق میں اور دونوں پاؤں مغرب کی طرف اڑ گئے تھے۔ لوگوں نے اس کو تلاش کیا تو معلوم ہوا کہ یہی عبیداللہ ابن زیادہ تھا جو مقتول پڑا تھا۔ ابراہیم نے اسے دو ٹکڑے کر دیا تھا اس لیے اس کے دونوں ہاتھ مشرق اور مغرب کی طرف علیحدہ علیحدہ پڑے ہوئے تھے۔

شریک بن جدیر تغلبی

شریک بن جدیر تغلبی نے ابنِ زیاد کے دھوکے میں حصین بن نمیر پر حملہ کر دیا اور وہ دونوں گتھم گتھا ہو گئے۔شریک نے پکار کر کہا مجھے اور ابن زیاد کو قتل کر دو۔اس طرح ابنِ نمیر کو قتل کر دیا گیا۔یہ شریک نغلی حضرت علیؑ کے ساتھ جنگ میں شریک رہے تھے۔اور ان کی ایک آنکھ جاتی رہی تھی۔جب حضرت علیؑ کی جنگیں ختم ہو گئیں تو یہ بیت المقدس چلے گئے اور وہیں رہ پڑے۔پھر حضرت امام حسینؑ کی شہادت کی خبر انہیں معلوم ہوئی تو کہنے لگے۔''میں خدا سے عہد کرتا ہوں کہ اگر میرا بس چلا تو میں ابن زیاد کو قتل کروں گا۔یا خود جان دے دوں گا۔'' جب انہیں یہ خبر ملی کہ مختار حسینؑ کے خون کا بدلہ لینے کے لیے کھڑے ہوئے ہیں تو شریک مختار کے پاس آئے مختار نے انہیں ابراہیم کے ساتھ بنی ربیعہ کے سواروں کا سردار مقرر کر کے میدان جنگ میں روانہ کیا۔شریک نے اپنے ساتھیوں کو بتایا میں نے اس کام کے لیے اللہ سے عہد کیا ہوا ہے۔تو تین سو جوانمردوں نے انکے ہاتھ پر آخر دم تک لڑنے کے لیے بیعت کر لی۔

حصین بن نمیر کی ہلاکت

جب دونوں فوجیں آپس میں ایک دوسرے سے دست وگریبان ہو گئیں تو انہوں نے اپنے ہمراہیوں سمیت ایسا شدید حملہ کیا کہ پرے کے پرے صاف کر دیے اور ابن نمیر تک پہنچے۔غبار کا ایک طوفان اٹھا اور تلواروں کی کھٹا کھٹ کے علاوہ اور کوئی آواز سنائی نہ دیتی تھی جب غبار فرو ہوا تو معلوم ہوا کہ تغلبی اور ابن زیاد دونوں مقتول پڑے ہیں۔دونوں کے درمیان اور کوئی نہیں شریک یہ شعر پڑھا کرتے تھے(گھوڑوں کے سایہ میں نیزہ بازی کے علاوہ میں ہر قسم کی زندگی کو بیہودہ سمجھتا ہوں) مقتولین میں شرجیل بن ذوالکلاع بھی تھا۔

شامی لشکر گاہ پر قبضہ

جب ابنِ زیاد کی فوج شکست کھا کر بھاگی تو ابراہیم کی فوج نے اس کا تعاقب کیا۔اور مقتولین سے کہیں زیادہ اس کی فوج کے سپاہی دریا میں غرق ہو گئے۔پھر انہوں نے ابن زیاد کی لشکر گاہ پر قبضہ کر لیا جس میں ہر قسم کی اشیاء موجود تھیں۔

مختار ثقفی کی پیشگوئی

مختار کو بھی اس واقعہ کی خبر ملی۔حالانکہ وہ خود اپنے ہمراہیوں سے یہ کہہ رہے تھے کہ انشاءاللہ آج یا کل ہمیں ابراہیم کی جانب سے فتح کی خوشخبری ملنے والی ہے۔ان کی فوج نے ابن زیاد کی فوج کو شکست فاش دی ہے۔مختار

سائب اشعری کو کوفہ میں اپنا جانشین مقرر کر کے خود اپنے لوگوں کے ساتھ روانہ ہوئے اور ساباط میں آ کر قیام کیا۔

مختار کا مدائن میں خُطبہ

پھر ہم مدائن میں پہنچے تو لوگ مختار کے گرد جمع ہو گئے۔ مختار منبر پر خطبہ پڑھنے کے لیے کھڑے ہوئے اور ہمیں سوچ سمجھ کر کام کرنے، کوشش کرنے، اطاعتِ امیر میں ثابت قدم رہنے اور اہلِ بیت کے خون کا بدلہ لینے کے لیے مخاطب کر رہے تھے کہ اتنے میں متواتر کئی قاصد ابنِ زیاد کے قتل ہونے اس کی فوج کو شکست کھانے گرفتار کئے جانے اور شام والوں کے بڑے بڑے سرداروں کے قتل ہونے کی خوشخبری لائے اس پر مختار نے کہا۔ اللہ والو کیا میں نے قبل وقوع اس فتح کی خوشخبری تمہیں نہیں دی تھی۔ سب نے کہا بیشک آپ نے یہی کہا تھا۔

شبث د بن ربعی کی بصرہ میں آمد

جب شبث بصرہ میں مصعب کے پاس آیا تو اس کی یہ حالت تھی کہ ایک خچر پر سوار تھا جس کی دم اور کان کے کنارے کاٹ دیئے گئے تھے اس نے اپنی قبا کو بھی چاک کر دیا تھا۔ اور پکار رہا تھا یا غوثاہ یا غوثاہ (میری فریاد رسی کیجئے، میری فریادرسی کیجئے) مصعب کو اس کی اطلاع ہوئی کہ اس ہیئت سے ایک شخص دروازے پر فریادرسی کر رہا ہے۔ مصعب نے کہا بیشک یہ شبث بن ربعی ہے اس کے علاوہ اور کوئی یہ ہیئت نہیں بنا سکتا اسے اندر بلالو۔ شبث اندر آیا کوفہ کے اور سر برآوردہ اشخاص بھی مصعب کے پاس آئے۔ اپنے آنے کا حال اور مصیبت بھری داستان بنا کر سنائی اور کہا ہمارے غلام اور آزاد غلام ہم پر چڑھ آئے۔ اب آپ ہماری اعانت اور ہمارے ساتھ مل کر مختار پر فوج کشی کیجئے۔

محمد بن اشعث بن قیس

محمد بن اشعث بھی مصعب کے پاس آیا یہ قادسیہ کے قریب اپنے قصر میں مقیم تھا۔ جب اہل کوفہ کی شکست کی اطلاع اسے ملی تو بھاگ کر نکل جانے کا ارادہ کیا۔ مختار نے دریافت کیا کہ محمد بن اشعث کہاں ہے لوگوں نے اس کے مکان کا پتہ بتا دیا۔ مختار نے عبداللہ بن قراء کو سو سواروں کے ساتھ اس کی طرف روانہ کیا۔ جب یہ فوجی دستہ اس کی طرف چلا تو اسے معلوم ہو گیا۔ وہ فوراً مصعب کی طرف جانے کے لیے بھاگ کھڑا ہوا مصعب سے جا ملا اور اسے مختار کے خلاف جنگ کرنے پر اکسایا۔ مصعب نے اس کی بہت تعظیم و تکریم کی۔

مصعب کی کوفہ کی جانب پیشقدمی

مصعب بن زبیر نے کوفہ کا رخ کیا اور اپنی فوج کی ہر طرح سے ترتیب و تنظیم کی جب مختار کو ان واقعات کا

علم ہوا تو وہ اپنے ساتھیوں میں خطبہ پڑھنے کے لیے کھڑے ہوئے حمد وثناء کے بعد کہا اے کوفہ والو، اے دیندارو، صداقت اور کمزروں کی مدد کرنے والو، اے رسولؐ اور آل رسولؐ کا حامی گروہ تم نے ان باغیوں کو بھگا دیا جنہوں نے تم سے سرکشی کی۔ وہ اپنے ہی ایسے فاسقوں کے پاس گئے اور انہیں خلاف اکسا کر لائے تا کہ حق مٹ جائے۔ باطل کو عروج حاصل ہو اور اللہ کی جماعت بدل جائے۔ خدا کی قسم اگر تم لوگ ختم ہو گئے تو اللہ تعالیٰ کی پرستش صرف اس طرح ہو گی کہ اس پر بہتان لگائے جائیں گے اور اس کے رسولؐ کے اہل بیت پر لعن طعن کیا جائے گا اس لیے تم فوراً احمر بن شمیط کے ساتھ جنگ میں جانے کے لیے مستعد ہو جاؤ۔ کیونکہ مجھے پورا یقین ہے کہ اگر تم ان سے لڑو گے تو انشاء اللہ تم ان کو ہلاک کر دو گے جس طرح عاد اور ارم ہلاک ہو گئے۔

احمر بن شمیط کی روانگی

احمر بن شمیط جنگ کے لیے آمادہ ہوا اور مقام حمام اعین پر فوج کو جمع کیا گیا۔ اور ترتیب دی احمر چشمہ مذار پر جا کر پڑاؤ ڈالا۔ دوسری طرف سے مصعب بھی آیا اور اسی کے قریب خیمہ زن ہوا۔ مصعب نے عباد بن حصین کو اپنے سواروں کا افسر مقرر کیا تھا وہ ابنِ شمیط اور ان کے ساتھیوں کے پاس آیا اور کہنے لگا ہم آپ کو کتاب اللہ اور اس کے رسولؐ کی سنت اور ''امیر المومنین'' عبداللہ بن زبیر کے ہاتھ پر بیعت کرنے کی دعوت دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم بھی تمہیں کتاب اللہ سنت رسولؐ اور امیر مختار کے ہاتھ بیعت کی دعوت دیتے ہیں تا کہ ہم آل رسول میں سے کسی شخص کو باہمی مشورہ سے امیر مقرر کر لیں۔ اگر کوئی اور شخص اس بات کا مطالبہ کرے گا۔ کہ وہ آل رسولؐ پر حکمرانی کرے تو ہمارا اس سے کوئی تعلق نہیں بلکہ ہم اس کے خلاف جہاد کریں گے۔

عباد کا ابن شمیط پر حملہ

عباد مصعب کے پاس آیا اور جو کچھ پیش آیا اسے آگاہ کیا۔ مصعب نے عباد سے کہا واپس جا کر دشمنوں پر حملہ کر دو ابن شمیط اور ان کی فوج پر عباد نے آ کر حملہ کر دیا۔ مگر ان میں سے کوئی بھی اپنی جگہ سے نہ ہٹا تو وہ اپنی جگہ پر پلٹ آیا پھر اپنی جگہ پر آ کر کھڑا ہو گیا اور اس کے ساتھی بھی تھوڑی دیر تک چپ چاپ کھڑے رہے دوبارہ مہلب نے اپنی فوج کو ایک فیصلہ کن حملے کا حکم دیا اور انہیں کہا کہ تمہارا دشمن تمہاری شجاعت کا مزہ چکھ چکا ہے کیونکہ ان میں سخت بد نظمی ہے۔ مہلب کی فوج نے اس بار ایسا شدید حملہ کیا کہ ابن کامل کی فوج کے پاؤں اکھڑ گئے۔ مگر خود ابن کامل ہمدان کے کچھ لوگوں کے ساتھ برابر اپنی جگہ پر جما رہا۔ عمر بن عبیداللہ نے عبداللہ بن انس پر حملہ کیا اور تھوڑی دیر لڑنے کے بعد اپنی جگہ واپس پلٹ گیا۔ اس کے بعد پوری فوج نے ابن شمیط پر حملہ کر دیا۔ ابنِ شمیط لڑتے لڑتے شہید ہو گئے۔ پھر مہلب نے سواروں کے ساتھ ابنِ شمیط کی پیدل فوج پر حملہ کر دیا۔ وہ بے ترتیبی سے پسپا ہو گئی اور بیاباں کی سمت بھاگ کھڑی ہوئی۔ مصعب نے عباد کے رسالے کو ان کے تعاقب کا حکم دیا اور کہا جو قیدی تمہارے

ہاتھ لگے۔اس کی گردن اڑادواور محمد بن اشعث کو بھی مختار سے شکست خوردہ فوج کے ساتھ ابن شمیط کی فوج کے تعاقب پر روانہ کیااور کہااب موقع ہے کہ تم اپنا بدلہ لے لو۔شکست خوردہ فوج کے لیے یہ لوگ بصرہ والوں سے بھی زیادہ سخت تھے جس کو پکڑتے فوراً قتل کر دیتے اور کوئی ایسا قیدی نہیں تھا۔ جسے انہوں نے معاف کیا ہو۔اس فوج میں سے سوائے چند سواروں کے کوئی نہ بچ سکا اور پیدال سپاہ تو بالکل تباہ ہوگئی۔

مصعب بن زبیر کی روانگی

اب مصعب آگے روانہ ہوا۔اس نے دریا عبور کیا پھر بیاباں کو طے کرتا ہوا دریائے خرشاذ سے ہوتے ہوئے قوسان کو عبور کیا۔دریا کی راہ سے دریائے فرات تک پہنچ گیا۔

مختار کو فوج کی شکست کی خبر ملی اور جو جو سردار شہید ہوئے تھے ان کا علم ہوا تو مختار نے کہا موت سے تو چارہ نہیں اور ابن شمیط جس طرح میدان جنگ میں بہادروں کی سی موت مرے اس موت سے تو زیادہ ااور کیا موت مجھے محبوب نہیں۔میں بھی چاہتا ہوں کہ اس طرح جان دوں۔راوی کہتا ہے کہ مجھے مختار کی بات سے معلوم ہوا کہ انہوں نے فیصلہ کرلیا ہے کہ وہ حصولِ مقصد کے لیے آخری دم تک لڑیں گے۔

مختار کا سیلحین میں قیام

مختار کو جب معلوم ہوا کہ دشمن ان کی جانب گھوڑوں، اونٹوں اور کشتیوں میں چلا آرہا ہے تو وہ خود بھی مقابلہ کے لیے آگے بڑھے اور مقام سیلحین پر آکر ڈیرے ڈال دیئے۔مختار کو جب خبر ملی کہ دشمن آگے بڑھ رہا ہے تو وہ بھی آگے بڑھے اور مقام حروراء میں اپنا پراؤ ڈالا۔بصرہ والوں اور شہر کوفہ کے درمیان مورچے باندھ لیے مختار نے اپنے قصر اور مسجد کو مستحکم کرلیا۔بلکہ وہ اپنے قصر میں وہ تمام سامان مہیا کرلیا تھا جس کی محاصرے کی حالت میں ضرورت پیش آتی ہے اور اپنی غیبت کے زمانے کے لیے عبداللہ بن شداد کو کوفہ کا عامل مقرر کر دیا تھا۔مختار ابھی حروراء میں تھے کہ مصعب پہنچ گیا اور مختار بھی ان کے مقابلے کے لیے نکلے۔

مختار کی فوجی ترتیب

مختار نے اپنے میمنہ پر سلیم بن یزید کندی میسرے پر سعید بن منقذ ہمدانی اور باڈی گارڈ شخصی محافظی دستے کا سردار عبداللہ بن قراخشعمی کو مقرر کیا۔سواروں پر عمرو بن عبداللہ نہدی اور پیادہ فوج کا سردار مالک بن نہدی کو متعین کیا۔

مصعب کی صف بندی

دوسری طرف مصعب نے مینہ پر مہلب میسرے پر عمر تیمی سواروں پر عباد اور پیدل فوج پر مقابل بکر کو سردار بنایا خود مصعب گھوڑے سے اتر آیا اور کمان کی ٹیک پر چلنے لگا۔ مصعب نے اہل کوفہ پر محمد ابن اشعت کو امیر مقرر۔ اب محمد بھی میدان میں آ گیا اور مصعب و مختار کے درمیان دائی طرف مغرب کی طرف ایک جگہ جم گیا

آغازِ جنگ

جب مختار نے میدان جنگ کا یہ نقشہ دیکھا تو اس نے بصرہ والوں کے ہر دستہ فوج پر اپنے ایک ایک سردار کو حملہ کرنے کا حکم دیا اور خود اپنے باقی ساتھیوں کے ساتھ ٹھہرا رہا دونوں فوجوں نے ایک دوسرے پر حملہ کر دیا اور آپس میں بھڑ گئیں۔ سعید بن منقذ اور عبدالرحمن بن شریح بکر بن وائل اور بنی عبدالقیس کے دستوں د پر حملہ کر رہے تھے۔ (یہہ دونوں قبیلے مصعب کی فوج کے میسرے پر تھے اور ان کا سردار عمر بن عبداللہ تھا)۔ بنی ربیعہ نے ان سے شدید جنگ کی اور نہایت ثابت قدمی سے ان کا مقابلہ کرتے رہے سعید اور عبدالرحمن کی یہ حالت تھی کہ جب حملہ کرتے تو منہ پھیرنے کا نام نہ لیتے۔ اور جب ایک حملہ کرتا اور واپس آ جاتا تو دوسرا اس کی جگہ حملہ کر دیتا۔ بسا اوقات دونوں ایک ساتھ حملہ کرتے لڑائی کی یہ حالت تھی۔ کہ مصعب نے مہلت سے کہلا بھیجا۔ اب کیا انتظار کر رہے ہو کیوں اپنی مدمقابل فوج پر حملہ نہیں کرتے کیا تمہیں معلوم نہیں کہ آج صبح سے ہمارے ان دو فوجی دستوں کو جنگ کا کس قدر بار اٹھانا پڑا ہے اپنی فوج کے ساتھ حملہ کرو۔

مختار نے عبداللہ بن جعدہ کو حکم بھیجا کہ تم ان لوگوں پر جو تمہارے مقابل صف بستہ ہیں حملہ کرو۔ عبداللہ نے اہل نجد پر حملہ کیا اور ان کی صفیں درہم برہم کر دیں۔ انہیں اتنا پیچھے ہٹا دیا کہ وہ مصعب تک پہنچ گئے۔ مصعب گھٹنوں کے بل بیٹھ گیا۔ اس کی فوج کے اکثر لوگ اس کے قریب ہی گھوڑوں سے اترے اور تھوڑی دیر یہیں جنگ ہوتی رہی۔ پھر دونوں فریق علیحدہ علیحدہ ہو گئے۔

مہلب کا حملہ

مہلب کے ماتحت پیدل سپاہ کے دو کثیر دستے اور سوار تھے۔ مصعب نے کہلا بھیجا تم کیسے بزدل ہو کہ حملہ نہیں کرتے۔ تھوڑی ہی دیر بعد مہلب نے اپنے ہمراہیوں سے کہا کہ دوسرے لوگ صبح سے جنگ کر رہے ہیں اور تم لوگ کھڑے تماشہ دیکھ رہے ہو۔ ہمارے دوسرے ساتھی نہایت خوبی سے لڑ رہے ہیں۔ بس اب تم پر اس معاملہ کا دارومدار ہے حملہ کرو۔ مہلب اور اس کی فوج نے اپنے مقابل لوگوں پر ایسا شدید حملہ کیا کہ ان کے پرخچے اڑا دیئے اور میدان کو صاف کر دیا۔

محمد بن اشعث کا قتل

مالک بن عمر نھدی پیدل سپاہ کے سردار تھے۔ان کے پاس گھوڑا لایا گیا اور وہ سوار ہوئے اس وقت تک مختار کی فوج شدید ترین نقصان اٹھا چکی تھی۔جب مالک گھوڑے پر سوار ہوئے تو کہنے لگے۔اب میں سوار ہو کر کیا کروں گا۔خدا کی قسم اپنے گھر میں مرنے سے مجھے یہاں مرنا زیادہ محبوب ہے کہاں ہیں دور اندیش لوگ اور کہاں ہیں صبر استقامت والے یہ سن کر پچاس آدمی ان کی طرف چلے۔اب شام کا وقت ہو گیا تھا اس جماعت نے محمد بن اشعث کے ہمراہیوں پر حملہ کر دیا۔محمد اور اس کے تمام ہمراہیوں کو فنا کر دیا۔بعض کہتے ہیں کہ مالک نے ہی محمد بن اشعث کو قتل کیا تھا کیونکہ مالک کو محمد کے پہلو میں شہید پایا گیا بنی کندہ کا دعوٰے ہے کہ عبدالملک نے اسے شہید کیا تھا۔جب مختار محمد کی لاش پر سے گزرے تو انہوں نے اپنے ہمراہیوں سے کہا اے انصار کے گروہ ان مکار لومڑیوں پر بھی حملہ کرو۔چنانچہ عبدالملک بن اشاہ مالک ابوغران کندی کا قاتل مارا گیا۔سعید بن منقذ کے ہمراہی منتشر ہو گئے مگر وہ اپنی قوم کے ستر آدمیوں کے ساتھ نبرد آزما رہے یہاں تک کہ سب کے سب شہید ہو گئے۔اسی طرح سلیم بن یزید کندی نوے آدمیوں کی جماعت کے ساتھ جس میں اس کے خاندان اور دوسرے قبیلے کے لوگ بھی تھے شمشیر زنی کرتے کرتے مارے گئے۔مختار شبث کی سڑک کے سرے پر لڑتے رہے پھر گھوڑے سے اترے اور مصمم ارادہ کر لیا کہ اپنی جگہ سے نہیں ہٹوں گا اور تمام رات لڑتے رہے۔یہاں تک کہ دشمن پیچھے ہٹ گئے اس رات مختار کے ساتھیوں میں سے کئی شجاع اور بہادر میدان جنگ میں کام آئے۔ان میں عاصم ازدی،عباس ہمدانی اور احمر ہمدانی قائشی قابلِ ذکر ہیں۔

مختار کی مراجعت

جب دشمن پیچھے ہٹ گئے تو مختار کے ساتھیوں نے عرض کیا کہ اے امیر دشمن پسپا ہو گیا ہے اور آپ بھی اپنے محل میں تشریف لے جائیں۔مختار نے جواب دیا خدا کی قسم میں گھوڑے سے اس لیے نہیں اترا تھا کہ واپس اپنے محل کو جاؤں۔لیکن اب جب دشمن ہی پیچھے ہٹ گیا ہے تو بہتر ہے اللہ کا نام لے کر ہمارے ساتھ گھوڑوں پر سوار ہو کر چلو اور مختار محل میں واپس آ گئے۔

مصعب کی پیش قدمی

صبح کو مصعب اپنے ہمراہیوں کو لے کر جن میں بصرے اور کوفہ والے سب شریک تھے سنجہ کی طرف چلا۔مصعب جب سنجہ میں پہنچا۔تو اس نے مختار اور اس کے ساتھیوں پر پانی اور رسد کی بہم رسانی مسدود کر دی۔مصعب نے عباد کو بنی کندہ کے قبرستان کی طرف زحر بن قیس کو بنی مراد کے قبرستان کی طرف اور عبیداللہ بن حر کو

صائدبین کے قبرستان کی طرف روانہ کیا اوران تمام نے مختار اوران کی فوج پر پانی اور رسد بند کر دیا جبکہ مختار اوران کے ہمراہی مختار کے محل میں محصور تھے۔

عبیداللہ کے رسالے والے بسا اوقات مشکیزوں پر قبضہ کر لیتے اور ماشکیوں کو پکڑ کر زدوکوب کرتے کیونکہ وہ مختار کی فوج کو پانی بہم پہنچاتے تھے اور مختار کی فوج شدتِ ضرورت کی وجہ سے ایک دینار یا دو دینار ایک ایک مشکیزہ کا دیتے تھے۔

مختار کا اپنے ساتھیوں کو حملہ کرنے کا مشورہ

مختار اوران کے ساتھی محل میں محصور تھے۔محاصرہ کی شدت روز بروز بڑھتی جارہی تھی۔ایک دن مختار نے اپنے ہمراہیوں سے کہا۔اچھی طرح سمجھ لو کہ جس قدر محاصرہ طویل ہوگا۔تمہاری طاقت گھٹتی جائے گی اس لیے بہتر یہ ہے کہ میرے ساتھ کھلے میدان میں چل کر ایک فیصلہ کن لڑائی لڑو۔تا کہ ہم عزت سے اپنی جانیں دیدیں۔اگر تم لوگ بہادری سے لڑے تو مجھے اب بھی اپنی فتح سے مایوسی نہیں مگر وہ لوگ انکی نصیحت پر عمل کرنے کو تیار نہ ہوئے بلکہ وہ تو اور بزدل بن گئے۔پھر مختار نے کہا خدا کی قسم میں نہ تو کسی شخص کے ہاتھ پر بیعت کروں گا اور نہ خود کو دشمنوں کے سپرد کروں گا۔

مختار کا عزم جہاد

جب مختار کو اپنے ساتھیوں کی بزدلی اور بے ہمتی کا اچھی طرح یقین ہو گیا تو انہوں نے فیصلہ کر لیا کہ قلعہ سے نکل کر دشمن سے آخری جنگ کریں۔اپنی بیوی ام ثابت بنت سمرہ کے پاس قاصد بھیجا اس نے بہت سی خوشبو بھیج دی۔مختار نے غسل کیا اپنے سر اور داڑھی میں خوشبو لگائی اور کل انیس جاں نثاروں کے ساتھ جن میں سائب بن مالک اشعری بھی تھا۔قلعے سے نکلے جب مختار قلعہ سے نکلے تو سائب کی طرف مخاطب ہو کر کہنے لگے۔کیا رائے ہے۔سائب نے کہا اصل میں رائے تو آپ کی رائے ہے۔مختار نے کہا بھلا میری رائے یا ارادہ کوئی چیز ہے یا اللہ کا ارادہ۔سائب نے کہا حقیقت میں تو اللہ کا ارادہ ہی ارادہ ہے۔مختار کہنے لگے افسوس ہے تم پر،تم تو بالکل بے وقوف ہو۔میں بھی عرب ہوں۔جب میں نے دیکھا کہ ابن زبیر نے حجاز پر،نجدہ نے یمامہ پر اور مروان نے شام پر اپنا اپنا تسلط جما لیا تو میں عرب ہونے کی حیثیت سے کسی طرح ان سے کم نہیں تھا تو میں نے ان شہروں پر قبضہ کر لیا۔کیوں کہ میں بھی انہیں کے مثل تھا مگر یہ کہ جب اہل بیت رسولؐ کے خون کا بدلہ لینے کی طرف سے عربوں نے خواب خرگوش کی سی بے پرواہی کی تو میں نے اس فرض کو انجام دیا جو لوگ اہلِ بیت کے قتل میں شریک تھے انہیں کیفر کردار تک پہنچایا اور آج ء کے دن تک میں اسی کوشش میں لگا رہا۔اب اگر تمہاری نیت خالص نہیں تو پھر تم اپنی خاندانی شرافت کے عتبار سے جوھر مردانگی دکھاؤ۔سائب کہنے لگے۔انا للہ وانا الیہ راجعون۔ہم اللہ کے لیے ہیں

اوراسی کی طرف ہم نے لوٹ کر جانا ہے میں اپنی شرافت نسبی کے لیے لڑ کر کیا کروں گا۔

مختار کی امان طلبی

مختار کل انیس ساتھیوں کے ساتھ قلعے سے نکلے اور دشمنوں سے کہنے لگے کہ میں تمہارے پاس چلا آؤں تو کیا مجھے امان دو گے۔ مصعب کے ساتھیوں نے کہا اس شرط پر کہ تمہارا فیصلہ ہمارے ہاتھ میں ہوگا۔ مختار کہنے لگے میں اپنی قسمت کی باگ ڈور کبھی بھی تمہارے ہاتھ نہیں دوں گا یہ کہہ کر شمشیر زنی کرتے ہوئے شہید ہو گئے۔

مختار کی پیشینگوئی

مختار نے اپنے ساتھیوں کو قلعے سے نکل کر لڑنے کے لیے کہا تو وہ نہ مانے اس پر مختار نے ان سے کہہ دیا تھا کہ جب میں قلعے سے نکل کر لڑتا ہوا کام آ جاؤں گا تو تمہاری ذلت اور کمزوری اور زیادہ ہوگی اور تم نے دشمنوں کو اپنی قسمت کا حاکم بنا دیا تو تمہارے دشمن جنہیں تمہارے ہاتھوں تکلیف یا صدمہ اٹھانا پڑا ہے تم پر جھپٹ پڑیں گے اور ہر شخص یہ کہے گا کہ فلاں شخص سے میں بدلہ لوں گا۔ اس طرح تم سب قتل کر دیئے جاؤ گے تم میں سے بقیہ الیف جب اپنے ہمراہیوں کے اس عبرتناک انجام کو اپنی آنکھوں سے دیکھیں گے تو اس وقت نادم ہو کر کہیں گے کاش ہم نے مختار کا کہا مانا ہوتا اور اس کی رائے پر عمل کیا ہوتا۔ اگر تم اب میرے ساتھ نکل کر دشمن پر حملہ آور ہوتے ہو تو چاہے ہمیں فتح نصیب نہ ہو پھر بھی یہ کیا کم ہے کہ عزت سے جان دو گے اگر تم میں سے کوئی شخص بھاگ کر اپنے خاندان میں جا ملے تو تمام خاندان والے اسے گھیر لیں گے۔ مختصر یہ کہ کل اسی وقت تم اس قدر ذلیل وخوار ہو جاؤ گے کہ روئے زمین پر تم سا بے آبرو نہ نکلے گا۔ مختار کا کہا ہوا حرف بہ حرف سچ نکلا۔

مختار کی شہادت

بعض لوگوں کا یہ دعویٰ ہے کہ مختار اسی دن موضع زیاتین کے قریب شہید ہوئے۔ قبیلہ بن حنفیہ کے دو بھائیوں نے ان کے قتل کا دعویٰ کیا۔ مختار کی شہادت کے دوسرے دن بجیر بن عبداللہ اپنی فوج کو مخاطب کر کے کہنے لگے کہ کل مختار نے ایک اچھی رائے دی تھی کاش ان کا کہنا مانتے۔ اب اگر آج تم نے خود کو دشمن کے حوالے کر دیا تو بھیڑ بکریوں کی طرح موت کے گھاٹ اتار دیئے جاؤ گے۔ اب بھی موقع ہے تلواریں لے کر میدانِ جنگ میں کود پڑو۔ آخر دم تک لڑتے رہو اور باعزت موت مرو۔ لیکن اس کی یہ کوشش بھی رائیگاں گئی اور انہوں نے کہا اگر ہمیں اس مشورہ پر عمل کرنا ہوتا تو اس شخص کا کہا مانتے جو ہمارے نزدیک تم سے کہیں زیادہ واجب الاطاعت تھا۔ جب اس کا حکم نہیں مانا تو تمہاری اطاعت کب کر سکتے ہیں۔

محصورین کی گرفتاری

آخر کار اس محصور فوج نے اپنے تئیں مصعب کے حوالے کر دیا۔ مصعب نے عباد بن حصین کو قلعہ کی طرف روانہ کیا اس نے مشکیں بندھوا کر انہیں نکالنا شروع کیا۔ بجیر بن عبداللہ جب مصعب کے سامنے پیش کئے گئے تو بجیر نے مصعب کو مخاطب کر کے کہا۔ سب تعریف اسی خدائے برتر کے لیے ثابت ہے جس نے ہمیں قید کی مصیبت میں مبتلا کیا اور تمہیں یہ طاقت دی کہ ہمیں معافی دے دو۔ یہ دونوں وہ مرتبے ہیں کہ ایک سے اللہ کی خوشنودی اور دوسری سے اس کی ناراضگی حاصل ہوسکتی ہے جو شخص درگزر کرتا ہے اللہ تعالیٰ بھی اس سے درگزر کر دیتا ہے اور اس کی عزت بڑھاتا ہے اور جو شخص سزا دیتا ہے وہ کبھی اس کے بدلے سے مامون نہیں رہ سکتا۔ اے ابن زبیر ہمارا تمہارا قبیلہ ایک اور مذہب ایک ہے۔ ہم ترک یا دیلم نہیں ہیں بالغرض ہم نے اپنے ہم وطن بھائیوں سے مخالفت کی بھی تو اس کی دو ہی صورتیں ہیں یا ہم راستی پر ہیں اور وہ غلطی پر یا اس کے برعکس پھر ہم آپس میں جنگ وجدال میں مصروف ہو گئے تو یہ انوکھی بات نہیں کیونکہ اسی طرح پہلے اہل شام اور پھر اہل بصرہ اختلاف رائے کی وجہ سے باہمی جنگ وجدال میں مصروف رہے پھر انہوں نے صلح کر لی اور اتحاد بھی کر لیا اس وقت آپ ہمارے مالک ہیں معاف کر دیجئے۔ ہماری قسمتیں آپ کے ہاتھ میں ہیں۔ درگزر کیجئے بجیر اسی طرح عاجزی سے رحم کی اپیل کرتے رہے یہاں تک کہ لوگوں پر اور خود مصعب پر اس کا اثر ہوا لیکن عبدالرحمن بن محمد بن اشعث اٹھا اور کہنے لگا آپ ان سے درگزر کرنا چاہتے ہیں۔ یہ کبھی نہیں ہوسکتا یا آپ ہمیں اپنا لیں یا انہیں محمد بن عبدالرحمن ہمدانی بھی کھڑا ہوا اور کہنے لگا کہ میرا باپ اور میری قوم کے پانچ آدمی مارے گئے ہیں۔ اسی طرح ہمارے خاندان اور دوسرے شہر والے بڑے بڑے لوگ ان کے ہاتھوں مارے گئے ہیں باوجود اس کے آپ انہیں یونہی چھوڑے دیتے ہیں۔ ہمارا خون ان کے شکموں میں بہہ رہا ہے یا ہمیں اپنا لیں یا انہیں۔ جب مصعب نے اپنی فوج کا یہ رنگ دیکھا تو قیدیوں کے قتل کر دینے کا حکم دے دیا یہ حکم سن کر تمام قیدی بآواز بلند کہنے لگے۔ اے ابن زبیر آپ ہمیں قتل نہ کیجئے بلکہ جب آپ کی جنگ اہل شام سے ہو تو اپنے ہراول دستے پر ہمیں متعین کر دیں کیونکہ بخدا جب اہلِ شام سے آپ کا مقابلہ ہوگا۔ آپ جانتے ہیں۔ آپکی اور آپکی فوج کی یہ حالت نہیں کہ اس وقت انہیں ہماری مدد کی ضرورت نہ ہو۔ اگر ہم مارے بھی جائیں گے تو انہیں اس قدر کمزور کر دیں گے کہ آپ آسانی سے ان پر غلبہ حاصل کر لیں گے اگر ہم فتح مند ہوئے تو اس فتح کے فوائد سے آپ اور آپ کے ساتھی لطف اندوز ہوں گے۔

مختار کی لاش کی بے حرمتی

مصعب کے حکم سے مختار کے کف دست قطع کئے گئے اور مسجد کے پہلو میں کیلوں سے ٹھونک کر نصب کر دیئے گئے۔ ایک عرصہ بعد حجاج بن یوسف کی اس پر نظر پڑی دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ یہ مختار کے کف دست

ہیں تو اس پر اس نے حکم دیا کہ اتار دیئے جائیں۔

عمرہ زوجہ مختار کی شہادت

مصعب نے ام ثابت بنت سمرہ اور عمرہ بنت نعمان مختار کی دونوں بیویوں کو بلایا اور ان سے پوچھا کہ مختار کے متعلق تمہاری کیا رائے ہے۔ام ثابت نے جواب دیا کہ جس معاملے میں ہم سے رائے لی جارہی ہے اس کے متعلق ہمارے لیے اس کے علاوہ اور کوئی چارہ کار نہیں کہ آپ کی رائے کی تائید کی جائے۔یہ سن کر مصعب نے اس کو رہا کر دیا۔مگر عمرہ نے کہا کہ مختار خدا کے نیک بندوں میں سے تھے اللہ تعالیٰ اپنا رحم وکرم ان کے شامل حال کرے۔اس پر مصعب نے اس خاتون کو جیل بھیج دیا اور ان کے معاملہ میں عبداللہ بن زبیر کو لکھا کہ یہ عورت اس بات کی مدعی ہے کہ مختار ایک نبی تھے۔عبداللہ بن زبیر نے اس کے جواب میں حکم دیا کہ انہیں جیل خانے سے نکال کر قتل کر دو۔چنانچہ رات گئے ان کو حیرہ اور کوفہ کے درمیان لائے مسطر نے تلوار کے تین وار ان پر کئے اور انہیں شہید کر دیا۔

عبداللہ ابن عمر کی مصعب کو سرزنش

مصعب کی عبداللہ ابن حضرت عمر سے ملاقات ہوئی۔مصعب نے اسے سلام کیا اور کہا۔''میں آپ کا بھتیجا مصعب ہوں۔''عبداللہ نے کہا''جی ہاں،آپ ہی نے سات ہزار مسلمانوں کو ایک دن میں قتل کیا ہے۔جب تک جیتے ہو جیو۔''مصعب بولا۔''وہ سب کے سب کافر تھے اور جادوگر تھے۔''عبداللہ نے جواباً کہا۔اگر اپنے باپ کو میراث میں سے بھی تم نے اس قدر بھیڑ بکریاں ذبح کی ہوتیں تو یہ بھی اسراف میں داخل ہوتا۔''

محصورین سے غیر مشروط حوالگی کا مطالبہ

جب مختار شہید ہو گئے تو قصر کے دوسرے محصورین نے مصعب سے امان طلب کی۔مصعب نے امان دینے سے انکار کر دیا اور کہا کہ بغیر کسی شرط کے خود اپنے آپ کو ہمارے حوالے کر دو۔جب ان لوگوں نے ہتھیار ڈال دیئے تو مصعب نے تقریباً سات سو عرب اور بقیہ جس قدر اہل عجم تھے سب کو تلوار کے گھاٹ اتار دیا۔

پہلے مصعب کا ارادہ ہوا کہ عربوں کو چھوڑ دے اور صرف عجمیوں کو مار ڈالے۔مگر اس کے مصاحبین نے اس طرز عمل سے روکا اور کہا۔''اگر آپ عربوں کو چھوڑ دیں گے اور صرف عجمیوں کو قتل کر ڈالیں گے۔حالانکہ مذہب تو سب کا ایک ہی ہے تو آپ فتح حاصل نہیں کر سکیں گے۔''خیر پھر مصعب نے یہی کہا کہ عربوں کو سب سے پہلے قتل کر ڈالو اور اس طرح چھ ہزار نفوس جوش انتقام کی نذر ہو گئے۔

مختار کی تاریخ شہادت 14 رمضان المبارک 67ھ ہے۔وقتِ شہادت آپ کی عمر 67 سال تھی۔

حرفِ آخر

سروست انتخاب تاریخ طبری کو یہیں ختم کیا جاتا ہے۔اگر موقع ملا تو باقی حصص کی تکمیل کی جائے گی۔اگرچہ اصل مقصد پوار ہو چکا ہے۔اس تاوانتخاب کی غرض یہ تھی کہ اس کتاب کے قاری کے سامنے دو کردار دو نظریے اور دو قسم کے افراد کی زندگی کے اہم پہلو واضح ہو جائیں تاکہ وہ حق وصداقت اور دین ودیانت کے تقاضوں کو پورا کرتے ہوئے صحیح اسلام اور حقیقی دین کو پہچان سکیں۔صحیح اور غلط میں پہچان کر کے اپنی دنیا وآخرت کو سنوار سکے۔میں نے کہیں بھی اپنی رائے یا نظریہ کو پیش نہیں کیا، بلکہ صرف متن کتاب کا ترجمہ وہ بھی زیادتر اہلسنت حضرات کے تراجم کو من وعن نقل کیا ہے۔اگر کہیں کلام مربوط کرنے کے لیے ایک آدھ جملہ لکھا ہے تو اسے بھی قوسین میں کر دیا ہے تاکہ وہ اصل کتاب کی عبارت نہ سمجھی جائے۔دعا ہے کہ خداوند عالم تمام مسلمانوں میں اتحاد واتفاق پیدا کرے اور انہیں دین حق کا پیروکار قرار دے۔(از مئولف)

نوٹ: یہ انتخاب نفیس اکیڈیمی کراچی اردو ترجمہ شدہ تاریخ کی پہلی جلد سے لے کر پانچویں جلد کے صفحہ 72 تک ہے۔جہاں مختار کے حالات زندگی ختم ہوتے ہیں۔

''ختم شد انتخاب طبری''

8 رجب المرجب 1402ھ بمطابق 3 مئی 1982ء

علامہ سید صفدر حسین نجفی اعلی اللہ مقامہٗ